قَدْ تَمَّ الْقِسْمُ الثَّالِثُ مِنَ الدَّفْتَرِ الْاَوَّلِ بِعَوْنِہٖ تَعَالٰی وَفَضْلِہٖ وَمَنِّہٖ وَکَرَمِ
وَحُسْنِ تَوْفِیْقِہٖ وَیَلِیْہِ الْقِسْمُ الرَّابِعُ اِنْشَاءَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی وَسَ
وَبَارَکَ اَفْضَلَ الصَّلَوٰاتِ وَالتَّسْلِیْمَاتِ وَالْبَرَکَاتِ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَ
مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ
وَعَلَیْنَا مَعَہُمْ بِرَحْمَتِہٖ وَھُوَ
اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ

بہ بستم ماہ جمادی الاول ۱۳۲۹ھ بروز جمعہ بکتابت خاکسار غلام محمد امرتسری صورت
من کیستم کہ بر آن خاطر عاطر گذرم ÷ صادق خادم ÷ ۱۴۱۹ھ ق ÷ لطفہا میکنی ای خاک درت تاج س

۵۱ رین بالفتح زنگ و چرک از تن زنگ شدن گناہ بر دل ... ۱۲

۵۲ قال صلی اللہ علیہ وسلم وما علمت من سوء فاحدث للہ فیہ توبۃ السر بالسر والعلانیۃ بالعلانیۃ رواہ الطبرانی فی الکبیر عن معاذ ۱۲ حصن

۵۳ یضل بہ کثیرا و یہدی بہ کثیرا ۱۲

Marfat.com

# فہرست مضامین

## مکتوبات شریف امام ربّانی مجدّد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ دفتر اوّل

(حصہ سوم)


| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| **مکتوب نمبر ۱۲۳** | ۱ |
| اس بیان میں کہ ادائے نفل اگرچہ حج بیت اللہ ہی ہو اگر فرائض میں سے کسی فرض کے فوت ہونے کا باعث ہو تو وہ لایعنی میں داخل ہے۔ | |
| اپنے احوال کی تفتیش کرتے رہنا چاہیے کہ نفلی عبادت میں مصروف ہو یا فرض میں | |
| ایک نفل حج کے لئے اتنے ممنوعات کا مرتکب ہونا ٹھیک نہیں۔ | |
| **مکتوب نمبر ۱۲۴** | ۱ |
| اس بیان میں کہ استطاعت راہ وجوب حج کی شرط ہے۔ استطاعت نہ ہونے کی صورت میں حج کی ادائیگی حصول مطلوب کی نسبت تضییع اوقات میں داخل ہے | |
| فقراء (اولیاء اللہ) کی محبت میں عدم فتور عظیم سعادت کی نشانی ہے | |
| اہم کام کو چھوڑ کر غیر اہم میں مشغول ہونا غیر مناسب ہے | |
| **مکتوب نمبر ۱۲۵** | ۲ |
| اس بیان میں کہ عالم صغیر (انسان) اور عالم کبیر (جہان) صفات اور اسمائے الٰہیہ کے مظاہر میں عالم کو صانع کے ساتھ مظہریت اور مخلوقیت کے سوا کچھ مناسبت نہیں اللہ تعالیٰ ایک پوشیدہ خزانہ تھا اس نے چاہا کہ پوشیدگی سے عالم ظہور میں جلوہ گر ہو جہان اللہ تعالیٰ کا پیدا کیا ہوا ہے اور اس کے شیونات پر دلالت کرنے والا ہے | |
| اس بات کا بیان کہ اتحاد اور عینیت اور احاطہ اور معیت اور سُریان ذاتی کا حکم سکر میں سے ہے۔ | |
| کشف صحیح والے حضرات حق تعالیٰ کو بسیط حقیقی جانتے ہیں۔ ایک مثال سے اس کی وضاحت | |
| ایک ذات موجود تسلیم کرنا اور اس کے ماسوا کو اوہام وخیالات قرار دینا سوفسطائیہ کا مذہب ہے۔ | |
| **مکتوب نمبر ۱۲۶** | ۵ |
| اس بیان میں کہ طالب کو چاہیے کہ تمام انفسی اور آفاقی آلہہ کی نفی کرے۔ | |
| جو کچھ فہم و وہم کے حوصلہ میں آئے اس کی نفی لا کے تحت لا کر کرنی چاہیے۔ وجود کی بھی وہاں گنجائش نہیں۔ اس ذات کو وجود کے ماورا میں تلاش کرنا چاہیے۔ | |
| وجود واجب زائد علی الذات ہے۔ | |
| وجود کو عین ذات کہنا کوتاہ نظری کے باعث ہے | |
| شیخ علاؤ الدولہ کے قول کی نقل | |




Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| اس درویش کو مرتبہ وجود سے اوپر گزار کر لے گئے۔ وجود کو راہ ہی میں چھوڑ گیا۔ | |
| الغرض حوصلہ ممکن میں جو کچھ آتا ہے وہ بطریق اولیٰ ممکن ہی ہوتا ہے | |
| فنافی اللہ اور بقاباللہ کے حصول سے کوئی یہ گمان نہ کرے کہ ممکن واجب بن جاتا ہے۔ | |
| بلند ہمتی اسی طرح کے مطلب کو چاہتی ہے کہ اس ذات سے کچھ بھی ہاتھ میں نہ آئے اور اس کا کچھ نشان بھی معلوم نہ ہو۔ | |
| **مکتوب نمبر ۱۲۷** | ۷ |
| اس بیان میں کہ والدین کی خدمت اگرچہ حسنات میں سے ہے لیکن مطلب حقیقی تک وصول کے سامنے محض بیکاری میں داخل ہے۔ | |
| اللہ کا حق تمام خلائق کے حقوق پر مقدم ہے۔ مخلوق کے حقوق کی ادائیگی خدا تعالیٰ کے حکم کی فرماں برداری کی وجہ سے ہے۔ | |
| **مکتوب نمبر ۱۲۸** | ۹ |
| بلند ہمتی کی ترغیب اور مطلب بے چونی کے سوا کسی شے پر کفایت نہ کرنے کے بیان میں | |
| المرء مع من احب | |
| مطلب کو وراء الورا میں تلاش کرنا چاہیے۔ اس معنی کا حصول شیخ مقتداء کی توجہ سے وابستہ ہے اور اس کی توجہ مرید کے اخلاص اور محبت کے اندازے کے مطابق ہے | |
| **مکتوب نمبر ۱۲۹** | ۱۰ |
| اس بیان میں کہ انسان کی جامعیت اس کے تفرقے اور جامعیت کا باعث ہے۔ | |
| بہترین مخلوقات بھی انسان اور بدترین مخلوقات بھی یہی ہے | |
| تعلقات کی میل کچیل سے مکمل آزادی حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خاصہ ہے۔ آپ کے بعد انبیائے کرام اور دوسرے اولیاء ہیں۔ | |
| **مکتوب نمبر ۱۳۰** | ۱۱ |
| اس بیان میں کہ تلونیات احوال کا کچھ اعتبار نہیں | |
| **مکتوب نمبر ۱۳۱** | ۱۳ |
| حضرات خواجگان کے طریقہ کی شان کی بلندی کے بیان میں۔ | |
| یہ جان لیں کہ حضرات خواجگان کا طریقہ مطلوب تک پہنچانے میں تمام دوسرے طریقوں سے زیادہ قریب ہے۔ دوسروں کی نہایت ان کی ابتدا میں درج ہے یہ سب کچھ سنت کی پابندی اور بدعت سے بچنے کی وجہ سے ہے۔ احوال ومواجید کو احکام شرعیہ کے تابع کیا گیا ہے۔ | |
| بعض متاخرین خلفاء نے اس طریقہ میں بہت سے نئی باتیں رائج کر دی ہیں۔ | |
| مثلاً نماز تہجد کو جماعت اور پوری جمعیت کے ساتھ ادا کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ عمل مکروہ ہے۔ | |
| نماز تہجد میں ایک دوسری بدعت کا بیان | |




Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| **مکتوب نمبر ۱۳۲** | ۱۵ |
| دولت مندوں کی صحبت سے اجتناب اور فقراء کی صحبت کی ترغیب کے بیان میں۔ | |
| فقراء کی جاروب کشی اغنیاء کی صدر نشینی سے بہتر ہے۔ | |
| ان من ازواجکم واولادکم عدوالکم فاحذروھم | |
| **مکتوب نمبر ۱۳۳** | ۱۷ |
| اس بیان میں کہ فرصت کو غنیمت جاننا چاہیے اور وقت کی قدر کرنی چاہیے۔ | |
| رسوم وعادات سے کچھ کام نہیں بنتا | |
| ھلک المسوفون | |
| **مکتوب نمبر ۱۳۴** | ۱۸ |
| تسویف (تھوڑی دیر کو یہ کام کرلوں گا) اور تاخیر سے روکنے کے بیان میں | |
| **مکتوب نمبر ۱۳۵** | ۱۹ |
| ولایت عامہ اور خاصہ کے بیان میں | |
| ولایت خاصہ محمدیہ عروج و نزول کے دونوں پہلوؤں کے اعتبار سے تمام مراتب ولایت سے ممتاز ہے۔ | |
| آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج جسمانی ہوا۔ اور آپ رویت بصری سے مشرف ہوئے۔ آپ کے کامل متبعین کو بھی اس سے حصہ ملتا ہے۔ | |

| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| **مکتوب نمبر ۱۳۶** | ۲۳ |
| مطلوب حقیقی کے حاصل کرنے میں تسویف اور تاخیر سے روکنے کے بیان میں | |
| درویشی میں طول اہل کفر ہے | |
| **مکتوب نمبر ۱۳۷** | ۲۴ |
| نماز کی شان کی بلندی کے بیان میں | |
| عبادات میں لذت اور ان کی ادائیگی میں کلفت کا دور ہو جانا خصوصاً ادائے نماز میں اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمتوں میں سے ہے۔ وہ لذت جو نماز میں نصیب ہوتی ہے اس میں نفس کا کچھ حصہ نہیں۔ | |
| **مکتوب نمبر ۱۳۸** | ۲۵ |
| کمینی دنیا کی مذمت اور برائی میں اور ارباب دولت سے دور رہنے کے بیان میں | |
| دنیا اللہ تعالیٰ کو سخت ناپسند ہے | |
| ان من ازواجکم واولادکم عدوالکم فاحذروھم | |
| دنیاداروں کی صحبت ومجلس زہر قاتل ہے | |
| حدیث من تواضع لغنی لغناہ ذھب ثلثا دینہ | |
| **مکتوب نمبر ۱۳۹** | ۲۸ |
| اس بیان میں کہ اس بدنصیب گروہ کی مذمت کرنا جائز ہے جو اہل اللہ پر اعتراض کرتا ہے۔ | |
| مخلوق کی طرف سے ایذاء اور ملامت عشق کے تحفوں میں سے ہے۔ | |




Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| **مکتوب نمبر ۱۴۰** | ۲۹ |
| اس بیان میں کہ رنج و محنت محبت کے لوازمات میں سے ہے۔ | |
| **مکتوب نمبر ۱۴۱** | ۳۰ |
| اس بیان میں کہ اس کام (راہ معرفت) میں عمدہ کام اخلاص و محبت ہے۔ | |
| **مکتوب نمبر ۱۴۲** | ۳۱ |
| اس بیان میں کہ ان بزرگوں کی نسبت اگر تھوڑی سی بھی نصیب ہو جائے تو وہ تھوڑی نہیں | |
| **مکتوب نمبر ۱۴۳** | ۳۳ |
| اس بیان میں کہ موسم جوانی کو غنیمت جاننا چاہیے اور لہو و لعب میں صرف نہیں کرنا چاہیے | |
| **مکتوب نمبر ۱۴۴** | ۳۴ |
| سیر و سلوک کے معنی کے بیان میں اور سیر الی اللہ اور سیر فی اللہ اور دو اور سیروں کا بیان | |
| سیر الی اللہ اور سیر فی اللہ ولایت کے حاصل کرنے کے لئے ہیں، اور تیسری اور چوتھی سیر مقامِ دعوت کے حصول کے لئے ہے۔ | |
| **مکتوب نمبر ۱۴۵** | ۳۶ |
| اس بیان میں کہ نقشبندی مشائخ نے سیر کی ابتداء عالمِ امر سے اختیار کی ہے۔ اور اس سرّ کے بیان میں کہ اس طریقہ کے بعض مبتدی غیر متاثر کیوں ہوتے ہیں۔ | |
| **مکتوب نمبر ۱۴۶** | ۳۷ |
| سبق کے تکرار کی نصیحت کے بیان میں۔ | |
| ایسا نہ ہو کہ دنیا کی کروفر طالب کو جگہ سے ہلا دے | |
| **مکتوب نمبر ۱۴۷** | ۳۸ |
| اس بیان میں کہ گسستن پیوستن پر مقدم ہے یا معاملہ اس کے برعکس ہے۔ | |
| اس بارے میں مشائخ کے تین گروہ ہیں | |
| **مکتوب نمبر ۱۴۸** | ۴۱ |
| اس بیان میں کہ سیر الی اللہ کا اظہار کرنے والا بے حاصل ہے۔ اور اس بیان میں کہ مشائخ کی روحانیات کے توسّل کے فریب میں نہیں آنا چاہیے کیونکہ مشائخ کی وہ صورتیں درحقیقت اپنے شیخ مقتدا کے لطائف ہوتے ہیں۔ | |
| **مکتوب نمبر ۱۴۹** | ۴۲ |
| اس بیان میں کہ نظر کسی معین سبب پر نہیں گاڑھ دینی چاہیے | |
| لوگوں کی گفت و شنید سے دلگیر نہیں ہونا چاہیے | |
| **مکتوب نمبر ۱۵۰** | ۴۳ |
| اس بیان کی مطلوبیت کے شایانِ شان صرف ذات حق سبحانہٗ ہے | |
| **مکتوب نمبر ۱۵۱** | ۴۴ |
| طریقہ حضرات خواجگان کی بزرگی کے بیان میں۔ اور "یادداشت" کا وہ معنی جو ان اکابر کے | |




Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| ساتھ مخصوص ہے۔ | |
| **مکتوب نمبر ۱۵۲** | ۴۵ |
| اس بیان میں کہ رسول کی اطاعت میں عین حق تعالیٰ کی اطاعت ہے۔ | |
| بعض مشائخ نے حالتِ سکر میں ایسی باتیں کہی ہیں جو دو اطاعتوں کے درمیان فرق کی خبر دیتی ہیں۔ | |
| **مکتوب نمبر ۱۵۳** | ۴۷ |
| اس بیان میں کہ ماسوا کی غلامی سے مکمل آزادی فناء مطلق سے وابستہ ہے۔ | |
| احوال و مقامات میں گرفتار غیر میں گرفتار ہے | |
| **مکتوب نمبر ۱۵۴** | ۴۹ |
| اس بیان میں کہ اپنے آپ سے گزرنا چاہیے اور اپنے اندر آنا چاہیے | |
| دَعْ نَفْسَكَ وَتَعَالَ ۔ جو کچھ ہے تیری گودڑی کے نیچے ہے۔ | |
| سیر آفاقی دوری ہی دوری پر مشتمل ہے اور سیر انفسی قرب در قرب ہے۔ جو شخص اس سے حلول یا اتحاد سمجھے وہ احمق اور گمراہ ہے۔ اس مقام کے حاصل ہونے سے قبل اس میں غور و فکر کرنا ممنوع ہے۔ | |
| **مکتوب نمبر ۱۵۵** | ۵۱ |
| اپنے اصل کی طرف رجوع کی ترغیب کے بیان میں حُبّ الوطن من الایمان صحیح حدیث ہے۔ | |
| بے چارہ کہاں جائے اس کی پیشانی تو اس کے ہاتھ میں ہے | |
| **مکتوب نمبر ۱۵۶** | ۵۳ |
| اہل اللہ کی صحبت و مجلس کی ترغیب کے بیان میں | |
| المرء مع من احبّ | |
| بہر صورت چند روزہ زندگی فقراء کے ساتھ بسر کرنی چاہیے | |
| **مکتوب نمبر ۱۵۷** | ۵۴ |
| اس بیان میں کہ جب کوئی درویشوں کی خدمت میں جائے تو چاہیے کہ اپنے آپ کو خالی تصور کرے تا کہ پر ہو کر واپس آئے۔ اور اس بیان میں کہ سب سے پہلے عقائد درست کرنے چاہییں۔ | |
| حضرت خواجہ نقشبند نے فرمایا ہے کہ اول خستگی اور عاجزی درکار ہے۔ پھر کسی شکستہ دل کی توجہ مبذول ہوگی | |
| جو کچھ لازم اور ضروری ہے اول یہ ہے کہ عقائد درست کیے جائیں۔ دوم احکام شرعیہ کا علم حاصل کرنا۔ سوم اس علم کے مطابق عمل کرنا۔ چہارم تصفیہ اور تزکیہ کا راستہ اختیار کرنا | |
| **مکتوب نمبر ۱۵۸** | ۵۷ |
| اس بیان میں کہ مراتب کمال میں فرق استعدادوں کے فرق کے مطابق ہے۔ | |
| **مکتوب نمبر ۱۵۹** | ۵۸ |
| ماتم پرسی کے بیان میں۔ | |
| آلام اور مصائب بظاہر تلخ ہیں لیکن باطن میں | |

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| شیریں ہیں | |
| حدیث ماالمیت الا کالغریق المتغوث ینتظر دعوة الخ | |
| **مکتوب نمبر ۱۶۰** | ۶۱ |
| اس بیان میں کہ مشائخ طریقت تین گروہ ہیں اور ہر گروہ کے حال کی شرح | |
| پہلا گروہ اس امر کا قائل ہے کہ عالم حق تعالیٰ کی ایجاد سے خارج میں موجود ہے۔ اور جو کچھ اس میں ہے حق تعالیٰ کی ایجاد سے ہے۔ | |
| دوسرا گروہ عالم کو حق تعالیٰ کا ظل قرار دیتا ہے۔ اور بطریق ظلیت عالم کو خارج میں مانتا ہے۔ | |
| تیسرا گروہ وحدت وجود کا قائل ہے یعنی خارج میں صرف ایک ذات موجود ہے اور بس الخ | |
| الاعیان ما شمت رائحة الوجود | |
| تیسرا گروہ بھی اگرچہ واصل اور کامل ہے مگر اس کی باتوں نے مخلوق کو ضلالت اور بے دینی تک پہنچایا ہے | |
| پہلا گروہ سب سے کامل، سب سے زیادہ محفوظ اور کتاب وسنت کے ساتھ سب سے زیادہ موافق ہے اور اس کا بیان | |
| اس بلند گروہ کو مقام عبدیت سے جو نہایت مقامات ہے مکمل حصہ ہے | |
| یہ درویش بھی پہلے توحید وجودی کا معتقد تھا الخ | |
| **مکتوب نمبر ۱۶۱** | ۶۷ |
| اس بیان میں کہ منازل سلوک طے کرنے سے مقصود ایمان حقیقی کا حصول ہے جو اطمینان سے وابستہ ہے۔ | |
| اس امر کا بیان کہ اطمینان نفس کب میسر آتا ہے | |
| سلامتی قلب کی نشانی | |
| **مکتوب نمبر ۱۶۲** | ۶۸ |
| ماہ رمضان مبارک کی فضیلت کے بیان میں اور قرآن مجید کے ساتھ اس کی مناسبت کا بیان اور کھجور کی جامعیت کا بیان | |
| حدیث اکرموا عمتکم النخلة الخ | |
| حدیث نعم سحور المؤمن التمر | |
| **مکتوب نمبر ۱۶۳** | ۷۲ |
| اس بیان میں کہ ایمان اور کفر ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ | |
| کفار سے جہاد اور ان پر سختی خُلق عظیم میں داخل ہے۔ | |
| اسلام کی عزت کفر اور اہل کفر کی خواری میں ہے | |
| جس نے اہل کفر کی عزت کی اس نے اہل اسلام کو خوار کیا۔ | |
| کفار کو اپنی مجالس میں جگہ دینا اور ان کے ساتھ ہمنشینی کرنا انہیں عزت دینے میں داخل ہے۔ | |
| انہیں کتوں کی طرح جاننا چاہیے | |
| کفار سے دوستی کے نقصان کا بیان | |
| جزیہ لینے سے مقصود کا بیان | |
| اسلام کے حصول کی علامت کفار کے ساتھ بغض وعناد رکھنا ہے۔ | |
| کفار سے دعا نہیں طلب کرنی چاہیے | |




Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| جس طرح اسلام کفر کی ضد ہے اسی طرح آخرت دنیا کی ضد ہے۔ | |
| ترک دنیا دو طرح پر ہے | |
| سونے چاندی اور ریشم کے استعمال سے پرہیز کرنا چاہیے | |
| مباح امور کے دائرے کو بہت وسیع کر دیا گیا ہے۔حل وحرمت کے بارے میں ہمیشہ دیندار علماء کی طرف رجوع کرنا چاہیے | |
| **مکتوب نمبر ۱۶۴** | ۷۸ |
| اس بیان میں کہ حق سبحانہٗ کا فیض خاص وعام پر ہر وقت ہمیشہ وارد ہوتا رہتا ہے۔اس کے قبول کرنے یا نہ قبول کرنے کا فرق مخلوق کی طرف سے ہے۔ | |
| حق تعالیٰ سے منہ پھیرنے کی صورت میں دنیا اور اس کی نعمتیں عین خرابی ہیں۔ | |
| **مکتوب نمبر ۱۶۵** | ۸۰ |
| صاحب شریعت کی متابعت اور اس کی شریعت سے بغض وعداوت کرنے والوں کے بیان میں | |
| کمال محبت کی علامت یہ ہے کہ پیغمبر علیہ السلام کے دشمنوں سے کامل بغض رکھا جائے۔ | |
| اہل ہوا اور بدعت کو خوار رکھنا چاہیے | |
| حدیث من وقر صاحب بدعة فقد عان علیٰ هدم الاسلام | |
| **مکتوب نمبر ۱۶۶** | ۸۳ |
| اس بیان میں کہ چند روزہ زندگی پر دارومدار نہیں رکھنا چاہیے اور ذکر کثیر کے ذریعہ مرض قلبی کا ازالہ کرنا چاہیے۔ | |
| وہ دل جو غیر حق میں گرفتار ہو اس سے خیر کی کیا توقع ہو سکتی ہے۔وہ روح جو حقیر اشیاء کی طرف مائل ہو نفس امارہ اس سے بہتر ہے۔ | |
| حضرت مجدد قدس سرہٗ کا اپنے کرتے کے پہننے کا حکم دینا اور اس سے نتائج کا منتظر رہنا، کیونکہ وہ کرتہ مبارک کثیر البرکت ہے۔ | |
| **مکتوب نمبر ۱۶۷** | ۸۵ |
| پروردگار عالم کی بندگی کی ترغیب اور باطل الہوں کی پرستش سے بچنے کے بیان میں۔ | |
| اللہ تعالیٰ کی صفت کہ وہ بے کیف وبیمثال ہے اور وہ باپ اور فرزند سے پاک ہے۔اور رام کرشن کے الٰہ ہونے کی صلاحیت نہ رکھنا اور ہندوؤں کے خداؤں اور انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام میں فرق | |
| **مکتوب نمبر ۱۶۸** | ۸۷ |
| سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کی بلندی شان کے بیان میں اور اس جماعت کے حال کی شکایت کے بیان میں جنہوں نے اس طریقہ میں نئی نئی چیزیں رائج کر دی ہیں۔ | |
| **مکتوب نمبر ۱۶۹** | ۹۲ |
| اس مرید کے سوال کے جواب میں جس نے اپنے پیر سے کہا تھا کہ اگر تو بھی میرے خاص وقت میں مداخلت کرے گا تو تیرا سر تن سے جدا کر دونگا پیر نے اس کی بات کو پسند کیا۔ | |
| ابتداء اور درمیان میں مطلوب کو پیر کے آئینہ | |




Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| کے بغیر نہیں دیکھا جا سکتا۔ | |
| **مکتوب نمبر ۱۷۰** | ۹۳ |
| اس بیان میں کہ آدمی کے لئے جس طرح اوامر و نواہی کی بجا آوری کے بغیر چارہ نہیں حقوق مخلوق کی ادائیگی کی رعایت کے بغیر بھی چارہ نہیں۔ | |
| **مکتوب نمبر ۱۷۱** | ۹۴ |
| اس بیان میں کہ جو کچھ فقراء پر لازم ہے یہ ہے کہ ہمیشہ اپنے کو ذلیل جانیں اور محتاج خیال کریں | |
| اور وظائف عبودیت بجا لاتے رہیں، اور حدود شرعیہ کی حفاظت کریں، اور متابعت سنت کو لازم پکڑیں، اور اپنے گناہوں کے غلبے کا مشاہدہ کرتے رہیں۔ اور علام الغیوب کے انتقام کا خوف رکھیں۔ | |
| حدیث ان اللّٰہ لیؤید ھذا الدین بالرجل الفاجر | |
| وہ مرید جو طلب کے ارادہ سے آئے اور مشغولی کا ارادہ ظاہر کرے اسے شیر اور ببر کی طرح خیال کرنا چاہیے۔ | |
| اگر فرضاً کسی مرید کے آنے سے فرحت محسوس کریں تو اسے کفر اور شرک جانیں | |
| مرید کے مال میں طمع اور اس سے دنیوی منافع کی امید نہیں رکھنی چاہیے | |
| حدیث حُبّ الدنیا رأس کل خطیئۃ | |
| **مکتوب نمبر ۱۷۲** | ۹۷ |
| بعض ان اسرار خاص کے بیان میں جو نہایت ہی کم اولیاء اللہ کے حصے آتے ہیں۔ اور اس بیان میں کہ اس مقام میں عارف اپنے آپ کو دائرہ شریعت سے باہر پاتا ہے۔ اس کے سبب کا بیان اور اس کی ظاہر شریعت سے مطابقت شریعت کی ایک صورت ہے اور ایک حقیقت اس کی صورت تو وہ ہے جو علماء ظاہر بیان کرتے ہیں۔ اور حقیقت وہ ہے جس کے ساتھ صوفیہ عالیہ ممتاز ہیں۔ | |
| جاننا چاہیے کہ تکلیفات شرعیہ قالب اور قلب دونوں کے ساتھ مخصوص ہیں۔ | |
| سوال و جواب | |
| **مکتوب نمبر ۱۷۳** | ۱۰۰ |
| میر محمد نعمان کی طرف، اس سوال کے جواب میں جو انہوں نے کیا تھا، اور بعض اسرار غریبہ کا بیان جو نفی و اثبات سے تعلق رکھتے ہیں۔ | |
| معنی کلمہ طیبہ لا الٰہ الا اللّٰہ کا بیان کہ اس کے دو مقام ہیں اور ہر ایک مقام کے دو اعتبار ہیں۔ | |
| **مکتوب نمبر ۱۷۴** | ۱۰۴ |
| اس بیان میں کہ اس راہ کے دیوانے اس معیت سے تسلی نہیں پکڑتے۔ اور اس بُعد قرب نما سے تسکین نہیں پاتے۔ اور اس بیان میں کہ جو واقعہ لکھا تھا وہ جن کا ظہور تھا۔ | |
| **مکتوب نمبر ۱۷۵** | ۱۰۶ |
| تلونیاتِ احوال کے بیان میں اور تمکین کا حصول اور حدیث لی مع اللّٰہ وقت کے معنی کا بیان | |




Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| **مکتوب نمبر ۱۷۶** | ۱۰۸ |
| اس بیان میں کہ وقت کی حفاظت اس راہ کی ضروریات میں سے ہے۔ شعر خوانی اور قصہ پردازی کو دشمنوں کا حصہ قرار دیتے ہوئے خاموشی اور باطنی نسبت کی حفاظت میں مشغول رہنا چاہیے۔ | |
| ایسی زندگی بسر کرنا چاہیے کہ صحبت میں رہنے والوں کو جمعیت قلب نصیب ہو۔ یہ نہ ہو کہ وہ پراگندگی کا شکار ہو جائیں۔ | |
| **مکتوب نمبر ۱۷۷** | ۱۱۰ |
| آرائے اہل سنت و جماعت کے مطابق عقائد کی تصحیح کی ترغیب کے بیان میں | |
| **مکتوب نمبر ۱۷۸** | ۱۱۱ |
| ایک شخص کی سفارش اور سردار عالمیاں کی متابعت کی ترغیب میں۔ | |
| احسان کرنا ہر جگہ اچھا ہے لیکن قرب و جوار والوں کے ساتھ احسان کرنا خاص کر زیادہ اچھا ہے۔ | |
| اور سرور عالمیاں علیہ السلام کا اہل جوار کے حقوق کی ادائیگی میں بار بار تاکید فرمانا | |
| **مکتوب نمبر ۱۷۹** | ۱۱۲ |
| نصیحت اور وقت جوانی کو غنیمت جاننے اور علوم شرعیہ کی تحصیل کی ترغیب میں | |
| **مکتوب نمبر ۱۸۰** | ۱۱۳ |
| مخدوم زادہ املنگی کی طرف پیروں کے بعض اسماء کے استفسار میں جن میں تردد اور شک تھا | |

| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| خواجہ خاوند سے ملاقات کا ذکر اور حضرت خواجہ خاوند کے کلام کے نقل کرنے اور خواجہ صاحب مذکور کے حال کی شکایت کے بیان میں | |
| **مکتوب نمبر ۱۸۱** | ۱۱۵ |
| اپنے فرزند ارجمند خواجہ محمد صادق کی طرف | |
| ان کے اس استفسار کے جواب میں کہ اس کا کیا سبب ہے کہ میں مشائخ کی ایک جماعت دیکھتا ہوں کہ قرب الٰہی کے مراتب میں ادنی درجہ رکھتی ہے۔ حالانکہ مقامات زہد و توکل وغیرہ میں بلند درجات پر فائز ہے اور ایک دوسری جماعت کو دیکھتا ہوں جو مراتب قرب میں تو فوقیت رکھتی ہے مگر مقامات مذکورہ میں نیچے ہے | |
| صاحب رجوع کے باوجود اکمل ہونے کے اس کے کمالات کو پوشیدہ رکھا گیا ہے اور اس کے ظاہر کو عوام الناس کی طرح ظاہر پر چھوڑا گیا ہے۔ | |
| حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اطمینان قلب طلب کرنے کے راز کے بیان میں | |
| حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کے قول مبارک لو كشف الغطاء ما ازددت يقينا کے راز کے بیان میں | |
| **مکتوب نمبر ۱۸۲** | ۱۱۸ |
| حدیث نبوی ذٰلك من كمال الايمان کے بیان میں | |
| **مکتوب نمبر ۱۸۳** | ۱۲۰ |
| نصیحت اور استقامت و جمعیت اور تعلقات | |




Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| پراگندہ کے چھوڑنے کی ترغیب کے بیان میں | ✓ |
| **مکتوب نمبر۱۸۴** | ۱۲۱ |
| متابعت سیّد المرسلین علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کی ترغیب کے بیان میں | |
| حضرت جنید کو ان کے فوت ہونے کے بعد کسی نے خواب میں دیکھا اور ان کا حال پوچھا۔آپ نے جواب دیا طاحت الحبارات الخ | |
| **مکتوب نمبر۱۸۵** | ۱۲۲ |
| ایک شخص کی سفارش میں | |
| جو چیز لازم وضروری ہے وہ ماسوائے حق تعالیٰ کی گرفتاری سے قلب کی سلامتی ہے۔ | |
| اگر ہزار سال بھی زندگی مل جائے دل پر غیر کا گزر نہیں ہوسکتا | |
| **مکتوب نمبر۱۸۶** | ۱۲۳ |
| متابعت سنت پر ابھارنے اور بدعت سے بچنے اور اس بیان میں کہ ہر بدعت ضلالت ہے۔ | |
| مطلقاً ہر بدعت میں نفی حسن کا بیان | |
| یہ فقیر کسی بدعت میں بھی حسن اور نورانیت کا مشاہدہ نہیں کرتا | |
| بعض بدعات کا بیان مثلاً کفن میں عمامے کا زیادہ کرنا اور شملہ بائیں جانب چھوڑنا اور نماز کی نیت زبان سے کرنا | |
| قیاس اور اجتہاد بدعت نہیں ہیں | |
| **مکتوب نمبر۱۸۷** | ۱۲۸ |
| اس بیان میں کہ طریقہ رابطہ (تصور شیخ) تمام طریقوں سے مطلوب تک پہنچانے میں زیادہ قریب راستہ ہے اور مرید کے لئے ذکر سے بھی زیادہ نافع ہے۔ | |
| حضرت خواجہ احرار کا قول مبارک کہ رہبر کا سایہ ذکر حق سے بہتر ہے | |
| **مکتوب نمبر۱۸۸** | ۱۲۹ |
| بعض مسائل کے حل میں | |
| جب ظاہر باطن کا رنگ اور باطن ظاہر کا رنگ اختیار کرلے تو پھر دونوں ایک دوسرے کے احکام اخذ کرلیتے ہیں۔ | |
| **مکتوب نمبر۱۸۹** | ۱۳۰ |
| اس بیان میں کہ تعلقات دنیوی میں گرفتاری کے باوجود دل میں فقراء کی یاد کا ہونا فقراء کے ساتھ شدید مناسبت کی نشانی ہے۔اور یہ کہ دنیا کی تروتازگی پر فریفتہ نہ ہونا چاہیے۔اور باطنی سبق کو عزیز جاننا چاہیے۔اور احکام شریعت سے سرتابی نہیں کرنی چاہیے۔ | |
| **مکتوب نمبر۱۹۰** | ۱۳۱ |
| ہمیشہ ذکر الٰہی کرنے کی ترغیب اور طریقہ نقشبندیہ اختیار کرنے اور ذکر کرنے کے طریقہ کے بیان میں | |
| اگر ذکر کے دوران بے تکلف پیر کی صورت | |




Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |


ظاہر ہوتو اسے بھی دل میں لے جائے

جانتے ہو پیر کون ہے؟ پیر وہ ہے جس سے حق تعالیٰ تک پہنچنے کے راستے میں تو استفادہ کرتا ہے

صرف کلاہ اور دامنی اور شجرہ پیری مریدی کی حقیقت سے خارج ہے

## مکتوب نمبر ۱۹۱ — ۱۳۳

انبیاء کرام کی متابعت کی ترغیب میں اور اس بیان میں کہ احکام شرعیہ میں پوری آسانی کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔

ہزار سالہ ریاضتیں اور مجاہدے بھی اگر متابعت انبیاء کے نور سے منور نہ ہوں تو ان کی ایک جو جتنی قیمت نہیں ہے۔ اور دوپہر کے قیلولے کے برابر جو انبیائے کرام کے حکم کے مطابق ہے ان ریاضات کی قدر نہیں

نماز اور زکوۃ اور کھانے پینے اور لباس وغیرہ میں آسانی کا بیان

اگر ان آسانیوں کے باوجود کوئی شخص احکام شرعیہ کو مشکل جانے تو وہ مرض قلبی میں مبتلا ہے

مرض قلبی یقین کا فقدان ہے۔ ایسے لوگ جو تصدیق رکھتے ہیں وہ صورت تصدیق ہے۔ حقیقتِ تصدیق نہیں

## مکتوب نمبر ۱۹۲ — ۱۳۷

جلد اول کے مکتوب نمبر ۱۱ کے متعلق ایک استفسار کے جواب میں

شہداء کرام میں وہ فضیلتیں ہیں جو انبیاء میں نہیں ہیں حالانکہ فضیلت کلی انبیاء کو حاصل ہے

## مکتوب نمبر ۱۹۳ — ۱۳۹

عقائد کی درستی کی ترغیب اور احکام فقیہ حلال و حرام وغیرہ کے سیکھنے پر ابھارنے اور اسلام کی غربت کے بیان میں اور دین کی ترویج کی ترغیب میں۔

گوبند کافر لعین اور اس کی اولاد کے قتل کرنے کا کام بہت خوب ہے۔ اور مردود ہندوؤں کی شکست عظیم کا باعث ہوا

جزیہ لینے سے مقصود کفار کی ذلت وخواری ہے

کفار سے جہاد اور ان پر سختی ضروریات دین میں سے ہے۔

احکام شرعی کی تبلیغ کے لئے اظہارِ کرامت و خوارق کی کچھ ضرورت نہیں۔

ما اوذی نبی مثل ما اوذیت

## مکتوب نمبر ۱۹۴ — ۱۳۵

ترویج ملت اور تائید دین پر ابھارنے کے بیان میں

علماء سو دین کے چور ہیں اور بہترین علماء بہترین مخلوق ہیں۔

## مکتوب نمبر ۱۹۵ — ۱۳۶

ترویجِ شریعت پر اُبھارنے اور ضعف و کمزوری اسلام پر رنج و افسوس کے اظہار کے بیان میں

جبلت الخلائق علی حب من احسن الیھا




Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| الناس علی دین ملوکہم | |
| شعائر اسلام میں سے ایک یہ ہے کہ اسلامی شہروں میں قاضی مقرر کئے جائیں | |
| **مکتوب نمبر ۱۹۶** | ۱۴۸ |
| جس راہ کے طے کرنے کے ہم درپے ہیں وہ سات قدم ہے اور ان قدموں کی تفصیل | |
| **مکتوب نمبر ۱۹۷** | |
| اس بیان میں کہ وہ شخص سعادت مند ہے جس کا دل دنیا سے سرد پڑ چکا ہو | ۱۵۰ |
| الدنیا ملعونۃ وملعون ما فیہا الاّ ذکر اللہ | |
| دنیا وہ چیز ہے جو دل کو حق تعالیٰ سے پھیر دے اہل دنیا دنیا میں ہمیشہ پراگندگی کا شکار رہتے ہیں اور آخرت میں اہل ندامت میں سے ہوں گے | |
| اہل کرم کا شیوہ ایثار و قربانی ہے | |
| **مکتوب نمبر ۱۹۸** | ۱۵۲ |
| اس بیان میں کہ اس زمانہ میں فقرا کا اغنیاء کے ساتھ آشنائی قائم کرنا بہت مشکل ہے | |
| تواضع اور حسن خلق فقر کے لوازمات سے ہے | |
| استغناء بھی لوازم فقر سے ہے | |
| عرفت ربی بجع الاضدا | |
| **مکتوب نمبر ۱۹۹** | ۱۵۳ |
| مکتوب الیہ نے جو ورد و مشغولی کی طلب کی تھی اس کے قبول کرنے کے بیان میں | |
| **مکتوب نمبر ۲۰۰** | ۱۵۴ |
| نفحات کی عبارت کے حل میں جو اغلاق رکھتی تھی | |
| اجتباء کا راستہ انابت سے مشروط نہیں اور محبوبوں کا راستہ ہے | |
| اکابر نقشبندیہ نے یہی نا مسلوک راستہ اختیار کیا ہے اور ان کے راستہ کے لئے وصول لازم ہے | |
| حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ کا قول کہ میں نے حق تعالیٰ سے ایک ایسے راستے کی درخواست کی جو البتہ موصل ہو | |
| **مکتوب نمبر ۲۰۱** | |
| اس شخص کے جواب میں جو یہ کہتا ہے کہ سارے علوم دو تین حرفوں میں درج ہیں | ۱۶۰ |
| **مکتوب نمبر ۲۰۲** | |
| اس جماعت کے حال پر افسوس کے بیان میں جس نے اپنے آپ کو ان اکابر کی عقیدت و ارادت کی لڑی میں پرو دیا اور پھر بلا وجہ ان سے قطع تعلقی اختیار کر لی۔ | ۱۶۰ |
| جاننا چاہیے کہ ہمارا طریقہ دعوت اسماء کا طریقہ نہیں ۔اکابر دین نے ان اسماء کے مسمّٰی میں استہلاک کا طریقہ اختیار کیا ہے ۔ابتداء میں ہی ان کی توجہ وحدت صرف کی طرف ہوتی ہے۔ | |
| جو شخص اپنے آپ کو حضرت صدیق اکبر سے افضل جانے وہ یا زندیق محض ہے یا نرا جاہل | |
| وحشی قاتل حمزہ صحبت خیر البشر کے سبب اویس قرنی سے۔ جو خیر التابعین ہے بہتر ہے | |




Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| **مکتوب نمبر۲۰۳** | |
| اس گروہ اولیاء کی محبت پر ابھارنے کے بیان میں اور اس بیان میں ان کا ہمنشین شقاوت سے محفوظ ہے | ۱۶۲ |
| المرء مع من احبّ | |
| ایک حدیث کا بیان کہ کاتب اعمال فرشتوں کے علاوہ بھی حق تعالیٰ کے ایسے فرشتے ہیں جو راستوں اور گزرگاہوں میں اہل ذکر تلاش میں گھومتے رہتے ہیں۔ | |
| پس لازم آیا کہ اس گروہِ اولیاء کے محب ان کے ساتھ ہوں۔اور جو ان کے ساتھ ہے بدبخت نہیں ہو سکتا۔ | |
| اسم مبارک اللہ کے ذکر کا طریقہ | |
| **مکتوب نمبر۲۰۴** | |
| اس بیان میں کہ بدقماش لوگوں کی چھیڑ چھاڑ کی محنت میں نہیں پڑنا چاہیے اور اپنے کام میں مشغول رہنا چاہیے | ۱۶۵ |
| **مکتوب نمبر۲۰۵** | |
| اس بیان میں کہ کام کا مدار صاحب شریعت کی متابعت پر ہے | ۱۶۷ |
| **مکتوب نمبر۲۰۶** | |
| دنیا کی مذمت اور اس کی نعمتوں میں گرفتاری کی بُرائی کے بیان میں | ۱۶۷ |
| دنیا میں مرغن کھانوں، خوبصورت لباس اور لعو و لعب کے لئے پیدا نہیں کیا گیا۔انسان کی پیدائش سے مقصود ذلت وانکساری ہے۔ | |
| اہل باطل کے مجاہدے اور ریاضتیں جو مخالف شریعت ہیں خسارے اور خواری کے سوا کچھ عطا نہیں کرتے | |
| ذکر کثیر میں مصروف رہنا چاہیے اور جو کچھ اس کے منافی ہو اسے دشمن جاننا چاہیے | |
| خرجی کرتہ جو اچھے اوقات میں مکرر پہنا گیا ہے ارسال کر دیا گیا ہے، اسے پہنیں | |
| **مکتوب نمبر۲۰۷** | |
| اس بیان میں کہ قرب ابدان کو قرب میں بڑی تاثیر ہے اور وجد وحال کو جب تک میزان شرع پر پورا نہ تلے، نصف دام پر بھی نہیں خریدتے | ۱۶۹ |
| اویس قرنی اس قدر رفعت شان کے باوجود ادنیٰ صحابی کے درجہ کو بھی نہیں پہنچتے | |
| عبداللہ بن مبارک کا قول اس شخص کے جواب میں جس نے دریافت کیا تھا کہ معاویہ افضل ہیں یا عمر بن عبدالعزیز؟ الغبار الذی دخل انف الخ | |
| صوفیہ کی ملمع آمیز باتوں سے کچھ نہیں کھلتا اور ان کے احوال سے کسی شے میں اضافہ نہیں ہوتا | |
| خدا تعالیٰ کے دیدار کا وعدہ آخرت میں ہے، دنیا میں اس کا وقوع نہیں ہو سکتا | |
| وہ مشاہدات اور تجلیات جن پر صوفیہ خوش ہیں درحقیقت یہ ظلال اور شبہ اور مثال سے آرام پکڑنا ہے۔وہ بلند ذات وراء الوراء ہے | |




Marfat.com

| صفحہ | مضمون | صفحہ | مضمون |
|---|---|---|---|


اگر یہ فقیر صوفیہ کے مشاہدات اور ان کی تجلیات کی حقیقت بیان کرے تو ڈر ہے کہ طالبوں کی طلب میں فتور نہ پڑ جائے۔ اور اگر حقیقت بیان نہ کرے تو باطل کے حق کے ساتھ خلط ملط ہونے کا اندیشہ ہے۔

## مکتوب نمبر ۲۰۸

حضرت میاں محمد صدیق کے سوال کے جواب میں کہ سالک کبھی اپنے آپ کو انبیاء کے مقامات میں پاتا ہے۔ بلکہ بعض اوقات یوں پاتا ہے کہ ان سے بلند چلا گیا ہے — ۱۷۲

اولیاء اللہ جو کچھ پاتے ہیں انبیاء کے طفیل پاتے ہیں حضرت ذات کو اسما کے واسطہ کے بغیر عالم کے ساتھ کچھ مناسبت نہیں

ایک مثال کی روشنی میں جواب کی وضاحت

بعض اوقات ظل کا اصل سے اشتباہ ہو جاتا ہے

## مکتوب نمبر ۲۰۹

رسالہ مبدء و معاد کی عبارات کے حل میں

حقیقت محمدی کے انتقال کا بیان اور ہزار سال کے بعد اس کا حقیقت کعبہ سے اتحاد اور حضرت عیسیٰ کا نزول — ۱۷۵

حضرت ذات کی نسبت سے اسم الٰہی میں مراتب مختلفہ کا بیان

حقیقت شخص سے مراد کا بیان اور حقیقتِ محمدی و احمدی سے مراد آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کی عالم خلق اور امر سے ترکیب

اس نبوت کا بیان جو حضرت آدم علیہ السلام سے پہلے تھی

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری کی بشارت کے لئے حضرت عیسیٰ کی تخصیص

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کی اہمیت کا بیان جو نشأۃ عنصری سے متعلق ہے

تاکیداً حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بشریت کے اظہار کی وجہ

آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وصال کے وقت پہلے کی نسبت اصحاب کے دلوں میں فرق پڑ جانا۔

جب حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نزول فرمائیں گے الخ

پہلی شریعتوں میں پیغمبر اولو العزم کے وصال کے ہزار سال بعد اس پیغمبر کی ملت کی تائید کے لئے انبیاء کرام مبعوث ہوتے تھے۔ اس شریعت میں علماء امت انبیا کا حکم دیا گیا ہے۔

حضرت مہدی پیغمبر علیہ السلام کے ہزار سال کے بعد ظہور فرمائیں گے

اس طبقہ کے اولیاء کے کمالات اصحاب کرام کے کمالات کے مشابہ ہیں

قال صلی اللہ علیہ وسلم لا یدری اولھم خیر ام آخرھم

اگر پوچھیں کہ اصحاب کے زمانہ کے بعد الخ

تو میں جواب دوں گا الخ

اگر کہیں کہ کعبہ آپ کی امت کے اولیاء کا طواف کرنے آتا ہے اور ان سے برکت چاہتا ہے




Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| الخ میں اس کا جواب دوں گا الخ | |
| بعض کشفوں سے رجوع کرنا جو انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کی افضلیت سے متعلق تھے | |
| تعلیم طریقت میں رعایت شرائط کی تاکید اور استخارے کرنے کا امر فرمانا | |
| دکان فراخ کرنا مقصود نہیں | |
| **مکتوب نمبر ۲۱۰** | |
| نفحات کی عبارات کے حل اور بعض ضروری نصائح کے بیان میں | ۱۸۵ |
| حکایت کے معاملہ کی حقیقت کے بیان میں جو نفحات میں مذکور ہے کہ ابن السکینہ کے مرید نے ایک روز دریائے دجلہ میں غوطہ لگایا۔ جب سر باہر نکالا الخ | |
| شب معراج میں واپسی تک بستر خواب کی گرمی اور کوزے کے پانی کی حرکت کا باقی رہنا | |
| اس حکایت کی وجہ اشکال اور اس کی حقیقت کا واضح کرنا | |
| اس قول کی شرح جسد کا مربی روح ہے اور قالب کی مربی قلب | |
| حسب طلب مکتوب الیہ کو نصیحتیں کرنے کے بیان میں | |
| اوّلاً عقائد کی درستی چاہیے دوسرے درجے پر جو ضروری مسائل فقہ میں بیان ہوئے ہیں ان کا علم اور ان پر عمل کرنا چاہیے اور تیسرے درجہ میں طریق صوفیہ پر چلنے کی ضرورت ہے۔ | |
| طریقہ صوفیہ میں سلوک سے غرض غیبی صور و اشکال حسی صورتوں اور انوار کے دیکھنے میں کیا نقصان ہے۔ | |
| سلوک سے مقصود زیادتی یقین کا حاصل کرنا ہے | |
| صوفیہ کا طریقہ علوم شرعیہ کا خادم ہے | |
| حضرت خواجہ احرار کا ارشاد کہ احوال و مواجید کا حصول بدوں اعتقاد اہل سنت سوائے خرابی کے کچھ نہیں۔ | |
| اس راستے میں اول قدم کے اندر ہی وہ کچھ پا لیتے ہیں جو دوسروں کو نہایت میں جا کر نصیب ہوتا ہے | |
| اویس قرنی وحشی قاتل حمزہ کے مرتبے تک نہیں پہنچ سکتے۔ | |
| صحابہ کرام کا ایک سیر جو خرچ کرنا دوسروں کے پہاڑ برابر سونا خرچ کرنے سے بہتر ہے | |
| ہر صحابی سے کچھ نہ کچھ قرآن مجید لے کر ایک جگہ جمع کیا گیا ہے۔ لہذا صحابی میں عیب نکالنا قرآن میں عیب نکالنے کے مترادف ہے | |
| صحابہ کرام کے باہمی منازعات کی نیک توجیہات کرنی چاہییں | |
| اس باب میں حضرت امام شافعی اور حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہما کا قول | |
| **مکتوب نمبر ۲۱۱** | ۱۹۳ |
| مولوی کے مقولہ کے بارے میں ایک سوال کا | |




Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| جواب اور مقام تکمیل و ارشاد کی ضروری شرائط کے بیان میں | |
| مولانا رومی کے مقولہ ''وہ نازنین جو میری آغوش میں تھا وہ حق تعالیٰ تھا'' کی مراد کا بیان | |
| خواجہ ہمدانی کے قول تلك خيالات تربى بها اطفال الطريقة | |
| اس بات کا خیال رکھیں کہ جب کوئی طالب ارادت کے ساتھ تمہارے پاس آئے تو اس کی تعلیم طریقت میں بہت تامل اور سوچ و بچار کرنی چاہیے | |
| ایک بزرگ فوت ہوئے تو انہیں آواز آئی تو ہی ہے جس نے میرے بندوں پر میرے دین میں زرہ پہن رکھی تھی الخ | |
| **مکتوب نمبر۲۱۲** | ۱۹۵ |
| بعض سوالات کے جواب اور ایک واقعہ کے حل کے بیان میں | |
| پیر صاحب تصرف اپنے مرید کو ان بلند مراتب پر لے جاسکتا ہے جو اس کی استعداد سے باہر ہوں | |
| سوال: وہ کونسا مقام ہے جہاں لطیفہ اخفیٰ نفس امارہ کا حکم رکھتا ہے اور اس کا جواب | |
| خواب میں پانی دیکھنا علم کی طرف اشارہ ہوتا ہے اور اس میں ہاتھ ڈالنا علم میں حصول قدرت کی طرف اشارہ ہے۔ | |
| **مکتوب نمبر۲۱۳** | ۱۹۶ |
| مواعظ اور نصائح اور علمائے اہل سنت کی متابعت اور علمائے سوء کی صحبت سے اجتناب کے بیان میں | |
| بے باک طالب علم چاہے جس فرقے سے بھی ہوں دین کے چور ہیں | |
| کسی شخص نے ابلیس لعین کو آسودہ حال اور فارغ البال دیکھا تو اس کا راز دریافت کیا۔ اس نے جواب دیا اس وقت کے علماء سوء میرے کام کے لے کافی ہو چکے ہیں۔ | |
| **مکتوب نمبر۲۱۴** | ۱۹۸ |
| اس بیان میں کہ دنیا آخرت کی کھیتی ہے اور اس مشہور سوال کے جواب میں کہ کفار کو کفر موقت پر دائمی عذاب کیوں ہوگا؟ | |
| ایک شخص کی سفارش میں | |
| جو شخص یہ چاہتا ہے کہ تمام احکام شرعیہ اس کی عقل کے مطابق ہوں اور عقلی دلائل پر برابر بیٹھیں وہ طور نبوت کا منکر ہے۔ ایسے آدمی سے گفتگو کرنا بے عقلی ہے | |
| **مکتوب نمبر۲۱۵** | ۲۰۱ |
| دنیا کی مذمت کے بیان میں | |
| اگر کسی شخص نے وصیت کی کہ میرا مال سب سے زیادہ عقلمند کو دینا تو زاہد زمانہ کو دینا چاہیے | |
| **مکتوب نمبر۲۱۶** | ۲۰۳ |
| اس راز کے بیان میں کہ بعض اولیاء اللہ سے زیادہ کرامات کیوں ظاہر ہوئیں اور بعض دوسروں سے کم کیوں؟ اور مقام تکمیل وارشاد کی اہمیت کے بیان میں | |
| ولایت اس فنا اور بقا سے عبارت ہے جس کے | |




Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| لوازمات سے خوارق اور کشف ہے | |
| کثرت سے ظہور خوارق کے مدار کا بیان | |
| حضرت سید محی الدین جیلانی سے دوسرے اولیائے کرام کی نسبت زیادہ خوارق کے ظہور کی وجہ | |
| خواجہ حسن بصری اور حبیب عجمی قدس سرہما کے دریا عبور کرنے کے بارے میں ایک حکایت کا بیان | |
| حضرت رسالت خاتمیت بوقت عروج سب سے اوپر چلے گئے اور نزول کے وقت سب سے نیچے تشریف لائے | |
| منتہی غیر مرجوع اولیاء کی نسبت اس راہ کے متوسط اولیاء سے زیادہ فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ | |
| ولی کے لئے اپنی ولایت اور خوارق کے متعلق علم ہونا حصول ولایت کی شرط نہیں | |
| اولیاء اللہ کی مثالی صورتوں کو متعدد مقامات میں ظاہر کردیتے ہیں۔اس بارہ میں حضرت خواجہ محمد باقی قدس سرہ کا قول | |
| **مکتوب نمبر ۲۱۷** | ۲۰۶ |
| اس بیان میں کہ باطنی نسبت جس قدر جہالت اور حیرت تک لے جائے بہت زیبا ہے | |
| بعض اولیاء اللہ کے کشفوں میں غلطی واقع ہونے کا سبب | |
| قضاء معلق اور مبرم میں فرق اور ہر ایک کا حکم اور جو قطعی ہے اور کتاب وسنت کے اعتماد کے لائق ہے اور | |
| اس بیان میں کہ تعلیم طریقت کی اجازت مل جانا کمال وتکمیل کی علامت نہیں | |

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| کوئی کشفوں کے ہونے اور نہ ہونے کو برابر جاننا چاہیے | |
| منقول ہے کہ ایک روز حضرت جبرئیل حاضر ہوئے اور خبر دی کہ فلاں جوان علی الصبح فوت ہو جائے گا الخ | |
| تبلیغ سے متعلق وحی خطاء سے محفوظ ومعصوم ہے لیکن وہ علم جو لوح محفوظ سے مستفاد ہو جو محو واثبات کا محل ہے اس میں خطا کی گنجائش ہے | |
| حضرت سید محی الدین جیلانی قدس سرہٗ نے اپنے بعض رسائل میں لکھا ہے کہ میں اگر چاہوں تو قضاء مبرم میں بھی تصرف کرسکتا ہوں، اور اس قول کی شرح، اور حضرت مجدد قدس سرہٗ کا قضائے مبرم میں تصرف کرنا۔اور یہ کہ قضائے مبرم دو قسم ہے | |
| اعتماد کے لائق کتاب وسنت ہے۔اجماع اور قیاس بھی دونوں کتاب وسنت کی طرف راجع ہیں۔ اور ان چار کے علاوہ جو کچھ ہے اگر ان چار اصولوں کے مطابق ہے تو مقبول ہے ورنہ مردود ہے۔ | |
| طریق صوفیہ میں سلوک سے مقصود زیادتی یقین اور احکام شرعیہ کی ادائیگی میں آسانی کا حصول ہے | |
| دیدار خداوندی کا وعدہ آخرت میں ہے اور صوفیاء کے مشاہدات اور تجلیات ظلال اور شبہ اور مثال کے قبیلہ سے ہیں ۔ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ وراء الوراء ہے | |
| میں ڈرتا ہوں کہ اگر مشاہدات کی پوری حقیقت ظاہر کروں تو اس راہ کے مبتدیوں کی طلب میں فتور واقع ہوگا۔اگر نہ کروں تو حق وباطل میں التباس کو | |




Marfat.com

| مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|
| روا رکھوں گا۔ اس ضرورت کے طور پر اس قدر اظہار کرتا ہوں کہ مشاہدات کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی کسوٹی پر پرکھنا چاہیے | | کبھی ایسا ہوتا ہے کہ عارف مقامات عروج میں برزخیت کبریٰ کو حائل نہیں پاتا اور اس کے واسطہ | |
| خاتم الانبیاء علیہ السلام کو دنیا میں رویت باری تعالیٰ میسر آئی۔ | | | |
| **مکتوب نمبر ۲۱۸** | ۲۱۲ | | |
| پیر طریقت کے آداب کی رعات میں | | | |
| **مکتوب نمبر ۲۱۹** | ۲۱۳ | | |
| اس بیان میں کہ آدمی نادانی کے باعث اپنے ظاہری مرض کے ازالہ کی فکر میں ہے۔ اور باطنی مرض سے جو گرفتاری دل سے عبارت ہے، اس سے غافل ہے۔ | | | |
| اس امر کا بیان کہ عقل دو قسم ہے، عقل معاش اور عقل معاد۔ اول اغنیاء کی پسندیدہ اور دوم انبیاء کی۔ اور عقل معاد پیدا کرنے والے اسباب، موت اور آخرت کی یاد اور ان لوگوں کی مجالست ہے جو یاد آخرت میں مشغول ہیں۔ | | | |
| **مکتوب نمبر ۲۲۰** | ۲۱۵ | | |
| صوفیہ کے بعض اغلاط اور ان کے منشاء کے بیان میں | | | |
| صوفیہ کے بعض اغلاط تو یہ ہیں کہ کسی وقت سالک مقامات عروج میں اپنے آپ کو دوسروں سے اوپر پاتا ہے جن کی افضلیت اجماع سے ثابت ہو چکی ہوتی ہے۔ کبھی یہ اشتباہ انبیاء کے متعلق بھی واقع ہو جاتا ہے۔ اور اس غلطی کے منشا کا بیان | | | |




Marfat.com

# هٰذا بصائرُ للنّاسِ

﴿یہ بصیرتیں (سوجھ کی باتیں (صاحب ادراک) لوگوں کیلئے ہیں﴾

**بصیرت اول:** جاننا چاہیے کہ قطب الاقطاب امام ربانی مجدد الف ثانی قدس اللہ سرہ السامی کا نسب شریف امیر المومنین عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس ترتیب (ل) سے ملتا ہے۔ ۱۔الشیخ احمد۔۲۔بن الشیخ عبد الاحد ۔۳۔بن الشیخ زین العابدین۔۴۔بن الشیخ عبد الحیٔ۔۵۔بن الشیخ محمد۔۶۔بن الشیخ حبیب اللہ۔۷۔بن الشیخ امام رفیع الدین ۔۸۔بن الشیخ نصیر الدین۔۹۔بن الشیخ سلیمان۔۱۰۔بن الشیخ یوسف۔۱۱۔بن الشیخ اسحاق۔۱۲۔بن الشیخ عبد اللہ۔۱۳۔ بن الشیخ شعیب۔۱۴۔بن الشیخ احمد۔۱۵۔بن الشیخ یوسف۔۱۶۔بن الشیخ شہاب الدین علی الملقب بفرخ شاہ۔۱۷۔بن الشیخ نصیر الدین۔۱۸۔بن الشیخ محمود۔۱۹۔الشیخ سلیمان۔۲۰۔بن الشیخ مسعود۔۲۱۔بن الشیخ عبد اللہ الواعظ الاصغر۔۲۲۔بن الشیخ عبد اللہ الواعظ الاکبر۔۲۳۔بن الشیخ ابو الفتح۔۲۴۔بن الشیخ اسحاق۔۲۵۔بن الشیخ ابراہیم۔۲۶۔بن الشیخ ناصر۔۲۷۔ بن عبد اللہ۔۲۸۔بن امیر المومنین عمر الفاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین بحرمۃ فخر الاولین والآخرین علیہ وعلیٰ آلہ من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا الی ابد الآبدین

**بصیرت دوم:** حضرت امام ربانی قدس سرہ مکتوب نمبر ۸۷ جلد سوم میں فرماتے ہیں: میری ارادت حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بہت واسطوں سے ہے، طریقہ نقشبندیہ میں اکیس ۲۱ اور قادریہ میں پچیس اور چشتیہ میں ستائیس واسطے درمیان ہیں۔

سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ

(۱) حضرت مجدد رحمہ اللہ تعالیٰ کی ارادت وانابت (۲) حضرت خواجہ محمد باقی قدس سرہ سے ہے اور انکی (۳) مولانا خواجگی امکنگی سے اور ان کی (۴) مولانا درویش محمد سے اور ان کی (۵) مولانا محمد زاہد سے اور ان کی (۶) حضرت خواجہ عبید اللہ احرار سے اور ان کی (۷) مولانا یعقوب چرخی سے اور ان کی (۸) حضرت خواجہ خواجگان بہاء الدین نقشبند سے اور ان کی (۹) حضرت سید امیر کلال سے اور ان کی (۱۰) حضرت خواجہ محمد سماسی سے اور ان کی (۱۱) خواجہ عزیزان رامیتنی سے اور ان کی (۱۲) خواجہ محمود انجیر فغنوی سے اور ان کی (۱۳) خواجہ محمد عارف ریوگری سے اور ان کی (۱۴) خواجہ عبد الخالق غجدوانی سے اور ان کی (۱۵) خواجہ یوسف ھمدانی سے اور ان کی

---

ل منقول از زبدۃ المقامات ۱۲

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ



Marfat.com

(۱۶) خواجہ ابوعلی فارمدی سے اوران کی (۱۷) حضرت خواجہ ابوالحسن خرقانی سے اوران کی (۱۸) خواجہ بایزید بسطامی سے اور ان کی (۱۹) حضرت امام جعفر صادق سے اوران کی (۲۰) حضرت امام قاسم بن محمد بن ابوبکر الصدیق سے اوران کی (۲۱) حضرت سلمان فارسی سے اوران کی (۲۲) حضرت امیرالمومنین ابوبکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے اوران کی (۲۳) حضرت خیرالبریہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے

## مناجات بدرگاہ پروردگار

الٰہی باین جملہ خاصان خویش ۔۔۔ کہ دارند جان را ز عشق تو ریش
باندوہِ خود شاد گردان دِلم ۔۔۔ زبند غم آزاد گردان دِلم
شدم در بلائے خودی مبتلا ۔۔۔ خدایا زدستِ خودی کن رہا
زدستم نیامد جز افعالِ بد ۔۔۔ مبادا کسے را چومن حال بد
بحالِ من ناتوان حزین ۔۔۔ بکن رحم یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن
زمن چون پسندیدہ آید عمل ۔۔۔ کہ نفس است بد خواہ من در بغل
سیاہی جرم از دلم دور کن ۔۔۔ بداغِ غمِ خویش پُر نور کن
بتو آمدم چون سراپا امید ۔۔۔ مگردان زدرگاہِ خود نا امید

## رب العالمین کے حضور فریاد

ترجمہ: الٰہی اپنے تمام خاصان کے صدقے جو تیرے عشق میں دل زخمی رکھتے ہیں
اپنے غم سے میرے دل کو خوش کردے، غم کے بندھن سے میرے دل کو آزاد کر دے
میں اپنی خودی کی بلا میں مبتلا ہو گیا ہوں، اے خدا مجھے خودی (تکبر و غرور اور انانیت) سے رہائی بخش دے
میرے ہاتھ سے برے اعمال کے سوا کچھ نہیں ہوا خدا نہ کرے کسی اور شخص کا حال میری طرح برا ہو
مجھ ناتوان اور غمگین کے حال پر رحم فرما اے ارحم الراحمین
مجھ سے کب (کیسے) پسندیدہ (اچھا) عمل ہوسکتا ہے۔ کیونکہ (جبکہ) میرا بدخواہ (براچاہنے والا) نفس میرے پہلو میں ہے
میرے جرم کی سیاہی میرے دل سے دور کر دے، اپنے غم کے داغ سے (میرا دل) پر نور کر دے
میں سراپا امید بن کر تیری بارگاہ میں حاضر ہوا ہوں، مجھے اپنی بارگاہ سے نا امید کر کے واپس نہ کر دینا

**بصیرت سوم:** حضرت قطب الاقطاب شیخ احمد بن عبدالاحد قدس سرھما سہرند کے پاک خطہ سے ظاہر ہوئے جو ایک شہر ہے دہلی اور لاہور کے درمیان۔

ازان شہرے کہ نامش مضمر آمد
برائے ما عجب کانے بر آمد
ازو پیدا بہ ہر شہرے دکانہا
روان در دشت جانہا کاروانہا

ترجمہ: اس شہر سے جس کا نام ایک راز (پوشیدہ) تھا
ہمارے لئے عجیب کان اس سے ظاہر ہوئی
اسی سے ہر شہر میں (روحانیت کی) دوکانیں پیدا ہوئیں





Marfat.com

اور (گمراہی) کے جنگل میں ارواح اور صاحب رُشد کاروان پھیل گئے

سنہ ۹۷۱ میں اس عالم شہود میں قدم رکھا، تھوڑی مدت میں علوم سے فارغ ہو گئے، جامع معقول ومنقول تھے، حافظہ بڑا قوی تھا تھوڑے عرصے میں قرآن شریف حفظ کر لیا، زیادہ علوم اپنے والد ماجد سے اور کچھ اس وقت کے کبار علماء سے حاصل کئے، اور سیالکوٹ جو پنجاب میں ایک شہر ہے وہاں مولانا کمال الدین کشمیری جو فحول علماء اور متقی دانشوروں میں سے تھے اور علم باطن میں بھی بہرہ رکھتے تھے ان سے بعض مشکل کتابیں مثلاً عضدی اور اسکی مثل کتابیں پڑھیں اور بعض حدیث کی کتابیں مولانا یعقوب کشمیری کے پاس پڑھیں، شیخ یعقوب شیخ حسین خوارزمی کے بڑے خلفا میں سے تھے اور حرمین شریفین زادھما اللہ شرفا میں انہوں نے بڑے محدثین سے علم حدیث حاصل کیا تھا، نیز انہوں نے قاضی بہلول بدخشانی سے تفسیر نیشاپوری، تفسیر بیضاوی، صحیح بخاری، مشکوٰۃ تبریزی اور جامع صغیر سیوطی کی اجازت پائی تھی۔

نیز قاضی بدخشانی کو شیخ عبدالرحمٰن بن فہد سے اجازت حاصل تھی وہ اور ان کے آباء واجداد ملک عرب میں کبار محدثین سے تھے، اور حضرت مجدد قدس سرہ علم ادب میں اتنا بلند مقام رکھتے تھے کہ فیضی جیسے بھی حیران ہوتے تھے۔

حضرت مجدد کو بیعت وارادت حضرت خواجہ محمد باقی نقشبندی قدس سرہ سے حاصل تھی، حضرت خواجہ قدس سرہ فرماتے تھے کہ ہمارے حضرت مخدوم خواجہ خواجگی امکنگی نے ہم کو حکم فرمایا کہ ہندوستان جاؤ تا کہ اس سلسلہ شریفہ نقشبندیہ کی تمہارے ذریعے اشاعت وترویج ہو، میں نے اپنے آپ کو اس قابل نہ سمجھا اس لئے تواضع پیش کی، آپ نے استخارہ کرنے کا حکم دیا، میں نے استخارے میں دیکھا کہ طوطی ایک شاخ پر بیٹھی ہے میں نے دل میں نیت کی کہ اگر وہ طوطی اس شاخ سے ہمارے ہاتھ پر آکر بیٹھ جائے تو ہمیں اس سفر میں وسعت وفراخی ہوگی۔ یہ خیال آیا ہی تھا کہ وہ طوطی شاخ سے اُڑ کر ہمارے ہاتھ پر بیٹھ گیا ہم نے اپنا لعاب دہن اسکی چونچ میں ڈالا اس طوطی نے میرے منہ میں شکر ڈالی اس واقعہ کو میں نے اگلے دن مولانا خواجگی امکنگی کی خدمت میں پیش کیا، آپ نے فرمایا۔ آپ کو ہندوستان کی طرف پوری توجہ کرنا چاہیے کیونکہ طوطی ہندوستان کا پرندہ ہے، ہندوستان میں آپ کے دامن سے کوئی بزرگ وابستہ ہوگا جس سے ایک جہان روشن ہوگا اور آپ کو بھی اس سے فائدہ پہنچے گا۔

حضرت خواجہ نے فرمایا کہ جب میں تمہارے شہر سرہند میں پہنچا تو واقعہ میں ظاہر ہوا کہ تو قطب کے جوار (پڑوس) میں ٹھیرا ہے، اس قطب کے حلیہ سے بھی آگاہ فرمایا اس دن صبح اس شہر کے درویشوں اور گوشہ نشینوں کی دریافت میں ہم نکلے، جس جماعت کو ہم نے دیکھا ان کو اس حلیے پر نہ پایا، ان میں سے کسی میں قطبیت کے آثار ہم نے نہ ملاحظہ کئے، ہم نے کہا شاید اہل شہر میں سے کوئی اس مقام کی قابلیت رکھتا ہو جس کا اس کے بعد ظہور ہو، جس روز ہم نے تمہیں دیکھا آپ کا حلیہ ہم نے اس کے موافق پایا اور اس قابلیت کا نشان بھی آپ میں مشاہدہ ہوا،

حضرت خواجہ نے فرمایا کہ شہر سرہند میں دیکھا گیا تھا کہ ہم نے وہاں ایک عظیم چراغ جلایا ہے اور مشاہد میں آیا کہ ہر گھڑی میں اس چراغ کا نور زیادہ پھیل رہا ہے۔ نیز دکھائی دے رہا تھا کہ لوگوں نے اس سے بہت سے چراغ روشن کئے ہیں، ہم نے اس کو بھی تمہارے معاملے کی طرف اشارہ سمجھا۔

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ



Marfat.com

حضرت خواجہ نے فرمایا کہ شیخ احمد ایک آفتاب ہے کہ ہم جیسے ہزاروں ستارے ان کے سایہ میں گم ہیں۔

جاننا چاہیے کہ حضرت مجدد قدس سرہٗ کا نسبتِ علیہ نقشبندیہ اور اس طریقہ عالیہ کا سلوک حاصل کرنا اور مقامات و مدارجِ کمالات طے کرنا اور نہایت النہایت تک پہنچنا اور اپنے آپ کو حضرت خواجہ محمد باقی قدس سرہٗ کی خدمت میں پیش کرنا اور حضرت خواجہ کا ان کو کامل و مکمل جاننا اور آپ کو طریقہ کی تعلیم کی اجازت فرمانا اور بہت سے طالبان طریقت کو ان کے حوالے کرنا ( یہ سب ) مکتوب نمبر ۲۹۰ جلد اول میں تفصیلاً تحریر میں لائے ہیں، اس مکتوب کے مطالعہ کا شرف حاصل کرنا چاہیے ،حضرت مجدد نے اپنے سیر وسلوک کے احوال کی تفصیلات حضرت خواجہ اپنے پیر بزرگوار کی خدمت میں آگاہی کیلئے پیش کئے تھے۔

جاننا چاہیے کہ شیخ شہاب الدین علی جن کا لقب فرخ شاہ تھا فاروقی کابلی حضرت شیخ مجدد قدس سرہما کے پندرھویں دادا ہیں اور وہ گیارہ واسطوں سے حضرت عبداللہ بن عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ملتے ہیں، وہ (فرخ شاہ) قدس سرہ کابل کے بادشاہوں کے جلیل القدر امراء اور عظیم وزیروں میں سے تھے۔ وہ آپ کے آباء واجداد میں سے اول ہندوستان میں آئے ہیں وہی ہیں جو غزنی اور کابل سے ملک ہندوستان میں آئے وہ مبارک اوصاف سے موصوف تھے۔ وہ اسلام کی اشاعت اور بُت پرستوں کی توہین میں معروف تھے، عارف اکبر شیخ فریدالدین گنج شکر قدس سرہٗ کا نسب بھی انہی سے ملتا ہے۔

حضرت امام رفیع الدین رحمہ اللہ تعالیٰ حضرت مجدد قدس سرہ کے چھٹے دادا ہیں علم ظاہر و باطن کے جامع تھے، انہوں نے باطنی انوار قطب زمان حضرت سید جلال الدین بخاری مخدوم جہانیاں قدس سرہ سے حاصل کئے، اور شہر سہرند کی بنیاد حضرت سید جلال مخدوم جہانیاں قدس سرہ کے حکم کے مطابق رکھی تھی، بادشاہِ وقت فیروز شاہ حضرت مخدوم کے ساتھ بڑی عقیدت رکھتا تھا۔ حضرت سید جلال قدس سرہ کے اشارے سے امام رفیع الدین جو حضرت سید مخدوم کے خلیفہ اور امام نماز تھے، سنام میں سکونت رکھتے تھے انہوں نے قلعہ سہرند کی بنیادی اینٹ اپنے دست مبارک سے رکھی، اور اپنے پیر بزرگوار کے حکم سے اسی شہر میں رہائش اختیار کی، ان کا مزار شریف قصبہ سہرند کے باہر قریب ہی تا حال موجود ہے۔ یُزَارُ وَیُتَبَرَّکُ بِہٖ (اس کی زیارت کی جاتی ہے اور اس سے برکت حاصل کی جاتی ہے) (باقی آئندہ) اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اَوَّلًا وَّآخِرًا وَّالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی نَبِیِّہٖ وَآلِہٖ دَائِمًا وَّ سَرْمَدًا

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ



Marfat.com

# ایک سو تیئسواں مکتوب ﴿۱۲۳﴾

یہ مکتوب بھی ملا طاہر بدخشی کی طرف صادر فرمایا...... اس بیان میں کہ نفل کا ادا کرنا اگرچہ حج ہی کیوں نہ ہو، اگر وہ کسی فرض کے فوت ہونے کا سبب بنا ہو تو وہ بھی لایعنی میں داخل ہے۔

میرے نیک بخت بھائی! لَا زَالَ كَاِسْمِهٖ طَاهِرًا عَنْ دَنَسِ التَّعَلُّقَات (اپنے نام کی طرح ہمیشہ غیر اللہ کے تعلقات کی آلودگی سے طاہر و پاک رہیں) کا مکتوب شریف موصول ہوا۔ اے بھائی! حدیث شریف میں وارد ہے: عَلَامَةُ اِعْرَاضِهٖ تَعَالٰى عَنِ الْعَبْدِ اشْتِغَالُهٗ بِمَا لَا يَعْنِيْهِ (بندہ کا لایعنی (بیکار) باتوں میں مشغول ہونا بندہ کی طرف سے اللہ تعالیٰ کی روگردانی کی ایک علامت ہے)...... فرائض میں سے کسی ایک فرض کو چھوڑ کر نوافل میں سے کسی نفل عبادت میں مشغول ہونا لایعنی (بیکار باتوں) میں داخل ہے۔ پس اپنے احوال کی تفتیش کرنا (جائزہ لینا) ضروری ہے تاکہ معلوم ہو جائے کہ وہ کس چیز میں مشغول ہے، آیا نفل میں یا فرض میں...... ایک نفلی حج کی خاطر اتنے ممنوعات کا مرتکب ہونا اچھا نہیں ہے۔ آپ خود ملاحظہ فرمالیں، اَلْعَاقِلُ تَكْفِيْهِ الْعِشَارَةُ (عقلمند کے لئے ایک اشارہ کافی ہے) وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَعَلٰى رُفَقَائِكُمْ (آپ پر اور آپ کے احباب پر سلام ہو)

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۲﴾ ۱ یعنی بندہ کی طرف سے اللہ تعالیٰ کی روگردانی کی ایک علامت بندہ کا لایعنی (بے کار) باتوں میں مشغول ہونا ہے اس حدیث کی تخریج کی تحقیق مکتوب ۳۷ جلد اول میں گذر چکی ہے۔۱۲

۲ یعنی ادنیٰ نیکی میں مشغول ہونا اعلیٰ کو چھوڑ کر جیسا کہ مستحب کام کرنا سنت سے اعراض کر کے اور سنت میں مشغول ہونا واجب کو چھوڑ کر اور واجب عبادت میں لگ جانا فرض کو چھوڑ کر لایعنی (بے کار کام) کرنا ہے۔۱۲

۳ حرف استفہام انکاری کو حذف کیا ہے۔۱۲

......................................

☆ متن...... بین السطور...... معانی

☆ لایعنی...... لغو و بے فائدہ ۱۲ ☆ دنس...... چرک...... میل کچیل، آلودگی ۱۲ ☆ التعلقات...... بغیر الحق جل وعلا...... اللہ تعالیٰ کے غیر سے ۱۲ ☆ خبر...... حدیث ۱۲ ☆ تفتیش...... کاویدن و کندیدن و جستجو کردن ۱۲ ☆ لازم...... ہر انسان پر لازم ہے ۱۲...... کھودنا، کریدنا، جستجو کرنا ۱۲...... ☆ محظورات...... ممنوعات ۱۲...... منع کئے ہوئے کام ۱۲ ☆ العاقل...... صاحب عقل را اشارت کافی است ۱۲...... عقلمند کے لئے اشارہ کافی ہے ۱۲

......................................

# ایک سو چوبیسواں مکتوب ﴿۱۲۴﴾

یہ مکتوب بھی ملا طاہر بدخشی کی طرف صادر فرمایا...... اس بیان میں کہ راستہ کی استطاعت (زاد و راحلہ) حج کے واجب ہونے کی شرط





Marfat.com

ہے استطاعت نہ ہونے کے باوجود حج کا ارادہ کرنا اپنے مطلب کے حصول کے مقابلے میں تضیع اوقات میں داخل ہے۔

میرے بھائی! خواجہ محمد طاہر بدخشی کا مکتوب شریف موصول ہوا۔ لِلّٰہِ سُبحَانَہٗ اَلحَمدُ وَالمِنَّۃُ ایک عرصہ کی جدائی کے باوجود فقراء کے اخلاص ومحبت میں کوئی سستی واقع نہیں ہوئی۔ یہ ایک عظیم سعادت کی علامت ہے...... اے محبت کے نشان والے! جب آپ نے رخصت طلب کی تھی اور حج پر جانے کا پختہ ارادہ کر لیا تھا تو وداع ہونے کے وقت احتمال کے ساتھ اتنا ذکر ہوا تھا کہ شاید ہم بھی اس سفر میں آپ کے ساتھ مل جائیں (شاید ماہم بشما دریں سفر ملحق شویم)۔ ہر چند ارادہ کیا لیکن استخارے موافق نہیں آئے اور اس بارے میں کوئی تجویز سمجھ میں نہیں آئی، مجبوراً توقف کیا...... فقیر کی مرضی ابتدا ہی سے آپ کے (سفرِ حج پر) جانے کے بارے میں نہ تھی لیکن آپ کے شوق کو دیکھ کر صاف طور پر منع نہ کیا تھا...... استطاعت راستہ کی شرط ہے، بغیر استطاعت کے تضیع اوقات ہے۔ ضروری کام چھوڑ کر غیر ضروری کام اختیار کرنا مناسب نہیں۔ اس مضمون کے کئی مکتوب آپ کو لکھے جا چکے ہیں شاید پہنچے ہوں گے یا نہیں۔ اصل بات یہی ہے آگے آپ مختار ہیں۔ والسّلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۳﴾ لے یعنی آپ سے ملنے کا وعدہ کیا تھا لیکن وہ احتمال کے طور پر تھا یقین کے ساتھ نہیں تھا۔

..............................

☆ متن...... بین السطور...... معانی

☆ استطاعت...... زاد و راحلہ ۱۲...... سفر کا خرچہ اور سواری وغیرہ ۱۲ ☆ تضیع...... ضائع نمودن ۱۲...... ضائع کرنا ۱۲ ☆ فتورے...... سستی ۱۲ ☆ اخلاص و محبت...... یعنی شما بفقراء ۱۲...... فقراء کے ساتھ آپکی محبت واخلاص ۱۲ ☆ تمادی...... درازی ۱۲ ☆ طول...... لمبائی ۱۲ ☆ مہاجرت...... جدائی شما از ما ۱۲ ☆ ہم سے مصمم...... محکم ۱۲...... پختہ، مضبوط ۱۲...... تمہاری جدائی ۱۲ ☆ وداع...... رخصت ۱۲...... کہ شاید...... بیان ایں قدر مذکور ۱۲ ☆ مذکورہ تقاعد...... نشستن ۱۲...... بیٹھنا ۱۲...... اس قدر کا بیان ۱۲ ☆ ورزید...... اختیار نمود ۱۲...... اختیار کیا ☆ صلاح فقیر...... رائے و مرضی ۱۲ ☆ استطاعت...... زادو راحلہ ۱۲...... سفر کا ☆ امراہم...... ضروری تر ۱۲...... بہت ضروری ۱۲...... خرچہ اور سواری وغیرہ ۱۲ ☆ کتابت...... مکتوب ۱۲

..............................

# ایک سو پچیسواں مکتوب ﴿۱۲۵﴾

میر صالح نیشا پوری کی طرف صادر فرمایا...... اس بیان میں کہ خواہ عالمِ صغیر ہو یا عالمِ کبیر سب حق تعالیٰ شانہٗ کے اسماء اور اس کی صفات کے مظاہر ہیں اور عالم کا اپنے صانع کے ساتھ سوائے مخلوقیت اور مظہریت کی نسبت کے اور کوئی مناسبت نہیں ہے اور اس کے مناسب احوال کے بیان میں۔

اَللّٰھُمَّ اَرِنَا حَقَائِقَ الاَشیَاءِ کَمَا ھِیَ (یا اللہ! اشیاء کی حقیقتیں جیسی کہ وہ ہیں ہم پر ظاہر فرما۔ آمین)...... خواہ عالم صغیر (انسان) ہو یا عالم کبیر (پوری کائنات) سب حق تعالیٰ شانہٗ کے اسمائے وصفات کے مظاہر ہیں اور اس کے شیون و





Marfat.com

کمالات کے آئینے ہیں۔حق سبحانہٗ وتعالیٰ عزسلطانہٗ ایک مخفی خزانہ اور پوشیدہ راز تھا اس نے چاہا کہ اپنے پوشیدہ کمالات کو ظاہر فرمائے اور اجمال کو تفصیل کے رنگ میں لائے چنانچہ اس نے عالم کو ایسے نہج پر پیدا فرمایا کہ عالم کی ذوات وصفات حق سبحانہ و تعالیٰ کی ذات وصفات پر دلالت کرنے والے بن جائیں......پس عالم کو اپنے صانع کے ساتھ سوائے مخلوق ہونے کے اور کوئی نسبت نہیں......اور (یہ کائنات) اُس (حق تعالیٰ) کے اسماء وشیونات پر دلالت کرنے والے (امور کا مجموعہ) ہیں۔(خالق اور مخلوق کے درمیان) اتحاد وعینیت ونسبت احاطہ وسریان ومعیت ذاتیہ (وغیرہ تمام احوال) غلبہ حال اور سکرِ وقت کی بنا پر ہیں (جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں)...... مستقیم الاحوال اکابرین جنھوں نے صحو کے پیالے سے ایک گھونٹ پی لیا ہے وہ عالم کی اپنی صانع کے ساتھ سوائے مخلوقیت اور مظہریت کی نسبت کے اور کوئی نسبت ثابت نہیں کرتے اور احاطہ وسریان اور معیت کو علمی جانتے ہیں، جیسا کہ علمائے حق کا مسلک ہے۔ شَکَرَ اللّٰہُ تَعَالیٰ سَعْیَھُمْ۔

تعجب ہے کہ صوفیاء کی ایک جماعت ایک طرف تو بعض ذاتی نسبتوں کو ثابت کرتی ہے جیسے احاطہ (گھیر لینا) اور معیت (ساتھ ہونا) اور دوسری طرف اس بات کے قائل ہیں کہ حق سبحانہ تعالیٰ کی ذات سے تمام نسبتیں مسلوب ہیں حتی کہ صفاتِ ذاتیہ بھی اس سے سلب جانتے ہیں......پس یہ تناقض کے علاوہ کچھ نہیں ہے، اور اس تناقض کو دور کرنے کے لئے ذات (حق) میں مراتب کا اثبات ظاہر کرنا فلسفی تحقیقات کے مانند بیجا تکلف ہے۔صحیح کشف والے حضرات حق تعالیٰ کی ذات کو بسیطِ حقیقی کے علاوہ کچھ نہیں جانتے اور اس (بسیط ذات) کے علاوہ جو کچھ ہے اسے اسماء (صفات) میں شمار کرتے ہیں۔فرد

فراقِ دوست اگر اندک است اندک نیست | درونِ دیدہ اگر نیم موست بسیار است

(ہجر اُس کا نہیں تھوڑا وہ بہت ہے مجھ کو | آنکھ میں بال ہو آدھا تو وہ ہوگا شہتیر)

اس بحث کی تحقیق کے لئے ہم ایک مثال بیان کرتے ہیں کہ ایک عالم بے بدل بہت سے فنون والا اپنے پوشیدہ کمالات کو ظاہر کرنا چاہتا ہے تو حروف وآواز کو ایجاد کرتا ہے تا کہ ان حروف وآواز کے ذریعے اپنے پوشیدہ کمالات کو ظاہر کرے۔لہٰذا اس صورت میں یہ حروف اور دلالت کرنے والی آوازوں کو ان پوشیدہ معانی کے ساتھ کوئی نسبت نہیں، سوائے اس کے کہ یہ حروف اور آوازیں پوشیدہ معانی کے مظاہر اور چھپے ہوئے کمالات کے آئینے ہیں۔حروف اور آوازوں کو ان خفیہ معانی کا عین قرار دینا بے معنی بات ہے۔اور اسی طرح اس صورت میں احاطہ اور معیت کا حکم لگانا واقع کے خلاف ہے......معانی اپنی ذات وصفات کے ساتھ پوشیدہ اور قائم ہیں۔ان کی ذات وصفات میں کسی قسم کا تغیر وتبدل واقع نہیں ہوا۔لیکن چونکہ ان حروف وآوازوں کے معانی کے درمیان ایک قسم کی دالیت اور مدلولیت کی نسبت ثابت ہے اس بنا پر بعض زائد معانی جو ہمارے تخیل میں آتے ہیں فی الحقیقت وہ پوشیدہ معانی سے منزہ اور مبرّا ہیں۔

اور جو کچھ اس مسئلہ میں ہمارا اعتقاد ہے (وہ مذکور ہو چکا۔پس مخلوق میں) مظہریّت ومرائیت کے علاوہ کسی اور امر زائد مثل اتحاد، عینیت، احاطہ اور معیت کا ثابت کرنا سکر کی وجہ سے ہے ورنہ ذاتِ حق سبحانہٗ وتعالیٰ درحقیقت اس سے پاک ہے اور نسبت سے مبرّا ہے۔ مَالِلتُّرَابِ وَ رَبِّ الْاَرْبَابِ (چہ نسبت خاک را با عالم پاک، خاک کو عالم پاک سے کیا نسبت) ظاہریت (حق تعالیٰ کا ظاہر ہونا) اور مظہریت (مخلوق کا مظہر ہونے) کی اس قدر مناسبت کے باوجود وحدتِ وجود

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ نمبر ۱ حصہ



Marfat.com

کہیں یا نہ کہیں حقیقۃً متعدد وجود ہیں، لیکن اصالت اور ظلّیت، ظاہریت ومظہریت کے طریق سے نہ یہ کہ ایک وجود ہے اور اس کے علاوہ اوہام وخیالات ہیں۔ یہ بعینہٖ سوفسطائیہ کا مذہب ہے۔ عالم کی حقیقت کا اثبات عالم کے اندر تلاش کرنا اوہام وخیالات سے خارج نہیں ہے۔ جو سوفسطائیت کا مقصود ہے۔ مثنوی

ے چوں بدانستی تو اورا از نخست　　سوئے آنحضرت نسب کردی درست
وانگہ دانستی کہ ظلّ کیستی　　فارغی گر مُردی و گر زیستی

ترجمہ: (اگر تجھے پہلے سے ہوتی کچھ شناخت　　اُس سے نسبت اپنی کر لیتا درست
جان لے اب بھی کہ کس کا ظل ہے تُو　　پھر تو فارغ، کام پھر تیرا ہے چُست)

## ﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۳﴾ ۲ اے خدا ہماری بصیرت کی آنکھ سے غفلت کا پردہ کھول دے اور ہر چیز جیسی کہ وہ ہے ہم پر ظاہر فرما، نیستی کو ہستی کی صورت میں ہم پر ظاہر نہ فرما اور نیستی سے ہستی کے جمال پر پردہ نہ رکھ ۱۲۔

۳ قولہ اوعز سلطانہ، گنجے بود الخ اس حدیث قدسی کی طرف اشارہ ہے جو اس بارے میں روایت کرتے ہیں۔ ''کُنْتُ کَنْزًا مَّخْفِیًّا فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ لِاُعْرَفَ یعنی میں ایک مخفی خزانہ تھا کہ معروف نہ تھا پس میں نے مخلوق کو پیدا کیا تا کہ معروف ہو جاؤں یعنی مخلوقات میں معروف ہو جاؤں اور مخلوق مجھے پہچانے اپنے آپ میں۔'' ظاہر یہ ہے کہ کنز سے مراد ذاتِ متصفہ ہے اسماء وصفات اور اسکی احدیت کے ساتھ اور اس ذات کی معرفت حاصل ہونا انسان میں بدرجہ اتم ہے، اور یہ معرفت علت غائیہ ہے مخلوق کے پیدا کرنے کی، اس ذات موصوفہ کی معرفت کو انسان کا اپنے اندر محسوس کرنا ذوقی علم ہے اور اپنے غیر میں محسوس کرنا علم شہودی ہے ۱۲ ابحر العلوم، لمصححہ سلمہ اللہ تعالی

﴿صہ۴﴾ ۱ قولہ قَدَح پہلے دونوں حروف پر زبر ہے۔ چھوٹے اور بڑے پیالہ کو کہتے ہیں، اسکی جمع اَقْدَاح ہے۔ قولہ صَحو صاد پر زبر ہے اسکے معنی ہوشیاری کے ہیں۔ قولہ شِرب شین کی زیر سے پانی اور پانی کا حصہ یعنی ہوشیاری کے پیالہ سے حصہ عطا کرتے ہیں ۱۲

۲ نحریر، نون کے نیچے زیر ہے، بہت اچھا جاننے والا اور عالم وماہر، اسی جمع نحاریر ہے۔ ۱۲

﴿صہ۵﴾ ۱ قولہ نہ آنکہ یک موجود است الخ جاننا چاہیے کہ اس مسئلے کو خود حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہ نے دوسری جگہ شرح بسط سے بیان فرمایا ہے، ان مقامات سے ایک مکتوب اول جلد ثانی میں اور دوسرے مکتوب ۴۴ چوالیس دوسری جلد میں بھی مذہب صوفیہ اور مذہب سوفسطائیہ میں بہت واضح فرق تحریر فرمایا ہے اسی پر یقین واعتماد ہے اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے۔ مکتوبات کا عربی میں ترجمہ کرنے والے مولانا محمد مراد مکی رحمۃ اللہ نے فرمایا ہے یہ قول منسوخ ہے اس کی وجہ سے بعد میں جو کئی مرتبہ آئے گا کہ بے شک یہ جہان مرتبہ وہم وخیال میں واقع ہوا ہے اور مذہب سوفسطائیہ اور مذہب صوفیہ میں فرق ظاہر ہو جائے گا، اعتماد اس پر ہے جو وہاں ہے نہ اس پر جو یہاں بیان ہوا ہے ۱۲۔

۲ سوفسطائی سوفسطا (سین کے پیش سے) کی طرف منسوب ہے جن کی بنا وہم پر تھی، سوفسطائیہ کی کئی قسمیں ہیں (۱) ان میں سے وہ ہیں جو حقائق اشیاء کا انکار کرتے ہیں اور گمان کرتے ہیں کہ وہ سب اوہام وخیالات باطلہ ہیں، وہ عنادیہ ہیں اور ان میں سے بعض وہ ہیں جو حقائق اشیاء کے ثبوت کا انکار کرتے ہیں، اور گمان کرتے ہیں کہ یہ اعتقاد کے تابع ہیں، ان کو عندیہ کہتے ہیں۔ اور ان میں سے وہ بھی ہیں جو علم کا انکار کرتے ہیں کسی بھی چیز کا علم ہو اور گمان کرتے ہیں کہ ان کو شک ہے اور شک ہے، اس بات میں بھی ان کو شک ہے، اور وہ لاادریہ ہیں۔ ۱۲۔ شرح عقائد مع اختصار یسیر

۳ ان (امام ربانی) کے قول سے مربوط ہے لیکن اصالت، ظلّیت، ظاہریت اور مظہریت کے طریق پر لمصححہ سلمہ اللہ تعالی





Marfat.com

☆متن......بین السطور......معانی

☆مرایائے......آئینہ۱۲......آئینے، شیشے☆اوعز سلطانہ......حق سبحانہ وتعالیٰ۱۲☆گنجے......خزانہ۱۲......یعنی اللہ تعالیٰ

۱۲☆مخفی......پوشیدہ ۱۲☆سرِّ ے ......رازے۱۲......ایک راز☆خلا......خفا ۱۲......خفیہ، پوشیدہ۱۲☆بملا ......بظہور

۱۲......ظاہر ہونے سے۱۲☆عرض دہد......کمالاتِ خودرا۱۲......اپنے کمالات کو۱۲☆مکنون......مستور۱۲...... پردوں میں چھپا

ہوا۱۲☆دال باشند......دلالت کنندگان۱۲......دلالت کرنے والے ہیں۱۲......رہنمائی کرنے والے۱۲

﴿صہ۴﴾ ☆دَوَالَند ......دلالت کنندگان اند۱۲......دلالت کرنے والے ہیں۱۲☆حکم باتحادالخ......مبتدا۱۲......ازغلبہءحال الخ......خبر۱۲

☆عَینِیَّت ......میانِ خلق وخالق۱۲......خالق اورمخلوق کے درمیان۱۲......جماعہءصوفیہ الخ مبتدا۱۲☆معترفند......خبر۱۲

☆معترفند......مقراند۱۲......اعتراف کرتے ہیں، تسلیم کرتے ہیں۱۲اقرار کرتے ہیں۱۲☆فَهَلْ هٰذَا اِلَّا تَنَاقُضٌ ......

پس نیست این مگر تناقض زیراکہ احاطہ ومعیت وسریان نیز از جملہ نسب است۱۲ پس نہیں ہے یہ مگر تناقض کیونکہ احاطہ ومعیت اور

سریان بھی نسبتوں میں سے ہے۱۲☆دورنگ ......مانند۱۲......مثل۱۲☆جز بسیط......واحد محض۱۲☆مکنونہ......مخفیہ۱۲......

پوشیدہ۱۲☆با معانی مخزونہ......اندران عالمِ تحریر۱۲☆مرایائے ......آئینما۱۲......آئینے، شیشے۱۲☆صرافت......بالفتح سرہ

کردن و خالص بودن ۱۲......کھرا کرنا ، اور خالص ہونا ۱۲☆از آن ......معانی مخزونہ ۱۲......مخزونہ کے معنے ۱۲

﴿صہ۵﴾☆اینست ......کہ مذکور ساختیم ۱۲......جو مذکور کے ساتھ میں نے موافقت کی ہے۱۲☆واز مناسبت ......بیان امر زائد است۱۲

زائد امر کا بیان ہے۱۲......مَالِلتُّرَابِ الخ چہ نسبت خاک رابا عالم پاک۱۲......کیا نسبت ہے خاک کو عالم پاک سے۱۲☆ظاہریہ

......راجع بحق ۱۲......اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹنے والا ہے۱۲☆مظہریہ......راجع بخلق ۱۲......مخلوق کی طرف لوٹنے والا ہے

۱۲☆دروے ......عالم۱۲......جہان۱۲☆اورا......عالم۱۲...... جہان۱۲



.......................................

# ایک سوچھبیسواں مکتوب ﴿۱۲۶﴾

یہ مکتوب بھی میر صالح نیشاپوری کی طرف صادر فرمایا......اس بیان میں کہ طالب (راہ سلوک) کو چاہیے کہ باطل معبودوں کی خواہ وہ آفاقی ہوں یا انفسی (دل سے) نفی کرے (حتٰی کہ) حق تعالیٰ جل سلطانہٗ کے معبودِ حق ہونے کے اثبات کی جانب میں جو کچھ بھی فہم کے حوصلہ اور ادراک کے احاطہ میں آئے اس کو بھی نفی کے تحت لا کر صرف حق تعالیٰ سبحانہٗ کے موجود ہونے پر اکتفا کرے، اگرچہ وجود کے اثبات کی بھی اس مقام میں گنجائش نہیں ہے اور اس کے مناسب بیان میں۔

سیادت وشرافت کے مسند والے (راہ سلوک کے) طالب کو چاہیے کہ آفاقی (بیرونی) وانفسی (اندرونی) باطل معبودوں کی نفی (غیر اللہ کو دل سے دور) کرنے میں اہتمام کرتا رہے اور حق تعالیٰ جل سلطانہٗ کے حق ہونے کے اثبات کی جانب میں جو کچھ بھی فہم کے حوصلہ اور ادراک کے احاطہ میں آئے اس کو بھی نفی کے تحت لا کر صرف مطلوب (حق تعالیٰ سبحانہ) کے موجود ہونے پر اکتفا کرے۔ مصرع




Marfat.com

؎ بیش ازیں پے نہ بردہ اند کہ ہست

ترجمہ:۔ (اس سے زیادہ علم نہیں ، بس وہ ہے وہ ہے )

اگرچہ وجود کی بھی اس مقام میں گنجائش نہیں ہے، اس (حق تعالیٰ) کو وجود سے بھی ماورائے وجود تلاش کرنا چاہیے......علمائے اہل سنت شَکَرَ اللّٰہُ تَعَالیٰ سَعْیَھُمْ نے کیا خوب فرمایا ہے: ''وجودِ واجب تعالیٰ زائد است برذاتِ اوسبحانہ'' (یعنی واجب تعالیٰ کا وجود اس سبحانہ کی ذات پر زائد ہے) اور وجود کو عین ذات قرار دینا اور وجود کے علاوہ دوسرا امر ثابت نہ کرنا کوتاہ نظری ہے۔

شیخ علاؤالدولہ فرماتے ہیں: فَوْقَ عَالَمِ الْوَجُوْدِ عَالَمُ الْمَلِكِ الْوَدُوْدِ (یعنی عالمِ وجود سے اوپر مَلِکِ ودود (حق تعالیٰ) کا عالَم ہے)......اور جب اس درویش کا وجود کے مرتبہ سے اوپر گذر ہوا تو جب تک وہ حال مجھ پر غالب رہا اس وقت تک ذوق ووجدان کی بنا پر میں نے اپنے آپ کو اربابِ تعطیل (معطل ہونے والے حضرات) میں پایا، اور واجب جل شانہٗ کے وجود کا حکم نہیں کرتا تھا کیونکہ وجود کو راستہ ہی میں چھوڑ آیا تھا اور مرتبۂ ذات میں وجود کی گنجائش نہ پاتا تھا۔ اس وقت (اس درویش کا) کا اسلام تقلیدی تھا تحقیقی نہ تھا......غرضکہ جو کچھ ممکن کے حوصلہ میں آئے وہ بطریق اولیٰ ممکن ہی ہوسکتا ہے۔

فَسُبْحَانَ مَنْ لَّمْ یَجْعَلْ لِلْخَلْقِ اِلَیْهِ سَبِیْلًا اِلَّا بِالْعَجْزِ عَنْ مَعْرِفَتِهٖ (پس پاک ہے وہ ذات جس نے مخلوق کے لئے عجز کے اقرار کے سوا کوئی راستہ اپنی معرفت کا نہیں رکھا)

فنافی اللہ اور بقاباللہ کے حصول سے کوئی شخص یہ گمان نہ کرے کہ ممکن واجب ہو جاتا ہے کیونکہ یہ محال ہے اور اس طرح پر حقائق کا تغیر وتبدل لازم آتا ہے۔ پس جب ممکن واجب نہ ہوا تو پھر ممکن کے لئے اس کے سوا کوئی چارہ نہیں کہ وہ واجب جل شانہٗ کے ادراک کا عجز اختیار کرے۔ فرد

؎ عنقا شکار کس نشود دام باز چیں کا نجا ہمیشہ باد بدست است دام را

ترجمہ:۔ (عنقا نہ ہاتھ آسکے بس دام اٹھائیو اس کام میں تو رام ہے نا کام بس مدام)

بلند ہمتی اسی طرح کا مطلب چاہتی ہے کہ اس کے ہاتھ میں کچھ بھی نہ آئے اور اس کے نام ونشان کی بھی کوئی شہرت نہ ہو۔ بعض لوگ ایسے بھی ہیں جو اپنے مطلب کو اپنا مقصود بنا لیتے ہیں اور اس کے ساتھ قرب ومعیت پیدا کر لیتے ہیں۔

؎ آں ایشانند من چنینم یا رب

ترجمہ:۔ (یا رب وہ ایسے ہیں اور میں ایسا ہوں)

والسلام اولاً وآخراً۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص ۵﴾۔ بیش ازین الخ اولش ۱؎ دور بینان بارگاہ الست......اس مصرع (بیش ازیں پے نہ بردہ اند کہ ہست) کا پہلا مصرع ہے: دور بینان بارگاہ الست

۔ اگرچہ......قولہ اگرچہ وجود را الخ مربوط است بقول اوقدس سرہ واکتفا بموجودیہ مطلوب نماید ۱۲ یہ قول مربوط ہے آپ کے اس قول سے جو مکتوب ۱۲۶ کے ابتدائیہ میں ہے۔ واکتفا بموجودیۃ مطلوب نماید ۱۲

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ



Marfat.com

در المعرفت {صہ ۶} ا
یعنی شیخ رکن الدین علاؤ الدولہ سمنانی قدس سرہ ان کی کنیت ابو المکارم ہے اور ان کا نام احمد بن محمد ہے اور وہ سمنان کے بادشاہوں سے تھے، شیخ نور الدین عبد الرحمٰن کے مرید تھے، آپ کی ولادت ۶۵۹ھ میں ہوئی اور وفات جمعہ کی رات ۲۲ رجب ۷۳۶ھ میں ہے، کل عمر ۷۷ سال پائی، آپ کی قبر شیخ عماد الدین عبد الوہاب کے مقبرہ میں ہے۔ از خزینۃ الاصفیاء آپ کے کچھ حالات نفحات الانس سے مکتوبات کی جلد اول کے پہلے مکتوب کے حاشیہ میں تحریر کیے گئے ہیں۔۱۲

۲ یعنی پس پاک ہے وہ ذات جس نے مخلوق کے لئے عجز کے اقرار کے سوا کوئی راستہ اپنی معرفت کا نہیں رکھا، بعض عارفین نے کہا ہے: ادراک سے عاجز ہونا ادراک ہے، حضرت خواجہ عبید اللہ احرار فرماتے تھے کہ معرفت سے عاجز ہونا یہ ہے کہ یقین رکھے کہ اللہ تعالیٰ کی معرفت نہیں ہے مگر اللہ کو، یعنی ترکیب انسانی کا تقاضا معرفت نہیں ہے، جو کچھ انسان کی ترکیب میں ظاہر ہے اس معرفت سے انسان مرکب نہیں ہے بلکہ انسان ایسا آئینہ ہے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی حقیقی معرفت کا عکس ڈالا گیا ہے، یہ عجز انسانی معرفت کے منافی نہیں ہے۔ جیسا کہ بعض نے گمان کیا ہے کہ معرفت سے عاجز ہونا جہل ہے، اور یہ باطل ہے۔ انتہی علی مافی الرشحات۔ ابو الحسن نوری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں لا دليل على الله سواه (اللہ تعالیٰ پر کوئی دلیل نہیں سوائے (اس کے) شیخ شبلی قدس سرہ کہتے ہیں۔ المعرفة العجز عن المعرفة یعنی معرفت، معرفت سے عاجز ہونا ہے، نیز وہ فرماتے ہیں۔ المعرفة دوام الحيرة معرفت کی کیفیت میں دائمی حیرت معرفت ہے، لیکن ذاتِ باری تعالیٰ کی ہستی میں حیرت شرک و کفر ہے۔۱۲ از کشف المحجوب مصححہ رحمہ اللہ

..........................

☆متن ...... بین السطور ...... معانی

☆حوصلہ ...... معدہ ۱۲ ...... مجازی معنی مقدور ہمت ☆ حیطہ ...... احاطہ ۱۲ ...... ہر طرف گھیرنا ۱۲ ☆ نقابت ...... ستودگی ۱۲ ...... تعریف ۱۲ ☆ طالب ...... حق ۱۲ ...... یعنی طالبِ حق ۱۲ ☆ پے نہ بردہ اند ...... سوراغ ۱۲ ☆ این ...... یعنی خود بنفس نفیس قدس سرہ ۱۲ ...... یعنی خود امام ربانی مجدد الف ثانی ۱۲

..........................

# ایک سو ستائیسواں مکتوب {۱۲۷}

مُلّا صفر احمد رومی کی طرف صادر فرمایا ...... اس بیان میں کہ والدین کی خدمت ہر چند حسنات میں سے ہے لیکن مطلوب حقیقی تک پہنچنے کے مقابلے میں محض بیکاری اور خالص معطلی ہے بلکہ بُرائی میں داخل ہے۔ حَسَنَاتُ الْاَبْرَارِ سَيِّئَاتُ الْمُقَرَّبِيْنَ اور اس کے مناسب بیان میں

(آپ کا) پسندیدہ مکتوب موصول ہوا۔ (یہاں آنے کے بارے میں) توقف کا جو عذر (والدین کی خدمت) آپ نے بیان کیا ہے وہ صحیح و درست ہے (اور اس سلسلہ میں) اس سے بھی زیادہ جسقدر ہو سکے کرنا چاہیے (اور اس سب کے باوجود) اپنے آپ کو قصور وار اور کوتاہ عمل سمجھنا چاہیے ...... حق سبحانہٗ وتعالیٰ کا ارشاد ہے وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسٰنًا ط حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا ط (الاحقاف: آیت: ۱۵) یعنی ہم نے انسان کو والدین کے ساتھ نیک سلوک کرنے کی تاکید کی ہے اس ماں نے تکلیف کے ساتھ اسے اٹھائے رکھا پھر تکلیف کے ساتھ جنا) ...... پھر دوسری جگہ ارشاد ہے: اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ (لقمان: ۳۱، آیت: ۱۴) (میرا اور اپنے والدین کا شکر ادا کرو)





Marfat.com

اس کے باوجود یہ اعتقاد رکھنا چاہیے کہ یہ سب کچھ مطلوب حقیقی تک پہنچنے کے مقابلے میں محض بیکار ہے۔ بلکہ منازل سلوک کے طے کرنے میں ایک طرح کا تعطل ہے۔ حَسَنَاتُ الْاَبْرَارِ سَیِّئَاتُ الْمُقَرَّبِیْنَ (ابرار کی نیکیاں مقربین کی برائیاں ہیں) آپ نے سنا ہوگا۔ بیت

ہرچہ جز عشقِ خدائے احسن است     گر شکر خوردن بود جان کندن است

ترجمہ:۔ (جو بھی ہے عشق الٰہی کے سوا     اس میں ہے زہر ہلا ہل کا مزہ)

اللہ سبحانہٗ کا حق تمام مخلوقات کے حقوق پر مقدم ہے اور ان (والدین) کے حقوق کی ادائیگی بھی حق سبحانہ وتعالیٰ کے حکم کی فرمانبرداری کی وجہ سے ہے ورنہ کس کی مجال ہے کہ اس کی خدمت کو چھوڑ کر دوسرے کی خدمت میں مشغول ہو، لہذا ان کی خدمت حق تعالیٰ ہی کی خدمت میں سے ہے، اگرچہ خدمت خدمت میں بڑا فرق ہے...... کاشتکار اور ہل چلانے والے بھی بادشاہوں کے خادم شمار ہوتے ہیں لیکن مقربین کی خدمت کچھ اور ہی چیز ہے۔ ان کے نزدیک کھیتی باڑی اور ہل چلانے کا نام لینا بھی معصیت میں داخل ہے۔ ہر کام کی اجرت اس کام کے اندازے کے مطابق ہوتی ہے۔ ہل چلانے والے کو سخت محنت کے بعد ایک ٹکہ مزدوری کا ملتا ہے لیکن مقرب حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی حضوری حاصل ہونے کی ایک ساعت میں لاکھوں کا مستحق بن جاتا ہے اگرچہ اس کو لاکھوں سے کوئی تعلق نہیں ہوتا کیونکہ وہ تو صرف بادشاہ (حق تعالیٰ) کے قرب میں گرفتار ہے اور بس شَتَّانَ بَیْنَهُمَا ان دونوں کے درمیان بڑا فرق ہے فرخ حسین کافی ترقی حاصل کر چکا ہے اس کی طرف سے مطمئن رہیں، زیادہ کیا لکھوں...... والسلام



﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۶﴾ ۔ یہ آیت سورہ احقاف (آیت ۱۵) میں واقع ہے، یعنی ہم نے انسان کو والدین کے ساتھ نیک سلوک کرنے کی تاکید کی ہے، اسکی ماں نے تکلیف کے ساتھ اسے اٹھائے رکھا اور پھر تکلیف کے ساتھ اسے جنا ۱۲

﴿ص۷﴾ ۱ اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو سورۃ لقمان میں (۱۴) واقع ہے، یعنی ہم نے تاکیدی حکم دیا انسان کو کہ اپنے والدین کے ساتھ حُسنِ سلوک کرے، شکم میں اٹھائے رکھا ہے اسے اسکی ماں نے کمزوری پر کمزوری کے باوجود اور اس کا دودھ چھوٹنے میں دو سال لگے (اس لئے ہم نے حکم دیا) کہ شکر ادا کرو میرا اور اپنے ماں باپ کا (آخرکار) میری طرف ہی (تمہیں) لوٹنا ہے ۱۲

۲ قولہ درخوراں یعنی شایان اور سزاوار یعنی جیسا کہ ہونا چاہیے ۱۲

۳ مکتوبات کا عربی ترجمہ کرنے والے (ملا محمد مراد مکی) نے فرمایا یہ کلام شیخ ابوسعید خراز قدس سرہ کا ہے ۱۲

۔ دل درپے این و آں نہ نکو است ترا     یک دل داری بس است یک دوست ترا

ترجمہ: دل کو ادھر ادھر لگانا تیرے لئے اچھا نہیں ہے     ایک دل رکھ تیرے لئے یہی ایک دوست ہی کافی ہے۔

۵ قُلبہ۔ قاف پر پیش اور با ایک نقطہ والی، ایک لمبی لکڑی جس کے نیچے لوہا لگا ہوتا ہے یعنی ہل، اسے دو بیل کھینچتے ہیں اس کے ذریعہ زمین جوتتے ہیں ۱۲

۔ تنکہ۔ ت پر زبر اور کاف عربی یعنی گول سکہ سونے، چاندی یا تانبے کا ہوتا ہے، ٹکہ سے فارسی میں تنکہ بنا ہے ۱۲

۔ یعنی ہل چلانے والے اور بادشاہ کے مقرب میں بڑا فرق ہوتا ہے اور بہت زیادہ دوری ہوتی ہے ۱۲



Marfat.com

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ۶﴾ ☆توقف......درآمدن۱۲......اندرآنا۱۲☆معذلک......باوجودآن۱۲......اس کے باوجود

﴿صہ۷﴾☆جب......پہلو۱۲......طرف۱۲☆اینہا......خلائق۱۲......مخلوقات۱۲☆اِمتِثـا لًا لِاَمـرِہٖ......بجہت فرمانبرداری حکم او۱۲......اس کے حکم کی فرمانبرداری کی جہت سے۱۲☆تقریب......اعتبار۱۲......بھروسہ کرنا......ایک کو دوسرے پر قیاس کرنا ۱۲ ☆مزارعان......زراعت کنندگان ۱۲......کھیتی باڑی کرنے والے۱۲☆مزد......میم کی پیش سے یعنی اجرت ۱۲ ☆خیلے......بسیار۱۲......بہت زیادہ......۱۲☆موفق......بہ ترقی واجتہاد۱۲......ترقی ومحنت سے۱۲

# ﴿۱۲۸﴾ ایک سواٹھائیسواں مکتوب

خواجہ مقیم کی طرف صادر فرمایا......بلند ہمتی کی ترغیب اور بے مثل ذات کو مطلوب قرار دینے کے علاوہ کسی پر اکتفانہ کرنے کے بیان میں۔

جناب خواجہ محمد مقیم ہم دورافتادگان کو فراموش نہ کر دیں بلکہ (اپنے سے) دور نہ جانیں۔اَلْـمَـرْءُ مَـعَ مَـنْ اَحَـبَّ (آدمی اسی کے ساتھ ہے جس سے وہ محبت کرتا ہے)......مقصد یہ ہے کہ سلوک کا راستہ انتہا درجہ طویل ہے اور مطلوب انتہائی بلندی پر ہے اور ہماری ہمتیں انتہا درجہ کوتاہ ہیں۔اور (اس راہ کی) درمیانی منزلیں سراب مطلب نما ہیں (یعنی ہم سمجھتے ہیں کہ مطلوب حاصل ہوگیا حالانکہ یہ دھوکا ہے......عِیَاذًا بِاللّٰہِ سُبْحَانَہٗ (اللہ سبحانہٗ کی پناہ) کہ سالک وسط کو انتہا سمجھ کر غیر مقصد کو مقصد سمجھ بیٹھے، اور ''چون'' کو بیچون تصور کرے اور مطلوب حقیقی تک پہنچنے سے رہ جائے......ہمت کو بلند رکھنا چاہیے اور کسی حاصل شدہ پر سر کو خم (قناعت) نہ کرنی چاہیے بلکہ (حق تعالیٰ کو) وراء الوراء (بلند سے بلند تر) میں تلاش کرنا چاہیے......اس قسم کی ہمت کا حاصل ہونا شیخ مقتدا کی توجہ سے وابستہ ہے اور شیخ کی توجہ ''مرید مقتدی کی محبت اور اخلاص کے مطابق ہوتی ہے۔ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ط

---

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۷﴾ ۱ الـمـرء مع الخ یعنی آدمی اسی کے ساتھ ہے جس سے وہ محبت کرتا ہے، یہ اشارہ ہے اس حدیث کی طرف جسکو بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے: عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ تَقُوْلُ فِيْ رَجُلٍ اَحَبَّ قَوْمًا وَلَمْ يَلْحَقْ بِهِمْ ؟ فَقَالَ الْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ ۱۲ مشکوۃ (ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انہوں نے بیان کیا کہ ایک آدمی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا تو اس نے عرض کیا۔یارسول اللہ! ﷺ اس آدمی کے بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں جو ایک قوم سے محبت رکھتا ہے اور ان سے ملا نہیں؟ تو آپ نے فرمایا: آدمی اس کے ساتھ ہے جس سے وہ محبت کرتا ہے۔

۲ سراب، سین کے زبر سے، گرمی کے موسم میں پیاسے مسافر کو سورج کی تپش میں صحرا کی ریت دور سے بہتے ہوئے پانی کی طرح نظر آتی ہے، کبھی رات کی چاندنی میں بھی ایسے ہی معلوم ہوتا ہے ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ



Marfat.com

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ٧﴾ ☆افتادگان......بحسب صورت ١٢......ظاہری طور پر١٢ ☆رفعت......بلندی ١٢......بلندی......اونچائی ١٢

﴿صہ ٨﴾ ☆ودروراءالوراء......مطلب خودرا ١٢......اپنے مطلب ومقصد کو ١٢

# ﴿١٢٩﴾ ایک سوانتیسواں مکتوب

سید نظام کی طرف صادر فرمایا......اس بیان میں کہ انسان کی جامعیت اس کے تفرقے کے باعث ہے اور یہی جامعیت اس کی حمیت کا سبب ہے جس طرح نیل کا پانی دوستوں کے لئے پانی اور دشمنوں کے لئے بلاومصیبت ہے۔

مکتوب شریف موصول ہوا، چونکہ آدمی تمام مخلوقات میں جامع ترین ہستی ہے اور اس کے اجزا میں سے ہر جزو کے واسطے سے بکثرت موجودات کے ساتھ اس کا تعلق اور گرفتاری ظاہر ہوتی ہے لہذا حقیقت میں اس کی جامعیت ہی حق تعالیٰ سبحانہ کی جناب سے تمام مخلوقات سے زیادہ دوری کا باعث بنی۔ اور تعلقات کی کثرت اس کی محرومی کا سب سے زیادہ سبب ہے......اور اگر حق تعالیٰ عزشانہٗ کی توفیق سے (انسان) اپنے منتشر تعلقات سے جمعیت حاصل کرلے اور بازگشت کر کے حق تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوجائے تو فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا (الاحزاب:٣٣،آیت:٧١) (بے شک اس نے عظیم کامیابی حاصل کرلی) ورنہ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا م بَعِيْدًا (النساء:٤،آیت:١١٦) (بیشک وہ گمراہی میں دور جا پڑا)......انسان چونکہ جامعیت ہی کی وجہ سے موجودات میں بہترین ہے اور اسی جامعیت کی وجہ سے وہ بدترین مخلوق بھی ہے اور جامعیت ہی کی وجہ سے اس کا آئینہ اکمل واتم ہے۔ اگر انسان دنیا کی طرف اپنی توجہ رکھے تو لوگ کہتے ہیں کہ وہ دنیا میں سب سے برا ہے اور اگر اس کا رخ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی طرف ہو تو پھر وہ مصفّٰی و مزکّٰی ہے اور سب سے زیادہ بیش نما (خوش نصیب) ہے......ان تعلقات کی گندگی سے مکمل آزادی حاصل کرنا حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کا خاصہ ہے اور آپ کے بعد دوسرے انبیائے کرام واولیائے عظام اپنے اپنے مراتب ودرجات کے مطابق ہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہمارے نبی ﷺ پر اور ان کے تابعداروں پر قیامت تک صلوٰۃ وسلام ہو......رَزَقَنَا اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَاِيَّاكُمْ نَجَاتًا عَنْ هٰذِهِ التَّعَلُّقَاتِ بِحُرْمَةِ النَّبِيِّ الْمُصْطَفٰى الْمَمْدُوْحِ بِقَوْلِهٖ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ مِنَ الصَّلَوَاتِ اَتَمُّهَا وَمِنَ التَّسْلِيْمَاتِ اَكْمَلُهَا (حق تعالیٰ ہم کو اور آپ کو حضرت نبی کریم ﷺ کے طفیل جن کی حق تعالیٰ نے مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى (النجم ٥٣،آیت ١٧) (یعنی آنحضرت کی نہ پلک جھپکی اور نہ ہی نظر مبارک حد سے بڑھی) کے مقدس جملے سے تعریف فرمائی ہے۔ ان تعلقات سے نجات عطا فرمائے (آمین) اس سے زیادہ لکھنا ملال کا باعث ہے۔ والسلام والاکرام

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ



Marfat.com

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۸﴾ ۱ے نیل کے پانی کی طرح جو اللہ تعالیٰ کے دوستوں کے حق میں پانی تھا اور بلا یعنی خون تھا ان کے لئے جو اللہ تعالیٰ سے پردے میں تھے (یعنی فرعون کے ماننے والے)

۱ے سبطیان زان آب صافی می خورند  پیش قبطی خون شد آب از چشم بند

ترجمہ:۔ قبطیاں نک می مرند از تشنگی  از پئے اوبار خود یا بدرگی

ترجمہ: بنی اسرائیل یعنی موسیٰ علیہ السلام کی قوم دریائے نیل سے صاف پانی پیتے ہیں اور قبطی یعنی فرعون کی قوم کے لئے وہی پانی خون ہوگیا دعوتِ حق سے آنکھیں بند کرنے کی وجہ سے قبطی اس جگہ پیاس سے مر رہے ہیں اپنی بدنصیبی اور محرومی کے باعث قبطی اس موقعہ پر پیاس سے مر رہا ہے۔ اس لئے کہ وہ (جھوٹے) دعویٰ پر اڑے رہنے کو اپنا سرمایہ سمجھتا ہے۔

۲ے قولہ مازاغ البصر الخ اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو سورۃ النجم میں واقع ہے یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھ کسی طرف نہ پھری اور نہ ہی مطلوب ومقصود سے تجاوز کیا ۱۲

ے یعنی خدائے پاک ہم کو اور آپ کو ان تعلقات سے نجات عطا فرمائے ۱۲ (آمین)

..............................................

☆ متن...... بین السطور...... معانی

﴿صہ ۸﴾ ☆ قہقری...... پس پا رفتن ۱۲...... پشت کی طرف الٹے پاؤں چلنا ۱۲ ☆ دنس...... چرک ۱۲...... گندگی...... میل کچیل ۱۲ ☆ املال...... بالکسر ملول کردن ۱۲...... رنج میں ڈالنا ۱۲

..............................................

# ایک سوتیسواں مکتوب ﴿۱۳۰﴾

جمال الدین کی طرف صادر فرمایا...... اس بیان میں کہ تلوینات (تغیر وتبدل) احوال کا کچھ اعتبار نہیں بیچونی و بے چگونی کا حصول ہونا چاہیے۔

احوال کی تلوینات کا کچھ اعتبار نہیں ہے ان میں پھنسنا نہیں چاہیے کہ کیا آیا کیا گیا، کیا کہا اور کیا سنا، مقصود کچھ اور ہی ہے، جو کہنے، سننے، دیکھنے اور مشاہدہ کرنے سے پاک ومبرا ہے۔ طالبانِ سلوک کے مبتدی کو اخروٹ ومنقّٰی (معمولی چیزوں) سے تسلّی دیتے ہیں۔ ہمت بلند رکھنی چاہیے، کرنے کا کام دوسرا ہے، باقی سب خواب وخیال ہے...... اگر کوئی شخص خواب میں اپنے آپ کو بادشاہ دیکھے تو حقیقت میں وہ بادشاہ نہیں ہے لیکن ایسے خواب سے (بلند مرتبہ کی) امید ہوتی ہے طریقہ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے اکابرین واقعات کا کچھ اعتبار نہیں کرتے۔ یہ بیت ان کی کتابوں میں لکھی ہوئی ہے۔ بیت

ے چو غلام آفتابم ہم از آفتاب گویم  نہ شبم نہ شب پرستم کہ حدیث خواب گویم

ترجمہ:۔ (میں غلام شمس کا ہوں بس اسی کی بات ہوگی  نہ میں شب نہ اس کا عاشق جو ہو نیند کی کہانی)

اگر احوال میں سے کوئی حال وارد ہو جائے اور پھر چلا جائے تو خوشی یا غم کی بات نہیں، بے چونی وبیچگونی (بے کیف و بے مثال) کے قرب کے حصول کا منتظر رہنا چاہیے۔ والسّلام





Marfat.com

## ﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ۹﴾ ۱ بے شک تلوین ''ارباب احوال'' کی صفت ہے اور تمکین ''اہل حقائق'' کی جب تک صوفی راستہ میں رہتا ہے، صاحب تلوین کہلاتا ہے، کیونکہ وہ ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف بلند ہو جاتا ہے، اور ایک وصف سے دوسرے وصف کی طرف منتقل ہوتا رہتا ہے، اور اپنے کوچ کرنیکی جگہ سے نکل کر اپنے مقام پر آتا ہے، اور جب اپنے مقام پر پہنچ جاتا ہے تو اس کو تمکین تسکین حاصل ہو جاتی ہے، صاحب تلوین ہمیشہ ترقی کرتا رہتا ہے بغیر واصل ہونے کے ۱۲ رسالہ قشیریہ ص ۲۲۹

۲ اللہ تعالیٰ تغیر و تبدل کے داغ سے پاک ہے اور وہ دور ہے زیادہ اور کم ہونے کے عیب سے اور تمام نشانوں سے بے نشان ہے نہ علم میں اسکی گنجائش ہے اور نہ وہ آنکھوں میں سما سکتا ہے۔

۳ قولہ جوز ، جیم پر زبر ہے، فارسی میں گردگان، اور اردو میں اخروٹ کہتے ہیں اور بعض کے نزدیک ایک درخت کا پھل ہے جو گول ہوتا ہے۔۱۲

۴ قولہ مویز ، میم کی زبر سے اور یا معروف ہے، بڑے انگور کی ایک قسم ہے عام لوگ اس کو خشک کر کے محفوظ رکھتے ہیں اور اسکو منقی کہتے ہیں ۱۲

..........................................

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

☆ تلوینات احوال ...... گونا گونکردن یعنی آمد و شد ۱۲ ...... رنگ برنگ کرنا یعنی آنا جانا ۱۲ ☆ بجوز و مویز ...... یعنی بچیز اندک ۱۲ ...... یعنی تھوڑی چیز ۱۲ ☆ اگر حالے از احوال ...... یعنی معنے کہ در قلب رو د نماید بغیر تعمد و اکتساب و اجتلاب از طرب و حزن و قبض و بسط و از عاج و ہیبت و احتیاج فالاحوال مواہب والمقامات مکاسب ۱۲ ...... ☆ قشیریہ ...... ترجمہ: حال ایک کیفیت ہے جو بلا ارادہ اور بغیر کوشش کے ان کے دل پر طاری ہوتی ہے، مثلاً طرب، غم، بسط، قبض، شوق، بے قراری، ہیبت اور احتیاج، احوال وہبی ہوتے ہیں۔ اور مقامات کسبی ہوتے ہیں۔ رسالہ قشیریہ (صہ ۲۰۰، صہ ۲۰۱)

﴿صہ۹﴾ جیسا کہ وارد ہے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیٹھ کر نماز پڑھنے والے آدمی کے بارے میں سوال کیا: آپ نے فرمایا: اگر کھڑا ہو کر پڑھے تو افضل ہے، اور جو بیٹھ کر نماز پڑھے تو کھڑا ہو کر پڑھنے والے سے اسے آدھا اجر ملے گا۔ اس کو بخاری نے روایت کیا ۱۲ مشکوۃ

۳ قولہ سیزدہ رکعت الخ اس وجہ سے کہ حدیث میں آیا ہے: عبداللہ بن ابو قیس نے کہا: میں نے حضرت عائشہ سے سوال کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وتر کتنی رکعت پڑھتے تھے یعنی وتر کے ساتھ تہجد کل رکعتیں؟ انہوں نے بتایا: چار اور تین، چھ اور تین، آٹھ اور تین دس اور تین رکعت، حضور صلی اللہ علیہ وسلم تہجد اور وتر سات سے کم نہیں پڑھتے تھے اور تیرہ سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے اسکو ابوداؤد نے روایت کیا ۱۲، مشکوۃ

۴ قولہ حکم فردیت پیدا کردہ است، اس پر وہ حدیث دلالت کرتی ہے جس کو بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رات کی نماز دو دو رکعت ہے، تو جب تمہیں صبح طلوع ہونے کا ڈر ہو تو دو کے ساتھ ایک رکعت پڑھ لے اور اس کو وتر بنائے جو اس نے پہلے دو رکعت پڑھی ہیں ۱۲ مشکوۃ

..........................................





Marfat.com

# ایک سواکتیسواں مکتوب (۱۳۱)

خواجہ محمد اشرف کابلی کی طرف صادر فرمایا...... طریقہ حضرات خواجگانِ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کی بلند شان کے بیان میں اوراس جماعت کی شکایت کے بیان میں جنہوں نے اس طریقہ میں نئی نئی باتیں ایجاد کرلی ہیں اوران کواس طریقہ کی تکمیل سمجھ لیا ہے۔

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الۡمُرۡسَلِیۡنَ وَاٰلِہِ الطَّاهِرِیۡنَ ط (سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے اور سید المرسلین ﷺ اور آپ کی پاک اولاد پر صلوٰۃ وسلام ہو)...... میرے سعادتمند بھائی خواجہ محمد اشرف کو اللہ تعالیٰ اپنے اولیائے کرام کے شرف سے مشرف فرمائے...... جاننا چاہیے کہ حضرات خواجگانِ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کا طریقہ حق تعالیٰ تک پہنچانے والے طریقوں میں سب سے زیادہ اقرب ہے، دوسرے طریقوں کی انتہا ان بزرگوں کی ابتدا میں درج ہے اوران کی نسبت تمام نسبتوں سے بلند ہے۔ یہ سب کچھ اس لئے ہے کہ اس طریقہ میں سنت کی اتباع کو لازم رکھا گیا ہے اور بدعتوں سے پرہیز کرنا ہے۔ (یہ حضرات) حتی الامکان رخصت پر عمل کرنا جائز نہیں سمجھتے۔ اگرچہ بظاہر باطنی طور پر اس کو نفع بخش سمجھیں۔ اور عزیمت پر عمل کرنا نہیں چھوڑتے اگرچہ صورت کے اعتبار سے سیرت اور طریقے میں نقصان دہ ہی جانتے ہوں۔ (ان بزرگوں نے) احوال ومواجید کو احکامِ شرعیہ کے تابع کرلیا ہے اور ذوق ومعارف کو علومِ شرعیہ کا خادم سمجھتے ہیں، احکامِ شرعیہ کے نفیس جواہرات کو بچوں کی طرح وجد وحال کے جوز ومویز کے عوض نہیں لیتے، اور صوفیاء کی بے اصل باتوں پر مغرور اور فریفتہ نہیں ہوتے، اور نص (شرعیہ) کے مقابلہ میں فص (فصوص الحکم) کو ترجیح نہیں دیتے۔ فتوحاتِ مدینہ (سنن نبویہ) کے مقابلے میں فتوحات مکیہ کی طرف التفات نہیں کرتے، اوران کا حال دائمی ہے، اوران کا وقت ذاتی تجلّی کے اوپر ثبات قائم کئے ہوئے ہے جو دوسروں کے لئے بجلی کی مانند ہے ان بزرگواروں کے لئے دائمی ہے وہ حضور جو تھوڑی دیر کے بعد باقی نہ رہے ان بزرگواروں کے نزدیک اعتبار سے ساقط ہے۔ (جیسا کہ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے) رِجَالٌ لَّا تُلۡهِیۡهِمۡ تِجَارَةٌ وَّلَا بَیۡعٌ عَنۡ ذِکۡرِ اللّٰہِ (النور:۲۴، آیت:۳۷) (یعنی وہ ایسے لوگ ہیں جنہیں تجارت اور خرید وفروخت اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل نہیں کرسکتی)...... لیکن ہر شخص کی فہم ان بزرگوں کے مذاق کے مطابق نہیں ہے، ممکن ہے کہ اس بلند طریقے سے کمال حاصل نہ کرنے والے حضرات ان کمالات کا انکار کربیٹھیں۔ بیت

؎ قاصرے گرکند ایں طائفہ را طعنِ قصور     حاش لِلّٰہ کہ برآرم بزباں ایں گلہ را

ترجمہ:۔ (ایسے لوگوں پر اگر ناقص کرے طعنہ زنی     میں کروں اپنی زباں سے کچھ گلہ؟ توبہ مری)

ہاں بعض خلفائے متاخرین نے اس طریقہ عالیہ میں بعض اختراعات (نئی نئی باتیں) نکال لی ہیں اور اکابرین کی اصل راہ چھوڑ دی ہے۔ ان کے مریدوں کی ایک جماعت اس کا اعتقاد رکھتی ہے کہ ان نئی اختراعات سے اسطریقے کی تکمیل ہوگئی ہے حَاشَا وَکَلَّا (خدا کی پناہ ایسا نہیں ہے) کَبُرَتۡ کَلِمَةً تَخۡرُجُ مِنۡ اَفۡوَاهِهِمۡ (کہف:۱۸، آیت ۵) (کتنی بڑی بات ہے جو اُن کے منہ سے نکل رہی ہے) بلکہ انہوں نے (سلسلہ کی) تخریب اور ضائع کرنے میں کوشش کی ہے...... افسوس ہزار افسوس کہ بعض وہ بدعات جو دوسرے سلسلوں میں بھی ہرگز موجود نہیں، اس طریقہ عالیہ میں جاری کردی





Marfat.com

ہیں......(مثلاً) نمازِ تہجد جماعت کے ساتھ ادا کرتے ہیں اور قرب و جوار کے لوگ بھی نماز تہجد کے لئے جمع ہوتے ہیں اور نہایت اطمینان کے ساتھ (نماز تہجد با جماعت) ادا کرتے ہیں حالانکہ کراہت تحریمہ کے ساتھ یہ عمل مکروہ ہے......فقہا کی ایک جماعت جس نے تداعی (ایک دوسرے کو بلانا) کو کراہت کی شرط قرار دیا ہے وہ نفلی جماعت کو مسجد کے ایک گوشہ میں محدود کرتے ہیں اور وہ بھی اس صورت میں کہ تین آدمیوں سے زیادہ نہ ہوں، اس سے زیادہ کو بالاتفاق مکروہ کہا ہے......اور اسی طرح نمازِ تہجد کو تیرہ رکعات جانتے ہیں۔ بارہ رکعات کھڑے ہو کر پڑھتے ہیں اور دو رکعت بیٹھ کر، تا کہ ایک رکعت کا حکم پیدا ہو کر تیرہ رکعات ہو جائیں (حالانکہ) ایسا نہیں ہے۔ ہمارے پیغمبر علیہ الصلوات والتسلیمات نے کبھی تیرہ رکعات ادا فرمائی ہیں، کبھی گیارہ، کبھی نو اور کبھی سات، تو اس میں نماز تہجد کے ساتھ وتر نے مل کر فردیت (طاق عدد) پیدا کر لی ہے، نہ یہ کہ دو رکعت بیٹھ کر ادا کرنے کو ایک رکعت کا حکم دیدیا ہو......اس قسم کے علم و عمل کی ان مثالوں کا منشا روشن سنتِ مصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کی عدم تابعداری ہے۔

تعجب ہے کہ علماء کے شہروں میں جو مجتہدین رحمۃ اللہ علیہ کا ملجا و ملاذ ہے اس قسم کی بدعات رواج پا گئیں حالانکہ ہم فقراء علوم اسلامیہ کا استفاضہ ان بزرگوں کی برکات سے کرتے ہیں۔ وَاللّٰهُ سُبْحَانَهُ الْمُلْهِمُ لِلصَّوَابِ۔ فرد

اندکے پیش تو گفتم غمِ دل ترسیدم کہ دل آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار است

ترجمہ:۔ (بہت تھوڑی کہی ہے ڈرتے ڈرتے داستانِ غم کہیں آزردہ ہو جائے نہ دل تیرا مرے ہمدم)

والسّلام



﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿ص۱۰﴾ ۱ قولہ ترہات، پہلے حرف پر پیش ہے اور را بغیر نقطہ پر شد ہے، نیک کام سے روکنے والی باطل باتیں، ترہت کی جمع ہے جو باطل کے معنی میں ہے ۱۲

۲ نَص وہ دلیل جو شارع علیہ السلام سے وضاحت کے ساتھ تمام ہوئی ہو ۱۲

۳ فَص یہ اشارہ ہے کتاب فصوص الحکم کی طرف جو شیخ محی الدین ابن عربی قدس سرہ کی تالیف ہے ۱۲

ـ فتوحات مکیہ: شیخ محی الدین ابن عربی قدس سرہ کی کتاب کا نام ہے ۱۲

ـ بردوام است، یہ اشارہ ہے احوال کے باقی رہنے اور دائمی ہونے کی طرف اور کہتے ہیں کہ جب حال دائمی نہ ہو تو وہ ایک وقتی روشنیاں ہیں ۱۲

۴ یہ اشارہ ہے اس آیت کی طرف جو سورہ نور (آیت ۳۷) میں واقع ہے، یعنی اللہ کی تسبیح بیان کرتے ہیں ان گھروں میں صبح و شام، وہ (جواں) مرد جنہیں غافل نہیں کرتی تجارت اور نہ خرید و فروخت یاد الٰہی سے ۱۲

۵ درمختار میں کہا، وتر اور نفل رمضان کے علاوہ جماعت سے نہ پڑھے یعنی مکروہ ہے یہ فعل اگر تداعی کے طریقہ پر ہو کہ چار آدمی ایک امام کی اقتدا کریں جیسا کہ دُرَرْ میں ہے، تداعی یہ ہے کہ بعض لوگ بعض کو دعوت دیں جیسا کہ مُغرب میں ہے۔ اور وافیہ نے اسکی تفسیر کثرت سے کی ہے اور یہ لازمی معنی ہے، چار آدمیوں کا ایک کی اقتدا کرنے کی وضاحت یہ ہے کہ اگر ایک شخص ایک کے ساتھ اور دو ایک کے مقتدی بن جائیں تو مکروہ نہیں ہے، اگر امام کے ساتھ تین مقتدی ہوں تو اس کے مکروہ ہونے میں اختلاف ہے، (بحرالرائق میں کافی سے نقل کیا گیا ہے) اور مکروہ کہنے کا اشارہ ہے اس کی طرف جو انہوں نے کہا ہے کہ امام قدوری نے اپنی مختصر کتاب میں لا یجوز (جائز نہیں) کہا ہے اس سے مراد یہ ہے کہ مکروہ ہے اصل جواز کی نفی



Marfat.com

نہیں ہے۔
پھر اگر کبھی کبھی ہو جیسا کہ عمر رضی اللہ عنہ نے کیا تھا تو مباح ہوگا مکروہ نہیں ہے اور اگر اس کو عادت بنالیا جائے تو بدعت و مکروہ ہے کیونکہ ایسا کرنا صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم اور ائمہ کرام رحمہم اللہ علیہم کے مسلسل عمل کے خلاف ہے، یہی مطلب ہے اس کا جو امام قدوری نے اپنی مختصر کتاب میں
ذکر کیا ہے ۱۲ (یہ سارا بیان ردالمحتار (۵۲۳/۱) سے انتخاب کیا گیا ہے) لمصحح رحمہ اللہ

مباح کا بیان اکثر اماموں اور امام ربانی مجدد الف ثانی رحمہم اللہ کی تحقیق کے خلاف ہے، دیکھو اصل مکتوب ہذا کی عبارت اور مکتوب نمبر ۲۸۸ کا مطالعہ کریں ۱۲ (مترجم و حواشی مکتوبات محمد اشرف مجددی) یعنی اس طریقہ نقشبندیہ کے بعض متاخرین خلفاء
اس وجہ سے کہ بیٹھ کر نماز پڑھنے والے کا اجر کھڑے ہو کر پڑھنے والے کی نسبت نصف ہے

.........................................

☆متن.......بین السطور.......معانی

﴿صہ۹﴾ ☆احداث.......امور جدیدہ مخترعہ ۱۲.......ایجاد کیے ہوئے نئے کام ۱۲ ☆شرفہ اللہ الخ.......مشرف گرداند اور احق تعالیٰ بشرافت ہائے اولیائے کرام خود ۱۲.......اللہ تعالیٰ اسکو اپنے اولیائے کرام کے شرف سے مشرف فرمائے ۱۲ ☆خواجگان.......نقشبندیہ ۱۲.......بزرگان نقشبندیہ ۱۲ ☆موصلہ.......الی الحق ۱۲.......حق تک پہنچانے والے ۱۲

﴿صہ۱۰﴾ ☆مہما امکن.......حتی المقدور ۱۲.......طاقت و قوت کے مطابق ۱۲ ☆اگر چہ.......آنرا ۱۲.......اس کو ۱۲ ☆متضرر.......ضرر رسانندہ ۱۲.......تکلیف پہنچانے والا ۱۲ ☆فتوحات مدینہ.......سنن نبویہ ۱۲.......نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنتیں ۱۲ ☆قضا.......پس ۱۲.......پیچھے ۱۲ ☆قاصران.......بکمال نارسیدگان ۱۲.......کمال تک نہ پہنچنے والے ۱۲ ☆از حیّز.......جائے ۱۲.......جگہ ۱۲ ☆حاشا.......پناہ خدا ۱۲.......خدا کی پناہ ۱۲ ☆کلاّ.......چنین نیست ۱۲.......اس طرح نہیں ہے ۱۲ ☆تخریب.......خراب کردن ۱۲.......خراب کرنا ۱۲ ☆تضییع.......ضائع کردن ۱۲.......ضائع کرنا ۱۲ ☆بناحیہ.......گوشہ ۱۲.......کونہ ۱۲ ☆محدثات.......بدعتہا ۱۲.......بدعتیں ۱۲ ☆نہ چنین است.......کہ گمان بردہ اند ۱۲.......جو انہوں نے گمان کیا ایسا نہیں ہے ۱۲

.........................................

# ایک سو بتیسواں مکتوب ﴿۱۳۲﴾

ملا محمد صدیق بدخشی کی طرف صادر فرمایا.......دولت مندوں کی صحبت سے پرہیز اور فقراء کی صحبت کی ترغیب میں کہ فقراء (کے آستانوں) کی جاروب کشی دولت مندوں کی صدر نشینی سے بہتر ہے

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

(آل عمران: ۳، آیت: ۸) (اے ہمارے رب! ہمارے دلوں کو ہدایت فرمانے کے بعد کجی سے بچا اور ہم کو اپنے پاس سے رحمت عطا فرما بیشک تو ہی بہت عطا فرمانے والا ہے).......اے میرے بھائی! آپ نے ظاہری طور پر فقراء کی ہمنشینی سے تنگ دل ہو کر دولت مندوں کی مجلس اختیار کر لی ہے (یہ کام) بہت برا کیا۔ آج (دنیا میں) اگر آپ کی آنکھ (بصیرت) بند ہے تو کل (قیامت کے دن) کھل جائے گی، اس وقت ندامت و پشیمانی کے علاوہ کچھ فائدہ نہ ہوگا، آگاہ کر دینا ضروری





Marfat.com

ہے......اے بوالہوس! تمہارا معاملہ دو حال سے خالی نہیں، دولتمندوں کی مجلس میں دلجمعی ملے گی یا نہیں۔ اگر اس سے (دلجمعی) مل جائے تو برا ہے اور اگر نہ ملے تو اس سے بدتر ہے۔ اگر مل جائے تو یہ (جمعیت نہیں بلکہ) استدراج ہے، عِیَاذًا بِاللّٰهِ سُبْحَانَہٗ مِنْ ذٰلِكَ (اللہ سبحانہٗ کی اس سے پناہ) اور اگر نہ ملے تو خَسِرَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةَ (سورۃ حج:۲۲، آیت:۱۱) (دنیا و آخرت (دونوں جگہ) خسارہ ہے) ان کے حال کی نشانی ہے......(فقراء کے آستانوں کی خاکروبی دولت مندوں کے ہاں کی صدر نشینی سے بہتر ہے۔ آج اگر یہ بات آپ کو معقول معلوم ہو یا نہ ہو آخر کار معقول معلوم ہو جائے گی) مگر اس وقت کچھ فائدہ نہ ہوگا۔ مرغن غذائیں اور فاخرہ لباس کی تمنا اور آرزو نے تم کو اس مصیبت میں ڈالا ہے، اب بھی کچھ نہیں بگڑا ہے اگر اصل کی طرف رجوع کر لیں......جو چیز بھی حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی طرف رکاوٹ کا سبب ہو اس کو دشمن جان کر اس سے فرار اختیار کریں اور پرہیز کریں۔ اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ (تغابن:۶۴، آیت:۱۴) (بیشک تمہاری بیویاں اور اولاد میں سے تمہارے دشمن ہیں پس تم ان سے بچتے رہو) نصِ قطعی ہے۔

صحبت کے حقوق نے مجھے اس بات پر مجبور کیا کہ ایک مرتبہ آپ کو نصیحت کر دی جائے عمل کریں یا نہ کریں۔ میں تمہاری فضول باتوں کو پہلے سے ہی جانتا ہوں کہ تمہارے لئے اس طریقہ کے فقر پر استقامت دشوار ہے۔

؎ وَقَدْ کَانَ مَا خِفْتُ اَنْ یَّکُوْنَا　　اِنَّا اِلَی اللّٰهِ رَاجِعُوْنَا

ترجمہ:۔ (بے شک وہ بات ہو کے رہی جس کا خوف تھا　　تحقیق ہم خدا کی طرف ہیں رجوع اب)

اور سلام ہو اس پر جو ہدایت کی پیروی کرے اور حضرت محمد مصطفیٰ علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات والتحیات اتمہا واکملہا کی تابعداری کو لازم پکڑے......مجھے تمہاری عادت اور قابلیت سے کچھ اور ہی توقع تھی لیکن تم نے اپنے نفیس جوہر کو پاخانے (گندگی) میں پھینک دیا۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ ☆



## حاشیہ متن

﴿ص۱۱﴾ ۵ رَبَّنَا لَا تُزِغْ الخ یہ اشارہ ہے اس آیت کی طرف جو سورہ آل عمران کے اول (آیت ۸) میں ہے، یعنی اے ہمارے رب! ہمارے دلوں کو ہدایت فرمانے کے بعد کجی سے بچا، اور ہم کو اپنے پاس سے رحمت عطا فرما بے شک تو ہی بہت عطا فرمانے والا ہے ۱۲

۶ یہ اشارہ ہے اس آیت کی طرف جو سورہ حج کے دوسرے رکوع میں واقع ہے: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰی حَرْفٍ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَیْرٌ الخ یعنی اور لوگوں میں سے وہ بھی ہے جو عبادت کرتا ہے اللہ تعالیٰ کی کنارہ پر (کھڑے کھڑے) پھر اگر پہنچے اسے بھلائی (اس عبادت سے) تو مطمئن ہو جاتا ہے اس سے اور اگر پہنچے اسے کوئی آزمائش تو فوراً (دین سے) منہ موڑ لیتا ہے۔ اس شخص نے برباد کر دی اپنی دنیا اور آخرت بھی تو دونوں جہان کا کھلا ہوا خسارہ ہے ۱۲ لمصححہ رحمہ اللہ

ے بُوالْهَوَس: یہ مرکب ہے لفظ بو جو ابو کا مخفف ہے جس کا معنی باپ ہے اور الھوس سے یعنی صاحب ہوس۔ ہوس کے پہلے دونوں حرفوں پر زبر ہے، اس کے معنی آرزو اور ایک قسم کے جنون کے ہیں، جنوں کا معنی دیوانہ و پاگل ہونا الھوس پر الف لام معرفہ بنانے کے لئے ہے ۱۲ غیاث

ـ استدراج: یعنی امہال و املا (مہلت دینا) اللہ تعالیٰ نے فرمایا: سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَیْثُ لَا یَعْلَمُوْنَ وَاُمْلِیْ



Marfat.com

لَهُمۡ اِنَّ كَيۡدِىۡ مَتِيۡنٌ (تو ہم آہستہ آہستہ پستی میں گرادیں گے انہیں اس طرح کہ انہیں علم تک نہ ہوگا، اور میں مہلت دیتا ہوں انہیں، بے شک میری خفیہ تدبیر بہت پختہ ہے)

ے گناسی: یائے مصدری کے ساتھ وکناس کاف پر زبر ہے اور نون پھر شد اور سین بغیر نقطہ ہے، وہ شخص جو گھر سے کوڑا کرکٹ صاف کرتا ہے۔ اسے خاک روب کہتے ہیں، پس گناسی جھاڑو دینے کے معنی میں ہے ۱۲

﴿صہ ۱۲﴾ لے یہ اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو سورہ تغابن میں واقع ہے، یعنی اے ایمان والو! تمہاری کچھ بیبیاں اور تمہارے بچے دشمن ہیں پس ہوشیار رہو ان سے اور اگر تم عفو ودرگزر سے کام لو اور بخش دو تو بلاشبہ اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔ بے شک تمہارے مال اور تمہاری اولاد بڑی آزمائش ہیں، اور اللہ ہی ہے جس کے پاس اجر عظیم ہے۔ ۱۲

ع بے شک وہ بات ہو کے رہی جس کا خوف تھا، تحقیق ہم اللہ تعالیٰ کی طرف ہی رجوع کرنے والے ہیں ۱۲

.....................................................

☆متن......بین السطور......معانی

☆غنا ...... غین کے زیر سے، تونگری و بے نیازی و دولت مندی ۱۲ ......الداری، بے نیازی اور دولت مندی ۱۲ ☆ کناسی ......خاک روبی ۱۲...... جھاڑو دینا......صفائی کرنا ۱۲ ☆ فقرا......اہل اللہ ۱۲......اللہ والے ۱۲ ☆ اغنیا......اہل دنیا ۱۲......دنیادار ۱۲ ☆ امروز......دنیا ۱۲ ☆ فردا......قیامت ۱۲......قیامت کے دن ۱۲ ☆ ندامت ...... پشیمانی ۱۲......شرمندگی ۱۲ ☆ امر......کار ۱۲......کام ۱۲ ☆ جمعیت......دل جمعی وتسلی ۱۲ ......سکون قلب اور تسلی ۱۲ ☆ فرار......گریز ۱۲...... بھاگنا، دور ہونا ۱۲ ☆ فضولیہا......زیادتہا و افزونیہا ۱۲ ...... بے مقصد اور فضول باتیں اور کام ۱۲ ☆ وضع ...... نہج ۱۲......طریقہ اور صحیح راستہ ۱۲ ☆ اشباع......ضرورت شعری کے لئے الف بڑھانا، نون کے ساتھ الف ایسا ہی ہے ۱۲......اشباع ==========

.....................................................

# ایک سوتینتسواں مکتوب ﴿۱۳۳﴾

یہ مکتوب بھی ملا محمد صدیق کی طرف صادر فرمایا......اس بیان میں کہ فرصت کے لمحات کو غنیمت جاننا چاہیے اور اپنے قیمتی وقت کی قدر کرنی چاہیے۔

وہ مکتوب جو آپ نے قاصد کے بدست ارسال کیا تھا موصول ہوا۔ فرصت (کے لمحات) کو غنیمت جانیں اور وقتِ عزیز کی قدر کریں، رسوم و عادات سے کوئی کام نہیں بنتا، حیلے بہانے تلاش کرنے سے سوائے خسارہ ومایوسی کے کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ مخبرِ صادق علیہ وعلیٰ آلہ من الصلوات اتمہا ومن التسلیمات اکملہا نے فرمایا ہے۔ هَلَكَ الْمُسَوِّفُوْنَ سَوْفَ اَفْعَلُ (یعنی عنقریب یہ کام کروں گا کہنے والے ہلاک ہوگئے) موجودہ عمر کو موہوم کا (لذات وآسائش دنیاوی) میں صرف کرنا اور موہوم (بے فائدہ) کو موجود (زندگی) کیلئے حفاظت کرنا بہت برا ہے۔ چاہیے کہ نقد وقت (موجودہ وقت) کو اہم کاموں میں صرف کریں اور ادھار (غیر موجود وقت) کو دنیاوی کاموں اور بے فائدہ آرائشوں کے لئے مؤخر کردیں (مسلسل ٹالتے رہیں) حق سبحانہٗ وتعالیٰ (اپنی طلب میں) تھوڑی سی بے آرامی بخشے تاکہ ماسوائے حق کے آرام سے نجات حاصل ہو۔ (محض) گفتگو سے کچھ فائدہ نہیں ہے۔ وہاں تو (یعنی اللہ تعالیٰ کے ہاں) قلب سلیم طلب کرتے ہیں لہٰذا اصل مقصد کا فکر کرنا چاہیے اور بے فائدہ





Marfat.com

کاموں سے پوری طرح منہ پھیر لینا چاہیے۔ بیت

؎ ہر چہ جز عشقِ خدائے احسن است گر شکر خوردن بود جان کندن است

ترجمہ:۔(جو بھی ہے عشقِ الٰہی کے سوا اس میں ہے زہر ہلا ہل کا مزہ)

مَاعَلَی الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلَاغُ (قاصد کے ذمہ صرف پہنچا دینا ہے)

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ۱۲﴾ ۳ قولہ تَمَحُّل وتَحَلُّل، دونوں تَکَلُّف کے وزن پر ہیں، پہلے کا معنی مکر وحیلہ کرنا اور دوسرے کا معنی بہانہ تلاش کرنا ۱۲

۴ قولہ صلی اللہ علیہ وسلم هلك المسوفون، اس حدیث کی تحقیق وتخریج مکتوب ۳۷ جلد اول میں گذر چکی ہے ۱۲

؎ امر موہوم یعنی دنیا اور اسکی لذتیں جو باقی رہنے کے لائق نہیں ۱۲

؎ نَسِیہ، نون کی زیر سے، وہ جو نقد نہ ہو اور کچھ دیر بعد ادا کرنے کا وعدہ ہو ۱۲

؎ اللہ تعالیٰ کے غیر سے دل لگانا جو بہت بڑی بلا اور عظیم مصیبت ہے۔ اور ہلاک کرنے والا مرض ہے۔ اور بڑی خطرناک بیماری ہے ۱۲

..................................................

☆ متن...... بین السطور...... معانی

☆ خسارت...... زیان کاری ۱۲...... گھاٹا پانا، نقصان اٹھانا ۱۲ ☆ صرف...... خرچ ۱۲...... خرچ ۱۲ ☆ موہوم...... اموال و منافع دنیوی ۱۲...... دنیا کے مال اور فائدے ۱۲ ☆ مزخرفات...... اشیائے آرائش دادہ شدہ ۱۲...... آراستہ کی ہوئی چیزیں، ملمع کی ہوئی چیزیں ۱۲ ☆ لایعنی مدّخر...... بے فائدہ ذخیرہ ۱۲...... در طلب خود ۱۲...... اپنی طلب میں ۱۲...... ماحصل...... فائدہ ۱۲...... بر رسولان بلاغ باشد وبس ۱۲ (رسولوں پر صرف (اللہ کے پیغامات) پہنچا دینے کی ذمہ داری ہے)

..................................................

# ﴿ایک سو چونتیسواں مکتوب ۱۳۴﴾

یہ مکتوب بھی ملا محمد صدیق بدخشی کی طرف صادر فرمایا...... تسویف کہنے (دیر کرنے) سے منع کرنے کے بیان میں۔

حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ بحرمت سید المرسلین علیہ وعلیہم وعلی آلہ الصلوات والتسلیمات آپ کو قرب کے درجات میں بے اندازہ عروج عطا فرمائے...... اے محبت کے نشان والے! اَلْوَقْتُ سَیْفٌ قَاطِعٌ (وقت زندگی کو کاٹنے والی تلوار ہے) (صوفیا کا مقولہ ہے)۔ معلوم نہیں کہ کل تک مہلت دیں یا نہ دیں۔ اہم اور ضروری کام کو آج ہی کر لینا چاہیے اور غیر ضروری کاموں کو کل پر مؤخر کر دینا چاہیے۔ عقل کا تقاضا یہی ہے، عقلِ معاش (دنیاوی) کا نہیں بلکہ عقلِ معاد کا بھی یہی حکم ہے۔ اس سے زیادہ کیا لکھوں والسلام

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ۱۳﴾ ۱ قولہ الوقت سیفٌ قاطعٌ یعنی وقت کاٹنے والی تلوار کی مانند ہے جو شخص اس کو کسی چیز پر مارے وہ اس کو



پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ

Marfat.com

کاٹ کر گذر جاتی ہے اور اس چیز سے آگے نکل جاتی ہے اسی طرح وقت بھی تیزی سے گذر جاتا ہے واپس نہیں آتا۔ مثنوی

؎ قَالَ اَطْعِمْنِی فَاِنِّی جَائِعٌ وَاعْتَجِلْ فَالْوَقْتُ سَیْفٌ قَاطِعٌ

ترجمہ: (روح) نے کہا مجھے کچھ کھلاؤ کیونکہ میں بھوکی ہوں اور جلدی کیجئے۔ پس وقت ایک کاٹنے والی تلوار (کی طرح گذر رہا ہے)

صوفی ابن الوقت باشد اے رفیق نیست فردا گفتن از شرطِ طریق

ترجمہ: اے دوست! صوفی تو ابن وقت (یعنی مقتضائے وقت کے موافق کام کرنے والا) ہوتا ہے (آج کا کام) کل پر ٹالنا شرط طریقت نہیں ہے

(۹۲،۹۳/۱) نیز تلوار کی صفت کاٹنا بھی ہے اور وقت کی صفت بھی کاٹنا ہے وقت ماضی و مستقبل کی جڑ اور اصل کاٹ دیتا ہے گذشتہ اور آئندہ کا غم دل سے محو کر دیتا ہے، پہلے اور بعد میں آنے والے خیالات کو کاٹ دیتا ہے اور اپنا حکم جاری کرتا ہے، پس شمشیر کی صفت بھی خطرناک ہے۔ اِمَّا مَلَّکَ وَاِمَّا اَهْلَکَ یا مالک بنا دیتی ہے یا ہلاک کر دیتی ہے۔ اگر کوئی شخص ہزار سال تلوار کی خدمت کرے اور اپنے پیارے کندھے پر مارے تو وہ اپنی کاٹنے کی صفت کی وجہ سے اپنے مالک اور غیر کی گردن میں تمیز نہیں کرے گی۔ پس دانا وہ ہے جو اپنے وقت کے حکم کے ماتحت ہو، اگر اس کا وقت ہوش کا وقت ہے تو اسے شریعت پر کار بند رہنا چاہیے۔ اور اگر اس کا وقت محویت کا وقت ہے تو اس پر حقیقت کے احکام غالب ہوں گے۔ میں (مولانا نور احمد رحمۃ اللہ علیہ) کہتا ہوں شاید صوفیاء کے قول الوقت سیف قاطع میں وقت سے مراد توجہ الی اللہ اور مخلوق سے کلیۃً توجہ ہٹالینا ہے۔ اور پورے طور پر اللہ کی طرف توجہ کر لینا اور کامل طور پر مخلوق کو بھلا دینا ہے ایک ضرب المثل ہے کہ جو کچھ افراط و تفریط سے گذر چکا ہے وہ محو ہو جاتا ہے۔ اور یہ بھی احتمال ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قول لِی مَعَ اللّٰہِ وَقْتٌ لَا یَسَعُنِیْ فِیْهِ الخ کی طرف اشارہ ہو اس بنا پر کہ یہ حدیث میں وارد ہوا ہے، کیونکہ کامل فنا اس میں حاصل ہے۔ حقیقتِ حال کو اللہ ہی سب سے زیادہ جانتا ہے اور اسی پر ہی توکل اور بھروسہ ہے۔ فی الحال اور انجام کار میں۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ جس شخص کی وقت نے مدد کی تو وقت اسی کا ہے، اور جس کے ساتھ وقت نے سختی کی تو وقت نے اس سے نفرت کی لمصححہ رحمہ اللہ تعالیٰ

..................

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

☆ امر اہم ...... ضروری تر ۱۲ ...... بہت ضروری ۱۲ ☆ معاش ...... دنیا ☆ معاد ...... آخرت ۱۲

..................

# ایک سو پینتیسواں مکتوب (۱۳۵)

یہ مکتوب بھی مخلص دوست محمد صدیق کی طرف صادر ہوا ...... ولایت کے بیان میں، ولایت خواہ عامہ ہو یا خاصہ، اور ولایتِ خاصہ کی بعض خصوصیات کے بیان میں

جاننا چاہیے کہ ولایت فنا اور بقا سے عبارت ہے، اور وہ (ولایت) دو قسم کی ہے، عام یا خاص۔ اور عامہ سے ہماری مراد مطلق ولایت ہے اور ولایتِ خاصہ سے ولایتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والتحیۃ مراد ہے۔ اور ولایت خاصہ میں فنائے تام





Marfat.com

اور بقائے اکمل حاصل ہو جاتی ہے، جو شخص بھی اس نعمتِ عظمیٰ سے مشرف ہو گیا تو اس کا بدن حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی اطاعت میں مطیع ہو گیا اور اس کا سینہ اسلامِ (حقیقی) کے لئے کھل گیا اور اس کا نفس امارگی (شرارت) اور لوامگی (شرمندگی) سے آزادی حاصل کر کے مطمئنہ ہو گیا، پس وہ اپنے آقا حق جل وعلا سے راضی ہو گیا اور اس کا مولیٰ اس سے راضی، اور اس کا (لطیفہ) قلب حق تعالیٰ کی ذات کے لئے خالص ہو گیا اور اس کا لطیفہ روح مکمل طور پر حضرتِ صفاتِ لاہوت (عالم ذاتِ الٰہی) کے مکاشفہ سے واصل ہو گیا، اور اس کا (لطیفہ) سِرّ شیون واعتبارات کے ملاحظہ کے ساتھ مقام تجلیات ذاتیہ برقیہ سے مشرف ہو گیا، اور اسکا (لطیفہ) خفی کمال درجہ تنزّہ وتقدس اور عظمت وکبریائی کے سامنے دریائے حیرت میں ڈوب گیا، اور اس کا (لطیفہ) اخفیٰ (اس ذات کے ساتھ) بے کیف وبے مثال طریقے پر اتصال پذیر ہو گیا۔

؎ هَنِيئًا لِأَرْبَابِ النَّعِيمِ نَعِيمُهَا

ترجمہ:۔ (مبارک نعمتیں جنت کی ہوں اربابِ نعمت کو)

اور جس بات کا جاننا ضروری ہے وہ یہ ہے کہ ولایتِ خاصہ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیہ عروج ونزول کے دونوں طرفوں میں ولایت کے تمام مرتبوں سے ممتاز اور علیحدہ ہے لیکن عروج کی طرف اس وجہ سے کہ اخفیٰ کی فنا اور اس کی بقا دونوں اس ولایت خاصہ کے ساتھ مختص ہیں اور باقی تمام ولایتوں کا عروج تفاوتِ درجات کے اعتبار سے (لطیفہ) خفی تک محدود ہے یعنی بعض اربابِ ولایت کا عروج (لطیفہ) روح کے مقام تک ہے اور بعض کا عروج (لطیفہ) سِرّ تک اور بعض دوسروں کا عروج (لطیفہ) خفی تک ہے اور یہ ولایت عامہ کا اعلیٰ درجہ ہے اور نزول کی طرف میں اولیائے امتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والتحیہ کے اجسام کے لئے بھی اسی ولایت کے درجوں کے کمالات میں سے کچھ حصہ ہے کیونکہ آنحضرت ﷺ کو شبِ معراج میں اپنے جسدِ (عنصری کے ساتھ) جہاں تک حق تعالیٰ نے چاہا سیر کرائی گئی اور آپ کے سامنے جنت ودوزخ پیش کی گئی (سامنے لائی گئی) اور آپ ﷺ کی جانب وحی آئی جو کچھ کہ آئی، اور وہاں آپ ﷺ (حق تعالیٰ کی) رویتِ بصری سے مشرف کئے گئے، اور اس طرح کی معراج آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام ہی کے لئے مخصوص ہے اور وہ اولیائے کرام جو آں سرور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے تابع ہیں ان کو بھی کمال متابعت اور زیر قدم چلنے کی وجہ سے اس مخصوص مرتبہ میں کچھ حصہ ہے۔

ع۔ وَلِلْأَرْضِ مِنْ كَأْسِ الْكِرَامِ نَصِيبٌ

ترجمہ:۔ (زمیں کو بھی ملے حصہ بزرگوں کے پیالے سے)

حاصل کلام یہ ہے کہ اس رویتِ بصری کا دنیا میں واقع ہونا آنسرور علیہ الصلوٰۃ والسلام ہی کے لئے مخصوص ہے، اور وہ حالت جو آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زیر قدم اولیائے کرام کو حاصل ہوتی ہے وہ رویت نہیں ہے اور اس رویت اور حالت کے درمیان وہی فرق ہے جو کہ اصل اور فرع (جڑ اور شاخ) میں، یا شخص اور اس کے سایہ میں فرق ہوتا ہے، اور ان دونوں میں سے کوئی بھی ایک دوسرے کا عین نہیں ہے۔



﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ ۱۴﴾ لے عناصر اربعہ (ہوا، آگ، مٹی، پانی) کی صفائی کرنیکی طرف اشارہ ہے ۱۲



Marfat.com

۲ اللہ تعالیٰ کے ارشاد اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰہُ صَدْرَہٗ لِلْاِسْلَامِ فَھُوَ عَلٰی نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّہٖ (تو کیا وہ جس کا سینہ اللہ نے اسلام کے لئے کھول دیا تو وہ اپنے رب کی طرف سے نور پر ہے) اور اللہ تعالیٰ کے قول اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ (الم نشرح ۱) (کیا ہم نے آپ کی خاطر آپ کا سینہ کشادہ نہیں کر دیا) کی طرف اشارہ ہے ۱۲

۳ قولہ و نفس، قلب، روح، سر، خفی، اور اخفیٰ لطائف ستہ (چھ لطیفوں) کی سیر کی طرف اشارہ ہے ۱۲

۴ اللہ عزوجل نے فرمایا رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ (اللہ ان پر راضی ہے اور وہ اللہ سے راضی ہیں) ۱۲ (التوبہ، ۱۰۰)

۵ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اِلَّا مَنْ اَتَی اللّٰہَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ ( ) مگر وہ جو اللہ کے حضور حاضر ہوا سلامت دل لے کر)

۶ قولہ لا ہوت یعنی عالم ذاتِ الٰہی بعض کہتے ہیں کہ اصل میں لَاھُوَ اِلَّا ھُوَ تھا اور حرف تازائد ہے پس بعض حرفوں کے حذف کرنے سے لاھوت ہو گیا، اور بعض کہتے ہیں کہ یہ مصدر ہے غبوت و جبروت کی مانند، واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والماب ۱۲ غث (اور اللہ ہی صحیح بات جانتا ہے اور اسی کی طرف جائے پناہ اور لوٹنا ہے

۷ مثنوی

| | |
|---|---|
| (۱) اتصال بے تکیف بے قیاس | ہست رب الناس را با جانِ ناس |
| (۲) لیک گفتم ناس من نسناس نے | ناس غیرِ جانجان اشناس نے |
| (۳) ناس مردم باشد و کو مردی | تو سرِ مردم ندید ستی و می |

ترجمہ:۔(۱) لوگوں کے پروردگار کو لوگوں کے ساتھ بے کیف اور بے قیاس اتصال (ملاپ) ہے۔ — یعنی عقل اسکو وحی و الہام کے بغیر ادراک نہیں کرسکتی۔

(۲) لیکن میں نے (اس قرب و اتصال سے بہرہ مند ہونیوالا) ناس (یعنی انسان) کو کہا ہے نہ کہ نسناس (ایک جانور کو) — انسان وہی ہے جو روحِ روح (یعنی حق تعالیٰ کو) پہچاننے والا ہو

(۳) لوگ شکل و صورت میں) انسان ہوتے ہیں اور انسانیت کہاں (وہ کسی میں شاذ و نادر ہی ہوتی ہے) — تم نے ایک لحہ کے لئے بھی انسان (کامل) کا راز نہیں دیکھا۔

﴿صہ ۱۵﴾ ۱ قولہ بجسد شریف وے، یہی مذہب جمہور فقہاء متکلمین اور صوفیاء کا ہے، احادیث صحیحہ کے ظواہر اور اخبار صریحہ از صحابہ کثرت کے ساتھ اس بارے میں مروی ہیں، اور اگر یہ واقعہ خواب کا ہوتا تو باعث آزمائش اور شور و اختلاف نہ بنتا (اشعۃ اللمعات۔۷/۲۳۱)

۲ قولہ بروٗیت بصری، شیخ محی الدین نووی کہتے ہیں ۔ اکثر کبار علماء کے نزدیک راجح و مختار یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر کی آنکھوں سے اللہ تعالیٰ کا دیدار کیا ہے...... اکثر مشائخ صوفیہ کے ہاں بھی دیدارِ الٰہی ثابت ہے، حقیقتِ حال یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایسا کمال حاصل ہے جو مخلوق کے اذہان وعقول سے ماوراء ہے، خصوصاً شب معراج جس میں آپ کو مقام قرب کا اتم، اکمل اور ارفع درجہ نصیب ہوا (اشعۃ اللمعات ۷/۸۴) از شیخ عبدالحق محدث دہلوی)

۳ قولہ از معراج، اس حقیقت کا فہم حس و عادت کی تنگ دامنی کے گرفتار لوگوں کے ادراک سے ماوراء ہے، یہاں تو ایمان لے آنا چاہیے باقی کیفیت کو علم الٰہی کے سپرد کر دینا چاہیے، بلکہ تمام علوم و کمالات نبوت و وحی اور معجزات عقل و قیاس کے احاطہ سے باہر ہوتے ہیں، اور جو کوئی قیاس کے تابع ہو کر کہے گا کہ میں اس وقت تک نہیں مانوں گا جب تک عقل ان کا ادراک نہ





Marfat.com

کرے تو وہ دولت ایمان سے محروم ہو جائے گا۔(اشعۃ اللمعات ۷/ ۲۳۱، ۲۳۲)از شیخ عبدالحق محدث دہلوی

قولہ بالجسد......قاضی عیاض رحمہ اللہ نے الشفا میں فرمایا: پھر سلف اور علماء کا اس میں اختلاف ہے کہ کیا آپ کو معراج صرف روح سے ہوئی یا جسم اور روح دونوں سے پورے معراج میں۔اس میں تین اقوال ہیں: ایک گروہ تو ادھر گیا ہے کہ آپ کی معراج روح کے ساتھ تھی، اور یہ نیند کا دیکھنا ہے......اور بڑے بڑے سلف اور اہل سلام اس کے قائل ہیں کہ یہ معراج جسم و بیداری میں تھی، یہی حق ہے اور یہی قول حضرت ابن عباس، جابر، انس، حذیفہ، عمر، ابو ہریرہ، مالک بن صعصعہ، ابوحبہ بدری ابن مسعود، ضحاک، سعید بن جبیر، قتادہ، ابن المسیب، ابن شہاب، ابن زید، حسن، ابراہیم، مسروق، مجاہد، عکرمہ، اور ابن جریج رضی اللہ عنہم کا ہے۔اور یہی قول حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا ہے (یعنی ان کا مختار مذہب ہے اور جو ان سے روایت کیا گیا ہے اس کے منافی نہیں ہے) یہی اکثر متاخرین فقہا، محدثین متکلمین اور مفسرین کا قول ہے۔اور ایک گروہ کا قول ہے کہ معراج جسم کے ساتھ بیداری میں مسجد حرام سے بیت المقدس تک ہے اور وہاں سے آسمان تک روح کے ساتھ تھا۔(ان کا شریف کلام تھوڑے اختصار کے ساتھ ختم ہوا)

قوله بالرؤية البصرية، قاضی عیاض رحمة الله علیه نے الشفا میں کہا ہے: لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے رب عزوجل کو دیکھنے کے بارے میں سلف کا اختلاف ہے، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اس کا انکار کیا ہے، ایک جماعت نے حضرت عائشہ کا قول اختیار کیا ہے، حضرت عبداللہ بن مسعود سے بھی یہی مشہور ہے۔حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا ''حضور نے اسکو اپنی آنکھوں سے دیکھا''، ملا علی قاری نے شرح مشکوٰۃ میں کہا ہے: امام نووی نے فرمایا، حاصلِ کلام یہ ہے کہ اکثر علماء کے نزدیک راجح یہ ہے کہ رسول ﷺ نے اپنے رب کو اپنے سر کی آنکھوں سے دیکھا معراج کی رات ۱۲ الصحیح رحمہ اللہ تعالیٰ

.......................................................

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ۱۳﴾ ☆بصدیق بفتح اول و تخفیف دال......بمعنی دوست ۱۲......صاد پر زبر والی بغیر شد کے، دوست کے معنے میں ہے ۱۲

﴿صہ۱۴﴾ ☆منقاد......مطیع ۱۲......فرمانبردار ۱۲ ☆صدر......سینہ ۱۲ ☆وفی هذا المقام......اعتراض بین المعطوف والمعطوف علیہ ۱۲......معطوف اور معطوف علیہ کے درمیانی جملہ معترضہ ہے ۱۲ ☆هذا......یعنی لازم بگیر این مضمون را ۱۲......یعنی اس مضمون کو لازم پکڑو ۱۲ ☆هنیئا......گوارا باد اصحاب نعمت را نعمتہائے آن یعنی جنت ۱۲......مبارک ہو نعمت والوں کو اسکی نعمتیں یعنی جنت ۱۲

﴿صہ۱۵﴾ ☆اجساد......اجسام ۱۲......جسم کی جمع ہے ۱۲ ☆بجسد شریف......در بیداری ۱۲......جاگتے ہوئے ۱۲ ☆برویت......بدیدن چشم ۱۲......آنکھ کے دیکھنے سے ۱۲ ☆معراج مخصوص......کہ ہیچ یکے از انبیا جزوے نبودہ ۱۲......انبیا میں سے کسی نبی کو یہ شان حاصل نہ ہوئی ۱۲ ☆بآن سرور......یعنی وایں قسم تشریف و تکریم خاص است از حق سبحانہ بوے علیہ السلام ۱۲......یعنی یہ بزرگی اور عزت اللہ تعالیٰ کی طرف سے خاص ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ۱۲ ☆وللارض......یعنی و حاصل است مرزمین را نصیبے از کاسۂ بزرگان ۱۲......یعنی زمین کو بھی بزرگوں کے پیالے سے ایک حصہ حاصل ہے ۱۲ ☆رؤیت......یعنی بصری ۱۲......یعنی آنکھوں سے دیکھنا ۱۲

﴿صہ۱۶﴾ ☆شخص......بدن ۱۲......مراد بدن ہے ۱۲......ظل......سایہ ۱۲

.......................................................





Marfat.com

# ایک سو چھتیسواں مکتوب ﴿۱۳۶﴾

یہ مکتوب بھی ملا محمد صدیق کے نام صادر فرمایا...... مطلوبِ حقیقی کے حصول میں تسویف وتاخیر سے منع کرنے کے بیان میں۔

آپ کا مکتوب مرغوب موصول ہوا۔ چونکہ قاصد (رمضان المبارک کے) آخری عشرہ متبرکہ میں پہنچا تھا۔اس لئے اس (رمضان) کے گذرنے کے بعد خطوں کے جواب لکھے گئے...... (عبدالرحیم) خان خاناں اور خواجہ عبداللہ کے خط کا جواب بھی ارسال کر دیا ہے، آپ بھی ان کو ملاحظہ فرمالیں...... اس مرتبہ آپ کا لشکر میں جانا فقیر کو پسند نہیں آیا۔ دیکھئے اس میں کیا حکمت ہے۔ وَالْاَمْرُ عِنْدَ اللّٰہِ سُبْحَانَہٗ (اور سب کام اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہیں)...... خیال فرمائیں کہ حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے اپنی کمال مہربانی سے آپ کو روزمرہ کے گذارہ کے اسباب عطا فرمائے ہوئے ہیں۔ اس کو غنیمت جان کر اصل کام کی فکر کرنی چاہیے۔ نہ کہ اس کو مزید معیشت حاصل کرنے کا ذریعہ بنایا جائے کیونکہ (اس طرح) کاموں کا تسلسل جاری ہو جاتا ہے (یعنی یہ سلسلہ طلب لامتناہی ہو جاتا ہے) اور درویشی میں طولِ امل (لمبی امید لگانا) کفر ہے۔ اور قرض سے فارغ ہونے کا معاملہ معلوم نہیں ہے (کہ کب ادائیگی ہو) کہ خواجہ صاحب سے کوئی صورت پیدا کر لیں۔ اور اگر آپ کو کوئی شبہ ہے تو خواجہ صاحب کی طرف صاف صاف واضح طور پر لکھنا چاہیے، اگر وہ بھی جواب میں صاف طور پر لکھیں اور (جواب سے) پختہ وعدہ مفہوم ہو تو اس نیت سے چلے جائیں لیکن تسویف (نیک کام میں ٹال مٹول) اور تاخیر کا کیا علاج۔ (آپ کو) جو کچھ کرنا ہے جلد کریں کیونکہ فرصت کے لمحات غنیمت ہیں۔

---

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ ۱۶﴾ قولہ تسلسل...... یعنی اگر روزانہ خوراک پر قناعت نہ کرے بلکہ ایک دن کی کمائی کو دوسرے دن کی کمائی کا ذریعہ بنائے تو ضروری ہے کہ اس بلا کا معاملہ آخری حد تک لے جائے (یعنی مال ودولت جمع کرنے کا عادی بن جائے) جیسا کہ بخاری ومسلم کی حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ قال صلی اللہ علیہ وسلم لَوْ کَانَ لِابْنِ اٰدَمَ وَادِیَانِ مِنْ مَّالٍ لَابْتَغٰی ثَالِثًا، وَلَا یَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ اٰدَمَ اِلَّا التُّرَابُ، وَیَتُوْبُ اللّٰہُ عَلٰی مَنْ تَابَ ۔ متفق علیہ (مشکاۃ، ۵۲۷۳) یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر انسان کے پاس مال کے دو جنگل ہوں تو وہ تیسرے کی تلاش کرے گا انسان کے پیٹ کو مٹی کے سوا کوئی شے نہیں بھر سکتی (یعنی جب تک وہ قبر میں نہیں جائے گا اسکی حرص نہیں مرے گی۔ اور یہ حکم اکثر لوگوں کی حالت کے لحاظ سے ہے) اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اس پر رجوع فرماتا ہے تو وہ توبہ کرتا ہے۔ (اشعۃ اللمعات ۶/۳۰۷) مثنوی

۔ کوزہ چشم حریصاں پر نشد تا صدف قانع نشد پر در نشد
بند بگسل باش آزاد اے پسر چند باشی بند سیم و بندِ زر

ترجمہ: حریص لوگوں کی (بھوکی) آنکھ کا کوزہ (کبھی) پر نہ ہوا جب تک سیپ نے قناعت نہ کی موتیوں سے مالا مال نہ ہو بیٹا! قید کو چھوڑ کر آزاد ہو جا چاندی سونے (کے خیال) میں تو کہاں تک مقید رہے گا

۲ قال صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: اَوَّلُ صَلَاحِ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ الْیَقِیْنُ وَالزُّھْدُ...... (مشکاۃ ۵۲۸۱) یعنی اس امت کی پہلی درستگی یقین اور زہد ہے (اس بات کا یقین کہ رازق اللہ ہے اور اس نے رزق پہنچانے کی ضمانت دی ہوئی ہے اور اس کے ساتھ دنیا سے بے رغبتی ہو) وَاَوَّلُ فَسَادِھَا الْبُخْلُ وَالْاَمَلُ (رواہ البیھقی فی شعب الایمان، مشکاۃ ۵۲۸۱) اور پہلی خرابی اس امت کی بخل ہے (یعنی مال خرچ کرنے میں بخل کرنا) اور امید کا لمبا ہونا ہے (اور دنیا میں باقی رہنے کی امید





Marfat.com

ہے جو اللہ کے رازق ہونے پر یقین اور دنیا سے بے رغبتی کی ضد ہے (اشعۃ اللمعات ۶/۳۱۱)

وَقَالَ صلی اللّٰہ علیہ وسلّم اِنَّ اَخْوَفَ مَا اَتَخَوَّفُ عَلٰی اُمَّتِیَ الْهَوٰی وَطُوْلُ الْاَمَلِ ، فَاَمَّا الْهَوٰی فَیَصُدُّ عَنِ الْحَقِّ ،وَاَمَّاطُوْلُ الْاَمَلِ فَیُنْسِی الْاٰخِرَۃَ (رواہ البیہقی فی شعب الایمان مشکاۃ، ۵۲۱۴) یعنی میں اپنی امت کے بارے میں سب سے زیادہ خوف نفس کی خواہش اور لمبی امید سے رکھتا ہوں، خواہش نفس حق سے روک دیتی ہے اور لمبی عمر کی امید آخرت کو بھلا دیتی ہے۔ (اشعۃ اللمعات ۶/۲۷۴)

.................................................

☆متن......بین السطور......معانی

☆اواخر......یعنی در......یعنی اعتکاف میں ۱۲☆مُضِیّ......گذشتن ۱۲......گزرنا ☆کتابتہا......خطوط و مکاتیب ۱۲......دونوں لفظ ہم معنی ہیں، خط کی جمع خطوط اور مکاتب کی جمع مکاتیب ۱۴☆قوت......خوردنی ۱۲......خوراک ۱۲☆امل......درازی امید ۱۲......امید کی لمبائی، امید کا لمبا ہونا ۱۲☆موکد......از جوابش ۱۲......اسکے جواب سے ۱۲

.................................................

# ایک سوسینتیسواں مکتوب (۱۳۷)

حاجی خضر افغان کی طرف صادر فرمایا......نماز کی ادائیگی کی بلند شان میں جس کا کمال درجہ نہایت النہایت سے وابستہ ہے اور اس کے مناسب بیان میں۔

پسندیدہ مکتوب موصول ہو کر مضامین سے آگاہی ہوئی۔ عبادت میں لذت یابی اور اس کی ادائیگی میں کُلفت وگرانی کا نہ ہونا حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی عظیم نعمتوں میں سے ہے خصوصاً نماز کے ادا کرنے میں جو کہ غیر منتہی کو (جس نے سلوک کی تکمیل نہ کی ہو) میسر نہیں ہے خاص طور پر فرض نماز کے ادا کرنے میں...... کیونکہ ابتداء (مبتدی کو) نفلی نمازوں کے ادا کرنے میں لذت بخشتے ہیں (بعدازاں) نہایت النہایت میں پہنچ کر لذت کی یہ کیفیت فرضوں کی ادائیگی سے متعلق ہو جاتی ہے۔ اور بندہ اپنے نوافل کے ادا کرنے میں اپنے آپ کو بیکار جانتا ہے اس کے نزدیک فرضوں کو ادا کرنا بڑا اہم کام ہو جاتا ہے اور بس مصرع

ایں کار دولت است کنوں تاکرا رسد

ترجمہ:۔ (یہ بڑی دولت ہے دیکھے اب کسے نصیب ہوتی)

جاننا چاہیے کہ وہ لذت جو عین نماز کی حالت میں حاصل ہوتی ہے اس میں نفس کا کچھ بھی فائدہ نہیں ہے بلکہ وہ عین اس لذت کے وقت نالہ وفغان میں ہوتا ہے۔ سبحان اللہ کیا بلند مرتبہ ہے۔ مصرع

هَنِیْئًا لِّاَرْبَابِ النَّعِیْمِ نَعِیْمُهَا

(مبارک نعمتیں جنت کی ہوں ارباب نعمت کو)

ہم جیسے بوالہوس (حریص آدمیوں) کو اس قسم کی باتوں کا کہنا اور سننا بھی بسا غنیمت ہے۔ مصرع





Marfat.com

بارے بہ ہیچ خاطرِ خود شا میکنم

ترجمہ:۔ (اسی خیال سے میں اپنے دل کو خوش کر لوں)

اور نیز جان لیں کہ دنیا میں نماز کا مرتبہ (آخرت میں) رویت باری تعالیٰ کے مرتبہ کی مانند ہے، دنیا میں نہایت قرب نماز کے اندر ہے اور آخرت میں نہایت قرب اللہ تعالیٰ کے دیدار کے وقت ہوگا۔ اور یہ بھی جان لیں کہ باقی تمام عبادات نماز کے لئے وسیلہ ہیں اور اصل مقصد نماز ہی ہے۔ والسلام والاکرام

---

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۱۶﴾ ۳؎ حاجی خضر افغان رحمہ اللہ حضرت امام ربانی قدس سرہ النورانی کے منظورِ نظر حضرات میں سے تھے، نیز آپ طریقت کی تعلیم کے مجاز خلیفہ تھے، بہت سی مخلوق کو آپ سے فیض پہنچا، رات کا اکثر حصہ گریہ وزاری میں بسر کرتے، غریبی، انکساری، صفا اور حضور سے بہت بہرہ ور تھے، اور آپ کا وقت تلاوت، اذکار، نوافل اور اشغال میں صرف ہوتا تھا۔ قصبہ بہلول پور جو سرہند کے قرب وجوار میں ہے اس میں رہتے تھے، پہلے حضرت مجدد کے والد بزرگوار شیخ عبدالواحد کی محفل خُلد منزل میں رہ کر سرمایہ سعادت حاصل کیا، اس کے بعد حضرت شیخ مجدد الف ثانی کی خدمت میں تکمیل کی۔ حضرت حاجی خضر افغان کی وفات ایک ہزار باون ۱۰۵۲ھ میں ہے اور مزار قصبہ بہلول پور میں ہے۔

نوٹ: (زبدہ وخزینہ) زبدۃ المقامات میں ہے کہ ہمارے حضرت مجدد قدس سرہ کے ایک سال بعد آپ کا انتقال ہوا رحمہ اللہ (مترجم)

.....................

☆متن......بین السطور......معانی

☆مربوط ووابستہ ۱۲......بندھا ہوا......رابطہ کیا ہوا ۱۲ ☆ کُلفت ......بضم، رنج ومصیبت ورنگ سرخ ۱۲......من کاف پر پیش ہے، رنج و مصیبت اور سرخ رنگ ۱۲ ☆ اجل......بزرگترین نعمتہائے خدا ۱۲......خدا تعالیٰ کی بہت بڑی نعمتیں ۱۲ ☆ خصوصًا......بالخصوص التذاذ و رفع کلفت ۱۲......خاص طور پر لذت حاصل کرنا اور رنج وغیرہ رفع ہونا ۱۲

﴿صہ ۱۷﴾ ☆ مُلْتَذا لَذَّت پابندہ ......لذت پانے والا ۱۲ ☆ منوط ......معلق ۱۲......لٹکا ہوا ۱۲ ☆ اصلاً ......ہرگز ۱۲ ☆ التذاد ......مزہ یافتن ۱۲......من مزہ پانا ۱۲ ☆ حین ......وقت ۱۲ ☆ فغان ......بضم اول بمعنی فریاد بلند از نالہ ۱۲ اغ ف پر پیش ہے، بلند واویلا کر کے فریاد کرنا ۱۲ ☆ مغتنم ......غنیمت ۱۲......مالِ غنیمت، عطیہ، رنگ......مانند ۱۲......مثل ۱۲ ☆ رؤیۃ ......دیدن حق ۱۲......حق تعالیٰ کو دیکھنا ۱۲......وسائل......جمع وسیلہ ۱۲......وسیلہ کی جمع ہے ۱۲

.....................

# ایک سو اڑتیسواں مکتوب ﴿۱۳۸﴾

شیخ بہاؤ الدین کی طرف صادر فرمایا......کمینی دنیا کی مذمت اور دنیا داروں کی صحبت سے پرہیز کرنے کے بیان میں۔

میرے سعادتمند فرزند! اس کمینی اور مبغوضہ دنیا سے خوش نہیں ہونا چاہیے اور حق سبحانہ وتعالیٰ کی پاک بارگاہ کی طرف دائمی توجہ کے سرمایہ کو ہاتھ سے نہیں دینا چاہیے، اور اس بات کی فکر کرنی چاہیے کہ ہم کیا چیز فروخت کر رہے ہیں اور کیا خرید رہے





Marfat.com

ہیں...... آخرت کو دنیا کے بدلے بیچنا اور حق تعالیٰ کی طرف سے روگردانی کر کے مخلوق میں پھنس جانا حد درجہ بے وقوفی اور کم علمی ہے۔ دنیا و آخرت کو جمع کرنا دو ضدوں کے جمع کرنے کے مانند ہے (جیسا کہ کسی نے کہا ہے) مَا اَحْسَنَ الدِّیْنَ وَالدُّنیَا لَوِاجْتَمَعَا (کیا اچھا ہوتا اگر دین و دنیا جمع ہو جاتے)...... ان دونوں ضدوں میں سے جس کو چاہیں اختیار کر لیں اور جس کے عوض میں چاہیں اپنے آپ کو بیچ ڈالیں...... (لیکن خوب سمجھ لیں کہ) آخرت کا عذاب ابدی ہے اور دنیا کا سامان (مال و دولت) قلیل ہے۔ دنیا حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی مبغوضہ (قابلِ نفرت) ہے اور آخرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی پسندیدہ ہے۔ ن

؎ عِشْ مَا شِئْتَ فَاِنَّکَ مَیِّتٌ     وَالْزَمْ مَا شِئْتَ فَاِنَّکَ مُفَارِقُہٗ

ترجمہ:۔ (جی لے آخر تجھ کو مرنا ہے ضرور     لے لے آخر ترک کرنا ہے ضرور)

آخر ایک دن بیوی بچوں کو بھی چھوڑنا پڑے گا لہٰذا ان کی تدبیر (نگہداشت) کو حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے سپرد کر دینا چاہیے اور آج سے اپنے آپ کو مردہ تصور کر لینا چاہیے، اور تمام کاموں کو اس بزرگ ترین، ہستی (یعنی حق تعالیٰ) کے سپرد کر دینا چاہیے (ارشاد باری تعالیٰ ہے) اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِکُمْ وَاَوْلَادِکُمْ عَدُوًّا لَّکُمْ فَاحْذَرُوْھُمْ (التغابن:۶۴، آیت ۱۴) (بے شک تمہاری بعض بیویاں اور اولاد تمہاری دشمن ہیں پس ان سے بچتے رہو) قطعی فیصلہ ہے جو آپ نے بارہا سنا ہو گا...... یہ خوابِ خرگوش کب تک رہے گا، آخر آنکھیں کھولنی چاہییں۔ دنیاداروں کی صحبت اور ان سے میل جول (سالک کے لئے) زہر قاتل ہے۔ اس زہر کا مارا ہوا ابدی موت میں گرفتار ہے۔ اَلْعَاقِلُ تَکْفِیْہِ الْاِشَارَۃُ (عقلمندوں کے لئے اشارہ ہی کافی ہے) چہ جائیکہ صراحۃً اس کو مبالغہ کے ساتھ بار بار تاکید کی جائے...... (چونکہ) بادشاہوں کے دربار کا مرغن لقمہ قلبی امراض میں اضافہ کرتا ہے تو ایسی صورت میں نجات کی کیا صورت ہو سکتی ہے۔ الحذر الحذر (بچو بچو بچو)

؎ من آنچہ شرطِ بلاغ ست با تو می گویم     تو خواہ از سخنم پند گیر خواہ ملال

ترجمہ:۔ (ہمارا کام ہے حق بات تجھ کو پہنچانا     قبول کر لے کہ رنجیدہ ہو، یہ تیرا کام)

ان دنیاداروں کی صحبت سے ایسے بھاگو جیسے شیر سے بھاگتے ہیں کیونکہ شیر تو صرف دنیوی موت کا سبب بنتا ہے جو آخرت میں فائدہ مند ہے لیکن بادشاہ و امراء سے میل جول ہلاکتِ ابدی اور دائمی خسارہ کا باعث ہے لہٰذا ان کی صحبت سے بچو، ان کے لقمے کھانے سے بچو، ان کی محبت سے بچو، اور ان کے دیکھنے سے بھی بچو...... حدیث شریف میں وارد ہے مَنْ تَوَاضَعَ غَنِیًّا لِغِنَاہُ ذَھَبَ ثُلُثَا دِیْنِہٖ (یعنی جس نے کسی دولتمند کی تواضع اس کی دولت کی وجہ سے کی تو اس کے دین کے دو حصے ضائع ہو گئے)

آپ کو غور کرنا چاہیے کہ یہ سب تواضع اور خوشامد ان کی دولت مندی کی وجہ سے ہے یا کسی اور وجہ سے۔ اس میں شک نہیں کہ یہ سب کچھ ان کی دولت کی وجہ سے ہے اور اس کے نتیجہ میں دین کا دو تہائی حصہ ضائع ہو جاتا ہے، فَاَیْنَ اَنْتَ مِنَ الْاِسْلَامِ وَاَیْنَ اَنْتَ مِنَ النَّجَاتِ (پھر کہاں تمہارا اسلام اور کہاں تمہاری نجات)...... یہ سب مبالغہ اور تاکید اس وجہ سے ہے کہ میں جانتا ہوں کہ لقمہ چرب اور صحبتِ ناجنس نے اس فرزند کے دل کو وعظ و نصیحت اور عقلی نصائح کے قبول کرنے سے دور کر دیا ہو گا اور کلام و کلمہ سے اثر پذیر نہیں ہو گا۔ پس بچو بچو، ان کی صحبت سے بچو، ان کے دیکھنے سے بچو۔ وَاللّٰہُ سُبْحَانَہُ الْمُوَفِّقُ۔ حق سبحانہٗ وتعالیٰ بطفیل سید البشر جن کی تعریف میں مَازَاغَ الْبَصَرُ آیا ہے۔ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ من الصلوات افضلها ومن





Marfat.com

التسلیمات اکملہا ہمیں اور تمہیں ان باتوں سے نجات دے جو حق سبحانہ وتعالیٰ کو ناپسند ہیں۔ (آمین)

## ﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ ۱۷﴾ ۱ قولہ سَفاھت بالفتح، پہلے دونوں حرفوں پر زبر ہے، بے عقلی کمینہ پن ظاہر کرنا ۱۲

۲ یعنی کیا اچھا ہوتا اگر دین ودنیا جمع ہو جاتے ۱۲

۳ ان حدیثوں کی طرف اشارہ ہے جو اس بارے میں وارد ہیں چنانچہ قال رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم لَوْ کَانَتْ الدُّنْیَا تَعْدِلُ عِنْدَ اللّٰہِ جَنَاح بَعُوْضَۃٍ مَا سَقٰی کَافِرًا مِنْھَا شَرْبَۃ ...... رواہ احمد والترمذی وابن ماجہ (۵۱۸۸) ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ کے ہاں دنیا کی قدر وقیمت مچھر کے پر کے برابر ہوتی تو کافر کو دنیا میں اللہ تعالیٰ ایک گھونٹ پانی نہ پلاتا (اشعہ ۶/۶۵۶)

۴ یعنی زندہ رہ جس قدر چاہے پس تو نے مرنا ضرور ہے جس چیز کو تو چاہتا ہے لے لو، آخر تو نے اسے چھوڑنا ہے ۱۲

﴿صہ ۱۸﴾ ۱ قولہ خود را مردہ الخ عن ابن عمر رضی اللّٰہ عنہ قَالَ اَخَذَ رسولُ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وبارک بِبَعْضِ جَسَدِیْ فَقَالَ: کُنْ فِی الدُّنْیَا کَاَنَّکَ غَرِیْبٌ اَوْعَابِرُ سَبِیْلٍ وَعُدَّ نَفْسَکَ مِنْ اَصْحَابِ الْقُبُوْرِ۔ رواہ البخاری، (مشکاۃ، ۵۲۸۴)، ترجمہ: عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے جسم پر ہاتھ رکھا اور فرمایا: دنیا میں اس طرح ہو جا جیسے کوئی اجنبی یا مسافر، اور اپنے آپ کو اہل قبور (مردوں میں) شمار کرو۔

۲ قولہ ان من ازواجکم الخ (تغابن ۱۳) اس آیت کا ترجمہ مکتوب ۱۳۲ کے حاشیہ میں لکھا ہوا ہے۔ حضرت عطار فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| ؎ مال و اولادت بمعنی دشمن اند | گرچہ نزدیک تو چشم روشن اند |
| انما اموالکم را یا دگیر | مال وملکِ ابن جہاں برباد گیر |
| ترجمہ:۔ ترا مال اور اولاد دشمن کی طرح ہیں | اگرچہ تیری نظر ان سے روشن ہے |
| آیتِ کریمہ اِنَّمَا اَمْوَالُکُمْ | (کہ مال وا ولاد آزمائش ہیں) مال و |
| وَاَوْلَادُکُمْ کو یاد کرو | ملکیت اور یہ دنیا برباد ہو جائے گی۔ |

۳ یعنی عقل مند آدمی کے لئے اشارہ ہی کافی ہے پس مطلوب کی تصریح کرنے، اور اس میں مبالغہ کرنے میں اور بار بار، اسکو تاکید کرنے کی حالت کیسی ہوگی۔

۴ قولہ فِرَّ مِنْ صُحْبَتِھِمْ الخ یعنی بادشاہوں اور امیروں کی صحبت سے اس سے زیادہ بھاگو جیسے تم شیر سے بھاگتے ہو کیونکہ شیر تو صرف دنیوی موت کا سبب بنتا ہے جو آخرت میں فائدہ مند ہوتی ہے، لیکن بادشاہ اور امیروں سے میل جول ہمیشہ کی ہلاکت اور مستقل خسارہ کا باعث ہے لہٰذا ان کی صحبت سے بچو، ان کی دعوتیں کھانے سے بچو، ان کی دوستی سے بچو، اور ان کی دیکھنے سے بھی بچو، شیخ عطار فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| ؎ مردگانند اغنیائے روزگار | اے پسر با مردگان صحبت مدار |
| قرب سلطان آتشِ سوزاں بود | با بدان الفت ہلاک جان بود |
| ترجمہ: زمانے کے دولت مند مُردوں کی مانند ہیں | اے بیٹا! مردوں سے میل جول نہ رکھ |
| بادشاہ کا قرب جلانے والی آگ کی طرح ہے | اور بدوں کی محبت جان کو ہلاک کرنے کا باعث ہوتی ہے ۱۲ |

۵ قولہ وقد ورد فی الخبر الخ اس حدیث کی تخریج وتحقیق مکتوب ۸۵ کے حاشیہ میں تحریر ہو چکی ہے۔ حضرت عطار اسی معنی





Marfat.com

میں فرماتے ہیں ۔

ے سر مکن در پیش دنیا دار پست ورکنی بیشک زِوَد دینت زوست

بہر زرمتائے دنیا دار را تاچہ خواہی کردن ابن مردار را

ترجمہ:۔ دنیا دار کے سامنے سر نہ جھکا اگر تو ایسا کرے گا تو بے شک تیرا دین ہاتھ سے نکل جائیگا

دولت کے لئے دنیا دار کی تعریف نہ کر کیونکہ اس طرح اس مردار سے تو کیا نفع حاصل کریگا ۱۲

ے قولہ الحذر الحذر الخ پس بچو بچوان کی صحبت سے بچو، ان کے دیکھنے سے بچو، اور اللہ پاک ہی توفیق دینے والا ہے، حق سبحانہ وتعالیٰ بطفیل سید البشر جن کی تعریف میں مَا زَاغَ البَصَر آیا ہے علیہ وعلیٰ آلہ من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا ہمیں اور تمہیں ان باتوں سے نجات دے جو حق سبحانہ وتعالیٰ کو ناپسند ہیں ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

ے قولہ فَاَیْنَ الخ یعنی اسلام سے دور پڑا ہوا اور آخرت میں نجات پانے سے بھی محروم رہے گا ۱۲

ے قولہ ابرام الف کے زیر سے، مضبوط کرنا، عاجز کرنا، غم زدہ کرنا اور کپڑے کو دوہرا کر کے دھاگے سے سینا اور رسّی کو دوہرا کر کے بٹنا ۱۲ من

..........................................

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۱۷﴾ ☆ مبغوضۂ حق ...... دشمن داشتہ شدہ ۱۲ ...... دشمن بنائی ہوئی، اللہ تعالیٰ کی ناپسندیدہ ۱۲ ☆ مرضیہ ...... پسندیدہ ۱۲ ...... جو پسند آجائے ۱۲ ☆ تفویض ...... سپردہ ۱۲ ...... سپرد کیا ہوا، سپرد کرنا ۱۲ ☆ اِنَّ مِنَ الخ ...... مبتدا ...... نص قاطع ...... خبر ۱۲ ...... مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوا ۱۲ ☆ مکرّر شنیدہ باشد ...... آن فرزند ۱۲ ...... بار بار سنا ہوگا اس فرزند یعنی مکتوب الیہ نے ۱۲ ☆ سَم قاتل است ...... زہر کشندہ ۱۲ ...... زہر قاتل ۱۲ ☆ کہ دوائے ندارد ۱۲ ...... جس کی دوا اور علاج نہ ہو ۱۲ ...... ملوک ...... امراء ۱۲ ...... امیر لوگ امیر کی جمع ہے ۱۲ ☆ ذہاب ...... رفتن ۱۲ ...... جانا ۱۲ ☆ ثُلُث ...... بضمتین سوم حصہ ۱۲ ...... ثا اور لام پر پیش ہے، تیسرا حصہ ۱۲

..........................................

# ایک سوانتالیسواں مکتوب ﴿۱۳۹﴾

جعفر بیگ نہانی کی طرف صادر فرمایا ...... اس بیان میں کہ بے نصیبوں کی ایک جماعت جو اہل اللہ پر طعن وتشنیع کرتے ہیں ان کی ہجو اور مذمت کرنا صرف جائز ہی نہیں بلکہ مستحسن ہے۔

آپ کا التفات نامہ گرامی مشرف ہوا۔ حق سبحانہٗ وتعالیٰ آپ کو سلامت رکھے کہ گوشہ نشین فقراء کے احوال کی خبر گیری کرتے ہیں اور جو حاضر ہوں یا غیر سب کا یکساں خیال رکھتے ہیں۔

میرے مخدوم! کفار قریش نے جب اپنی کمال درجہ بد نصیبی کی وجہ سے اہل اسلام کی ہجو و مذمت میں بہت مبالغہ کیا۔ تو حضرت پیغمبر علیہ وعلی آلہ الصلوٰۃ والسلام نے بعض اسلامی شعراء کو حکم دیا کہ وہ بھی ان کفار نگونسار (اوندھی عقل والے) کی ہجو میں اشعار کہیں (چنانچہ) وہ شاعر آنسرور علیہ وعلی آلہ من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا کے حضور میں منبر پر آتے اور کفار کے ہجو میں اعلانیہ اشعار پڑھتے تھے اور آں سرور علیہ الصلواۃ والسلام فرماتے تھے کہ جب تک وہ کفار کی ہجو کرتے رہتے





Marfat.com

ہیں۔روح القدس (جبرئیل) ان کے ساتھ ہیں۔مخلوق کی طرف سے ملامت اور ایذارسانی عشق کی غنیمتوں میں سے ہے ......یااللہ تو ہم کو سید المرسلین علیہ وعلیہم وعلٰی آلہ الصلوٰۃ والتسلیمات کے طفیل ان کے عشاق میں سے بنادے۔(آمین)

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ۱۹﴾ ل قولہ حضرت پیغامبرالخ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حسان کے لئے منبر رکھتے جس پر وہ کھڑے ہوکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے فخر کرتے یا دفاع کرتے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے اللہ تعالیٰ بذریعہ جبریل حسان کی مدد فرماتا ہے جب تک وہ اس کے رسول کی طرف سے فخر کرتے یا دفاع کرتے ہیں (اسکو بخاری نے روایت کیا) اور استیعاب ابن عبدالبر میں ہے کہ انہوں (کعب بن مالک) نے عرض کیا یا رسول اللہ! شعر کے بارے میں فرمایئے: آپ نے فرمایا: مومن تلوار اور زبان سے جہاد کرتا ہے۔حضرت براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قُریظہ کے دن حسان ابن ثابت سے فرمایا: مشرکین کی ہجو کرو، بے شک جبریل تمہارے ساتھ ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت حسان سے فرماتے ہیں کہ میری طرف سے جواب دو! اے اللہ! اس کی روح القدس کے ذریعے مدد فرما (بخاری ومسلم) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قریش کی ہجو کرو کیونکہ یہ ان کے لئے تیر مارنے سے زیادہ سخت ہے۔(اس کو مسلم نے روایت کیا ہے) (مشکاۃ باب البیان الشعر)

چہ خوش گفتہ

| | |
|---|---|
| یا رب ہمہ خلق را بمن بد خوکن | وز جملہ جہانیان مرا یک سو کن |
| روئے دل من صرف کن از ہر جہتے | از عشق خودم یک جہت و یک روکن |

ترجمہ:۔

| | |
|---|---|
| کیا خوب کہا ہے یارب! تمام مخلوق کو مجھ سے پھیر دے | اور تمام جہان والوں سے مجھ کو ایک طرف کر دے |
| میرے دل کی توجہ ہر طرف سے ہٹا دے | اپنے عشق میں مجھے ایک سمت اور ایک رخ میں کر دے |

..............................

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ۱۹﴾ ☆ ہجو......مذمت۱۲......بدی برائی ☆ مجوّز......جائز۱۲......شرعی طور پر جائز۱۲ ☆ مستحسن......زیبا۱۲......اچھا، مناسب۱۲

☆ تفقُّد......گم شدہ کو تلاش کرنا، اور کسی چیز کے بارے میں پوچھنا اور دریافت کرنا جبکہ وہ حاضر وموجود نہ ہو۱۲ ☆ روح القدس ......جبریل۱۲......حضرت جبریل علیہ السلام۱۲

..............................

# ﴿ایک سوچالیسواں مکتوب ۱۴۰﴾

ملامحمد معصوم کابلی کی طرف صادر فرمایا......اس بیان میں کہ رنج ومحنت محبت کے لوازمات میں سے ہے۔اے محبت کے نشان والے! رنج ومحنت محبت کے لوازمات میں سے ہے، فقر کے اختیار کرنے میں درد وغم کا ہونا ضروری ہے بیت

| | |
|---|---|
| ۔ غرض از عشق توام چاشنی درد وغم است | ورنہ زیرِ فلک اسبابِ تنعم چہ کم است |

ترجمہ:۔

| | |
|---|---|
| (چاشنی غم کی ترے عشق سے حاصل ہے مجھے | ورنہ دنیا میں تعیش کی کمی کوئی نہیں) |

دوستِ (حقیقی) رنج وپراگندگی چاہتا ہے تاکہ اس کے غیر سے پورے طور پر انقطاع حاصل ہوجائے۔اس مقام میں



پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ

Marfat.com

آرام بے آرامی میں ہے اور ساز سوز میں، اور قرار بیقراری میں، اور راحت جراحت میں یعنی زخمی ہونے میں ہے، اس مقام میں فراغت طلب کرنا اپنے آپ کو رنج میں ڈالنا ہے۔ (لہذا) اپنے آپ کو پورے طور پر محبوب (حقیقی) کے سپرد کر دینا چاہیے۔ اور جو کچھ اس کی طرف سے آئے اس کو نہایت خوشی سے قبول کرنا چاہیے اور اپنے ابرو نہیں پھیرنے چاہییں (یعنی منہ نہیں بنانا چاہیے) زندگی گذارنے کا طریقہ اسی روش میں ہے، جہاں تک ہو سکے استقامت اختیار کریں ورنہ سستی (بڑھاپا) آپ کا تعاقب کر رہی ہے...... آپ (کے ذکر و اذکار) کی مشغولیت بہت اچھی ہو گئی تھی لیکن قوی ہونے (کمال کو پہنچنے) سے پہلے ہی کمزور ہو گئی۔ مگر کچھ غم نہیں۔ اگر اپنے آپ کو ان تردّدات سے تھوڑا سا بھی جمع کر لیں تو پہلے سے بھی بہتر ہو جائیگی، تفرقہ کے ان اسباب کو عین جمعیت کے اسباب جانیں تا کہ اپنا کام کر سکیں۔ والسلام

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿ص ۱۹﴾ ۲ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا تو اس نے عرض کیا: بے شک میں آپ سے محبت رکھتا ہوں، آپ نے فرمایا: غور کر تو کیا کہہ رہا ہے؟ پس اس نے کہا اللہ کی قسم میں آپ سے محبت رکھتا ہوں، اس نے یہ بات تین بار کہی، آپ نے فرمایا: اگر تو سچا ہے (اس محبت میں) تو فقر کے لئے مضبوط حفاظتی لباس تیار کر لے، کیونکہ جو مجھ سے محبت کرتا ہے اس کی طرف فقر و تنگ دستی اس سے بھی زیادہ تیزی سے آتی ہے جس طرح سیلاب اس جگہ کی طرف جاتا ہے جہاں اسے ختم ہونا ہوتا ہے۔ اس کو ترمذی نے روایت کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث حسن غریب ہے (مشکاۃ باب فضل الفقراء) جان لو کہ اس حدیث کو ایک اور حدیث کے معنی کے مطابق سمجھنا چاہیے۔ لَقَدْ أُوْذِيْتُ فِي اللّٰهِ وَمَا يُؤْذَى أَحَدٌ، وَأُخِفْتُ فِي اللّٰهِ وَمَا يَخَافُ أَحَدٌ (الجامع الصغیر) یقیناً مجھے اللہ تعالیٰ (کے راستے) میں ایسی ایذا دی گئی ہے جو کسی کو نہیں دی گئی، اور اللہ تعالیٰ کے راستے میں مجھے اتنا خوف زدہ کیا گیا۔ ہے جتنا کسی کو نہیں ڈرایا گیا ۱۲۔ لمصححہ رحمہ اللہ تعالیٰ



..........................

☆ متن...... بین السطور...... معانی

☆ تو ام...... مرا ۱۲...... مجھ کو، مجھے ۱۲ ☆ ساز...... لذت و خوشی ۱۲ ☆ سوز...... حرقت و سوزش عشق ۱۲...... عشق کی سوزش اور جلن ۱۲ ☆ جراحت...... بالکسر، ریش و زخم ۱۲...... جیم کی زیر سے، زخم جلد کا گھاؤ ۱۲ ☆ اَشَدِّ رِضا...... یعنی برضائے اتم و اکمل ۱۲...... یعنی تمام و کمال رضا کے ساتھ ۱۲ ☆ استقامت...... بر فقر و درد و محنت و رضائے بقضائے حق سبحانہ ۱۲ یعنی فقر، درد، محنت اور اللہ تعالیٰ کی تقدیر پر راضی رہنا ۱۲ ☆ فتور...... سستی ۱۲ ☆ قضا...... پس ۱۲...... پیچھے ۱۲ ☆ وضع...... روش ۱۲...... طریقہ...... عادت ۱۲ ☆ پیش...... قبل ۱۲...... پہلے ۱۲...... ☆ از قوت...... وصول بکمال خود ۱۲...... اپنے کمال پر پہنچنا ۱۲

..........................

# ایک سو اکتالیسواں مکتوب ﴿۱۴۱﴾

ملا محمد قلیج کی طرف صادر فرمایا...... اس بیان میں کہ (سلوک میں) سب سے عمدہ چیز محبت و اخلاص ہے۔

حق سبحانہٗ و تعالیٰ حضرت سید المرسلین علیہ وعلیہم وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کے طفیل آپ کو زیادہ سے زیادہ



Marfat.com

ترقیات عطا فرمائے۔ قلبی احوال کے بارے میں آپ نے کبھی کچھ نہیں لکھا کہ کیا صورتِ حال ہے۔ اس بارے میں بھی کچھ نہ کچھ لکھتے رہا کریں کیونکہ یہ غائبانہ توجہ کا سبب ہوتا ہے۔ اس کام (راہِ سلوک) میں سب سے عمدہ کام محبت و اخلاص ہے، اگر اسوقت ترقی معلوم نہیں ہورہی تو کوئی غم نہیں، جب اخلاص پر استقامت حاصل ہے تو امید ہے کہ برسوں کا کام گھڑیوں میں ہوجائے گا۔ والسّلام

﴿اس مکتوب کا حاشیہ نہیں ہے﴾

☆متن......بین السطور......معانی

﴿ص ۲۰﴾ ☆الحال......دریںوقت ۱۲......اس وقت میں ۱۲ ☆سنین ......جمع سنۃ بمعنی سال ۱۲......یعنی کئی سال کا کام ۱۲

# ایک سو بیالیسواں مکتوب ﴿۱۴۲﴾

ملا عبد الغفور سمرقندی کی طرف صادر فرمایا......اس بیان میں کہ ان بزرگواروں کی نسبت اگر تھوڑی سی بھی حاصل ہوجائے تو وہ تھوڑی نہیں ہے۔

مکتوب گرامی جو آپ نے مہربانی فرما کر ارسال کیا تھا موصول ہوا۔ فقراء کی محبت اور اس گروہ کی طرف توجہ رکھنا حق جل سلطانہٗ کی بڑی نعمتوں میں سے ہے، حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ سے اس پر استقامت کی درخواست اور امید ہے......وہ نیاز جو آپ نے درویشوں کے لئے بھیجی تھی وہ بھی موصول ہوگئی اور سلامتی کی فاتحہ پڑھی گئی......اور جو طریقہ آپ نے اخذ کیا تھا اور اس سے جو نسبت (کیفیت) حاصل ہوئی تھی اس کے بارے میں آپ نے کچھ نہیں لکھا، خدا نہ کرے کہ اس میں کچھ سُستی واقع ہوئی ہو۔ بیت

ے یک چشمِ زدن خیالِ او پیشِ نظر　　بہتر زوصالِ خوبرویاں ہمہ عمر

ترجمہ:۔ (ایک لحہ خیال حق ہے　　اگر دائمی وصلِ غیر سے بہتر)

اگر ان بزرگواروں کی نسبت سے تھوڑی سی نسبت بھی حاصل ہوجائے تو اس کو تھوڑا نہیں سمجھنا چاہیے کیونکہ دوسروں کی انتہا ان کی ابتدا میں درج ہے۔ مصرع

ے قیاس کن ز گلستانِ من بہار مرا

ترجمہ:۔ (چمن کو دیکھ کے اس کی بہار کو سمجھو)

لیکن اس میں سُستی و کمی کا غم نہیں کرنا چاہیے جبکہ محبت کا رشتہ اس نسبت والوں کے ساتھ قوی اور مضبوط ہے......وہ فرجی (قبا) جو کئی مرتبہ پہنی گئی تھی ارسال کی گئی ہے کبھی کبھی اس کو پہن لیا کریں اور ادب سے محفوظ رکھیں کہ اس سے بہت سے فوائد کی توقع ہے جب بھی اس قبا کو پہنیں باوضو پہنیں اور سبق کی تکرار کریں، امید ہے کہ پوری طرح طمانیتِ قلب حاصل ہو جائے گی......اور جب بھی کچھ لکھنا چاہیں تو پہلے اپنے باطنی احوال لکھیں اس لئے کہ ظاہری احوال باطنی احوال کے بغیر اعتماد





Marfat.com

نہیں رکھتے۔ مصرع

؎ از ہر چہ میرود سخنِ دوست خوشتر است

ترجمہ:۔ (دوست کی بات کہیں سے ہو بہت اچھی ہے)

حق سبحانہٗ وتعالیٰ ہم کو اور آپ کو حضرت سید البشر مطہر عن زیغ البصر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوۃ والسلام کی ظاہراً و باطناً متابعت پر ثابت قدم رکھے (آمین) مصرع

؎ کار این ست وغیر ایں ہم ہیچ

ترجمہ:۔ (کام اصلی ہے یہی اس کے سوا سب ہیچ ہیں)

## ﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۲۰﴾ ؎ قولہ از اَجلِّ نِعَم ۔۔۔۔الله تعالیٰ کی عظیم ترین نعمتوں میں سے ہے۱۲

۱؎ فرا: فا پر زبر سرا کے وزن پر ہے، اس کا معنی ہے سامنے اور پہلے جس کو عربی میں قبل کہتے ہے، یہ لفظ نزدیک و دور اور اوپر کے معنی میں بھی آتا ہے، یہ ایسا کلمہ ہے جو کبھی زائد بھی آتا ہے۱۲

؎ پس از سی سال این معنی محقق شد بخاقانی کہ یکدم با خدا بودن بہ از ملک سلیمانی

ترجمہ: تیس سال کے بعد یہ معنی خاقانی پر حقیقت کی رو سے روشن ہوگیا کہ ایک لحہ خدا کی یاد میں رہنا سلیمان علیہ السلام کی حکومت سے بہتر ہے۱۲

۲؎ اس مصرع کا عربی ترجمہ ہے۔ وَقِسْ مِنْ حَالِ بُسْتَانِیْ رَبِیْعِیْ ۱۲ ترجمہ: میرے باغ کے حال سے میری بہار کو قیاس کرلو

۳؎ قولہ بَحَمَلہ الخ پہلے چاروں حرفوں پر زبر ہے اور یہ حامل کی جمع ہے یعنی اس نورانی نسبت کے حامل اور اس عالی قدر دولت کے اٹھانے والے (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ مراد ہیں)

۴؎ قولہ فرجی، لباس کی ایک قسم ہے جس کا دامن پیچھے سے پھٹا ہوا اور شق ہوتا ہے، میں نے کابل کے بعض علماء سے ایسے ہی سنا ہے، مولانا بحر العلوم نے مثنوی کی شرح میں فرمایا ہے کہ صوفیہ کرام کی عادت یہ ہے کہ درمیان سے پھٹا ہوا لباس پہنتے ہیں اور اس کی آستین نہیں ہوتے اس کا نام فرجی رکھتے ہیں، مولوی ملحقہ اشعار میں فرماتے ہیں: اس نام کی صفائی اور پسندیدگی کو یہ خالص قوم (صوفیہ) اس طرف لے گئے ہیں کہ اس کے چاک کرنے سے اشارہ ہے روحانی فراخی کی طرف، اور یہ صوفی لوگوں نے اپنی نفسانی خودی کو چاک کر کے بقا حاصل کی ہے وہ شخص واقعی صوفی نہیں جس کے پیشِ نظر صرف اس کے نام حرف ہیں کیونکہ اس نے اس اشارے سے اپنے اخلاق درست نہیں کئے انتہیٰ ۔ میر محمد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے: فرجی کا نام اس وجہ سے مشہور ہوا کہ ایک شیخ کو اس لباس کے پھاڑنے کے باعث شرح صدر ہوا تھا اس کے وہ معنی جو پاک وصاف مراد ہیں شیخ کو اس نسبت سے وصل (قرب) حاصل ہوا، اور وہ لباس اور پوشاک جس کے اندر صفائی و پاکیزگی ہے وہ مخلوق کی طبیعتوں میں اثر رکھتی ہے۔ بعض لوگوں نے فرجی (جبہ وقبا) کو ذریعہ معاش بنایا ہوا ہے وہ ہرگز حقیقت کی طرف کشادگی اور وسعت حاصل نہیں کرتے، ہاں کبھی کبھی وسعت وکشادگی حاصل کرتے رہتے ہیں انتہیٰ ۔ جاننا چاہیے کہ فَرَج (ف اور را پر زبر ہے) فرج کے معنی کشائش اور آسائش ہیں اور پہلے حرف پر زبر اور دوسرے پر جزم اور آخر میں جیم ہو تو اس کے معنی مرد و عورت کی شرمگاہ کے ہیں اور بمعنی رخنہ، سوراخ، چھید، شگاف اور روشندان کے علاوہ چیرنا پھاڑنا، کھولنا اور دو چیزوں کے درمیان کشادگی اور رنج وغم دور ہونے کے معنی ہیں۔ از غیاث ومنتخب ۔ مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ دفتر پنجم میں فرماتے ہیں





Marfat.com

" صوفئے بدرید جبہ در حرج پیشش آمد بعد بدریدن فرج "

ترجمہ: ایک صوفی نے حالت وجد میں اپنا جبہ پھاڑ ڈالا پھاڑ ڈالنے کے بعد اس پر کشائش باطنی نازل ہوئی

گشت نام آں پوشی فرجی | آں لقب شد فاش زآن مرنجی
ایں لقب شد فاش و صافش شیخ برد | ماند اندر طبع خلقان حرف درد

ترجمہ: اس لقب سے وہ مشہور ہوا | اور جبہ پوشی میں وہ صاف تھا
اس کو شیخ لے گیا اور مخلوق | کے دل میں صرف دو تلچھٹ رہ گئی

صاف خواہی جبہ بشگاف اے پسر | تا ازاں صفوت بر آری زود سر

ترجمہ: اے پسر اگر تو صاف (تزکیہ نفس) کا چاہنے والا ہے | تو جلدی سے جبہ کو پھاڑ تا کہ اس صفوت (پاکیزگی) سے سر باہر کر سکے

ہست صوفی آنکہ شد صفوت طلب | نہ لباس صوف و خیاطی و دب

ترجمہ: صوفی وہی ہے جو نفس کی پاکیزگی کا حامل ہو | نہ کہ لباس رنگین و نقش کا طلب گار۔

صوفی گشتہ بہ پیشِ این لئام | الخیاطة واللواطة والسلام

ترجمہ: ہمارے زمانہ کے کمینے اس کو صوفی کا خطاب دیتے ہیں | جو نقش و نگار والا جبہ پہنے ہوئے ہو، اور اغلام باز ہو

آگے سلام یعنی بس (مثنوی دفتر پنجم ص ۲۷ تا ص ۷۴)

﴿صہ ۲۱﴾ ۱؎ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا: فَلَمَّا أَنْ جَاءَ الْبَشِيرُ أَلْقَهُ عَلَى وَجْهِهِ فَارْتَدَّ بَصِيرًا (پس جب آ پہنچا خوشخبری سنانے والا (اور) اس نے ڈالی وہ (قمیض) انکے چہرے پر تو وہ فوراً بینا ہو گئے) (سورۃ یوسف آیت ۹۶)

۲؎ اس مصرع کا عربی ترجمہ: وَأَحْسَنُ مَا يُمْلِي حَدِيثُ الأَحِبَّةِ، اور کتنی اچھی ہے وہ جو دوستوں کی بات لکھوائی جاتی ہے۔

..........................................

☆متن ...... بین السطور ...... معانی

☆فتورے ...... سستی و کاہلی ۱۲ ☆یکچشم ...... یک لحہ ۱۲ ...... ایک لحہ ☆ خیال او ...... محبوب حقیقی ۱۲ ...... محبوب حقیقی کا خیال ۱۲ ☆ فرجی ...... نوع از قبا ۱۲ ...... پوشاک کی ایک قسم ۱۲ ☆ از حیز اعتبار ...... مکان و مرتبہ ۱۲ ☆ ساقط است ...... یعنی معتبر نیست ۱۲ ...... یعنی معتبر نہیں ہے ۱۲

..........................................

# ﴿ایک سو تینتالیسواں مکتوب﴾ ﴿۱۴۳﴾

ملا شمس کی طرف صادر فرمایا ...... اس بیان میں کہ جوانی کے زمانے کو غنیمت جانیں اور لہو ولعب میں صرف نہ کریں۔





Marfat.com

فقرا سے محبت رکھنے والے مولانا شمس کو (حق تعالیٰ سبحانہ) توفیق بخشے کہ جوانی کے موسم (زمانہ) کو غنیمت جانیں اور کھیل کود میں صرف نہ کریں اور جوز و مویز (یعنی معمولی چیزوں) کے عوض وقت نہ گزاریں کیونکہ آخر کار ندامت و پشیمانی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا اور (اس وقت کی پشیمانی سے) کچھ نفع نہ ہوگا۔ آگاہ کردینا شرط ہے...... پانچوں وقت نماز با جماعت ادا کریں۔ اور حلال و حرام میں امتیاز رکھیں۔ آخرت کی نجات کا طریقہ صاحب شریعت علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تابعداری میں ہے...... فنا ہونے والی لذتیں اور ضائع ہونے والی نعمتیں منظور نظر نہ ہونی چاہییں۔ حق تعالیٰ ہی نیکیوں کی توفیق دینے والا ہے

﴿اس کا حاشیہ نہیں ہے﴾

☆متن...... بین السطور...... معانی

﴿ص ۲۱﴾ ☆ بلہو...... بازی ۱۲...... کھیل ۱۲ ☆ لعب...... بازی ۱۲...... کھیل ۱۲ ☆ صرف...... خرچ ۱۲ ☆ جوز...... اخروٹ ۱۲ ☆ مویز...... منقا ۱۲

☆ سود...... نفع ۱۲...... فائدہ ۱۲ ☆ فانیہ...... دنیویہ ۱۲...... دنیاوی لذتیں ۱۲...... فنا ہونے والی ہیں ۱۲ ☆ تلذّذات...... جمع

تلذُّذ...... تا اور لام پر زبر ہے، ذال پر شد اور پیش، مزہ حاصل کرنا ۱۲ ☆ تنعّمات...... جمع تنعّم، تا اور نون پر زبر ہے، ع پر شد اور پیش

ہے، اس کے معنی ہیں ناز و نعمت سے پرورش پانا ۱۲ ☆ ھالکہ...... معدوم شوندہ ۱۲...... برباد ہونے والی، فنا ہونے والی ۱۲

..........................

# ﴿ایک سو چوالیسواں مکتوب ﴿۱۴۴﴾﴾

حافظ محمود لاہوری کی طرف صادر فرمایا...... سیر و سلوک کے معنی اور سیر الی اللہ و سیر فی اللہ اور دیگر دو سیروں کے بیان میں جو ان دو سیروں کے علاوہ بعد میں ہیں۔

حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ بطفیل حضرت سید البشر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات جو کجی نظر سے پاک ہیں آپ کے درجات کمالات میں بے حد ترقیات عطا فرمائے۔ ع

از ہر چہ میرود سخنِ دوست خوشتر است

ترجمہ: (دوست کی بات کہیں سے ہو بہت اچھی ہے)

سیر و سلوک حرکت در علم (یعنی انتقالِ علمی) سے مراد ہے جو کہ مقولہ کیف سے ہے۔ حرکتِ اَینِی (یعنی انتقالِ مکانی) کی یہاں گنجائش نہیں ہے...... پس سیر الی اللہ حرکتِ علمیہ سے مراد ہے جو کہ علم اسفل سے علم اعلیٰ تک ہوتی ہے، اور اس اعلیٰ سے دوسرے اعلیٰ تک حتیٰ کہ ممکنات کے علوم پورے طور پر طے کرنے اور کلی طور پر ان کے زائل ہو جانے کے بعد واجب تعالیٰ کے علم تک منتہی ہو جاتی ہے، اور یہ وہ حالت ہے جو فنا سے تعبیر کی جاتی ہے...... اور سیر فی اللہ سے وہ حرکتِ علمیہ مراد ہے جو مراتب وجوب یعنی اسماء و صفات، شیون و اعتبارات اور تقدسیات و تنزیہات میں ہوتی ہے یہاں تک کہ اس مرتبہ تک پہنچ جاتا ہے جس کو کسی عبارت سے تعبیر نہیں کر سکتے اور نہ اس کی طرف اشارہ ہو سکتا ہے اور نہ کسی نام سے اس کو موسوم کیا جا سکتا ہے، اور نہ کسی کنایہ سے اس کا اظہار ہو سکتا ہے، اور نہ کوئی عالم اس کو جان سکتا ہے اور نہ کوئی مدرک اس کا ادراک کر سکتا ہے، اس سیر کا





Marfat.com

نام بقار کھا گیا ہے......اور سیر عن اللہ باللہ جو تیسری سیر ہے اس سے بھی وہ حرکت علمیہ مراد ہے جو کہ علمِ اعلیٰ سے علمِ اسفل کی طرف نیچے آتی ہے اور اسفل سے اسفل کی طرف یہاں تک کہ ممکنات کی طرف پسِ پا (پیچھے کی طرف) رجوع کرتی ہے اور تمام مراتبِ وجوب کے علوم سے نزول کرتی ہے اور یہ وہ عارف ہے جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ وابستہ ہو جانے کی وجہ سے سب کچھ بھلانے والا اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ رجوع کرنے والا ہے، وہ واجد فاقد (پانے والا گم کرنے والا) اور واصل مہجور (ملنے والا فراق زدہ) اور قریب بعید (نزدیک دور) ہوتا ہے......اور چوتھی سیر جو کہ اشیاء میں سیر (سیر فی الاشیاء باللہ) ہے، اس سے مراد یکے بعد دیگرے اشیاء کے علوم کا حاصل ہونا ہے جبکہ تمام اشیاء کے علوم سیرِ اوّل میں ضائع ہو چکے تھے، پس سیرِ اوّل سیر چہارم کے بالمقابل ہے اور سیرِ سوم سیرِ دوم کے بالمقابل جیسا کہ بیان ہوا......اور سیرِ الی اللہ اور سیرِ فی اللہ نفسِ ولایت کے حاصل کرنے کے لئے ہیں جس کو فنا و بقا سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ اور تیسری اور چوتھی سیر مقامِ دعوت کے حصول کے لئے ہے جو کہ انبیائے کرام و رسل عظام صلوات اللہ تعالیٰ وتسلیماتہٗ علیٰ جمیعہم عموماً و علیٰ افضلہم خصوصاً کے ساتھ مخصوص ہے اور ان کے کامل متبعین کو بھی ان بزرگواروں علیہم الصلوات والتسلیمات کے مقام سے حصہ حاصل ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ (یوسف: ۲، آیت ۱۰۸) (آپ کہہ دیجئے یہی میرا راستہ ہے، میں اللہ تعالیٰ کی طرف بلاتا ہوں میں اور میرے متبعین بصیرت (دلیل محکم) پر ہیں)......یہ بیان ابتدا اور انتہا سے متعلق ہے جس کے ذکر سے مقصود یہ ہے کہ اس (اللہ تعالیٰ) کا ذکر بلند کرنا اور طالبانِ (حق) کے اندر شوق پیدا کرنا ہے۔

بر شکر غلطید اے صفرائیاں از برائے کوری سودائیاں

ترجمہ:۔ (خوب لوٹو قند پر صفرائیو جب تلک دیکھے نہ سودائی تمہیں)

اور ان لوگوں پر سلامتی ہو جو ہدایت کی اتباع کریں اور آنحضرت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰت والتسلیمات کی متابعت کو لازم کریں۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۲۲﴾ ۱ قولہ حرکت در علم یعنی علمی طور پر منتقل ہونا ۱۲

۲ قولہ کیف، جان لو کہ موجودات جوہر ہیں یا عرض، جوہر کی دو قسمیں ہیں مجرد یا مادی، عرض کی نو قسمیں ہیں۔
۱۔ الکم۔ ۲۔ الکیف۔ ۳۔ الاین۔ ۴۔ المتی۔ ۵۔ الاضافہ۔ ۶۔ الملک۔ ۷۔ الوضع۔ ۸۔ الفعل۔ ۹۔ الانفعال۔ الکیف۔ وہ عرض ہے جس کا سمجھنا غیر کے سمجھنے پر موقوف نہ ہو اور تقسیم کا تقاضا نہیں کرتی اللاقسمۃ اپنے محل میں اول اقتضاء کے طور پر ہے، الکیف کئی کیفیات کی طرف منقسم ہوتا ہے، کیفیات محسوسہ راسخہ وغیر راسخہ کیفیات نفسانیہ، اور علم صحیح قول کے مطابق کیفیات سے ہے، اور اسی طرف اشارہ کیا ہے امام ربانی قدس سرہ نے اس قول کے مطابق جو کیف کے مقولہ سے ہے ۱۲

۳ قولہ حرکتِ اینی یعنی انتقال مکانی ۱۲

۴ یہاں تک کہ اس مرتبہ تک پہنچ جاتا ہے جس کو کسی عبارت سے تعبیر نہیں کر سکتے، اور نہ اسکی طرف اشارہ ہو سکتا ہے، اور نہ کسی نام سے اسکو موسوم کیا جا سکتا ہے اور نہ کسی کنایہ سے اس کا اظہار ہو سکتا ہے اور نہ کوئی عالم اس کو جان سکتا ہے اور نہ کوئی مدرک اس کا ادراک کر سکتا ہے، اس سیر کا نام بقار کھا گیا ہے ۱۲

۵ یہ اشارہ اس آیت کی طرف ہے جو سورہ یوسف کے آخر میں ہے یعنی اے محمد آپ کہہ دیجئے یہی میرا راستہ ہے، میں اللہ تعالیٰ





Marfat.com

کی طرف بلاتا ہوں، میں اور میرے متبعین بصیرت (دلیل محکم) پر ہیں ۱۲

شیون الخ جان لو کہ شیونات الٰہی خالص ذات جل شانہ کی فرع ہیں اور اللہ تعالیٰ کی صفات شیونات پر متفرع ہیں، اور اسماء جیسے خالق اور رازق صفات پر متفرع ہیں۔ اور افعال اسماء پر متفرع ہیں اور ساری موجودات افعال کے نتائج اور انہی پر متفرع ہیں۔ پس شیون اور ہے اور صفات اور اولیٰ (شیونات) عین ذات ہیں اور ثانیہ (صفات) ذات پر زائد ہیں خارج ہیں اور جو اس فرق پر مطلع نہیں ہے اور گمان کرتا ہے کہ شیون صفات ہی ہیں پس وہ ذات الٰہی کے ساتھ صفات کی عینیت کا حکم کرتا ہے شیون کی طرح، تو اس سے اہل حق کے اجماع کا انکار لازم آتا ہے صفات کی زیادتی سے ۱۲

معارف الدنیه مع الاختصار۔

تنویه، بلند کرنا اور کوئی چیز پڑھنا ۱۲ من

بر شکر الخ شعر کا عربی میں ترجمہ:

وَتَهَا فَتُوافِیْ سُکْرٍ یَا أَهْلَ صَفْرَ رَاءَ لِاَجْلِ تَغَافُلِ السَّودَاوِی

ترجمہ: اے صفرا والو! شکر پر جلدی دوڑو، سوداویوں کی غفلت کی وجہ سے

..............................

☆ متن...... بین السطور...... معانی

﴿صہ ۲۲﴾ ☆ بِاَسْرِھَا...... بتامہا ۱۲...... پورے طور پر ۱۲...... اعتبارات، تفسیر ۱۲...... یہ پہلے کی تفسیر ہے ۱۲ ☆ تنزیہات...... تفسیر ۱۲...... یہ پہلے کی تفسیر ہے ۱۲ ☆ سیر الی اللہ الخ...... بیان نتائج وثمرات واغراض سیر ہائے مذکور ۱۲...... مذکورہ سیروں کے نتائج، ثمرات اور مقاصد کا بیان ہے ☆ دعوت است الخ...... خلق بحق تعالیٰ ۱۲...... یعنی مخلوق کو اللہ کی طرف دعوت دینا ۱۲

..............................

# ایک سو پینتالیسواں مکتوب ﴿۱۴۵﴾

ملا عبدالرحمٰن مفتی کی طرف صادر فرمایا...... اس بیان میں کہ مشائخ طریقہ عالیہ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم نے سیر کی ابتدا عالم امر سے اختیار کی ہے اور اس بیان میں کہ اس طریقہ کے بعض مبتدیوں پر جلدی تاثیر نہ ہونے کا کیا راز ہے۔

ثَبَّتَنَا اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَاِیَّاکُمْ عَلٰی جَادَّةِ الشَّرِیْعَةِ الْمُصْطَفَوِیَّةِ عَلٰی صَاحِبِهَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَالتَّحِیَّةُ وَیَرْحَمُ اللّٰهُ عَبْدًا قَالَ اٰمِیْنًا (اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو شریعتِ مصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیہ کی شاہراہ پر ثابت قدم رکھے اور اس بندے پر بھی رحم فرمائے جو "آمین" کہے۔

طریقہ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم نے سیر کی ابتدا عالمِ امر سے اختیار کی ہے اور عالمِ خلق کی سیر کو اسی سیر کی ضمن میں طے کرتے ہیں، بخلاف دوسرے سلاسلِ مشائخ کے کہ ان (کی سیر) کی ابتداء خلق سے ہوتی ہے اور عالمِ خلق کی سیر طے کرنے کے بعد عالمِ امر میں قدم رکھتے ہیں۔ اور جذبہ کے مقام پر پہنچ جاتے ہیں، لہٰذا طریقہ نقشبندیہ اقرب ترین راستہ ہوا۔ پس لازماً دوسروں کی انتہا ان کی ابتدا میں درج ہوئی۔





Marfat.com

قیاس کن ز گلستانِ من بہار مرا

ترجمہ:۔ (چمن کو دیکھ کے اس کی بہار کو سمجھو)

اس طریقہ عالیہ نقشبندیہ کے بعض طالب ایسے ہوتے ہیں کہ ان کی سیر کی ابتدا عالمِ امر سے ہوتی ہے لیکن جلدی متاثر نہیں ہوتے اور لذت وحلاوت جو جذبہ کا مقدمہ ہے اپنے اندر جلدی پیدا نہیں کرتے، اس کی وجہ یہ ہے ان میں عالم خلق کی نسبت عالمِ امر ضعیف واقع ہوا ہے اور یہی ضعف اثر پذیری میں رکاوٹ وسدِ راہ ہوتا ہے، اور یہ تاثیر کا دیر سے ہونا اس وقت تک متحقق ہے جب تک کہ ان میں عالمِ امر کو عالمِ خلق پر غلبہ اور قوت حاصل نہ ہو جائے اور معاملہ برعکس نہ ہو جائے۔ اس ضعف کا علاج طریقہ عالیہ کے مناسب یہ ہے کہ کوئی صاحب تصرف پورے طور پر تصرف سے کام لے......اور وہ علاج جو دوسرے طریقوں کے مناسب ہے وہ پہلے تزکیہ نفس ہے پھر ریاضتیں اور سخت مجاہدے جو شریعت علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے مطابق ہوں کرائے جائیں......اور جاننا چاہیے کہ تاثیر کا دیر سے ہونا استعداد کے کم ہونے کی علامت نہیں ہے اکثر کامل استعداد والے حضرات بھی اس بلا میں مبتلا رہتے ہیں۔ والسلام

---

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿ص۲۳﴾ قولہ تاثیر: اثر کرنا و تأثر، اثر قبول کرنا ۱۲

قولہ بُطوء، با پر پیش ہے، اس کا معنی ہے دیر کرنا اور آہستگی، جلد بازی اور تیزی کی ضد ۱۲

..................

☆متن......بین السطور......معانی

☆سر......راز ۱۲ ☆بُسرعت......بزودی ۱۲......جلدی، تیزی ۱۲ ☆ جادۃ......شاہراہ ۱۲......صحیح راستہ ۱۲ ☆سائر......باقی، بقایا ☆ التذاذ......لذت ۱۲......مزہ ۱۲ ☆ حلاوت......شیرینی ۱۲......مٹھاس ۱۲ ☆سَدِ راہ......مانع و حائل ۱۲......راستے کی رکاوٹ کرنے والا اور حائل ہونے والا ۱۲ ☆ مبتلا......گرفتار ۱۲...... پھنسا ہوا، پکڑا ہوا، مشغول ۱۲

..................

# ﴿ایک سو چھیالیسواں مکتوب ۱۴۶﴾

شرف الدین حسین بدخشی کی طرف صادر فرمایا......سبق کے تکرار کرنے کی نصیحت میں

میرے فرزند شرف الدین حسین کا مکتوب موصول ہوا۔ لِلّٰہِ سُبْحَانَہٗ اَلْحَمْدُ وَالْمِنَّۃُ (اللہ سبحانہٗ کی حمد اور اس کا احسان ہے) کہ آپ کو فقراء کی یاد کی سعادت حاصل ہے۔ وہ سبق جو آپ نے حاصل کیا تھا اس کے تکرار سے اپنے وقت کو معمور رکھیں اور فرصت کو ضائع نہ کریں ایسا نہ ہو کہ دنیائے فانی کا کروفر آپ کو بھٹکا دے اور چند روزہ کی شان وشوکت آپ کو بے مزہ کر دے۔ بیت





Marfat.com

؎ ہمہ اندر زمن بتوا ینست که تو طفلے و خانہ رنگین است

ترجمہ:۔(بس یہی ایک نصیحت ہے تجھے تو ہے ناداں ، زمانہ ہے رنگین )

یہ کس قدر بڑی نعمت ہے کہ حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ اپنے کسی بندے کو عنفوانِ شباب (جوانی) میں توبہ کی توفیق عطا کر دے اور اس پر استقامت بخشے۔ کہہ سکتے ہیں کہ تمام دنیا کی نعمتیں اس نعمت کے مقابلے میں ایسی ہیں جیسا کہ دریائے عمیق کے مقابلے میں شبنم کا قطرہ، کیونکہ وہ نعمت حق تعالیٰ سبحانہٗ کی رضامندی کا موجب ہے جو کہ تمام دنیوی وآخروی نعمتوں سے بڑھ کر ہے۔وَرِضۡوَانٌ مِّنَ اللّٰہِ اَکۡبَرُ (سورۃ توبہ:۹،آیت:۷۲)(اور اللہ تعالیٰ کی رضامندی سب سے بڑی نعمت ہے)اور سلام ہو اس پر جو ہدایت کی پیروی کرے اور حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کی متابعت کو اپنے اوپر لازم کر لے۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۲۴﴾ ا۔ گرز ،کاف پر زبر اور را پر شد ہے، واپس لوٹنا،لوٹانا، واپس پھیرنا، اور حملہ کرنا، اور قولہ فرّ فا پر زبر اور را پر شد، عربی میں اس کا معنی ہے بھاگنا اور فارسی میں فا پر زبر را پر جزم، شان وشوکت اور روشنی وعکس کے معنی میں ہے۱۲

۲۔ قولہ طُمطراق، دونوں طا پر پیش کے ساتھ، کروفر اور شان وشوکت کے معنی میں ہے اور بعض نے کہا ہے طُم بمعنی بلندی اور طراق بمعنی عمدہ آواز اور طمطراق مذکورہ دو لفظوں سے مرکب ہے۱۲

۔ مُستعِد، اِستِعداد سے اسم فاعل ہے، نیک بختی اور سعادت مندی تلاش کرنے والا، مدد اور دوستی کا خواہشمند

۔ عنفوان، عین اور فا پر پیش ہے، ہر چیز کا اول، جوانی کی ابتدا اور نوعمری۱۲

.........................................

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ۲۴﴾☆معمور......آباد۱۲☆فانیہ......دنیا۱۲☆طُمطراق......کروفر۱۲......شان وشوکت☆اندرز......پہلے اور تیسرے حرف پر زبر ہے، بمعنی نصیحت ووصیت۱۲☆جنب......پہلو......مقابلے والا☆عمیق......ژرف۱۲......گہرا......ڈوہنگا۱۲

.........................................

# ایک سو سینتالیسواں مکتوب ﴿۱۴۷﴾

خواجہ محمد اشرف کابلی کی طرف صادر فرمایا......اس بیان میں کہ گسستن (توڑنا) پیوستن (جوڑنا) پر مقدم ہے، یا پیوستن (جوڑنا) گسستن (توڑنے) پر۔

حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ بحرمۃ سید المرسلین علیہ وعلیہم وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات اتمہا آپ کو کمال کے درجوں میں ترقیات عطا فرمائے......مشائخِ طریقت قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کی ایک جماعت نے گسستن (توڑنا یعنی مخلوق سے علیحدگی) کو پیوستن (جوڑنا یعنی حق تعالیٰ کے ساتھ وابستگی) پر مقدم رکھا ہے، اور دوسری جماعت کے بزرگواروں نے پیوستن کو گسستن پر مقدم کیا ہے، اور تیسرے گروہ نے سکوت اختیار کیا ہے......ابوسعید خراز قدس سرہ فرماتے ہیں کہ ''جب تک تو مخلوق سے چھٹکارا حاصل نہ کر لے اس وقت تک حق سبحانہٗ وتعالیٰ کو نہیں پا سکتا، یا جب تک اس (حق تعالیٰ کو نہ پالے اس وقت تک مخلوق



Marfat.com

سے چھٹکارا حاصل نہیں ہوسکتا۔اور میں نہیں جانتا کہ (ان دونوں میں) کونسا کام پہلے کرنا ہے۔" ان سطور کا راقم (یعنی حضرت مجدد) کہتا ہے کہ گسستن اور پیوستن یہ دونوں ایک ہی وقت میں متحقق ہیں، گسستن کو پیوستن سے جدا کرنا جائز نہیں ہے اور پیوستن گسستن کے بغیر ناممکن ہے، حاصل کلام یہ ہے کہ اگر پوشیدگی ہے تو وہ تقدم ذاتی میں اور دونوں کے ایک دوسرے کی علّت ہونے کے تعین میں ہے..... شیخ الاسلام ہروی قدس سرہ طریقۂ ثانی کو اختیار فرماتے ہیں کہ اسطرف سبقت کرنا بہتر ہے لیکن ایک جماعت ایسی ہے کہ انہوں نے گسستن کو مقدم رکھ کر سبقت کا انکار نہیں کیا۔ان کی مراد پیوستن سے ظہور تام ہے اور اس ظہورِ تام کی سبقت کا انکار ظہور مطلق کی سبقت کے منافی نہیں ہے کیونکہ ظہور مطلق گسستن پر مقدم ہے اور ظہور تام اس سے مؤخر ہے۔"

اس تحقیق کے مطابق یہ بحث لفظی رہ جاتی ہے، لیکن گروہ اول کی نظر بلند ہے کہ قلیل کو قابلِ اعتبار نہیں سمجھتے ......اور جاننا چاہیے کہ اس توجیہ کے مطابق تقدمِ زمانی بھی پیدا ہوجاتا ہے۔فَافْهَمْ وَاللّٰهُ سُبْحَانَهُ الْمُلْهِمُ لِلصَّوَابِ (پس جان لو کہ اللہ سبحانہ بہتری کی طرف الہام کرنے والا ہے)

بہر حال گسستن اور پیوستن کا بیان ہونا ضروری ہوا کیونکہ مرتبہ ولایت ان ہی دونوں مرتبوں سے وابستہ ہے اور ان دونوں مرتبوں کے حصول کے بغیر خاردار درخت پر ہاتھ پھیرنے کے مانند ہے۔

(ولایت کا) پہلا مرتبہ سیر الی اللہ سے وابستہ ہے اور دوسرا مرتبہ سیر فی اللہ سے اور ان دونوں سیروں کے مجموعہ والا ولایت کے کمال کے مرتبہ پر اپنے اپنے درجوں کے فرق کے مطابق پہنچتا ہے، اور دوسری دو سیریں (یعنی سیر عن اللہ باللہ اور سیر فی الاشیاء) تکمیل حاصل کرنے اور درجہ دعوت تک پہنچنے کے ہیں۔ع

ے بانگِ دو کردم اگر درده کس است

ترجمہ:۔ (میں نے دو دفعہ آواز لگادی اگر کوئی بستی میں ہے تو سن لے گا)

والسلام

---

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۲۴﴾ ۳ (مشائخ) کہتے ہیں جب تک (نفسانی خواہشات کو) ترک نہ کرے گا خدا کو نہ پائے گا۔

۴ (بزرگ) فرماتے ہیں حب تک اللہ تعالیٰ کو نہ پائے گا خواہشات کو نہ ترک کر سکے گا ۱۲

۵ یعنی (مشائخ نے) پہلے اور بعد کا حکم نہیں کیا بلکہ خاموشی اختیار کی ہے اور اللہ سبحانہ کے سپرد کیا ہے اور لا اعلم اور لا ادری (میں نہیں جانتا) کہا ہے اور انہوں نے فرمایا ہے۔ میں اس سے نہیں ملا جب تک اپنے نفس سے منقطع نہیں ہوا، اور اپنے نفس سے میں جدا نہیں ہوا جب تک اس ذات سے نہیں ملا کون پہلے تھا خواہ پتھر گھڑے پر ماریں یا گھڑا پتھر پر ماریں نتیجہ برابر ہے

۶ قولہ راقم یعنی حضرت امام ربانی قدس سرہ ۱۲

ے شیخ ابوسعید خراز قدس سرہ کے کچھ حالات مکتوب اول کے حاشیہ میں لکھے گئے ہیں ۱۲

﴿صہ ۲۵﴾ ۱ قولہ مؤخر ازان، حاصلِ مطلب یہ ہے کہ ملنا اس طور پر کہ جیسا بھی ہو کٹنے اور ترک کرنے پر مقدم ہے لیکن وہ ملنا جو تمام و کمال طور پر ہو وہ کٹنے اور چھوڑنے سے مؤخر ہے اور مرتب ہے اس ترتیب ذاتی پر بلکہ ترتیب زمانی پر، جیسا کہ انہوں نے فرمایا ہے زمانے کے اعتبار سے مقدم ہونا ظاہر ہوگیا ہے یعنی اگرچہ بعض شخصوں کی نسبت سے ہوا اور بعض افراد کی نسبت سے کامل طور پر





Marfat.com

ظاہر ہونے کیلئے، پس غور کرو سچا غور وفکر کرنا کیونکہ تمہارے لئے یہ ضروری ہے۱۲

۲ قولہ بلفظ راجح، لیکن معنوں میں کچھ نزاع نہیں ہے کیونکہ فریقین میں سے ہر ایک دوسرے کی مراد کا قائل ہے۱۲

۳ قولہ تقدم زمانی، یعنی زمانے اور وقت میں پہلے ہونے والا مقدم ہوتا ہے اور وقت وزمانے میں پیچھے ہونے ولا بعد میں ہوتا ہے۔ یہ حالت زمانوں اور اوقات کے لحاظ سے ہے، لیکن زمانے کا اپنے اجزا میں اول وآخر ہونا یہ معنی مراد نہیں ہیں۱۲

۴ یعنی یہ دونوں مسافتیں طے کئے بغیر مرتبہ ولایت کا خواہشمند ہونا، کانٹے دار درخت (جس کا نام قتاد ہے) پر ہاتھ مارنے کی طرح ہے، مطلب یہ کہ بے فائدہ محنت اور تکلیف اٹھانا ہے۱۲

۵ یعنی سیر عن اللہ باللہ اور سیر فی الاشیاء جاننا چاہیے کہ ان چاروں سیروں کے معانی قریب ہی مکتوب نمبر ۱۴۴ میں شرح کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں (وہاں سے ملاحظہ کئے جائیں)۱۲

ـ ہَروی ہا اور را پر زبر ہے، خراسان کے شہر ہرات کی طرف منسوب ہے۱۲

ـ مطلق پیوستن (ملنے ملانے) سے قلیل یعنی تھوڑے میں مقدم کا اعتبار نہیں کرتے، منقطع ہونے کو مقدم کرنے کا حکم ملنے ملانے پر کرتے ہیں۱۲

ـ اس کا پہلا مصرع ہے۔ بس کنم خود زیرکا نرا این بس است۔ ترجمہ: اب میں بس کرتا ہوں کہ عقلمند کو اتنا ہی کافی ہے۱۲

..........................................

☆متن ...... بین السطور...... معانی

☆گسستن ...... از خلق۱۲...... یعنی مخلوق سے تعلق قطع کرنا ۱۲ ☆ پیوستن ...... بحق ۱۲...... یعنی اللہ تعالیٰ سے ملنا، قریب ہونا، تعلق جوڑنا ۱۲ ☆ جمعے ...... یعنی مشائخ ماوراء النہر۱۲...... علاقہ توران کے مشائخ کی جماعت۱۲ ☆ جمعے دیگرے ...... یعنی مشائخ عراق ۱۲...... یعنی مشائخ عراق کی جماعت ۱۲ ☆ تقدم ذاتی ...... یعنی تقدم محتاج الیہ برمحتاج ۱۲...... یعنی محتاج پر محتاج الیہ کو مقدم کرنا ۱۲ ☆ شیخ الاسلام ...... شمہ احوال شان بحاشیہ مکتوب صد وششم بمعرض تحریر آوردہ است۱۲...... ان کے مختصر حالات مکتوب ۱۰۶ کے حاشیہ پر درج کئے گئے ہیں ۱۲ ☆ مینماید ...... یعنی پیوستن را بر گسستن تقدیم میدد ۱۲...... یعنی پیوستن (ملنے ملانے) ☆ کو گسستن ...... (ٹوٹنے، کٹنے) پر مقدم کرتے ہیں۱۲ ☆ ازان طرف ...... حق تعالیٰ وتقدس۱۲...... اللہ تعالیٰ کی طرف سبقت بہتر ہے ۱۲ ☆ بل اَمّا ...... مقول حضرت امام ربانی قدس سرہ ۱۲...... حضرت امام ربانی علیہ الرحمۃ کا قول ہے ۱۲ ☆ سبقت ...... یعنی سبقتِ مطلقہ بلکہ اولویت اولیت کہ منطوق لفظ نکوست۱۲...... یعنی مطلق سبقت بلکہ اولیٰ اور اول ہونا جو لفظ نکوست کا مفہوم ہے۱۲ ☆ ایشان ...... فریقین۱۲...... دونوں گروہ۱۲ ☆ اَمّا نظر ...... ترجیح ۱۲...... اس قول میں ترجیح کا ذکر ہے ۱۲ ☆ نظر طائفہ اولیٰ بلند است ...... کہ گسستن را بر پیوستن مقدم داشتہ اند۱۲...... یعنی پہلی جماعت کا نظریہ بہتر ہے جو مخلوق سے چھٹکارے کو خدا سے ملنے پر مقدم رکھتے ہیں ۱۲ ☆ قلیل ...... علت ۱۲...... اس قول میں علت اور وجہ کا بیان ہے۲ ☆ واللہ ...... وخدائے پاک است الہام کنندہ حق۱۲...... یعنی اللہ سبحانہ بہتری کی طرف الہام کرنے والا ہے۱۲ ☆ بہر حال ...... بیان آنچہ لا بدو ضرور است ۱۲...... اس کا بیان جو بہت ضروری ہے ۱۲ ☆ منوط ...... معلق۱۲...... آویختہ شدہ۱۲...... لٹکا ہوا، ...... وابستہ ۱۲ ☆ دعوت ...... خلق ...... بحق ۱۲...... مخلوق کو حق کی طرف بلانا۱۲

..........................................





Marfat.com

# ایک سواڑتالیسواں مکتوب (۱۴۸)

ملا صادق کابلی کی طرف صادر فرمایا...... اس بیان میں کہ صاحب رَیّ (سیراب ہونے کا مدعی) بے حاصل ہوتا ہے اور مشائخ کی روحانیات اور ان کی امداد سے ہرگز مغرور نہ ہوں کیونکہ مشائخ کی صورتیں فی الحقیقت شیخ مقتدا کے لطائف ہیں۔

آپ کے دو مکتوب پے در پے موصول ہوئے، مکتوبِ اول میں حصولی اور سیری (حاصل ہونے کی) خبریں تھیں اور دوسرے مکتوب میں تشنگی اور بے حاصلی کا اظہار تھا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سُبْحَانَہٗ، کہ اعتبار آخری بات کا ہوتا ہے۔ سیرابی کا اظہار کرنے والا شخص بے حاصل ہے اور جو اپنے کو بیکار و بے حاصل سمجھے وہ واصل ہے...... آپ سے بار بار کہا گیا ہے کہ مشائخ کی روحانیات اور ان کی امداد سے (دھوکے میں نہ پڑ جائیں اور اس پر) مغرور نہ ہوں کیونکہ مشائخ کی صورتیں حقیقۃً شیخ مقتدا کے لطائف ہیں جو کہ ان شکلوں میں ظاہر ہوئے ہیں، قبلہ توجہ کے لئے وحدت شرط ہے توجہ کو پراگندہ کرنا نقصان کا باعث ہے۔ عِیَاذًا بِاللّٰهِ سُبْحَانَہٗ، (حق تعالیٰ سبحانہٗ کی پناہ)...... دوسری بات یہ ہے کہ آپ سے بار بار اور تاکید کے ساتھ کہا گیا ہے کہ دنیاوی کاموں کو مختصر رکھیں تا کہ جلدی سے کام انجام پا جائے۔ ضروری کام کو چھوڑ کر غیر ضروری اور بے فائدہ کاموں میں مشغول ہونا عقل و دانش سے بہت دور ہے، لیکن آپ خود اپنی رائے پر چلتے ہیں، کسی کی بات آپ میں کم اثر کرتی ہے باقی آپ جانیں۔ قاصد کا کام پیغام پہنچا دینا ہے۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص ۲۵﴾ ۱ حدیث اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالْخَوَاتِیْمِ (متفق علیہ) کی طرف اشارہ ہے جس کا ترجمہ ہے، اعمال کا دار و مدار صرف خاتمے پر ہے، یعنی اعمال کا اعتبار نہیں مگر ان کے خاتمے پر جس عمل پر خاتمہ ہوگا اسی کا اعتبار ہوگا ۱۲

۲ قولہ بے حاصل است، یعنی جو حاصل ہو جائے اس پر قناعت نہ کرنا چاہیے بلکہ بلند ہمت ہونا چاہیے اور ترقی کرنے کے خواہشمند ہونا چاہیے اور رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا (اے میرے رب مجھے زیادہ علم عطا فرما) کا نعرہ لگانا چاہیے یہ دوسرا کام ہے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ لن یشبع المؤمن من خیر بسمعہ حتی یکون منتہاہ الجنۃ، رواہ الترمذی یعنی مسلمان اچھی بات سننے سے سیر نہیں ہوتا یعنی علم دین سے، یہاں تک کہ اس کے کام کا انجام بہشت ہوتا ہے مطلب یہ کہ وہ آخر عمر تک علم حاصل کرنے میں مشغول رہتا ہے ۱۲

..........................................

☆ متن...... بین السطور...... معانی

☆ رَیّ...... را پر زبر اور زیر دونوں پڑھے جاتے ہیں یا پر شد ہے، معنٰی ہے سیر ہونا ۱۲ ☆ مغرور نہ شوند...... واز شیخ خود مستغنی نبوند ۱۲...... اپنے شیخ سے بے نیاز نہیں ہوتے ۱۲ ☆ اِنبا...... الف کے نیچے زیر کے ساتھ، آگاہ کرنا اور خبر دینا ۱۲ ☆ بے حاصلی...... خبر داد ۱۲...... خبر دی ہے ۱۲ ☆ خسران...... زیانکاری است ۱۲...... نقصان دہ ہے ۱۲ ☆ مغرور...... فریفتہ ۱۲...... مفتون ۱۲ ☆ لاطائل...... بے فائدہ ۱۲

..........................................

جلد دفتر سوم مکتوبات امام ربانی حصہ



Marfat.com

# ایک سوانچاسواں مکتوب (۱۴۹)

یہ مکتوب بھی ملا صادق کی طرف صادر فرمایا......اس بیان میں کہ اگرچہ مسبب الاسباب حق تعالی نے چیزوں کو اسباب کی بنیاد پر مرتب فرمایا ہے لیکن یہ کیا ضروری ہے کہ نظر کو سبب ہی پر مرکوز کردیا جائے۔

میرے بھائی مولانا محمد صادق! تعجب ہے کہ آپ نے خود کو مکمل طور پر عالم اسباب کے اوپر چھوڑ رکھا ہے۔ ہر چند مسبب الاسباب تعالیٰ وتقدس نے چیزوں کو اسباب پر مرتب فرمایا ہے لیکن یہ کیا ضروری ہے کہ ہم اپنی نظروں کو اسباب معین ہی پر مرکوز رکھیں۔ مصرع

ــــ گر درے بستہ شد اے دل دگرے بکشائید
(کھلے دوسرا دَر جو ہے ایک بَند)

اس قسم کی کوتاہ نظری (آخرت سے) بے تعلقی کی بنا پر معلوم ہوتی ہے، آپ جیسے آدمی سے ایسی باتوں کا اظہار فعل قبیح ہے کسی وقت اپنے حال پر بھی غور وفکر کرنا چاہیے اور اس برائی کو سمجھنا چاہیے۔ فقیروں کے لباس میں رہ کر اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کی مبغوضہ (ناپسندہ دنیا) کی تلاش وجستجو میں لگا رہنا بہت ہی بری بات ہے......تعجب ہے کہ یہ بری چیز تمہاری نظر میں کیسے بھلی معلوم ہوتی ہے۔ دنیاوی کاموں کے حاصل کرنے میں ضرورت کے مطابق ہی کوشش کرنی چاہیے، تمام عمر اس (دنیا طلبی) میں مصروف رہنا اور اپنی زندگی کو اسی کے پیچھے گزار دینا محض بے وقوفی ہے (چند روزہ) فرصت کو غنیمت جانیں۔ ہزار افسوس اس شخص پر جو بے فائدہ کاموں میں (وقت) صرف کردے۔ آگاہ کردینا شرط ہے۔ مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلَاغُ (بر رسولاں بلاغ باشد وبس، قاصد کے ذمہ صرف پہنچادینا ہے)......لوگوں کے (بُرا بھلا) کہنے سے تنگدل نہ ہوں، وہ باتیں جو لوگ آپ کی طرف منسوب کرتے ہیں اگر آپ میں نہیں ہیں تو کوئی غم نہیں۔ کتنی بڑی خوش نصیبی ہے کہ لوگ اس کو برا جانیں جبکہ وہ حقیقۃً نیک ہے۔ اگر معاملہ اس کے برعکس ہو تو خطرہ کی بات ہے۔ والسلام



﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ۲۶﴾ ــــ یعنی پوری طرح خود اسباب کی طرف متوجہ ہو۱۲

ــــ بیت خدا از حکمت بہ بند د درے کشا ید بفضل و کرم دیگرے

ترجمہ: اگر خدا تعالیٰ کسی حکمت کی وجہ سے ایک دروازہ بند کردے تو اپنے فضل وکرم سے دوسرا دروازہ کھول دیتا ہے۱۲

ــــ مستھجن، یعنی مستقبح یعنی قبیح اور مکروہ جس کو برا اور عیب دار سمجھا جائے۱۲

ــــ سفاہت سین پر زبر ہے گھٹیاپن، بے وقوفی اور کم عقلی۱۲

۲ــــ اگر عکس......یعنی لوگ کسی کو نیک جانیں اور حقیقت میں وہ برا ہو۱۲

۳ــــ محلِ خطراست، حضرت شیخ سعدی فرماتے ہیں،

ــــ نیک باشی و بدت گوید خلق بہ کہ بد باشی و نیکت بینند

ترجمہ: تو نیک ہو اور لوگ تجھے برا سمجھتے ہوں، اس سے بہتر ہے کہ تو بد ہو اور لوگ تجھے نیک گمان کرتے ہوں۱۲



Marfat.com

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۲۶﴾☆بے مناسبتی ......آخرت اور اہل آن ۱۲......آخرت اور آخر کو چاہنے والے ۱۲☆خود فرو باید رفت ......یعنی در حال خود تفکر باید نمود ۱۲......یعنی اپنے حالات پر خود غور کرنا چاہیے ۱۲☆شناعت ......زشتی و بدی ۱۲......برائی اور بدشکلی ۱۲☆کسوت ......لباس ۱۲......لباسِ فقیرانہ ۱۲☆مبغوضہ ......یعنی دنیائے دنیہ ۱۲......کمینی دنیا ۱۲☆بلا مستنکر ......بسیار ۱۲......بہت بری ۱۲☆امور لا طائل ......کارہائے بے فائدہ ۱۲......بے فائدہ کام ۱۲☆میکنند ......مردم ۱۲......لوگ منسوب کرتے ہیں ۱۲☆نیک ......اور ۱۲......وہ نیک ہو، اچھا ہو ۱۲☆محلِ خطر ......خا اور طا پر زبر ہے، ہلاکت کے قریب ہونا ۱۲

.....................................................

# ﴿ایک سو پچاسواں مکتوب ۱۵۰﴾

خواجہ محمد قاسم کی طرف صادر فرمایا......اس بیان میں کہ مطلوبیت کے لائق حضرت واجب الوجود تعالیٰ وتقدس کے علاوہ کوئی نہیں ہے۔

برادرم خواجہ محمد قاسم کا محبت نامہ موصول ہو کر خوشی کا باعث ہوا۔ دنیاوی پراگندگی کے حالات و اسباب اور ظاہری احوال کی مختلف کیفیات سے تنگدل نہیں ہونا چاہیے، ان حالات کا کچھ خیال نہ کریں کیونکہ یہ جہان فنا کے محل میں ہے، یہاں حق تعالیٰ سبحانہٗ کی مرضیات کے مطابق (اپنی زندگی) گذر بسر کرنی چاہیے، اس کے ضمن میں تنگی ہو یا فراخی ......مطلوبیت کی شان کے لئے سوائے ذات واجب الوجود جل شانہٗ کے کوئی نہیں، خصوصاً آپ جیسے عزیز دوست کے لئے (یہ نصیحت بہت کام کی ہے)......اسی طرح اگر آپ کسی خدمت یا کسی کام کا اشارہ فرمائیں تو میں احسان مندی کے ساتھ اس کے لئے کوشش کروں گا۔ والسّلام



﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۲۷﴾ ا کرای، یہ کمینی دنیا گراں مایہ (قیمتی) عمر کا بدل نہیں ہو سکتی کہ اس کے لئے پریشانی اختیار کی جائے ۱۲

ا اشعار کا ترجمہ: مال کے حصول میں عمر ضائع نہ کر، کیونکہ موتی اور ٹھیکری یکساں قیمت نہیں ہوتے، اس کم مایہ بے وقعت پر دل کو نہ لگا کہ دین دنیا کے بدلے برباد ہو جائے ۱۲

۲ براضی حق سبحانہ......یعنی اپنی زندگی کو حق تعالیٰ کی خوشنودی میں بسر کرنا چاہیے، خاک و خاشاک کو آگ میں ڈال دو تاکہ کمینی دنیا کے غموں اور دکھوں سے نجات پاؤ اور اپنی زندگی میں تو راحت حاصل کرے۔ دنیا ساری کی ساری غموں اور دکھوں کا گھر ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: من جعل الهموم هما واحدًا هم الآخرة كفاه الله هم دنيا ۱۲ ترجمہ: جس شخص نے تمام غموں کو ایک غم بنا دیا یعنی آخرت کا غم اختیار کیا تو اللہ تعالیٰ دنیا کے غم کے لئے اسے کافی ہو جائے گا ۱۲

.....................................................

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۲۶، ۲۷﴾☆شایان ......سزاوار ۱۲......لائق ۱۲☆تشتت ......پراگندگی و پراگندہ شدن ۱۲......پریشانی اور پریشان ہونا ۱۲

☆اوضاع ......حالات و اطوار ۱۲......حالات اور طور طریقے ۱۲☆صوری ......ظاہری ۱۲☆کرای ......سرخ و بہائے ۱۲......



Marfat.com

قیمت ونرخ ۱۲ ☆ نشأۃ ...... جہان ۱۲ ...... یہ جہان ۱۲ ☆ معرض ...... محل ۱۲ ...... جگہ، مقام ۱۲ ☆ یُسر ...... فراخی ۱۲ ...... کشادگی ۱۲ ☆ عُسر ...... تنگی ۱۲ ...... تنگی ☆ خواہد کوشید ...... این فقیر ۱۲ ...... یعنی امام ربانی قدس سرہ ۱۲

.................................

# ایک سو اکاونواں مکتوب ﴿۱۵۱﴾

میر مومن بلخی کی طرف صادر فرمایا ...... خواجگانِ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے طریقہ کی فضیلت و بزرگی اور "یادداشت" کے معنی کے بیان میں جوان بزرگوں کے ساتھ مخصوص ہے۔ مصرع

؎ از ہر چہ میرود سخن دوست خوشتر است

ترجمہ:۔ (دوست کی بات کہیں سے ہو بہت اچھی ہے)

حضرات خواجگان قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے طریقے میں یادداشت سے مراد حضور بے غیبت ہے۔ یعنی شیونی و اعتباراتی حجابات درمیان میں حائل ہوئے بغیر حضرت ذات تعالیٰ و تقدس کا دائمی حضور حاصل ہو (اس کو یادداشت کہتے ہیں) ...... اور اگر کبھی حضور ہو کبھی غیبت، یعنی کبھی تو سب کے سب پردے اُٹھ جائیں اور کبھی درمیان میں حائل ہو جائیں جیسا کہ تجلی ذاتی برقی میں ہوتا ہے کہ برق کی طرح تمام پردے حضرتِ حق تعالیٰ کے سامنے سے مرتفع (اُٹھ) ہو جاتے ہیں اور پھر جلدی ہی شیون و اعتبارات کے پردے چھا جاتے ہیں۔ پس ایسا حضور ان بزرگوں کے نزدیک مقامِ اعتبار سے ساقط ہے...... لہذا حضورِ بے غیبت کا حاصل یہ ہوا کہ تجلی ذاتی برقی جو شیون و اعتبارات کے وسیلے کے بغیر حضرتِ ذات جل شانہٗ کے ظہور سے مراد ہے اور جو اس راہ کی انتہا میں میسر ہوتی ہے اور فنائے اکمل کو اسی مقام میں ثابت کرتے ہیں وہ بھی دائمی ہو جائے اور حجابات ہرگز رجوع نہ ہوں۔ اور اگر (حجابات) رجوع کریں تو حضور غیبت سے بدل جائے گا اور اس کو یادداشت نہ کہیں گے ...... لہذا ثابت ہوا کہ ان اکابر کا شہود اتم و اکمل طریقے پر ہے اور فنا کا اکمل و بقا کا اتم ہونا شہود کے اتم و اکمل ہونے کے اندازے کے مطابق ہے ع

؎ قیاس کن ز گلستانِ من بہارِ مرا

ترجمہ:۔ (چمن کو دیکھ کے اس کی بہار کو سمجھو)

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ

---

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۲۷﴾ ۳ یعنی چون دوام ...... یعنی جب دائمی حضور حاصل ہو جائے اور تکلف سے یاد کرنا ختم ہو جائے اور ایسا ملکہ پختہ ہو جائے جو نفی کرنے سے بھی ختم نہ ہو تو یہ یادداشت کی کیفیت ہوتی ہے۔ بیت

؎ دارم ہمہ جا ہمہ کس در ہمہ حال — در دل ز تو آرزوی و دردیدہ خیال

ترجمہ: میں سب جگہ، سب لوگوں کے ساتھ اور ہر حال میں — اپنے دل میں تیری طلب اور آنکھ میں تیرا تصور رکھتا ہوں ۱۲



Marfat.com

۴ بلکہ سالک...... بلکہ سالک جب تک طریقت اور تصنع میں ہوتا ہے اور حقیقت وحضورِ دائمی میں نہیں پہنچا وہ "یاد کرد" کے مقام میں ہے ۱۲

۵ پس متحقق...... پس ثابت ہو گیا کہ ان اکابر (نقشبندیہ) کی فناوبقا بھی اتم واکمل درجہ پر ہے ۱۲

..............................

☆متن...... بین السطور...... معانی

☆یادداشت...... مبتدا ۱۲...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆عبارت ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆تخلل ...... رخنہ شدن ۱۲...... خرابی ہونا، خلل پڑنا ۱۲ ☆اگر گاہے...... شرط ۱۲...... یہ عبارت شرط ہے ۱۲ ☆پس نزد این ...... جزا ۱۲ ...... یہ عبارت جزا ہے ۱۲ ☆حیز...... محل ۱۲...... مقام و مرتبہ ۱۲ ☆تجلی ذاتی ...... مبتدا ۱۲...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ...... دائمی گردد ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ۱۲

..............................

# ایک سو باونواں مکتوب (۱۵۲)

سیادت وبزرگی کی پناہ والے شیخ فرید کی طرف صادر فرمایا...... اس بیان میں کہ اطاعتِ رسول ﷺ عین حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی اطاعت ہے اور اس کے مناسب بیان میں۔

حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ کا ارشاد ہے: مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ (نساء:۴، آیت ۸۰) (جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے یقیناً اللہ کی اطاعت کی)...... حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے اطاعتِ رسول کو عین اپنی اطاعت قرار دیا ہے، لہٰذا حق تعالیٰ عزوجل کی وہ اطاعت جو رسول اللہ ﷺ کی اطاعت (واتباع) کی شکل میں نہ ہو وہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت نہیں ہے، اور اس حقیقت کی تاکید وتحقیق کے لئے کلمہ قدْ تاکید یہ لایا گیا ہے تاکہ کوئی بوالہوس ان دونوں اطاعتوں کے درمیان فرق پیدا نہ کرے اور ایک کو دوسرے پر ترجیح نہ دے...... چنانچہ دوسری جگہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ ایک جماعت کے حال میں جو ان دونوں اطاعتوں (یعنی اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کی اطاعت) کے درمیان فرق پیدا کرتی ہے بطور شکایت فرماتا ہے: يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَ يَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّ نَكْفُرُ بِبَعْضٍ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ☆اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا (نساء:۴، آیت:۱۵۰۔۱۵۱) (اور جو لوگ چاہتے ہیں کہ اللہ اور اس کے رسولوں کے درمیان فرق کریں وہ کہتے ہیں کہ بعض (آیات) پر ہم ایمان لاتے ہیں اور بعض سے انکار کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ اس (حق وباطل) کے بین بین راہ اختیار کرلیں اور یقیناً ایسے ہی لوگ کافر ہیں)

ہاں بعض مشائخ کبار قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم نے سُکر اور غلبہ حال کی وجہ سے ایسی باتیں کہی ہیں جو ان دو اطاعتوں کے درمیان تفرقہ ظاہر کرتی ہیں اور ایک کی محبت کو دوسرے کی محبت پر ترجیح دینے کی خبر دیتی ہیں...... (جیسا کہ) منقول ہے کہ سلطان محمود غزنوی اپنی بادشاہت کے دوران "خرقان" کے نزدیک ٹھہرا ہوا تھا وہاں سے اس نے اپنے وکیلوں کو حضرت شیخ ابوالحسن خرقانی علیہ الرحمۃ کی خدمت میں بھیجا اور خواہش ظاہر کی کہ حضرت شیخ اس (سلطان) کی ملاقات کو آئیں۔ اور اپنے وکیلوں سے کہہ دیا کہ اگر شیخ سے اس معاملہ میں توقف محسوس ہو تو یہ آیت اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُو الرَّسُوْلَ وَاُولِى الْاَمْرِ





Marfat.com

مِنْكُمْ (نساء:۴،آیت:۵۱)(اطاعت کرو اللہ تعالیٰ کی اور اطاعت کرو رسول اللہ کی اور ان کی جو تم میں سے حکمران ہوں) ان کے سامنے پڑھیں۔(چنانچہ) جب وکیلوں نے شیخ کی طرف سے توقف محسوس کیا تو آیت کریمہ ان کے سامنے پڑھی۔ شیخ نے جواب میں فرمایا کہ میں اَطِیْعُوا اللّٰہ میں اس قدر گرفتار ہوں کہ اَطِیْعُو الرَّسُوْلَ کی اطاعت سے شرمندہ ہوں اور اطاعت اولی الامر کے متعلق کیا بیان کروں...... حضرت شیخ نے اطاعتِ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کو اطاعتِ رسول کے علاوہ سمجھا، یہ بات (سکر کی بنا پر ہے اور) استقامت سے بعید ہے، مستقیم الاحوال مشائخ نے اس قسم کی باتوں سے پرہیز کیا ہے......اور شریعت وطریقت اور حقیقت کے تمام مراتب میں حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی اطاعت کو رسول ﷺ کی اطاعت میں جانتے ہیں اور حق تعالیٰ کی وہ اطاعت جو آنحضرت ﷺ کی صورت میں نہ ہو اسے عین ضلالت وگمراہی خیال کرتے ہیں۔

اسی طرح یہ حکایت بھی منقول ہے کہ شیخ مہنہ شیخ ابوسعید ابوالخیر کے ہاں مجلس منعقد تھی اور سادات خراساں کے ایک سید بزرگ بھی اس مجلس میں بیٹھے تھے۔ اتفاقاً ایک مجذوب مغلوب الحال اس مجلس میں آیا اور حضرت شیخ نے سید بزرگ پر اس مجذوب کو (بطورِ تعظیم) فوقیت دی۔ سید صاحب کو یہ بات ناگوار گذری تو حضرت شیخ نے سیّد صاحب سے فرمایا کہ آپ کی تعظیم تو رسول اللہ ﷺ کی محبت کی وجہ سے ہے اور اس مجذوب کی تعظیم حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی محبت کی بنا پر ہے......اس قسم کے اختلاف کو مستقیم الاحوال اکابر جائز نہیں رکھتے اور حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی محبت کے غلبہ کو اس کے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کی محبت پر غلبہ کو سکرِ حال پر محمول کرتے ہیں اور بیکار بات سمجھتے ہیں......لیکن اتنا ضرور ہے کہ مقامِ کمال میں جو کہ مرتبہ ولایت سے ہے حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی محبت غالب ہوتی ہے اور مقامِ تکمیل میں جو کہ نبوت کے مقام کا ایک حصہ ہے محبتِ رسول غالب ہو جاتی ہے......اللہ تعالیٰ ہم کو اطاعتِ رسول پر ثابت قدم رکھے کیونکہ ان کی اطاعت ہی عین اطاعتِ حق ہے۔



---

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ ۲۸﴾ ۱ یہ سورہ نساء کی آیت ۸۰ کی طرف اشارہ ہے، یعنی جس نے رسول کی اطاعت وفرمانبرداری کی بے شک اس نے خدا تعالیٰ کی اطاعت وفرمانبرداری کی ۱۲

۲ یہ سورہ نساء کی اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو پارہ ۶ کے شروع میں واقع ہے، یعنی بے شک وہ لوگ جو کفر کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولوں کے ساتھ اور چاہتے ہیں کہ فرق کریں اللہ اور اسکے رسولوں کے درمیان اور کہتے ہیں، ہم ایمان لائے ہیں بعض رسولوں پر اور ہم کفر کرتے ہیں بعض کے ساتھ اور وہ چاہتے ہیں کہ اختیار کرلیں کفر وایمان کے درمیان کوئی (تیسری) راہ یہی لوگ کافر ہیں حقیقت میں، اور ہم نے تیار کر رکھا ہے کافروں کیلئے عذاب رسوا کرنے والا اور خوار کرنیوالا

۳ قولہ شیخ ابوالحسن خرقانی، آپ کا نام علی بن جعفر ہے اپنے وقت کے یگانہ، قبلہ وقت اور غوث زمانہ تھے کیونکہ ان کے زمانہ میں ارباب طریقت ان ہی کی طرف رجوع کرتے تھے۔ شیخ ابوالحسن کی نسبت تصوف میں سلطان العارفین ابو یزید بسطامی سے ہے۔ اور سلوک میں ان کی تربیت شیخ ابو یزید کی روحانیت سے ہے، حالانکہ شیخ ابوالحسن کی ولادت شیخ ابو یزید کی وفات کے کافی عرصہ بعد ہوئی تھی (لیکن نسبت اور تربیت ان کی روحانیت سے پائی) شیخ ابوالحسن ۱۰ محرم منگل کی رات میں ۴۲۵ھ میں فوت ہوئے تھے۔ ایک دن انہوں نے اپنے مریدوں سے کہا کہ کونسی چیز سب سے بہتر ہے؟ سب مریدوں نے کہا: اے شیخ آپ ہی فرمائیں، آپ نے فرمایا، وہ دل جس میں صرف اسی کی یاد ہو، ایک روز لوگوں نے ان سے دریافت کیا کہ صوفی کون ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ صوفی جبہ ودستار اور مصلیٰ سے صوفی نہیں بنتا، نہ صوفی رسم وعادت سے صوفی ہوتا ہے، صوفی وہ ہے



Marfat.com

جوخود نہ ہو۔آپ فرماتے ہیں کہ صوفی اس دن صوفی ہوتا ہے کہ اس کو آفتاب کی حاجت نہ ہو،اور اس رات کو صوفی ہوتا ہے کہ اس کو چاند اور ستاروں کی حاجت نہ رہے۔نیز فرمایا کہ نیستی یہ ہے کہ ہستی کی ضرورت باقی نہ رہے۔آپ سے سوال کیا گیا کہ اخلاص کیا ہے؟ تو آپنے فرمایا: جو کچھ خدا کے لئے کیا جائے وہ اخلاص ہے(اور جو کچھ لوگوں کے لئے کیا جائے وہ ریا ہے) آپ کا ارشاد ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وارث وہ شخص ہے جو رسول اللہ کے فعل کی پیروی کرے وہ شخص نہیں جو کاغذ سیاہ کرتا رہے(یعنی عالم بے عمل) آپ نے شیخ شبلی کا یہ قول سنا کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ نہ چاہوں،تو آپ نے فرمایا کہ یہ بھی تو ایک طرح کا چاہنا ہے۔آپ فرماتے ہیں کہ دلوں میں سب سے زیادہ روشن وہ دل ہے جس میں مخلوق کا گذر نہ رہے،اور سب سے بہتر کام وہ ہے کہ اس میں مخلوق کا ڈر نہ ہو،اور تمام نعمتوں سے حلال تر نعمت وہ ہے جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی حمد شامل ہو،اور سب سے بہتر ساتھی وہ ہیں کہ انکی زندگی خدا تعالیٰ کے ساتھ بسر ہوتی ہو۔از نفحات الانس ۱۲ جاننا چاہیے کہ حضرت بایزید بسطامی علیہ الرحمۃ کی پیش گوئی جو حضرت ابوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ کی پیدائش کے بارے میں بیان کی گئی ہے وہ مولانا روم علیہ الرحمۃ کی مثنوی کے دفتر چہارم میں تفصیل سے مذکور ہے ۱۲

سکرِ وقت......والسکارٰی مَعذُورُونَ ولکِن لَا یُقَلَّدُوْن ۱۲ (یعنی اولیاء اللہ حالتِ سکر میں معذور ہوتے ہیں لیکن ان کی تقلید نہیں کی جاتی)

﴿صہ۲۹﴾ ا قولہ شیخ مہنہ شیخ ابوسعید ابوالخیر......شیخ ابوسعید بن ابوالخیر قدس سرہ ان کا نام فضل اللہ اور ان کا اصل وطن شہر خراسان ہے،اپنے وقت کے مقتدا اور اہلِ طریقت کے پیشوا تھے،علومِ ظاہر و باطن میں شیخ ابوالحسن بن حسن سرخسی سے نسبتِ ارادت رکھتے تھے۔لوگوں نے ان سے بیان کیا کہ فلاں شخص پانی پر چلتا ہے،انہوں نے فرمایا،پانی کے مینڈک بھی پانی کے اوپر تیرتے ہیں،پھر لوگوں نے کہا کہ فلاں شخص ہوا میں اڑتا ہے،شیخ نے فرمایا،کوا اور چیل بھی ہوا میں اڑتے ہیں،پھر لوگوں نے کہا کہ فلاں شخص ایک لحہ میں ایک شہر سے دوسرے شہر پہنچ جاتا ہے،آپ نے فرمایا،شیطان بھی ایک لحظہ میں مشرق سے مغرب میں پہنچ جاتا ہے،اس قسم کی چیزیں اللہ تعالیٰ کے حضور عزت اور مرتبہ نہیں رکھتیں،بلکہ مرد وہ ہے جو لوگوں میں بیٹھے،دوست بھی رکھتا ہو اور بیوی بھی رکھتا ہو،اس کے باوجود ایک لحہ کے لئے اپنے خدا سے غافل نہ رہے۔ان کی وفات ۴ شعبان جمعہ کی رات ۴۴۰ھ میں ہوئی اور ان کی ولادت ۳۵۷ھ میں ہوئی تھی ۱۲ خزینۃ الاصفیاء

قولہ مہنہ،میم کی زیر سے،ہا پر جزم ہے اس کے بعد نون ہے،یعنی مِھْنہ،یہ خراسان میں ایک بستی ہے یعنی یہ شیخ شہر مہنہ میں سکونت رکھتے تھے ۱۲

مُوذِن،اِیذان سے اسم فاعل ہے یعنی ظاہر کرنے والا اور خبر دینے والا ۱۲ المصحح سلم اللہ تعالیٰ

..................

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ۲۸﴾ ☆ در غیر......یعنی بدون ۱۲......معنی اس کے بغیر ۱۲ ☆ بوالہوسی......نادانی و احمقی ۱۲......نادانی اور بیوقوفی ۱۲ ☆ بخرقان......خرقان،خا پر زبر اور را پر جزم ہے،را پر زبر غلط ہے،بسطام کے علاقہ میں ایک گاؤں ہے ۱۲ ☆ غزنوی......منسوب بغزنین وغزنی وغزنہ مولد محمود غزنوی ۱۲......یعنی غزنوی لفظ غزنین، غزنی اور غزنہ کی طرف منسوب ہے اور محمود غزنوی کی جائے پیدائش ہے ۱۲

..................



Marfat.com

# ایک سو ترپنواں مکتوب (۱۵۳)

میاں شیخ مزمل کی طرف صادر فرمایا...... غیراللہ کی غلامی سے مکمل طور پر خلاصی کے بیان میں جو فنائے مطلق سے وابستہ ہے۔

وہ خط جو آپ نے بھیجا تھا موصول ہوا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ذِی الْاِنْعَامِ وَالْمِنَّةِ (سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جو بڑے انعام والا اور احسان والا ہے) کہ اپنے طالبوں کو اپنی طلب میں بے قرار و بے آرام رکھتا ہے اور اس بے آرامی میں اس آرام سے نجات بخشتا ہے جو اس کے غیر کے ساتھ میسر ہو، لیکن (سالک کو) غیراللہ کی غلامی سے مکمل طور پر اس وقت خلاصی حاصل ہوتی ہے جب فنائے مطلق سے مشرف ہو جائے اور ماسوٰی کے نقوش کو دل کے آئینے سے بالکل محو کر دے اور علمی و حبّی تعلق کسی چیز سے بھی باقی نہ رہے اور حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے علاوہ اس کا کوئی مقصود اور مراد نہ ہو...... اس کے بغیر ایسا ہے جیسے خار دار درخت میں الجھنا...... (انسان) ہر چند (ماسوٰی سے) اپنی بے تعلقی کا گمان رکھے لیکن اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِیْ مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا (النجم: ۵۳، آیت ۲۸) (یقیناً بے اصل خیالات امرِ حق میں کچھ فائدہ نہیں دیتے) مصرع

ایں کارِ دولت است کنوں تا کرار سد

ترجمہ:۔ (یہ کام ہے عظیم ، ملے دیکھئے کسے)

جو شخص اپنے احوال و مقامات میں گرفتار (پھنسا ہوا) ہے وہ بھی غیراللہ کا گرفتار ہے دوسری چیزوں کی گرفتاری کا تو ذکر ہی کیا۔

بہر چہ از دوست وامانی چہ کفر آں حرف وچہ ایماں — بہر چہ از راہ دور افتی چہ زشت آں نقش وچہ زیبا

ترجمہ:۔ (یار سے تجھ کو جُدا کر دے غلط بات ہے — وہ راہ سے تجھ کو ہٹا دے وہ غلط نقشِ قدم)

آپ کی مسافرت کا زمانہ طول کے ساتھ انجام پا گیا۔ فرصت کو غنیمت جانیں۔ احباب اگر اس کے اہل ہیں تو ان سے رخصت حاصل کرنے میں کیا چیز مانع ہو سکتی ہے۔ اور اگر وہ نااہل ہیں تو ان سے رخصت لینے کی کیا ضرورت ہے حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی مرضی کو ملحوظ رکھنا چاہیے۔ اہلِ دنیا راضی ہوں یا ناراض ان کی ناراضی کا کچھ اعتبار نہیں ہے۔ ع

طفیلِ دوست باشد ہر چہ باشد

ترجمہ:۔ (جو کچھ ملے طفیل میں اس یار کے ملے)

حق سبحانہٗ وتعالیٰ کو مقصود جاننا چاہیے، اس کے ساتھ اور جو کچھ حاصل ہو جائے تو ہو جائے اور اگر نہ ہو تو نہ ہو۔ ع

رخسار مَن ایں جاو تو در گل نگری

ترجمہ:۔ (رخسار دیکھ پھول کی صورت نہ دیکھ تو)

والسلام

پہلا دفتر مکتوباتِ امام ربانیؒ تیسرا حصہ

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۲۹﴾ ۲ شیخ مزمل رحمہ اللہ تعالیٰ حضرت مجدد قدس سرہ کے قدیم مخلصین میں سے اور مقبولین میں سے تھے، اکثر سفر و حضر میں خدمت کیا



Marfat.com

کرتے تھے اور حضرت کے الطاف وعنایات سے ممتاز فرمائے جاتے تھے، حسن اخلاق اور مکارم اوصاف میں اپنے وقت میں بے نظیر اور انکساروایثار میں یگانہ تھے، آپ کا حال، حضرت کی تربیت کی برکت سے ایسا ہے جیسا کہ حضرت مجدد قدس سرہ نے حضرت خواجہ بزرگوار (باقی باللہ) قدس سرہ کو تحریر فرمایا ہے۔ شیخ مزمل خود کو گم پاتا ہے اور صفات کو اصل سے دیکھتا ہے اور (ذات) مطلق کو ہر جگہ پاتا ہے اور اشیاء کو سراب کی طرح بے اعتبار جانتا ہے، بلکہ ہیچ معلوم کرتا ہے۔ آپ کا کلام ختم ہوا۔ اس کے بعد آپ (شیخ مزمل) کئی سال تک حضرت مجدد قدس سرہ کی خدمت میں رہے، زوائد وفوائد حاصل کئے اور تعلیم طریقت میں مجاز ہوئے۔ حضرت مجدد قدس سرہ نے اپنے ایک مکتوب میں ایک مخلص (پہلوان محمود) کو اس طرح تحریر فرمایا ہے۔ ''ان بزرگوں کی صحبت اگر حاصل ہو جائے تو غنیمت جاننا چاہیے اور اپنے آپ کو ان کے سپرد کر دینا چاہیے اور میاں شیخ مزمل کی صحبت بے شک آپ کے لئے غنیمت ہے اور اس قسم کے عزیز الوجود سرخ گندھک (یعنی اکسیر) سے زیادہ نایاب ہیں'' انتہی''۔ شیخ مذکور (شیخ مزمل) نے ۱۰۲۶ھ میں وفات پائی، حضرت مجدد قدس سرہ کو ان کے انتقال سے بہت غم ہوا ان کے لئے فاتحہ اور دعا فرمائی رحمہ اللہ تعالیٰ ۱۲ (زبدۃ المقامات مع الاختصار)

ے یہ اس آیت کریمہ کی طرف اشارہ ہے جو سورہ والنجم آیت ۲۸ ہے یعنی یقیناً بے اصل خیالات امر حق میں کچھ فائدہ نہیں دیتے ۱۲، المصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

ے رِقِیّت، را کے نیچے زیر ہے قاف پر شد اور زیر، اور یا پر شد اور زیر ہے، اس کے معنی غلامی اور بندگی میں رہنے کے ہیں ۱۲

.................................................

☆متن ...... بین السطور...... معانی

☆رقیت ...... بندگی وغلامی ۱۲...... یعنی بندگی اور غلامی کرنا ۱۲ ☆ ماسوا...... غیر حق جل وعلا ۱۲...... اللہ تعالیٰ کا غیر ۱۲ ☆ مطلق تام ۱۲...... مکمل اور کامل ۱۲ ☆ مطلق ...... کلی ۱۲...... کلی طور پر ۱۲ ☆ کتابتیکہ ...... مکتوبیکہ ۱۲ ...... وہ مکتوب جو بھیجا گیا ۱۲ ☆ اغیار بفتح جمع غیر ۱۲...... الف پر زبر ہے اور غیر کی جمع ہے ۱۲ ☆ گرفتارِ ...... مبتدا ۱۲ ...... یہ عبارت مبتدا ہے ۱۲ ☆ گرفتار غیر خبر ۱۲...... خبر ۱۲ ☆ غربت ...... مسافرت، مسافر ہونا، سفر کی مدت ۱۲ ☆ رخصت است ...... توقف باید نمود ۱۲...... رک جانا چاہیے، ٹھہرنا چاہیے ۱۲ ☆ اہل اند در رخصت ...... یعنی سزاوار رخصت اند و کار کردہ ۱۲...... یعنی رخصت کے اہل ہیں اور کام کر چکے ہیں ۱۲ ☆ چون ...... چگونہ ۱۲...... کس طرح، کیوں ۱۲ ☆ چہ خواہد بود ...... یعنی اعتبار را نشاید ۱۲...... یعنی اعتبار نہیں کرنا چاہیے ۱۲

.................................................

# ایک سو چوّنواں مکتوب (۱۵۴)

یہ مکتوب بھی میاں مزمل کی طرف صادر فرمایا...... اس بیان میں کہ اپنے آپ کو فراموش کر دینا چاہیے۔ اور اپنا محاسبہ کرنا چاہیے تاکہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ اپنے ساتھ رکھے اور ایک لحہ کے لئے بھی غیر کے حوالے نہ ہونے دے۔

اَللّٰھُمَّ لَا تَکِلْنَا اِلٰی اَنْفُسِنَا طَرْفَةَ عَیْنٍ فَنَھْلِكَ وَلَا اَقَلَّ مِنْھَا فَنَضِیْعَ (بارِ الٰہا ہمیں ایک لحہ کے لئے بھی ہمارے نفسوں کے حوالہ نہ کر، ورنہ ہم ہلاک ہو جائیں گے اور نہ اس سے بھی کم وقت کے لئے، تاکہ ہم ضائع نہ ہو جائیں)...... (انسان پر) جو بلا اور مصیبت بھی آتی ہے وہ خود ہماری گرفتاری (خواہشات نفسانی) کی وجہ سے ہے۔ جب



Marfat.com

انسان اپنے آپ سے (اپنی خواہشات سے) نجات پا گیا تو گویا حق تعالیٰ کے غیر کی گرفتاری سے بھی نجات پا گیا۔اگر کوئی بت پرستی کر رہا ہے تو وہ خود پرستی میں مبتلا ہے (آیہ کریمہ) اَفَرَءَیتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰھَہ' ھَوٰہُ' (جاثیہ:۴۵،آیت ۲۳) (کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے اپنی خواہش کو اپنا معبود بنالیا) مصرع

ے از خود چوگذشتی ہمہ عیش است و خوشی

ترجمہ:۔ (خود کو چھوڑ و تو عیش ملتا ہے)

ے دَعْ نَفْسَکَ وَتَعَالَ

ترجمہ:۔ (نفس چھوڑو تو آؤ میرے پاس)

جس طرح اپنے آپ سے گذرنا ضروری ہے ایسے ہی اپنے اندر جھانکنا (محاسبہ کرنا) بھی ضروری ہے کیونکہ حق تعالیٰ کو پانا اسی مقام پر ہے،اپنے سے باہر حق تعالیٰ کو پانا ممکن نہیں ہے۔

ے باتو در زیر گلیم است ہر چہ ہست ہمچو نابینا مَمَر ہر سوئے دست

ترجمہ:۔ (تیری گدڑی میں ہے جو کچھ چاہیے مثلِ نابینا نہ ہاتھ اب ماریے)

سیر آفاقی دور سے دور تر ہے اور سیر انفسی قریب سے قریب تر ہے اگر شہود ہے تو وہ بھی اپنے ہی اندر ہے اور اگر معرفت ہے تب بھی اپنے ہی اندر ہے، اگر حیرت ہے تو وہ بھی اپنے ہی اندر ہے :اپنے سے باہر کوئی قدم گاہ (منزل) نہیں ہے...... بات کہاں سے کہاں پہنچ گئی،کہیں ایسا نہ ہو کہ کوئی بیوقوف سادہ لوح اس جگہ حلول یا اتحاد نہ سمجھ بیٹھے اور گمراہی کے گڑھے میں جا گرے۔ع

ے ایں جا حلول کفر بود اتحاد ہم

ترجمہ:۔ (کفر اس جا ہے حلول و اتحاد)

اس مقام کے ساتھ متحقق ہونے سے پہلے اس میں غور وفکر کرنا ممنوع ہے......اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ ہم کو اور آپ کو آنحضرت ﷺ کے پسندیدہ طریقے پر استقامت نصیب کرے......اپنے احوال لکھتے رہا کریں کہ اس (خط و کتابت کو بھی اصلاح وتوجہ) میں بڑا دخل ہے،ظاہری تعلقات کے باوجود آزاد رہیں اور (ان علائق کے) وجود وعدم (ہونے نہ ہونے) کو برابر جانیں۔والسلام والاکرام



---

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ ۳۰﴾ ۱ے اے اللہ ہمیں ایک لحہ کے لئے بھی ہمارے نفسوں کے حوالے نہ کرو ورنہ ہم ہلاک ہو جائیں گے اور نہ اس سے بھی کم وقت کیلئے تا کہ ہم ضائع نہ ہو جائیں ۔مطلب یہ کہ الٰہی ہمیں ہمارے حال پر نہ چھوڑ اور ہم کو ہم سے رہائی عطا فرما کیونکہ ہماری محروی اور مجبوری ہماری طرف سے ہے۔۱۲

۲ے قولہ اَفَرَأَیتَ الخ یہ اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو سورہ جاثیہ (آیت ۲۳) پارہ پچیس میں واقع ہے یعنی کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے اپنی خواہش کو اپنا معبود بنالیا۔۱۲



Marfat.com

۳ بیت

؎ تا ترک علائق و عوائق نکنی یک سجدہ شائستہ ء لائق نکنی

ہر گز بمرادِ خویش واصل نہ شوی تا ترک خود و جملہ خلائق نکنی

ترجمہ جب تک دنیوی تعلقات اور اللہ سے روکنے والی چیزوں کو تو ترک نہ کرے گا۔ ایک صحیح سجدہ کے لائق اپنے آپ کو نہ بنائے گا ہرگز تو اپنی مراد کو حاصل نہ کریگا جب تک خود (خواہشات نفسانی) سے اور تمام مخلوق سے اپنے آپ کو جدا نہ کریگا۔

۴ سَیر اَنفسی، خود میں آنا اور اپنے دل کے گرد نظر رکھنا اور توجہ رکھنا جس کو جذبہ اور سفر در وطن بھی کہتے ہیں۔۱۲

۵ مثنوی کے اشعار کا ترجمہ: انانیت کی فکر میں کشف کیسے حاصل ہو سکتا ہے اور اپنی انانیت کو فنا کر لینے کے بعد کشف حاصل ہوتا ہے۔ ایسی عقلیں گمراہی کے گھڑے میں پڑتی ہیں جو حلول واتحاد کو عقیدہ رکھیں، یہ انانیت فضول مقام کی حامل ہے۔ حلول کا راستہ نار کے اتحاد سے بھی قریب تر ہے (یعنی حلول کا عقیدہ انتہائی گمراہ کن ہے۔

۶ ورطہ: واو پر زبر کے ساتھ، ہلاک ہونے کا مقام اور وہ زمین جس میں گزرگاہ نہ ہو، مجازاً گرداب کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، واؤ کے نیچے زیر پڑھنا غلط ہے۔۱۲

۷ کیسی عمدہ بات کہی ہے۔ (ع) تیرے دل میں ہر ایک خواہش تیرا ابلیس ہے۔

ع خود کے ساتھ نہ بیٹھ یعنی خود پسندی اور نفسانیت کو اختیار نہ کر ورنہ سیاہ سانپ کے پاس بیٹھ کر جان گنوانے کے مترادف ہوگا۱۲

﴿صہ ۳۱﴾ ۱ یعنی اپنے حالات پیرِ طریقت کے سامنے پیش کرنا، پیر کی توجہ اور عنایات کا سبب ہے اور پیر و مرید کے درمیان محبت میں اسکو بڑا دخل ہے۱۲

.........................................

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۳۰﴾ ☆دون......غیر۱۲......اللہ کا غیر۱۲......بگذار نفس کو در راو بیا۱۲......اپنے نفس کو چھوڑ اور آجا۱۲ ☆یافت......حق۱۲......حق کو پانا۱۲ ☆سیر آفاقی......مطلوب را بیرون از خود جستن کہ آنرا سلوک نیز نامند۱۲......مطلوب حقیقی کو خود اپنے سے باہر تلاش کرنا اسکو بھی سلوک کا نام دیتے ہیں۱۲ ☆بُعد......دوری۱۲......دور ہونا۱۲ ☆سادہ دلی......احمقی و بے عقلی۱۲......بیوقوفی اور بے عقلی۱۲

.........................................

# ایک سو پچپنواں مکتوب ﴿۱۵۵﴾

یہ مکتوب بھی میاں شیخ مزمل کی طرف صادر فرمایا......اپنے اصل کی طرف رجوع کرنے کے بارے میں حق سبحانہٗ وتعالیٰ ہم کو اپنے ساتھ رکھے۔

؎ بعد از خداے ہر چہ پرستند ہیچ نیست بے دولت است آنکہ ہیچ اختیار کرد

ترجمہ:۔ (خدا کے سوا جو ہے کم ہیچ سے ہے ہے محروم جو ہیچ سے منسلک ہے )

ماہ جمادی الاولیٰ کے پہلے جمعہ کے دن شہر دہلی کی زیارت سے مشرف ہوا (فرزند) محمد صادق بھی میرے ساتھ ہے، اگر حق سبحانہٗ وتعالیٰ کو منظور ہوا تو چند روز یہاں قیام کر کے جلدی ہی وطن مالوف روانہ ہو جاؤں گا۔ حُبُّ الْوَطَنِ مِنَ الْاِیْمَانِ (وطن کی محبت بھی ایمان میں سے ہے) صحیح حدیث ہے...... بندہ بے چارہ کیا کر سکتا ہے۔ اس کی پیشانی اس (حق





Marfat.com

سبحانہٗ وتعالیٰ) کے ہاتھ میں ہے جیسا کہ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے) مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ☆ (ہود:۱۱، آیت:۵۶) (یعنی کوئی جاندار زمین پر چلنے والا ایسا نہیں ہے۔ مگر یہ کہ (حق تعالیٰ اس کی پیشانی کے بال پکڑے ہوئے ہے، بیشک میرا رب صراطِ مستقیم پر ہے)...... بھاگنے کی جگہ کہاں ہے مگر یہ کہ فَفِرُّوْا اِلَى اللّٰهِ (ذاریات:۵۱، آیت:۵۰) (پس دوڑو اللہ تعالیٰ کی طرف) کہتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی طرف دوڑو، رجوع کرو)...... بہرحال اصل کو اصل جان کر اور فرع (شاخ) کو اس کا طفیلی قرار دے کر اصل کی طرف متوجہ ہو جانا چاہیے۔

ے ہرچہ جز عشقِ خدائے احسن است　　گر شکر خوردن بود جان کندن است

ترجمہ:۔ (جو بھی ہے عشقِ الٰہی کے سوا　　اس میں ہے زہرِ ہلاہل کا مزہ)

---

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص ۳۱﴾ ۲ قولہ حب الوطن من الایمان، مشہور ہے کہ یہ حدیث ہے، امام سخاوی نے فرمایا کہ مذکورہ الفاظ کی حدیث میرے علم میں نہیں ہے لیکن اس کا معنی صحیح ہے۔ تخریج کرنے والے کی طرف سے ہے کہ میں کہتا ہوں کہ صوفیہ اس کا بہت زیادہ ذکر کرتے ہیں اور ان کے نزدیک اس کا دوسرا معنی ہے۔ یہ معرب مولانا محمد مراد مکی نے کہا ہے۔ میں (مولانا نور احمد رحمۃ اللہ کہتا ہوں) کہ حدیث کا معنی وہ ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ فَفِرُّوْا اِلَى اللّٰهِ (پس دوڑو اللہ کی طرف) جیسا کہ شیخ قدس سرہ نے اس کا ذکر کیا عارف باللہ مولانا عبدالرحمٰن جامی نے فرمایا:

ے دلا تا کے درین کاخ مجازی　　کنی مانند طفلاں خاک بازی
توئی آن دست پرور مرغ گستاخ　　کہ بودت آشیان بیرون ازین کاخ
چرا زان آشیان بیگانہ گشتی　　چو دو نان چغداین ویرانہ گشتی
بیفشان بال و پر زا میزش خاک　　پر تا کنگرہ ایوان افلاک

ترجمہ:۔ اے دل تو کب تک دنیاوی محل میں رہے گا　　اور بچوں کی طرح مٹی سے کھیلتا رہے گا
اے گستاخ پرندے (بے خبر روح) تو وہ پرندہ ہے　　جس کا ٹھکانہ اس دنیاوی محل سے باہر ہے
اپنے گھونسلے سے بے خبر کیوں ہے　　اور کمینے الو کی طرح بے آباد ٹھکانے میں رہ رہا ہے
مٹی سے لتھڑے ہوئے بال و پر کو جھاڑ دے　　تا کہ آسمان کے محل کے کنگرہ (چوٹی) تک تیری پرواز ہو

۳ قولہ ما من دآبۃ الخ اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو سورہ ہود (آیت ۵۶) پارہ ۱۲ اور رکوع ۴ میں واقع ہے یعنی کوئی جاندار بھی ایسا نہیں ہے مگر اللہ تعالیٰ نے پکڑا ہوا ہے اسے پیشانی کے بالوں سے، بے شک میرا رب سیدھی راہ پر ملتا ہے ۱۲

۴ اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو سورہ الذاریات پارہ ۲۷ میں واقع ہے یعنی پس دوڑو اور رجوع کرو اللہ تعالیٰ کی طرف ۱۲

..................

☆متن...... بین السطور...... معانی

☆بطواف...... زیارت ۱۲...... زیارت ☆ ناصیہ...... پیشانی ۱۲...... پیشانی ☆ محمد صادق...... صاحبزادہ قدس سرہٗ ۱۲...... حضرت امام ربانی کے صاحبزادے ۱۲ ☆ او...... حق تعالیٰ ۱۲...... اللہ تعالیٰ ۱۲ ☆ أَيْنَ الْمَفَرّ...... کجاست گریزگاہ ۱۲...... بھاگنے کی جگہ کہاں ہے ۱۲

..................

پہلا دفتر مکتوباتِ امام ربانیؒ تیسرا حصہ



Marfat.com

# ایک سو چھپنواں مکتوب ﴿۱۵۶﴾

یہ مکتوب بھی میاں مزمل کی طرف صادر فرمایا.....اہل اللہ کی صحبت کی ترغیب میں

جو خط آپ نے جالندھر کے قاضی زادہ کے بدست بھیجا تھا دہلی میں موصول ہو گیا۔ الحمد للہ والمنۃ کہ آپ فقراء کی محبت کا نقد سرمایہ رکھتے ہیں اور اس حکم کے مطابق اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ (آدمی اسی کے ساتھ ہے جس سے محبت رکھتا ہے) آپ بھی ان ہی میں سے ہیں...... ماہِ رجب (جس میں آپ نے آنے کا ارادہ ظاہر کیا ہے) اگرچہ حساب اور زمانے کے لحاظ سے بہت نزدیک ہے لیکن پھر بھی بہت دور ہے۔

فراق دوست اگر اندک است اندک نیست　　درونِ دیدہ اگر نیم موست بسیار است

ترجمہ:۔ (فراقِ یار ہو تھوڑا تو وہ نہیں تھوڑا　　اگر ہو آنکھ میں کچھ بال وہ بنے شہتیر)

چونکہ اربابِ حقوق کی رعایت کی بنا پر آپ نے اس مطلب (وہاں کے قیام) کو اختیار کیا ہے تو ایسا ہی کریں۔ یہ فقیر بھی شاید ماہِ رجب تک یہاں قیام کرے، وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ وَاِلَیْہِ الْمَرجِعُ وَالْمَابُ (اللہ تعالیٰ سبحانہ ہی صحیح بات جانتا ہے اور اسی کی طرف سب کو رجوع ہوتا ہے...... بہر حال چند روزہ زندگی، فقراء کے ساتھ گذارنی چاہیے: وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِیِّ یُرِیْدُوْنَ وَجْهَهٗ (سورہ کہف: ۱۸، آیت ۲۸) (یعنی اپنے آپ کو ان لوگوں کے ساتھ روکے رکھو (یعنی ان کی صحبت و ہمنشینی اختیار کرو) جو صبح و شام اپنے رب کو اس کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے پکارتے (عبادت کرتے ہیں) خود نصِ قاطع ہے کہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے اپنے حبیب علیہ من الصلوات اتمہا ومن التحیات اکملہا کو اس کا حکم فرمایا۔

ایک عزیز فرماتے ہیں کہ "الٰہی یہ کیا ماجرا ہے جو تو نے اپنے دوستوں کے ساتھ کیا ہے کہ جو شخص ان (فقراء) کو پہچان لے وہ تجھ کو پالیتا ہے اور جب تک تجھ کو نہیں پالیتا ان کو نہیں پہچانتا"...... رَزَقَنَا اللّٰهُ تَعَالٰی وَاِیَّاكُمْ مَحَبَّةَ هٰذِهِ الطَّائِفَةِ الْعَلِیَّةِ الشَّرِیْفَةِ (اللہ تعالیٰ ہمیں اور آپ کو اس بلند مرتبہ اور شریف گروہ کی محبت عطا فرمائے۔ (آمین)

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۳۱﴾ ۵ قوله اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ الخ عن ابن مسعود رضی الله عنه قال : جاء رجل الی النبی صلی الله علیه وسلم فقال یا رسول الله ﷺ ! کیف تقول فی رجل احب قوما ولم یلحق بهم ؟ فقال : المرء مع من احب ۔متفق علیه (مشکوٰة)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا تو اس نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! آپ اس آدمی کے بارے میں کیا فرماتے ہیں۔ جو ایک قوم سے محبت رکھتا ہے اور ان کے ساتھ شامل نہیں ہوا؟ آپ نے فرمایا: آدمی (قیامت کے دن) اس کے ساتھ ہوگا جس سے وہ محبت رکھتا ہے۔ (بخاری و مسلم) مشکوٰۃ

﴿ص۳۲﴾ ۱ اس آیت کریمہ کی طرف اشارہ ہے جو سورہ کہف (آیت ۲۸) میں ہے یعنی اور روکے رکھیے اپنے آپ کو ان لوگوں کے ساتھ جو پکارتے ہیں اپنے رب کو صبح و شام، طلب گار ہیں اسکی رضا کے الخ ۱۲





Marfat.com

☆متن...... بین السطور...... معانی

﴿ص۳۱﴾ ☆ کتابتیکہ...... مکتوبیکہ ۱۲...... وہ خط جو ۱۲...... مرد با کسے است کہ دوست داشت اور ۱۲...... آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس کو وہ دوست رکھتا ہے ۱۲ ☆ خود...... البتہ ۱۲...... بے شک ۱۲ ☆ اما بسے...... در حقیقت ۱۲...... حقیقت میں ۱۲ ☆ است...... زیرا کہ ۱۲ ☆ این معنی را...... بُعد صوری و اقامت آنجائی ۱۲...... ظاہری دوری اور دور اقامت کرنا ۱۲ ☆ عزیزے...... یکے از اکابر ۱۲...... بزرگوں میں سے ایک ۱۲ ☆ مُحبّۃ...... بیان ۱۲...... دعا کا بیان ۱۲

.........................................................

# ایک سو ستاونواں مکتوب ﴿۱۵۷﴾

حکیم عبدالوہاب کی طرف صادر فرمایا...... اس بیان میں کہ جب کوئی شخص درویشوں کی خدمت میں جائے تو اس کو چاہیے کہ اپنے (دل و دماغ) کو خالی کر کے جائے تا کہ بھرا ہوا واپس آئے اور اس بیان میں کہ سب سے پہلے اپنے عقائد کو درست کرنا چاہیے۔

آپ ہمارے ہاں دو مرتبہ تشریف لائے اور جلدی ہی واپس چلے گئے، اتنی فرصت نہ ملی کہ صحبت کے حقوق ادا کئے جاتے، ملاقات کا مقصود فائدہ پہنچانا یا فائدہ حاصل کرنا ہے، اور چونکہ ملاقات ان دونوں (حالتوں) سے خالی رہی اس لئے یہ (ملاقات) کسی شمار میں نہیں ہے...... اس گروہ (اہل اللہ) کے پاس (دل و دماغ کو) خالی کر کے آنا چاہیے تا کہ بھرا ہوا واپس جائے، اور اپنی غربت (بے عملی) کا اظہار کرنا چاہیے تا کہ وہ اس پر شفقت (و ہمدردی) کریں اور فیض رسانی کا راستہ کھل جائے۔ سیراب آنا اور سیراب جانا (جیسا آیا ویسا گیا) مزہ کی بات نہیں، پرشکمی مرض کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔ اور لا پروائی سوائے سرکشی کی وجہ کے اور کچھ نہیں ہے...... حضرت خواجہ نقشبند قدس اللہ تعالیٰ سرہ نے فرمایا ہے "پہلے نیاز مندی اور خستہ دلی درکار ہے اس کے بعد دلِ شکستہ پر اہل دل کی توجہ مبذول ہوگی۔" پس توجہ حاصل کرنے کے لئے (طالب کی) نیاز مندی و عاجزی شرط ہے۔ اسی طرح ہونا چاہیے۔

اس وقت ایک طالب علم آیا اور آپ کی خدمت میں سفارش کی طلب کا اظہار کیا تو دل میں یہ بات آئی کہ آپ کی تشریف آوری کا بھی ایک حق ہے لہذا اپنی طرف سے بھی ممکن درجہ حق ادا کرنا چاہیے، اس لئے ضروری ہوا کہ زبانِ قلم سے گذری ہوئی بات کا تدارک و تلافی کرتے ہوئے چند کلمات وقت و حال کی مناسبت سے آپ کی طرف تحریر کر دیئے جائیں۔ وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ اَلْمُلْھِمُ لِلصَّوَابِ وَالْمُوَفِّقُ لِلسَّدَادِ (اللہ سبحانہٗ بہتری کی طرف الہام کرنیوالا اور راستی کی توفیق دینے والا ہے)

اے سعادتمند! ہم پر اور آپ پر لازم ہے کہ کتاب و سنت کے مطابق اپنے عقائد کی تصحیح کریں (جس طریقہ پر کہ) علماءِ اہل حق شکر اللہ تعالیٰ سعیہم نے کتاب و سنت کو سمجھا ہے اور اس سے اخذ کیا ہے۔ کیونکہ ہمارا اور آپ کا سمجھنا ان بزرگواروں کی فہم اور رائے کے موافق نہیں ہے تو وہ حدود اعتبار سے ساقط ہے۔ کیونکہ ہر بدعتی اور گمراہ اپنے باطل احکام کو کتاب و سنت

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ



Marfat.com

کے مطابق سمجھتا ہے اوران کو وہیں سے اخذ کرتا ہے، وَالْحَالُ اَنَّہٗ لَا یُغْنِیْ مِنَ الْحَقِّ شَیْئًا (حالانکہ ان سے حق کے متعلق کسی قسم کا بھی فائدہ نہیں ہوتا)...... دوسرے احکام شرعیہ حلال وحرام فرض وواجب کا علم حاصل کرنا...... تیسرے علم کے مطابق عمل کرنا...... چوتھے تصفیہ وتزکیہ جوکہ خاص صوفیائے کرام قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے ساتھ مخصوص ہے...... لہذا جبتک اپنے عقائد کو درست نہ کریں احکامِ شرعیہ کا علم کچھ فائدہ نہیں دیتا اور جبتک یہ ہر دو متحقق نہ ہو جائیں عمل نفع نہیں دیتا، اور جبتک یہ تینوں میسر نہ ہو جائیں تصفیہ وتزکیہ کا حاصل ہونا محال ہے...... یہ چاروں رکن اوران کے متممات ومکملات اس طرح (ایک دوسرے سے وابستہ ہیں جس طرح سنت فرض کو کامل کرتی ہے، اس کے بعد جو کچھ ہے وہ فضول اور بیکار باتوں میں داخل ہے ......وَمِنْ حُسْنِ الْاِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْکُہٗ مَالَا یَعْنِیْہِ وَاشْتِغَالُہٗ بِمَا یَعْنِیْہِ (انسان کے حُسنِ اسلام کی علامت یہ ہے کہ وہ لایعنی بیکار باتوں کو چھوڑ کر با مقصد اور مفید باتوں میں مشغول ہو جائے)......اور سلامتی ہو اس پر جس نے آنحضرت محمد مصطفےٰ علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتحیات کی ہدایت کی پیروی کی اوران کی متابعت کو اپنے اوپر لازم جانا۔

---

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۳۲﴾ ۲ كَلَّا اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰى اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ۱۲ (سورة العلق) یعنی ہاں ہاں! بے شک انسان سرکشی کرنے لگتا ہے اس بنا پر کہ وہ اپنے آپ کو مستغنی دیکھتا ہے۔۱۲

ے یعنی پہنچنے کی بجائے کہتے ہیں اس کے پاس پیسہ نہیں ہے۔ اس لفظ میں باب افعال کی خاصیت سَلب ماخذ ہے۔۱۲

﴿ص۳۲﴾ ۳ قولہ اول نیاز یعنی حاجت خستہ یعنی زخمی وشکستہ، بعد ازاں توجہ خاطر شکستہ یعنی بعد از اظہار حاجت از طرف شخص شکستہ دل توجہ اہل اللہ بجبر خاطر آں شکستہ بوقوع می آید، یعنی پہلے زخمی وشکستہ دل سے حاجت کا اظہار ہوتا ہے اس کے بعد اہل اللہ (اللہ والوں) کی توجہ اس زخم خوردہ انسان کی اصلاح کے لئے مددگار ثابت ہوتی ہے۔۱۲۔ آور مثنوی

دست شکستہ بر آور در دعا — سوئے شکستہ پرد فضل خدا
شکر کن مر شاکراں را بندہ باش — پیش ایشاں مردہ شو پائندہ باش
خاک شو مردانِ حق را زیر پا — خاک بر سرکن حسد را ہمچو ما
تا کہ نان نشکستہ قوت کے دہد — ناشکستہ خوشہ ہاکے مے دہد
تا ہلیلہ نشکند با ادویہ — کے شودخود صحت افزا دردیہ

ترجمہ:۔ (خستہ دل) شکستہ ہاتھ دعا کیلئے اٹھاتا ہے — اور شکستہ دل کی طرف ہی اللہ تعالیٰ فضل فرماتا ہے
شکر کرو اور شکر گذاروں (عارفوں) کے غلام بن جاؤ — اوران کی خدمت میں انانیت کو مٹا کر عمر دوام حاصل کرو
ترجمہ:۔ مردانِ خدا کے قدموں کی خاک ہو جاؤ — ہماری طرح حسد پر مٹی ڈالو
جب تک روٹی ٹوٹے گی نہیں (پیٹ میں جائے بغیر) کیسے قوت دے گی — خوشوں کو توڑے بغیر شراب کیسے حاصل ہوگی
ترجمہ:۔ جب تک ہریڑ دوا کے ساتھ نہ کوٹی جائے (نسخہ میں شامل نہ کی جائے) — تو وہ پیٹ (پھیپھڑے) کے لئے صحت افزا کیسے ہوگی

﴿ص۳۲﴾ ۴ قال صلی اللہ علیہ سلم اِنَّ لِزَوْرِكَ عَلَيْكَ حَقًّا ۱۲ (بے شک تیرے ملاقات کرنے والے احباب کا بھی تجھ پر حق ہے)



پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی تیسرا حصہ

Marfat.com

ب مبتدع: صاحب بدعت چنانکہ رافضہ وخارجہ وجبریہ وقدریہ وغیرہم ۱۲۔ یعنی بدعتی گروہ جیسا کہ شیعہ، خارجی، جبری اور قدری وغیرہ ۱۲

ا کالسنۃ...... یعنی جیسا کہ سنت مکمل کرنے والی ہے فرض کو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک سب سے پہلے جس کا حساب لیا جائے گا قیامت کے دن بندے کے اعمال میں سے وہ نماز ہے پس اگر نماز درست ثابت ہوئی تو وہ کامیاب وکامران ہوگیا اور اگر وہ خراب وبرباد ہوئی تو بندہ خاسر ونامراد ہوگیا، اگر اس کے فرائض میں سے کچھ کم ہوگا تو رب تبارک وتعالیٰ فرمائے گا دیکھو کیا میرے بندے کے نوافل ہیں تو ان کے ساتھ فرضوں کی کمی کو پورا کیا جائے الخ۔ مشکوٰۃ

۲ قولہ من حسن اسلام الخ عن علی بن الحسین قال قال رسول اللہ ﷺ من حسن اسلام المرء ترکہ ما لا یعنیہ ۔رواہ مالک و احمد ورواہ ابن ماجہ عن ابی ہریرۃ، والترمذی والبیہقی فی شعب الایمان عنہما ۔ از مشکوٰۃ حضرت علی (زین العابدین) بن حسین رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آدمی کے اچھا مسلمان ہونے کی علامت یہ ہے کہ وہ ہر فضول کام کو چھوڑ دے۔ (اس حدیث کو امام مالک، امام احمد، امام ابن ماجہ نے حضرت ابو ہریرہ سے روایت کیا ہے۔ اور امام ترمذی نے اور امام بیہقی نے شعب الایمان میں ان دونوں سے روایت کیا ہے)

.....................................

☆ متن...... بین السطور...... معانی

☆ مملو...... پر کردہ شدہ ۱۲...... بھرا ہوا ☆ اِفادہ...... فائدہ رسانیدن ۱۲...... فائدہ پہنچانا ۱۲ ☆ اِستفادہ...... فائدہ گرفتن ۱۲...... فائدہ حاصل کرنا ۱۲ ☆ طائفہ...... اہل اللہ ۱۲...... اللہ والے ۱۲ ☆ افاضہ...... فیض رسانیدن ۱۲...... فیض پہنچانا ۱۲

☆ اِمتلا...... پر شدن ۱۲...... پُر ہونا، بھر جانا ۱۲ ☆ عِلت...... مرض ۱۲...... بیماری ۱۲ ☆ طغیان...... سرکشی ۱۲...... بغاوت ۱۲

☆ پس توجہ...... تفریع است بر قول حضرت خواجہ ۱۲...... حضرت خواجہ کے قول سے فرع نکالی ہے ۱۲ ☆ توجہ...... حق و مردان حق ۱۲...... حق تعالیٰ اور حق تعالیٰ کے دوستوں کی توجہ ۱۲ ☆ نیاز...... طالب ۱۲...... طالب کی طرف سے نیاز شرط ہے ۱۲

☆ اعتداد...... شمار واعتبار ۱۲...... شمار واعتبار ۱۲ ☆ اوان...... وقت ۱۲

﴿صہ ۲۳﴾ ☆ بجانب...... بطرف شما ۱۲...... آپ کی طرف سے ۱۲ ☆ تلافی...... بدست آوردن ۱۲...... ہاتھ میں لانا، دلجوئی کرنا ۱۲

☆ تصحیح...... درست وراست نمودن ۱۲...... سیدھا اور درست کرنا ۱۲ ☆ املا...... تحریر ۱۲...... لکھنا ۱۲ ☆ لِلسَّدَاد...... درستی ۱۲...... درستی

☆ سعادت آثارا...... آغاز چند کلمہ ۱۲...... چند کلمات نصیحت کا شروع ۱۲ ☆ ماوشما...... اولاً ۱۲...... پہلے ۱۲ ☆ حَیِّز...... محل مقام و مرتبہ ۱۲ ☆ این بزرگواراں...... علماء اہل حق ۱۲...... صاحب حق علماء ۱۲ ☆ ضالّ...... گمراہ ۱۲...... بے دین ۱۲

☆ وَاللہ سبحانہ...... خدائے پاک الہام کنندہ صواب است وتوفیق دہندہ درستی راستی ۱۲...... اللہ سبحانہ بہتری کی طرف الہام کرنے والا اور راستی کی توفیق دینے والا ہے ۱۲ ☆ تصفیہ...... جذبہ ۱۲...... اندرونی تحریک ۱۲ ☆ تزکیہ...... سلوک ۱۲...... راہ طریقت ۱۲

☆ تصفیہ وتزکیہ ۱۲...... جذبہ وسلوک ۱۲

.....................................





Marfat.com

# ایک سو اٹھاونواں مکتوب (۱۵۸)

شیخ حمید بنگالی کی طرف صادر فرمایا...... اس بیان میں کہ کمال کے درجات میں جو فرق ہے وہ قابلیتوں کے فرق کے اعتبار سے ہے اور اس کے مناسب بیان میں

جاننا چاہیے کہ کمال کے درجات مختلف ہیں جو قابلیتوں کے فرق کے اعتبار سے ہوتا ہے اور کمال میں تفاوت کبھی کمیت (مقدار) کے لحاظ سے ہوتا ہے اور کبھی کیفیت کے اعتبار سے اور کبھی ان دونوں (کیفیت و کمیت) کے اعتبار سے (بیک وقت ہوتا ہے)۔ اور بعض کا کمال مثلاً تجلی صفاتی سے ہے اور بعض دوسروں کا کمال تجلی ذاتی کی وجہ سے...... اس بہت بڑے تفاوت کے باوجود ان دونوں تجلیوں والے افراد اور ان کے ارباب کے درمیان بڑا فرق ہے، بعضوں کا کمال حق سبحانہٗ کے ماسوا صرف قلب کی سلامتی پر ہے اور روح کی آزادی تک ہے، اور بعض دوسرے حضرات کا کمال ان دونوں کے ساتھ بھی تحقیق شدہ ہے اور لطیفہ سِرّ کے شہود تک بھی اور تیسرے گروہ کا کمال ان تینوں امور کے ساتھ ساتھ اس حیرت تک ہے جو لطیفہ خفی کے ساتھ منسوب ہے۔ اور چوتھے گروہ کا کمال ان چاروں امور کے علاوہ اس اتصال تک ہے جو لطیفہ اخفیٰ کی طرف منسوب ہے ۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَ اللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (جمعہ:۶۲، آیت ۴) (یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کو چاہتا ہے عطا کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے)...... مذکورہ بالا مراتب میں سے ہر مرتبہ میں کمال حاصل ہونے کے بعد رجوعِ قہقری ہے (یعنی اُلٹے پاؤں لوٹنا ہے تاکہ مخلوق کو حق جل وعلا کی طرف دعوت دے) یا ثبات و استقرار ہے یعنی اس میں ٹھہر جانا ہے اور ان دونوں میں سے پہلا مقام تکمیل وارشاد کا مقام ہے اور اس میں حق تعالیٰ کی جانب سے مخلوق کی طرف دعوتِ حق دینے کے لئے رجوع کرنا ہے اور دوسرا مقام استہلاک یعنی مغلوب الحال ہونے اور مخلوق سے یکسوئی و عزلت ہونے کا مقام ہے۔ والسلام اولاً و آخراً

## ﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۳۳﴾ ۳ قولہ شیخ حمید: آپ بہت دور کے ملک بنگال کے ہیں علومِ دینیہ کیلئے عظمت والے شہر لاہور میں آئے تھے، فراغت کے بعد اپنے وطن مالوف کو جاتے ہوئے جب دار السلطنت آگرہ پہنچے اور مفتی کابلی خواجہ عبدالرحمٰن کے قرب و جوار میں قیام پذیر ہوئے، خواجہ مذکور فرماتے ہیں: چونکہ میں نے شیخ حمید کو ماہر علوم اور متین پایا تو میں نے یہ طے کیا کہ جب تک وہ آگرہ میں رہیں ہم سایہ اور ہم نشین رہیں، ایک دن مشائخ اور علم تصوف کا ذکر ہوا تو میں نے ان کو اس کا منکر اور معترض پایا اور حضرت مجدد قدس سرہ سے ان کو اور زیادہ انکار تھا۔ دو تین دن ہی گذرے تھے کہ حضرت امام ربانی قدس سرہ سرہند سے آگرہ تشریف لے آئے اور ہمارے قریب ہی قیام فرما ہوئے، جب شیخ حمید نے یہ خبر سنی تو نفرت کی وجہ سے دوسرے محلہ میں چلے گئے۔ ایک دن وہ ہمارے گھر آئے ہوئے تھے اور علمی گفتگو ہو رہی تھی کہ حُسن اتفاق سے ایک شخص نے آکر اطلاع دی کہ حضرت مجدد قدس سرہ یہاں دروازے پر کھڑے ہوئے ہیں۔ جب وہ اندر آئے تو تھوڑی گفتگو کے بعد شیخ حمید کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: اچھا شیخ حمید یہاں ہیں، پھر آپ نے ایک دو نظریں پوری کیفیت کے ساتھ ان پر ڈالیں اور تھوڑی دیر مراقب ہوئے پھر اٹھ کھڑے ہوئے شیخ حمید بھی آپ کے پیچھے چل دیئے اور آپ کے دروازے پر گریاں و حیران کھڑے ہو گئے، کچھ دیر بعد آپ نے ان کو اندر بلا کر توبہ، تعلیم طریقت اور جذبہ و نسبت سے مشرف فرمایا، مختصر یہ کہ تقریباً دو سال حضرت مجدد قدس سرہ کے آستانہ عالیہ میں





Marfat.com

خدمت گاری اور تعلیم سلوک کے لئے رہے، پھر حضرت نے تعلیم طریقت کی اجازت دے کر ان کو ان کے وطن بھیج دیا اور اجازت نامہ تحریر فرما کر عنایت فرمایا۔ (شیخ مذکور کے حالات زبدۃ المقامات سے خلاصۃً نقل کئے ہیں)۔

﴿صہ ۳۴﴾ ا؎ یعنی مخلوق کو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دینا، اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا: وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَا اِلَی اللّٰہِ الخ (اور اس شخص سے بہتر کس کا کلام ہے جس نے دعوت دی اللہ کی طرف)

الٹے پاؤں چلنا یعنی مخلوق کی طرف منہ کرنا اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دینے کے لئے ۱۲

.....................................

☆متن......بین السطور......معانی

☆کمیۃ......مقدار و چندگی ۱۲......مقدار ۱۲ ☆ کیفیت......صفت ۱۲......حالت ۱۲ ☆ سوم......شخص ۱۲......تیسرا شخص ۱۲ ☆ اولین این......یعنی رجعت قہقری ۱۲......پچھلے پاؤں پلٹنا ۱۲ ☆ تکمیل......نقصان ۱۲......ناقص لوگوں کی تکمیل کرنا ۱۲ ☆ ارشاد......گمراہاں ۱۲......گمراہوں کو راہ دکھانا ۱۲ ☆ وثاقی ابنہا......ثبات واستقرار ۱۲......ثابت قدمی اور مضبوطی ۱۲ ☆ موطن......مقام ۱۲......مقام و مرتبہ ۱۲ ☆ استہلاک......نیست کردن خودرا ۱۲......اپنے آپ کو فنا کرنا ۱۲ ☆ عزلت......یکسوشدن ۱۲......خلوت میں بیٹھنا ۱۲

.....................................

# ایک سوانسٹھواں مکتوب ﴿۱۵۹﴾

شرف الدین حسین بدخشی کی طرف صادر فرمایا......بسلسلہ تعزیت

اگرچہ آلام ومصائب بظاہر کڑوے اور تلخ ہیں لیکن باطن میں شیریں اور روح کو لذت بخشنے والے ہیں، کیونکہ جسم و روح دونوں آپس میں ایک دوسرے کی ضد واقع ہوئے ہیں، ایک کی تکلیف دوسرے کے لئے لذت کا باعث ہے، پس جو پست فطرت آدمی ان دو ضدوں کے درمیان اور جو ان کے لوازمات ہیں ان کے درمیان تمیز نہیں کر سکتا وہ ہماری بحث سے خارج اور قابل توجہ نہیں، اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ (اعراف:۷، آیت:۱۷۹) (یہ لوگ چوپایوں کے مانند ہیں بلکہ اس سے بھی زیادہ گمراہ)

؎ آگہہ از خویشتن چو نیست جنین    چہ خبردار از چنان و چنیں

ترجمہ:۔ (پیٹ کے بچے کو خود کی کیا خبر    پھر وہ کیا جانے اِدھر کیا، کیا اُدھر)

جس شخص کی روح مائل بہ تنزل ہو کر جسم کے مرتبہ میں قرار پالے اور اس کا عالم امر، عالم خلق کے تابع ہو جائے وہ اس معمہ کے راز کو کیا جانے، جبتک کہ روح اپنے اصلی مقام کی طرف واپس نہ لوٹے اور امرِ خلق سے جدا نہ ہو جائے اسوقت تک معرفت کا جمال جلوہ گر نہیں ہوسکتا، اس دولت کا حصول ایسی موت سے وابستہ ہے جس سے پہلے حسّی اور صوری موت حاصل ہو جائے......اور مشائخ طریقت قدس اللہ تعالیٰ اسرار ہم نے اس کو فنا سے تعبیر کیا ہے۔

؎ خاک شو خاک تا بروید گل    کہ بجز خاک نیست مظہر گل

ترجمہ:۔ (خاک بن جاؤ تو بن جاؤ گے پھول    خاک ہی میں سے اُگاؤ گے پھول)





Marfat.com

اور جس شخص نے مرنے سے پہلے مقامِ فنا حاصل نہیں کیا وہ مصیبت میں مبتلا ہے اور اس کے لئے ماتم کرنا چاہیے

......آپ کے والد مرحوم کے انتقال کی خبر جو کہ نیک نامی میں مشہور تھے اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر میں بہت زیادہ محتاط تھے مسلمانوں کے لئے حزن وملال کا سبب ہوئی اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ (بقرۃ:۲، آیت ۱۵۶) (ہم اللہ کے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے)......اس فرزند کو چاہیے کہ شیوہ صبر اختیار کرتے ہوئے آگے جانے والوں (یعنی مرنے والوں) کی صدقہ، دعا، اور استغفار کے ذریعہ امداد واعانت کریں، کیونکہ مردوں کو زندوں کی طرف سے امداد کی سخت ضرورت ہوتی ہے، حدیث نبوی علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰت والتسلیمات میں ہے: مَا الْمَيِّتُ اِلَّا كَالْغَرِيْقِ الْمُتَغَوِّثِ يَنْتَظِرُ دَعْوَةً تَلْحَقُهٗ مِنْ اَبٍ اَوْ اُمٍّ اَوْ اَخٍ اَوْ صَدِيْقٍ فَاِذَا لَحِقَتْهُ كَانَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا وَاِنَّ اللّٰهَ لَيُدْخِلُ عَلٰى اَهْلِ الْقُبُوْرِ مِنْ دُعَاءِ اَهْلِ الْاَرْضِ اَمْثَالَ الْجِبَالِ مِنَ الرَّحْمَةِ وَاِنَّ هَدِيَّةَ الْاَحْيَاءِ اِلَى الْاَمْوَاتِ الْاِسْتِغْفَارُ لَهُمْ (فی مشکوٰۃ باب الاستغفار من روایت، البیہقی فی شعب الایمان عن ابن عباس رضی اللہ عنہ مرفوعا) (یعنی میت کی مثال ڈوبنے والے اور فریاد کرنے والے کی مانند ہے وہ ہر وقت دعا کی منتظر رہتی ہے جو اسے باپ، ماں، بھائی دوست اور متعلقین کی طرف سے پہنچتی ہے، جب اس کو ان میں سے کسی کی طرف سے دعا پہنچتی ہے تو وہ اس کو دنیا ومافیہا سے زیادہ محبوب ہوتی ہے اور یقیناً اللہ تعالیٰ زمین والوں کی دعا سے اہل قبور پر پہاڑوں کی مانند رحمت نازل فرماتا ہے، اور زندوں کا مردوں کے لئے ہدیہ یہ ہے کہ ان کے لئے استغفار کریں)

باقی نصیحت یہ ہے کہ ہمیشہ ذکر کی کثرت اور فکر کی مداومت میں رہیں کیونکہ وقت بہت کم ہے اور اس کو بہت ضروری کاموں میں صرف کرنا چاہیے۔ والسلام

---

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص ۳۵﴾ ۔ عزا عین اور زا پر زبر ہے یعنی صبر کرنا اور اس میں استقامت اختیار کرنا اور شکایت کرنا اور عرف حال میں مجازاً ماتم پرسی کے معنی ہیں ۱۲۔

ا قولہ آلام مد کے ساتھ اَلَم (دو زبروں کے ساتھ) کی جمع ہے، درد کرنے اور درد کے معنی میں، اور مصائب مصیبت کی جمع ہے، اور مُولِم (میم کی پیش اور لام کی زیر سے) درد دینے والا، دکھ دینے والا ۱۲۔

۔ یعنی وہ شخص کہ جس کی فطرت پست واقع ہوئی ہو، اور یہ مبتدا ہے، اس کی خبر ''از مبحث خارج است'' ہے ۱۲

۲ یہ اشارہ ہے اس آیت کریمہ کی طرف جو سورہ اعراف (آیت ۱۷۹) پارہ ۹ میں واقع ہے یعنی وَلقد ذرأنا لجهنم الخ یعنی وہ لوگ چوپاؤں کی مانند ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ گمراہ ۱۲ (مذکورہ آیت کے آخر کے الفاظ کا ترجمہ درج ہوا ہے)

۔ قولہ جَنِین: جیم عربی کریم کے وزن پر، یعنی ماں کے پیٹ میں بچہ ۱۲

۳ اس کی طرف اشارہ ہے جو حدیث میں وارد ہے: مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا (مرنے سے پہلے مرجاؤ) مثنوی

ترجمہ مثنوی:

جیسا کہ حدیث شریف میں وارد ہوا ہے کہ مرنے سے پہلے مرجاؤ یعنی محبت الٰہی میں گہرے ذکر میں فنا ہو جاؤ یہاں تک کہ جسمانی زندگی مفقود معلوم ہو۔ مثنوی ۱ اگر موت مرنے سے پہلے حاصل نہ ہو یعنی فنافی اللہ نہ ہو تو اجل تمام محنتوں کو برباد کر دیتی ہے۔

۲ فنائیت حاصل نہ ہوتا تو کچھ بھی حاصل نہ ہوا اور ہر قسم کی حیلہ گری یعنی کوشش خدا تعالیٰ سے واصل کرتی ہے۔



Marfat.com

۳ باری تعالیٰ کی نوازش (یا شیخ کامل کی توجہ) سینکڑوں کوششوں سے بہتر ہے بلکہ کوششوں کو سو قسم کے خطرات پیش آسکتے ہیں (جو نفسانی و شیطانی قسم کے ہوسکتے ہیں)

۴ ممات کا موقوف ہونا اسی عنایت پر ہے جس پر اہل ثقات نے تجربات کئے ہیں۔

۵ بلکہ ایسی فنائیت جس کا سبب عنایت خاص نہ ہو وہ بغیر عنایت کے ادھر اُدھر کی حیلہ گری ہے۔

۶ جب تجھے عنایت حاصل ہو جائے اور قائم رہے تو تجھے لعین وخبیث، چور (شیطان) کا خوف نہیں ہوگا۔

﴿صہ ۳۵﴾ ۴ قولہ اَجَلٌ مُسَمّٰی یعنی اَجل معین، مقررہ وقت یعنی مشہور موت ۱۲

ب یعنی اسکی مصیبت کو مُسلّم رکھنا چاہیے اور اس کو مصیبت زدہ جاننا چاہیے ۱۲

ب شیوہ یائے مجہول کے ساتھ، ناز وکرشمہ اور ورزش کی ایک طرز، ہنر وکمال کے معنی بھی ہیں ۱۲ غ

۵ اللہ تعالیٰ کے قول اِذَا اَصَابَتْهُمْ مُصِيبَةٌ قَالُوْا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ (جب ان کو کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو وہ کہتے ہیں۔ اور ہم اللہ کے ہیں اور ہم نے اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے) پر عمل کیا ہے ۱۲

۶ قولہ مالمیت الخ یعنی میت کی مثال ڈوبنے والے اور فریاد کرنے والے کی مانند ہے وہ (میت) ہر وقت دعا کی منتظر رہتی ہے جو اسے باپ، ماں، بھائی، دوست اور متعلقین کی طرف سے پہنچتی ہے، جب اس کو ان میں سے کسی کی طرف سے دعا پہنچتی ہے تو وہ اس کو دنیا ومافیہا سے زیادہ محبوب ہوتی ہے اور یقیناً اللہ تعالیٰ زمین والوں کی دعا سے اہل قبور پر پہاڑوں کی مانند رحمت نازل فرماتا ہے، اور زندوں کا مردوں کے لئے ہدیہ یہ ہے کہ ان کے لئے استغفار کریں ۱۲

لا بحر الرائق میں ہے: جس شخص نے (نفل) روزہ رکھا یا نماز پڑھی یا صدقہ کیا اور اس کا ثواب اپنے علاوہ کسی مردہ یا زندہ کو پیش کر دیا تو یہ جائز ہے، اس عمل کا ثواب اس کو پہنچے گا۔ اہل سنت وجماعت کے نزدیک بدائع میں ایسے ہی ہے، پھر فرمایا۔ اس سے معلوم ہوا کہ اس میں کوئی فرق نہیں ہے جس کو ثواب پیش کیا گیا ہے وہ زندہ ہو یا مردہ، ظاہر یہ ہے کہ اس میں بھی کوئی فرق نہیں کہ وہ ثواب کا کام کرنے کے وقت کسی دوسرے آدمی کے لئے ثواب کی نیت سے کرے یا اپنے لئے کرے اور بعد میں کسی دوسرے کو پیش کر دے، ان کے مطلق کلام کی وجہ سے۔ (کیونکہ اصل بات تو خدا تعالیٰ سے دعا کرنا ہے کہ وہ اس عمل کا ثواب اس مردے یا زندہ کو عطا کر دے) ردالمحتار

ب ما المیت : ای فی القبر (یعنی قبر میں) وھو من لفظ الحدیث علی ما فی المشکوٰۃ ۱۲ (اور وہ حدیث کے لفظ سے ہے اس بنا پر جو مشکوٰۃ میں ہے)

﴿صہ ۳۶﴾ ا قولہ بقیۃ النصح الخ یعنی باقی نصیحت یہ ہے کہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے ذکر کی کثرت کریں اور فکرِ آخرت کو لازم پکڑیں کیونکہ دنیا میں باقی عمر بہت کم ہے، پس مناسب یہ ہے کہ اس کو بہت ضروری کاموں میں صرف کیا جائے ۱۲۔ من الرحمۃ ...... یہاں سے حدیث کا مطلب بیان کیا جا رہا ہے، حدیث کے لفظ نہیں ہیں، اس کے مطابق جو مشکوٰۃ میں ہے ۱۲

..................

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

☆ سِر ...... راز ۱۲ ...... بھید ۱۲ ☆ امر ...... عالم ۱۲ ...... عالَمِ اَمر ۱۲ ☆ خلق ...... عالم ۱۲ ...... عالَمِ خلق ۱۲ ☆ مظہر ...... جائے ظہور ۱۲ ...... ظاہر ہونے کی جگہ ۱۲ ☆ عزا ...... ماتم پرسی ۱۲ ☆ اِرتحال ...... اِنتقال ۱۲ ...... موت ۱۲ ☆ نیک ...... بسیار ۱۲ ...... زیادہ ۱۲ ☆ اَحیاء ...... زندگان ۱۲ ...... زندہ لوگ ۱۲ ☆ موتیٰ ...... مُردگان ۱۲ ...... مردے ۱۲ ☆ احتیاج ...... حاجت ۱۲ ...... ضرورت ۱۲

..................





Marfat.com

# ایک سوساٹھواں مکتوب (۱۶۰)

یہ مکتوب آپ نے اپنے کمترین غلام یعنی یار محمد الجدید البدخشی الطالقانی کی طرف صادر فرمایا...... اس بیان میں کہ مشائخِ طریقت قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم تین گروہ ہیں۔ ان تینوں میں سے ہر ایک کے احوال وکمال اور نقصان کی شرح وتفصیل کے بیان میں۔

مشائخ طریقت قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم تین گروہ ہیں...... پہلا گروہ اس بات کا قائل ہے کہ کائناتِ عالم حق تعالیٰ کی ایجاد سے خارج میں موجود ہے اور جو کچھ اس (عالم ایجاد کے) اندر موجود ہے وہ (حق تعالیٰ کے) اوصاف وکمال میں سے ہے اور سب کچھ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی ایجاد ہے اور وہ (مشائخ) اپنے آپ کو صرف شبح (اور مثال کے درجے) سے زیادہ نہیں جانتے بلکہ اس شبحیت کو بھی حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی طرف سے جانتے ہیں اور وہ فنائیت کے سمندر میں ایسے گم ہیں کہ ان کو نہ عالم کی خبر ہے نہ اپنی۔ اور وہ اس برہنہ شخص کی مانند ہیں جس نے عاریۃً کپڑا لے کر پہنا ہو، اور وہ جانتا ہے کہ یہ کپڑا مانگا ہوا ہے اور یہ دید عاریت کا تصور ان پر اس قدر غالب ہو کہ (کپڑے پہنے ہوئے ہونے کے باوجود) وہ اس کپڑے کو اصل مالک کی طرف منسوب کرے اور اپنے آپ کو برہنہ ہی محسوس کرے، اور اگر ایسے آدمی کو بے شعوری اور سکر کی حالت سے نکال کر شعور اور صحو میں لائیں اور فنا کے بعد بقا سے مشرف فرمائیں تو اگرچہ وہ اس وقت بھی اپنے بدن پر کپڑا پاتا ہے لیکن یقین رکھتا ہے کہ وہ (میرا نہیں ہے) دوسرے کی طرف سے ہے، کیونکہ وہ فنا ابھی تک اس کے علم میں مندرج ہے اور وہ گرفتاری وتعلق جو اس کپڑے سے رکھتا ہے کچھ باقی نہیں رہتا...... اور ایسا ہی حال اس شخص کا ہے جو اپنے کمالات واوصاف کو عاریت کے جامہ کے رنگ میں خیال کرتا ہے لیکن وہ سمجھتا ہے کہ یہ جامہ بھی وہم کے درجہ میں ہے اور خارجی طور پر کوئی کپڑا (جسم پر) نہیں رکھتا ہوں بلکہ برہنہ ہوں...... یہ مشاہدہ جب اس حد تک غالب آجاتا ہے کہ لباس کے وہم کو درست سمجھنے لگتا ہے اور اپنے آپ کو برہنہ محسوس کرتا ہے۔ (لیکن اس حالت سے) افاقہ وصحو کے بعد اس وہمی جامہ کو بھی اپنے ساتھ پاتا ہے لیکن پہلے شخص کی فنا اتم (کامل) ہے اور بقا میں بھی مرتبہ کے لحاظ سے زیادہ اکمل ہے، جیسا کہ انشاء اللہ تعالیٰ عنقریب بیان کیا جائے گا۔

اور یہ بزرگ گروہ اپنے تمام اعتقاداتِ کلامیہ میں جو کتاب وسنت اور اجماع کے موافق ثابت شدہ ہیں علمائے اہل سنت وجماعت کے ساتھ اتفاق رکھتا ہے، اور متکلمین اور ان کے درمیان سوائے اس کے اور کچھ فرق نہیں ہے کہ متکلمین اس معنی کو علمی اور استدلالی جانتے ہیں اور یہ بزرگ کشف وذوق کی بنیاد پر سمجھتے ہیں، اور نیز یہ بزرگ گروہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی انتہائی پاکیزگی کی وجہ سے اس کے ساتھ عالم کی کوئی نسبت ثابت نہیں کرتے اور تمام نسبتوں کو سلب کرتے ہیں۔ تو پھر کس طرح یہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے ساتھ عینیت وجزئیت کے قائل ہو سکتے ہیں، سوائے اس نسبت کے کہ وہ مولیٰ ہے، معبود ہے اور صانع اور مصنوع ہے، بلکہ اپنے غلبہ حال میں اس نسبت کو بھی بھول جاتے ہیں۔ اب وہ حقیقی فنا سے مشرف ہو کر باری تعالیٰ کی تجلیاتِ ذاتیہ کو قبول کرتے ہیں اور بے انتہا تجلیات کے مظہر بن جاتے ہیں۔

دوسرا گروہ عالم کو حق سبحانہٗ وتعالیٰ کا ظل جانتا ہے۔ مگر یہ اس بات کے قائل ہیں کہ عالم خارج میں اصالت کے طریقے پر نہیں بلکہ ظلیت کے طریقے پر موجود ہے اور ان دونوں کا وجود حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے وجود سے قائم ہے جس طرح کے ظل

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی تیسرا حصہ



Marfat.com

(سایہ) اپنے اصل کے ساتھ قائم ہوتا ہے..... مثلاً ایک شخص کا سایہ دراز ہے اور وہ شخص اپنی کمال قدرت سے اپنی صفات علم، قدرت وارادہ وغیرہ حتی کہ لذت والم کو بھی اس سایہ میں منعکس کر دے۔ پس اگر بالفرض وہ سایہ آگ پر پڑ جائے اور وہ اس سے تکلیف محسوس کرے تو عقلاً وعرفاً یہ نہیں کہیں گے کہ وہ شخص تکلیف میں ہے، جیسا کہ تیسرا گروہ اس امر کا قائل ہے..... علیٰ ہذا القیاس تمام بُرے افعال جو کہ مخلوقات سے صادر ہو رہے ہیں یہ نہیں کہہ سکتے کہ یہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے افعال ہیں، جیسے کہ سایہ اگر اپنے ارادہ سے حرکت کرتا ہے تو یہ نہیں کہا جائے گا کہ وہ شخص متحرک ہو گیا، ہاں صرف یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس کی قدرت وارادہ کا اثر ہے یعنی اس کا مخلوق ہے اور یہ بات طے شدہ ہے کہ قبیح (بری) شے کا پیدا کرنا برائی نہیں ہے بلکہ قبیح کا فعل اور کسب بُرا ہے۔

تیسرا گروہ وحدتِ وجود کا قائل ہے یعنی خارج میں صرف ایک (ہی ذات) موجود ہے اور بس اور وہ صرف ذاتِ حق سبحانہٗ وتعالیٰ ہے۔ اور عالم کا خارجی طور پر علمی ثبوت کے علاوہ ہرگز کوئی ثبوت ثابت نہیں ہے۔ اور کہتے ہیں: اَلْاَعْیَانُ مَا شَمَّتْ رَائِحَۃَ الْوُجُوْدِ (اعیان (اشیا) نے وجود کی خوشبو بھی نہیں سونگھی)..... اور اگرچہ یہ جماعت بھی عالم کو حق سبحانہٗ وتعالیٰ کا ظل (سایہ) کہتی ہے لیکن (ساتھ ہی یہ بھی) کہتی ہے کہ ان چیزوں کے سایہ کا وجود صرف حس کے مرتبہ میں ہے (ورنہ) نفس الامر اور خارج میں عدم محض ہے۔ اور (یہ لوگ) ذاتِ حق عزوجل کو صفاتِ وجوبیہ اور امکانیہ کے ساتھ متصف جانتے ہیں اور تنزلات کے مراتب کو ثابت کرتے ہیں اور ہر درجہ میں اسی ذاتِ احد کو احکام کے مرتبہ کی صفت سے متصف کرتے ہیں اور حق جل شانہٗ کی ذات کو لذت حاصل کرنے اور تکلیف اٹھانے والی بھی قرار دیتے ہیں..... لیکن ان محسوسہ متوہمہ ظلال کے پردہ میں (ان کے اس مسلک پر) عقلی وشرعی محظورات (اشکال) وارد ہوتے ہیں جن کے جواب میں (ان کو) بہت سے حیلے اور تکلفات کرنے پڑتے ہیں..... اگرچہ یہ (تیسرا گروہ) اپنے درجاتِ وصل وکمال میں تفاوت ہونے کے باوجود واصل وکامل ہے لیکن ان کی ایسی باتیں مخلوق کو گمراہی والحاد کی طرف رہنمائی کرتی ہیں اور الحاد و بے دینی (زندقہ) تک پہنچا دیتی ہیں۔

پہلے گروہ کے لوگ اکمل واتم ہیں اور کتاب وسنت کے ساتھ اسلم واوفق ہیں۔ لیکن ان کا اسلام اور سنت کے مطابق ہونا ظاہر ہے، اور ان کی اکملیت اور اتمیت اس وجہ سے ہے کہ وہ وجودِ انسانی کے بعض مراتب میں لطافت اور تجرد کی انتہا کی وجہ سے اپنے مبدا (حق تعالیٰ) سے مشابہت ومناسبت رکھتے ہیں جیسے لطیفہ خفی واخفی..... پس وہ جماعت جو باوجود فنائے سرّی کے ان مراتب کو مبدا سے جدا نہیں کر سکی تا کہ وہ لا کے تحت لا کر اس کی بھی نفی کرتی بلکہ ان کے نزدیک وہ مبدا کے ساتھ ملحق اور متشابہ رہیں اور خود کو عین حق سمجھ لیا ہے کہتے ہیں کہ خارج میں فقط حق سبحانہٗ ہے اور ہمارا ہرگز کوئی وجود نہیں ہے لیکن چونکہ بکثرت خارجی آثار کا متحقق ہونا ثابت ہے اس لئے مجبوراً وہ ثبوتِ علمی کے قائل ہو جاتے ہیں، اور یہی وہ مقام ہے جہاں وہ اعیان کو وجود وعدم کے درمیان برزخ قرار دیتے ہیں..... چونکہ وہ مخلوقات کے وجود کے بعض مرتبوں کو مبدا سے جدا نہیں کر سکے اس لئے اس کے وجود کے وجوب کے قائل نہ ہونے کی وجہ سے اس کو برزخ کہنے لگے اور وجوب کے رنگ کو ممکن میں ثابت کر دیا، اور نہ جان سکے کہ وہ بھی ممکن کے رنگ کی طرح ایک رنگ ہے جو واجب کے مشابہ ہے، اگرچہ صورت اور اسم میں ہی ہو، اور اگر وہ اس رنگ کو جدا کر دیتے اور ممکن کو بھی پورے طور سے جدا کر دیتے تو ہرگز اپنے آپ کو حق عزوجل نہیں جانتے بلکہ عالم کو حق سے جدا کرتے اور صرف ایک ہی وجود کے قائل نہ ہوتے، اور جب تک اس شخص (وحدت الوجود والے) کا اثر اور نشان





Marfat.com

باقی ہے اپنے آپ کو حق تعالیٰ نہیں جانتا اگر چہ وہ کہتا ہے ہے کہ میرا کوئی نشان باقی نہیں رہا۔لیکن اس کا یہ قول بھی کوتاہ نظری کے باعث ہے۔

دوسرے گروہ نے اگر چہ ان مراتب کو مبدا سے جدا کیا اور کلمہ لاؔ کے تحت لاکر اس کی نفی بھی کی لیکن ظلیت اور اصالت کے واسطہ سے کچھ چیزیں ان کے وجود کے بقا کے ساتھ ثابت رہیں چونکہ ظل کا مرتبہ اصل کے تعلق سے بڑا قوی ہے اس لئے یہ نسبت ان کی نظروں سے اوجھل نہ ہوسکی......لیکن پہلے گروہ نے حضرت رسالت خاتمیت علیہ من الصلوات اتمہاو من التحیات اکملہا کے ساتھ کمال درجہ کی مناسبت اور اتباع کے باعث ممکن کے تمام مراتب کو واجب سے جدا کر دیا اور کلمہ لاؔ کے تحت لاکر سب کی نفی کر دی اور انہیں نے واجب کے ساتھ ممکن کی کوئی مناسبت نہیں دیکھی اور اس کے ساتھ کسی نسبت کا اثبات نہیں کیا اور اپنے آپ کو عاجز بندہ مخلوق غیر مقدور کے علاوہ کچھ نہ سمجھا اور اس عزشانہ کو اپنا خالق اور مولیٰ سمجھا خود کو مولیٰ جاننا یا اس کا سایہ خیال کرنا ان بزرگوں پر بہت گرانی اور دشواری کا موجب ہے۔مَالِلتُّرَابِ وَرَبِّ الْاَرْبَابِ (چہ نسبت خاک را با عالمِ پاک)

یہ بزرگوار اشیاء کو اس وجہ سے دوست رکھتے ہیں کہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی مخلوق ہیں اور اسی لئے وہ ان کی نظر میں محبوب ہیں کہ وہ حق سبحانہٗ تعالیٰ کی مصنوع (بنائی ہوئی) ہیں اور ان کے افعال بھی اس جل شانہٗ کے بنائے ہوئے ہیں لہٰذا وہ تمام اشیا (کے خواص) کو تسلیم کرتے ہیں اور ان کے افعال سے انکار نہیں کرتے مگر یہ کہ جہاں شریعت نے انکار کیا ہو، جیسا کہ اربابِ توحید کہ جن کو حق تعالیٰ کی مظہریت کے واسطہ سے بلکہ اشیاء کی عینیت کی وجہ سے اس قسم کی محبت اشیاء کے ساتھ ہوتی ہے لوگوں کو صرف ان کے مصنوع و مخلوق ہونے کی وجہ سے حاصل ہوجاتی ہے۔

ببیں تفاوتِ رہ از کجا ست تا بہ کجا

ترجمہ:۔ (کہاں یہ راہ الگ اور کہاں وہ راہ الگ)

محبوب کے عین کو تو تھوڑی سی محبت کے ساتھ بھی ہم دوست رکھ سکتے ہیں لیکن اس کی مصنوعات و مخلوقات اور اس کے بندوں کو جب تک محبوب (حقیقی) کے ساتھ کامل محبت حاصل نہ ہوجائے دوست نہیں رکھ سکتے اور ان کو محبوب تصور نہیں کر سکتے ......اور یہ عالی گروہ کو عبدیت کے مقام سے جو تمام مقاماتِ ولایت کی انتہا ہے اس سے کامل حصہ مل چکا ہے، اور ان بزرگوں کے حال کی صحت پر اس سے بڑھ کر اور کونسی دلیل ہوسکتی ہے کہ ان کے تمام کشف کتاب وسنت کے موافق اور ظاہر شریعت کے مطابق ہیں، اور ان حضرات نے ظاہر شریعت سے سرمو مخالفت نہیں کی......اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا مِنْ مُّحِبِّیْھِمْ وَمُتَابِعِیْھِمْ بِحُرْمَۃِ مُحَمَّدِ نِ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَبَارِکْ (یاالٰہی! ہمیں حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کی متابعت کرنے والوں اور ان کے محبوں میں سے بنادے (آمین)

یہ درویش (یعنی حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ) جس سے یہ تحریر استفادہ میں آئی شروع میں توحید وجودی کا معتقد تھا اور بچپن ہی کے زمانے سے علم توحیدِ وجودی رکھتا تھا اور یقین (کی حد تک) پیوستہ ہو چکا تھا۔اگر چہ اس کا حال نہ رکھتا تھا اور جب اس راہ میں آیا تو پہلی مرتبہ توحید کا راستہ منکشف ہوا اور ایک مدت تک اس مقام کے درجات میں گشت کرتا رہا اور وہ بہت سے علوم جو اس مقام کے مناسب تھے۔ان سے بہرہ ور ہوا، اور وہ مشکلات و واردات جو کہ اربابِ توحیدِ (وجودی) پر

پہلا دفتر مکتوباتِ امام ربانیؒ تیسرا حصہ



Marfat.com

وارد ہوتے ہیں وہ سب کشوف وعلوم فائضہ کے ذریعہ حل ہو گئے ...... پھر ایک مدت کے بعد دوسری نسبت اس درویش پر غالب ہوگئی۔ اس نسبت کے غلبہ کے وقت توحیدِ وجودی میں توقف ہوا لیکن یہ توقف (توحید وجودی والوں کے ساتھ) حُسنِ ظن کی وجہ سے تھا نہ کہ ان حضرات کے انکار کی بنیاد پر...... ایک مدت تک اس انکار میں متوقف رہا، آخر کار معاملہ ان کے انکار تک پہنچ گیا اور مجھ پر منکشف ہوا کہ یہ مرتبہ پست سے بھی پست تر ہے، پھر اپنے (سوچ وفکر کے) سامان کو ظلیت کے مقام میں لے گیا لیکن (فقیر اس وقت) اس انکار میں بے اختیار تھا اور نہیں چاہتا تھا کہ اس مقام سے باہر آئے اس لئے کہ اس مقام پر بہت سے مشائخِ عظام اقامت پذیر تھے...... اور جب مقامِ ظلیت میں پہنچا تو خود کو اور عالم کو ظل محسوس کیا جیسا کہ دوسرا گروہ اس کا قائل ہے۔ وہاں پہنچ کر اس بات کی آرزو پیدا ہوئی کہ اس مقام (ظلیت) سے باہر نہ نکالا جاؤں کیونکہ یہ (درویش) وحدت وجود ہی کو کمال جانتا تھا اور یہ مقامِ ظلیت بھی اس سے قدرے مناسبت رکھتا تھا...... اتفاقاً کمال مہربانی اور غریب نوازی فرما کر اس مقام سے بھی بالا لے گئے اور مقامِ عبدیت پر پہنچا دیا، اس وقت اس مقام (عبدیت) کا کمال ظاہر ہوا اور اس کی بلندی واضح ہوئی اور گذشتہ مقامات سے تائب ہو کر استغفار کی ...... اور اگر اس درویش کو اس طریقہ پر نہ لیجاتے اور بعض مراتب کی بعض پر فوقیت ظاہر نہ کرتے تو اس مقامِ (عبدیت) میں اپنا تنزل جانتا کیونکہ اس (درویش) کے نزدیک توحیدِ (وجودی) سے بڑھ کر کوئی اور بلند مقام نہ تھا: وَاللّٰهُ يُحِقُّ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ (اور اللہ تعالیٰ ہی حق کو حق ثابت کرتا ہے اور راہِ راست کی ہدایت بخشتا ہے)

جاننا چاہیے کہ علوم ومعارف کی تفاوت (فرق) کا منشا (سبب) مکتوبات اور رسالوں میں جو اس درویش سے بلکہ ہر سالک سے جو کچھ صادر ہوا ہے وہ اس کے مقامات کے درجات کے تفاوت کی بنا پر ہے، کیونکہ ہر مقام کے علوم ومعارف جدا ہیں اور ہر حال کا قال علیحدہ ہے، پس فی الحقیقت علوم میں کوئی تدافع وتناقض (دفع کرنا) یا مخالفت نہیں ہے بلکہ احکامِ شرعیہ کے نسخ کی مانند (اس کا حکم) ہے۔ فَلَا تَكُنْ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ (پس آپ شک کرنے والوں میں سے نہ ہوں) (آل عمران :۳، آیت ۶۰) وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ۔



﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ ۳۶﴾ ۲ قوله شَبَح: شین اور با پر زبر ہے، یعنی کالبد، جسم اور بدن آدمی کا جو دیکھنے میں دور سے سیاہ نظر آتا ہے با کی جزم کے ساتھ بھی پڑھا جاتا ہے ۱۲

۳ عاریّت دعاریت: یا پر شد کے ساتھ اور بغیر شد کے یعنی استعمال کے لئے کوئی چیز مانگ کر لینی یا عارضی طور پر کوئی چیز دینی، صراح میں لکھا ہے یہ لفظ عار کی طرف منسوب ہے اس لئے کہ مانگنا شرم وعار کی بات ہے ۱۲ غیاث

۴ یہاں تک پہلے شخص کا حال پورا ہوا ۱۲

۵ قولہ می انگارد: یہ مشترک ہے اس کے اور پہلے کے درمیان، وقولہ اما میداند کہ این جامہ الخ اس وجہ سے دوسرا پہلے سے ممتاز ہو گیا ۱۲

۶ قولہ وھم: یعنی قوتِ وہمیہ ۱۲

﴿صہ ۳۷﴾ ۱ بغایت تنزیہ: یعنی ان کا نہایت درجہ اللہ تعالیٰ کو منزہ جاننے کی وجہ سے ۱۲

۲ مَولَوِیت وعبودیت: یعنی ربوبیت اور عبدیت کی نسبت یعنی اللہ تعالیٰ ان کا مالک ہے اور وہ اس کے بندے، وہ ان کا بنانے



Marfat.com

والا اور خالق ہے اور مصوِّر (واو کے زیر سے) صورت عطا کرنے والا، اور وہ اس کے پیدا کئے ہوئے، مخلوق اور مصوَّرات (واؤ کے زَبر سے) اس کی بنائی ہوئی صورتیں ہیں ۱۲

۳ قولہ وکسب: جان لو کہ بندے کا اللہ کی عطا کردہ قدرت کو فعل میں صرف کرنا اور فعل کا ارادہ کرنا کسب ہے اور اللہ تعالیٰ کا اس کے بعد فعل کا ایجاد کرنا خلق ہے اور کسب آلہ کے ساتھ واقع ہوتا ہے جیسے ہاتھ پاؤں اور کان آنکھ اور عقل و دل وغیرہ اور خلق آلہ کے ساتھ واقع نہیں ہوتی، اللہ تعالیٰ کی صفات کا نام آلہ نہیں رکھا جاتا، کسب صرف قوت کے ساتھ صحیح نہیں ہوتا اور خلق (پیدائش) صحیح ہو جاتی ہے ۱۲

۴ قولہ قبیح نیست، اس لئے کہ یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ خالق حکیم ہے جو کسی چیز کو بھی پیدا کرے گا اس کا انجام اچھا ہوگا اگر چہ ہم اس پر مطلع نہ ہو سکیں بخلاف کاسب کے اس لئے کہ وہ کبھی اچھا کام کرتا ہے اور کبھی برا کام کرتا ہے تو ہم نے اس کے برائی کے کسب کو اس کام کی ممانعت کے وارد ہونے کے سبب قبیح اور بے وقوفی جان لیا ۱۲ شرح العقائد از علامہ تفتازانی

﴿صہ ۳۷﴾ ۵ قولہ مراتب تنزلات اِثبات میکنند الخ تنزلات کے مرتبے ثابت کرتے ہیں اور کہتے ہیں: وجود مطلق کے دو مرتبے ہیں: اطلاق اور تعین، تعین کے دو مرتبے ہیں، اجمال و تفصیل، مرتبہ اطلاق کو احدیتِ ذاتی کہتے ہیں اور اجمال کو وحدت اور برزخ اور ذوالوجہین کہتے ہیں اور وہ دو مرتبوں کے قائم مقام ہے، اور تفصیل کو واحدیت کا نام دیتے ہیں، ان تمام مراتب کو مراتب خمسہ (پانچ مرتبے) کہتے ہیں۔ الی آخرہ ما قالوا و نقل فی رسائلهم و اسفارهم المطولة والمختصرة (اس کے آخر تک جو انہوں نے کہا ہے اور ان کے رسالوں اور بڑی کتابوں میں اور مختصرات میں نقل کیا گیا ہے) عارف جامی قدس سرہ نے فرمایا، رباعی

ﮯ واجب چو کند تنزل از حضرت ذات — پنجست تنزلات اورا درجات
غیب است و شہادت بوسطہ روح و مثال — الخامس جمیعۃ تلک الحضرات
بیت ہر مرتبہ از وجود حکمے دارد — گر حفظ مراتب نکنی زندیقی
لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

ترجمہ (۱) جب واجب حضرت ذات سے تنزل کرے — تو اسکے تنزلات کے پانچ درجات ہیں
(۲) غیب و شہادت ہے روح و مثال کے واسطہ — پانچویں ان حضرات کی جمعیت
رباعی وجود سے ہر مرتبہ ایک حکم رکھتا ہے — اگر تو مراتب کا لحاظ نہ کرے تو بے دینی ہے

ذات حق است: قال قائلهم (ان کے کہنے والے نے کہا:

اللّٰہ اللّٰہ لیس غیرک فی الوجود — هل تری (گروند ۱۲) الدیار فی دیر الشهود
ترجمہ اللہ ہی اللہ ہے تیرے سوا وجود میں کوئی نہیں — کیا تو نے شہود کی خانقاہ میں صاحب خانہ کو بھی دیکھا ہے ۱۲

وایضاً ع ہمہ عیستند آنچہ ہستی توئی — سب نہیں ہیں جو ہستی ہے توئی ہے

﴿صہ ۳۷﴾ ﮯ الاعیان...... یعنی خارجی اشیاء نے ہستی کی بو بھی نہیں سونگی ۱۲

﴿صہ ۳۸﴾ ۱ یہ اس طریقے پر ہے جس طرح کسی چیز کی فضیلت کو اس چیز کی ضد کے نقص کے ثبوت کے ذریعہ ثابت کرنا جیسا کہ انہوں نے کہا ہے: چیزیں اپنی ضد سے پہچانی جاتی ہیں۔ بیشک شیخ امام ربانی کا مقصد پہلے گروہ کی اکملیت اور اتمیت بیان کرنا ہے تو انہوں نے تیسرے گروہ کو نقص بیان کیا (تاکہ پہلے گروہ کا کمال ظاہر ہو جائے) اس بات کو خوب سمجھ لو ۱۲

۲ قولہ پس جماعہ کہ باوجود الخ موصوف صفت کے ساتھ یا موصول صلہ کے ساتھ مل کر مبتدا ہے، اسکی خبر ان کا قول گفتند کہ در خارج الخ یا ان کا قول بعض مراتب وجودات را الخ پہلی ترکیب پر جملہ شرطیہ علت ہے جو پہلے گذر چکا ہے، اور دوسری ترکیب پر قولہ گفتند، اپنے سے پہلے کا بیان ہے، اس کو سمجھ لو، اللہ ہی صحیح بات کو جانتا ہے اور اس کی طرف پھرنا اور لوٹنا ہے ۱۲

ﮯ بمبدأ...... یعنی وجود انسانی کے وہ بعض مراتب ۱۲

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ



Marfat.com

ب تمام......یعنی عالم امر اور عالم خلق سے تمام ممکن مراتب ۱۲

۳ قولہ نماند، نون نفی کے ساتھ، اسی طرح ہے موجودہ نسخہ میں جو ہمارے پاس ہے، ظاہر یہ ہے کہ بماند ایک نقطہ والی با کے ساتھ ہے، اللہ ہی درست بات جانتا ہے اور اسی کی طرف لوٹنا اور رجوع کرنا ہے ۱۲

۴ یعنی قول قائل تا آنکہ اثرے ازیں کس الخ اس کہنے والے کی کوتاہ نظری ہے کہ وہ اس کا بھی قائل ہے باوجود اس کے کہ وہ اپنے آپ کو عین حق جانتا ہے اور اسکو ایسے ہی دیکھ رہا ہے ۱۲۔ لمصححہ رحمہ اللہ

﴿صہ ۳۹﴾ ا قولہ افعال آنہا...... یہ اشارہ ہے آیت کریمہ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ☆ (سورۃ صافات، آیت ۹۶) (اور اللہ نے تمہیں پیدا کیا اور تمہارے اعمال کو) اور آیت کریمہ اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ (سورہ زمر آیت ۶۲، پارہ ۲۴) (اللہ تعالیٰ پیدا کرنے والا ہے ہر چیز کا) اور حال یہ ہے کہ بے شک بندے کا فعل بھی چیز ہے، اس کو یاد رکھو۔ اس مسئلہ میں معتزلہ اختلاف کرتے ہیں ۱۲

۲ قولہ بہرہ تمام...... جان تو کہ جو امام ربانی قدس سرہ نے فرمایا ہے کہ بعض مراتب وجود انسانی سے یہاں تک، بلکہ آپ کے قولہ راہ نہ یافتہ است بیان اور تفصیل ہے۔ اکملیت اور اتمیت کی وجہ کے لئے۔ اس کو اچھی طرح سمجھ لو اور شک کرنے والوں میں سے نہ ہو ۱۲۔ لمصححہ رحمہ اللہ تعالیٰ

﴿صہ ۴۰﴾ ا پایہ......یعنی یہ مرتبہ یعنی وحدت وجود نیچا ہے۔ یعنی بہت پست ہے کہ اس کے اوپر مقام ظِلیت ہے اور اس کے اوپر مقام عَبدیت ہے ۱۲

۲ رخت......یعنی جب انہوں نے ظاہر کر دیا کہ وحدتِ وجود کا رتبہ بہت پست رتبہ ہے، یہ درویش اپنے سامان کو مقامِ ظِلیت میں لے گیا جیسا کہ انہوں (شیخ مجدد) نے فرمایا: "چوں بمقام ظلیت رسید الخ" احتمال ہے کہ یہ قول زیر نمودند داخل باشد بحذف لفظ باید از اولش یا بُرد کا لفظ مضارع ہے اَمر کے معنی ہیں ۱۲

۳ باین طریق...... کیونکہ پہلے مقامِ وحدتِ وجود میں لے جاتے ہیں اور دوسری بار مقام ظلیت میں اور تیسری بار مقام عبدیت میں ۱۲

۴ فَلَاتَکُن......پس آپ شک کرنے والوں میں سے نہ ہوں اس درویش (امام ربانی) اور تمام اہل طریقت کے علوم و معارف میں تناقض اور اختلاف کے رفع کرنے میں ۱۲

ب درین مقام، یعنی مقام عبدیت میں ۱۲

ب بانکار انجامید......یعنی "ہمہ از واست" کے پلّہ کو غالب اور راجح پایا اور کمال کو اسے پیشتر مقولہ "ہمہ اوست" سے دیکھا ۱۲

..........................................

☆ متن ...... بین السطور...... معانی

☆ در خارج...... بیرون ذہن ۱۲...... ذہن سے باہر ۱۲ ☆ رنگ...... مانند ۱۲...... مثل ۱۲ ☆ عاریت است...... ودر خارج موجود ۱۲...... خارج میں موجود ہونا ۱۲ ☆ درست...... بتمام و کمال یعنی بالکیہ ۱۲...... بالکل مکمل اور پورے طور پر ۱۲ ☆ رنگ...... مانند ۱۲...... مثل ۱۲ ☆ غالب...... بردے ۱۲...... اس پر غالب ۱۲ ☆ وایضا...... فرق دیگر ۱۲...... دوسرا فرق ۱۲ ☆ العینیہ...... اتحاد ۱۲...... آپس میں مل جانا اور جمع ہونا ۱۲ ☆ ممتد...... دراز ۱۲...... لمبا، طویل ۱۲ ☆ اصلاً...... ہرگز ۱۲...... ہرگز ۱۲ ☆ محظورات...... ممنوعات ۱۲...... منع کی گئیں ۱۲ ☆ ضلالت...... گمراہی ۱۲...... گمراہی ۱۲ ☆ الحاد...... از دینِ حق برگشتن ۱۲...... دین حق کو چھوڑ دینا ۱۲ ☆ زندقہ...... بے دین شدن ۱۲...... بے دین ہو جانا ۱۲ ☆ اسلمیتہ و الفقہیۃ...... ایشاں بکتاب و





Marfat.com

سنت ۱۲......وہ لوگ کتاب وسنت کے ساتھ اسلم ہیں ۱۲ ☆ ظاہراست ......دربہ بیان اصلأ محتاج نیت ۱۲......اوران کا کتاب وسنت کے موافق ہونا محتاج بیان نہیں ہے ۱۲ ☆ برازخ......جمع برزخ حائل ومیان دو چیزوں کے درمیان حائل ہونا ۱۲...... برزخ کی جمع دو چیزوں کے درمیان ۱۲ ☆ مراتب......خفی واخفی ۱۲......لطائف روح کی اقسام ۱۲ ☆ یک......ہرگز ۱۲......ہرگز ☆ اما طائفہ اُولیٰ......آندام برسر مطلب ۱۲......میں مطلب کی حقیقت پر پہنچا ہوں ۱۲ ☆ غیر مقدور......یعنی عاجز ۱۲......بے بسی ۱۲ ☆ مقدور......مقدر بمعنی قادر ۱۲......مقدور قادر کے معنے میں ہے ۱۲ ☆ مَا لِلتُّرَابِ وَرَبِّ الْاَرْبَاب......چہ نسبت خاک رابعالم پاک......مٹی کو پاک جہان سے کیا نسبت ۱۲ ☆ منقاد وتسلیم......ہر دو بمعنی مطیع ۱۲......دونوں کا معنی مطیع وفرمانبردار ہے ۱۲ ☆ توحید......توحید وجودی ۱۲......توحید وجودی ۱۲ ☆ محبت وانقیاد......باشیاء ۱۲......اشیا کے ساتھ محبت وتعلق ۱۲ ☆ ایشاں را......اعنی طائفہ اُولیٰ ۱۲......یعنی پہلا گروہ ۱۲ ☆ آنہا......اشیاء......چیزیں ۱۲ ☆ درویشے......یعنی حضرت اقدس امام ربانی بنفس نفیس خود ۱۲......حضرت نے خود کو درویش لکھا ہے ☆ توحید......وجودی ۱۲......توحید وجودی ۱۲ ☆ صَبِی......طفلی ۱۲......بچپن ۱۲ ☆ غلبہ آں......نسبت دیگر ۱۲......دوسری نسبت کی طرف اشارہ ہے ۱۲ ☆ توحید......وجودی ۱۲، توحید وجودی......توقف یعنی درمطابقت وعدم مطابقت اور بنفس الا واقع ۱۲......یعنی مطابقت اور عدم مطابقت میں ایک ہی حالت کے مطابق ہونا ۱۲ ☆ بحسن ظن......باہل توحید ۱۲......اہل توحید وجودی کے ساتھ ایک گمان تھا ۱۲ ☆ بانکار......برایشاں ۱۲......ان پر ۱۲ ☆ پایان......پست ۱۲......نیچے ۱۲ ☆ ایں مقام......یعنی مقام ظلیت ۱۲......ظلیت کا مقام ۱۲ ☆ کہ......زیرا کہ ۱۲......کیونکہ ۱۲ ☆ ازان مقام......مقام ظلیت ۱۲......ظلیت کا مقام ۱۲ ☆ ایں مقام......عبدیت ۱۲......مقام عبدیت ۱۲ ☆ مقامات......وحدت وظلیت ۱۲......وحدت اور ظلیت کے مقامات ۱۲ ☆ توحید......وجودی ۱۲......توحید وجودی ۱۲ ☆ منشاء......سبب ۱۲......سبب، وجہ ۱۲

............................................

# ایک سواکسٹھواں مکتوب (۱۶۱)

ملا صالح بدخشی کولابی کی طرف صادر فرمایا......اس بیان میں کہ سلوک کی منازل کے طے کرنے کا مقصد حقیقی ایمان کا حاصل کرنا ہے جو کہ اطمینان نفس سے وابستہ ہے۔

سلوک کی منازل طے کرنے کا مقصد ایمانِ حقیقی کا حاصل کرنا ہے جو کہ اطمینانِ نفس پر موقوف ہے جبتک نفس مطمئنہ نہ ہو جائے نجات کا تصور بھی ممکن نہیں اور نفس اطمینان کے مرتبہ پر اس وقت تک نہیں پہنچتا جب تک کہ قلب کی سیاست (تربیت) نہ ہو جائے۔ اور قلب کی سیاست اس وقت میسر ہوتی ہے جب دل اس کام سے فارغ ہو جائے جس میں وہ مشغول ہے۔ اور سلامتی اس وقت حاصل ہوگی جب حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے علاوہ (ہر چیز کی) گرفتاری سے نجات حاصل کر لے، اور اس گرفتاری سے سلامتی کی علامت حق تعالیٰ وتقدس کے سوا ہر چیز کا نسیان ہے......(یعنی ہر چیز کو بھول جانا ہے) اور جب تک بال برابر بھی غیر حق سے آگاہی ہے وہ سلامتی سے گمراہ (دور) ہے: فَطُوْبٰی لِمَنْ سَلِمَ قَلْبُہٗ لِرَبِّہٖ (پس مبارک ہے وہ شخص جس کا دل اللہ تعالیٰ کے لئے سلامت ہوگیا)......کوشش کرنا ضروری ہے تاکہ قلب کی سلامتی سے مشرف ہو کر اطمینانِ





Marfat.com

نفس انجام پذیر ہو جائے۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (جمعہ:۶۲، آیت۴) یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کو چاہے عطا فرمائے اور اللہ تعالیٰ بہت بڑے فضل والا ہے) والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۴۰﴾ ۱ آپ حضرت مجدد قدس سرہ کے قدیم اصحاب میں سے تھے، میں نے آپ سے سنا ہے کہتے تھے کہ جب مجھے اس مقصد کی طلب پیدا ہوئی تو میں بہت سے مشائخ کے پاس گیا جو قریب رہتے تھے۔ لیکن کسی طرف سے کشش پیدا نہ ہوئی، یہاں تک کہ ایک جمعہ میں نے آگرہ کی جامع مسجد میں حضرت مجدد قدس سرہ کو دیکھا، تو دیکھتے ہی میرے دل کو ان کی طرف انجذاب پیدا ہوا خدمت میں حاضر ہو کر قدم بوس ہوا اور آپ کی قیام گاہ پر پہنچا اور تعلیم ذکر کے لئے التماس کی جو قبول ہوئی، پھر ایک عرصہ تک آپ کے آستانے پر رہا، لیکن مجھے اپنی استعداد کی کمی کی وجہ سے کوئی کامیابی حاصل نہ ہوئی، یہاں تک کہ ماہ رمضان المبارک آگیا اور حضرت مجدد قدس سرہ معتکف ہو گئے، اس اعتکاف کے زمانے میں طشت اور آفتابے کی خدمت (وضو کرانے کی خدمت) میرے ذمے تھی، ایک رات جب حضرت مجدد قدس سرہ نے اپنے دست مبارک دھوئے تو میں اسکا وضو کا پانی ایک طرف کو لے گیا اور سب کا سب پی لیا، اس مستعمل پانی نے میرے جذب و مستی کو بڑھا دیا اور اسی سے میرے حال کو کشائش پیدا ہوئی، جب حضرت مجدد قدس سرہ کی توجہ اور عنایت کی برکت سے درجہ کمال کو پہنچے تو آپ کو تعلیم طریقت کی اجازت کا شرف حاصل ہوا۔ الخ ۱۲ از زبدۃ المقامات صہ۵۰۳

۵ جاننا چاہیے کہ ان تمام مقدمات (ابتدائی ارشادات) کا نتیجہ یہ ہے کہ ایمان حقیقی کا حصول ماسوی اللہ تعالیٰ کے نسیان کے ثابت ہوئے بغیر متصور نہیں ہے، یہ کیسے ہو سکتا ہے جبکہ حضور نبی کریم ﷺ نے سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی جلالت قدر کے باوجود ان سے فرمایا، اللہ کا نبی یہ چاہتا ہے کہ تمہیں خدا کی طرف سے (اترے ہوئے) کلمات کا عطیہ دے جنہیں تم اللہ کے ذوق وشوق میں پڑھا کرو، اور دن رات میں ان کے ذریعہ دعائیں مانگا کرو۔ وہ کلمات یہ ہیں:

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ صِحَّةً فِیْ اِیْمَانٍ وَاِیْمَانًا فِیْ حُسْنِ خُلُقٍ، وَنَجَاةً يَّتْبَعُهَا فَلَاحٌ وَّ رَحْمَةً مِّنْكَ، وَعَافِيَةً وَّ مَغْفِرَةً مِّنْكَ وَرِضْوَانًا۔ | اے اللہ! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے ایمان میں صحت کا، اور حسنِ خلق میں ایمان کا اور ایسی نجات کا جس کے پیچھے فلاح ہو اور تیری رحمت اور عافیت اور تیری مغفرت اور رضا (چاہتا ہوں)۔ |

# ایک سو باسٹھواں مکتوب ﴿۱۶۲﴾

خواجہ محمد صدیق بدخشی کی جانب صادر فرمایا...... رمضان المبارک کی فضیلت اور اس مبارک مہینے کی قرآن مجید کے ساتھ مناسبت کے بیان میں جس کی بنا پر اس کا نزول اس ماہِ مبارک میں ہوا، اور کھجور کی جامعیت کے بیان میں کہ اس سے (روزہ) افطار کرنا مستحب ہے اور اس کے متعلقات کے بیان میں۔

بِاسْمِهٖ سُبْحَانَهٗ (اس پاک ذات کے نام کے ساتھ شروع کرتا ہوں)۔ (حق تعالیٰ کے) کلام کی شان جو کہ شیونات ذاتیہ میں سے ہے وہ تمام کمالاتِ ذاتی وشیوناتِ صفاتی کا جامع ہے، جیسا کہ سابقہ علوم میں (دفتر اول کے چودھویں





Marfat.com

مکتوب میں) ذکر ہو چکا ہے......اور ماہِ رمضان المبارک تمام خیرات و برکات کا جامع ہے، اور ہر خیر و برکت جو بھی ہے وہ حضرت ذات تعالیٰ وتقدس کی طرف سے فیض پہنچا رہی ہے۔ اور اس ذات کے شیونات کا نتیجہ ہے کیونکہ جو شر و نقص بھی وجود میں آتا ہے اس کی ذات و صفاتِ محدثہ کے منشا سے ہے: مَآ اَصَابَكَ مِنۡ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ وَمَآ اَصَابَكَ مِنۡ سَيِّئَةٍ فَمِنۡ نَّفۡسِكَ (سورۃ نساء:۴، آیت:۷۹) (جو بھی بھلائی تم کو پہنچتی ہے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہے اور جو بھی برائی تم کو پہنچتی ہے وہ تمہارے نفس کی طرف سے ہوتی ہے) نص قاطع ہے......پس اس ماہِ مبارک کی تمام خیرات و برکات ان کمالاتِ ذاتیہ کا نتیجہ ہیں جن کی جامع شان کلامِ ربانی ہے اور قرآن مجید اس شانِ جامع کی تمام حقیقت کا حاصل ہے۔ لہذا اس ماہِ مبارک (رمضان) کو قرآن مجید کے ساتھ مناسبتِ کلی حاصل ہے۔ کیونکہ قرآن مجید تمام کمالات کا جامع ہے اور یہ مہینہ ''جامع جمیع خیرات'' یعنی ان تمام نیکیوں کا جامع ہے جو کہ ان کمالات کے نتائج و ثمرات ہیں، اور یہی مناسبت اس ماہِ مبارک میں قرآن مجید کے نزول کا باعث ہوئی: شَهۡرُ رَمَضَانَ الَّذِیۡٓ اُنۡزِلَ فِيۡهِ الۡقُرۡاٰنُ (بقرۃ:۲، آیت:۱۸۵) (رمضان وہ مبارک مہینہ ہے جس میں قرآن مجید نازل کیا گیا)......اور شبِ قدر جو اسی ماہ کا خلاصہ اور لُبِّ لباب ہے (وہ رات گویا) اس کا مغز ہے اور یہ مہینہ اس کے پوست کی مانند ہے، پس جو شخص اس مہینہ کو جامعیت (یعنی تمام فرائض کو حسن وخوبی) کے ساتھ گذارے گا وہ اس کی تمام خیر و برکت سے مالا مال ہوگا اور (انشاء اللہ) تمام سال جمعیت (واطمینان) سے گذرے گا اور خیر و برکات کے ساتھ بہرہ ور ہوتا رہے گا۔ وَفَّقَنَا اللّٰهُ سُبۡحَانَهٗ لِلۡخَيۡرَاتِ وَالۡبَرَكَاتِ فِيۡ هٰذَا الشَّهۡرِ الۡمُبَارَكِ وَرَزَقَنَا اللّٰهُ سُبۡحَانَهٗ النَّصِيۡبَ الۡاَعۡظَمَ (اللہ تعالیٰ ہم کو اس مبارک مہینے کی خیرات و برکات حاصل کرنے کی توفیق عطا کرے اور اس کا بڑا حصہ نصیب فرمائے (آمین)

حضرت رسالت خاتمیت علیہ الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ نے فرمایا ہے: اِذَا اَفۡطَرَ اَحَدُكُمۡ فَلۡيُفۡطِرۡ عَلٰی تَمۡرٍ فَاِنَّهٗ بَرَكَةٌ (جب تم میں سے کوئی شخص روزہ افطار کرے تو اس کو کھجور سے افطار کرنا چاہیے کیونکہ اس میں برکت ہے)......آنسرور علیہ الصلوٰۃ والسلام کھجور سے روزہ افطار کرتے تھے۔ اور کھجور میں برکت کی وجہ یہ ہے کہ اس کا درخت نخلہ کہلاتا ہے جو اپنی جامعیت اور صفتِ اعدلیت (سب سے زیادہ انصاف کرنے والا) کے لحاظ سے انسان کی طرح مخلوق ہے، یہی وجہ ہے کہ حضرت پیغمبر ﷺ نے نخلہ کو بنی آدم کی عمہ (پھوپھی) فرمایا ہے کیونکہ وہ طینتِ آدم (آدمی کی بقیہ مٹی) سے پیدا ہوا ہے جیسا کہ آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: اَكۡرِمُوۡا عَمَّتَكُمُ النَّخۡلَةَ فَاِنَّهَا خُلِقَتۡ مِنۡ بَقِيَّةِ طِيۡنَةِ اٰدَمَ (یعنی اپنی پھوپھی یعنی درختِ خرما کی تعظیم کرو کیونکہ وہ آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بقیہ مٹی سے پیدا کی گئی ہے)......اور ہو سکتا ہے کہ اس کا نام ''برکت'' اسی جامعیت کے اعتبار کی وجہ سے رکھا گیا ہو۔ لہذا اس کے پھل یعنی کھجور سے افطار کرنا صاحبِ افطار کا جزو بن جاتا ہے اور درخت کی حقیقت جامعہ اس جزئیت کے اعتبار سے اس کے کھانیوالے کی حقیقت کا جزو بن جاتی ہے اور اس کا کھانے والا اس اعتبار سے ان بیشمار کمالات کا جامع ہو جاتا ہے جو اس کھجور کی حقیقت جامعہ میں مندرج ہیں۔

یہ مطلب اگرچہ اس کے مطلق کھانے میں بھی حاصل ہو جاتا ہے لیکن افطار کے وقت جو روزہ دار کے شہواتِ مانعہ اور لذاتِ فانیہ سے خالی ہونے کا وقت ہے اس کا کھانا زیادہ تاثیر رکھتا ہے اور یہ مطلب کامل اور پورے طور پر ظاہر ہو جاتا





Marfat.com

ہے.....اور یہ جو آنسرور عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے: نِعْمَ سُحُوْرِ الْمُؤْمِنِ التَّمَرُ (مومن کی بہترین سحری تمر (کھجور) ہے) اس اعتبار سے ہوسکتا ہے کہ اس کی غذا میں جو صاحب غذا کا جزو بن جاتی ہے اس غذا کی حقیقت کے ذریعے سے اس صاحبِ غذا کی حقیقت کی تکمیل ہے۔ نہ کہ اس کی غذا کی حقیقت اور جب یہ مطلب روزہ میں مفقود ہے تو اس کی تلافی کے لئے تمر (کھجور) کی سحور پر بھی ترغیب فرمائی کہ گویا اس کا کھانا تمام ماکولات کے کھانے کا فائدہ رکھتا ہے اور اس کی برکت جامعیت کے اعتبار سے افطار کے وقت تک رہتی ہے.....اور غذا کا یہ فائدہ جو مذکور ہو چکا ہے اس تقدیر پر مرتب ہوتا ہے کہ وہ غذا تجویز شرعی کے مطابق واقع ہو اور شرعی حدود سے سرِ مو تجاوز نہ ہو، اور نیز اس فائدہ کی حقیقت اس وقت میسر ہوتی ہے جبکہ اس کا کھانے والا صورت سے گزر کر حقیقت تک جا پہنچا ہو اور ظاہر سے باطن تک پہنچ گیا ہو، تا کہ غذا کا ظاہر اس کے ظاہر کو مدد دے اور غذا کا باطن اس کے باطن کو مکمل کر دے ورنہ صرف ظاہری امداد ناقص ہے بلکہ اس کا کھانے والا عین کمی میں ہے۔

ے سعی کن تا لقمہ را سازی گہر  بعد ازاں چنداں کہ می خواہی بخور

ترجمہ:۔ (بنا لقمے کو کوشش سے تو گوہر  پھر اس کو کھا برابر سیر ہو کر)

جلدی افطار کرنے اور سحری دیر سے کھانے میں حکمت یہی ہے کہ صاحب غذا کی غذا سے تکمیل ہو جائے۔ والسلام

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ ۴۱﴾ لے یہ اشارہ ہے آیت کریمہ ۷۹ سورہ نساء پارہ ۵ کی طرف یعنی جو بھی بھلائی تم کو پہنچتی ہے وہ اللہ کی طرف سے ہوتی ہے اور جو بھی برائی تم کو پہنچتی ہے وہ تمہارے نفس کی طرف سے ہوتی ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وَالشَّرُّ لَيْسَ اِلَيْكَ ۔ رواہ مسلم

ے یہ اشارہ ہے سورہ بقرہ کی آیت کریمہ ۱۸۵ کی طرف جو دوسرے پارہ میں واقع ہے یعنی رمضان وہ مہینہ ہے جس میں قرآن نازل کیا گیا ۱۲ المصحح رحمۃ اللہ

﴿صہ ۴۲﴾ لے قولہ اذا افطر الخ یعنی جب تم میں سے کوئی شخص روزہ افطار کرے تو اس کو کھجور سے افطار کرنا چاہیے کیونکہ کھجور یا کھجور سے افطار کرنا برکت اور ثواب میں اضافہ کا سبب ہے۔ اس کو ترمذی نے روایت کیا ہے ۱۲ مشکوٰۃ

ے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نماز مغرب پڑھنے سے پہلے چند تازہ کھجوروں سے افطار کرتے تھے اگر تازہ کھجوریں نہ ہوتیں تو چند عام کھجوروں سے، اگر وہ نہ ہوتیں تو چند گھونٹ پانی پی لیتے۔ اس کو ترمذی اور ابو داؤد نے روایت کیا ہے۔ ۱۲ مشکوٰۃ

ے صحیح بخاری میں ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "إِنَّ مِنَ الشَّجَرِ شَجَرَةً لَا يَسْقُطُ وَرَقُهَا، وَإِنَّهَا مَثَلُ الْمُسْلِمِ، فَحَدِّثُونِي مَا هِيَ"؟ فَوَقَعَ النَّاسُ فِي شَجَرِ الْبَوَادِي، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَوَقَعَ فِي نَفْسِي أَنَّهَا النَّخْلَةُ، فَاسْتَحْيَيْتُ، ثُمَّ قَالُوا: حَدِّثْنَا مَا هِيَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "هِيَ النَّخْلَةُ" ۱۲ (بخاری رقم ٦١)

ترجمہ: درختوں میں ایک درخت ہے اس کے پتے نہیں گرتے اور وہ مسلمان کی مثال ہے، پس تم بیان کرو کہ وہ کیا ہے؟ لوگ جنگل کے درختوں میں غور کرنے لگے، عبد اللہ نے کہا کہ میرے دل میں آیا کہ وہ کھجور کا درخت ہے لیکن میں شرما گیا، پھر صحابہ رضوان اللہ علیہم نے کہا: یا رسول اللہ ﷺ! بیان فرما دیجئے وہ کونسا درخت ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ کھجور کا درخت ہے (بخاری حدیث نمبر ٦١)





Marfat.com

۲ اس حدیث کوابویعلی نے اپنی مسند میں عُقَیلی نے ضُعفاء میں، ابن عدی، ابن ابی حاتم، ابن السنی اور ابونعیم نے طب میں اور ابن مردویہ نے تفسیر میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ان لفظوں میں روایت کیا:" أَکْرِمُوا عَمَّتَکُمُ النَّخلَةَ فَانهَا خُلِقَتْ مِنْ فَضْلَةِ طِيْنَةِ أَبِيكُمْ آدَمَ " عزیزی نے کہا: اسکی تمام سندیں ضعیف ہیں، لیکن ان کے اجتماع کی وجہ سے قوت حاصل ہو جاتی ہے۔(یہ معرب ملامحمد مرادمکی نے کہا ہے)(ترجمہ حدیث)اپنی پھوپھی (کھجور کے درخت) کی تعظیم کیا کرو کیونکہ وہ آدم علیہ السلام کی مٹی کے بقیہ خمیر سے پیدا کی گئی ہے۔ عليه وعلى نبينا وعلى آله الصلوة والسلام دائمين متلازمين الى ابد الابد ۱۲

افطار......یعنی اس کے پھل یعنی کھجور کے ساتھ افطار کرنا ۱۲

۴ قولہ علیہ الصلوٰۃ والسلام: نعم سحور المؤمن التمر یعنی سحری کا بہترین کھانا کھجور ہے، مطلب یہ ہے کہ خود سحری کرنا مطلق برکت ہے اور کھجور سے زیادہ برکت ہے، جب اس کے ساتھ افطاری میں بھی برکت ہے اور اس سے سحری بھی موجب برکت تو روزے کے اول وآخر برکت ہوگی ۱۲ مندرجہ بالا حدیث کو ابوداؤد نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے ۱۲ از مشکوٰۃ وترجمہ شیخ عبدالحق رحمہ اللہ

أَکَلِ آن : کھجور کا کھانا، تمام کھانے والی چیزوں کے کھانے کا فائدہ دیتا ہے ۱۲

بتجویز شرعی ......نبی ﷺ کی فرمانبرداری کی نیت سے اور حلال وپاکیزہ غذا ہونے سے ۱۲

﴿صہ ۴۳﴾ ۱ مثنوی

این خورد گردد پلیدی زو جُدا — و آن خورد گردد همه نور خدا

ترجمہ این خورد زاید همه بُخل و حَسد — وآن خورد زاید همه عشق اَحد ۱۲

یہ (اللہ سے غافل) کھائے تو اس سے پلیدی خارج ہوتی ہے — اور وہ (اللہ کا پیارا) کھائے تو سب نور خدا ہو جاتا ہے

یہ (غافل) کھائے تو اس سے بخل وحسد زیادہ ہوتا ہے — اور وہ (اللہ کا ولی) کھائے تو خدا کا عشق زیادہ ہوتا ہے ۱۲

..................

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۴۱﴾ ☆تمر......خرما ۱۲......کھجور ۱۲......علوم سابق یعنی در مکتوب چہارم از جلد اول ۱۲ ☆مُفاض......فرو ریزانیدہ ۱۲......فیض پہنچایا ہوا یعنی جلد اول کے چوتھے مکتوب میں ۱۲ ☆ما اصابک......مبتدا ۱۲......یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆خودنص......خبر ۱۲......یہ خبر ہے ۱۲ ☆لُب......مغز ۱۲......مغز وعقل ۱۲

﴿صہ ۴۲﴾ ☆رنگ......مانند ۱۲......مثل ۱۲ ☆قشر......پوست ۱۲......چھلکا ۱۲ ☆مملو......پُر ۱۲......بھرا ہوا ۱۲ ☆محتوی......حاوی ۱۲......گھیرنے والا ۱۲ ☆در بودن......یعنی سر وحکمت در بودن ۱۲......یعنی اس میں برکت ہونے میں راز اور حکمت یہ ہے ۱۲ ☆نخلہ......درخت خرما ۱۲......کھجور کا درخت ۱۲......بعنوان ونخلہ ۱۲......اول اور کھجور کا درخت ۱۲ ☆رنگ......مانند ۱۲ ☆ثمر......بار ۱۲......پھل ۱۲ ☆تسمیہ......کما مرفی حدیث اذا افطر الخ ۱۲......جیسا کہ حدیث اذا فطر میں گذرا چکا ہے ۱۲ ☆آن......نخلہ ۱۲......کھجور کا درخت ۱۲ ☆تمر......خرما ۱۲......کھجور ۱۲ ☆آن......نخلہ ۱۲......کھجور کا درخت ۱۲ ☆آکل آن......خورندہ خرما ۱۲......کھجور کھانے والا ۱۲ ☆آکل آن......خورندہ خرما ۱۲......کھجور کھانے والا ۱۲ ☆بآن اعتبار......یعنی بودن خرما جز وحقیقت خورندہ خرما ۱۲......یعنی کھجور کا کھجور کھانیوالے کی حقیقت کا جز ہونا ۱۲ ☆این معنی......مذکور ۱۲......گذرے ہوئے معنی ۱۲ ☆واین معنی......جواب سوال مقدر است





Marfat.com

۱۲...... پوشیدہ سوال کا جواب۱۲ ☆ اَکلِ ...... خوردن۱۲...... کھانا۱۲ ☆ آوان ...... وقت۱۲...... وقت۱۲ ☆ مطلق ...... بوقت افطار بود ما در وقت دیگر۱۲...... افطار کے وقت وہ کھانا جو دوسرے وقت کھایا جاتا ہے۱۲ ☆ خُلُوِ صائم ...... خالی بودن روزہ دار۱۲...... روزہ دار کا خالی پیٹ ہونا۱۲ ☆ مانِعہ ...... بازارندہ از حق ۱۲...... حق سے روکنے والی۱۲ ☆ فانیہ ...... دنیویہ۱۲...... دنیاوی لذتیں۱۲ ☆ بیشتر ...... زیادہ تر ۱۲...... بہت زیادہ۱۲

﴿صہ۴۳﴾ ☆ آکِل ...... خورندہ ۱۲...... کھانے والا ۱۲ ☆ اِلاَّ ...... ورنہ ۱۲...... ورنہ۱۲ ☆ آکِل ...... خورندہ ۱۲...... کھانے والا ۱۲ ☆ سِر ...... راز۱۲...... راز۱۲

..............................................................

# ایک سو تریسٹھواں مکتوب ﴿۱۶۳﴾

سیادت وشرافت کی پناہ والے شیخ فرید کی طرف صادر فرمایا...... اس بیان میں کہ اسلام اور کفر ایک دوسرے کی ضد (مخالف) ہیں، ان دوضدوں کے جمع ہونے کا احتمال محال ہے ایک کو عزت دینے سے دوسرے کی ذلت لازم آتی ہے (آخر مکتوب تک (حضرت مجدد) سلمہ اللہ تعالیٰ نے کفار کی تذلیل میں اوران سے میل جول نہ رکھنے کے بارے میں اور میل جول کے نقصان میں تحریر فرمایا ہے (جامع) اور اس بیان میں کہ (اسی طرح) دنیا وآخرت بھی ایک دوسرے کی ضد ہیں۔



اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَنْعَمَ عَلَيْنَا وَهَدٰنَا اِلَى الْاِسْلَامِ وَجَعَلَنَا مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالتَّحِيَّةُ وَالسَّلَامُ (تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جس نے ہم پر انعام فرمایا اور ہم کو اسلام کی طرف ہدایت کی اور ہم کو آنحضرت محمد مصطفےٰ علیہ الصلوٰۃ والتحیۃ والسلام کی امت میں بنایا)

دونوں جہان کی سعادت سید کونین علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا کی اتباع سے وابستہ ہے اور بس۔ اور آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کی متابعت اسلام کے احکام بجالانے میں اور کفریہ رسومات کے دور کرنے میں ہے، کیونکہ اسلام اور کفر ایک دوسرے کی ضد ہیں، ایک کو اختیار کرنا دوسرے کو رد کرنا ہے۔ ان دوضدوں کے جمع ہونے کا احتمال محال (ناممکن) ہے اور ایک کو عزت دینے سے دوسرے کی تذلیل لازم آتی ہے...... حق سبحانہٗ وتعالیٰ اپنے محبوب علیہ الصلوٰۃ والتحیہ سے فرمایا ہے۔ يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ (التحریم:۶۶، آیت:۹) (اے نبی! کفار اور منافقین سے جہاد کرو اور ان پر سختی کرو)...... پس (حق تعالیٰ نے) اپنے پیغمبر علیہ الصلوۃ والسلام کو جن کی صفت خُلقِ عظیم ہے کفار سے جہاد اور سختی کا حکم فرمایا...... اس سے معلوم ہوا کہ ان (کفار) کے ساتھ سخت رویہ اختیار کرنا بھی خُلقِ عظیم میں داخل ہے...... پس اسلام کی عزت، کفر اور کفار کی ذلت وخواری میں ہے۔ جس نے کفار کو عزیز رکھا اس نے اہلِ اسلام کو ذلیل کیا...... ان کو عزت دینے کا مطلب یہی نہیں ہے کہ ان کی (خواہ مخواہ) تعظیم کریں، یا ان کو اونچی جگہ بٹھائیں، بلکہ ان کو اپنی محفلوں میں جگہ دینا یا ان کے ساتھ ہمنشینی رکھنا اور ان سے خلط ملط ہونا بھی ان کو عزت دینے میں داخل ہے۔ ان کو کتوں کی طرح اپنے سے دور رکھنا چاہیے۔ اور دنیاوی ضرورتوں میں سے اگر کوئی غرض ایسی آن پڑے جو ان سے متعلق ہو اور بغیر ان کے حل نہ ہو سکے تو بے اعتنائی کا طریقہ اختیار کرتے ہوئے ضرورت کے مطابق ان سے کام لینا چاہیے۔ اور اسلام کا کمال تو یہ ہے کہ اس



Marfat.com

دنیاوی غرض کو بھی بالائے طاق رکھتے ہوئے ان کی طرف توجہ نہیں کرنی چاہیے......حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے اپنے کلام پاک میں اہلِ کفر کو اپنا اور اپنے پیغمبر کا دشمن فرمایا ہے، لہٰذا خدا اور اس کے رسول کے دشمنوں کے ساتھ میل جول اور محبت رکھنا بڑے بھاری گناہوں میں سے ہے......ان دشمنوں کے ساتھ دوستی اور شیر وشکر ہونے میں کم سے کم ضرر اور نقصان یہ ہے کہ احکامِ شرعی کے جاری کرنے کی قدرت اور کفریہ رسومات مٹانے کی ہمت مغلوب اور کمزور ہو جاتی ہے، اور موانست کا حجاب اس میں حائل ہو جاتا ہے اور یہ بہت بڑا ضرر و نقصان ہے، حق تعالیٰ کے دشمنوں کے ساتھ دوستی رکھنا خدائے عزوجل اور اس کے پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ دشمنی تک پہنچا دیتا ہے۔

ایک شخص گمان کرتا ہے کہ وہ اہلِ اسلام سے ہے اور اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ پر ایمان لانے کی تصدیق بھی کرتا ہے لیکن نہیں جانتا کہ اس قسم کے برے اعمال اس کے اسلام کی دولت کو بالکلیہ مٹا کر رکھ دیتے ہیں: نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا (ہم اپنے نفسوں کی شرارتوں اور اپنے اعمال کی برائیوں سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتے ہیں)

؎ خواجہ پندارد کہ مردِ واصل است　　حاصلِ خواجہ بجز پندار نیست

ترجمہ:۔ (تم سمجھتے ہو کہ مردِ حق ہو تم تم　　مگر اپنے گماں میں ہو گئے گُم)

ان نالائقوں کا کام اسلام کے ساتھ تمسخر اور مذاق کے علاوہ کچھ نہیں اور وہ اس بات کے منتظر ہیں کہ اگر ان کو موقع مل جائے تو اہلِ اسلام کو ہلاک کر دیں یا سب کو قتل کر دیں یا کفر کی طرف واپس لے جائیں، لہٰذا اہلِ اسلام کو بھی شرم آنی چاہیے کہ اَلْحَیَاءُ مِنَ الْاِیْمَانِ (حیا ایمان میں سے ہے) اور مسلمانی کے ننگ و عار کا لحاظ رکھنا ضروری ہے اور ہمیشہ ان کو نیچا دکھانے کی فکر میں رہنا چاہیے......ہندوستان میں کافروں سے جزیہ موقوف ہونے کا باعث اہلِ کفر کی مصاحبت کی بدبختی کا نتیجہ ہے جو انہوں نے اس ملک کے سلاطین کے ساتھ اختیار کیا ہے۔ ان سے جزیہ وصول کرنے کا اصلی مقصد ان کی تذلیل ہے اور یہ ذلت اس حد تک ہے کہ جزیہ کے خوف کی وجہ سے وہ اچھا کپڑا نہ پہن سکیں اور شان وشوکت اختیار نہ کر سکیں اور اپنی دولت کے ضبط ہو جانے کے گمان سے ہمیشہ لرزاں و ترساں رہیں......بادشاہ کو کیا حق حاصل ہے کہ وہ جزیہ کی وصولی کو منع کر دے جبکہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے جزیہ کو ان کی ذلت وخواری ہی کے لئے مقرر فرمایا ہے جس سے مقصود ان کی رسوائی اور اہلِ اسلام کی عزت و غلبہ ہے۔

؎ جہود ہر کہ شود کشتہ سُود اسلام است

ترجمہ:۔ (اسلام سرفراز ہے کافر کی موت سے)

اسلام کی دولت حاصل ہونے کی نشانی اہلِ کفر کے ساتھ بغض و دشمنی ہے۔ حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے قرآن مجید میں خود ان کو نجس فرمایا اور دوسری جگہ رجس فرمایا ہے۔ لہٰذا اہلِ اسلام کی نظر میں کفار نجس اور پلید ہی دکھائی دینے چاہییں۔ اور جب ان کو ایسا دیکھیں گے اور جانیں گے تو لازمی طور پر ان کی صحبت سے پرہیز کریں گے، اور ان کی مجلسوں میں جانے سے کراہت کریں گے......اِن (اہلِ کفر) سے کوئی بات دریافت کرنا اور پھر ان کے کہنے کے مطابق عمل کرنا ان دشمنوں کو کمال درجہ عزت دینا ہے۔ اگر کوئی شخص ان سے ہمت طلب کرے اور ان کے توسط سے دعا مانگے تو اس کا کیا (حشر) ہوگا......حق سبحانہٗ وتعالیٰ



Marfat.com

خود قرآن مجید میں فرماتا ہے: وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ (سورہ رعد: ۱۳، آیت: ۱۴) (اور کافروں کی دعا صرف گمراہی ہے) یعنی ان دشمنوں کی دعا باطل اور بے حاصل ہے۔ لہٰذا دعا کی قبولیت کا کہاں احتمال ہو سکتا ہے (البتہ) اسقدر فساد وضرر ضرور ہوتا ہے کہ ان کُتوں کی عزت بڑھ جاتی ہے۔ اگر یہ دعا کرتے ہیں تو اپنے بتوں کے وسیلہ سے مانگتے ہیں...... خیال کرنا چاہیے کہ یہ بات کہاں سے کہاں پہنچ جاتی ہے اور مسلمانی کی بو تک باقی نہیں رہتی۔

ایک بزرگ نے فرمایا ہے: "تا یکے از شما دیوانہ نشود بمسلمانی نرسد" (جبتک تم میں سے کوئی دیوانہ نہ ہو جائے مسلمانی (کی حقیت) تک نہیں پہنچ سکتا)۔ دیوانگی سے مراد کلمہ اسلام کو بلند کرنے کے لئے نفع ونقصان سے درگذر ہو جاتا ہے۔ مسلمان رہنے کی صورت میں جو کچھ بھی پیش آئے ٹھیک ہے اور اگر کچھ بھی حاصل نہ ہو تو نہ ہو (یعنی کچھ بھی ہو جائے لیکن اسلام پر قائم رہے)۔ اور جب مسلمانی (دولتِ اسلام) حاصل ہے تو خدائے عزوجل اور پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کی رضامندی بھی حاصل ہے اور رضائے مولا سے بڑھ کر کوئی عظیم ترین دولت نہیں ہے۔ رَضِيْنَا بِاللّٰهِ سُبْحَانَهٗ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ نَبِيًّا وَّرَسُوْلًا (یعنی ہم اللہ تعالیٰ سبحانہٗ کے رب ہونے اور اسلام کے دین ہونے اور حضرت محمد رسول اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نبی اور رسول ہونے پر راضی ہیں) مصرع

ہم برینیم بد اریم یا رب

ترجمہ:۔ (مجھ کو یارب اسی پر قائم رکھ)

بطفیل سید المرسلین علیہ وعلیٰ آلہ من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا اولاً وآخراً اسلام ہو۔

وقتی عجلت کی وجہ سے جو کچھ ضروری ولازمی سمجھا اجمال کے طور پر لکھ کر بھیج دیا ہے اور اگر بعد میں توفیق رفیق ہوئی تو اس سے زیادہ مفصل لکھ کر اظہار کیا جائے گا۔

جس طرح اسلام کفر کی ضد ہے اسی طرح آخرت بھی دنیا کی ضد ہے۔ دنیا اور آخرت (دونوں ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتے...... دنیا کا ترک دو قسم پر ہے۔ ایک تو یہ ہے کہ بقدرِ ضرورت سے زائد اس کی تمام جائز چیزیں بھی ترک کر دی جائیں، یہ ترکِ دنیا کی اعلیٰ قسم ہے...... دوسری قسم یہ ہے کہ حرام اور شبہ والی چیزوں سے پرہیز کیا جائے اور مباح کاموں سے فائدہ اٹھایا جائے، یہ قسم بھی خصوصاً اس زمانے میں بہت ہی عزیز الوجود اور غنیمت ہے۔

آسماں نسبت بعرش آمد فرود ورنہ بس عالی ست پیشِ خاکِ تود

ترجمہ:۔ (آسماں عرش سے تو نیچا ہے ہے مگر وہ اِس زمیں سے بلند)

(پس مردوں کے لئے) ضروری ہے کہ سونا چاندی اور ریشمی لباس اور اس قسم کی چیزیں جو شریعت مصطفویہ علی مصدرہا الصلوٰۃ والتحیہ نے حرام کی ہیں اجتناب کیا جائے۔ چاندی سونے کے برتن اگر آرائش وزیبائش کے طور پر رکھے جائیں تو البتہ اس کی گنجائش ہے لیکن ان کو استعمال میں لانا اور ان میں کھانا کھانا، پانی پینا، خوشبو رکھنا، سرمہ دانی بنانا اور اسی قسم کی سب چیزیں حرام ہیں۔

الغرض حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے مباح کا دائرہ بھی بہت وسیع فرمایا ہے، اور ان کو نعمت کے طور پر استعمال کرنا اور ان سے نفع





Marfat.com

حاصل کرنا حرام چیزوں کی نسبت زیادہ عیش ولذت بخش ہے کیونکہ مباحات میں حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی رضامندی ہے اور محرمات میں حق تعالیٰ کی عدم رضامندی (یعنی ناراضگی ہے)......عقلِ سلیم ہرگز اس بات کو جائز قرار نہیں دیتی کہ کوئی شخص محض ایسی (چندروزہ) لذت کی خاطر جو بالکل ناپائیدار ہے اور اس میں حق تعالیٰ کی رضامندی بھی نہیں ہے اس کو اختیار کرے۔ حالانکہ (حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے) اس حرام لذت کے مقابلے میں مباح لذتیں تجویز فرمادی ہیں......اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو حضرت صاحبِ شریعت نبی اکرم علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والتحیۃ کی پیروی پر استقامت عطا فرمائے (آمین)

حلال وحرام کے معاملہ میں ہمیشہ دیندار علماء سے رجوع کرنا چاہیے اور ان سے دریافت کرنا چاہیے اور ان کے فتووں کے مطابق عمل کرنا چاہیے کیونکہ شریعت ہی نجات کا راستہ ہے اور شریعت کے برخلاف جو کچھ بھی ہے وہ باطل اور بے اعتبار ہے: فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ (سورۃ یونس: ۱۰، آیت ۳۲) پس حق کے بعد جو کچھ ہے وہ گمراہی ہے) والسَّلَامُ اَوَّلًا وَّاٰخِرًا۔

## ﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صـ۴۳﴾ ۲ یہ اشارہ ہے اس آیت کریمہ کی طرف جو سورۃ تحریم (آیت ۹) اور سورۃ توبہ (آیت ۷۳) میں واقع ہے یعنی اے نبی! جہاد کیجئے کافروں اور منافقوں کے ساتھ اور سختی کیجئے ان پر ۱۲

۳ موصوف بخلق عظیم......اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ☆ مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ ☆ وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ☆ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ☆ (سورۃ قلم) (ن قسم ہے قلم کی جو کچھ وہ لکھتے ہیں آپ اپنے رب کے فضل سے مجنون نہیں ہیں، اور یقیناً آپ کے لئے ایسا اجر ہے جو کبھی ختم نہ ہوگا، اور بے شک آپ عظیم الشان خلق کے، مالک ہیں ۱۲

﴿صـ۴۴﴾ ۱ قولہ کلام......جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے سورۃ ممتحنہ پارہ ۲۸ میں فرمایا ہے۔'' يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ '' یعنی اے ایمان والو! نہ بناؤ میرے دشمنوں کو اور اپنے دشمنوں کو (اپنے) جگری دوست ۱۲

۲ قولہ دوستی......اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔''لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ج وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِيْ شَيْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً ط وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ☆ (سورۃ آل عمران آیت ۲۸) ترجمہ: نہ بنائیں مومن کافروں کو اپنا دوست مومنوں کے سوا، اور جس نے کیا یہ کام پس نہ رہا (اس کا) اللہ سے کوئی تعلق مگر اس حالت میں کہ تم کرنا چاہو ان سے اپنا بچاؤ، اور ڈراتا ہے تمہیں اللہ تعالیٰ اپنی ذات سے (یعنی غضب سے) اور اللہ ہی کی طرف (سب نے) لوٹ کر جانا ہے۔

۳ قولہ کارا ین......اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:'' يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ ج وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ☆ وَاِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا الخ (سورۃ مائدہ، آیت، ۵۷، ۵۸) ترجمہ: اے ایمان والو! مت بناؤ ان لوگوں کو جنہوں نے بنا رکھا ہے تمہارے دین کو ہنسی اور کھیل ان سے جنہیں دی گئی کتاب تم سے پہلے اور کفار سے (اپنے) دوست اور ڈرتے رہو اللہ تعالیٰ سے اگر ہو تم ایماندار۔ اور جب تم نماز کے لئے اذان دو تو اسے ہنسی کھیل بناتے ہیں نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:'' زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَيَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْام (سورۃ بقرہ آیت ۲۱۲ پارہ دوم) (آراستہ کردی گئی ہے کافروں کے لئے دنیا کی (فانی) زندگی اور مذاق اڑاتے ہیں یہ ایمان والوں کا ۱۲

۴ قولہ قابو......حق تعالیٰ سورۃ تحریم آیت ۲ پارہ اٹھائیس میں فرماتا ہے:''اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ يَكُوْنُوْا لَكُمْ اَعْدَآءً وَّ





Marfat.com

يَبْسُطُوْآ اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ وَاَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوْءِ وَوَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ ☆ ترجمہ: اگر وہ تم پر قابو پالیں تو وہ تمہارے دشمن ہونگے اور بڑھائیں گے تمہاری طرف اپنے ہاتھ اور اپنی زبانیں برائی کے ساتھ، وہ تو چاہتے ہیں کہ تم (ان کی طرح) کافر بن جاؤ۔۱۲ نیز سورۃ توبہ آیت ۸ پارہ دس میں فرماتا ہے: ''كَيْفَ وَاِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ فِيْكُمْ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ط (کیونکر (ان کے معاہدہ کا لحاظ رکھا جائے) حالانکہ اگر وہ غالب آجائیں تم پر تو نہ لحاظ کریں تمہارے بارے میں کسی رشتہ داری کا اور نہ کسی عہد کا) ۱۲

ب قولہ بے اعتبارے...... یعنی ان کے قول کا وثوق واعتماد نہ کریں ۱۲

ب قولہ دمار...... ہلاک کے معنی میں، دو، مدد، بمعنی دماغ شہرت رکھتا ہے ۱۲

۵ قولہ الحیاء...... صحیح بخاری میں سالم بن عبداللہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک انصاری آدمی کے پاس سے گذرے وہ اپنے بھائی کو حیاء کے بارے میں نصیحت کر رہا تھا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دَعْهُ فَاِنَّ الْحَيَاءَ مِنَ الْاِيْمَانِ ۱۲ (اس کو چھوڑ دو کیونکہ حیا ایمان میں سے ہے) ۱۲

۶ قولہ جزیہ، جیم کی زیر سے وہ مال جو ذمّی کافروں پر سال میں ایک بار ادا کرنا مقرر ہوتا ہے، یہ، کزیہ کا معرب ہے ۱۲

۷ قولہ تجمّل: تکلّف کے وزن پر ہے، شان وشوکت اور اپنا حسن وجمال ظاہر کرنا ۱۲

﴿صہ ۴۵﴾ ۱ قولہ از برائے خواری...... اللہ تعالیٰ نے فرمایا: '' قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ☆ (سورۃ توبہ آیت ۲۹ پارہ دس) ترجمہ: جنگ کرو ان لوگوں سے جو نہیں ایمان لاتے اللہ پر اور نہ روز قیامت پر اور نہیں حرام سمجھتے جسے حرام کیا ہے اللہ نے اور اس کے رسول نے اور نہ قبول کرتے ہیں سچے دین کو ان لوگوں میں سے جنہیں کتاب دی گئی ہے۔ یہاں تک کہ دیں وہ جزیہ اپنے ہاتھ سے اس حال میں کہ وہ مغلوب ہوں۔

توضع الجزية على كتابي و مجوسي وو ثني عجمي لا على وثني عربي و مرتد و صبي وامرأة وعبد وزمن و اعمى وراهب لا يخالط الناس (تنوير الابصار، باب العشر و الخراج والجزية) ترجمہ: جزیہ مقرر کیا جائے گا اہل کتاب پر (یہودیوں اور عیسائیوں) اور آتش پرستوں اور غیر عرب بت پرستوں پر، جزیہ نہ لگایا جائے گا عربی بت پرست، مرتد، بچے، عورت، غلام اپاہج، اندھے اور راہب (عیسائیوں، یہودیوں کے درویش) جو لوگوں سے عام میل جول نہ رکھتا ہو) پر ۱۲

۲ اس آیت کریمہ کی طرف اشارہ ہے جو سورۃ توبہ (آیت ۲۸) پارہ دس میں واقع ہے: ''يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا (الاية) ترجمہ: اے ایمان والو! مشرکین تو نرے ناپاک ہیں سو وہ قریب نہ ہونے پائیں مسجد حرام سے اس سال کے بعد۔

ب قولہ فَمَا ذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلَال یہ آیت پارہ گیارہ سورۃ یونس (آیت ۳۲) میں واقع ہے ۱۲

۳ یہ اس آیت کریمہ کی طرف اشارہ ہے جو سورۃ توبہ (آیت ۹۵) پارہ ۱۱ میں واقع ہے: سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ اِنَّهُمْ رِجْسٌ وَّمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ☆

ترجمہ: قسمیں کھائیں گے اللہ کی تمہارے سامنے جب تم لوٹو گے ان کی طرف تاکہ تم معاف کر دو انہیں۔ سو منہ پھیر لو ان سے، یقیناً وہ ناپاک ہیں اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے بدلہ اس کا جو وہ کمایا کرتے تھے۔

ب مُستکرہ، را کی زیر سے بمعنی ناپسندیدہ، برا، بری، را کے زبر سے بمعنی مجبور، یہاں دونوں معانی کا احتمال ہے ۱۲

۴ و مادعاء الخ یہ آیت پارہ ۱۳ سورہ رعد کی آیت ۱۴ ہے ۱۲





Marfat.com

لازم می آید: کافروں سے بلندی اور مدد مانگنا ۱۲

﴿صہ ۴۶﴾ ۱ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: الحلال بین والحرام بین وبینهما مشتبهات لا یعلمهن کثیر من الناس فمن اتقی الشبهات اِسْتَبْرَأَ لدینه وعرضه ، ومن وقع فی الشبهات وقع فی الحرام کالرّاعی یرعی حول الحمی یو شك ان یرتع فیه اَلَا و ان لکل ملك حمًی ، اَلَا وان حمی اللہ محارمه ...... الحدیث ، متفق علیہ ۱۲ (مشکوٰۃ کتاب البیوع رقم ۲۷/۶۲)

ترجمہ حلال ظاہر ہے اور حرام بھی ظاہر ہے، ان دونوں کے درمیان مشتبہ امور ہیں جن کو اکثر لوگ نہیں جانتے، جو شخص مشتبہ چیزوں سے بچا اس نے اپنے دین اور عزت کو پاک کرلیا، اور جو شخص شبہات میں پڑا وہ حرام میں واقع ہوا، جیسے چرواہا چراگاہ کے قریب چراتا ہے، قریب ہے کہ اس میں جانور چریں، خبردار ہر بادشاہ کی چراگاہ ہے خبردار اللہ کی چراگاہ اسکی حرام کی ہوئی چیزیں ہیں۔ (مشکوٰۃ، کتاب البیوع باب اول)

۲ قولہ استعمال فضہ الخ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: لَا تَلْبَسُوا الْحَرِیْرَ وَلَا الدِّیْبَاجَ ، ولا تَشْرَبُوْا فِیْ آنِیَةِ الذَّھَبِ وَالْفِضَّةِ وَلَا تَاْکُلُوْا فِیْ صِحَافِھَا فَاِنَّھَا لَھُمْ فِی الدُّنْیَا وَلَنَا فِی الْاٰخِرَةِ۔ رواہ البخاری ومسلم واحمد (بخاری ۵۱۱۰)

ترجمہ: ریشمی کپڑا اور دیباج (ایک قسم کا منقش ریشمی کپڑا) نہ پہنو، سونے چاندی کے برتن میں نہ پیو اور نہ اسکی رکابیوں میں کھاؤ کیونکہ وہ کافروں کے لئے دنیا میں ہیں اور تمہارے لئے آخرت میں (سونے چاندی کے برتن ہوں گے) امام زیلعی نے فرمایا: جب یہ کھانے پینے میں ثابت ہے تو ایسے ہی خوشبو وغیرہ رکھنے کیلئے ان کا استعمال ناجائز ہے کیونکہ استعمال میں اسکی مثل ہے۔ درمختار میں کہا ہے: مکروہ ہے کھانا، پینا، تیل لگانا اور خوشبو ملنا سونے اور چاندی کے برتن سے مرد اور عورت دونوں کے حق میں، اور اسی طرح مکروہ تحریمی ہے کھانا سونے اور چاندی کے چمچ سے اور سرمہ لگانا ان کی سلائیوں سے اور جو استعمال اسکے مشابہ ہے، چنانچہ چاندی سونے کی سرمہ دانی اور قلم دوات اور اسکے مانند مکروہ ہے۔ (درمختار، کتاب الحظر والاباحۃ) خانیہ میں کہا ہے: عورتوں کا بھی یہی حکم ہے سوائے زیور کے، کھانا پینا اور تیل لگانا سونے اور چاندی کے برتنوں سے مردوں کی طرح ہیں، ہاں مستورات کے لئے ریشم، دیباج، سونا، چاندی، اور موتی پہننے میں کوئی حرج نہیں ۱۲،

(یہ سارا حاشیہ ۲ ردالمختار سے لیا گیا ہے)

۳ قولہ فی الجملہ گنجائش وارد امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: کوئی حرج نہیں کہ مرد اپنے گھر میں سونے چاندی کی چارپائی بنالے اور اس پر ریشم کا بچھونا بچھائے، لیکن اس پر نہ بیٹھے نہ سوئے کیونکہ یہ سلف صحابہ اور تابعین سے منقول ہے، جیسا کہ محیط میں ہے۔ (فتاوٰی ھندیہ) میں کہتا ہوں: اسی طرح جائز ہے بطور خوبصورتی سونے چاندی کے برتن رکھنا اس میں کوئی حرج نہیں ہے، جیسا کہ درمختار میں ہے ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

..........................................

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۴۳﴾ ☆ نقابت ...... ستودگی وستودن ۱۲ ...... تعریف اور تعریف کرنا ۱۲ ☆ دارین ...... دنیا وآخرت ۱۲ ...... دنیا وآخرت ۱۲ ☆ سید کونین ...... سردار دوجہان ۱۲ ...... دوجہانوں کے سردار ۱۲ ☆ غلظت ...... درشتی ۱۲ ...... سختی ۱۲ ☆ جنایات ...... بمعنے تقصیرات ۱۲ ...... گناہوں کے معنی میں ۱۲

﴿صہ ۴۴﴾ ☆ درمجالس ...... بلکہ ایشانرا ۱۲ ...... بلکہ ان کو ۱۲ ☆ اَقَل ...... کمتر ۱۲ ...... بہت کم ۱۲ ☆ شیوہ ...... بیائے مجہول طرز وروش ۱۲ ...... یائے



Marfat.com

مجہول کے ساتھ، طرز اور روش وطریقہ ۱۲ ☆ **زبون** ...... مغلوب ۱۲ ...... ماتحت ۱۲ ☆ **مُنجر** ...... اسم فاعل از اِنجار یعنی کشیدہ شوندہ ۱۲ ...... انجار سے اسم فاعل یعنی کھنچا ہوا ۱۲ ☆ **شنیعہ** ...... زشت وبد ۱۲ ...... بُرا اور بَد ۱۲ ☆ **استہزا** ...... باکسے تمسخر کردن ۱۲ ...... کسی کا مذاق اڑانا ۱۲ ☆ **سُخریت** ...... بالضم تمسخر کردن ۱۲ ...... سین پر پیش ہے، مذاق اڑانا ۱۲ ☆ **بر آرند** ...... یعنی مسلمانان را بہلاکت رسانند ۱۲ ...... یعنی مسلمانوں کو ہلاکت پر پہنچا دیں گے ۱۲ ☆ **بر طرف** ...... موقوف ۱۲ ...... ٹھہرایا گیا ۱۲ ☆ **اخذ** ...... گرفتن ۱۲ ...... پکڑنا، لینا ۱۲ ☆ **رِجس** ...... پلید ۱۲ ...... ناپاک ۱۲ ☆ **بینند** ...... اہل اسلام ۱۲ ...... مسلمان دیکھتے ہیں ۱۲ ☆ **لا جرم** ...... ضرور ۱۲ ...... لازم ۱۲ ☆ **ایشان** ...... اہل کفر ۱۲ ...... کافر لوگ ۱۲ ☆ **ہمتے** ...... دعاوی ۱۲ ...... دعوٰی کی جمع ہے ۱۲ ☆ **اعزار** ...... عزت دادن ۱۲ ...... عزت دینا ۱۲ ☆ **عزیزے** ...... یکے از اکابر دین ۱۲ ...... دین کے سرداروں میں سے ایک ۱۲ ☆ **اعلائے** ...... بلند کردن ۱۲ ...... بلند کرنا ۱۲ ☆ **اجتناب** ...... پرہیز ۱۲ ...... پرہیز کرنا ۱۲ ☆ **تنعّم نمودہ آید** ...... بناز ونعمت پروردی شدہ ۱۲ ...... ناز ونعمت میں پرورش پایا ہوا ۱۲ ☆ **ذَہب** ...... زر ۱۲ ...... سونا ۱۲ ☆ **فِضہ** ...... نقرہ ۱۲ ...... چاندی ۱۲ ☆ **عزیز الوجود** ...... قلیل ۱۲ ...... بہت کم ۱۲ ☆ **حریر** ...... ابریشم ۱۲ ...... ریشم ۱۲ ☆ **لُبس** ...... پوشیدن ۱۲ ...... پہننا ۱۲ ☆ **محرّم** ...... حرام ۱۲ ...... حرام کیا ہوا ۱۲ ☆ **آوانی** ...... ظروف ۱۲ ...... برتن ۱۲ ☆ **تجمّل** ...... آرائش وزیبائش ۱۲ ...... خوبصورتی، سجاوٹ ۱۲ ☆ **اینہا** ...... بر مردان وزنان ۱۲ ...... مردوں اور عورتوں پر ۱۲ ☆ **از آب وطعام** ...... بیان استعمال ۱۲ ...... استعمال کا بیان ہے ۱۲ ☆ **جزآن** ...... عطردان وشانہ وآئینہ وقلم ودوات ۱۲ ...... عطر رکھنے کی ڈبیہ، کنگی، شیشہ اور قلم دوات ۱۲ ☆ **وسیع** ...... فراخ ۱۲ ...... کشادہ اور وسیع ۱۲ ☆ **باینہا** ...... امور مباحہ ۱۲ ...... جائز کام ۱۲ ☆ **عقلِ سلیم** ...... از آفات وہم ۱۲ ...... بلاؤغم سے محفوظ عقل ۱۲

..............................

# ایک سو چونسٹھواں مکتوب (۱۶۴)

حافظ بہاؤالدین سرہندی کی طرف صادر فرمایا...... اس بیان میں کہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کا فیض خواص وعوام پر (ہر وقت اور) ہمیشہ وارد ہے اور اس کے قبول کرنے یا نہ کرنے کا فرق اپنی استعداد پر ہے۔

حق سبحانہٗ وتعالیٰ اپنے احسان وکرم سے شریعتِ مطہرہ کے راستہ پر استقامت عطا فرمائے...... حق سبحانہٗ وتعالیٰ کا فیض، تمام خواص وعوام، ہر کریم ولئیم (سخی اور کنجوس) پر خواہ وہ مال کی قسم سے ہو، یا اولاد کی، یا ہدایت وارشاد کی قسم سے ہو، سب پر بغیر امتیاز ہمیشہ وارد ہو رہا ہے، لیکن بعض کے فیوض قبول کرنے اور بعض کے قبول نہ کرنے میں فرق اسی (بندہ کی طرف) سے پیدا ہوتا ہے: وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ (سورہ نحل: ۱۶، آیت: ۳۳) (اللہ تعالیٰ نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ خود ہی اپنے نفسوں پر ظلم کرتے تھے)

موسم گرما میں سورج کپڑے اور دھوبی پر یکساں پڑتا ہے لیکن (سورج کی گرمی سے) دھوبی کا چہرہ سیاہ اور کپڑا سفید ہو جاتا ہے...... یہ عدم قبول کی کیفیت خداوند قدوس جل سلطانہ سے روگردانی کی وجہ سے ہے، اور روگردانی کرنے والے کے لئے بدبختی لازم اور نعمت سے محرومی ضروری ہے...... اس جگہ کوئی شخص یہ اعتراض نہ کرے کہ بہت سے روگرادانی کرنے والے ایسے ہیں جو دنیاوی نعمتوں کی وجہ سے ممتاز ہیں اور ان کی روگردانی ان کی محرومی کا سبب نہیں بنی؟...... جاننا چاہیے کہ یہ وہ بدبختی





Marfat.com

ہے جو استدراج کے طور پر اس کی خرابی کے لئے نعمت کی صورت میں ظاہر کی گئی ہے، تا کہ (ایسا شخص) روگردانی اور ضلالت میں منہمک رہے۔ حق سبحانہٗ وتعالیٰ فرماتا ہے:

اَیَحۡسَبُوۡنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمۡ بِهٖ مِنۡ مَّالٍ وَّبَنِیۡنَ نُسَارِعُ لَهُمۡ فِی الۡخَیۡرٰتِ بَلۡ لَّا یَشۡعُرُوۡنَ (سورۃ مومنون: ۲۳، آیت: ۵۵: ۵۶) (کیا وہ گمان کرتے ہیں کہ ہم جو مال واولاد ترقی دیتے ہیں تو یہ ہم ان کے لئے بھلائیوں میں جلدی کرتے ہیں (یہ بات نہیں ہے) بلکہ وہ نہیں سمجھتے)...... پس (حق تعالیٰ سے) روگردانی کے باوجود دنیا اور اس کی نعمتوں کا حاصل ہونا عین خرابی ہے۔ بچو اس سے بچو!! والسلام

---

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ ۴۷﴾ لے یہ اشارہ ہے اس آیت کریمہ کی طرف جو سورہ نحل آیت ۳۳ پارہ چودہ میں واقع ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ خود ہی اپنے نفسوں پر ظلم کرتے تھے ۱۲

ے مُعرِض: اعراض سے اسم فاعل ہے، یعنی کسی چیز سے منہ پھیرنا، اور اِدبار الف کی زیر سے، پشت دینا دولت کا، اور حرمان، حا کی زیر سے، ناامیدی اور بے نصیبی ۱۲ غ

ے استدراج: خرقِ عادت، خلافِ عادت (کرامت کی صورت میں) کام جو کافر یا فاسق سے ظاہر ہو، غیاث میں اسی طرح ہے، قاموس میں کہا ہے کہ استدراج ایک دھوکہ ہے، بندے کے لئے اللہ تعالیٰ کا استدراج یہ ہے کہ وہ جب بھی نیا گناہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے نئی نعمت دیتا ہے اور گناہ سے استغفار کرنا اسے بھلا دیتا ہے، یا اسے آہستہ آہستہ پکڑتا ہے اور اسکی مدد نہیں کی جاتی، میں کہتا ہوں یہاں یہی مراد ہے ۱۲ المصحح رحمہ اللہ

ے مُنۡهمِك...... اِنہماک سے اسم فاعل ہے، اس کے معنی ہیں کسی کام میں کوشش کرنا اور اس میں مبالغہ کرنا ۱۲ منتخب

ے یہ اشارہ ہے اس آیت کریمہ کی طرف جو سورہ مومنون آیت ۵۵، ۵۶ پارہ ۱۸ میں واقع ہے یعنی کیا وہ گمان کرتے ہیں کہ ہم جو مال واولاد میں ترقی دیتے ہیں تو یہ ہم ان کے لئے بھلائیوں میں جلدی کرتے ہیں (یہ بات نہیں ہے) بلکہ وہ نہیں سمجھتے ۱۲ اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَاُمۡلِیۡ لَهُمۡ اِنَّ کَیۡدِیۡ مَتِیۡنٌ ☆ (سورۃ اعراف آیت ۱۸۳)

ترجمہ اور میں مہلت دیتا ہوں انہیں، بے شک میری خفیہ تدبیر بہت پختہ ہے۔

..............................

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۴۶﴾ ☆ ناشی ...... پیدا ۱۲ ☆ جادہ ...... راہ ۱۲ ...... راستہ، طریقہ ۱۲ ☆ بِمَنِّہٖ ...... باحسانہ ۱۲ ...... اس کے احسان سے ۱۲ ☆ کرام ...... بزرگان ۱۲ ...... بڑے لوگ ۱۲

﴿صہ ۴۷﴾ ☆ لئام ...... ناکسان ۱۲ ...... کمینے لوگ ۱۲ ☆ ازین ...... قابل ۱۲ ☆ از قسمِ اموالی ...... تعمیم است مر فیض حق را سبحانہ ۱۲ ...... اللہ کے خاص فیض کی عمومیت ۱۲ ☆ ناشی ...... پیدا ۱۲ ☆ آفتاب تابستان ...... تمثیل ۱۲ ...... یہ مثال بیان کی ہے ۱۲ ☆ تابستان ...... گرما ۱۲ ...... موسم گرما ۱۲ ☆ سفید ...... میگردد ۱۲ ...... سفید کر دیتا ہے ۱۲ ☆ گازُر ...... زا پر پیش اور را پر جزم ہے اردو میں اسکو دھوبی کہتے ہیں ۱۲ ☆ اعراض ...... روگردانیدن ۱۲ ...... منہ پھیر لینا ۱۲ ☆ اینجا ...... سوال ۱۲ ...... یہ سوال ہے ۱۲ ☆ باید دانست ...... جواب ۱۲ ...... یہاں سے جواب ہے ۱۲ ☆ نِقمت ...... نون کے زیر سے، سزا، کینہ اور عذاب ۱۲





Marfat.com

# ایک سو پینسٹھواں مکتوب (۱۶۵)

سرداری و بزرگی کی پناہ والے شیخ فرید کی طرف صادر فرمایا...... صاحب شریعت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کی پیروی کی ترغیب اور آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شریعت کے مخالفین کے ساتھ دشمنی اور بغض رکھنے اور ان پر سختی کرنے کے بیان میں۔

شَرَّفَکُمُ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ بِتَشْرِیْفِ الْمِیْرَاثِ الْمَعْنَوِیِّ مِنَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْقُرَشِیِّ الْھَاشِمِیِّ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ مِنَ الصَّلَوَاتِ اَفْضَلُھَا وَمِنَ التَّسْلِیْمَاتِ اَکْمَلُھَا کَمَا شَرَّفَکُمْ بِتَشْرِیْفِ الْمِیْرَاثِ الصُّوْرِیِّ وَیَرْحَمُ اللّٰہُ عَبْدًا قَالَ اٰمِیْنًا ء (اللہ سبحانہ آپ کو نبی امی قرشی ہاشمی علیہ وعلیٰ آلہ من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا کی باطنی میراث کی بزرگی سے مشرف فرمائے جس طرح (حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے) آپ کو ظاہری میراث سے مشرف فرمایا ہے، اور اللہ تعالیٰ اس بندے پر بھی رحم فرمائے جو اس پر آمین کہے)

آں سرور علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کی ظاہری میراث کا تعلق عالمِ خلق سے ہے اور میراثِ معنوی کا تعلق عالمِ امر سے ہے کہ وہاں سراسر ایمان و معرفت اور رشد و ہدایت ہے۔ میراث صوری (ظاہری) کی نعمتِ عظمیٰ کا شکریہ ہے کہ وہ میراثِ معنوی (باطنی) سے آراستہ و مزین ہو جائے، اور باطنی میراث سے مزیّن ہونا نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کی کمال اتباع کے بغیر میسر نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا آپ پر اوامر و نواہی میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پوری پوری اتباع اور اطاعت لازم و واجب ہے، اور کمالِ متابعت آں سرور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کمالِ محبت کی فرع ہی۔ مصرع



ے اِنَّ الْمُحِبَّ لِمَنْ ھَوَاہُ مُطِیْعٌ

ترجمہ:۔ (محب اپنے محبوب کا مطیع ہوتا ہے)

اور آنحضرت ﷺ سے کمال درجہ محبت کی علامت آپ کے دشمنوں سے کمال درجہ بغض رکھنا اور آپ کی شریعت کے مخالفین کے ساتھ عداوت کا اظہار کرنا ہے۔ محبت میں سستی کی کوئی گنجائش نہیں محب محبوب کا دیوانہ ہوتا ہے اور وہ مخالفت کی تاب نہیں رکھتا اور محبوب کے مخالفین سے کسی طرح بھی صلح و آشتی نہیں کرتا...... دو مختلف محبتیں ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتیں۔ متضاد کا جمع ہونا امر محال سے ہے، ایک سے محبت کے لئے دوسرے کی عداوت لازم ہے......... خوب اچھی طرح غور کرنا چاہیے، ابھی معاملہ ہاتھ سے نہیں نکلا ہے (یعنی ابھی کچھ نہیں بگڑا) گذشتہ کا تدارک (توبہ و استغفار سے) کیا جا سکتا ہے۔ کل (موت کے بعد) جب کام ہاتھ سے نکل جائے گا (اس وقت) سوائے ندامت و شرمندگی کے کچھ حاصل نہ ہوگا۔

ے بوقتِ صبح شود ہمچو روز معلومت | کہ باکہ باختہ عشق در شب دیجور

(تجھ کو معلوم ہو گا بوقتِ صبح | رات کھوئی تھی کیسی علت میں)

دنیا کا سامان محض فریب ہی فریب ہے اور معاملہ اخروی پر ابدی جزا مرتب ہوگی اگر چند روزہ زندگانی سید الاولین والآخرین علیہ وعلیٰ آلہ الصلواتِ والتسلیمات کی پیروی میں بسر کر لی جائے تو نجاتِ ابدی کی امید ہے ورنہ محض بیکار ہی بیکار



Marfat.com

ہے خواہ کیسا ہی اچھا عمل کیوں نہ ہو۔

محمد عربی کا آبروئے ہر دوسراست　　کسے کہ خاکِ درش نیست خاک بر سرِ او

ترجمہ:۔(محمد دو جہاں کی آبرو ہیں　　جو خاکِ در نہیں برباد ہو گا )

نبی علیہ السلام کی متابعت کی دولتِ عظمیٰ کا حاصل کرنا دنیا کو کلی طور پر ترک کرنے پر ہی موقوف نہیں ہے جو بہت مشکل معلوم ہوتا ہے بلکہ اگر فرض زکوٰۃ ادا کردی جائے تو وہ ترکِ کُل کا حکم رکھتی ہے، کیونکہ (زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد) مال پاک ہو کر ضرر و نقصان سے خالی ہو جاتا ہے، لہٰذا مال سے ضرر دُور کرنے کا علاج اس مال کی زکوٰۃ ادا کرنا ہے.........اگر چہ کلیۃً ترکِ (دنیا) اولیٰ و افضل ہے لیکن زکوٰۃ کی ادائیگی بھی (اس ترکِ کلی کا) کام کرتی ہے۔

آسماں نسبت بعرش آمد فرود　　ورنہ بس عالی است پیشِ خاکِ تود

ترجمہ:۔ (آسماں عرش سے تو نیچا ہے　　ہے مگر اس زمیں سے وہ بلند )

پس لازم ہے کہ ہمیشہ اپنی ہمت کو احکام شرعیہ کی بجا آوری میں صرف کیا جائے اور اہل شریعت علماء و صلحا کی تعظیم و توقیر کرنی چاہیے اور شریعت کو رواج دینے میں کوشاں رہنا چاہیے۔ اور گمراہ واہلِ بدعت کو ذلیل و خوار رکھنا چاہیے۔ مَنْ وَقَّرَ صَاحِبَ بِدْعَةٍ فَقَدْ أَعَانَ عَلَىٰ هَدْمِ الْإِسْلَامِ ا ۔ (جس نے کسی بدعتی کی تعظیم کی اس نے اسلام کو منہدم کرنے میں اس کی مدد کی)

اور کفار جو خدائے عزوجل اور اس کے رسول علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰات والتسلیمات کے دشمن ہیں ہم کو بھی ان کے ساتھ دشمنی رکھنی چاہیے اور ان کو ذلیل و خوار کرنے میں کوشش کرنی چاہیے اور کسی وجہ سے بھی ان کو عزت نہیں دینی چاہیے۔ اور ان کے ساتھ شدت و سختی رکھنی چاہیے اور حتی المقدور کسی کام میں ان سے رجوع نہیں کرنا چاہیے۔ اگر بالفرض کوئی ضرورت پیش آ جائے تو قضائے حاجتِ انسانی (کراہت و اضطرار) کے ساتھ اپنی ضرورت کو ان سے نکالنا چاہیے.......... یہ وہ راستہ ہے جو آپ کے جد بزرگوار علیہ الصلوٰات والتسلیمات کی بارگاہ تک پہنچا دیتا ہے۔ اگر یہ راہ نہ اختیار کی جائے تو اس جناب قدس تک رسائی دشوار ہے۔ افسوس ہی افسوس ہے۔

كَيْفَ الْوُصُوْلُ إِلَىٰ سَعَادَ وَدُوْنَهَا　　قُلَلُ الْجِبَالِ وَدُوْنَهُنَّ خُيُوْفُ

(کیسے پہنچوں سعاد تک اے کعبؓ　　کس قدر خوفناک راہیں ہیں)

اس سے زیادہ کیا عرض کروں۔

اندکے پیش تو گفتم غمِ دل ترسیدم　　کہ دل آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار است

(ڈرتے ڈرتے کچھ سنایا دل کا غم　　تم نہ آزردہ ہو، قصہ ہے طویل

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ ۴۷﴾ ۴ قولہ بعالم خلق و بعالم امر...... حق سبحانہ وتعالیٰ می فرماید: أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ (سورۃ اعراف آیت ۵۴) ترجمہ: سن لو! اسی کے لئے خاص ہے پیدا کرنا اور حکم دینا

۵ قولہ رُشد، پیش اور دوز بردوں سے، راہ پر ہونا اور سیدھا راستہ پانا ۱۲





Marfat.com

﴿صہ۴۸﴾ ۱ اور باطنی میراث سے مزیّن ہونا نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام والتحیۃ کی کمال اتباع کی بغیر میسر نہیں ہوسکتا...... لہذا آپ پر اَوَامِر وَنَوَاہی میں حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی پوری پوری اتباع اور اطاعت لازم وواجب ہے۱۲

۲ یعنی کمالِ متابعت کا آں سرور علیہ الصلاۃ والسلام کی کمال محبت کے بغیر تصور نہیں کیا جاسکتا، بلکہ اس پر ہی مرتب اور لازم ہے، جیسا کہ فرمایا گیا ہے: اِنَّ الْمُحِبَّ لِمَنْ هَوَاهُ مُطِيعٌ یعنی بے شک محب خاص طور پر اپنے محبوب کا فرمانبردار ہوتا ہے قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے الشفاء میں فرمایا ہے۔ ''پس نبی ﷺ کی محبت میں وہ سچا ہے جس پر اسکی علامت ظاہر ہو، اور پہلی علامت یہ ہے کہ آپ کی پیروی کرے اور آپ کی سنت پر عمل کرے، آپ کے اقوال وافعال کی اتباع کرے، آپ کے احکام کو بجالائے، آپ نے جن کاموں سے منع کیا ہے ان سے پرہیز کرے، تنگی، فراخی، خوشی اور ناخوشی میں آپ کے آداب سے ادب سیکھے اور ان کی شریعت کو اپنی نفسانی خواہشات پر ترجیح دینا اور ابھارنا محبت کی علامت ہے۱۲

۳ قولہ ان المحب لمن الخ اس مصرع سے پہلے یہ ہے:

تعصی الالٰہ وانت تظهر حبه ھذا لعمری القیاس بدیع
لو کان حبك صادقا لأطعته ان المحب لمن یحب مطیع

ترجمہ: تو اپنے معبود کی نافرمانی کرتا ہے حالانکہ تو اس سے محبت ظاہر کرتا ہے — میری عمر کی قسم یہ طرز بڑا انوکھا ہے
اگر تیری محبت سچی ہوتی تو تُو اسکی فرمانبرداری کرتا — حقیقت یہ ہے کہ محب اپنے محبوب کا مطیع ہوتا ہے۱۲

۴ قولہ وعلامت کمال محبت کمال بغض است الخ قاضی عیاض رحمہ اللہ نے فرمایا ہے: علاماتِ محبت میں سے یہ ہے کہ اس شخص سے بغض رکھے جو خدا اور رسول سے بغض رکھتا ہے۔ اور اس سے عداوت رکھے جو آپ کا دشمن ہے، اور اس شخص سے علیحدہ رہے جو آپ کی سنت کا مخالف ہے اور آپ کے دین میں بدعت نکالتا ہے، اور ہر وہ امر جو آپ کی شریعت کے خلاف ہے اسے برا سمجھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ لَا تَجِدُ قَوْمًا يُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَادُّوْنَ مَنْ حَادَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ، ترجمہ: تم نہ پاؤ گے ان لوگوں کو جو یقین رکھتے ہیں اللہ اور آخرت کے دن پر کہ دوستی کریں ان سے جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول سے مخالفت کی۔ (سورہ مجادلہ آیت ۲۲)

۵ قولہ دَیجور، دال پر زبر اور جیم عربی پر پیش اور واو معروف، معنی تاریک رات اور اسکی جمع دَیَاجِر ہے۱۲

۶ قال تعالیٰ: وَقَدِمْنَا اِلٰى مَا عَمِلُوْا فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ☆ (سورۃ فرقان آیت ۲۳) ترجمہ: اور ہم متوجہ ہوں گے ان کے کاموں کی طرف اور انہیں گرد وغبار بنا کر اڑا دیں گے۔

۷ قولہ خاک بَرسَر او کنایہ ہے ذلیل ہونے اور خوار ورسوا ہونے سے۱۲

۸ قولہ مَنْ وَقَّرَ الخ امام بیہقی نے ابراہیم بن میسرہ سے شعب الایمان میں مرسلاً روایت کیا، اور یہ ثقہ تابعی صحیح الحدیث ہیں، اپنے زمانے میں کوئی ان کا ہم پلہ نہیں تھا، ان کی حدیث مکہ میں معروف تھی۔ یہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے کہا ہے اور ملا علی قاری نے۱۲۔ مطلب حدیث ''جس نے کسی بدعتی کی تعظیم وتوقیر کی اس نے اسلام کو منہدم کرنے میں اسکی مدد کی، کیونکہ اسکی عزت وتعظیم کرنے میں سنت کی توہین اور رسوائی ہے اور یہ اسلام کی بنیاد کو ویران کرنا ہے، اسی پر قیاس کریں تو سنت پر عمل کرنے والے کی تعظیم وتوقیر کرنے میں اسلام کی عمارت کو آباد کرنا ہے، سنت کی تعظیم اور اس کو رواج دینے کے سبب۱۲ (ترجمہ مشکوٰۃ از شیخ عبدالحق محدث دہلوی)

..........

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی تیسرا حصہ



Marfat.com

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۴۷﴾ ☆نقابت......ستودگی ۱۲......تعریف ۱۲ ☆غِلظت......سختی ۱۲ ☆المعنوی......الباطنی ۱۲......پوشیدہ طور پر ۱۲ ☆الصُّوری......الظاہری ۱۲......ظاہری طور پر ۱۲

﴿صہ ۴۸﴾ ☆متحلّی......متزین ۱۲......آراستہ ۱۲ ☆محبت......بانسرور ۱۲......سرور عالم ﷺ ۱۲ ☆مَدَائِحْ......مستی ۱۲ ☆آشتی......صلح ۱۲ ☆مَامَضٰی......آنچہ گذشت ۱۲......وہ جو گذر گیا ۱۲ ☆فردا......بعد از موت ۱۲......مرنے کے بعد ۱۲ ☆دَیجور......تاریک ۱۲......اندھیرا ۱۲ ☆موڈی......ادا کردہ ۱۲......ادا کیا ہوا ۱۲ ☆اخراج......ادا نمودن ۱۲......ادا کرنا ☆در اِتیان......بعمل آوردن ۱۲......عمل میں لانا ۱۲ ☆اہل ہوا و بدعت را فرق را یعنی چنانکہ رافضہ و خارجہ و جبریہ وقدریہ ۱۲......یعنی گمراہ فرقوں کو جیسا کہ شیعہ، خارجی، جبری اور قدری ۱۲

﴿صہ ۴۹﴾ ☆ذُلّ......بالضم خواری ۱۲......ذال کے پیش سے خواری ۱۲ ☆نبایدداد......وبایشان ۱۲......ان کے ساتھ ۱۲ ☆مہما......حتی المقدور ۱۲......طاقت کے مطابق ۱۲ ☆حاجت......ضروری ۱۲......ضرورت ۱۲ ☆راہیکہ......مبتدا ۱۲......یہ عبارت مبتدا ہے ☆اینست......خبر ۱۲......یہ عبارت خبر ہے ۱۲ ☆ابرام......ملول کردن ۱۲......پریشان کرنا ۱۲ ☆سُعاد......نام معشوقہ ۱۲......معشوقہ کا نام

.................................................

# ﴿ایک سو چھیاسٹھواں مکتوب ﴿۱۶۶﴾﴾

ملا محمد امین کی طرف صادر فرمایا......اس بیان میں کہ بے ثبات چند روزہ زندگی پر اعتماد نہیں کرنا چاہیے اور اس تھوڑی سے فرصت کے زمانے میں ذکر کثیر کے ذریعے اپنی قلبی بیماری کے ازالہ کا فکر کرنا چاہیے، کیونکہ یہ نہایت ضروری اور اہم کام ہے۔

میرے مخدوم! کب تک مادرِ مہربان کی طرح آپ اپنے نفس کو پالتے رہیں گے۔ اور کب تک اپنے اوپر غم و غصہ میں پیچ تاب کھاتے رہیں گے......خود اپنے آپ کو اور سب دوسروں کو مردہ خیال کرنا اور جماد چند (چند بے حس و حرکت) سمجھنا چاہیے۔ اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ (سورہ زمر، ۳۹، آیت، ۳۰) (بیشک آپ بھی موت کی آغوش میں جانے والے ہیں اور وہ لوگ بھی مرنے والے ہیں) نصِ قاطع ہے......اس مختصر فرصت میں اپنے قلبی امراض کا ذکرِ کثیر کے ذریعے ازالہ کی فکر کرنا سب کاموں سے زیادہ اہم کام ہے۔ اور اس قلیل مہلت میں ربِّ جلیل کی یاد سے علتِ معنوی (باطنی امراض) کا علاج کرنا بڑے اعظم مقاصد میں سے ہے......لیکن جو دل دنیا میں گرفتار ہے اس سے خیر کی کیا توقع ہو سکتی ہے۔ اور وہ روح جو دنیائے دنی کی طرف مائل ہے اس سے تو نفسِ امارہ بہتر ہے کیونکہ وہاں (یعنی حق تعالیٰ کے ہاں) کامل سلامتی قلب طلب کرتے ہیں اور خلاصی روح چاہتے ہیں، لیکن ہم کوتاہ اندیش روح اور قلب کی گرفتاری کے اسباب حاصل کرنے کی فکر میں رہتے ہیں۔ افسوس در افسوس۔ کیا کیا جائے۔ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ (نحل، ۱۶، آیت، ۳۳) (اللہ تعالیٰ نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ خود ہی اپنے نفسوں پر ظلم کرتے ہیں)۔

دوسری بات یہ ہے کہ ظاہری ضعف و کمزوری کی طرف سے کوئی اندیشہ نہ کریں، انشاء اللہ تعالیٰ (یہ ضعف) صحت





Marfat.com

وعافیت سے تبدیل ہو جائے گا (راقم کا) دل اس طرف سے بالکل مطمئن ہے۔......فقیر کا جامہ جو آپ نے طلب کیا تھا لہذا پیراہن (کُرتہ) بھیج دیا گیا ہے، اس کو پہنیں اور اس کے ثمرات ونتائج کے منتظر رہیں کہ یہ پیراہن بہت برکت والا ہے۔

ہر کس افسانہ بخواند افسانہ است — و آنکہ دیدش نقدِ خود مردانہ است

(اس کو افسانہ تو ظاہر بیں کہے — ہے حقیقت مردِ حق بیں کے لئے)

اور سلام ہو اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی اور حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی متابعت کو اپنے اوپر لازم جانا۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۴۹﴾ ۱؎ قولہ تاچندوتا کے، حاصل دو فقروں کا یہ ہے کہ کتنی مدت تک آپ اپنے نفس کی خواہشات کو پیش نظر رکھ کر ان کے حاصل کرنے میں سرگرم رہو گے۔ مُعَرَّب (ملا محمد مراد مکی رحمہ اللہ) نے تحریر فرمایا: اے مخدوم کب تک اپنے نفس پر مہربان ماں کی طرح شفقت سے پیش آتے رہو گے اور کب تک غم واندوہ کے گھونٹ پیو گے۔ اسکی وجہ سے اور اس (نفس) پر غم کھاؤ گے سگی بہن کی طرح ۱۲

۲؎ قولہ باید انگاشت......وَعُدَّ نَفْسَكَ مِنْ أَصْحَابِ الْقُبُوْرِ (اپنے آپ کو قبروں والوں میں سے شمار کرو) مخبر صادق صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے ۱۲

۳؎ قولہ انک میت الخ اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو سورۃ زمر (آیت ۳۰) پارہ ۲۳ میں واقع ہے یعنی اے محمد بے شک آپ بھی موت کی آغوش میں جانے والے ہیں اور وہ لوگ بھی مرنے والے ہیں الخ ۱۲

۴؎ قولہ بذکر کثیر......اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّأَصِيْلًا ☆ (سورہ احزاب ۴۱)

ترجمہ: اے ایمان والو یاد کیا کرو اللہ تعالیٰ کو کثرت سے اور اسکی پاکی بیان کیا کرو صبح وشام۔

۵؎ قولہ آنجا، یعنی اللہ جل وعلا کے نزدیک ۱۲

۶؎ یعنی حق سبحانہ وتعالیٰ کے سوا جو کچھ ہے اس سے دل خالی ہو، اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ (شعراء آیت ۸۹) ترجمہ: مگر وہ شخص جو لے آیا اللہ تعالیٰ کے حضور قلب سلیم۔

﴿صہ ۵۰﴾ ۱؎ قولہ وما ظلمھم الخ یہ اشارہ ہے اس آیت کریمہ کی طرف جو سورہ نحل (آیت ۳۳) پارہ ۱۴ میں واقع ہے یعنی اور نہیں ظلم کیا تھا اُن پر اللہ تعالیٰ نے بلکہ وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کیا کرتے تھے۔

۲؎ قولہ پیراہن......اللہ تعالیٰ نے یوسف علیٰ نبینا وعلیہ الصلاۃ والسلام کی طرف سے حکایۃً بیان فرمایا ہے: "اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا☆ وَاَيضًا فَلَمَّا اَنْ جَآءَ الْبَشِيْرُ اَلْقٰهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِيْرًا ☆ (سورۃ یوسف آیت ۹۳، ۹۶) ترجمہ: لے جاؤ میرا یہ پیراہن پس ڈالو اسے میرے باپ کے چہرے پر وہ بینا ہو جائیں گے۔ اور یہ بھی فرمایا اللہ تعالیٰ نے پس جب آ پہنچا خوشخبری سنانے والا (اور) اس نے ڈالا وہ پیراہن آپ کے چہرے پر تو وہ فوراً بینا ہو گئے۔

..........

☆ متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۴۹﴾ ☆ مدار بر......اعتماد ۱۲......اعتماد، بھروسہ ۱۲ ☆ مدار......ثبات ۱۲......ثابت قدمی ۱۲ ☆ یسیر......قلیل ۱۲......تھوڑی فرصت ۱۲ ☆ خود......بلکہ ۱۲......بلکہ خود ۱۲ ☆ أَہَمِّ مہام......از اعظم مقاصد ۱۲......سب سے عظیم مقاصد میں سے ہے ۱۲ ☆ مقاصد......است ۱۲





Marfat.com

......مقاصد میں سے ہے۱۲ ☆ بکھتر ......دنیائے دنیہ۱۲...... کمینی دنیا۱۲

﴿صہ ۵۰﴾ ☆ وما......حال آنکہ۱۲......حال یہ ہے کہ۱۲ ☆ از مَر ...... جہت۱۲......طرف۱۲ ☆ این جانب ......راقم ۱۲......یعنی مجدد الف ثانی ۱۲ ☆ مُتَـرصِّد......منتظر۱۲......انتظار کرنے والا۱۲ ☆ بخواند......این را۱۲......اس کو پڑھے۱۲ ☆ افسانہ......اوخود۱۲

☆ دیدش......صاحب نظر است۱۲......صاحب نظر ہے۱۲ ☆ خود......البتہ۱۲......البتہ خود

..................................................

# ﴿ایک سو سڑسٹھواں مکتوب ۱۶۷﴾

ہردے رام ہندو کی طرف جس نے اس عالی گروہ کے ساتھ اخلاص کا اظہار کیا تھا صادر فرمایا......حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی عبادت کی ترغیب میں جو تمام جہانوں کا پروردگار اور بے مثال و بے کیف ہے اور ہندوؤں کے باطل معبودوں کی عبادت سے پرہیز کے بارے میں۔

تمہارے دونوں خط موصول ہوئے۔ دونوں سے فقراء کی محبت اور اس عالی گروہ سے عقیدت کا مفہوم ظاہر ہوا۔ کتنی بڑی نعمت ہے کہ کسی کو اس دولت سے نواز دیں۔ دوسری بات یہ ہے۔ ع

ے من آنچہ شرطِ بلاغ است با تو می گویم     تو خواہ از سخنم پند گیر خواہ ملال

ترجمہ:۔ (بس ادا ہے حق کے پہنچانے کا حق     تجھ کو حاصل فائدہ ہو یا ملال)

جان لیں اور خبردار رہیں کہ ہمارا اور تمہارا بلکہ تمام کائنات کا خواہ آسمان ہوں یا زمینیں، ملائکہ ہوں یا سفلیلیں (حیوانات و جمادات و نباتات) سب کا پروردگار ایک ہی ہے، اور وہ بے چون و بے چگون (بے مثل و بے مثال) ہے اور شبہ (مثل) و مانند سے منزّہ اور شکل و مثال سے مبرّا ہے، کسی کا باپ یا فرزند ہونا اس تعالیٰ کی ذات کے لئے محال (ناممکن) ہے۔ ہمسری اور ہم مثل ہونے کو اس کی درگاہ میں کوئی گنجائش نہیں۔ اتحاد وحلول کا شائبہ بھی اس پاک ذات کی شان میں عیب ہے اور کمون و بروز (کسی چیز میں پوشیدہ ہو کر بیٹھ جانا اور کسی چیز میں اُتر جانا) کا گمان اس پاک درگاہ کے لحاظ سے قبیح ہے وہ زمانی بھی نہیں کیونکہ زمانہ بھی اُسی کی مخلوق ہے اور نہ وہ مکانی ہے کیونکہ مکان بھی اسی کا بنایا ہوا ہے، اس کے وجود کی کوئی ابتدا (آغاز) نہیں ہے اور نہ اس کی بقا کے لئے کوئی انتہا ہے۔ جو کچھ بھی خیر اور کمال ہے وہ اُسی پاک ذات سے ثابت ہے اور جو کچھ نقص وزوال ہے اس بلند ذات سے مسلوب ہے لہذا عبادت کی مستحق اُسی کی ذاتِ عالی ہے اور اسی کی پاک ذات پرستش کی سزاوار ہے۔

رام و کرشن اور ان کے مانند ہندوؤں کے جو دوسرے معبود ہیں سب اس کی کمترین مخلوقات میں سے ہیں اور وہ ماں باپ سے پیدا ہوئے ہیں۔ رام جسرت کا بیٹا، لچھمن کا بھائی اور سیتا کا شوہر تھا۔ جب رام اپنی بیوی کی حفاظت نہ کر سکا (بلکہ راون اس سے سیتا کو چھین کر لے گیا) تو وہ کسی دوسرے کی کیا مدد کر سکتا ہے......عقلِ دور اندیش سے کام لینا چاہیے اور ان کی تقلید پر نہیں جانا چاہیے، ہزاروں (نہایت) شرم کی بات ہے کہ کوئی عالموں کے پالنے والے کو رام اور کرشن کے نام سے یاد کرے......یہ اسی طرح کی بات ہے (جیسے) ایک عظیم الشان بادشاہ کو بے حیثیت یا خاکروب کے نام سے یاد کرے۔





Marfat.com

رام اور رحمٰن کو ایک جاننا نہایت بے عقلی کی بات ہے۔ خالق اور مخلوق ایک نہیں ہو سکتے اور بے مثل ذات، مثل کے ساتھ متحد نہیں ہو سکتی ............رام اور کرشن کی پیدائش سے پہلے پروردگار عالم کو رام و کرشن نہیں کہتے تھے۔ ان کی پیدائش کے بعد سے ان کو کیا ہو گیا کہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے نام کا اطلاق رام کرشن پر کرتے ہیں، اور کرشن و رام کی یاد کو پروردگار کی یاد یا ذکر جانتے ہیں۔ حاشا وکلا ثم حاشا وکلا (ہرگز ایسا نہیں ہے، ہرگز ایسا نہیں ہے)۔

ہمارے انبیاء علیہم الصلوٰات والتسلیمات جو تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار گذرے ہیں سب نے مخلوق کو خالق کی عبادت کی دعوت و ترغیب دی ہے اور غیر اللہ کی عبادت سے منع فرمایا اور اپنے آپ کو عاجز بندہ سمجھا ہے اور حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی ہیبت و عظمت سے لرزاں و ترساں رہے ہیں ............(لیکن) اہلِ ہنود کے معبودوں نے مخلوق کو اپنی عبادت کی ترغیب دی اور اپنے آپ کو معبود سمجھا ہے، اگرچہ وہ بھی پروردگار کے قائل ہیں لیکن اپنے اندر اس (تعالیٰ سبحانہٗ) کا حلول اور اتحاد ثابت کرتے ہیں اور اسی وجہ سے مخلوق کو اپنی عبادت کی دعوت دیتے ہیں اور اپنے آپ کو معبود گردانتے ہیں، اور بکثرت حرام چیزوں میں اس زعم و گمان کی وجہ سے مبتلا ہو گئے ہیں کہ معبودوں کے لئے کوئی چیز منع نہیں ہے، اپنی مخلوق میں جس طرح چاہیں تصرف کریں ............اس قسم کے بکثرت فاسد خیالات رکھتے ہیں۔ ضَلُّوْا فَاَضَلُّوْا (یہ لوگ خود بھی گمراہ ہیں اور انہوں نے دوسروں کو بھی گمراہ کر دیا) ............برخلاف پیغمبران علیہم الصلوٰات والتسلیمات کے کہ انہوں نے جن چیزوں سے مخلوق کو منع کیا ان سے خود کو بھی پورے طور پر باز رکھا اور اپنے آپ کو دوسرے انسانوں کی طرح انسان ہی کہا۔ مصرع

؎ ببیں تفاوتِ رہ از کجاست تا بکجا

ترجمہ:۔ (کہاں یہ راہ الگ اور کہاں وہ راہ الگ)



﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۵۰﴾ ۳؎ قولہ شائبہ، تیسرے حرف ہمزہ کے نیچے زیر ہے، بمعنی بہتر اور اچھی چیز میں بری چیز کی ملاوٹ اور آلودگی ۱۲

۴؎ قولہ مُسْتَہجَن، میم پر پیش، سین ساکن، تا پر زبر، ھا پر جزم اور جیم پر زبر ہے، اس کے معنی ہیں مکروہ، برا اور عیب دار ۱۲

۵؎ قولہ مُظِنہ، ظا پر زبر اور زیر دونوں طرح پڑھا جاتا ہے اور نون پر شد ہے، ظن و گمان لے جانے کی جگہ ۱۲

۶؎ قولہ کمون، کاف پر پیش ہے، پوشیدہ ہونا، اور قولہ بروز، با پر پیش ہے اس کے معنی ہیں، باہر آنا اور ظاہر ہونا یعنی کسی چیز میں نیچے آنا، اور نزول کرنا اور کسی چیز میں پوشیدہ ہونا اور کسی چیز میں ظاہر اور کسی چیز میں داخل ہو کر آشکارا ہونا ۱۲

﴿صہ ۵۱﴾ ؎ حَاشَا کلمہ تنزیہہ ہے اور کَلَّا کلمہ ردع وزجر ہے یعنی ہرگز ایسا نہیں ہے ۱۲

۱؎ قولہ پیغمبرانِ ما، یہ اضافت اَدنٰی مشابہت کی وجہ سے ہے، یعنی وہ انبیاء جو ہماری طرف بھیجے گئے، ہم پر واجب ہے کہ ہم ان پر ایمان لائیں اور ان کی تصدیق کریں ۱۲

۲؎ قولہ بیک لکھ الخ مشکوٰۃ شریف میں ہے، حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! تمام انبیا کی تعداد کتنی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ایک لاکھ چوبیس ہزار ان میں سے تین سو پندرہ رسولوں کی عظیم جماعت تھی اس کو امام احمد نے روایت کیا۔ مُعَرِّب نے فرمایا: اس حدیث کو بَزّار، طبرانی، ابن مَردویہ، ابن حبان نے روایت کیا، اور ابن حبان نے اس کو صحیح کہا، مُلا علی قاری رحمہ اللہ نے شرح مشکوٰۃ میں فرمایا: اس حدیث میں اگرچہ بغیر شک کے یہ تعداد مذکور ہے لیکن یہ قطعی نہیں ہے، پس تمام انبیا اور رسولوں پر مجمل طور پر ایمان لانا واجب ہے بغیر تعداد متعین کئے تا کہ کوئی نبی ایمان لانے



Marfat.com

سے باہر نہ رہ جائے اور نہ کوئی غیر نبی ایمان لانے میں داخل ہو جائے، شیخ عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ انبیا کی تعداد میں دو لاکھ چوبیس ہزار کی روایت بھی آئی ہے۔اس کھلے اختلاف کی وجہ سے انبیا کی تعداد متعین کرنے سے منع کیا گیا ہے اور مجمل طور پر کہنا چاہیے ''ہم تمام انبیا پر ایمان لائے ہیں''۔ میں (مولانا نور احمد امرتسری) کہتا ہوں: حضرت امام ربانی قدس سرہ نے بھی اس جگہ اپنی عبارت میں ''قریب'' کا لفظ زیادہ کیا ہے، اس کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے ۱۲ المصحح رحمہ اللہ

ے کیونکہ راون اس پر غالب آگیا اور اسکی بیوی کو اس نے پکڑ لیا تھا ۱۲

ے بے تحاشی، خوف نہ رکھنا، پروانہ رکھنا، اور تحاشی کا اصل یکسو ہونا ہے ۱۲

..............................................

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۵۰﴾☆ہندو......مشرکِ ہند ۱۲......ہندوستان کا مشرک ۱۲☆ پروردگار......مبتدا ۱۲......یہ مبتدا ہے ۱۲☆ یکے است ......خبر ۱۲ ......یہ خبر ہے ۱۲☆ عالمیان ......ہمہ کائنات ۱۲......ساری کائنات ۱۲☆ عِلیِّین ...... ملائکہ ۱۲......فرشتے ۱۲☆ سِفلِیِّین ...... حیوانات و نباتات و جمادات ۱۲......جاندار، زمین سے اُگنے والی چیزیں اور پتھر وغیرہ ۱۲☆مَظنہ ......جائے گمان بردن ۱۲......گمان لے جانے کی جگہ ۱۲☆ مستقبح ......زشت و بد ۱۲ ......بدشکل اور برا ۱۲☆ زمانی ......متحقق در زمان ۱۲......زمانے میں ثابت ۱۲ ☆ مکانی ......متمکن در مکان ۱۲......کسی جگہ میں رہنے والا ۱۲☆ مصنوع ......مجعول ۱۲......بنایا ہوا ۱۲☆ بدایت ......آغاز ۱۲ ......شروع، ابتدا ۱۲☆ نہایت ......آخر ۱۲......آخر ۱۲☆ مسلوب ......دور کردہ شدہ ۱۲......سلب کیا ہوا، دور کیا ہوا ۱۲☆ مانند آنہا......ہنومان ۱۲......ہندوؤں کے ایک دیوتا کا نام ۱۲

﴿صہ ۵۱﴾☆ آلہہ ہنود ......معبودان ۱۲......ہندو جن کی پرستش کرتے ہیں ۱۲☆ کمینہ ......ادنیٰ ۱۲......گھٹیا ۱۲☆ کنّاس ......خاک روب ۱۲......جھاڑو دینے والا ۱۲☆ اَرذَل ......بذال معجمہ، زبون تر ناکس تر ۱۲......سب سے زیادہ ذلیل، بدتر اور بیوقوف ۱۲ ☆ یکے دانستن ......چنانکہ بعضے از ہنود بآن تفوہ میکنند ۱۲......جیسا کہ بعض ہندو کہتے ہیں ۱۲ ☆ باؤ ......براؤ ۱۲......اس پر ۱۲ ☆ہیبت ترسیدن و بزرگ داشتن ۱۲......ڈرنا اور بزرگ رکھنا ۱۲☆ عَظَمَت ......ہر سہ اول مفتوح، بمعنی بزرگی ۱۲......پہلے تین حرفوں پر زبر ہے، بمعنی بزرگی ۱۲☆ آلہہ ہنود ......معبودان ۱۲......ہندو لوگ جس کی پرستش کرتے ہیں ۱۲☆ اتحاد ......وباخود ۱۲ ......اور اپنے ساتھ ۱۲☆ مُحَرَّمات ......اشیائے حرام ۱۲......حرام کی ہوئی چیزیں ۱۲☆ اِلٰہ ......معبود ۱۲......عبادت کے لائق ۱۲ ☆این تخیلات ......چنانکہ در کتب ہنود مذکور است ۱۲......جیسا کہ ہندوؤں کی کتابوں میں مذکور ہے ۱۲☆ ضَلُّوا فَاَضَلُّوا ......یعنی اول خود گمراہ شدند پس ازان دیگران را گمراہ ساختند ۱۲......یعنی پہلے خود گمراہ ہوئے پھر دوسروں کو گمراہ کیا ۱۲

☆بشر ......انسان ۱۲......انسان ۱۲

..............................................

## ایک سو اڑسٹھواں مکتوب ﴿۱۶۸﴾

مخدوم زادہ خواجہ، المکنٰی ابی خواجہ محمد قاسم کے نام صادر فرمایا......سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے بلند مرتبہ ہونے اور اس جماعت کی





Marfat.com

شکایت کے بیان میں جنہوں نے اس طریقہ شریفہ میں نئی نئی باتیں شامل کر لی ہیں اور اس کے مناسب بیان میں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ اَجْمَعِيْنَ

(تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے اور پیغمبروں کے سردار حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اور ان سب کی پاک اولاد پر صلوٰۃ وسلام ہو)......... امابعد، اس کے بعد بہت سی دعائیں اور بیشمار تحیات عالی جناب مشائخ کرام کے سلسلوں کے مرکز اور اولیائے عظام کا نتیجہ، مخدوم زادہ جو سیدھی راہ پر قائم ہے، حق سبحانہٗ وتعالیٰ آپ کو سلامت اور قائم رکھے (آپ کی) خدمت شریف میں عرض کر کے اشتیاق اور آرزومندی کا اظہار کرتا ہے۔ شعر

کَيْفَ الْوُصُوْلُ اِلٰی سُعَادَ دُوْنَهَا　　قُلَلُ الْجِبَالِ وَدُوْنَهُنَّ حُيُوْفٌ

ترجمہ:۔ (کیسے پہنچوں سعاد تک اے کعبؓ　　کس قدر خوفناک راہیں ہیں)

حضرت مخدوم زادہ کو معلوم ہو کہ اس طریقہ عالیہ کی بزرگی اور طبقہ نقشبندیہ کی رفعت سنت کے اہتمام اور بدعت سے اجتناب کی وجہ سے ہے، چنانچہ اس بزرگ ترین طریقے کے اکابرین نے ذکرِ جہر سے اجتناب فرما کر ذکرِ قلبی کو اختیار کیا ہے اور سماع، رقص و وجد و تواجد سے جو کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام اور خلفائے راشدین علیہم الرضوان کے زمانے میں نہ تھے ان سے منع فرمایا ہے۔ اور خلوت نشینی اور ''چلہ کشی'' جو کہ دورِ اول میں نہ تھا اس کی بجائے ''خلوت در انجمن'' (یعنی مخلوق کے ساتھ رہ کر ذکرِ قلبی کرنے) کو اختیار کیا ہے۔ پس اس کے التزام و پابندی پر بہت عظیم نتائج مرتب ہوئے ہیں اور اس (بدعت) کے اجتناب سے بہت زیادہ انعامات و فائدے حاصل ہوئے ہیں۔ اسی وجہ سے کہا گیا ہے کہ'' نہایتِ دیگراں در بدایت ایں بزرگواراں مندرج است'' یعنی دوسروں کی انتہا ان بزرگوں کی ابتدا میں درج ہے ......... اور ان کی نسبت تمام نسبتوں پر غالب آ کر ان کا کلام امراضِ قلبیہ کے لئے دوا اور ان کی نظر باطنی اسباب کی شفا ہوگئی، اور ان کی زبردست توجہ نے طالبوں کو دونوں جہان کی گرفتاری سے نجات بخشی اور ان کی بلند ہمت نے مریدوں کو دنیا کی اس پستی سے نکال کر وجوب کی بلندی تک پہنچا دیا۔

نقشبندیہ عجب قافلہ سالار انند　　کہ برند از رہ پنہاں بہ حرم قافلہ را

از دلِ سالک رہ جاذبہ صحبتِ شاں　　میبرد وسوسہ خلوت و فکرِ چلّہ را

ترجمہ:۔ (نقشبندی عجیب ہوتے ہیں　　لے کے جائیں حرم وہ پوشیدہ

ان کی صحبت سے سالکوں کے لئے　　کچھ نہ ہو فکرِ خلوت و چلّہ)

لیکن اس زمانے میں وہ نسبتِ شریفہ عنقاءِ مغرب (یعنی مخفی ہوگئی ہے اور پوشیدگی میں منہ چھپا لیا) ہے (اس گروہ میں سے) ایک جماعت نے اس دولتِ عظمٰی کے حاصل نہ ہونے اور اس نعمتِ عالیہ کے فقدان کی وجہ سے چاروں طرف اپنے ہاتھ پاؤں مارے ہیں (یعنی متلاشی رہے ہیں) اور نفیس جواہر کو چھوڑ کر مٹی کی چند ٹھیکریوں کو حاصل کر کے خوش ہوگئے ہیں اور بچوں کی طرح اخروٹ و منقّی پر مطمئن ہوگئے اور اپنے بزرگوں کے طریقے کو چھوڑ کر کمال بیقراری اور حیرانی میں کبھی ذکر جہر سے تسلّی حاصل کرتے ہیں اور کبھی سماع و رقص میں آرام ڈھونڈتے ہیں۔ چونکہ ان کو خلوت اور انجمن میسر نہیں ہے اس لئے وہ

جلد دوم دفتر مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ



Marfat.com

خلوت کا چلّہ اختیار کر لیتے ہیں..........اور اس سے زیادہ تعجب کی بات یہ ہے کہ انہوں نے ان بدعات کو اس نسبتِ شریفہ کا متمم و مکمل خیال کر لیا ہے اور اس بربادی کو عین آبادی سمجھ لیا ہے..........حق سبحانہ وتعالیٰ ان کو صحیح اور غلط سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے، اور اس طریقہ کے اکابرین کے کمالات کی ذراسی خوشبو ان کی جان کے دماغ میں پہنچادے، ن اور ص کی برکت اور نبی ﷺ اور آپ کی اولاد امجاد علیہ وعلیہم الصلوٰت والتسلیمات کے طفیل سے۔

اور چونکہ اس قسم کی باتیں ان شہروں میں اس حد تک پھیل گئی ہیں کہ انہوں نے اکابرین کے اصل طریقے کو پوشیدہ کر دیا ہے اور وہاں کے ادنیٰ واعلیٰ نے نئے اور جدید طریقے اختیار کر لئے ہیں اور اصل اور قدیم طریقے سے منہ موڑ لیا ہے۔ لہذا دل میں یہ بات آئی کہ اس قصہ کا تھوڑا سا ماجرا اس عالی دربار کے خادموں کی خدمت میں ظاہر کرے اور اس طرح اپنے دردِ دل کو بیان کرے..........مجھے معلوم نہیں کہ مخدوم زادہ کی مجلس میں کس گروہ کے لوگ ہمنشینی رکھتے ہیں اور محفل کا مونس و ہمدرد کس فرقے سے تعلق رکھتا ہے۔

خوابم بشد از دیدہ دریں فکر جگر سوز — کآغوش کہ شد منزل و آسائش خوابت

ترجمہ:۔ (بس اسی فکر میں ہے نیند حرام — کس کی آغوش میں ہے تیری نیند)

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ آپ کی پاک جناب کو ان عمومی آفات سے بچائے اور اپنی حفاظت میں رکھے اور آپ کی بلند چوکھٹ کو جملہ ابتلا سے محفوظ رکھے۔

میرے مخدوم ومکرم! لوگوں نے اس طریقہ عالیہ میں نئی نئی باتوں اور بدعتوں کو اس قدر رواج دے رکھا ہے کہ اگر مخالف یہ کہیں کہ اس طریقہ میں تو بدعت کا التزام ہے اور سنت سے اجتناب تو اس بات کی گنجائش ہے..........(ان بدعتوں میں سے ایک یہ ہے کہ) نماز تہجد کو جماعت کے ساتھ ادا کرتے ہیں اور اس بدعت کو سنتِ تراویح کی طرح مساجد میں رواج و رونق بخشتے ہیں، اور اس عمل کو نیک عمل سمجھتے ہیں اور لوگوں کو اس کے لئے ترغیب دیتے ہیں حالانکہ فقہا، شکر اللہ تعالیٰ سیعہم نے نوافل کو جماعت کے ساتھ ادا کرنے کو اشد مکروہ کہا ہے..........اور فقہا کی ایک جماعت جنہوں نے تداعی کو جماعت نفل میں کراہت کی شرط قرار دیا انہوں نے بھی نوافل کی جماعت کے جواز کے لئے یہ قید لگائی ہے کہ مسجد کے ایک گوشہ میں ہو لیکن تین آدمیوں سے زیادہ کی جماعت کو بالاتفاق مکروہ فرمایا ہے..........اور اسی طرح یہ لوگ نمازِ تہجد کی تیرہ رکعت اس طرح خیال کرتے ہیں کہ بارہ رکعتیں کھڑے ہو کر ادا کی جائیں اور دو رکعت بیٹھ کر تاکہ ایک رکعت کا حکم پیدا کر لیں کیونکہ ان کے نزدیک بیٹھ کر نماز پڑھنے کا ثواب کھڑے ہو کر پڑھنے سے آدھا ہے..........حالانکہ اس طرح کا علم اور عمل بھی نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سنت کے خلاف ہے۔ آنحضرت ﷺ نے جو تیرہ رکعتیں ادا فرمائی ہیں ان میں وتر بھی شامل ہیں، اور نماز تہجد کی رکعتوں کا فرد اور طاق ہونا وتر کی رکعت کے طاق ہونے کی وجہ سے ہوا ہے نہ کہ اس طرح جیسا کہ ان لوگوں نے خیال کیا ہے۔

اند کے پیش تو گفتم غمِ دل ترسیدم — کہ دل آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار است

ترجمہ:۔ (میں نے تھوڑا ہی سنایا ہے غم دل کہ کہیں — تو نہ آزردہ ہو، گو بات بہت لمبی ہے)

پہلا دفتر مکتوب نمبر ۲۱۳ تا ۳۱۳ تیسرا حصہ



Marfat.com

تعجب ہے کہ ماوراء النہر کے شہروں میں جو کہ علماءِ اہل حق کے مراکز ہیں اس قسم کی بدعتیں رواج پا گئیں اور طرح طرح کی نئی نئی باتیں پیدا ہو گئیں، حالانکہ ہم جیسے فقیروں نے علوم شرعیہ کو انہی بزرگوں کی برکات سے استفادہ کیا ہے............اللہ سبحانہٗ ہی بہتری کی طرف الہام کرنے والا ہے............اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو نبی کریم علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کی شریعت کے راستہ پر ثابت قدم رکھے اور اللہ تعالیٰ اس بندے پر رحم فرمائے جس نے آمین کہا۔

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ ۵۱﴾ ۓ خواجہ محمد قاسم صاحبزادے ہیں خواجہ خواجگی امکنگی کے اور خواجہ خواجگی پیر و مرشد ہیں خواجہ محمد باقی باللہ قدس اللہ اسرارہم کے ۱۲

﴿صہ ۵۲﴾ ۱ۓ قولہ محدثات و مخترعات دال پر زبر ہے اور را پر بھی زبر ہے، یہ دونوں لفظ اسم مفعول ہیں احداث اور اختراع سے یعنی نئے نئے کام اور نئے ایجاد کئے ہوئے اور ظاہر کئے ہوئے کام ۱۲

۲ۓ امابعد......یعنی اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا اور حضور اکرم پر درود اور عالی جناب کے لئے بہت سی دعائیں اور تحیات کے بعد آپ کی خدمت شریف میں تبلیغ کے طور پر نیز شوقِ ملاقات کا اظہار کرتا ہے ۱۲

۳ۓ کیف......اس شعر کا ترجمہ تحقیق لغوی کے ساتھ مکتوب نمبر ۱۰ کے حاشیہ میں گزر چکا ہے وہاں ملاحظہ کیا جائے ۱۲

۴ۓ قولہ خلوت در انجمن یعنی انجمن (مجلس) میں جو کہ تفرقہ (جدائی) کی جگہ ہے، باطن کی راہ سے مطلوب کے ساتھ خلوت رکھتا ہو اور باہر کا تفرقہ اندرونی حجرہ (باطن) میں راہ نہ پائے۔

ۓ از برون درمیانِ بازارم وز درون خلوتیست با یارم

ترجمہ: میں باہر سے (ظاہری طور پر) بازار میں ہوں اور اندر سے (باطنی طور پر) مجھ کو دوست کے ساتھ خلوت ہے

ابتدا میں یہ معنٰی تکلف کے ساتھ ہے اور انتہا میں بلا تکلف ہے، اور اس طریقہ میں چونکہ یہ معنٰی ابتدا میں حاصل ہو جاتا ہے، ان بزرگوں نے اس کو حاصل کرنے کے لئے ایک راستہ وضع کیا ہے (اس لئے یہ بات) اس طریقہ کی خصوصیات میں سے ہے، اگرچہ دوسرے طریقوں کے منتہیوں کو بھی یہ بات حاصل ہو جاتی ہے اور اسی معنٰی میں بزرگوں نے کہا ہے۔

ۓ از درون شو آشنا و از برون بیگانہ باش این چنین زیبا صفت کم می بود اندر جہان

ترجمہ: تو اندر سے آشنا ہو جا اور باہر سے بیگانوں کی طرح رہ اس قسم کی اچھی صفت والا دنیا میں کم ہی ہوتا ہے

مکتوب ایک سو پینسٹھ از مکاتیب خواجہ محمد معصوم قدس سرہ ۱۲

۵ۓ قولہ عنقا، عین پر زبر پڑھتے ہیں یہ ایک پرندہ ہے جس کی گردن لمبی ہوتی ہے۔

بعض لوگوں کے نزدیک یہ فرضی نام کا پرندہ ہے، جس کو کسی شخص نے کبھی دیکھا نہیں ہے۔ عنقا کو اسی وجہ سے عنقا کہا گیا ہے کہ اسکی گردن لمبی ہوتی ہے، فارسی میں اس کا نام سی مُرغ ہے اور نفائس الفنون میں بحوالہ تفاسیر لکھا ہوا ہے کہ اصحاب الرس کی زمین میں ایک بڑے قد و قامت کا مرغ پیدا ہوا تھا جس کے چار پاؤں اور آدمی کی مثل چہرہ اور اس کے پروں کے مختلف رنگ تھے اور گردن لمبی تھی جہاں کہیں چھوٹے بچوں کو دیکھتا انہیں اٹھا کر لے جاتا۔ اس قوم نے حنظلہ بن صفوان کے سامنے شکایت کی جو ان کے نبی تھے، حنظلہ نے دعا کی، حق تعالیٰ نے اس مرغ کو بعض جزیروں میں ڈال دیا اور وہ ان جزیروں میں ہاتھی اور بڑے بڑے سانپ شکار کر کے کھاتا تھا۔

قولہ مُغرِب: میم پر پیش اور غین پر جزم اور را کے نیچے زیر ہے اسی وجہ سے کہتے ہیں کہ پرندوں کو نیچے لے جاتا ہے اور بچوں اور بچیوں کا نگل جاتا ہے۔ اور بعض را پر زبر پڑھتے ہیں مُغرَب بمعنی نیا اور عجیب و غریب لایا گیا ہے، جب عنقا کو اللہ تعالیٰ نے عجیب و غریب صورت و شکل میں پیدا کیا تھا اسی وجہ سے اس کو مغرب کہتے ہیں اور بعضے مُغرب بمعنی پوشیدہ اور نابود لکھتے ہیں ۱۲ غیاث اللغات

مکتوبات امام ربانیؒ پہلا دفتر تیسرا حصہ



Marfat.com

ب قولہ سُلالۃ: سین کے پیش سے یعنی وہ چیز جو کسی چیز سے باہر کھینچی جائے مجازی طور پر خلاصہ کے معنی میں لیا جاتا ہے۱۲

١ قولہ شَمّہ: زبر اور شد کے ساتھ عربی میں تھوڑی خوشبو کے معنی ہیں اور ایک بار سونگھنا کسی چیز کو اس لفظ کو زیر سے پڑھنا غلط ہے۱۲

﴿ص۵۳﴾ ١ قولہ بمشام: پہلی میم پر زبر ہے اور دوسری پر شد، مگر فارسی میں بغیر شد کے پڑھا جاتا ہے یعنی سونگھنے کی قوت کی جگہ جو ناک کی انتہا اور دماغ کے شروع میں ہے، یہ لفظ جمع ہے واحد میں اسم ظرف استعمال ہوتا ہے شَمٌّ سے، بمعنی سونگھنا۱۲

٢ حروف مقطعات قرآنیہ کی طرف اشارہ ہے، یعنی ان حروف قرآنیہ کی خیر و برکت کے ساتھ۱۲

٣ یعنی میری آنکھ سے نیند اڑ گئی ہے اسی فکرِ جگر سوز سے کہ تیری آغوش کون لوگ ہیں۔ اور تیرے آرام کرنے کی جگہ میں کون رہتے ہیں۱۲

٤ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ آپ کی پاک جناب کو ان عمومی آفات سے بچائے اور اپنی حفاظت میں رکھے اور اس بلند چوکھٹ کو تمام بلاؤں سے محفوظ رکھے۱۲

٥ جاننا چاہیے کہ یہ تمام مضامین مکتوب نمبر ۱۳۱ جو خواجہ محمد اشرف کابلی کو لکھا گیا ہے اس میں درج ہو چکے ہیں اور جو حواشی اس مقام کے مناسب ہیں وہ تحریر ہو چکے ہیں ان کی تکرار کی حاجت نہیں جو چاہے وہاں سے مطالعہ کر لے۱۲ لمصحح رحمہ اللہ

ب قولہ نماز تہجد بدعات کی تفصیل کا آغاز ہے یعنی ان میں سے ایک نماز تہجد ہے......۱۲

﴿ص۵۴﴾ ١ ما وراء النهر: وہ چیز جو دریا اور نہر کے اس طرف ہو، چونکہ ملک توران ایران سے دریائے جیحون کے اس طرف ہے لہذا ملک توران کو عربی دان ایرانی ما ورا النهر کہتے ہیں۱۲ غ

..........................................

☆متن......بین السطور......معانی

﴿ص۵۲﴾ ☆مَوْفُوره ...... کثیرہ۱۲...... بہت زیادہ۱۲ ☆ نامحصورہ...... بے شمار۱۲...... بے شمار ☆ اشتیاق...... ملاقات کا شوق۱۲ ☆ اجتناب...... پرہیز نمودن۱۲ ...... پرہیز کرنا ☆ تواجُد ...... چنانکہ معتادہ متعارف ابنائے زمان است۱۲...... جیسا کہ اہل زمانہ میں معروف و مشہور ہے۱۲ ☆ اربعین ...... چلہ۱۲...... چالیس دن، چلہ کرنا۱۲ ☆ منع فرمودہ......از جہت احتیاط و سد باب۱۲...... احتیاط اور خرابی کا دروازہ بند رکھنے کی وجہ سے۱۲ ☆ خلوت...... بالفتح ۱۲...... خا کے زبر سے، ۱۲...... شہنشاہ کونین دو جہان۱۲...... زمین و آسمان۱۲ ☆ بذِروَہ ...... بلندی۱۲...... بلندی ☆ باستِتار ...... پوشیدگی۱۲...... پوشیدہ ہونا۱۲ ☆ وجوب......یعنی متخلق باخلاق اللہی گرداند۱۲......یعنی اللہ تعالیٰ کے اخلاق کریمانہ کو اختیار کرنے کی توفیق دیدی۱۲ ☆ حَضیض ...... پستی۱۲...... پستی، نیچ پن۱۲ ☆ فقدان ا...... نا یافتن۱۲...... نہ پانا ۱۲ ☆ قُصوٰی ...... عالیہ۱۲...... بہت بلند۱۲ ☆ بخزف ...... سفال۱۲...... ٹھیکری ۱۲ ☆ بجوز ...... اُکھروٹ ۱۲...... اخروٹ ☆ خرسند...... قانع و شادان و خوش۱۲...... قناعت کرنے والا اور شادان و خوش رہنے والا۱۲ ☆ مویز...... مُنقا ۱۲...... منقا

☆ اضطراب...... بے قراری۱۲...... بے چینی۱۲ ☆ بجہر ...... ذکر باواز بلند۱۲...... بلند آواز سے ذکر کرنا ۱۲

﴿ص۵۳﴾ ☆ اربعین ...... چلہ۱۲...... چالیس دن، چلہ کرنا ۱۲ ☆ تخریب ...... خراب ساختن۱۲.. ...خراب کرنا، تباہ کرنا ۱۲ ☆ تعمیر...... آباد کردن ۱۲ ...... آباد کرنا ۱۲ ☆ بمشام ...... دماغ۱۲...... دماغ ☆ وضیع ...... ادنیٰ ۱۲ ...... گھٹیا۱۲ ☆ شریف ...... اَعلیٰ ...... اعلیٰ

☆ مُحْدَث ...... نو۱۲...... نیا، جدید۱۲ ☆ شمہ...... اندک۱۲...... قلیل، تھوڑا۱۲ ☆ بخاطر ریخت ...... بدل این فقیر در آمد۱۲...... اس فقیر

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی تیسرا حصہ



Marfat.com

کے دل میں آیا مراد خود امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ ہیں ۱۲ ☆ ماجرا......قصہ ۱۲......قصہ ☆ عتبہ ......دہلیز ۱۲......چوکھٹ ۱۲ ☆ کہ شد ......کدام کس ۱۲......کون شخص ۱۲ ☆ احداث ......بالکسر وثائے مثلثہ نو پیدا کردن ۱۲......الف کے نیچے زیر ہے ثا تین نقطہ والی ہے اس کے معنی ہیں نیا کام ایجاد کرنا ۱۲ ☆ ابداع ......بالکسر و بائے موحدہ پیدا کردن چیزے کہ نو و تازہ باشد ۱۲......الف کے زیر سے با ایک نقطہ والی، کسی چیز عمل کا پیدا کرنا اختیار کرنا جو نئی نیا اور جدید ہو ۱۲ ☆ رواج ......بفتح، ضد کساد و بکسر از تصرف فارسیاں است ۱۲......را پر زبر ہے، کساد کی ضد ہے یعنی کسی چیز کا رواج ہونا، را کے زیر سے فارسیوں کے تصرف سے ہے ۱۲ ☆ تداعی ......یک دیگر را خواندن ۱۲......ایک دوسرے کو کہنا ۱۲ ☆ بناحیہ ......بگوشیہ ۱۲......کونے میں ۱۲ ☆ ایضا ......دیگر ۱۲......دوسری، دوسرے ۱۲ ☆ قائم ......ایستادہ نماز گذرانندہ ۱۲......کھڑے ہو کر نماز ادا کرنا ۱۲ ☆ قاعد ......نشستہ نماز گذرانندہ ۱۲......بیٹھ کر نماز پڑھتے ہیں ۱۲ ☆ حضرت پیغامبر ......بیان مخالفت سنت ۱۲......سنت کی مخالفت کا بیان ۱۲ ☆ فردیت ......طاق بودن ۱۲......طاق ہونا جو دو پر تقسیم نہ ہو ۱۲ ☆ ماوائے ......محل وخانہ ۱۲......ٹھہرنے کی جگہ اور گھر ۱۲ ☆ مخترعات ......کارہائے نو بیرون آوردہ شدہ ۱۲......نئے نئے کام اختیار کیے ہوئے اور ایجاد کیے ہوئے ۱۲

# ایک سو انہتر واں مکتوب ﴿۱۶۹﴾

شیخ عبدالصمد سلطان پوری کی طرف صادر فرمایا......ان کے سوال کے جواب میں کہ کسی مرید نے اپنے پیر سے کہا کہ اگر میرے خاص وقت میں جبکہ میں حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ کے ساتھ ہوتا ہوں اگر آپ بھی درمیان میں آجائیں تو آپ کا سر تن سے جدا کردوں۔ اس کے پیر نے اس بات کو بہت پسند کیا اور خوش ہو کر مرید سے بغلگیر ہو گئے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّاہِرِیْنَ اَجْمَعِیْنَ ...... مراسلہ شریفہ لطف وکرم سے بھرا ہوا نوازشنامہ موصول ہو کر فرحت وخوشی کا باعث ہوا۔ اس میں ایک سوال درج تھا...... میرے مخدوم! مقصدِ اقصٰی (بہت دور) اور مطلب اسنٰی (روشن) یعنی اصل مقصد خداوند جل سلطانہ کی جنابِ قدس کا وصول ہے، لیکن چونکہ طالب شروع میں مختلف تعلقاتِ شتّی (پراگندہ) کی وجہ سے حد درجہ گندگی و پستی میں ہے اور وہ حق سبحانہ وتعالیٰ انتہائی پاکیزگی اور بے حد بلندی پر ہے لہٰذا وہ مناسبت جو فیض دینے اور فیض حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے وہ طالب ومطلوب کے درمیان مسلوب (بند) ہے......اس لئے راستہ جاننے والے پیر ومرشد کے بغیر چارہ نہیں، جو دونوں کے درمیان بمنزلہ برزخ (واسطہ) کے ہو اور دونوں جانب سے حظِ وافر (بہت زیادہ حصہ) رکھتا ہو، تاکہ وہ طالب کو مطلوب تک پہنچانے کا ذریعہ بن سکے۔ اور جب طالب کو مطلوب کے ساتھ پوری مناسبت حاصل ہو جاتی ہے تو پیر اپنے آپ کو درمیان سے نکال لیتا ہے اور طالب کو مطلوب سے اپنے واسطہ کے بغیر واصل کرا دیتا ہے......لہٰذا شروع میں اور وسط میں (مرید) مطلوبِ حقیقی کو پیر کے آئینے کے بغیر نہیں دیکھ سکتا، اور انتہا میں پیر کے آئینے کے بغیر مطلوب کا جمال جلوہ گر ہو جاتا ہے اور بے پردہ وصل حاصل ہو جاتا ہے۔





Marfat.com

اور یہ جو کہا ہے کہ پیر بھی اگر اس وقت آجائے تو اس کا سرتن سے جدا کردوں۔ یہ جملہ سُکر کی حالت میں کہا گیا ہے۔ اربابِ استقامت ایسا نہیں کہتے اور بے ادبی کا طریقہ اختیار نہیں کرتے، اور اپنی مرادوں کو پیر ہی کے ذریعے حاصل کرتے ہیں۔ والسّلام

﴿ حاشیہ متن ﴾

۲ قولہ شَتّٰے : شین پر زبر اور تا پر شد اور زبر ہے اور آخر میں الف ہے یا کی صورت میں، اس کے معنی پراگندہ، بکھرا ہوا، اور شتیت کی جمع ہے جو پراگندہ کے معنی میں ہوتا ہے، اور لفظِ شَتّٰے کے استعمال میں کثرت اور کسی چیز کے زیادہ ہونے کے معنی مراد لئے جاتے ہیں جیسا کہ دشمنوں کی پراگندگی کو کثرت اور بہتات لازم ہے ۱۲ غیاث

۳ قولہ تَدَنُّس: میلا کچیلا ہونا، قولہ تَنَزُّل : درجہ میں گرنا اور نیچے آنا، تَنَزُّہ : تصرف کے وزن پر عیب سے دور ہونا، قولہ تَرَفُّع : بلندی ظاہر کرنا، بڑائی ظاہر کرنا، قولہ اِفَاضَہ : زیادہ کرنا، اور پانی بہانا اور خیر وفیض پہنچانا، قولہ اِستِفا ضَہ : خیر طلب کرنا ۱۲ ع و من

..............................

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۵۴﴾ ☆اقصٰی......اعلیٰ ۱۲ ☆اَسنٰی......روشن تر ۱۲......بہت روشن ۱۲ ☆افاضہ......فیض دادن ۱۲......فیض دینا ۱۲ ☆اِسفاضہ......فیض گرفتن ۱۲......فیض پانا ۱۲ ☆مَسلُوب......مَسدُود ۱۲......بند کیا گیا ۱۲ ☆بَرزَخ......واسطہ ۱۲......دو چیزوں کے درمیان فاصلہ ۱۲ ☆عُریان......برہنہ ۱۲......ننگا ۱۲ ☆گفتہ......مُرید ۱۲......مرید نے کہا ہے ۱۲ ☆دیوانگی......سُکر ۱۲......بے ہوشی ۱۲

..............................

# ﴿ایک سوستر واں مکتوب ۱۷۰﴾

شیخ نوری کی طرف صادر فرمایا......اس بیان میں کہ جس طرح آدمی کے لئے حق جل وعلا کے اوامر ونواہی کے بجالانے کے بغیر چارہ نہیں، اسی طرح مخلوق کے حقوق کی ادائیگی کی رعایت اور ان کے ساتھ ہمدردی کے بغیر چارہ نہیں ہے اور اس کے مناسب بیان میں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلَامٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى ...... اے سعادتمند بھائی! آدمی کو جس طرح حق جل وعلا کے اوامر کی فرمانبرداری اور نواہی سے اجتناب کے بغیر چارہ نہیں، اسی طرح مخلوق کے حقوق کی رعایت اور ہمدردی کے بغیر چارہ نہیں ہے......اَلتَّعْظِيْمُ لِاَمْرِ اللّٰهِ وَالشَّفَقَةُ عَلٰى خَلْقِ اللّٰهِ (اللہ تعالیٰ کے احکام کی تعظیم اور اس کی مخلوق کے ساتھ مہربانی کرنا) یہ انہی دونوں حقوق کی رعایت کے بیان میں فرمائی گئی ہے۔ اور ان دونوں کی رعایت کرنا دینداری پر دلالت کرتا ہے۔ لہذا ان دونوں میں سے ایک پر انحصار کرنا کوتاہی ہے اور کُل کو چھوڑ کر جزو پر اکتفا کرنا درجہ کمال سے دُور ہے۔ لہذا مخلوق کے حقوق کی ادائیگی کا بوجھ اُٹھانا بھی ضروری ہے۔ اور ان کے ساتھ حُسنِ سلوک سے پیش آنا لازم ہے۔ ان سے بے التفاتی زیبا نہیں اور ان سے لاپرواہی درست نہیں ہے۔

ہر کہ عاشق شد اگرچہ نازنین عالم است     نازکی کے راست آید بارہا باید کشید

ترجمہ:۔ (عاشق کو ناز کی زیبا نہیں     ہے مشقت ہی مشقت کی یہ راہ)





Marfat.com

چونکہ ایک مدت تک آپ صحبت میں رہے ہیں اور مواعظ ونصائح سُنے ہیں لہذا طوالتِ سخن سے اعراض کرتے ہوئے چند فقروں پر اکتفا کرتا ہوں۔حق سبحانہٗ وتعالیٰ آپ کو اور ہمیں حضرت محمد مصطفےٰ علیٰ صاحبہٖ الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کی شریعت کے راستے پر ثابت قدم رکھے (آمین)

﴿حاشیہ متن﴾

ب قولہ مواسات : مدد کرنا، کسی کی رعایت کرنا اور صلح کرنا اور ہمدردی ظاہر کرنا ۱۲

۱ حضرت ملا علی قاری نے مرقات میں لکھا ہے کہ بعض عارفین نے فرمایا ہے۔ اَلعبودیۃ ھی التعظیم لامر اللہ والشفقۃ علی خلق اللہ ۱۲ (اللہ کی بندگی ہے اللہ تعالیٰ کے احکام کی تعظیم اور اسکی مخلوق کے ساتھ مہربانی کرنا)

۲ ان دونوں (تعظیم امر اللہ اور مخلوق خدا پر شفقت) کا حکم شریعت میں موجود ہے اور ان دونوں کے شواہد بے شمار ہیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : اَلدِّیْنُ النَّصِیحَۃُ ،ثَلَاثًا قُلْنَا لِمَنْ ؟ قُلْنَا لِمَنْ ؟ قَالَ : لِلّٰہِ و لِکِتَابِہٖ وَلِرَسُوْلِہٖ وَلِاَئِمَّۃِ الْمُسْلِمِیْنَ وَعَامَّتِہِمْ ۔رواہ مسلم ۱۲ مشکوۃ

ترجمہ: دین نصیحت اور خیر خواہی کا نام ہے، تین بار فرمایا، ہم نے کہا: کس کے لئے ؟ آپ نے فرمایا: اللہ کے لئے، اسکی کتاب اور اسکے رسول کے لئے، مسلمانوں کے اماموں کے لئے اور عام مسلمانوں کے لئے، اسکو امام مسلم نے روایت کیا۔ (مشکوۃ باب الشفقہ الخ)



☆متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿ص ۵۵﴾ ☆اِمتِثَال ...... فرمانبرداری ۱۲ ☆برادرِ ارشد ...... یعنی اے ۱۲ ...... اے بھائی ۱۲ ☆مُراعات ...... سلوک ورعایت ۱۲ ...... حُسنِ سلوک اور حقوق کی رعایت رکھنا ۱۲ ☆التَّعظِیم ...... امتثال اوامر والانتہاء عن النواہیہ ۱۲ ماموررات کی فرمانبرداری اور ممنوعات سے باز رہنا ۱۲ ☆لِاَمرِ اللّٰہ ...... برائے ۱۲ ...... اللہ تعالیٰ کے احکام پر عمل کرنا ۱۲ ☆الشَّفَقَۃ ...... بِاَدَاءِ الْحُقُوْقِ الْوَاجِبَۃِ لَھُمْ عَلَیْہِ ۱۲ (مخلوق کے وہ حقوق جو اس پر واجب ہیں ان کو ادا کرنے سے) ☆شطر ...... بالفتح جزو ۱۲ ...... شین کے زبر سے جز، حصہ ۱۲ ☆اِقتِصار ...... کوتاہی کردن ۱۲ ...... کوتاہی کرنا ۱۲ ☆قُصور ...... در دین ۱۲ ...... دین میں کمی ۱۲ ☆بے دماغی ...... بے التفاتی طبیعت ۱۲ ...... طبیعت کی بے توجہی ۱۲

# ﴿ایک سو اکہتر واں مکتوب ﴿۱۷۱﴾﴾

ملا طاہر بدخشی کی طرف صادر فرمایا ...... اس بیان میں کہ جو کچھ فقراء پر لازم ہے وہ یہ ہے کہ ہمیشہ فقر وعاجزی کے ساتھ رہنا، بندگی کے وظائف کو ادا کرنا، حدود شرعیہ کی حفاظت اور سنتِ سنیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی متابعت کرنا اور اپنے گناہوں کے غلبہ کا مشاہدہ کرکے علام الغیوب کی باز پرس سے خائف رہنا اور اس کے مناسب بیان میں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَاٰلِہِ الطَّاھِرِیْنَ جو کچھ ہم فقیروں پر لازم ہے (وہ یہ ہے کہ) ...... (۱) ہمیشہ فقر کی حالت میں انکساری، گریہ وزاری اور التجا وعاجزی کے ساتھ رہنا ...... (۲) اور وظائفِ عبودیت



Marfat.com

کی ادائیگی.........(۳) حدودِ شرعیہ کی محافظت.........(۴) اور نبی کریم علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کی روشن سنت کی متابعت.........(۵) تصحیح نیت (یعنی نیک کام انجام دیتے وقت رضائے الٰہی کی نیت رکھنا).........(۶) اپنے باطن میں اخلاص اور اپنے ظاہر کو اطاعت میں مشغول رکھنا.........(۷) اپنے عیبوں پر نظر رکھنا.........(۸) اپنے گناہوں کے غلبہ کا مشاہدہ کر کے حق تعالیٰ عالم الغیوب کی باز پُرس سے خائف رہنا.........(۹) اپنی نیکیوں کو کم سمجھنا اگرچہ زیادہ ہوں.........(۱۰) اپنے گناہوں کو زیادہ خیال کرنا اگرچہ تھوڑے ہوں.........(۱۱) مخلوق میں اپنے مقبول ہونے کی شہرت سے لرزاں و ترساں رہنا جیسا کہ آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے۔ بِحَسْبِ امْرِءٍ مِنَ الشَّرِّ اَنْ يُشَارَ اِلَيْهِ بِالْاَصَابِعِ فِيْ دِيْنٍ اَوْ دُنْيَا اِلَّا مَنْ عَصَمَهُ اللّٰهُ (یعنی آدمی کی بُرائی کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ لوگ دین اور دنیا میں (شہرت کی بنا پر) اس کی طرف انگلیاں اٹھائیں مگر جس کو اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے).........(۱۲) اپنے افعال و نیتوں کو ناقص سمجھنا اگرچہ وہ روز روشن کی طرح واضح ہوں.........(۱۳) اپنے احوال و مواجید پر عدم توجہ کرنا اگرچہ وہ درست اور مطابق (شریعت) ہی کیوں نہ ہوں.........(۱۴) صرف دین کی تائید اور ملّت کی تقویت اور ترویج شریعت اور مخلوق کو حق جل و علا کی طرف دعوت دینا (وغیرہ) ان پر کچھ اعتماد نہ کریں اور ان کو مستحسن نہ سمجھیں جبتک کہ سنت کی متابعت پر اس کی استقامت واضح نہ ہو جائے کیونکہ اس طرح کی تائید کبھی کافر اور فاسق و فاجر سے بھی ہو جاتی ہے۔ جیسا کہ آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اِنَّ اللّٰهَ لَيُؤَيِّدُ هٰذَا الدِّيْنَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ (بیشک اللہ تعالیٰ کبھی اس دین کی تائید فاسق و فاجر آدمی سے بھی کرا دیتا ہے).........(۱۵) اگر کوئی مرید طلب کے ساتھ آئے اور مشغول رہنے کا ارادہ ظاہر کرے اس کو شیر ببر کی طرح سمجھنا چاہیے۔ اور اس سے ڈرتے رہنا چاہیے، کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ اس سے (پیر کے لئے) خرابی مطلوب ہو، اور یہ امر اس کے لئے استدراج نہ ہو جائے۔ اور اگر بالفرض کسی مرید کا آنا خوشی اور سرور کا باعث ہو تو اس کو کفر و شرک کی طرح بُرا جانیں اور اس کا تدارک استغفار و ندامت کے ذریعے اس حد تک کریں کہ فرحت و خوشی کا اثر بالکل زائل ہو جائے بلکہ خوشی کی بجائے غم اور خوف دل پر بیٹھ جائے.........(۱۶) اور (اپنے خلفاء کو) اس کی تاکید کریں کہ مرید کے مال میں طمع اور دنیاوی منافع کی توقع ہرگز نہ رکھیں کیونکہ یہ بات مرید کی ہدایت میں رکاوٹ اور پیر کی خرابی کا باعث ہے کیونکہ وہاں (یعنی حق تعالیٰ کے ہاں) خالص دین کا مطالبہ ہے اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ (سورۃ زمر، ۳۹، آیت ۳) (آگاہ رہو کہ خالص دین اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہے)۔ اس کی پاک جناب میں شرک کی کسی طرح بھی کوئی گنجائش نہیں ہے.........(۱۷) اور جاننا چاہیے کہ ہر قسم کی ظلمت و کدورت (میل کچیل) جو دل پر طاری ہو جائے اس کا ازالہ توبہ و استغفار اور شرمندگی اور التجا کے ذریعے آسانی سے کیا جا سکتا ہے لیکن جو ظلمت و کدورت کمینی دنیا کی محبت کے راستے سے دل پر طاری ہو جاتی ہے وہ دل کو غلیظ اور ناپاک کر دیتی ہے اس کے دور کرنے میں بہت دشواری پیش آتی ہے۔ آنحضرت ﷺ نے صحیح فرمایا حُبُّ الدُّنْيَا رَأْسُ كُلِّ خَطِيْئَةٍ (دنیا کی محبت تمام خطاؤں کی جڑ ہے) اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو دنیا کی محبت اور دنیا داروں کی محبت اور ان کے میل جول سے نجات دے کیونکہ یہ محبت زہر قاتل ہے اور ہلاک کرنے والا مرض ہے اور عظیم ترین بلا ہے اور پھیلنے والی بیماری ہے.........اخوی ارشدی شیخ حمید خوشی کے ساتھ آپ کی طرف روانہ ہو چکے ہیں ان کی نئی تازی باتوں کو غور سے سنیں اور ان (کی

مکتوبات امام ربانیؒ دفتر اول حصہ سوم



Marfat.com

صحبت) کو غنیمت جانیں، باقی بوقتِ ملاقات۔

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ ۵۶﴾ لے یعنی آدمی کی برائی کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ دین یا دنیا میں (شہرت کی بنا پر) اس کی طرف لوگ انگلیاں اٹھائیں، مگر جس کو اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے۔ امام بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اس کو روایت کیا ہے (حدیث رقم ۵۳۲۶، باب الریاء والسمعہ) شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے اسکی شرح میں فرمایا: "دنیا میں اشارے کا مل بنا واضح ہے کیونکہ وہ محل آفت اور امن وسلامتی کی راہ سے دور جانا ہے، رہا معاملہ دین کا تو اس میں بھی وقوع ریا کاری بصورت محبت ریاست، محبتِ تقدیم وامامت، لوگوں کا اعتقاد اور تعظیم، خفیہ نفسانی خواہشات، نفس کے مکر اور شیطان کے وسواس میں جن سے کوئی بچ کر سلامتی پاتا ہے، اور وہ مقرب اور نہایت ہی سچے لوگ ہوتے ہیں چنانچہ کہا گیا ہے کہ صدیقین کے سر سے جو آخری شے خارج ہوتی ہے وہ حُب جاہ ہے، پس خاموشی وگمنامی ہر حال میں بہتر اور سلامتی وحفاظت کے زیادہ قریب ہوتی ہے ۱۲

ے قولہ انتقام: کسی سے کینہ رکھنا، کھینچنے اور پکڑنے کے معنی میں بھی مستعمل ہے ۱۲

۲ قولہ اِنَّ اللّٰہَ لَیُؤَیِّدُ الخ یہ حدیث مکتوب نمبر ۳۳ میں تحقیق اور تخریج کے ساتھ گذر چکی ہے وہاں رجوع کریں ۱۲

۳ قولہ بَبَر، صَمر کے وزن پر ہے، ایک درندہ ہے جو شیر کا دشمن ہے، بُرہان اور رشیدی میں لکھا ہے کہ بَبَر دو زبروں سے ایک صحرائی جانور ہے بلی کی شکل کا مگر اس کی دُم نہیں ہوتی، پہلی با پر زبر اور دوسری با پر جزم سے ایک مشہور درندہ ہے اور سنا گیا ہے کہ شیر کی ایک قسم ہے جو پشم دار ہوتا ہے، بہارِ عجم میں لکھا ہے کہ بَبر دو زبروں سے ایک درندہ ہے شیر کی قسم سے، ببور اسکی جمع ہے، فارسی لوگ سکون سے استعمال کرتے ہیں ۱۲ اغ

﴿صہ ۵۷﴾ لے قولہ اَلَا لِلّٰہِ الدِّیْنُ الْخَالِصُ الخ یہ اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو سورہ زمر کے شروع پارہ ۲۳ میں واقع ہے یعنی آگاہ رہو اور جان لو کہ خالص عبادت اور پرستش خاص خدا تعالیٰ کے لئے ہے ۱۲

۲ مال ودولت اور حکومت وسلطنت ماسوی اللہ کے رہنے کی جگہ ہے، بارگاہ کبریا میں ذلیل وخوار ہے اور اللہ تعالیٰ کے انوار سے خالی ہے۔ ع

ے درخانہ دو میہمان نگنجند

ترجمہ:- گھر میں دو مہمانوں کی گنجائش نہیں ہے

باطن (دل) کو خالی کرنے کی فکر بہت ضروری ہے، کیونکہ مہمان گھر کو خالی چاہتا ہے۔ اِذْ جاء ربہ بقلب سلیم (جب وہ اپنے رب کی بارگاہ میں قلب سلیم لایا) نص قطعی ہے ۱۲

﴿صہ ۵۷﴾ ۳ حُبُّ الدُّنْیَا رَأْسُ کُلِّ خَطِیْئَۃٍ یعنی ہر گناہ کی ابتدا دنیا کی محبت سے ہوتی ہے کیونکہ گناہوں، ممنوعات اور نفسانی خواہشات کا ارتکاب جو لوگ کرتے ہیں وہ دنیا کی محبت سے کرتے ہیں، آخرت کی محبت گناہوں کے ارتکاب کا موجب نہیں ہوتی۔ اس حدیث کو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے سرور عالم ﷺ سے روایت کیا۔ رواہ رزین وروی البیہقی فی شعب الایمان عن الحسن مرسلا ھکذا فی المشکوٰۃ ۱۲ (کتاب الرقاق حدیث رقم ۵۲۱۳،۵۲۱۲)

۴ اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو کمینی دنیا کی محبت اور دنیاداروں اور اہلِ دنیا کی محبت اور ان کے میل جول اور محبت سے نجات دے کیونکہ یہ محبت زہر قاتل ہے، اور ہلاک کرنے والا مرض ہے۔ اور عظیم ترین بلا ہے اور پھیلنے والی بیماری ہے، فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّ ھُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ ۱۲ (اللہ ہی سب سے بہتر حفاظت کرنے والا اور وہی سب سے زیادہ رحم فرمانے والا ہے)





Marfat.com

أیْ مُهلِكٌ كَأنَّهٗ لمبالغة في الاهلاك ، هالك في نفسه كما قيل النار يَأكُل بعضها بعضا (یعنی ہلاک کرنے ولا گویا کہ مبالغہ ہے ہلاک کرنے میں، ھالک کا لفظ اپنے آپ میں ایسے ہے جیسے کہا گیا ہے کہ آگ کا بعض بعض کو کھاتا ہے)

مُنغّص : اسم مفعول از تنغیص بمعنی تاریکی کی طرف لوٹا دینا زندگی کو یعنی سیاہ کردی گئی ہے ۱۲۔ مُنغَمِس : اسم فاعل از اِنغماس : بَاب فرو رفتن بمعنی غرق میگرداند ۱۲، انغماس سے اسم فاعل ہے، پانی غوطہ لگانا، یعنی غرق کر دیتا ہے ۱۲

.....................................

☆متن......بین السطور......معانی

☆ذنوب......گناہان ۱۲......گناہوں ۱۲ ☆ استیلاء......غلبہ ۱۲ ☆ تصحیح......درستگی ۱۲......درست ہونا ۱۲ ☆ تسلیم......بطاعات ۱۲......نیکیاں ۱۲ ☆ ظواہر......جوارح ۱۲......اعضا ظاہری ۱۲ ☆ رؤیت......دیدن ۱۲......دیکھنا ۱۲ ☆ استیلاء......غالب شدن، دوست یافتن ۱۲......غالب ہونا، دوست پانا ۱۲ ☆ تخلیصِ بَواطن......از دون ۱۲......ماسواللہ سے باطن خلاصی پانا ۱۲ ☆ حَسَنات......نیکو یہا ۱۲......نیکیاں ۱۲ ☆ سیّئات......بدیہا ۱۲......بدیاں ، برائیاں ۱۲ ☆ فلق......بر آمدن ۱۲......باہر آنا ۱۲ ☆ مثل......یعنی واضح ۱۲ ☆ اِستِدراج......اِمہال ۱۲......مہلت دینا ۱۲ ☆ خرابی او......پیر ۱۲......پیر کے لئے خرابی ۱۲ ☆ قدوم......آمدن ۱۲......آنا ۱۲ ☆ فَرَحے......شادمانی ۱۲......خوشی ۱۲

﴿صہ ۵۷﴾ ☆ اثرے......نشانے ۱۲......اثر، نشان، علامت ۱۲ ☆ حُزن......غم ۱۲ ☆ تاکید نمایند......خلفائے خود را ۱۲......اپنے خلفا کو تاکید کریں ۱۲ ☆ طَمعے......بالفتح و بفتحتین امیدوار ۱۲......پہلے حرف پر زبر اور دونوں حرفوں پر زبر یعنی امید رکھنے والا ۱۲ ☆ توقعے......امیدے ۱۲......کوئی امید ۱۲ ☆ رُشد......بالضم و بفتحتین راہ راست یافتن ۱۲......پہلے حرف پر پیش اور پہلے دونوں حرفوں پر زبر ، یعنی سیدھا راستہ پانا ۱۲ ☆ چہ آنجا......نزد حق تعالیٰ ۱۲......اللہ تعالیٰ کے نزدیک ۱۲ ☆ کدورتے......تیرگی ۱۲......گدلا ہونا دُھند لاپن ۱۲ ☆ ظلمتے......تاریکی ۱۲......اندھیرا ۱۲ ☆ طاری......عارض ۱۲......ظاہر ہونے والا ۱۲ ☆ اِزالہ......دور کردن ۱۲......دور کرنا ۱۲ ☆ میگرداند......دل را ۱۲......دل کو خراب کردیتا ہے ۱۲ ☆ مُتَنَجِّس......پلید ۱۲......ناپاک ۱۲ ☆ ازالہ......دور کردن ۱۲......دور کرنا ۱۲ ☆ تعَسُّر......دشواری ۱۲......مشکل ۱۲ ☆ دَنی......کمینہ ۱۲ ☆ سَمّ......زہر ۱۲ ☆ مُتَرَدِّدِ......یعنی بطرف شما روانہ شد ۱۲......یعنی آپ کی طرف روانہ ہو چکے ہیں ۱۲

.....................................

# ﴿ایک سو بہتر واں مکتوب﴾ ﴿۱۷۲﴾

شیخ بدیع الدین کی طرف صادر فرمایا......بعض ایسے خاص اسرار کے بیان میں جو کہ خواص میں سے بھی بہت کم لوگوں کو نصیب ہوتے ہیں۔ اور اس بیان میں کہ اس مقام میں عارف اپنے آپ کو دائرہ شریعت سے باہر محسوس کرتا ہے۔ اس کا کیا سبب ہے؟ اور روشن شریعت کے ظاہر کے ساتھ اس کی مطابقت کرنے اور اس کے متعلقات کے بیان میں۔

حمد و صلوٰۃ کے بعد میرے عزیز بھائی کو معلوم ہو کہ شریعت کی ایک صورت ہے اور ایک حقیقت! صورت یہ ہے کہ جس





Marfat.com

کے بیان کے لئے علمائے ظاہر کفیل وضامن ہیں، اوراس کی حقیقت وہ ہے جس کے بیان کے لئے صوفیائے عالی مقام ممتاز ہیں۔صورتِ شریعت کے عروج کی انتہا ممکنات کے سلسلہ کی انتہا تک ہے،اس کے بعد اگر مراتب وجوب میں سیر واقع ہوتو صورت حقیقت کے ساتھ مل جائیگی اور یہ امتزاج (یعنی صورت وحقیقت کے ملنے کا معاملہ ان کے شان العلم (علم کی شان) کے عروج تک ہے جو سید البشر علیہ وعلی آلہ الصلوٰت والتسلیمات کا مبدا تعین ہے۔اس کے بعد اگر ترقی واقع ہو تو صورت اور حقیقت دونوں الوداع (رخصت) ہو جائیں گے اور عارف کا معاملہ شان الحیات (حیات کی شان) تک پہنچ جائے گا۔اور اس عظیم الشان کی شان کا تعلق اس عالم سے کچھ بھی مناسبت نہیں رکھتا بلکہ یہ شیونات حقیقیہ سے ہے جس کونسبت کی گرد بھی نہیں پہنچی تاکہ عالم (دنیا) کے ساتھ اس کا تعلق پیدا ہو اور یہ شان مقصود کا دروازہ اور مطلوب کا پیش خیمہ ہے۔اس مقام پر عارف اپنے آپ کو شریعت کے دائرہ سے باہر پاتا ہے لیکن چونکہ وہ محفوظ ہوتا ہے اس لئے شریعت کے دقائق (اسرار) میں سے کسی دقیقہ کو بھی فروگذاشت نہیں کرتا (یعنی شریعت کا پابند رہتا ہے)......وہ جماعت جو اس دولتِ عظمیٰ سے مشرف ہوتی ہے وہ اقل قلیل (بہت کم) ہے، اگر اس کی تعداد کو شمار کریں تو اقلِ قلیل لوگ ہی (شاید) اس کو قبول کریں۔اور صوفیاء میں سے ایک بڑی تعداد ہے جو اس عالی مقام کے ظل (سایہ) تک پہنچے ہیں کیونکہ ہر عالی مقام کے لئے اس کے نیچے اس کا ایک ظل سافل (کمتر درجہ) ہے اس مقام عالی کے ظلال سے انہوں نے گمان کرلیا ہے کہ شریعت کے دائرہ سے باہر قدم رکھا گیا ہے اور پوست سے ترقی کر کے مغز تک پہنچ گئے ہیں۔یہ مقام صوفیہ کے قدموں کے لغزش (پھسلنے) کی جگہ ہے......ناقصوں کی ایک جماعت اس راہ کو اختیار کر کے الحاد و زندقہ (بے دینی) میں جا گرے ہیں اور روشن شریعت کے پٹہ کو اپنی گردن سے نکال پھینکا ہے، ضَلُّوا فَاَضَلُّوا (خود بھی گمراہ ہوئے اور دوسروں کو بھی گمراہ کیا)۔



اور کامل حضرات کی ایک جماعت جو ولایت کے درجات میں سے کسی درجہ سے مشرف ہوئی ہے اور اس معرفت کو اس عالی مقام کے ظلال میں سے کسی ظل میں حاصل کیا ہے اگر چہ وہ اس کے اصل مقام تک نہیں پہنچے ہیں لیکن وہ (بھٹکنے سے) محفوظ ہیں اور انہوں نے آدابِ شریعت میں سے کسی ایک ادب کو بھی فروگذاشت کرنا پسند نہیں کیا۔اور اگر چہ وہ اس معرفت کے راز کو نہیں جانتے اور اس معاملہ کی حقیقت کو نہیں سمجھتے ......اور جب اس فقیر پر اللہ سبحانہٗ کی عنایت اور اس کے حبیب علیہ وعلیٰ آلہ الصلوۃ والسلام کے صدقہ میں اس معما کا راز منکشف ہو گیا ہے اور اس معاملہ کی حقیقت جیسا کہ چاہیے تھا وضاحت کے ساتھ ظاہر ہو گئی ہے تو اس کا تھوڑا سا حصہ معرض بیان میں لاتا ہے ممکن ہے، (یہ تحریر) ناقصوں کو راہِ راست پر لے آئے اور کاملوں پر حقیقت معاملہ واضح ہو جائے۔

جاننا چاہیے کہ تکلیفاتِ شرعیہ (شرعی پابندیوں) کا تعلق قالب اور قلب (جسم اور دل) سے مخصوص ہے، چونکہ نفس کا تزکیہ انہی دونوں پر موقوف ہے۔اور لطائف میں سے وہ لطیفے جو دائرہ شریعت سے باہر قدم رکھتے ہیں وہ ان کے علاوہ ہیں (یعنی لطائفِ اربعہ روح، سر خفی اور اخفیٰ) لہٰذا جو لطیفہ احکام شرعیہ کا مکلف (پابند) ہے وہ ہمیشہ پابند رہے گا اور جو (لطیفہ) پابند نہیں ہے، وہ کبھی پابند نہ ہو گا......اور بات کا خلاصہ یہ ہے کہ سلوک سے پہلے یہ لطائف ایک دوسرے سے مخلوط تھے قلب سے جدا نہیں تھے، جب سیر وسلوک نے ہر ایک کو دوسرے سے جدا کر دیا اور ہر ایک کو اپنے اصلی مقام پر پہنچا دیا اور اس وقت



Marfat.com

معلوم ہوا کہ کون مکلف ہے اور کون غیر مکلف۔

سوال: اگر کوئی یہ کہے کہ اس مقام میں عارف خود اپنے قالب وقلب کو دائرہ شریعت سے باہر پاتا ہے، اس کی کیا وجہ ہے؟

جواب: میں کہتا ہوں کہ وہ یافت تحقیقی نہیں ہے بلکہ خیالی ہے اور اس تخیل کا منشا قلب اور قالب کو ان لطائفِ (اربعہ) کے رنگ میں رنگنا ہے جنہوں نے قدم باہر نکالا ہے...... اگر لوگ کہیں کہ شریعت کی ظاہری پابندیوں کا تعلق قلب وقالب کے ساتھ مخصوص ہے لیکن شریعت کی حقیقت کو ماورائے قلب بھی گنجائش ہے لہذا مطلق شریعت سے باہر قدم رکھنا کیا معنی رکھتا ہے...... میں کہتا ہوں کہ حقیقتِ شریعت بھی روح اور سرّ سے آگے نہیں گذرتی اور خفی واخفیٰ تک نہیں پہنچتی۔ اور جن لوگوں نے قدم باہر رکھا ہے حقیقت میں وہ خفی واخفیٰ والے ہی ہیں۔ اور اللہ سبحانہ ہی حقیقت حال کو بہتر جانتا ہے۔ اللہ سبحانہ ہم کو اور تمام مسلمانوں کو سید المرسلین علیہ وعلیہم وعلیٰ آلہ الصلوٰت والتسلیمات اتمہا واکملہا کی متابعت میں ثابت قدم رکھے (آمین)۔

---

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۵۷﴾ لے آپ ہندوستان کے بزرگ زادوں میں سے تھے نوجوانی میں آپ حضرت مجدد کی خدمت میں توضیح تلویح پڑھا کرتے تھے، اس وقت ان کو درویشوں سے عقیدت نہیں تھی، بلکہ ایک صاحب جمال نوجوان سے ان کا تعلق تھا، پھر ایک وقت آیا کہ حضرت امام ربانی قدس سرہ کے منظور نظر ہو گئے، آپ نے خلوت میں لے جا کر ذکر تعلیم فرمایا، سالہا سال آستانہ عالیہ میں گزارے اور خلعتِ خلافت حاصل کر کے اپنے وطن (سہارنپور) واپس ہوئے اور طالبوں کی تربیت میں مشغول ہو گئے، کچھ عرصہ بعد شہر آگرہ میں حضرت امام ربانی کے ارشاد سے اقامت اختیار کی، وہاں آپ کو بہت زیادہ قبولیت حاصل ہوئی اور اسکے بعد اپنے وطن واپس آ گئے اور وہیں وفات پائی رحمہ اللہ تعالیٰ ۱۲ خلاصہ زبدہ مصحح رحمہ اللہ

ظلال، ظل کی جمع ہے یعنی ایسی چیز جو اصل سے دوسرے درجے پر ہو ۱۲

﴿صہ ۵۸﴾ لے قولہ اِلحاد الف کی زیر سے، اس کے معنی توجہ کرنا گمراہی کی طرف اور جھگڑا کرنا اور حرم مکہ میں شرک کرنا، دین حق سے پھر جانا اور حرم میں جنگ کرنا اور ظلم کرنا ۱۲ منہ

ع قولہ زندقہ، زا کی زبر سے، بے دین اور مُلحد ہونا اور شریعت کی راہ سے سر پھیرنا ۱۲ منہ

سے قولہ رِبقہ، را کی زیر سے، رسّی کا وہ حلقہ جو گردن میں باندھتے ہیں اور اس رسی کو ربق را کی زیر سے بولتے ہیں ۱۲

سے قولہ مُعَما: یہ لفظ اصل میں اسم مفعول ہے تَعمِیَہ سے، پوشیدہ کرنا اور اندھا کرنا اس کے معنی ہیں اصطلاح میں ایسا کلام جو صحیح وجہ سے دلالت کرنے والا ہو ایک اسم پر رمز واشارہ کے طور پر جو طبیعت کو پسند ہو، اور بعضی کتابوں میں ایسے لکھا ہے کہ مُعما کے معنی اَن دیکھا اور بے نظیر کے ہیں اور اصطلاح میں ایسا کلام ہے جو راہنمائی کرتا ہو رمز واشارہ کے طور پر ایک اسم پر پلٹنے یا تشبیہ کے طریق پر یا بحساب جمل کو دوسری وجہ سے ۱۲ غ

..................

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۵۷﴾ ☆اسرار......رازہا ۱۲......سِر کی جمع بمعنی راز ۱۲ ☆غرّا......روشن وسفید ۱۲......سفید اور روشن ۱۲ ☆متکفل......ضامن ومتعہد ۱۲......ضمانت دینے والا اور عہد کرنے والا ۱۲ ☆مُمتزج......آمیختہ ۱۲......ملا ہوا ۱۲ ☆امتزاج......آمیختگی ۱۲......ملانا ۱۲

﴿صہ ۵۸﴾ ☆وَداع......بفتح واو پدرود کردن ۱۲......رخصت کرنا ۱۲ ☆از......بلکہ ۱۲......بلکہ ۱۲ ☆گرد......غبار ۱۲......غبار ۱۲ ☆اضافت......نسبت ۱۲......تعلق ۱۲ ☆عدد......شمار ۱۲......گنتی ۱۲ ☆سافل......در زیر ۱۲......نیچے میں ۱۲ ☆آن......مقام عالی ۱۲......بلند مقام

پہلا دفتر مکتوباتِ امام ربانیؒ تیسرا حصہ



Marfat.com

۱۲☆مَزَلَّت ......لغزش گاہ۱۲......پھسلنے کی جگہ۱۲☆انگاشتہ......جمع کثیر از صوفیہ کہ الخ......صوفیہ سے کثیر تعداد جو۱۲☆ضَلُّوْا فَاَضَلُّوْا ......گمراہ شدند وگمراہ کردند۱۲......گمراہ ہوئے اور گمراہ کیا۱۲☆ہر چند......اگر چہ۱۲......اگر چہ۱۲☆سِر......راز ۱۲......راز، بھید۱۲☆ کَمَا یَنْبَغِیْ ......چنانکہ باید وشاید۱۲......جیسا کہ ہونا چاہیے۱۲☆بوضوح......ظاہر شدہ۱۲......ظاہر کیا ہوا ۱۲ ☆شَمَّہ ......اندک۱۲......تھوڑا، قلیل ۱۲☆ ماجرا......سر گذشت ۱۲......واردات ۱۲☆ باید دانست......آغاز بیان شمہ ازان ماجرا۱۲۱......اس ماجرے کے کچھ حصے کے بیان کا شروع۱۲☆بقالب ......کالبد۱۲......تن ، بدن ۱۲☆اینہا ......قالب و قلب۱۲...... بدن اور دل۱۲☆ ماسواء ......یعنی لطائف اربعہ از روح وسر وخفی واخفٰی ۱۲......یعنی چار لطیفے روح، سر، خفی اور اخفٰی سے ۱۲ ☆ممتزج ......یعنی مخلط۱۲......یعنی خلط ملط کیا ہوا۱۲۱

﴿صہ ۵۹﴾☆ کہ......کدام۱۲......کون شخص، کون چیز۱۲☆ تَخَیُّلی ...... بلکہ۱۲...... بلکہ خیالی۱۲☆ اِنصباغ......بالکسر رنگین شدن۱۲ ......الف کے زیر سے، رنگین ہونا۱۲☆اَلطَفِ لطائف ......از لطائف اربع کہ بعد قلب اند۱۲......چار لطائف سے جو قلب (دل) کے بعد ہیں۱۲☆ ماورائے ...... ماسوائے۱۲...... جو اس کے علاوہ ہے۱۲ ☆ ماندن ......نہادن ۱۲......رکھنا۱۲☆ بچہ معنی ......چہ نفی خاص مستلزم نفی عام است۱۲...... کیونکہ خاص نفی، عام نفی کو لازم ہے۱۲☆ ماندگان ......نہادگان۱۲......رکھنے والے۱۲

...............................

# ایک سو تہتر واں مکتوب ﴿۱۷۳﴾

میر محمد نعمان کی طرف صادر فرمایا......اس سوال کے جواب میں جو انہوں نے کیا تھا اور بعض عجیب وغریب اسرار کے بیان میں جو کلمہ طیبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ کی نفی واثبات سے متعلق ہیں۔

حمد وصلوٰۃ کے بعد جناب سیادت پناہ کو معلوم ہو کہ آپ نے دریافت کیا تھا کہ جو کچھ دید ودانش (دیکھنے اور سمجھنے) میں آئے اس کی کلمہ ''لا'' کے ساتھ نفی کرنا ضروری ہے کیونکہ مطلوبِ مثبت (اصل مقصود یعنی ذاتِ حق) دید ودانش سے ماورا (بلند وبالا) ہے۔ لہٰذا یہاں یہ بات لازم ہو جاتی ہے کہ مشہودِ محمد رسول اللہ ﷺ بھی نفی کے شایاں ہو، اور مطلوبِ مثبت اس کے ماوراء میں متحقق ہو......اے برادر! حضرت محمد رسول اللہ ﷺ بھی اس قدر عالی شان مرتبہ کے باوجود بشر تھے اور حدوث وامکان (لازمہ بشریت) کے بشری نشان (داغ) سے متصف تھے۔ بشر، خالق البشر جل سلطانہٗ کی حقیقت کیا معلوم کر سکتا ہے اور ممکن (یعنی انسان) واجب تعالیٰ کی نسبت کیا اخذ کر سکتا ہے اور حادث (پردہ خفا سے وجود میں آنے والا) قدیم جلّت عظمتہٗ کا کس طرح احاطہ کر سکتا ہے کیونکہ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِہٖ عِلْمًا (طٰہٰ، ۲۰، آیت، ۱۱۰) (اور اُس کو ان (لوگوں) کا علم احاطہ نہیں کر سکتا) نصِ قاطع ہے۔ شیخ عطار فرماتے ہیں۔

نمی بینی کہ شاہے چوں پیمبر — نیافت او فقرِ کُل تو رنج کم بر

ترجمہ:۔ نبی علیہ السلام کو علمِ واجب کب ملا سب؟ — تو پھر ہم تم اسے کیا پائیں گے کب؟

اے عزیز! یہ مقام تفصیل طلب ہے لہٰذا ہوش کے کان سے سننا چاہیے۔





Marfat.com

جاننا چاہیے کہ کلمہ طیبہ " لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہ " کے دو مقام ہیں "نفی اور اثبات" پھر نفی اور اثبات میں سے ہر ایک کے دو اعتبار ہیں...... اعتبار اول: یہ کہ باطل معبودوں کی عبادت کے استحقاق کی نفی کی جائے اور معبودِ برحق کی عبادت کے استحقاق کا اثبات کیا جائے...... دوسرا اعتبار یہ ہے کہ غیر مقصودہ مقصودات ناشائستہ ارادوں) کی اور غیر مطلوبہ مطلوبوں (تعلقات) کی بھی نفی کی جائے اور مطلوب حقیقی کے علاوہ کسی جز کا اثبات نہ کیا جائے اور نہ کوئی اصل مقصود ہو...... اور اعتبارِ اول میں ابتداء کمال یہ ہے کہ جو کچھ بھی معلوم اور ظاہر ہوا ہے سب "لا" کے تحت داخل ہو جائے اور اثبات کی جانب میں کلمہ مستثنیٰ (اللہ) کے علاوہ کوئی چیز بھی ملحوظ نہ رہے۔ چند بار کے بعد جب بصیرت میں گرمی پیدا ہو جائے۔ اور راہِ مطلوب کی خاک کے سرمہ سے سرمگیں ہو جائے تو مستثنیٰ (اللہ) بھی مستثنیٰ منہ کی شکل میں ظاہر ہو جاتا ہے۔ اس طرح سالک اپنے آپ کو اس مشہود کے ماوراء میں گرفتار پاتا ہے اور مطلوب کو اس کے باہر تلاش کرتا ہے۔ کیونکہ اس کمال کی ابتداء میں جو کچھ لا کے تحت داخل کیا تھا وہ سب ممکنات کے دائرہ سے متعلق تھا جو عبادت کا استحقاق نہیں رکھتا تھا۔ اور اس کلمہ طیبہ کے تکرار کی برکت سے اس معبود سے جو مستحقِ عبادت ہے جدا ہو گیا تھا۔ لیکن ضعفِ بصیرت کی وجہ سے وجوب کے مرتبہ کو جو شایانِ عبادت ہے۔ کلمہ "اِلَّا" کے ساتھ ثابت کر کے نہیں دیکھتا تھا اور کلمہ مستثنیٰ (اللہ) کو زبان سے ادا کرنے کے سوا کچھ نصیب نہیں ہوا تھا، لیکن بعد میں بصیرت کی قوت کی وجہ سے مستثنیٰ بھی مستثنیٰ منہ کے رنگ میں ظاہر ہو گیا، اور جبکہ مرتبہ وجوب جو تمام اسماء وصفاتِ الٰہی جل سلطانہ کا جامع ہے اور سالک کی ہمت جو ذاتِ احدیتِ مجردہ سے متعلق ہے اس مقام میں عبادت کا استحقاق بھی عبادت کے عدم استحقاق کی طرح راستے میں رہ جاتا ہے، اس لئے وہ اپنے مقصود کو اسماء وصفات سے ماوراء میں تلاش کرتا ہے اور اس کے ماسوا کی گرفتاری سے کنارہ کشی اختیار کرتا ہے۔ ؎

١) چو دل با دلبرے آرام گیرد — زوصلِ دیگرے کے کام گیرد
٢) نہی صددستہ ریحان پیش بلبل — نخواہد خاطرش جز نکہتِ گل
٣) زمہر آتش چو در نیلوفر افتد — تماشائے مہش کے درخور افتد
٤) چو خواہد تشنہ جانے شربتِ آب — نیفتد سود مندش شکرِ ناب

١) ملے دلدار سے جب دل کو آرام — اُسے اَوروں کے ملنے سے ہو کیا کام؟
٢) اگر بلبل کو ریحاں دیجئے خوب — گلاب اس کو فقط ہوتا ہے مرغوب
٣) جو نیلوفر کو حاصل دھوپ ہوگی — نہیں اس کو ضرورت چاندنی کی
٤) اگر پیاسا کہے ہے آب دو آب — غلط ہے اس کو دینا شکرِ ناب

اور اس اعتبار ثانی جس کا مقصود، مقصوداتِ غیر مقصودہ (یعنی غیر مطلوب مطلوبوں) کی نفی ہے، اس کا کمال یہ ہے کہ مرتبہ وجوب کا شہود بھی مراتب امکان کے شہود کے رنگ میں لا کے تحت داخل ہو جائے اور اثبات کی جانب سوائے کلمہ مستثنیٰ (اللہ) زبان سے ادا کرنے کے کوئی چیز ملحوظ نہ ہو۔ ؎

چہ گویم باتو از مرغے نشانہ — کہ با عنقا بود ہم آشیانہ

پہلا دفتر "مکتوبات امام ربانیؒ" تیسرا حصہ



Marfat.com

زعنقا ہست نا ے پیش مردم زمرغ من بود آں نام ہم گم

(ترجمہ) بتاؤں کیا تجھے اس مرغ کا حال وہ عنقا کا ہوا ہم آشیانہ

سبھی کہتے ہیں عنقاء گو ہے معدوم مگر. اس کا نہیں کچھ نام معلوم

اور حق بات یہ ہے کہ بلند فطرت اور عالی ہمت اسی قسم کے مطلب کی خواہاں ہے کہ اس سے کچھ بھی ہاتھ نہ آئے بلکہ اس کی گرد بھی دامنِ ادراک تک نہ پہنچے......اور آخرت میں دیدارِ (الٰہی) کا ہونا برحق ہے، لیکن اس (کی کیفیت) کا تصور مجھے جامہ سے باہر کر دیتا ہے......لوگ آخرت میں دیدار کے وعدہ سے مسرور و محظوظ ہیں اور میری گرفتاری غیب الغیب ذات کے سوا کچھ نہیں (بلکہ) پوری ہمت اس کی خواہاں ہے کہ مطلوب سرِ مو بھی پردہ غیب سے شہادت میں نہ آئے اور گوش سے آغوش تک بھی نہ پہنچے اور سا نِ علم سے عین تک نہ پہنچے (یعنی دکھائی نہ دے) کیا کیا جائے میری خلقت ہی ایسی ہے۔

ع ہر کسے را بہر کارے ساختند

(ترجمہ) ہر کسی کو کام کوئی ہے سپرد

میں اگر چہ اس مقام میں بہت دیوانگیاں رکھتا ہوں لیکن ادب لب کشائی کی اجازت نہیں دیتا۔ ع

جُنُوْنِی مِنْ جَیْبِ ذِیْ فُنُوْنِ (مری دیوانگی محبوب سے ہے)

عمر بگذشت وحدیثِ درد ما آخر نشد شب بآخر شد کنوں کوتاہ کنم افسانہ را

ترجمہ:۔ عمر گذری، عشق کا افسانہ جاری ہے ابھی رات گذرے ہے تو اب کرتا ہوں اس میں کچھ کمی

اور حضرت محمد مصطفیٰ علیہ وعلی آلہ الصلوات والتسلیمات اتمہا واکملہا پر اور ہدایت کی پیروی کرنے والوں پر اور ان کی متابعت کا التزام کرنے والوں پر سلام ہو۔

---

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿ص ۵۹﴾ ١ میر محمد نعمان قدس سرہ کے مختصر حالات مکتوب نمبر ۱۱۹ کے حاشیہ میں تحریر ہو چکے ہیں وہاں رجوع کریں ۱۲

٢ حضرت خواجہ خواجگان خواجہ بزرگ خواجہ بہاء الدین قدس سرہ فرماتے ہیں: "جو کچھ دیکھا گیا ہے اور سنا گیا ہے سب غیر حق ہے کلمہ لا سے نفی کرنی چاہیے"۔ حضرت شیخ سعدی شیرازی اس طرح نغمہ الاپتے ہیں۔

اے بر تر از خیال و قیاس و گمان و وہم وزہرچہ گفتہ اند و شنیدیم و خواندہ ایم

ترجمہ اے وہ ذات جو خیال، قیاس، گمان، اور وہم سے بالاتر ہے وہ سب جو انہوں نے کہا ہے اور ہم نے سنا ہے اور پڑھا ہے

دفتر تمام گشت و بپایاں رسید عمر ما ہمچناں در اول وصفِ تو ماندہ ایم

وہ سب سے برتر ہے دفتر اختتام کو پہنچ گیا اور عمر مکمل ہوگئی مگر ہم اب تک تیرے ایک ہی وصف کی پہچان میں پھنسے ہوئے ہیں ۱۲

٣ اس آیت کریمہ کی طرف اشارہ ہے جو سورۃ طٰہٰ پارہ ۱۶ میں واقع ہے۔ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِہٖ عِلْمًا ط (سورۃ طٰہٰ آیت ۱۱۰) یعنی وہ جانتا ہے لوگوں کے آنے والے حالات کو اور ان کے گذرے ہوئے واقعات کو اور لوگ نہیں احاطہ کر سکتے اس کا اپنے علم سے ۱۲

﴿ص ۶۰﴾ ١ قولہ اعتبار اول: یعنی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، لَا مَعْبُوْدَ اِلَّا اللّٰہُ کے معنی میں ہوتا ہے ۱۲

٢ قولہ اعتبار ثانی: یعنی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، لَا مَقْصُوْدَ اِلَّا اللّٰہُ کے معنی میں ہو ۱۲





Marfat.com

۳ قولہ بصیرت: دل کی بینائی یعنی دانائی اور ذہانت ۱۲

۴ قولہ حِدّت: حا کی زیر اور دال پر شد ہے معنی تیزی اور تندی ۱۲

۵ قولہ کُحل: کاف پر پیش ہے، یعنی سرمہ ۱۲

۶ قولہ مُکتَحِل: میم پر پیش تا پر زبر اور حا کے نیچے زیر ہے، یعنی وہ شخص جس کی آنکھوں میں سُرمہ لگا ہوا ہو ۱۲

۷ یعنی جانتا ہے کہ میرا مطلوب حقیقت میں یہ مشہور نہیں ہے بلکہ اس کے علاوہ دوسری چیز ہے اور وہ مرتبہ اَحدیت مجردہ ہے

۸ قولہ ریحان: ناز بو جو ایک قسم کا پھول ہے، ہر گھاس خوشبودار، ہر پھول سوائے گلاب کے پھول کے، رَیا میں پہلے حرف پر زبر ہے، یہ اسکی جمع ہے ۱۲

۹ نکہت: پہلے حرف پر زبر ہے اور دوسرے پر جزم یعنی اچھی خوشبو اور مُنہ کی خوشبو ۱۲

۱۰ قولہ نیلوفر: یہ دو قسم کا ہوتا ہے آفتابی اور ماہتابی، آفتابی یہ سرخ رنگ کا ہوتا ہے اور طلوع آفتاب کے وقت کھلتا ہے اسکو اردو میں کنول کہتے ہیں، دوسرا ماہتابی ہے بھی دو قسم کا ہوتا ہے۔ ایک محض سفید اور دوسرا سفیدی مائل نیلگو، یہ دونوں قسم کے پھول شام کے وقت کھلتے ہیں، طب یونانی والے اسی کو دواؤں میں استعمال کرتے ہیں ۱۲

قولہ در خورافتد: پوشیدہ نہیں ہے جو کچھ لفظ خور اور مہر کے وارد کرنے میں ہے، یہاں نفی اور اثبات مراد ہے وہم ڈالنے سے ۱۲

ب قولہ باعنقا: اس لفظ کی تحقیق تھوڑا پہلے مکتوب نمبر ۱۶۸ میں لکھی گئی ہے ۱۲

﴿صہ ۶۱﴾

۱ یعنی قیامت کے دن مومنوں کا اللہ تعالیٰ وتقدس کو دیکھنا جنت میں حق ہے، (یہ دیدار) کمالات اور درجات کے فرق کے مطابق ہوگا جیسا کہ اس کے بارے میں قرآنی آیات اور احادیث میں وارد ہے اور اہل سنت والجماعت کا عقیدہ ہے، لیکن اس معنی میں نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی ذات کا احاطہ اور ادراک کریں اور اسکی حقیقت کو پالیں، بلکہ اس کے نور کی تجلی کا مشاہدہ کریں گے نہ کہ احدیت مجردہ کا مشاہدہ کریں کیونکہ (یہ بات مخلوق کی قوت سے) وراء الوراء اور پھر وراء الوراء ہے اور اس معنی کا تصور کرنا اور آخرت میں دیدار کا یہ مطلب اور مراد لینا قلق اور اضطراب میں پڑنا اور اپنے لباس سے باہر آنے والی بات ہے۔ اگر اس مسئلہ کی تفصیل چاہیے ہو تو مکتوب نمبر ۴۴ دفتر سوم کی طرف رجوع کرو ۱۲

۲ یعنی میری دیوانگی بڑے خوبیوں والے محبوب سے ہے یعنی بڑی شانوں والا، رنگا رنگ کمالات اور عجیب وغریب حالات والا کُلَّ یَوۡمٍ هُوَ فِیۡ شَاۡنٍ (ہر روز وہ ایک نئی شان سے تجلی فرماتا ہے) اسکی شان کا بیان ہے وَفَعَّالٌ لِّمَا یُرِیۡدُ (کرتا ہے جو کچھ چاہتا ہے) اس کے حال کا اشارہ ہے ۱۲

..................................................

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۵۹﴾ ☆ اسرار غریبہ ...... رازہائے نادرہ وعجیبہ ۱۲ ...... عجیب وغریب قسم کے راز ۱۲ ☆ ہرچہ ...... آغازِ سوال ۱۲ ...... سوال کی ابتدا ہے ۱۲ ☆ نفی باشد ...... ہو خلاف ماتقرر ۱۲ ...... اور وہ اس کے خلاف ہے جو ثابت ومقرر ہے ۱۲ ☆ مُتَّسِم ...... داغدار ۱۲ ...... داغدار، نشان والے ۱۲ ☆ لا یحیطون ...... مبتدا ۱۲ ...... مبتدا ۱۲ ...... مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوا ۱۲

﴿صہ ۶۰﴾ ☆ ورائے ...... سوا ۱۲ ...... علاوہ ۱۲ ☆ نص قاطع ...... خبر ۱۲ ...... جملہ اسمیہ ہوا ۱۲ ☆ تحت ...... زیر ۱۲ ...... نیچے ۱۲ ☆ بکلمہ مُستثنیٰ ...... لفظ اللہ ۱۲ ...... یعنی لفظ اللہ مستثنیٰ ہے ۱۲ ☆ بعد از چندگاہ ...... بیان کمال در اعتبار اول در انتہا ۱۲ ...... انتہا میں اعتبار اول میں کمال کا بیان ۱۲ ☆ مستثنیٰ منہ ...... لفظ اِلٰہ ۱۲ ...... اِلٰہ کا لفظ مستثنیٰ منہ ہے ۱۲ ☆ چہ در ابتداء ...... علت است وتفصیل مر ہر دو کمال اعتبار اول را ۱۲ ...... اعتبار اول کے دونوں کمال کی خاص طور پر تفصیل اور علت وسبب ہے ۱۲ ☆ تحاشی ...... یک سُو شدن



مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ — پہلا دفتر

Marfat.com

یعنی جدائی وعلیحدگی ۱۲......ایک طرف ہونا یعنی جدائی اور علیحدگی ۱۲ ☆ لاجرم ......البتہ ۱۲......ضروری ۱۲ ☆ کام گیرد......مراد و مقصود ۱۲......مطلوب ومراد ۱۲ ☆ زمہر......بالکسر آفتاب ۱۲......میم کی زیر سے معنی سورج ۱۲ ☆ تماشائے ......دیدن ماہ اور ۱۲......چاند کا اس کو دیکھنا ۱۲ ☆ درخور ......موافق طبع ۱۲......طبیعت کے مطابق ۱۲ ☆ شربتِ آب ......مقدار یکبار خوردنی و اشامیدنی ۱۲......ایک بار کھانے اور پینے کی مقدار لقمہ اور گھونٹ ۱۲ ☆ شکّر ناب ......خالص ۱۲......خالص شکر ۱۲ ﴿صہ۶۱﴾ ☆ آشیانہ......خانہ حیوانات ۱۲......جانوروں کا گھر ۱۲ ☆ فطرت ......طبیعت ۱۲ ☆ ہمت خواہان ......این درویش ۱۲......یہ درویش یعنی امام ربانی ۱۲

.............................................

# ایک سو چوہترواں مکتوب ﴿۱۷۴﴾

خواجہ محمد اشرف کابلی کی طرف صادر فرمایا......اس بیان میں کہ اس راہ (سلوک) کے دیوانوں کو اتنی سی معیت کے ساتھ تسلی حاصل نہیں ہوتی، اور اس قُرب نما بُعد سے تسکین نہیں پاتے، وہ ایسا قُرب چاہتے ہیں جو بُعد نما (بظاہر دوری) ہو اور ایسا وصل جو ہجر نُما ہو۔ اور اس واقعہ کے بیان میں جو (انہوں نے) تحریر کیا تھا وہ جن کا ظہور تھا اور اس کا باطل تصرف (جھوٹا غلبہ) تھا۔

عزیز بھائی کا پیارا مکتوب موصول ہوا۔ چونکہ وہ خط فقراء کی محبت اور اس جماعتِ عالیہ سے التجا اور درخواست پر مبنی تھا خوشی کا باعث ہوا۔ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ (آدمی اسی کے ساتھ ہے جس سے وہ محبت کرتا ہے) کو نقدِ وقت (وقت کا تقاضا) جانیں۔ لیکن یہ بھی اچھی طرح جان لیں کہ اس راہِ طریقت کے دیوانوں کو اتنی سی معیت سے تسلی حاصل نہیں ہوتی اور اس قرب نما بُعد سے تسکین نہیں پاتے وہ ایسا قُرب چاہتے ہیں جو بُعد نما (بظاہر دوری) ہو اور ایسا وصل چاہتے ہیں جو ہجر کے مانند ہو۔ وہ تسویف وتاخیر (ٹال مٹول) کو جائز قرار نہیں دیتے، بیکاری اور دیر لگانے کو قبیح ومکروہ خیال کرتے ہیں۔ اور وقت کی دولت کو بیہودہ باتوں میں صرف نہیں کرتے اور عمر کے سرمایہ کو بے فائدہ ملمع سازیوں پر ضائع نہیں کرتے اور عمدہ چیز کو چھوڑ کر خراب چیز کی طرف مائل نہیں ہوتے، اور (حق تعالیٰ کی) پسندیدہ چیز کو چھوڑ کر غضب کی ہوئی چیز کو اختیار نہیں کرتے، اور مرغن وشیریں لقموں پر اپنے آپ کو فروخت نہیں کرتے، باریک وخوشنما کپڑوں کے لئے غلامی کی لذت حاصل نہیں کرتے، وہ شرم کرتے ہیں کہ تختِ شاہی (دل) کو تعلقاتِ (دنیاوی) کی نجاستوں سے آلودہ کریں اور (اس بات سے) عار کرتے ہیں، کہ خداوند جل سلطانہ کی ملکیت میں لات وعزی کو شریک کریں......اے بھائی! یہاں (بارگاہِ خداوندی میں) دین خالص چاہتے ہیں: اَلَا لِلّٰهِ الدِّیْنُ الْخَالِصُ (زمر ۳۹، آیت ۳) (آگاہ رہو کہ خالص عبادت صرف اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہے۔ (اس راہ کے لوگ) شرکت کے غبار کو برداشت نہیں کرتے: لَئِنْ اَشْرَکْتَ لَیَحْبَطَنَّ عَمَلُکَ (زمر ۳۹، آیت ۶۵) (اگر تم نے شرک کیا تو ضرور تمہارے عمل ضائع ہو جائیں گے)......تھوڑی دیر اپنے اندر غور کریں: اگر دین خالص میسر ہو گیا ہے تو آپ کے لئے خوشخبری ہے اور اگر نہیں تو واقع کا علاج وقوع سے پہلے پہلے کرنا چاہیے۔

جو واقعہ آپ نے لکھا تھا وہ جن کا ظہور اور اس کا باطل تصرف تھا۔ اس قسم کا ظہور اور اس کا تصرف طالبانِ حق پر اکثر ہوتا





Marfat.com

رہتا ہے، کوئی فکر کی بات نہیں: اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا (نساء،۴،آیت،۷۶) (بیشک شیطان کا مکر کمزور ہے)
اگر پھر اس قسم کا واقعہ ظاہو تو کلمہ تمجید: لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ (نہ طاقت ہے اور نہ قوت مگر اللہ تعالیٰ
بلند مرتبہ عظمت والے کے ساتھ) کی تکرار سے اس مفسد کو دفع کریں...... وَالسَّلَامُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى وَالْتَزَمَ
مُتَابَعَةَ الْمُصْطَفٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهِ الصَّلَوٰاتُ وَالتَّسْلِيْمَاتُ اَتَمُّهَا وَاَكْمَلُهَا (اور حضرت محمد مصطفٰی علیہ وعلی
آلہ الصلوات والتسلیمات اتمہا واکملہا کی ہدایت پر چلنے والوں اور آپ کی متابعت کو لازم جاننے والوں پر سلام ہو۔

## ﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ ۶۱﴾ ۱۔ قولہ مُنْبِي: یہ اسم فاعل ہے انباء سے الف کی زیر سے یعنی خبر دینا ۱۲

۳ یعنی آدمی اسی کے ساتھ ہوگا جس سے وہ محبت کرتا ہے، اس حدیث کو بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے ۱۲

۴ قولہ مُزَخْرَفَات: میم پر پیش، دوسرے حرف پر زبر، خا پر جزم اور را پر زبر ہے، یہ مُزَخْرَف کی جمع ہے اس کے معنی ہیں جھوٹی باتیں جو سچی باتوں کی مانند آراستہ کی ہوئی ہوں ۱۲

۵ قولہ مُمَوَّهَات: پہلے میم پر پیش اور دوسرے میم پر زبر، و پر شد اور زبر ہے، یہ مُمَوَّہ کی جمع ہے، کوئی چیز جس پر سونا چڑھایا ہو یا ملمع کیا ہوا ۱۲

۶ قولہ لا طائل: یعنی بے فائدہ ۱۲ لمصححہ رحمہ اللہ تعالیٰ، قولہ مُزَيَّب: میم پر پیش ہے، زا پر زبر اور یا پر شد اور زبر اور آخر میں با ہے، یعنی زیب و زینت دیا گیا یہ لفظ بنایا گیا ہے زیب سے جو فارسی لفظ ہے یہ مُؤَلَّف، مُلَبَّب اور مُرَغَّن وغیرہ کی جنس سے ہے ۱۲

﴿صہ ۶۲﴾ ۱۔ قولہ لات: تا کے ساتھ، ایک بت کا نام ہے جو طائف میں تھا، یہ حضرت قتادہ کا قول ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ بطنِ نخلہ میں تھا، قریش اسکی عبادت کرتے تھے، حضرت ابن عباس نے بیان کیا ہے کہ یہ ایک آدمی تھا جو حاجیوں کے لئے ستو گھولتا تھا، جب وہ مر گیا تو لوگوں نے اسکی قبر پر ڈیرہ جمالیا، اس کے علاوہ کچھ اور بھی بیان کیا گیا ہے ۱۲ خازن

۲ قولہ عُزّٰی: عین کی پیش اور زا پر شد ہے آخر میں یا کی صورت میں الف ہے، یہ لفظ اَعَزّ کا مونث ہے اور ایک بت کا نام ہے، حضرت مجاہد نے کہا کہ یہ ایک درخت تھا قبیلہ غطفان میں وہ اسکی عبادت کرتے تھے، رسول اللہ ﷺ نے حضرت خالد بن ولید کو بھیجا تو انہوں نے اس کو کاٹ دیا، پس اس سے ایک جننی خارج ہوئی اپنے بال کھولے ہوئے اپنی ہلاکت وخرابی کا شور کرتے ہوئے۔ اور اپنے سر پر اپنا ہاتھ رکھے ہوئے، حضرت ضحاک نے کہا کہ یہ غطفان قبیلے کا بت تھا، گویا کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے نام العزیز سے عُزّٰی بنالیا ۱۲ معالم

۳ قولہ اَلَا لِلّٰهِ الخ یہ اس آیت کریمہ کی طرف اشارہ ہے جو سورہ زمر کی ابتدا میں پارہ ۲۳ میں واقع ہے یعنی خبردار! خالص عبادت اور بندگی اللہ تعالیٰ کے لئے ہے ۱۲

۴ قولہ لَئِنْ اَشْرَكْتَ الخ یہ اشارہ اس آیت کریمہ کی طرف ہے جو پارہ ۲۴ سورہ زمر کے آخر میں واقع ہے یعنی اور بے شک وحی کی گئی ہے آپ کی طرف اور ان کی طرف جو آپ سے پہلے تھے کہ اگر (بفرض محال) آپ نے بھی شرک کیا تو ضائع ہو جائیں گے آپ کے اعمال اور آپ بھی خاسرین میں سے ہو جائیں گے ۱۲

۵ قولہ اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطَانِ الخ یہ اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو پارہ ۵ سورہ نساء آیت ۷۶ میں واقع ہے یعنی جو ایمان لائے ہیں وہ جنگ کرتے ہیں اللہ کی راہ میں اور جو کافر ہیں وہ جنگ کرتے ہیں طاغوت کی راہ میں، تو (اے ایمان والو) لڑو شیطان کے دوستوں سے بے شک شیطان کا فریب کمزور ہے۔ ۱۲



Marfat.com

۶ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نبی ﷺ کے پاس تھا تو میں نے یہ کلمہ کہا تو آپ نے فرمایا: اس کی تفسیر کیا ہے؟ میں نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کا رسول ہی جانتے ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے بچ نہیں سکتے مگر اللہ تعالیٰ کی حفاظت سے، اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت پر کوئی قوت حاصل نہیں مگر اللہ تعالیٰ کی مدد سے اور اس کے ساتھ وَلَا مَنْجَأَ مِنَ اللّٰهِ إِلَّا إِلَيْهِ (اور اللہ تعالیٰ سے بھاگ کر کہیں نہیں جا سکتے مگر اللہ تعالیٰ ہی کی طرف) ملا لیا کرو کیونکہ یہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے ۱۲ احصن حصین

ے یعنی اپنے حالات کی تحقیق کریں اور غور و فکر کو کام میں لائیں ۱۲

..........................................

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿ص ۶۱﴾ ☆ نمی یابند ...... بلکہ ۱۲ ...... بلکہ ☆ تَسْوِیف ...... سوف افعل گفتن ۱۲ ...... میں پھر کروں گا، کہنا ۱۲ ☆ مُسْتَهْجَن ...... قبیح و مکروہ وزشت و عیب گرفتہ شدہ ۱۲ ...... بدشکل، ناپسندیدہ، برا اور عیب دار ۱۲ ☆ تعطیل ...... بیکاری ۱۲ ...... بیکاری ☆ تاجیل ...... درنگی ۱۲ ...... دیر، تاخیر ۱۲ ☆ صَرف ...... خرچ ۱۲ ...... خرچ ☆ تلف ...... ضائع ۱۲ ...... ضائع ☆ شریف ...... بزرگ ۱۲ ...... بزرگ ☆ بخسیس ...... کمینہ ۱۲ ...... کمینہ ☆ نمی گرایند ...... رغبت و میلان نمی کنند ۱۲ ...... رغبت اور توجہ نہیں کرتے ۱۲ ☆ مَرضی ...... بمعنی پسندیدہ حق ۱۲ ...... اللہ تعالیٰ کا پسندیدہ ۱۲ ☆ بمغضوب ...... غضب کردہ شدہ ۱۲ ...... جس پر غضب اور غصہ کیا گیا ہو ۱۲ ☆ رقیق ...... باریک ۱۲ ...... باریک ☆ حظ ...... لذت ۱۲ ...... لذت ☆ بندگی ...... عبودیت ۱۲ ...... کسی کی غلامی ۱۲ ☆ عار ...... شرم ۱۲ ...... شرم ☆ بقاذورات ...... پلید یہا و نجاستہا ۱۲ ...... ناپاکیاں اور پلیدیاں ۱۲ ☆ ملوث ...... آلودہ ۱۲ ...... لتھڑا ہوا ۱۲ ☆ بُشْریٰ لَکُمْ ...... بشارت است مرشمارا ۱۲ ...... آپ کے لئے بشارت ہو ۱۲ ☆ اِلّا ...... ورنہ ۱۲ ...... ورنہ ☆ واقعہ ...... حادثہ ۱۲ ...... حادثہ

..........................................

# ایک سو پچھترواں مکتوب ﴿۱۷۵﴾

حافظ محمود کی طرف صادر فرمایا...... احوال کی تلوینات اور تمکین کے حصول میں اور حدیث لِیْ مَعَ اللّٰهِ وَقْتٌ کے معنی کے بیان میں۔

برادر گرامی کا مکتوب شریف موصول ہوا۔ (جس میں) آپ نے اپنے احوال کی تلوینات (تبدیلیوں) کا جو مختصر تذکرہ کیا تھا۔ (اس کے متعلق) جاننا چاہیے کہ سالکوں کو خواہ وہ ابتدا میں ہوں یا انتہا میں، احوال کی تلوینات کے بغیر چارہ نہیں۔ اس بارے میں حاصل کلام یہ ہے کہ اگر وہ تلوین (احوال کی تبدیلی) قلب پر ہے تو وہ سالک اربابِ قلوب (اہل دل) سے ہے اور ابن الوقت (زمانہ ساز) کے نام سے موسوم ہے، اور اگر قلب تلوین سے نکل گیا اور احوال کی غلامی سے آزاد ہو کر مقام تمکین و اطمینان میں پہنچ گیا تو اس وقت احوالِ متلونہ کی کیفیات نفس پر وارد ہوں گی جو کہ قلب کے مقام پر اس کی خلافت کے طور پر بیٹھا ہوا ہے، اور یہ تلوین، تمکین کے حاصل ہونے کے بعد ہے اور اس تلوین والے کو اگر ابوالوقت کہیں تو جائز ہے، اور اگر محض اللہ جل سلطانہ کے فضل و کرم سے نفس بھی ان تلوینات سے گذر جائے اور تمکین و اطمینان کے مقام پر پہنچ جائے تو اس وقت تلوینات قالب (جسم) پر وارد ہوتی ہیں جو امور مختلفہ (عناصر اربعہ) سے مرکب ہے، یہ تلوین دائمی ہے، کیونکہ تمکین،





Marfat.com

قالب کے حق میں متصور نہیں ہے اگرچہ وہ لطائف میں سے الطف لطیفہ (خفی واخفیٰ) کے رنگ میں رنگا ہوا ہو کیونکہ وہ تمکین جو اس رنگین ہونے کے راستہ سے قالب پر آتی ہے وہ بطریقِ تبعیت (اتباع کے طور پر) ہے، اور احوالِ متلونہ کا وارد ہونا بطریقِ اصالت ہے، اور اعتبار اصل کا ہوتا ہے نہ کہ فرع اور تابع کا۔ اور اس مقام والا اخص الخواص میں سے ہے اور حقیقت میں ابوالوقت بھی یہی شخص ہوسکتا ہے۔

اور آں سرور علیہ وعلی آلہ الصلوات والتسلیمات کی حدیث شریف لِی مَعَ اللّٰهِ وَقْتٌ الخ (یعنی میرے لئے اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک ایسا وقت بھی ہوتا ہے جس میں کوئی مقرب فرشتہ اور کوئی نبی مرسل میرے ساتھ شریک نہیں ہوسکتا) جو آپ نے نقل کی ہے اس کا مطلب ایک جماعت نے اس وقت سے دائمی وقت مراد لیا اور دوسری جماعت نے ایک خاص وقت مراد لیا ہے کیونکہ لطائف کی نسبت (یعنی روح، سر، خفی اور اخفیٰ سے) بطریق استمرار (دائمی) ہے اور بعض (لطائف) کی نسبت ندرت (قلت وکمی) لہٰذا دونوں میں کوئی تعارض اور مخالفت نہیں ہے...... غرض یہ کہ اپنے ظاہر کو شریعتِ مطہرہ سے آراستہ کر کے باطنی سبق کے تکرار پر مداومت اختیار کریں۔

اندریں بحر بے کرانہ چو غوک     دست وپائے بزن چہ دانی بوک

(ترجمہ) ہے بڑا یہ بحر ناپیدا کنار     مثل مینڈک تو ہاتھ پاؤں کو مار

اخوی اعزی مولانا محمد صدیق آگرہ میں مقیم ہیں اُن کی ملاقات کو غنیمت سمجھیں۔

## ﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۶۲﴾ ۷ قولہ تلوینات: تلوین (احوال کی تبدیلی) اہلِ احوال کی صفت ہے اور تمکین (اطمینان) اہل حقائق کی صفت ہے جب تک بندہ راستے میں ہے وہ صاحبِ تلوین ہے کیونکہ وہ ایک حال سے دوسرے حال کی طرف ترقی کرتا ہے اور ایک صفت سے دوسری صفت کی طرف منتقل ہوتا ہے اور ایک مرحلے سے باہر نکلتا ہے اور حاصل کرتا ہے۔ تو جب پہنچ جاتا ہے مطمئن ہو جاتا ہے

۸ قولہ چارہ نبود: سالک کبھی مغرور وصل ہوتا ہے اور کسی وقت جدائی کی آزمائش میں، ایک وقت میں محبوب کی عنایات والطاف پر نظر کر کے فخر وناز میں۔ اور دوسرے وقت اپنے کردار واعمال کو دیکھ کر مناجات واستغفار کرتا ہے، کبھی اس پاک ذات کے کمال کو ملاحظہ کر کے اپنی بے مناسبتی کی وجہ سے مقبوض و مایوس ہوتا ہے اور کبھی اپنے ذوق وشوق پر نظر کر کے مبسوط و امیدوار، یہ سارے اختلافاتِ احوال كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ کے تقاضے سے ہوتے ہیں ۱۲

ــ قولہ ابوالوقت یعنی وقت: ور احوال کا مالک یعنی اپنے احوال واوقات کا مالک ہے ۱۲

﴿صہ ۶۳﴾ ۱ قولہ حدیث...... اس حدیث کی تخریج اور تحقیق مکتوب نمبر ۹۹ کے حاشیہ میں گذر چکی ہے وہاں رجوع کریں ۱۲

۲ قولہ وقتِ مستمر: حضرت ابوعلی دقاق نے فرمایا: جو کچھ مجھے وقت نے کہا سوائے اس کے نہیں کہ سننے والے کے فہم کے مطابق کہا اور تمام حالات میں وہ حقیقت پر قائم تھا ۱۲

ــ یعنی دل، نفس اور عناصر بھی مگر تبعاً ۱۲ ا کرانہ: پہلے حرف اور نون پر زبر ہے، ہر چیز کا کنارہ ۱۲

۳ قولہ بوک: واؤ معروف سے شاید اور مگر کے معنی میں، اور احتمال ہے مخفف ہو بود کہ سے ۱۲

ــ غوک: واؤ مجہول کے ساتھ، ایک جانور ہے جو پانی اور نمدار زمین میں ہوتا ہے، عربی میں اسکو ضِفْدَع (مینڈک) کہتے ہیں ۱۲





Marfat.com

☆متن ..... بین السطور..... معانی

﴿صہ ۶۲﴾ ☆ شمہ ..... اندکے ۱۲..... تھوڑا ☆ رِقیت ..... بندگی ۱۲..... غلامی ۱۲ ☆ بابن الوقت ..... یعنی مغلوب الوقت والحال ۱۲..... یعنی وقت اور حال سے مغلوب ۱۲ ☆ مُتلَوّ نہ ..... متنوعہ ..... مختلطہ ۱۲..... مختلف قسم کا ملا جلا ۱۲ ☆ اِطمینان ..... تفسیر ۱۲..... یہ تمکین کی تفسیر ہے ۱۲ ☆ امورِ مختلفہ ..... عناصر اربعہ ۱۲ یعنی ہوا، پانی، آگ، اور مٹی ۱۲

﴿صہ ۶۳﴾ ☆ قالب ..... کالبد ۱۲..... تن، جسم ۱۲ ☆ منصبغ ..... رنگین ۱۲..... رنگدار ۱۲ ☆ اَلطفِ لَطائِف ..... خفی واخفیٰ ۱۲..... یعنی لطیفہ خفی اور اخفیٰ ۱۲ ☆ متلونہ ..... گونا گوں ۱۲..... رنگ برنگ ۱۲ ☆ اَلْعِبرَۃُ ..... اعتبار ۱۲..... بھروسہ ۱۲ ☆ لِلاَصْلِ لَا لِلتَّبع ..... اصل را نہ تابع را ۱۲..... اصل کا اعتبار ہوتا ہے نہ کہ فرع اور تابع کا ۱۲ ☆ معنی حدیث ..... مبتدا ۱۲..... مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوا ۱۲ ☆ راجع باین ..... خبر ۱۲..... مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوا ۱۲ ☆ مستمرہ ..... دائمی ۱۲..... ہمیشگی ۱۲ ☆ نادر ۱۲ ..... غیر دائمی مراد داشتہ اند ۱۲..... غیر مستقل، وقتی مراد لیا گیا ہے ۱۲ ☆ بعضی لطائف ..... یعنی روح وسر وخفی واخفیٰ ۱۲..... یعنی روح، سر، خفی اور اخفیٰ مراد ہیں ۱۲ ☆ ندرۃ ..... قلت وکمی ۱۲..... قلت ☆ متحلی ..... متزین ۱۲..... آراستہ ۱۲ ☆ چہ دانی ..... یعنی شاید کہ بکعبہ مراد خود بری ۱۲..... یعنی کہ تو اپنے کعبہ مراد کو پہنچے

..............................................

# ﴿ایک سو چھہتر واں مکتوب ۱۷۶﴾

ملا محمد صدیق کی طرف صادر فرمایا ..... اس بیان میں کہ اپنے اوقات کی حفاظت اس راہ (طریقت) کی ضروریات میں سے ہے تا کہ بے فائدہ کاموں میں ضائع نہ ہوں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی (حدیث شریف میں ہے) مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ اِشْتِغَالُہٗ بِمَا یَعْنِیْہِ وَاِعْرَاضُہٗ عَمَّا لَا یَعْنِیْہِ (انسان کے حُسنِ اسلام کی علامت یہ ہے کہ وہ اپنے آپ کو بامقصد کاموں میں مشغول رکھے اور لایعنی بیکار باتوں سے پرہیز کرے) لہذا اپنے اوقات کی حفاظت کے بغیر چارہ نہیں تا کہ بیکار باتوں میں ضائع نہ ہوں۔ ''شعر خوانی اور قصہ گوئی'' کو دشمنوں کا حصہ سمجھ کر خاموشی (مراقبہ اور اپنی باطنی نسبت کی حفاظت میں مشغول رہنا چاہیے ..... اس راہِ سلوک میں دوستوں کا (ایک جگہ) جمع ہونا باطن کے اطمینان کے حصول کے لئے ہے نہ کہ پراگندگی خاطر کے لئے۔ لہذا انجمن (اجتماع) کو گوشہ نشینی پر ترجیح دی گئی ہے۔ اور جمعیتِ (قلب) کو اجتماع میں تلاش کیا ہے۔ وہ اجتماع جو تفرقے کا باعث ہو اس سے پرہیز لازم ہے۔ باطنی جمعیت (اطمینان) کے لئے جو کچھ مل جائے مبارک ہے اور اگر میسر نہ ہو تو وہ منحوس و نامبارک ہے۔ (غرض) اس طرح زندگی گذارنی چاہیے کہ پاس بیٹھنے والے بھی صحبت و مجلس سے جمعیتِ قلب حاصل کریں نہ کہ اس میں پراگندگی و افتراق کا اضافہ ہو۔ اپنی زندگی کی کتاب کے اوراق کو بار بار ملاحظہ کرنا چاہیے اور باتیں بنانے کی نسبت خاموش رہ کر اپنا محاسبہ کرنا چاہیے، اب شعر و شاعری کا وقت نہیں ہے اور نہ بیت بازی کا۔ ع





Marfat.com

۔ چہ وقتِ مدرسہ وبحثِ کشف وکشاف است

ترجمہ:۔ (اب مدرسہ کا اور کشف وکشاف کی بحثوں کا وقت نہیں ہے) والسلام

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿ص۶۳﴾ ۳ یہ اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جس کو امام مالک، امام احمد، امام ابن ماجہ، امام ترمذی اور امام بیہقی نے روایت کیا ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْکُہ' مَالَا یَعْنِیْہِ یعنی آدمی کے حسن و کمالِ ایمان کی علامات میں سے یہ ہے کہ وہ ایسی چیزوں کو ترک کردے جن کی اسے غرض اور ضرورت نہیں ایسی چیزوں سے تعلق اور ارادت نہ رکھے، اسکی شان یہ نہیں ہے کہ ان کا اہتمام کرے اور ایسے کاموں میں مشغول ہو اور ان کو حاصل کرے یعنی جن کی اسکو ضرورت نہ ہو اور فائدہ مند نہ ہوں ۱۲از ترجمہ شیخ

۴ قولہ بسکوت: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم: مَنْ صَمَتَ نَجَاء رواہ احمد والترمذی والبیہقی یعنی جو شخص بُری باتوں سے خاموش رہا اس نے دنیا وآخرت کی آفات سے نجات پالی۔ وقال صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم: عَلَیْکَ بِطُوْلِ الصَّمْتِ فَاِنَّہ' مَطْرَدَۃٌ لِلشَّیْطَانِ وَعَوْنٌ لَّکَ عَلٰی اَمْرِ دِیْنِکَ، رواہ البیہقی یعنی لمبی خاموشی اور زیادہ چپ رہنا اختیار کرو کیونکہ یہ شیطان کو بھگانے والی اور امور دین پر تیری معاون ہوگی۔

۵ یعنی بُرے شعر اور ان میں مشغول ومنہمک ہونا اگرچہ اچھے ہوں اور شرائط واوقات کی رعایت کے بغیر، قال صلی اللّٰہ علیہ وسلم: ھُوَ کَلَامٌ فَحَسَنُہ' حَسَنٌ وَ قَبِیْحُہ' قَبِیْحٌ، رواہ الشافعی (وہ شعر) ایک کلام ہے پس اچھا شعر اچھا ہے اور بُرا بُرا ہے۔ اس کو امام شافعی نے روایت کیا ہے ۱۲

۔ قولہ از گفت بسکوت: میں (مولانا نور احمد) کہتا ہوں یہ اشارہ ہے عبور کرنے اور گذر جانے سے قال سے حال کی طرف ۱۲

ا قولہ چہ وقت مدرسہ الخ یعنی پڑھنے پڑھانے اور بحث کا وقت نہیں ہے، کشف ایک کتاب ہے فروع میں مولانا ابو جعفر ہندوانی رحمہ اللہ کی تالیفات سے اور کشاف ایک مشہور تفسیر ہے علامہ زمخشری کی تالیفات سے۔ مثنوی

۔ تو مشو غرہ بعلمش عہد جو عمل  علم چون قشر است عہدش مغز او

ترجمہ:۔ اس علم سے بڑا سردار نہ بن عمل کی کوشش کر  علم چھلکے کی طرح ہے اس کا مغز عمل ہے

علم جوی از کتب ہا اے افسوس  ذوق جوی تو زحلوائے سبوس

ترجمہ:۔ اے دل لگی کرنے والے تو کتابوں سے علم چاہتا ہے (بغیر عمل کے)  تو چھان بوسی کے حلوے سے ذوق ومزہ تلاش کرتا ہے ۱۲

.....................

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿ص۶۳﴾ ☆ محافظتِ اوقاف ...... از اشتغال بما دون مرضیات حق جل وعلا ۱۲ ...... حق جل وعلا کی رضا مندی کے کاموں کے علاوہ اور فضول کاموں میں مشغول ہونے سے بچنا چاہیے ۱۲ ☆ تلف ...... ضائع ۱۲ ...... ضائع ☆ لا طائل ...... بے فائدہ ۱۲ ...... بے فائدہ ☆ مِن حُسن ...... یعنی آدمی کے اسلام کی خوبی، اور زیب وزینت کی علامت یہ ہے کہ وہ اپنے آپ کو با مقصد کاموں میں مشغول رکھے اور لایعنی بے کار باتوں سے پرہیز کرے ۱۲ ☆ اَعداء ...... دشمنان ۱۲ ...... دشمن کی جمع ہے ۱۲ ☆ بسکوت ...... خاموشی ۱۲ ...... خاموشی ☆ تشتّت ...... تفرق وپراگندگی ۱۲ ...... انتشار ۱۲ ☆ تحاشی ...... اجتناب ۱۲ ...... پرہیز ۱۲ ☆ وَرَق بفتحتین ۱۲ ...... پہلے دونوں حرفوں پر زبر ہے



Marfat.com

۱۲ ☆ آمد ......بایدا۱۲......آمد باید کے معنی میں ہے ۱۲ ☆ گردانید ......ورق گردانیدن، کنایہ است از می محاسبہ نفس واعمال کما ورد حَاسِبُوْا قَبْلَ اَنْ تُحَاسَبُوْا ۱۲ ورق پلٹنا اشارہ ہے نفس اور اعمال کے محاسبے کی طرف جیسے وارد ہوا ہے کہ اپنا محاسبہ کر واس سے پہلے کہ تمہارا حساب کیا جائے ۱۲ ☆ مشاعرہ ......باہم دگر شعر خواندن و معارضہ کردن در شعر خواندن یا در شعر گفتن ۱۲......من آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ شعر پڑھنا اور مقابلہ کرنا شعر پڑھنے میں یا شعر کہنے میں ۱۲ ☆ محاورہ ......باہم کلام کردن و پاسخ دادن ۱۲......آپس میں باتیں کرنا یا جواب دینا ۱۲

..........

# ایک سوستتر واں مکتوب ﴿۱۷۷﴾

جمال الدین حسین بدخشی کی طرف صادر فرمایا......اہلِ سنت و جماعت شکر اللہ تعالیٰ سعیہم کی صائب آراء کے مطابق عقائد کی تصحیح کرنے کی ترغیب میں۔

خواجہ جمال الدین حسین! اپنے عنفوانِ شباب (آغازِ جوانی) کو غنیمت جانیں اور حتی الامکان اس کو حق تعالیٰ جل وعلا کی رضامندی کے کاموں میں صرف کریں یعنی سب سے پہلے اپنے عقائد کو اہلِ سنت و جماعت شکر اللہ تعالیٰ سعیہم کی صائب آراء کے تقاضوں کے مطابق درست کریں......دوسرے یہ کہ احکام شرعیہ فقہیہ کے مطابق عمل کریں......تیسرے یہ کہ طریقہ عالیہ صوفیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے طریقہ سلوک کو اختیار کریں......جس کو ان سب باتوں پر عمل کی توفیق حاصل ہوگئی وہ دونوں جہان میں کامیاب ہوگیا اور جو ان سے محروم رہا وہ بڑے خسارے میں پڑ گیا۔

خواجہ محمد صالح کے بیٹوں کی خدمت کو سعادتِ عظمیٰ جانیں، کیونکہ وہ خدمت حقیقت میں خواجہ مذکور (محمد صالح) کی امداد و اعانت ہی ہے کہ وہ مقبول بندوں میں سے ہیں۔ مصرع

؎ دادیم تراز گنج مقصود نشاں

ترجمہ:۔ (گنج مقصود کا پتا یہ ہے) والسلام

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی تیسرا حصہ

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۶۴﴾ ۲ قولہ وَمَن وُفِّق الخ یعنی جس کو ان سب کاموں پر عمل کی توفیق حاصل ہوگئی وہ دونوں جہان میں کامیاب ہوگیا اور جو ان سے محروم رہا وہ بڑے خسارے میں پڑ گیا ۱۲

..........

☆ متن ......بین السطور......معانی

☆ تصحیح ......درست کردن و راست نمودن ۱۲......درست کرنا اور صحیح دیکھنا ۱۲ ☆ خواجہ ......اے خواجہ ۱۲......اے خواجہ ۱۲ ☆ عنفوان ......آغاز ۱۲......شروع ابتداء ۱۲ ☆ شباب ......جوانی ۱۲......جوانی ۱۲ ☆ مہما اَمکن ......یعنی حتی المقدور وحتی الامکان ۱۲......یعنی جہاں تک قوت ہو اور جہاں تک ممکن ہو ۱۲ ☆ مقبلان ......اقبال مندان ۱۲......اقبال مندان ۱۲......اقبال مند کی جمع ہے یعنی صاحب اقبال ۱۲

..........



Marfat.com

# ایک سو اٹھترواں مکتوب (۱۷۸)

مرزا مظفر کی طرف صادر فرمایا...... ایک شخص کی سفارش اور سید عالمیان و خلاصہ آدمیان علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کی متابعت کی ترغیب میں۔

حق تعالیٰ سید المرسلین علیہ وعلیٰ آلہ وعلیہم الصلوۃ والسلام کے طفیل آپ کو اجر عظیم عطا فرمائے، آپ کے کاموں کو آسان فرمائے اور آپ کے سینہ کو کھول دے) جو حضرات اخلاقِ نبوی علیہ الصلوۃ والسلام سے متخلق ہیں ان کو اس بات کی طرف توجہ دلانے کی کیا ضرورت ہے کہ وہ کسی کے ساتھ احسان اور حسنِ معاشرت سے پیش آئیں، بلکہ بہت ممکن ہے کہ ایسی رہنمائی و دلالت سوءِ ادبی میں داخل ہو جائے مختصر یہ کہ آدمی ضرورت کے وقت ہر معمولی سے معمولی چیز کا سہارا تلاش کرتا ہے اور ہر کمزور و لاغر سے اپنی تسلی حاصل کرتا ہے، اس بنا پر فقیر آپ کے سامنے سائلوں اور محتاجوں کی تسلی اور دستگیری کا مسئلہ پیش کرنے کا باعث بنا۔

میرے مخدوم و مکرم! احسان ہر جگہ اور ہر موقع پر لائق تحسین ہے، خاص طور پر اس جماعت کے ساتھ احسان کرنا بہت ہی اچھا ہے جو ہمسائیگی کا حق رکھتے ہیں۔ حضرت رسالت خاتمیت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات ہمسایوں کے حقوق کی ادائیگی میں اسقدر مبالغہ فرماتے تھے کہ اصحاب کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو یہ گمان ہونے لگتا کہ شاید آپ پڑوسیوں کو میراث میں بھی داخل فرما دیں گے۔ مثنوی

| | |
|---|---|
| ۔چوں چنیں با یک و دگر ہمسایہ ایم | تو چو خور شیدی وما چوں سایہ ایم |
| چہ بدے اے مایہ بے مایگاں | گر نگہداری حق ہمسایگاں |
| (ترجمہ) جبکہ ہم سب ایک ہیں، ہم سایہ ہیں | تم ہو سورج اور سب ہم سایہ ہیں |
| کیا ہوا اے مایہ بے مایگاں | گر ہو ملحوظ اب حقِ ہم سایگاں (والسلام) |

## حاشیہ متن

(صہ ۶۴) ۳ حق تعالیٰ آپ کو اجرِ عظیم عطا فرمائے، آپ کا درجہ بلند کرے، آپ کے کاموں کو آسان فرمائے اور آپ کے سینہ کو کھول دے ۱۲

(صہ ۶۵) ۱ حاصلِ کلام یہ ہے کہ آپ کارِ خیر کے لئے راہنمائی کے محتاج نہیں ہیں لیکن جب محتاج سائل چمٹ جائے تو اسکی تسلی کے لئے تکلیف دی جاتی ہے، اس انداز میں بہت زیادہ رغیب اور رغبت دلائی ہے جو مخفی نہیں ۱۲

۲ اِرث ہم بدہانند: مُعَرب (مولانا محمد مراد رحمہ اللہ) نے فرمایا ہے کہ امام طبرانی نے مکارم الاخلاق میں حضرت ابو امامہ باھلی رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس حال میں کہتے ہوئے سنا کہ آپ جدعاء اونٹنی پر سوار تھے: " میں تمہیں تاکید کرتا ہوں پڑوسی کے بارے میں اچھا سلوک کرنے کی یہاں تک کہ بہت زیادہ بیان فرمایا"، میں نے کہا کہ آپ اس کو وراثت کا حق دار بنا دیں گے، امام ابن حجر نے فتح الباری میں فرمایا کہ عبد اللہ بن عمرو کے الفاظ میں، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہمسایہ کے بارے میں وصیت فرماتے ہوئے حتّٰی کہ میں نے گمان کیا کہ آپ اس کو وارث بنا دیں گے۔ لیکن وہ حدیث جس میں ہے۔ مَا زَالَ یُوْصِیْنِیْ بِالْجارِ حَتّٰی ظَنَنْتُ اَنَّہٗ یُوَرِثُہٗ، وہ اس کے علاوہ ہے ان کا کلام ختم ہوا۔ میں (مولانا نور احمد رحمہ اللہ تعالیٰ) کہتا ہوں، ہمسائے کو ایذا و تکلیف دینے سے باز رہنے اور اس کے ساتھ احسان کرنے کے بارے میں بہت سی احادیث روایت کی گئی ہیں۔ باب الشفقة والرحمة على الخلق مشكوة





Marfat.com

وغیرہ حدیث کی کتابوں میں

قولہ جوار: جیم کے زیر اور پیش سے ہمسائیگی کے معنی میں، جیم کے زبر سے نہیں جیسا کہ مشہور ہے ۱۲

..............................

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۶۴﴾ ☆مُتَخَلِّقان ......یعنی وثانیز من جملہ ایشان اید ۱۲......یعنی آپ بھی ان اخلاق نبویہ پر عمل کرنے والوں میں سے ہو ۱۲ ☆ کئے ......ایشان را ۱۲......ان کو ۱۲ ☆حُسن معاشرت ......باہم زیست کردن وبا کسے زندگانی نمودن ۱۲......آپس میں ملکر زندگی گذارنا، اور کسی کے ساتھ زندگی گذارنا ۱۲ ☆سُوءِ ادب ......زیرا کہ گویا تحصیل حاصل است وحکمت بلقمان آموختن ۱۲......گویا حاصل شدہ چیز حاصل کرنے کی کوشش کرنا، اور حضرت لقمان حکیم کو حکمت سکھانا ہے ۱۲

﴿صہ ۶۵﴾ ☆فقیر ......فقیر چاہک خرد کہ بر پشتِ تخمِ خُرما باشد، چیزے اندک ومردعامی غیر معروف از ان مرادمی گیرند ۱۲......فقیر اس چھوٹے سے گڑھے کو کہتے ہیں جو کھجور کی گٹھلی کی پشت پر ہوتا ہے، چھوٹی سی چیز اور عامی آدمی غیر معروف اس سے مراد لیتے ہیں ۱۲ ☆ تشبُّث ......چنگ درزدن ۱۲......چنگل مارنا، پنجہ مارنا ۱۲ ☆ضعیف ......عاجز ۱۲......کمزور ۱۲ ☆نحیف ......لاغر ۱۲......دُبلا، کمزور ۱۲ ☆ بنا بران ......این فقیر شمارا ۱۲......یہ فقیر (امام ربانی) مسئلہ پیش کر رہا ہے آپ کے سامنے ۱۲ ☆ اربابِ مسئلہ ......یعنی سائلان ومحتاجان ۱۲......یعنی سوال کرنے والے اور محتاج آدمی ۱۲ ☆مَخدومامکرّما ......بیان مقصود بعد از تمہید ۱۲......تمہید کے بعد مقصد کا بیان ۱۲ ☆جوار دارند......قال اللہ تعالیٰ : وَالْجَارِ ذِی الْقُرْبیٰ ۱۲......اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وہ ہمسایہ جو قریبی ہو ۱۲

..............................

# ایک سوانا سیواں مکتوب ﴿۱۷۹﴾

میر عبداللہ ابن میر محمد نعمان کی طرف نصیحت کے بارے میں صادر فرمایا۔

میرے فرزند عزیز کو اس کے نام کے مطابق (اللہ تعالیٰ کا) بندہ بننے کی توفیق عطا فرمائے......(اول یہ کہ) جوانی کے زمانے کو غنیمت جان کر علوم شرعیہ کے حاصل کرنے، اور ان علوم کے مطابق عمل کرنے میں مشغول رہیں، اور اس بات کا اہتمام کریں کہ یہ عمرِ عزیز بیکار باتوں میں صرف نہ ہو اور لہو ولعب میں ضائع نہ ہو......دوسری بات یہ ہے کہ تمہارے والد بزرگوار ان شاء اللہ تعالیٰ چندروز بعد تمہارے پاس پہنچ جائیں گے۔ان کے پہنچنے تک متعلقین کی پورے طور خبر گیری رکھیں۔مصرع

ع پدر خویش باش اگر مردی

ترجمہ:۔ (بس باپ کی جگہ پر کرو کام باپ کا) (والسلام)

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۶۵﴾ ☆لازال ......معترضہ ۱۲......جملہ معترضہ ہے ۱۲ ☆ کاسمہ ......یعنی مسمائش در رنگ اسم گردد، یعنی حق تعالیٰ مرتبہ عبودیت معنویہ مانند صُوریہ ارزانی فرماید ۱۲......یعنی آپ اپنے نام کے موافق ہو جاؤ، یعنی اللہ تعالیٰ اصلی بندگی کا مرتبہ ظاہری کی طرح عطا فرمائے ۱۲ ☆مالا یعنی ......یعنی در امور لا طائل ۱۲......یعنی غیر ضروری امور میں ۱۲ ☆ بلہو ......بازی ۱۲......کھیل ۱۲ ☆صرف



Marfat.com

......خرچ ۱۲......خرچ ☆ تلف......ہلاک و برباد ۱۲......تباہ و برباد ۱۲ ☆ مَردی...... مصرع دوم: گرد نام پدر چہ ے گردی ۱۲......دوسرا مصرع یہ ہے: گرد نام پدر چہ ے گردی ۱۲

.............................................

# ایک سو اسیواں مکتوب (۱۸۰)

مخدوم زادہ املنگی یعنی خواجہ ابوالقاسم کی طرف صادر فرمایا...... ان پیروں کے اسماء کے استفسار میں جن میں تردّد پیدا ہو گیا تھا۔

میرے مخدوم و مکرم! جو کچھ ہمارے حضرت خواجہ محمد باقی علیہ الرحمہ سے ان پیروں کے اسمائے گرامی کی تحقیق میں ہم تک پہنچا ہے وہ یہ ہے کہ حضرت مولانا خواجہ املنگی اور حضرت خواجہ احرار کے درمیان دو بزرگ گذرے ہیں، ایک (حضرت خواجہ املنگی کے والدِ بزرگوار حضرت مولانا درویش محمد اور دوسرے مولانا محمد زاہد جو حضرت مولانا درویش محمد کے ماموں ہیں۔

کچھ عرصہ ہوا کہ مشیخت پناہ خواجہ خاوند محمود اس علاقہ میں تشریف لائے تھے، انہوں نے پہلی ہی ملاقات میں حضرت مولانا مذکور (درویش محمد) کا ذکر شروع کر دیا اور فرمایا کہ وہ کسی سے مجاز نہ تھے اسی وجہ سے وہ شروع میں مرید نہ کرتے تھے، لیکن آخر عمر میں انہوں نے شیخی (پیری مریدی) شروع کر دی تھی...... (جواب میں) کہا گیا کہ وہ بزرگ تھے، اور ماوراء النہر کے تمام لوگ ان کی بزرگی کے قائل تھے، وہ ہرگز اس بات کو پسند نہیں کر سکتے تھے کہ ابتدا یا آخر (عمر) میں بغیر اجازت کے کسی کو مرید کریں، اس قسم کا عمل خیانت میں داخل ہے، ایک کم درجے کے مسلمان پر بھی اس قسم کا گمان نہیں کیا جا سکتا چہ جائیکہ اکابر دین پر (ایسا گمان کیا جائے)۔

اس کے بعد خواجہ خاوند محمود نے فرمایا کہ ایک روز مولانا (درویش محمد) خواجہ کلاں دہ بیدی (مضافاتِ سمرقند) کی خدمت میں تشریف لے گئے (اس وقت) وہ خربوزہ کھا رہے تھے۔ مولانا نے (بھی) خربوزہ کی خواہش کی۔ انہوں نے فرمایا آپ کو خربوزہ تمام (یعنی پختہ) ہو گیا۔ مولانا نے فرمایا آپ گواہی دیتے ہیں کہ ہمارا خربوزہ تمام ہو چکا (یعنی درجہ کمال کو پہنچ چکا)۔ انہوں نے جواب دیا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ کا خربوزہ تمام ہے۔ اس وقت سے مولانا نے مرید کرنا شروع کر دیا...... یہ نقل بھی بعید از قیاس معلوم ہوتی ہے کہ صرف اس بنیاد پر مولانا اپنے آپ کو شیخ تصور کریں اور مرید کرنے کے درپے ہو جائیں...... اس کے بعد خواجہ خاوند محمود نے فرمایا کہ ان دو بزرگوں کے نام جو حضرت مولانا (درویش محمد) اور حضرت خواجہ احرار کے درمیان نقل کئے جاتے ہیں اور دو نام بتائے جاتے ہیں درست نہیں ہے اور دوسرے نام بھی بتائے اور یہ بھی کہا کہ مولانا درویش محمد کو اپنے ماموں سے کوئی نسبت حاصل نہیں بلکہ کسی دوسرے شخص سے ہے۔

اُن کی ان باتوں سے بہت تعجب ہوا (اس لئے) مجبوراً آپ کو تکلیف دی جاتی ہے کہ ان دو بزرگوں کے ناموں کی تحقیق کر کے لکھیں کہ کسی کو شک و شبہ کی گنجائش نہ رہے، اور اجازت کے واقعہ کو لکھنے کی کیا ضرورت ہے ان کی بزرگی ہی خود معتبر گواہ ہے۔ تاہم اگر (اجازت کے متعلق بھی) لکھیں تو بہتر ہے تا کہ طعنہ دینے والوں کی زبان بند ہو جائے...... یہ معلوم نہ ہو سکا کہ خواجہ خاوند محمود کی ان پریشان کُن باتوں سے کیا مقصد تھا۔ اگر ان کا مقصد ان بے سرمایہ فقراء کی زوردار طریقے پر نفی کرنا





Marfat.com

تھی ، کیونکہ پیر کی نفی سے مرید کی نفی لازم آتی ہے تو ہم بے سروسامان فقیروں کی نفی کے بہت سے طریقے ہیں اس کی کیا ضرورت تھی کہ ان بزرگوں کی نفی کی جائے اور اگر ان کا مقصود کچھ اور تھا اور صرف ان ہی دو بزرگوں کی نفی مقصود تھی تو بھی غیر مستحسن ہے جیسا کہ یہ بات ادنیٰ سمجھ رکھنے والے پر بھی پوشیدہ نہیں۔ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ بِحُرْمَةِ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ وَعَلٰى اٰلِهِ الصلوات والتسلیمات والسلام عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ۔ (آل عمران،۳، آیت،۸)

## ﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿ص۶۵﴾ ۳ قولہ بدانکہ...... حضرت خواجہ محمد باقی قدس سرہ دہلوی ظاہر نسبت خواجہ مولانا خواجگی امکنگی سے رکھتے تھے۔ امکنگ ایک گاؤں ہے جو سمرقند کے قرب وجوار میں ہے خواجہ امکنگی علیہ الرحمۃ حضرت شیخ درویش محمد علیہ الرحمۃ کے مرید تھے اور وہ شیخ محمد زاہد علیہ الرحمۃ کے مرید تھے اور وہ خواجہ عبید اللہ احرار کے مرید اور وہ مولانا یعقوب چرخی علیہ الرحمۃ اور وہ خواجہ علاء الدین عطار کے مرید اور وہ خواجہ بہاء الدین نقشبند قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے مرید تھے ۱۲ لمصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

﴿ص۶۶﴾ ۱ مولانا درویش محمد علوم ظاہری اور باطنی کے جامع تھے، ظاہری اور معنوی رموز سے واقفیت رکھتے تھے، جذبہ اور استغراق کے اوصاف سے موصوف تھے، سخاوت اور عطا میں مشہور تھے، پندرہ سال زہد وریاضت میں گذارے، بغیر بیوی بچوں کے ویران جگہ زندگی بسر کرتے تھے، حضرت خضر علیہ السلام کی راہنمائی سے شیخ محمد زاہد قدس سرہ کے پاس آئے اور ان ہی کے پاس سلوک کی تکمیل کی اور ۹۷۰ھ میں وفات پائی ۱۲ از حواشی ہدیہ مجددیہ ۱۲

۲ مولانا محمد زاہد فقر وتجرید، تفرید وورع تقویٰ وزہد اور اتباع سنت میں بلند درجات پر فائز تھے، حضرت خواجہ احرار رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں پہنچنے سے چند برس قبل ریاضت ومجاہدہ میں اس قدر محو رہے کہ اپنی آنکھ کو نیند سے باخبر نہ ہونے دیا، ایک اشارہ غیبی کے تحت حضرت خواجہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور شرف بیعت حاصل کیا، خواجہ کو نور باطن سے معلوم ہوگیا لہذا استقبال کے لئے باہر آئے راستہ میں ملاقات کا اتفاق ہوا تو بغل گیر ہوگئے، ایک درخت کے سایہ میں بیٹھ گئے وہیں بیعت سے سرفراز کیا اور اسی وقت خرقہ خلافت پہنایا اور رخصت فرمادیا، اس ایک صحبت کے بعد دوسری بار ملاقات نہ ہوئی ۱۲ ھدیہ مجددیہ کے حواشی سے ماخوذ۔

۳ جاننا چاہیے کہ خواجہ خاوند محمود علیہ الرحمۃ کا ظاہری نسب خواجہ علاء الدین عطار رحمۃ اللہ علیہ سے چھ واسطوں سے مل جاتا ہے، آپ نے باطنی نسبت خواجہ اسحاق دہبیدی کی صحبت میں حاصل کی تھی، اس کے بعد سیاحت اختیار کرلی اور کشمیر میں قیام پذیر ہوگئے، وہاں پر ایک خانقاہ تعمیر کرائی اور ترویج طریقت میں مصروف ہوگئے، وہاں سے لاہور آئے اور یہاں ہی وصال فرما گئے۔ خواجہ اسحاق، مخدوم کلاں دہبیدی کی اولاد میں سے تھے، وہ قاضی محمد کے خلیفہ تھے اور وہ خواجہ احرار کے خلفا میں سے تھے، خواجہ اسحاق نے مولانا لطف اللہ سے نسبت معنوی حاصل کی تھی اور مولانا لطف اللہ اپنے والد کے خلفا میں سے تھے (یہ مولانا محمد مراد نے لکھا ہے)

۴ قولہ گفتہ شد، یعنی اس وجہ سے خواجہ خاوند محمود کو کہا گیا کہ آپ کا قول درست نہیں ہے کہ وہ کسی سے (بیعت کے) مجاز نہیں تھے ۱۲

۵ ماوراء النھر وہ چیز جو دریا اور نہر کے اس طرف ہو، چونکہ ملک توران ایران سے دریائے جیحون کے دوسری طرف ہے لہذا ملک توران کو عربی دان ایرانی ماوراء النہر کہتے ہیں ۱۲ غ

۶ قولہ ہم، یعنی جیسا کہ خواجہ خاوند محمود کا قول ہے کہ ''وہ کسی سے مجاز نہ تھے'' درست نہیں تھا اور یہ نقل بھی الخ ۱۲ لمصحح سلمہ اللہ

ـ قولہ اجازت: کیونکہ حضرت مولانا خواجگی امکنگی مجاز تھے ۱۲





Marfat.com

﴿صہ ٦٧﴾۔ اس آیت کریمہ کی طرف اشارہ ہے جو سورہ آل عمران کے شروع میں واقع ہے یعنی اے ہمارے رب! نہ ٹیڑھے کر ہمارے دل بعد اس کے کہ تو نے ہدایت دی ہمیں اور عطا فرما ہمیں اپنے پاس سے رحمت، بے شک تو ہی سب کچھ بہت زیادہ دینے والا ہے ۱۲

.........................................................

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ٦٥﴾ ☆ خواجہ ابو القاسم......پسر مولانا خواجگی املنکی ۱۲......مولانا خواجگی املنکی کے بیٹے ۱۲ ☆ تَرَدُّد......شک ۱۲......شک ☆ آنچہ از......مبتدا ۱۲......مبتدا خبر ملکر ☆ خواجہ املنکی......پرحضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ ۱۲ ☆ آنست کہ......خبر ۱۲......جملہ اسمیہ ہوا ۱۲ ☆ دو بزرگ......یعنی مابین این ہر دو بزرگواران دو بزرگ اند ۱۲......یعنی ان دو بزرگوں کے درمیان دو بزرگ ہیں ۱۲ ☆ مولانا خواجگی ۱۲......مولانا خواجگی املنکی ۱۲

﴿صہ ٦٦﴾ ☆ مولانا مذکور......خواجگی ۱۲......خواجگی املنکی ۱۲ ☆ ایشان......مولانا خواجگی ۱۲......مولانا خواجگی املنکی ☆ ماوراء النہر......توران ۱۲......توران ☆ یکروز مولانا......خواجگی املنکی ۱۲......مولانا خواجگی املنکی ☆ بادنائے مسلم......با کمینہ مسلمان ۱۲......کسی کمینہ مسلمان کے ساتھ ۱۲ ☆ دہ بیدی......منسوب بہ دہ بید قریہ ایست از مضافات سمرقند ۱۲......دہ بید کی طرف منسوب ہے جو ایک بستی ہے سمرقند کے گردونواح میں ۱۲ ☆ تمام است......پختہ ۱۲ ☆ پکا ہوا ۱۲ ☆ نمود کہ......علت ۱۲......وجہ ۱۲ ☆ ایشان......خاوند محمود ۱۲......خاوند محمود ☆ گواہ عدل......ثقہ ۱۲......معتبر گواہ ۱۲ ☆ لسان......زبان ۱۲......زبان ☆ مقصود......شرط ۱۲ شرط ☆ پس نفی......جزا ۱۲......شرط اور جزا ملکر جملہ ہوگیا ۱۲ ☆ بضاعت......سرمایہ ۱۲......مال و دولت ۱۲ ☆ مقصود دیگر......یعنی از نفی این بزرگان نفی اینم فقراء علی وجہ الاستلزام مراد نداشتہ اند بلکہ نفی این بزرگان بالاصالۃ مراد شان بودہ است ہم مستحسن نیست ۱۲......یعنی ان بزرگوں کی نفی سے ان (ہم) فقیروں کی نفی لزومی طور پر مراد نہیں رکھی گئی بلکہ ان بزرگوں کی نفی اصلی طور پر ان کی مراد ہے، یہ بھی اچھا نہیں ہے

.........................................................

# ﴿ایک سو اکیاسیواں مکتوب﴾ ﴿۱۸۱﴾

حضرت مخدوم زادہ اعنی میاں خواجہ محمد صادق کی طرف صادر فرمایا اللہ تعالیٰ ان کو دوستوں کے سروں پر سلامت اور باقی رکھے۔ اُن کے اس سوال کے جواب میں کہ اس کا کیا سبب ہے کہ میں مشائخ کی ایک جماعت کو دیکھتا ہوں کہ قرب الٰہی جل شانہٗ کے مراتب میں ادنی درجہ رکھتی ہے۔ لیکن زہد و توکل وغیرہ میں ان کے درجات بہت بلند ہیں، اور اسی طرح (مشائخ کی) دوسری جماعت کو دیکھتا ہوں کہ مراتبِ قرب میں فوقیت رکھتی ہے لیکن مذکورہ مقامات میں تنزل اور اس کے مناسب بیان میں۔

میرے فرزند ارشد محمد صادق نے دریافت کیا کہ اس کا کیا سبب ہے کہ میں مشائخ کی ایک جماعت کو دیکھتا ہوں کہ قرب الٰہی جل سلطانہٗ کے مراتب میں ادنی درجہ رکھتی ہے حالانکہ مقاماتِ زہد و توکل اور صبر و رضا میں ان کے درجات بہت بلند معلوم ہوتے ہیں اور مشائخ کی دوسری جماعت کو دیکھتا ہوں کہ وہ درجہ قرب کے مراتب میں بلند درجہ رکھتے ہیں لیکن مقاماتِ زہد و توکل وغیرہ میں ان کے قدم نیچے ہیں۔ اور یہ بات شدہ ہے کہ جس قدر یقین اتم ہوگا اسی قدر مقامات اکمل ہوں





Marfat.com

گے، اور یقین کا اتم ہونا جناب قدس خداوندی جل شانہٗ کی قربت کی وجہ سے ہے۔ لہذا یہ بات چند امور سے خالی نہیں معلوم ہوتی، یا تو ہماری کشفی نظر خطا کرتی ہے کہ قریب کو بعید اور بعید کو قریب جانتے ہیں، یا ان مقامات کی اکملیت کا سبب یقین سے بالاتر کوئی بات ہے، یا یقین کا قرب پر مترتب ہونا منحصر نہیں ہے۔

ہم اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ یقین قرب پر مرتب ہے یعنی جتنا قرب زیادہ ہوگا اتنا ہی یقین بھی زیادہ ہوگا۔ اور ان مقامات کی اکملیت کا سبب بھی یقین کی اتمیت پر ہے اور کوئی وجہ نہیں، نظرِ کشفی بھی صحیح ہے..... خلاصہ یہ ہے کہ قرب کا حصول اس (حق تعالیٰ) کی مہربانیوں میں سے الطفِ لطائف (سب سے بڑی مہربانی) ہے، لہذا یقین بھی اسی کے مطابق حاصل ہوتا ہے۔ کیونکہ ان مقامات کی اکملیت کا مرتب ہونا یقین کی اتمیت پر منحصر ہے اس لئے وہ بھی ان ہی بزرگوں کو حاصل ہے۔ ہوسکتا ہے کہ کسی بزرگ نے باوجود قلتِ قرب کے مقاماتِ الطف لطائف میں رہ کر درجہ حاصل کیا ہو اور لطائف کے کشف کی طرف رجوع نہ کیا، اور مذکورہ مقامات میں زیادہ کامل ہو اس بزرگ سے جو مقامِ قرب کا زیادہ حامل ہے اور زیادہ کثیف لطیفہ کے ساتھ جو کہ لطیفہ قالب ہے رجوع کیا ہو، کیونکہ جب لطیفہ قالب اس قرب سے محروم ہے تو یقین بھی اس کے نصیب میں نہیں ہوگا لہذا ان مقامات کی اکملیت کہاں سے پیدا کرے گا۔ اور اگر کوئی بزرگ اس لطیفہ کی طرف رجوع ہوگیا تو وہ اس لطیفہ کا حکم پیدا کرلے گا اور دوسرے لطائف کے یقینیات جو پہلے حاصل ہوگئے تھے سب پنہاں ہوگئے ہوں بخلاف اس بزرگ کے جس کا رجوع قالب کی طرف متوجہ نہیں ہوا تو اس کا حکم بھی الطفِ لطائف کے حکم میں ہے۔ اس کے حق میں قرب و یقین استقامت رکھتے ہیں اور وہ اس سے پوشیدہ نہیں ہوئے ہیں۔ پس لازماً وہ مذکورہ مقامات میں اکمل و اتم ہوگیا۔

لیکن جاننا چاہیے کہ صاحب رجوع جس طرح یقین اور قرب میں اکمل ہے اسی طرح مقامات میں بھی اکمل ہے لیکن اس کے یہ کمالات پوشیدہ رکھے جاتے ہیں اور دعوتِ خلق کی خاطر عوام کی مناسبت کے حصول کے لیے اس کے ظاہر کو عوام الناس کے ظاہر کی طرح فائدے اور فیض کا باعث بنا دیتے ہیں، یہ مقام اصالۃً انبیاءِ مرسل علیہم الصلوات والتسلیمات کا ہے، یہی وجہ ہے کہ حضرت ابراہیم خلیل الرحمٰن علی نبینا وعلیہما الصلوٰۃ والسلام نے اپنے دل کا اطمینان طلب کیا اور یقین حاصل کرنے میں عوام الناس کی طرح ظاہری نگاہ سے دیکھنے کے محتاج ہوئے۔ اور حضرت عزیر علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے بھی فرمایا: اَنّٰى يُحْيِي هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا (بقرۃ،۲، آیت، ۲۵۹) (اللہ تعالیٰ اس بستی کو موت کے بعد کیسے زندہ کریگا)..... اور جس نے رجوع نہیں کیا اور اپنے یقین سے یہ کہا کہ اگر (غیب کے) تمام حجابات اٹھا دیئے جائیں تو بھی میرے یقین میں اضافہ نہیں ہوگا اگر یہ ثابت ہوجائے کہ یہ کلام حضرت امیر علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کا ہے تو یہ اس بات پر محمول کیا جائیگا کہ آپ کا یہ کلام رجوع الی الخلق سے پہلے کا ہے کیونکہ رجوع کے بعد صاحب رجوع عوام الناس کی طرح یقین کے حصول میں دلائل و براہین کا محتاج ہے..... اس درویش کو رجوع سے پیشتر علمِ کلام کے تمام معتقدات ظاہر ہوگئے تھے اور ان معتقلات کے یقین کو محسوسات کے یقین سے زیادہ پاتا تھا، لیکن رجوع کے بعد وہ یقین پوشیدہ ہوگیا اور عوام الناس کی طرح دلائل و براہین کا محتاج ہوگیا۔ ع





Marfat.com

؎ چنانکہ پرورشم می دہند می رویم

ترجمہ:۔ (جس طرح پالتے ہیں پکتا ہوں میں) (والسلام)

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۶۷﴾ ۱؎ قولہ خواجہ محمد صادق رحمۃ اللہ علیہ امام ربانی قدس سرہ کے بڑے فرزند بُر ومند تھے ان کی ولادت ۱۰۰۰ھ میں ہوئی تھی، بچپن ہی کے زمانہ میں ان کے دادا صاحب (خواجہ عبد الاحد) رحمۃ اللہ علیہ نے ان کو اپنی تعلیم و تربیت میں رکھا تھا، وہ فرماتے تھے کہ یہ بچہ مجھ سے اشیا کی کیفیت وحقیقت سے متعلق ایسے عجیب سوالات کرتا ہے کہ ان کا جواب دینا مشکل ہو جاتا ہے، آٹھ سال کی عمر میں حضرت خواجہ خود سے فانی اور حق کے ساتھ باقی کی نظر میں مقبول ہو گئے اور حضرت خواجہ کی برکات سے بڑے عجیب اور نادر احوال اور عظیم معاملات ان کے نصیب ہوئے، اس کے بعد حضرت خواجہ نے اپنی حیات میں ہی مخدوم زادے کو حضرت امام ربانی کے حوالے کر دیا اور وہ کمال واکمال کی انتہا تک پہنچ گئے، حضرت مخدوم زادہ بزرگ کا انتقال بروز پیر نو ربیع الاول ۱۰۲۵ھ کو ہوا۔ ان کی تاریخ وصالہم از یں لفظ برمی آید۔ حضرت مجدد رحمۃ اللہ نے اپنے کئی مکتوبات میں مخدوم زادہ کے بعض کمالات بیان فرمائے ہیں ۱۲ خلاصہ زبدۃ المقامات

۲؎ قولہ اقربیۃ...... پس ان کمالات کی اکملیت بغیر اقربیت کے ثابت نہیں ہوتی، اسی طرح اس کا عکس (اکملیت کے بغیر اقربیت نہیں) اور مذکورہ دونوں حالوں کا جمع ہونا اس کے خلاف دیکھا جاتا ہے، پس یہ بات چند امور سے خالی نہیں معلوم ہوتی الخ

۳؎ قولہ پس تواند بود...... جواب اور تحریر کا خلاصہ یہ ہے کہ مشائخ کی وہ جماعت جو قرب کے مرتبوں میں ادنٰی درجہ رکھتی ہے اور مذکورہ مقامات میں ان کے درجات بلند سمجھ میں آتے ہیں ان کے بلند مقامات دوسری جماعت کے مقامات سے، نہ کہ الطف لطائف (سب سے بڑی مہربانی) کے مقامات والوں کی نسبت، بلکہ ان کثیف نسبت والوں کے مقابلہ میں، پس ادنٰی جماعت قرب میں اور مقامات مذکورہ میں بھی ادنٰی ہیں دوسری جماعت کی نسبت سے، لیکن الطف لطائف والوں کی نسبت سے نہیں۔ اور وہ جماعت جو مراتب قرب میں بلند درجہ رکھتے ہیں اور مذکورہ مقامات مین قدم نیچے ہیں، یہ ان کے قدموں کی پستی ان کے کثیف لطائف کے اعتبار سے ہے نہ کہ الطف لطائف کے اعتبار سے، پس مقامات مذکورہ میں بھی وہ اکمل ہیں پہلی جماعت سے، پس جو اَقرب ہے وہ اکمل ہے اور جو غیر اقرب ہے وہ غیر اکمل ہے پس سوال کا سبب لطائف کے مراتب میں امتیاز نہ ہونے کی وجہ سے ہے۔ واللہ اعلم وعلمہ اتم ۱۲

﴿صہ ۶۸﴾ ۱؎ قولہ اطمینان قلب...... اس آیت کریمہ کی طرف اشارہ ہے جو تیسرے پارہ میں سورہ بقر کی آیت ۲۶۰ ہے۔ وَاِذْ قَالَ اِبْرَاهِيمُ رَبِّ اَرِنِي كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِيَطْمَئِنَّ قَلْبِي قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِنَ الطَّيْرِ الخ یعنی اور یاد کرو وہ جب عرض کی ابراہیم نے اے میرے پروردگار دکھا مجھے کہ تو کیسے زندہ فرماتا ہے مردوں کو؟ فرمایا: (اے ابراہیم) کیا تم اس پر یقین نہیں رکھتے، عرض کی ایمان تو ہے لیکن (یہ سوال اس لئے ہے) تا کہ مطمئن ہو جائے میرا دل، فرمایا تو پکڑ لے چار پرندے الخ ۱۲

۲؎ قولہ اَنّٰی...... اس آیت کریمہ کی طرف اشارہ ہے جو تیسرے پارہ میں سورہ بقرہ کی آیت ۲۵۹ ہے۔ اَوْ كَالَّذِي مَرَّ عَلٰى قَرْيَةٍ وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا قَالَ اَنّٰى يُحْيِي هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا الخ یعنی یا (کیا نہ دیکھا اس شخص کو) جو گذرا ایک بستی پر اس حال میں کہ وہ گری پڑی تھی اپنی چھتوں کے بل، کہنے لگا کیوں کر زندہ کرے گا اسے اللہ تعالٰی اس کے ہلاک ہونے کے بعد الخ ۱۲۔

۳؎ اِشَارَةٌ اِلٰى مَا وَرَدَ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ یہ اشارہ ہے اسکی طرف جو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کیا گیا ہے یعنی غیب کی چیزوں سے تمام حجاب اٹھا دیے جائیں تو میرا یقین زیادہ نہ ہوگا بلکہ جیسا تھا ویسا ہی رہے گا،

پہلا دفتر مکتوب ۱۱۰ از ۱۲۰ تیسرا حصہ



Marfat.com

یہ بات ان کے درجہ کمال تک پہنچنے کی وجہ سے ہے۱۲ قولہ این درویش ...... یعنی بنفس نفیس حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہ۱۲

..............................................

☆متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۶۷﴾ ☆تَفَوُّق ...... فوقیت۱۲ ...... برتری۱۲ ☆تنزل ...... یعنی دارند۱۲ ...... کم درجہ رکھتی ہے۱۲ ☆ادنیٰ ...... پایہ پائین۱۲ ...... کم مرتبہ سب سے کم۱۲ ☆درجہ ...... پایہ۱۲ ...... مقام۱۲ ☆سفلے ...... دارندہ۱۲ ...... کم درجہ رکھنے والے۱۲ ☆باعتبار ...... یعنی بسبب۱۲ ...... سبب سے ☆اقربیت است ...... نہ غیر آن۱۲ ...... نہ اس کے علاوہ۱۲ ☆ورائے ...... غیر۱۲ ...... علاوہ۱۲ ☆قرب نیست ...... بلکہ برامرے دیگر۱۲ ...... بلکہ دوسرے امر پر۱۲ ☆ترتب یقین ...... یعنی ہر سہ امر راست است۱۲ ...... یعنی تینوں امر درست ہیں۱۲

﴿صہ ۶۸﴾ ☆باکثف ...... یعنی بکثیف ترین لطائف کہ قالب است رجوع نہ کردہ۱۲ ...... یعنی کثیف ترین لطائف جو بدن ہے اسکی طرف رجوع نہ کیا ہو۱۲ ☆مقامات مذکورہ ...... یعنی زہد و توکل و رضا وغیرہ۱۲ ...... یعنی زہد، توکل اور رضا وغیرہ۱۲ ☆مستور ...... پنہان۱۲ ...... پوشیدہ۱۲ ☆دَعوتِ خلق ...... بحق۱۲ ...... اللہ تعالیٰ کی طرف۱۲ ☆افادہ ...... فائدہ رسانیدن۱۲ ...... فائدہ دینے والا۱۲ ☆استفادہ ...... فائدہ گرفتن۱۲ ...... فائدہ لینے والا۱۲ ☆برویۃ بَصَری ...... دید چشم۱۲ ...... آنکھ کے دیکھنے سے۱۲ ☆امیراست ...... علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ۱۲ ☆کلامیہ ...... علم کلام۱۲ ...... عقائد کا علم۱۲ ☆مستور ...... پنہان۱۲ ...... پوشیدہ۱۲ ☆رنگ ...... مانند۱۲ ...... مثل۱۲ ☆میرویم ...... از رویئدن بمعنی برآمدن سبزہ از زمین۱۲ ...... رویئدن مصدر سے یعنی زمین سے سبزے کا باہر آنا۱۲

..............................................

# ایک سو بیاسیواں مکتوب ﴿۱۸۲﴾

ملا صالح کولابی کی طرف صادر فرمایا ...... اس حدیث نبوی علیہ وعلیٰ آلہ الصلوۃ والسلام کے بیان میں جس میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اپنے برے خطرات (وساوس) کی شکایت کی تھی آپ ﷺ نے جواب میں فرمایا یہ کمالِ ایمان میں سے ہے اور اس کے مناسب بیان میں۔

درویشوں کی ایک جماعت بیٹھی ہوئی تھی (اتفاق سے) طالبانِ طریقت کے خطرات و وساوس کے بارے میں گفتگو شروع ہوگئی۔ اسی ضمن میں ایک حدیث کا ذکر آیا کہ ایک روز حضرت خیر البشر علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات کے اصحاب کرام میں بعض نے آں سرور عالم ﷺ کی خدمت میں اپنے بُرے خطرات (وساوس) کی شکایت کی۔ آں سرور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: ذٰلِكَ مِنْ كَمَالِ الْاِيْمَانِ (یہ کمالِ ایمان میں سے ہے) ...... اس وقت اس حدیث کے معنی اس فقیر کے دل میں اس طرح آئے ...... اور حقیقت حال کو اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ ہی زیادہ جانتا ہے ...... کہ کمالِ ایمان سے مراد کمالِ یقین ہے اور کمالِ یقین کمالِ قرب پر مترتب ہے، اور قلب اور اس سے اوپر کے لطائف (روح، سر، خفی، اخفی) کو قربِ الٰہی جل شانہٗ جسقدر زیادہ حاصل ہوگا اسی قدر ایمان و یقین بھی زیادہ ہوگا، اور قالب کے ساتھ اس کی بے تعلقی زیادہ ہو جائے گی۔ اس وقت خطرات قالب میں بہت زیادہ ظاہر ہوں گے اور بہت نامناسب وسوسے نمایاں ہوں گے۔ پس لازماً برے خطرات کا سبب

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ



Marfat.com

کمالِ ایمان ہوگا......لہذا انہایت النہایت کے منتہی کو خطرات جسقدر زیادہ اور نامناسب ہوں گے ایمان کی اکملیت اسی قدر زیادہ ہوگی کیونکہ کمالِ ایمان اس امر کا مقتضی ہے کہ تمام لطائف سے الطف لطیفہ کو لطیفہ قالب کے ساتھ کامل بے مناسبتی ہو، اور یہ بے مناسبتی جسقدر زیادہ ہوگی قالب اسی قدر زیادہ خالی اور ظلمت وکدورت سے زیادہ نزدیک ہوگا اور اس میں خطرات و وساوس اسی قدر زیادہ ہوں ہوں گے بخلاف مبتدی اور متوسط کے کہ اس قسم کے خطرات ان کے لئے زہر قاتل اور باطنی مرض کو زیادہ کرنے والے ہیں: فَلَا تَكُنْ مِنَ الْقَاصِرِيْنَ (پس تو ہمارے کلام کے سمجھنے میں) قصور کرنے والوں میں سے نہ ہو...... یہ معرفت اس فقیر کے دقیق معارف میں سے ہے......اور سلام ہو اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی اور حضرت محمد مصطفٰے علیہ وعلٰی آلہ الصلوۃ والسلام کی تابعداری اپنے اوپر لازم کی۔

---

## ﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ ۶۹﴾ ۱ قوله : ذٰلِكَ من كمال الايمان : عن ابى هريرة رضى الله تعالٰى عنه قال: جاء ناس من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم الى النبى صلى الله عليه وسلم فسألوه : انا نجد فى أنفسنا ما يتعاظم أحدنا أن يتكلم به ! قال: " أو قد وجدتموه " ؟ قالوا: نعم قال : " ذاك صريح الايمان " - رواه مسلم (مشكوٰة كِتاب الايمان ، باب الوسوسة) حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کی ایک جماعت حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئی اور آپ سے دریافت کیا کہ بے شک ہم لوگ اپنے دلوں میں ایسے ایسے وسوسے محسوس کرتے ہیں کہ ہم میں سے ہر آدمی انہیں زبان پر لانا نہایت سخت، بڑا گراں، بہت مکروہ اور ناپسند جانتا ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا واقعی دلوں میں آنے والے ان بُرے خیالات کو تم لوگ زبان پر لانا بُرا اور گراں خیال کرتے ہو؟ انہوں نے عرض کیا: جی ہاں! حضور علیہ السلام نے فرمایا: تمہارا انہیں گراں اور ناپسند جاننا تمہارے خالص الایمان ہونے کی دلیل ہے کیونکہ یہ گرانی و ناپسندیدگی یہ سب کچھ ایمان کے آثار ونتائج ہیں کہ معصیت وگناہ کو اس حد تک قبیح اور بُرا جاننا کہ اسے زبان پر لانے کو تیار نہ ہونا بندے کے صدق ایمان کا اثر ہے۱۲ اس حدیث کو مسلم نے روایت کیا ہے۱۲۔ ترجمہ مشکوٰۃ از شیخ عبدالحق رحمہ اللہ

۲ پس تو (ہمارے کلام کے سمجھنے میں) کمی کرنے والوں میں سے نہ ہو، اور ہر حق والے کا حق پہچانو، اللہ تعالٰی نے فرمایا: وَأْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا (گھروں میں آؤ ان کے دروازوں سے)۱۲

..............................

☆ متن...... بین السطور...... معانی

﴿صہ ۶۹﴾ ☆ کولابی...... بدانکہ شمہء از حال شان بحاشیہ مکتوب صد وشصت ویکم از زبدۃ المقامات نقل نمودہ شد۱۲...... جاننا چاہیے کہ ان کے مختصر حالات مکتوب نمبر ۱۶۱ کے حاشیہ میں زبدۃ المقامات سے نقل کئے گئے ہیں ۱۲ ☆ خطرات...... خیالات فاسدہ و وساوس کا سد ۱۲...... فاسد خیالات اور برے وسوسے ۱۲ ☆ مافوق او...... از روح وسر وخفی واخفٰی ۱۲...... یعنی رُوح، سر، خفی اور اخفی ۱۲ ☆ بقالب ...... کالبد ۱۲...... تن، بدن ۱۲ ☆ لائح...... ظاہر ۱۲...... ظاہر ☆ سَم...... زہر ۱۲...... زہر ☆ غامضہ...... دقیقہ ۱۲...... لطیف وباریک ۱۲

..............................



Marfat.com

# ایک سوتریاسیواں مکتوب (۱۸۳)

ملا معصوم کابلی کی طرف نصیحت کے طور پر صادر فرمایا۔

حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ حضرت محمد مصطفےٰ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کے راستے پر استقامت فرما کر کلی طور پر اپنے جنابِ قدس کی گرفتاری نصیب فرمائے......امید ہے کہ مختلف تعلقات اور پراگندہ توجہات جو کہ آپ کے اوپر بظاہر غلبہ پا گئے ہیں باطنی نسبت میں مانع نہیں ہوں گے۔اور باوجود اس کے کوشش فرمائیں کہ ظاہری حالات کے متفرق ہونے میں بھی کمی آجائے ایسا نہ ہو کہ وہ باطن میں سرایت کر جائے اور اصل مقصد تک پہنچنے سے باز رکھے۔عِیَاذًا بِاللّٰہِ سُبْحَانَہٗ مِنْ ذٰلِکَ (حق تعالیٰ سبحانہ اس سے اپنی پناہ میں رکھے)......دنیا اور جو کچھ دنیا میں ہے وہ اس لائق نہیں ہے کہ اپنی عمر عزیز صرف کر کے اس کو حاصل کیا جائے۔خبر کر دینا شرط ہے۔اس خوابِ خرگوش میں کب تک رہو گے۔

؎ اے سرائے دباغ تو زندانِ تو　　خان و ماں تو بلائے جان تو

ترجمہ:۔ (ہیں یہ سب باغ و محل، زنداں تجھے　　خان و ماں بھی ہیں بلائے جاں تجھے)

مرنے سے پہلے اگر کوئی (نیک) کام کر لیا تو اچھا ہے ورنہ خرابی ہی خرابی ہے، باطن کے سبق کو نہایت عزیز جاننا چاہیے اور جو کچھ اس کے منافی ہے اس کو دشمن سمجھنا چاہیے۔

؎ ہرچہ جز عشقِ خدائے احسن است　　گر شکر خوردن بود جان کندن است

ترجمہ:۔ (عشق حق کے ماسوا سب قہر ہے　　گو وہ شیریں بھی ہے آخر زہر ہے)

مَا عَلَی الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلَاغُ (قاصد کا کام حکم پہنچا دینا ہے) والسلام

---

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۱۰۷﴾ ۱؎ قولہ تخفیف کہ: دونوں فا کے ساتھ خفت سے یعنی سبکی، ہلکا پن، گرانی اور ثقل کی ضد، حاصل یہ ہے کہ خدا نہ کرے کہ ظاہری اسباب کا جمع کرنا باطنی نسبت میں خلل ڈال دے ۱۲

۲؎ قولہ فبہا: یعنی اچھے اور قابل تعریف کام حاصل ہو جانا یعنی خوب اور اچھا ہے ۱۲

..............................

☆متن......بین السطور......معانی

☆جادہ شریعت......راہ راست ۱۲......سیدھا راستہ ۱۲ ☆استیلا......غلبہ ۱۲......غلبہ ☆عِیَاذًا......بالکسر بمعنی پناہ و پناہ گرفتن ۱۲......عین کی زیر سے، پناہ اور پناہ لینے کے معنی میں ۱۲ ☆مافیہا......وآنچہ در دنیا است ۱۲......وہ جو کچھ دنیا میں ہے ۱۲ ☆کرائے......نرخ وقدر و کرایہ و کرایہ دادن ۱۲......نرخ بھاؤ، کرایہ اور کرایہ دینا ۱۲ ☆گرامی......عزیز ۱۲......عزت دار، معزز ۱۲ ☆اِلَّا......ورنہ ۱۲......ورنہ

..............................

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ



Marfat.com

# ﴿ایک سو چوراسیواں مکتوب ١٨٤﴾

قلیج اللہ کی طرف صادر فرمایا......سید المرسلین علیہ الصلوٰۃ والسلام کی متابعت کی ترغیب میں۔

مکتوب مرغوب جو فرزند ارجمند نے ازروئے محبت و اخلاص لکھا تھا میر سید خواجہ نے پہنچا دیا۔ خوشی کا باعث ہوا حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ بحرمۃ النبی وآلہ الامجاد علیہ وعلیہم الصلوات التسلیمات اتمہا واکملہا اپنے پسندیدہ کاموں کی توفیق عطا فرمائے......اے فرزند! جو کچھ کل روزِ قیامت میں کام آئے گا وہ حضرت صاحب شریعت علیہ الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کی متابعت ہے۔ احوال و مواجید، علوم و معارف اور اشارات و رموز اگر آنحضرت ﷺ کی متابعت کے ساتھ جمع ہو جائیں تو بہت ہی اچھا ہے۔ ورنہ سوائے خرابی اور استدراج کے، کچھ نہیں ہے۔

سید الطائفہ حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کو ان کے انتقال کے بعد کسی شخص نے خواب میں دیکھا اور ان کا حال دریافت کیا۔ حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے جواب میں فرمایا وہ تمام عبادتیں ضائع ہوگئیں (یعنی حقائق و معارفہ کی باتیں) اور رموز و اشارات فنا ہو گئے۔ اور ان دو رکعتوں کے علاوہ کسی چیز نے نفع نہیں دیا جو ہم رات کے درمیان پڑھا کرتے تھے۔

لہٰذا تم پر لازم ہے کہ آنحضرت ﷺ اور آپ ﷺ کے خلفائے راشدین کی متابعت پر ثابت قدم رہو اور قول و فعل، عمل اعتقاد میں شریعت کی مخالفت سے بچو، کیونکہ آپ ﷺ کی متابعت سراپا برکت ہے اور آپ کی مخالفت (سراسر) بدبختی اور ہلاکت ہے۔ ان باتوں کو ذہن نشین کرلو۔

دوسرے یہ کہ جو رسالہ تم نے بھیجا تھا وہ مل گیا۔ بعض مقامات کا مطالعہ کیا بہت پسند آیا لیکن دوسرا کام (باطنی سبق) تصنیف و تالیف سے بھی زیادہ اہم ہے اس میں مشغول ہونا ارفع و اعلیٰ ہے۔ والسلام



﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص٢٠٧﴾۔ قولہ فبہا و نعمت : فبہا یعنی قابل تعریف خصلت کا حاصل ہونا اور نعمت یعنی یہ کیسا خوب ہے اور کتنا اچھا ہے ١٢

﴿ص١٧﴾۔ ان کی کنیت ابو القاسم اور پیدائش و وفات بغداد میں ہے فقہ میں سفیان ثوری کا مذہب رکھتے تھے، ان کی وفات بدھ ٢٧ رجب ٢٩٧ھ یا ٢٩٨ھ یا ٢٩٩ھ یا ٣٠٠ھ میں ہے ١٢ از خزینۃ الاصفیاء

۔ قولہ طاحت الخ یعنی عبارتیں مٹ گئیں، اشارات فنا ہو گئے اور ہمیں کسی چیز نے نفع نہ دیا سوائے ان رکعتوں کے جو ہم نے درمیان شب پڑھی تھیں، اس عبارت میں سچے طالبوں کو عبادت و ریاضت کے اہتمام و کوشش کی ترغیب دی ہے اور اس امر کی فہمائش کی ہے کہ صوفیانہ موشگافیوں سے دھوکے میں نہ آنا اور نہ ان کا اعتبار کرنا۔

بیت ۔ کار کن کار بگذر از گفتار کاندرین راہ کار دارد کار

ترجمہ:۔ پوری لگن سے کام میں مصروف رہ باتیں کرنا چھوڑ دے کہ اس راہ میں کام کرنے سے ہی کام بنتا ہے ١٢

(اشعۃ اللمعات ٢/٥١٠، ٥١١)

٢۔ قولہ الارکیعات : عن ابی ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول : أفضل الصلاۃِ بَعْدَ المَفرُوضۃ صلاۃٌ فی جَوفِ اللیل - رواہ احمد (مشکاۃ رقم ١٢٣٦)



Marfat.com

ترجمہ:۔ حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ فرض نمازوں کے بعد افضل نماز رات کے درمیانی حصے میں نماز ہے۔ یہ فضیلت زمانہ اور وقت کے لحاظ سے بیان فرمائی ہے، مکان اور جگہ کے لحاظ سے نفل نماز گھر میں پڑھنا افضل ہے ۱۲ (اشعۃ اللمعات ۲/۱۰ ۵)

۳۔ لہذا تم پر لازم ہے کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے خلفائے راشدین کی اتباع پر ثابت قدم رہو، اور قول وفعل، عمل و اعتقاد میں شریعت کی مخالفت سے بچو، کیونکہ آں سرور علیہ الصلوات والتسلیمات کی متابعت سراسر بابرکت ہے اور سرورِ کائنات علیہ الصلوات والتسلیمات والتحیات کی مخالفت بدبختی اور بے برکتی، بربادی وخرابی اور سراسر رسوائی اور ہلاکت ہے اللہ تعالیٰ ہم کو اس سے پناہ میں رکھے ۱۲

.................................................

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿ص ۰ ۷﴾ ☆ رموز ...... جمع رمز ۱۲ ...... رمز کی جمع ہے ۱۲ ☆ اِلّا ...... ورنہ ۱۲ ...... ورنہ

﴿ص ۷۱﴾ ☆ بعد از فوت ...... یعنی رفتن و ے از دار فنا بدار بقا ۱۲ ...... یعنی فنا کے گھر سے بقا کے گھر میں ان کا چلا جانا ۱۲ ☆ اللیل ...... الی ھنا قدتم قول الجنید ۱۲ ...... یعنی یہاں تک حضرت جنید کا قول ختم ہو گیا ہے ۱۲ ☆ الاولی ...... المتابعۃ ۱۲ ...... یعنی متابعت ۱۲ ☆ الثانیۃ ...... المخالفۃ ۱۲ ...... یعنی مخالفت ۱۲ ☆ ھذا ...... یاد گیر این را ۱۲ ...... اس کو یاد رکھو ۱۲ ☆ کارِ دیگر ...... یعنی سبق دیگر ۱۲ ...... یعنی دوسرا سبق ۱۲ ☆ اہم تر ...... مقصود تر ۱۲ ...... اہم مقصد ۱۲ ☆ باؤ ...... بکار دیگر ۱۲ ...... یعنی دوسرا کام ۱۲

.................................................

# ﴿ ایک سو پچاسیواں مکتوب ۱۸۵ ﴾

منصور عرب کی طرف ایک صاحب کی سفارش میں صادر فرمایا۔

حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ حضرت محمد مصطفےٰ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کی شریعت کے راستے پر استقامت عطا فرما کر آپ کو اپنی جناب قدس کی طرف پوری توجہ کے ساتھ لگا دے...... جو کچھ ہم پر اور آپ پر لازم ہے وہ یہ ہے کہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے ماسوا کی گرفتاری سے اپنے دل کو سلامت رکھیں، اور یہ سلامتی اس وقت حاصل ہوتی ہے جبکہ حق سبحانہٗ کے علاوہ غیر کا دل پر کوئی گذر باقی نہ رہے...... اگر بفرض محال ہزار سال کی زندگی عطا ہو تو بھی اس نسیان کی وجہ سے جو دل کو ماسوائے حق سے حاصل ہے غیر کا دل پر گذر نہ ہو۔ ع

؎ کار اینست وغیر ایں ہمہ ہیچ (کام بس یہ ہے باقی سب کچھ ہیچ ہے)

باقی مقصد یہ ہے کہ مولانا فاضل سرہندی جو آپ کی خدمتِ عالی میں قیام پذیر ہیں ان کے والد سرہند میں ہیں ان کی خواہش ہے کہ اس بڑھاپے اور کمزوری کے زمانے میں اپنے بیٹے کی ملاقات سے مسرور اور شاداں ہوں۔ اس سلسلہ میں آپ کو تکلیف دینے کے لئے انہوں نے فقیر کو ذریعہ بنایا ہے (اگرچہ) یہ کام آپ کے حکم پر موقوف ہے لیکن حقیقت میں سب کچھ اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے۔ والسلام





Marfat.com

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۱۷﴾ ۶ قولہ والامر: یعنی کام تمہارے حکم پر موقوف ہے اور آپ اس کام کا اختیار رکھتے ہیں، اور آپ کا اختیار باقی ہے، بلکہ ہر چیز اللہ تعالیٰ کے پاس سے ہے کیا اختیار اور کیا اس کا غیر...... یہ اشارہ ہے اس آیت کریمہ کی طرف جو سورہ آل عمران (۱۵۴) میں واقع ہے قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ کُلَّہٗ لِلّٰہِ (آپ فرمایئے اختیار تو سارا اللہ کا ہے) نیز اس آیت کی طرف جو سورہ نساء (۷۸) میں واقع ہے قُلْ کُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰہِ (تم فرمادو سب اللہ کی طرف سے ہے) ۱۲

..............................................

☆متن...... بین السطور...... معانی

﴿ص۱۷﴾ ☆جادہ ٔ شریعت...... راہِ راست ۱۲...... سیدھا راستہ ۱۲ ☆ ہمت...... شمار ۱۲...... آپ کو، تم کو ۱۲ ☆ خطورے...... گذرے ۱۲...... گذرے

..............................................

# ﴿ایک سو چھیاسیواں مکتوب (۱۸۶)﴾

خواجہ عبدالرحمن مفتی کابلی کی طرف صادر فرمایا...... سنت کی متابعت اور بدعت سے بچنے کی ترغیب میں اور اس بیان میں کہ ہر بدعت گمراہی ہے۔

(یہ فقیر) حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی بارگاہ میں نہایت تضرع وزاری التجا مسکینی، عاجزی اور انکساری کے ساتھ پوشیدہ اور ظاہر طور پر دعا کرتا ہے کہ جو کچھ دین میں نئی نئی باتیں پیدا ہوگئی ہیں اور (لوگوں نے) ایجاد کرلی ہیں جو حضرت خیر البشر اور آپ ﷺ کے خلفائے راشدین علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات کے زمانے میں نہ تھیں اگرچہ وہ چیز صبح روشن کے مانند ہو۔ اس ضعیف کو اس جماعت کے ساتھ جن کے لئے وہ (بدعات) متسند ہیں اس نئے کام کے کرنے میں گرفتار نہ کیجیو اور اس نئی چیز (بدعت) کی خوبی کا دیوانہ نہ بنائیو، بحرمۃ سید المختار وآلہ الابرار علیہ وعلیہم الصلوٰۃ والسلام

بعض علماء کہتے ہیں کہ بدعت دو قسم کی ہے حسنہ اور سیۂ (یعنی نیک اور بد) بدعتِ حسنہ اس نیک عمل کو کہتے ہیں جو کہ آنحضور علیہ وعلیہم الصلوات والتحیات اکملہا اور آپ کے خلفائے راشدین کے بعد ظاہر ہوا ہو اور رافع سنت نہ ہو (یعنی سنت) کو دور کرنے والا نہ ہو) اور بدعتِ سیۂ وہ ہے جو رافع سنت ہو (یعنی سنت کو دور کرنے والا ہو)...... مگر یہ فقیر ان بدعتوں میں سے کسی بدعت میں حُسن اور نورانیت مشاہدہ نہیں کرتا، اور سوائے ظلمت وکدورت کے کچھ محسوس نہیں ہوتا...... اگر بالفرض کوئی نیا عمل (بدعت) آج اپنی ضعفِ بصارت کی وجہ سے تازہ اور خوشنما معلوم ہوتا ہے تو کل (یعنی روزِ قیامت) جبنظر تیز ہوجائے گی تو سوائے نقصان اور ندامت کے کچھ حاصل نہ ہوگا۔ بیت

بوقتِ صبح شود ہمچو روز معلومت — کہ باکہ باختہ عشق در شب دیجور

ترجمہ:۔ (صبح محشر روز روشن کی طرح — رات تیری سب عیاں ہوجائے گی)

حضرت سید البشر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات فرماتے ہیں: مَنْ اَحْدَثَ فِیْ اَمْرِنَا ھٰذَا مَا لَیْسَ مِنْہُ



Marfat.com

فَهُـوَ رَدٌّ (یعنی جس نے ہمارے اس امر (دین) میں کوئی نئی نکالی جو اس میں نہیں ہے تو وہ قابل رد ہے۔ (یعنی مردود ہے) بھلا جو چیز کہ مردود ہو اس میں حسن (بھلائی) کہاں سے آئے گی۔

اور آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: اَمَّـا بَـعْـدُ فَـاِنَّ خَيْـرَ الْـحَـدِيْـثِ كِتَابُ اللّٰهِ وَخَيْرَ الْهَدْىِ هَـدْىُ مُـحَـمَّدٍ وَشَرَّ الْاُمُوْرِ مُحْدَثَاتُهَا وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ (یعنی اس کے بعد واضح ہو کہ بہترین کلام، کلام اللہ ہے اور بہترین طریقہ وسیرت حضرت محمد ﷺ کا طریقہ و سیرت ہے، اور سب سے بدترین چیز (دین میں) نئی باتیں (بدعتیں) ہیں، اور ہر بدعت گمراہی ہے۔

اور نیز آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: اُوْصِيْكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَاِنْ كَانَ عَبْدًا حَبَشِيًّا فَاِنَّهٗ مَنْ يَعِشْ مِنْكُمْ بَعْدِىْ فَسَيَرَى اخْتِلَافًا كَثِيْرًا فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِىْ وَ سُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ تَمَسَّكُوْا بِهَا وَعَضُّوْا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ وَاِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْاُمُوْرِ فَاِنَّ كُلَّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ وَكُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ (یعنی میں تم کو وصیت کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اپنے حاکم کی بات سنو اور اس کی تابعداری کرو، اگرچہ تمہارا حاکم حبشی غلام ہی کیوں نہ ہو کیونکہ جو شخص میرے بعد زندہ رہے گا وہ عنقریب بہت اختلافات دیکھے گا پس تم میری اور میرے خلفائے راشدین مہدیین کی سنت کو لازم پکڑو۔ اور اس کو ہاتھوں سے بہت مضبوط تھامو، اور دانتوں سے مضبوط پکڑو، اور نئے پیدا شدہ امور سے بچو کیونکہ ہر نئی چیز بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی وضلالت ہے)

لہذا جب دین میں ہر نئی چیز بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی وضلالت ہے تو پھر بدعت میں حسن (بھلائی) تلاش کرنے کے کیا معنی...... نیز احادیث شریفہ سے جو کچھ مفہوم ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ ہر بدعت سنت کی رافع ہے بعض کی کوئی تخصیص نہیں (یعنی یہ بدعت حسنہ ہے اور یہ سیئہ) لہذا ہر بدعت سیئہ ہے...... حضور اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: مَا اَحْدَثَ قَوْمٌ بِدْعَةً اِلَّا رُفِعَ مِثْلُهَا مِنَ السُّنَّةِ فَتَمَسُّكٌ بِسُنَّةٍ خَيْرٌ مِّنْ اِحْدَاثِ بِدْعَةٍ (یعنی جب کوئی قوم بدعت جاری کرتی ہے تو اس سے اس جیسی ایک سنت اٹھالی جاتی ہے پس سنت کو مضبوط پکڑنا بدعت کے جاری کرنے سے بہتر ہے)۔

اور حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: مَا ابْتَدَعَ قَوْمٌ بِدْعَةً فِىْ دِيْنِهِمْ اِلَّا نَزَعَ اللّٰهُ مِنْ سُنَّتِهِمْ مِثْلَهَا ثُمَّ لَايُعِيْدُهَا اِلَيْهِمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ (یعنی کوئی قوم اپنے دین میں بدعت جاری نہیں کرتی مگر اللہ تعالیٰ اس جیسی ایک سنت ان میں سے اٹھالیتا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ اس سنت کو قیامت تک ان کی طرف نہیں لوٹاتا)۔

جاننا چاہیے کہ بعض بدعتیں جن کو علماء مشائخ نے اچھا سمجھا (حسنہ) ہے جب ان کو اچھی طرح ملاحظہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ سنت کی رافع کرنے والی ہیں مثلاً:۔ میت کے کفن میں عمامہ کو بدعت حسنہ کہتے ہیں: حالانکہ یہی بدعت رافع سنت ہے کیونکہ عدد مسنون یعنی تین کپڑوں پر زیادتی نسخ ہے اور نسخ عین رفع ہے...... اور اسی طرح مشائخ نے شملہ دستار کو بائیں طرف چھوڑنا پسند کیا ہے حالانکہ شملہ کا دونوں کاندھوں کے درمیان چھوڑنا سنت ہے ظاہر ہے کہ یہ بدعت رافع سنت ہے





Marfat.com

......اور ایسے ہی وہ امر ہے جو علماء نے نماز کی نیت میں مستحسن جانا ہے کہ باوجود دل کے ارادہ کے زبان سے بھی (نماز کی) نیت کہنی چاہیے حالانکہ آنحضرت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام والتحیہ سے کسی صحیح حدیث یا ضعیف روایت سے ثابت نہیں ہوا۔ اور نہ ہی اصحاب کرام وتابعین عظام سے کہ انہوں نے زبان سے نیت کی ہو، بلکہ جب اقامت ہوتی تھی تو وہ ساتھ ہی تکبیر تحریمہ کہتے تھے لہٰذا زبان سے نیت کرنا بدعت ہے اور اس بدعت کو حسنہ کہا ہے، اور یہ فقیر جانتا ہے کہ رفعِ سنت تو بجائے خود رہا یہ تو فرض کو بھی رفع کرتی ہے کیونکہ اس تجویز میں اکثر لوگ زبانی نیت پر ہی اکتفا کرتے ہیں اور دل کی غفلت پر کچھ نہیں ڈرتے کہ اس ضمن میں نماز کے فرضوں میں سے ایک فرض جو کہ نیتِ قلبی ہے متروک ہو جاتا ہے اور نماز کے فاسد ہونے تک پہنچا دیتا ہے......یہی حال تمام مبتدعات ومحدثات کا ہے کیونکہ وہ سنت پر زیادتی ہے خواہ کسی طرح کی ہو اور زیادتی نسخ ہے اور نسخ رفع (سنت) ہے۔

لہٰذا آپ پر لازم ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی متابعت پر کمربستہ رہیں اور اصحاب کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی اقتدا پر کفایت کریں کیونکہ فَاِنَّهُمْ كَالنُّجُوْمِ بِاَيِّهِمْ اِقْتَدَيْتُمْ اِهْتَدَيْتُمْ (وہ ستاروں کی مانند ہیں جن کی اقتدا کرو گے ہدایت پاؤ گے)......لیکن قیاس اور اجتہاد کوئی بدعت نہیں کیونکہ وہ نصوص کو ظاہر کرتے ہیں کسی زائد امر کو ثابت نہیں کرتے فَاعْتَبِرُوْا يَا اُولِي الْاَبْصَارِ (پس داناؤں کو عبرت حاصل کرنی چاہیے) اور اس شخص پر سلام ہو جو ہدایت کے راستہ پر چلے اور حضرت محمد مصطفےٰ علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کی متابعت کو لازم پکڑے)

---

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿ص۷۲﴾ ۱ ملا محمد مراد مکی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: امام ربانی قدس سرہ نے بدعت کے ردّ میں بڑی شدت سے کئی مکاتیب میں بیان فرمایا ہے، آپ کو ایسا کرنے کا حق تھا اگر وہ یہ سختی نہ کرتے تو ہندو پاک اور توران وافغانستان کے سارے شہر بدعت کے اندھیروں میں غرق ہو جاتے، اس بارے میں آپ کا کلام ان علمائے سلف رحمہم اللہ کے مخالف نہیں جنہوں نے بدعت حَسَنہ اور سَیِّئہ کی تقسیم کی ہے، حسنہ سے انہوں نے وہ عمل مراد لیا ہے جس کی اصل صدر اول میں ہو اگرچہ اشارۃً سہی مثلاً مسجدوں کے مینارے، مدارس کی تعمیر، مسافر خانے، کتابوں کی تالیف اور دلائل مرتب کرنا وغیرہ، اور سیئہ وہ بدعت ہے جس کی بالکل کوئی اصل نہ ہو۔ پس امام ربانی قدس سرہ پہلی قسم (بدعت حسنہ) پر بدعت کا نام نہیں استعمال کرتے، صدر اوّل (ابتدائی دور) میں اسکی اصل موجود ہونے کی وجہ سے پس وہ بدعت اور مُحدث (جدید) نہیں ہوگی بلکہ صرف دوسری قسم (بدعت سیئہ) کے ساتھ خاص ہوگی حقیقۃً بدعت اور محدث ہونے کی وجہ سے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ (اور ہر بدعت گمراہی ہے) کی بنا پر پس دونوں کے درمیان نزاع لفظی ہے یعنی بدعت کا لفظ بولنے اور نہ بولنے میں میرے سید اور شیخ محمد مظہر مجددی قدس سرہ نے مقامات سعیدیہ میں فرمایا: میرے والد (　　) رضی اللہ عنہ فرماتے تھے: امام ربانی قدس سرہ کے نزدیک بدعتِ حسنہ سنت میں داخل ہے اس پر بدعت کا لفظ نہیں بولتے ہکل بدعۃ ضلالۃ (ہر بدعت گمراہی ہے) کی وجہ سے، یہ لفظی اختلاف ہے امام ربانی اور ان علماء کے درمیان جو بدعت میں شرعی اچھائی اور خوبی کے پائے جانے کے قائل ہیں اور یہ بات رسالہ رابطہ میں بڑی بالغ وجوہات سے ثابت ہے اور انہوں نے اس کے حاشیہ میں تحریر کیا ہے قولہ لفظی الخ یعنی ہر بدعت جو سنت کے مخالف نہ ہو وہ بدعت حسنہ ہے علماء کے نزدیک اور امام ربانی قدس سرہ کے نزدیک سنت میں داخل ہے۔ یہ بات انہوں نے وہابیہ کے رد میں لکھی ہے جو بدعت میں بالکل حسنہ کے قائل نہیں ہیں امام ربانی قدس سرہ کے قول کو دلیل بناتے ہوئے۔ ۵۱





Marfat.com

میں (ملا محمد مراد مکی) کہتا ہوں: یہ لفظی اختلاف امام ربانی اور علمائے متقدمین کے درمیان ہے، لیکن متاخرین علماء (امام ربانی کے دور کے یا بعد کے) جنہوں نے بدعت حسنہ کے دامن کو اتنا وسیع کر دیا ہے کہ بہت سی بدعات سیئہ کو اس میں داخل کر دیا ہے، خصوصاً امام ربانی کے زمانہ اور آپ کے ملک میں، جیسا کہ آپ نے ان کے مخصوص افعال کا رد کیا ہے جن کی اصل صدر اول میں نہیں پائی جاتی اور نہ ہی متقدمین متشرعین علماء سے ان کے حسنہ ہونے کی دلیل پائی جاتی ہے، ایسے اعمال میں امام ربانی اور متاخرین علماء میں اختلاف معنوی اور حقیقی ہے لفظی نہیں۔ اس بات کو بھی اچھی طرح سمجھ لو۔ امام ربانی قدس سرہ نے کئی مکتوبات میں میلاد پڑھنے سے منع کیا ہے بدعت کی علت کی وجہ سے، لیکن یہ منع میلاد پڑھنے کے انداز اور طریقے سے منع کیا ہے اصل میلاد سے نہیں، جیسا کہ آپ نے مکتوب نمبر ۲۷ جلد ۳ میں واضح کیا ہے۔ ہم نے اس مقام پر تفصیل سے کلام اس لئے کیا ہے کہ جاہل لوگ آپ کے کلام سے دھوکہ نہ کھائیں۔ معرب مکتوبات کا کلام جو مبدا و معاد کے ترجمہ میں ہے ختم ہو گیا ۱۲

۲ قولہ من احدث الخ جس شخص نے نکالی ہمارے اس دین میں جو روشن و ظاہر ہے ایسی چیز جو اس میں سے نہ ہو تو وہ چیز باطل و مردود ہے۔ بخاری اور مسلم نے اس کو روایت کیا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے۔ (اشعۃ اللمعات ۱/۴۲۱)

۳ قولہ اما بعد الخ یعنی حمد و صلاۃ کے بعد بہترین کلام اللہ کی کتاب ہے جو فرقان مجید ہے اور تمام طریقوں اور سیرتوں میں سے بہترین سیرت حضرت محمد ﷺ کا طریقہ اور آپ کی سیرت ہے، اور تمام چیزوں میں بدترین چیز وہ ہے جو دین میں نئی نکالی گئی ہو جسے بدعت کہتے ہیں، اور ہر بدعت گمراہی کا سبب ہے۔ اس کو مسلم نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا۔ (اشعۃ اللمعات ۱/۴۲۲)

۴ قولہ وقال علیه الصلاة والسلام اوصیکم الخ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ پرہیزگاری اختیار کرنا اور خدا سے ڈرتے رہنا اور اپنے حکام و اُمرا کا حکم قبول کرنا (جو شریعت کے خلاف نہ ہو) اور ان کی فرمانبرداری اختیار کرنا ان باتوں میں جو شریعت کے موافق ہوں اور تقوی کے مطابق ہوں، اگرچہ بالفرض وہ حاکم و امیر حبشی غلام ہی کیوں نہ ہو، کیوں کہ تم میں سے جو شخص میرے بعد زندہ رہے گا تو وہ عنقریب لوگوں میں بہت سے اختلاف دیکھے گا حکام کی بات ماننے اور اطاعت اختیار کرنے میں اس فتنے میں مبتلا ہونے سے امن ہے جو اختلاف سے پیدا ہوتا ہے، اور اپنے اوپر لازم قرار دینا میری سنت کو اور میرے خلفا کی سنت کو جو رشد و ارشاد کے اہل اور ہدایت یافتہ ہیں، میری اور میرے خلفائے راشدین کی سنت سے چمٹے رہنا اور سنت پر اپنے دانت پوری قوت سے گاڑ لینا اور اسے مضبوطی سے پکڑنا، اور ان نئے جدید پیدا شدہ کاموں سے اپنے آپ کو دور رکھنا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین کے زمانہ میں نہ تھے کیونکہ دین میں ہر نئی پیدا شدہ بات بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی یا گمراہی کا سبب ہے۔ اس حدیث کو احمد، ترمذی ابوداؤد اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے ۱۲ (اشعۃ اللمعات ۱/۴۵۸، ۴۵۹)

﴿ص ۲۷۳﴾ ۱ قولہ ما احدث قوم یعنی جب کوئی قوم بدعت جاری کرتی ہے تو اس سے اس کے برابر سنت اٹھالی جاتی ہے۔ پس سنت کو مضبوط پکڑنا بدعت کے جاری کرنے سے بہتر ہے۔ اس کو امام احمد نے روایت کیا ہے (مشکوٰۃ رقم ۱۸۷)

۲ قولہ عن حسان قال الخ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے فرمایا: کوئی قوم اپنے دین میں بدعت جاری نہیں کرتی مگر اللہ تعالیٰ اس کی مثل ایک سنت ان میں سے اٹھا لیتا ہے، پھر اللہ تعالیٰ اس سنت کو قیامت تک انہیں واپس عطا نہیں کرتا۔ اس کو دارمی نے روایت کیا ۱۲ (مشکوٰۃ رقم ۱۸۸)

۳ قولہ بہ ثوب، عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قالت ان رسول الله صلی الله علیه وسلم کفن فی ثلاثة اثواب یمانیة بیض سَحولیّة من کرسف لیس فیها قمیص ولا عمامة۔ متفق علیه (مشکاة رقم ۱۶۳۵) یعنی آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کفن دیا گیا تین کپڑوں میں جو سفید اور سوتی تھے اور





Marfat.com

یمن میں واقع سحول بستی کے بنے ہوئے تھے، ان میں قمیض اور عمامہ نہ تھا۔ اسکو بخاری مسلم نے روایت کیا ہے۱۲

۴ قولہ فَش: فا پر زبر ہے وش کا مترادف ہے، مانند کے معنی میں، پگڑی کا سرا جو لٹکا ہوتا ہے اور گھوڑے کی گردن کے بال۱۲

۵ قولہ مستحسن، شاید کہ اس عمل سے ان کا مقصد مردوں کی مشابہت ہے، لیکن یہ نہیں جانتے کہ یہ عمل سنت کو بدلنے والا ہے اور بدعت تک لے جانے والا اور حرام تک پہنچانے والا ہے، انہوں نے یہ نہ جانا کہ مردوں سے مشابہت افضل ہے یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی۔ وہ تو وہ ذات ہے کہ مُوتوا قبل ان تموتوا (مرنے سے پہلے مرجاؤ) سے مشرف ہوئے۔ پس اگر وہ اگلے جہان جانے والوں کی مثل عمل کرنا چاہتے ہیں تو پھر بھی آں سرور علیہ الصلاۃ والسلام ہی مشابہت کے لئے اولی و افضل ہیں۱۲

۶ قوله بين الكتفين ...... عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اعتم سدل عمامته بين كتفيه ۔رواه الترمذی یعنی جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عمامہ باندھتے تو اس کا شملہ (ایک کنارہ) کندھوں کے درمیان لٹکا لیتے۔ اس کو ترمذی نے روایت کیا ہے۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ نے بھی کہا ہے کہ بائیں جانب شملے کا لٹکانا بدعت ہے (مترجم) (اشعۃ اللمعات ۵/۲۷۵)

۷ قولہ بدعت باشد: محقق امام ابن الہمام نے تحریر کیا ہے کہ بعض حافظ الحدیث نے کہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے صحیح حدیث اور اور نہ ضعیف سے ثابت ہے کہ آپ نماز شروع کرتے وقت کہتے ہوں کہ میں فلاں نماز پڑھتا ہوں اور نہ کسی صحابی اور تابعی سے (زبانی نیت کرنا) ثابت ہے بلکہ یہ بیان کیا گیا ہے کہ جب آپ نماز کے لئے کھڑے ہوتے اللہ اکبر کہتے اور یہ (زبان سے نیت کرنا) بدعت ہے۱۲

۸ قولہ گفتہ اند: کیونکہ یہ دل کی نیت کے حاضر کرنے پر مددگار ہے اور زبان کی عبادت ہے۱۲

۹ حضرت ملا علی قاری نے شرح مشکاۃ میں کہا ہے کہ پھر یہ بات پوشیدہ نہیں ہے کہ بے شک دل کے غافل ہونے کے وقت زبانی نیت کا کوئی اعتبار نہیں، اور درمختار میں کہا ہے: نیت کے بارے میں دل کے عمل کا اعتبار ہے جو ارادے کے لئے لازم ہے، زبان سے بولنے کا کوئی اعتبار نہیں اگر دل کے خلاف ہو کیونکہ وہ کلام ہے نیت نہیں ہے۔ مگر جب غم اور مصیبت کی وجہ سے دل کو حاضر کرنے سے عاجز ہو تو پھر زبان کافی ہے۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

پہلا دفتر مکتوباتِ امام ربانیؒ تیسرا حصہ

﴿ص۴۷﴾ ۱ قوله فانهم ، اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جو اس بارے میں وارد ہے۔ قال عمر رضی الله عنه قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وبارك أَصْحَابِيْ كالنجوم ، فبأيهم اقتديتم اهتديتم - رواه رزين یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وبارک نے فرمایا: میرے صحابہ ستاروں کی مانند ہیں کیونکہ وہ ہدایت یافتہ ہیں۔ تم جس کی ہدایت کروگے اقتدا پا جاؤ گے۔ اسکو رزین نے روایت کیا۔ (مشکاۃ، باب مناقب صحابہ)

۲ قولہ وام القیاس الخ سوال مقدر کا جواب ہے اور وہ سوال یہ ہے کہ قیاس بھی بدعت ہے حالانکہ ساری امت اسکی قائل ہے؟ پس اس کا جواب دیا ہے کہ وہ بدعت میں سے نہیں ہے کیونکہ وہ اصل مقیس علیہ میں منصوص حکم کو ظاہر کرنے والا ہے فرع میں اس میں علت کے موجود ہونے کی وجہ سے، وہ نئے حکم کو ثابت کرنے والا نہیں ہے جیسا کہ اپنے مقام میں ثابت ہے۱۲

۳ قولہ فاعتبروا الخ یہ اشارہ ہے اس آیت کریمہ کی طرف جو پارہ ۲۸ سورہ حشر (۲) میں واقع ہے۔ فاعتبروا یا اولی الابصار (عبرت حاصل کرو اے عقل والو!) یہ وہ اصل ہے جس کو دلیل بنایا ہے ائمہ دین نے قیاس کے حجت ہونے پر۔ پس اعتبار کا مطلب ہے ایک شے کو اس کی نظیر کی طرف پھیرنا، پس لحاظ عموم لفظ کا ہوتا ہے نہ خصوص سبب کا اور لفظ عام ہے جو شامل ہے عبرت ونصیحت حاصل کرنے اور ہر شے کے اسکی نظیر کی طرف پھیرنے کو، یعنی کسی چیز کے لئے وہ حکم ثابت کرنا جو اس کی نظیر میں ثابت ہے۔ اس کو سمجھ لو، تفصیل کے لئے دوسرا مقام ہے۱۲



Marfat.com

☆متن......بین السطور......معانی

﴿ص۲۷۰﴾☆سر......بالکسر پوشیدہ۱۲......سین کے زیر سے یعنی پوشیدہ۱۲☆جہار......بالکسر والفتح آشکارا کردن۱۲......جیم کی زیراور زبر سے، ظاہر کرنا۱۲☆مسالت......یعنی سوال میکند۱۲......یعنی دعا کرتا ہے۱۲☆مُحدث......نو پیدا شدہ۱۲......نئی بنائی ہوئی۱۲

☆مُبتدَع......نو ایجاد کردہ شدہ۱۲......نئی ایجاد کی ہوئی چیز۱۲☆فلق صبح......بفتحتین سپیدی صبح۱۲......فا اور لام پر زبر ہے، صبح کی سفیدی۱۲☆گفتہ اند......یعنی از علما۱۲......یعنی علما میں سے۱۲☆حسنہ......نیک۱۲......اچھی۱۲☆سیئہ......بد۱۲......بری۱۲

☆بصارت......بینائی ۱۲......نظر، بصیرت، دور بینی۱۲☆بطراوت......تازگی۱۲......رونق۱۲☆جدید......تیز۱۲......تیز

☆البصر......نظر۱۲......نظر☆دیجور......تاریک۱۲......اندھیری۱۲☆قال......فرمود پیغمبر خدا در خطبہ۱۲......رسول ﷺ نے خطبہ میں فرمایا۱۲

﴿ص۲۷۳﴾☆علما و مشائخ......یعنی بعضے از ایشاں۱۲......یعنی ان میں سے بعض۱۲☆عمامہ......دستار۱۲......پگڑی۱۲

☆سہ ثوب......مردورا۱۲......مردکو۱۲☆آنچہ علما......یعنی بعضے۱۲......یعنی بعض علماء۱۲☆الزیادۃ......علی النص۱۲......نص پر اضافہ۱۲☆للنسخ......الحکم المنصوص علیہ۱۲......اس حکم کیلئے جس پر نص وارد ہوئی ہے۱۲

........................................

# ایک سو ستاسیواں مکتوب ﴿۱۸۷﴾

خواجہ محمد اشرف کابلی کی طرف صادر فرمایا......اس بیان میں کہ رابطہ (تصورِ شیخ) کا طریقہ مقصدِ اصلی حاصل کرنے کے راستوں میں سب سے قریب ترین راستہ ہے، اور اس بیان میں کہ (ابتدا میں) مرید کے لئے رابطہ ذکر (الہٰی) سے زیادہ نفع بخش ہے۔

وہ تحریر (خط) جو آپ نے دوستوں کو لکھی تھی نظر سے گذری اور مذکورہ حالات سے آگاہی ہوئی۔ جاننا چاہیے کہ مرید کو تکلف اور بناوٹ کے بغیر اپنے شیخ (پیر) کے ساتھ رابطہ کا حاصل ہونا پیر اور مرید کے درمیان اس کامل مناسبت کی علامت ہے جو افادہ واستفادہ (فائدہ پہنچانے اور فائدہ حاصل کرنے) کا سبب ہے اور وصول الی اللہ کے لئے رابطہ سے زیادہ اقرب ترین طریق کوئی نہیں ہے۔ دیکھیں کس دولتمند کو اس سعادت سے بہرہ مند کرتے ہیں......حضرت خواجہ احرار قدس اللہ تعالیٰ سرہ العزیزہ فقرات میں تحریر فرماتے ہیں کہ۔ ع

سایہ رہبر بہ است از ذکرِ حق

ترجمہ:۔ (صحبتِ شیخ ذکر سے بہتر)

اس کو بہتر کہنا نفع کے اعتبار سے ہے، یعنی رہبر کا سایہ مرید کے لئے ذکر کرنے سے زیادہ فائدہ مند ہے، کیونکہ (ابتدا میں) مرید کو ابھی مذکور (حق جل وعلا) کے ساتھ کامل مناسبت حاصل نہیں ہے کہ (جس سے) وہ ذکر کے طریق سے پورا پورا نفع حاصل کر سکے۔ والسلام اولاً وآخراً





Marfat.com

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۲۷﴾ ۓ قولہ مریدرا، اس کا بیان یہ ہے کہ مرید بیچارہ چونکہ نچلے جہان میں گرفتار ہے۔عالم بالا سے مناسبت نہیں رکھتا کہ فیوض و برکات اس پاک ذات سے بے واسطہ حاصل کرے، لہٰذا چاہیے کہ درمیان میں ایسا واسطہ ہو جو دونوں جہتیں رکھتا ہو عالم بالا میں رابطہ رکھتا ہو اور اس جہان میں دعوت وارشاد کے مقام پر فائز ہو اور پہلی مناسبت کی وجہ سے فیض حاصل کرلے اور دوسری نسبت کے سبب اس جہان میں صاحب استعداد افراد کو فیض پہنچائے، اور وہ واسطہ مرید کے حق میں پیر ہے وہ غیب الغیب کے ساتھ بے کیف اتصال رکھتا ہے اور عالمِ شہادت کی طرف رجوع فرماتا ہے، پس جو مرید جتنے امور میں پیر سے زیادہ مناسبت رکھتا ہے اتنا ہی وہ پیر کے باطن سے زیادہ فیض پاتا ہے۔

؎ زاں روئے کہ چشم تست اَحول

ترجمہ:۔ معبود تو پیر تست اول

قولہ رابطہ: جان لو کہ پیر کی صورت کو دل میں محفوظ رکھنا رابطہ ہے ۱۲ خواجہ محمد معصوم قدس سرہ ۱۲

.....................................................................

☆متن......بین السطور......معانی

﴿ص۲۷﴾ ☆مُسْتَسعِد ......سعادت جوینده ویاری خواہندہ ۱۲......خوش بختی چاہنے والا اور مدد مانگنے والا ۱۲ ☆ بہ......بہتر ۱۲......بہتر

☆بمذکور......بحق ۱۲......اللہ تعالیٰ ۱۲

.....................................................................

# ایک سو اٹھاسیواں مکتوب ﴿۱۸۸﴾

خواجہ محمد صدیق بدخشی کی طرف صادر فرمایا......ان مسائل کے حل میں جو انہوں نے دریافت کئے تھے۔

میرے عزیز بھائی کا پسندیدہ مکتوب موصول ہوا (جس میں) تین باتوں کے متعلق دریافت کیا تھا......اے محبت کے نشان والے (۱) مرتبہ قلب میں بعض لطائف کا پوشیدہ رہنا صرف ان لطائف پر ہی موقوف ہے جو قلب کے ضمن میں ہیں نہ یہ کہ وہ لطائف جو قلب سے ماورا متحقق ہیں کیونکہ مرتبہ قلب میں ان کا پوشیدہ ہونا کوئی حیثیت نہیں رکھتا......(۲) دوسرے یہ کہ جس شخص کی استعداد مرتبہ قلب یا روح تک ہے، صاحب تصرف پیر اس کو اونچے درجے پر پہنچا سکتا ہے لیکن اس جگہ ایک باریک نکتہ ہے جو روبروبات چیت سے تعلق رکھتا ہے اس کو تحریر میں لانا دشوار ہے......(۳) تیسرے یہ کہ جب ظاہر باطن کے رنگ میں رنگا جائے اور باطن ظاہر کے رنگ میں رنگین ہو جائے تو کیا مشکل ہے کہ ظاہری احکام باطن میں اور باطنی احوال ظاہر میں نمایاں اور پیدا ہوں۔ والسلام

.....................................................................

☆متن......بین السطور......معانی

﴿ص۲۷﴾ ☆اختفائی......پنہاں شدن ۱۲......پوشیدہ ہونا ۱۲ ☆مقصور......کوتاہ ۱۲......کم کیا گیا ۱۲......موقوف ۱۲

﴿ص۷۵﴾ ☆تحریر......بنوشتن ۱۲......لکھنے سے ۱۲ ☆متعسر......دشوار ۱۲......مشکل ۱۲ ☆چون......شرط ۱۲......یہ جملہ شرط ہے ۱۲ ☆چہ



Marfat.com

دشوار...... جز ۱۲۱ ...... یہ جملہ جزا ہے ۱۲ ☆ بلون ...... رنگ ۱۲ ...... رنگ کے ساتھ ۱۲ ☆ منصبغ ...... رنگین ۱۲ ...... رنگدار

# ایک سونواسیواں مکتوب (۱۸۹)

شرف الدین حسین بدخشی کی طرف صادر فرمایا...... اس بیان میں کہ بے فائدہ تعلقات میں گرفتار رہنے کے باوجود فقراء کی یاد کا ہونا ان کے بڑی مناسبت اور تعلق کا اظہار ہے۔ لہذا اس کمینی دنیا کی تروتازگی پر فریفتہ نہیں ہونا چاہیے، اور باطنی سبق کو عزیز رکھنا چاہیے۔ اور اس بیان میں کہ شریعت کے احکام میں سرتابی نہیں کرنی چاہیے بلکہ پورے احسان اور عاجزی وزاری سے انہیں قبول کرنا چاہیے اور اس کے مناسب بیان میں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ اَجْمَعِيْنَ (یعنی تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے اور حضرت سید المرسلین اور آپ کی سب پاک اولاد پر صلوٰۃ وسلام ہو)...... فرزند ارجمند، عزیز وسعادتمند شرف الدین حسین کا مکتوب شریف موصول ہوکر خوشی ومسرت کا باعث ہوا۔ یہ کسقدر بڑی نعمت ہے کہ بے فائدہ تعلقات میں گرفتار رہنے کے باوجود (آپ نے) دور دراز کے فقراء کی یاد کو فراموش نہیں کیا۔ اس طرح کی یاد (یعنی خط وکتابت) سے (فقراء کے ساتھ) انتہائی مناسبت کا اظہار ہوتا ہے جو افادہ واستفادہ کا باعث ہے...... بعض واقعات جو آپ نے تحریر کئے تھے وہ نیک اور اصلی ہیں اور باطنی تعلق کے لئے قوی دلیل ہیں۔

اے فرزند اس کمینی دنیا کی تروتازگی پر فریفتہ نہ ہوں اور اس کی بیکار شان وشوکت پر فریفتہ نہ ہوں کہ وہ ناپائیدار اور بے اعتبار ہے۔ اگر آج یہ بات آپ کی سمجھ میں نہیں آتی لیکن کل (روز قیامت) ضرور (اس کی حقیقت) معلوم ہو جائے گی اور اس وقت اس کا کچھ فائدہ نہ ہوگا۔

گوشش از باردر گراں شدہ است نشنود نالہ و فغانِ مرا

ترجمہ:۔ (دُرِ ناحق پہن کے بہرا ہے کیوں سُنے گا تو اب ہماری بات!)

آپ کو چاہیے کہ باطنی سبق کو خداوند جل شانہٗ کی بزرگ ترین نعمتوں میں سے جان کر پابندی کے ساتھ اس پر تکرار کریں۔ اور اس کے لئے حریص ہوں۔ اور پانچوں وقت نماز با جماعت بغیر کسی سستی اور فتور کے ادا کریں۔ اور زکوٰۃ کا چالیسواں حصہ احسان مندی کے ساتھ فقراء ومساکین کو پہنچائیں...... اور محرمات ومشتبہات چیزوں سے پرہیز کریں...... اور مخلوق خدا پر مشفق ومہربان رہیں۔ نجات اور خلاصی حاصل کرنے کا یہی طریقہ ہے۔ والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۷۵﴾ ۔ قولہ بہجت: بالفتح شادمانی، با کی زبر سے، خوشی، تازگی اور آراستی وخوابی، با کے پیش سے جس طرح مشہور ہے یہ غلط ہے ۱۲

۲ قولہ مُولَع: میم پر پیش ہے، واؤ معروف اور لام پر زبر، عین بے نقطہ ہے، یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے اس کے معنی ہیں حریص ولالچی بنایا ہوا ۱۲

۳ قولہ مشتبہات: قال صلی اللہ علیہ وسلم وَمَنْ وَقَعَ فِي الشُّبُهَاتِ وَقَعَ فِي الْحَرَامِ یعنی اور جو شخص





Marfat.com

شبہات میں پڑ گیا وہ حرام کے نزدیک ہے یا حرام میں پڑ گیا، اس کو بخاری مسلم نے روایت کیا ہے ۱۲ مشکوۃ

ی قولہ مُشفق ومہربان: قال صلی اللہ علیہ وسلم: لَا یَرْحَمُ اللّٰہُ مَنْ لَا یَرْحَمُ النَّاسَ یعنی اللہ تعالیٰ اپنی خاص اور کامل رحمت نہیں کرتا اس شخص پر جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا، اس کو بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے ۱۲ مشکوۃ

ب فقرا و مساکین: اللہ تعالیٰ کے قول اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاکِیْنَ الخ کی طرف اشارہ ہے۔ سورہ توبہ آیت ۶۰ پارہ دس ۱۲

.........................................

☆متن...... بین السطور......معانی

﴿ص ۵۷﴾ ☆گرفتاری ہائے......تعلقاتِ بے فائدہ ۱۲ ☆لا طائل......بے فائدہ، فضول ولغو ۱۲......بے فائدہ تعلقات ☆دنی......کمینی ۱۲......کمینی دنیا ۱۲ ☆بطراوت......تازگی ۱۲......تازگی ☆بکرّ وفر......یعنی بجاہ وجلال ۱۲......جاہ وجلال کیساتھ ۱۲ ☆مفتون......شیفتہ و عاشق ۱۲......عاشق ومحب ۱۲ ☆فغان......فریاد ۱۲ ☆کسل بفتحتین......پہلے دونوں حروف پر زبر، کاہلی ۱۲......سستی ۱۲ ☆فتور بضمتین، سستی و ست شدن ۱۲......فا اور تا پر پیش ہے، سستی اور ست ہونا ۱۲ ☆ورگران......کر ۱۲......بہرا ۱۲

.........................................

# ایک سونوّے واں مکتوب (۱۹۰)

میر محمد نعمان بدخشی کے صاحبزادوں میں سے ایک صاحبزادے کی طرف صادر فرمایا......ذکرالٰہی جل سلطانہٗ میں دوام حاصل کرنے اور طریقہ عالیہ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کو اختیار کرنے کی ترغیب میں اور ذکر کرنے کے طریقے کے بارے میں اور اس کے مناسب بیان میں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَاٰلِہِ الطَّاھِرِیْنَ اَجْمَعِیْنَ ط...... جان لو اور آگاہ ہو جاؤ کہ آپ کی سعادت بلکہ تمام بنی آدم کی سعادت اور فلاح ونجات مولیٰ جل سلطانہ کے ذکر میں ہے جہاں تک ممکن ہو سکے اپنے تمام اوقات کو ذکرالٰہی جل شانہٗ میں مستغرق رکھنا چاہیے اور ایک لمحہ بھی غفلت نہیں برتنی چاہیے۔

اللہ تعالیٰ ہی کی حمد اور اس کا احسان ہے کہ حضرات خواجگانِ (نقشبندیہ) قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے طریقہ میں ذکر دوام ابتدا ہی میں اندراج النہایت فی البدایت کے طریق پر حاصل ہو جاتا ہے، اور طالب کے لئے اس طریقہ عالیہ کو اختیار کرنا بہت ہی بہتر اور مناسب بلکہ واجب ولازم ہے لہذا آپ کو چاہیے کہ اپنے قبلہ توجہ کو تمام اطراف سے ہٹا کر بالکلیہ اس طریقہ عالیہ کے اکابر کی طرف مرکوز کردیں اور ان کے باطن شریف سے ہمت اور توجہ طلب کریں کیونکہ ابتدا میں ذکر کے بغیر چارہ نہیں۔

آپ کو چاہیے کہ قلبِ صنوبری کی طرف متوجہ ہوں کہ وہ گوشت کا ٹکڑا قلب حقیقی کے لئے ایک حجرے یا گھر کی مانند ہے اور اسمِ مبارک ''اللہ'' کو اس قلب پر گذاریں اور اس وقت قصداً کسی عضو کو حرکت نہ دیں اور پوری طرح قلب کی طرف متوجہ ہو کر بیٹھیں اور اپنی قوتِ خیالیہ میں قلب کی صورت کو جگہ نہ دیں اور نہ اس کی طرف متوجہ ہوں، کیونکہ مقصود قلب کی طرف





Marfat.com

توجہ کرنا ہے نہ کہ اس کی صورت کا تصور اور لفظِ مبارک ''اللہ'' کے معنی کو بے چونی و بے چگونی (بے مثل و بے کیف) کے ساتھ ملاحظہ کریں اور کسی صفت (وکیفیت) کو اس کے ساتھ شامل نہ کریں اور اس کا حاضر و ناظر ہونا بھی ملحوظ ہوتا کہ آپ ذات تعالیٰ وتقدس کی بلندی سے صفات کی پستی میں نہ آجائیں اور اس طرح اس کی وجہ سے کثرت میں وحدت کا مشاہدہ کرنے میں نہ پڑ جائیں اور بے چون کی گرفتاری سے چون کے شہود کے ساتھ آرام نہ پکڑیں کیونکہ جو چون کے آئینے میں ظاہر ہوگا وہ بے چون نہیں ہے اور جو کچھ کثرت میں نمودار ہو وہ واحد حقیقی نہیں ہے، بے چون کو چون کے دائرے سے باہر ڈھونڈنا چاہیے اور بسیط حقیقی کو کثرت کے احاطہ کے باہر تلاش کرنا چاہیے۔ اگر ذکرِ (الٰہی) کرتے وقت پیر کی صورت بے تکلف ظاہر ہو تو اس کو بھی قلب کی طرف لے جانا چاہیے اور قلب میں نگاہ رکھ کر ذکر کرنا چاہیے۔

آپ کو معلوم ہے کہ پیر کون ہے؟ پیر وہ شخص ہے جس سے آپ خدائے تعالیٰ جل شانہٗ کی جناب قدس تک پہنچنے کا راستہ حاصل کریں اور اس راستے میں آپ اس سے امداد و اعانت حاصل کریں۔ صرف کلاہ و دامنی (چادر) اور شجرہ جو معروف ہو گیا ہے پیری مریدی کی حقیقت سے خارج ہے اور رسم و عادت میں داخل ہے، لیکن اگر شیخ کامل و مکمل سے کوئی کپڑا آپ کو تبرک کے طور پر حاصل ہو جائے اور آپ اعتقاد و اخلاص کے ساتھ اس کو پہن کر زندگی گذاریں تو اس صورت میں بہت سے فائدوں اور ثمرات کے حاصل ہونے کا بھی قوی احتمال ہے۔

اور آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ خواب اور واقعات اعتماد اور اعتبار کے لائق نہیں ہیں۔ اگر کسی نے اپنے آپ کو خواب یا واقعہ میں بادشاہ دیکھا یا خود کو قطبِ وقت معلوم کیا تو وہ حقیقت میں ایسا نہیں ہے ہاں اگر خواب اور واقعہ (کشف) کے بغیر بادشاہ ہو جائے یا قطب بن جائے تو البتہ مسلّم ہے۔ پس جو بھی حوال و مواجید بیداری اور ہوش کی حالت میں ظاہر ہوں ان میں اعتماد کی گنجائش ہے ورنہ نہیں۔

نیز آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ ذکر کا نفع اور اس پر اثرات کا مترتب ہونا شریعت کے احکام بجالانے سے وابستہ ہے لہٰذا فرائض وسنن کے ادا کرنے اور حرام و مشتبہ چیزوں سے بچنے میں پوری احتیاط کرنی چاہیے، اور چھوٹے بڑے (احکام) میں علماء کی طرف رجوع کرنا چاہیے اور ان کی فتووں کے موافق زندگی بسر کرنی چاہیے۔ والسلام



---

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۷۶﴾ ۱ قولہ برتو باد، یعنی جب طریقہ عالیہ نقشبندیہ اس طرح ہے تو آپ پر واجب ولازم ہے کہ قبلہ.....۱۲

۲ قولہ قلب: جان لو کہ قلب صنوبری یعنی گوشت کا ٹکڑا چلغوزے کی شکل سے ملتا جلتا انسان کے جسم کے اندر بائیں پستان سے دو انگل نیچے کی طرف ہوتا ہے، اس کا نور سرخ ہے۔

اے خواجہ بکوی اہل دل منزل کن — در پہلوئے اہل دل دلے حاصل کن
خواہی کہ بہ بینی جمالِ محبوب ازل — آئینہ تو دل است دو در دل کن

ترجمہ:۔ اے طالب مولا! دل کی آرزو کے کوچے کو منزل بنالے — اہل دل کے ساتھ دل کو لگا
ترجمہ:۔ اگر تو چاہتا ہے کہ محبوب حقیقی کے جمال کا دیدار کرے — تو دل کی طرف توجہ کر دل تیرا آئینہ ہے

۳ قولہ اسم مبارک، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا ☆ (سورۃ المزمل آیت ۸)
(اور ذکر کیا کرو اپنے رب کے نام کا اور سب سے کٹ کر اسی کے ہو رہو) ۱۲



Marfat.com

قولہ محاوطہ کثرت، قاموس میں ہے حاوطہ فلانا: رواہ' فِیْ اَمْرٍ یُرِیْدُہٗ' وَھُوَ یَأْبَاہُ کَأَنَّ کلا مِنْھُمَا یَحُوْطُ صَاحِبَہ (کسی ایسی چیز کے حصول کے لئے چکر کاٹنا جس کے دینے سے کسی کو انکار ہو، گویا کہ وہ دونوں ایک دوسرے کے گرد گھومتے ہیں یعنی وہ احاطہ کرنے اور کثرتِ دائرہ سے باہر ہے الخ ۱۲

﴿ص ۷۷﴾ ۱ قولہ واقعات، واقعہ کی جمع، واقعہ قاف کی زیر اور عین بے نقطہ کی زبر ہے اس کے معنی ہیں خواب، جنگ، حادثہ، سختی قیامت کا زمانہ، مرنا، حال اور کارزار، غیاث، صوفیہ کی اصطلاح میں ایسی بات کو واقعہ کہتے ہیں جو دل پر کسی طریقے سے بھی وارد ہو خواہ دل کی قوت سے خواہ اس کے بغیر ۱۲ ولی محمد رحمہ اللہ صوفیہ کی اصطلاح میں واقعہ کہتے ہیں ایسے امر کو جو دل میں واقعہ ہو، خواہ جاگتے ہوئے بیداری میں خواہ معروف نیند میں، لیکن حواس کا معطل ہونا ضروری ہے خاص طور پر واقعہ کیلئے ۱۲ محمد افضل رحمہ اللہ میں (مولانا نور احمد) کہتا ہوں، پس ثابت اور متحقق ہوا کہ منام اور واقعہ میں عموم خصوص کی نسبت ہے اور شیخ مجدد قدس سرہ کے کلام میں مراد خواب کے علاوہ واقعہ ہے جیسا کہ تقابل کا تقاضا ہے ۱۲

.....................

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿ص ۷۶﴾ ☆ یک لحظہ ...... چشم زدن یکبار ۱۲ ...... ایک بار آنکھ جھپکنے کا وقت ۱۲ ☆ مُضغہ ...... پارہ گوشت ۱۲ ...... گوشت کا ٹکڑا ۱۲
☆ حجرہ ...... خانہ ۱۲ ...... گھر، کمرہ ۱۲ ☆ قلب حقیقی ...... کہ از عالم اَمر است بے کیف ۱۲ ...... جو عالِم امر سے ہے بے کیف ۱۲
☆ متخیّلہ ...... خیال ۱۲ ☆ قلب ...... صنوبری ۱۲ ...... چلغوزہ کی صورت ۱۲ ☆ ملتفت ...... متوجہ ۱۲ ...... توجہ کرنے والا
☆ صورتِ آن ...... درخیال خود ۱۲ ...... اپنے خیال میں ۱۲ ☆ بے چونی و بے چگونگی ...... یعنی بدون لحاظ کیفیتے از کیفیات ۱۲ ...... یعنی کیفیات میں سے کسی کیفیت کے بغیر ۱۲ ☆ ذُروہ ...... بلندی ۱۲ ☆ تخفیض ...... پستی و نشیب ۱۲ پستی اور نیچا ۱۲ ☆ مرآت ...... آئینہ ۱۲ ...... شیشہ ۱۲ ☆ ورائے ...... بیرون ۱۲ ...... باہر ۱۲ ☆ محاوطہ ...... حیطہ ۱۲ ...... گھیرنا اور چکر ۱۲

﴿ص ۷۷﴾ ☆ دامنی ...... چادر باریک عرض و بے درز ۱۲ ...... باریک چادر ایک عرض کی یعنی ایک پٹی جس کے بیچ میں سیون ہو ۱۲
☆ شجرہ ...... یعنی سلسلہ پیرانِ طریقت و اسامی آن بزرگواران ۱۲ ...... یعنی پیران طریقت کا سلسلہ اور ان بزرگوں کے نام ۱۲
☆ عرف ...... مُرَوَّج ۱۲ ...... جس کا رواج ہو ۱۲ ☆ منامات ...... خواب ہا ۱۲ ...... خوابیں ۱۲ ☆ بیرون ...... البتہ ۱۲ ...... البتہ باہر ۱۲
☆ افاقت ...... بہ ہوش آمدن ۱۲ ...... ہوش میں آنا ۱۲ ☆ مَربُوط ...... وابستہ ۱۲ ...... باندھا ہوا ۱۲ ☆ و اِلّا فلا ...... ورنہ گنجائش اعتماد ندارد ۱۲ ...... ورنہ اعتماد کی گنجائش نہیں ۱۲ ☆ اِجتناب ...... پرہیز ۱۲ ...... پرہیز ☆ مُحَرَّم ...... حرام قطعی ۱۲ ...... بالکل حرام ۱۲ ☆ مشتبہ ...... مشکوک ۱۲ ...... مشکوک ☆ نیک احتیاط ...... بمبالغہ ۱۲ ...... مبالغ کے ساتھ ۱۲ ☆ قلیل ...... اندک ۱۲ ...... تھوڑا ۱۲ ☆ کثیر ...... بسیار ۱۲ ...... زیادہ ۱۲

.....................

# ایک سو اکانویواں مکتوب ﴿۱۹۱﴾

(عبد الرحیم) خان خاناں کی طرف صادر فرمایا ...... انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی متابعت کی ترغیب میں، اور اس بیان میں کہ شرعی احکامات میں آسانی اور سہولت کی پوری رعایت رکھی گئی ہے۔

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی تیسرا حصہ



Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدَانَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْ لَا اَنْ هَدَانَا اللّٰهُ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ (یعنی تمام تعریفیں اس اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں جس نے ہم کو ہدایت دی اور اگر وہ ہم کو ہدایت نہ دیتا تو ہم کبھی ہدایت نہ پاتے بیشک ہمارے پروردگار کے رسول حق کے ساتھ آئے ہیں)......(اعراف، ۷، آیت ۴۳)

سعادت ابدی اور نجاتِ سرمدی انبیاء کرام صلوات اللہ تعالیٰ و تسلیماتہ سبحانہ علی اجمعهم عمومًا وعلیٰ افضلهم خصوصًا کی تابعداری کے ساتھ وابستہ ہے......اگر بفرض محال ہزار سال عبادت کی جائے اور سخت قسم کی ریاضتیں اور مجاہدات کئے جائیں لیکن ان بزرگواروں (انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام) کی متابعت کے نور سے منور نہ ہوں تو اس کی قیمت جو کے برابر بھی نہیں......اور جو قیلولہ (دو پہر کا سونا) جس میں سراسر غفلت و تعطل ہوتا ہے اگر ان برگزیدگان (انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام) کے حکم کے مطابق کیا جائے تو (اس وقت کے مجاہدات) اس نیند کے برابر نہیں ہیں۔ بلکہ (اس وقت کی) عبادت سراب (چٹیل میدان) کے مانند ہے......حق تعالیٰ جل سلطانہ کی کمال درجہ عنایت ہے کہ اس نے تمام شرعی تکالیف احکام اور دینی امور میں نہایت آسانی اور بے انتہا سہولت کی رعایت رکھی ہے......مثلاً دن رات کے آٹھ پہروں میں سترہ رکعات فرض ادا کرنیکی تکلیف دی گئی ہے کہ ان کی ادائیگی میں مجموعی طور پر ایک ساعت (گھنٹہ) بھی نہیں لگتا......اس کے علاوہ (ان رکعتوں میں) جسقدر قرات میسر ہو سکے اس پر کفایت کی اجازت ہے......(نماز میں) اگر کھڑا ہونا مشکل ہو تو بیٹھنے کی بھی اجازت ہے اور بیٹھنا مشکل ہو تو عذر میں (قبلہ رو) پہلو کے بل لیٹ کر ادا کرنیکی اجازت دیدی۔ اور جب رکوع و سجود دشوار ہوں تو اشاروں سے ادا کرنیکی اجازت ہے......اگر طہارت حاصل کرنے کے لئے پانی استعمال کرنے پر قدرت نہ ہو تو اس کی جگہ تیمم کو وضو کا بدل بنا دیا......اور زکوۃ میں چالیسواں حصہ مساکین وفقراء کا مقرر کر دیا اور اس کو بھی بڑھنے والے اموال اور چرنے والے جانوروں پر منحصر رکھا......اور تمام عمر میں ایک مرتبہ حج کو فرض قرار دیا۔ اور اس کو بھی زادراہ (سفر خرچ) سواری اور راستے کے امن پر مشروط رکھا ہے......اور مباح چیزوں کا دائرہ بہت وسیع کر دیا (مثلاً بیک وقت) چار عورتیں نکاح کے ساتھ اور زر خرید کنیزیں جسقدر چاہیں حلال کر دیں۔ اور (ناخوشگوار حالات میں) طلاق کو عورتوں کے تبدیل کرنے کا ذریعہ بنایا......اور کھانے پینے اور پہننے کی اکثر چیزوں کو مباح کر دیا۔ ان میں سے بہت کم چیزیں ایسی ہیں جن کو بندوں کی مصلحتوں (بہتری اور فائدے) کی خاطر حرام قرار دیا۔ (مثلاً) ایک بدمزہ نقصان دہ شراب کو حرام کر کے اس کے عوض بہت سی خوش ذائقہ، فائدہ مند شربتوں کو حلال کیا ہے۔ عرق لونگ، عرق دار چینی اپنی خوشبو اور خوش ذائقے کے علاوہ اپنے اندر اتنے فوائد اور منافع رکھتے ہیں کہ ان کو کہاں تک لکھا جائے۔ وہ چیز جو کڑوی بدمزہ اور ناگوار تیز بو، بدخو، ہوش و حواس کھو دینے والی اور پُرخطر (یعنی شراب) ہے، اس خوشبو والے عرق سے کیا مناسبت رکھتی ہے۔ شَتَّانَ مَا بَيْنَهُمَا (ان دونوں کے درمیان بہت بڑا فرق ہے)......وہ فرق جو حلال و حرام کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے وہ دوسری بات ہے، اور وہ فرق جو پروردگار جل سلطانہٗ کی رضامندی اور ناراضگی کی وجہ سے ہو وہ الگ ہے۔

اور (مردوں کے لئے) ریشمی لباس کو اگر حرام کر دیا گیا تو کیا مضائقہ ہے جبکہ اس کی بجائے زیب و زینت کے کپڑے اور مزین لباس حلال کر دیئے گئے۔ اور پشمینہ (اونی) کپڑوں کا لباس مطلقاً مباح ہے۔ جو ریشم کے لباس سے کہیں بہتر ہے......اور اسی طرح ریشم کے لباس کو عورتوں کے لئے حلال فرما دیا۔ کہ عورتوں کی زیب و زینت کا فائدہ آخر کار مردوں





Marfat.com

ہی کو حاصل ہوتا ہے......اور ایسے ہی چاندی سونے کا حال ہے کہ عورتوں کے زیورات کو مردوں کے لئے فائدے اور خوشی کا باعث بنادیا......اگر کوئی بے انصاف شخص (شریعت کی) اس سہولت اور آسانی کو مشکل اور دشوار سمجھے تو وہ قلبی مرض میں مبتلا ہے اور باطنی علت میں گرفتار ہے......بہت سے کام ایسے ہیں کہ تندرست لوگ ان کو آسانی سے انجام دے سکتے ہیں لیکن کمزور لوگوں پر ان کا ادا کرنا بہت دشوار ہوتا ہے......قلبی مرض سے مراد آسمان سے نازل شدہ احکام پر عدم یقین ہے......ایسے لوگوں کو جو تصدیق حاصل ہوتی ہے وہ صرف صورت تصدیق ہے حقیقتِ تصدیق نہیں۔حقیقتِ تصدیق حاصل ہونے کی علامت یہ ہے کہ احکامِ شرعیہ کے ادا کرنے میں (طبیعت میں) آسانی کا پایا جانا ہے۔وَبِدُوْنِهَا خَرْطُ الْقَتَادِ (اور اس کے بغیر کانٹوں میں ہاتھ ڈالنا ہے)......اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے: كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ ط اَللّٰهُ يَجْتَبِىْ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَاءُ وَيَهْدِىْ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ (شوریٰ ۴۲، آیت ۱۳) (مشرکوں پر وہ بات بہت گراں ہے جس کی طرف آپ ان کو بلاتے ہیں، اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے اپنے لئے منتخب کر لیتا ہے اور ہدایت دیتا ہے جو اس کی طرف دل سے رجوع ہوتا ہے) اور سلام ہو اس شخص پر جو ہدایت کی راہ پر چلا اور حضرت محمد مصطفےٰ علیه وعلیٰ آله الصلوات والتسلیمات اتمها واکملها کی متابعت کو اپنے اوپر لازم کرے۔

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی تیسرا حصہ

## ﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۷۷﴾ ۱ یعنی شرعی احکام میں پوری پوری آسانی اور سہولت رکھی گئی ہے ۱۲

۲ قولہ الحمد للہ، یہ اس آیت کریمہ کی طرف اشارہ ہے جو پارہ ۸ سورہ اعراف (۴۳) میں واقعہ ہے یعنی اور کہیں گے ساری تعریفیں للہ کے لئے ہیں جس نے راہ دکھائی ہمیں اس بہشت کی اور ہم ہدایت یافتہ نہیں ہو سکتے تھے اگر نہ ہدایت دیتا ہمیں اللہ تعالیٰ، بے شک آئے ہمارے رب کے رسول حق کے ساتھ ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

﴿ص۷۸﴾ ۱ قولہ سراب، یہ اشارہ اس آیت کریمہ کی طرف ہے جو پارہ ۱۸ سورہ نور (۳۹) میں ہے: وَالَّذِيْنَ كفروا اعمالهم كسرابٍ بقيعة الخ یعنی اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے اعمال ایسے ہیں جیسے چمکتی ہوئی ریت ہو کسی چٹیل میدان میں الخ ۱۲

۲ قولہ بہ مقدہ رکعت نماز یعنی فرض صبح دو رکعت، ظہر چار رکعت، عصر چار رکعت، مغرب تین رکعت اور عشاء چار رکعت سب ملکر سترہ رکعت ہوئیں ۱۲

۳ قولہ یُسر: اشارة الى ما قاله صلى الله عليه وسلم اِنَّ الدِّيْنَ يُسْرٌ یعنی مسلمانوں کا دین آسانی پر مبنی ہے ۱۲ رواہ البخاری (یہ حضور اکرم کا ارشاد ہے)

ـ قولہ مُیَسّرا الخ قال تعالیٰ فاقرء واما تیسر من القرآن (پس تم اتنا قرآن پڑھ لیا کرو جتنا تم آسانی سے پڑھ سکتے) ۱۲ (سورۃ مزمل)

ـ قولہ نامیہ: یعنی جس میں اضافہ اور منافع ممکن ہو، سونا ہو یا چاندی، درہم و دینار یا ٹکڑے اور زیور یا سونے چاندی کے برتن ہوں یا مال تجارت ہو جو تجارت کی نیت سے خریدا ہو ۱۲

ـ قولہ انعام: چرنے والے چارپائے جو اکثر سال زمین میں چرنے پر کفایت کرتے ہوں ۱۲

ـ قولہ یک حج: قال الله تعالیٰ: وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سبيلا ☆ (اور اللہ کے لئے فرض ہے لوگوں پر حج اس گھر کا جو طاقت رکھتا ہو وہاں تک پہنچنے کی) ۱۲ (سورۃ آل عمران آیت)



Marfat.com

۵ قولہ راحلہ: بار برداری کے جانور مثلاً بیل، خچر اور گدھے وغیرہ اور سواری کے لئے اونٹ، گھوڑے نر ہوں مادہ۔ آخری مبالغہ کے لئے ہے ۱۲

۶ قولہ کسراری: سُرِّیَہ کی جمع پہلے حرف پر پیش، را پر شد اور زیر اور یا پر شد، وہ لونڈی جو جماع اور خدمت کیلئے ہو، یہ لفظ سِر کی طرف منسوب ہے (جس کا معنی جماع ہوتا ہے) سین کا پیش نسبت کے تغیرات میں سے ہے۔ از منتخب اللغات، قاموس اور غیاث اللغات

﴿صہ۷۸﴾ ۷ قولہ اَطْعِمَہ طعام کی جمع ہے اس کے معنی کھانے کی چیزیں ہیں، اَشْرِبَہ شراب کی جمع ہے یعنی پینے کی حلال چیزیں، اور اَقْمِشَہ قُماش کی جمع ہے، قاف پر پیش ہے، گھر کا ساز وسامان اور کپڑے وغیرہ ۱۲

۸ قولہ قَرَنفُل: پہلے حرفوں پر زبر ہے اور فا پر پیش ہے، ایک مشہور دوا کا نام ہے (جسے لونگ کہتے ہیں) یہ کرن پھول کو عربی میں قرنفل بنایا گیا ہے ۱۲

ـ ان دونوں کے درمیان بہت بڑا فرق ہے اور بے شمار امتیاز ہے ۱۲

ـ قولہ فَرقے: ایک حرام اور دوسرا حلال، ایک اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشی کا موجب اور دوسرا اس پاک ذات کے غیظ وغضب کا سبب ہے ۱۲

۹ قولہ بعضے، جس کا تانا اور بانا ریشمی ہو یا بانا ریشمی ہو اور تانا کسی دوسری چیز سے، لیکن بانا ریشمی نہ ہو تو جائز ہے اور ایسے ہی اگر کپڑے پر چار انگل کے برابر بیل بوٹے ریشم سے بنے ہوں تو وہ بھی جائز ہے، اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے مذہب میں اس سے بھی وسعت اور گنجائش ہے، اس کی تفصیل فقہ کی کتابوں میں ہے ۱۲

ـ قولہ بَر دان، عورتوں کی زیب وزینت سے اصل مقصود مردوں کا فائدہ اور نفع ہے ۱۲

﴿صہ۷۹﴾ ۱ قولہ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِينَ الخ یہ آیت پارہ ۲۵ سورہ شوریٰ (آیت ۱۳) میں واقع ہے یعنی مشرکوں پر وہ بات بہت گراں ہے جس کی طرف آپ ان کو بلاتے ہیں، اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے اپنے لئے منتخب کر لیتا ہے اور اس کو ہدایت دیتا ہے جو اسکی طرف دل سے رجوع ہوتا ہے ۱۲

قولہ حُلِیّ: پہلے حرف پر پیش لام کے نیچے زیر اور یا پر شد ہے بمعنی زیور حلیہ کی جمع ہے جو حا کی زیر سے ہے اور یہ بھی احتمال ہے حا پر پیش ہو اور لام پر زبر ہو حلی حا کی زبر سے بمعنی زیور پہنانا اور زیور ۱۲ منتخب

ـ یعنی اس علامت کے ثابت ہونے کے بغیر احکام شرعیہ پر صحیح تصدیق اور قلبی یقین کا پایا جانا ناممکن ہے بلکہ محال ہے، خرط القتاد کا مطلب ہے کانٹوں والی ٹہنی پر ہاتھ مارنا اور پھیرنا یعنی بے فائدہ رنج ومحنت برداشت کرنا ۱۲

..............................................................................

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ۷۷﴾ ☆ ریاضاتِ شاقہ ...... یعنی محنتہائے گران وتکلیفہائے دشوار ۱۲ ...... یعنی بڑی محنتیں اور بہت مشکل تکلیفیں ۱۲

☆ این بزرگواران ...... یعنی انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات ۱۲ ☆ بجوئے ...... بیک جو ۱۲ ...... ایک جو کے دانے سے ۱۲

☆ بخواب ...... یعنی قیلولہ ۱۲ ...... دوپہر کو آرام کرنا

﴿صہ۷۸﴾ ☆ برگزیدگان ...... انبیا ۱۲ ...... اللہ کے نبی ۱۲ ☆ تکلیفات ...... احکام ۱۲ ...... شرعی احکام ۱۲ ☆ یُسر ...... آسانی ۱۲ ...... آسانی

☆ مراعات ...... رعایت ۱۲ ...... رعایت ☆ نماز ...... یعنی فرض ۱۲ ...... فرض نماز ☆ قیام ...... ایستادہ نماز گذاردن ۱۲ ...... کھڑے ہو کر نماز پڑھنا ۱۲ ☆ بقعود ...... نشستہ نماز گذاردن ۱۲ ...... بیٹھ کر نماز پڑھنا ۱۲ ☆ باضطجاع ...... افتادن بر پہلو یا بر پشت رو بقبلہ

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی تیسرا حصہ



Marfat.com

کردہ ۱۲......ایک پہلو پر یا چت لیٹ کر قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنا ۱۲ ☆ بزاد ......توشہ ۱۲......سفر کا خرچہ ۱۲ ☆ نساء ...... زنان ۱۲......مستورات ۱۲ ☆ أَطْعِمَه ......جمع طعام ۱۲......طعام کی جمع ۱۲ ☆ رضائے پروردگار ......درحلال ۱۲......حلال میں ۱۲......طعام یعنی کھانا ۱۲ ☆ او تعالیٰ ......درحرام ۱۲......حرام میں ۱۲ ☆ مُزَیَّب ......زیب دادہ شدہ ۱۲......آراستہ کئے ہوئے ۱۲ (صہ ۷۹) ☆ ذہب ......طلا ۱۲......سونا ۱۲ ☆ فِضہ ......نقرہ ۱۲......چاندی ۱۲ ☆ کہ ......علت ۱۲......سبب ۱۲ ☆ حُلی ......زیور ہائے ۱۲ ......زیور کی جمع ۱۲ ☆ تمتع ......نفع گرفتن ۱۲......نفع حاصل کرنا، فائدہ اٹھانا ۱۲ ☆ بے انصافی ......شخصے بے انصاف ۱۲......بے انصاف آدمی ۱۲ ☆ متعسّر ......یعنی تکلیفات شرعیہ و امورات دینیہ را ۱۲......یعنی شریعت کے احکام اور دینی امور کو ۱۲ ☆ متعذّر ......دشوار ۱۲......مشکل ۱۲ ☆ اصحّا ......تندرستان جمع صحیح ۱۲......صحیح کی جمع تندرست لوگ ۱۲ ☆ یُسر ......آسانی ۱۲......آسانی ☆ ضُعَفاء ......جمع ضعیف ۱۲......ضعیف کی جمع ۱۲ ☆ تصدیقی ......جوابِ سوال ۱۲......سوال کا جواب ۱۲

.........................................

# ایک سو بانویواں مکتوب (۱۹۲)

شیخ بدیع الدین سہارنپوری کی طرف صادر فرمایا......اس سوال کے جواب میں جو انہوں نے دریافت کیا تھا۔

میرے عزیز اور سعادتمند بھائی شیخ بدیع الدین نے دریافت کیا تھا کہ گیارہویں عرضداشت میں جو حضرت خواجہ (باقی باللہ) قدس سرہ کی خدمت میں تحریر کی گئی تھی لکھا تھا کہ ایک رنگین مقام میں اس فقیر کا گذر ہوا جو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مقام سے بلند تر ہے۔ اس کے کیا معنی ہیں؟

اے بھائی! اللہ تعالیٰ تجھ کو ہدایت دے ہم اس بات کو تسلیم نہیں کرتے کہ اس عبارت سے (حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر) فضیلت لازم آتی ہے جبکہ لفظ ہم اس میں موجود ہے (جس کے معنی ''بھی'' کے ہیں) اور اگر تسلیم کر لیا جائے تو یہ بات اور ایسی دوسری باتے جو اس عرضداشت میں تحریر ہوئی ہیں وہ ان واقعات میں سے ہیں جو اپنے پیر و مرشد کو لکھے گئے ہیں، اور اس گروہ (صوفیہ) کے لئے یہ بات طے شدہ ہے کہ جو کچھ واقعات میں سے ظاہر ہوتا ہے خواہ وہ صحیح ہو یا غلط بلا تکلف اپنے پیر کی خدمت میں ظاہر کرتے رہیں کیونکہ غیر صحیح میں بھی تاویل و تعبیر کا احتمال ہے لہذا اس کے اظہار کے بغیر چارہ نہیں ہے۔ اور جو کچھ ہم بیان کر رہے ہیں اس میں اس معنی کے لحاظ سے کوئی خرابی لازم نہیں آتی۔

اور (علماء) اس کا دوسرا حل بھی تجویز کرتے ہیں کہ اگر جزئیات میں سے کسی جزئی میں غیر نبی کو نبی پر فضیلت متحقق ہو جائے تو کوئی مضائقہ نہیں بلکہ ایسا واقع ہونا ممکن ہے......جیسا کہ شہداء کے متعلق بہت زیادہ (فضائل کی) روایتیں وارد ہوئی ہیں اور انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کے لئے وارد نہیں ہوئیں، اس کے باوجود کلی فضیلت نبی علیہ وعلی آلہ الصلوات والتحیات کے لئے مخصوص ہے۔

اس اصول کے مطابق اگر کسی غیر نبی کو ان جزئی کمالات میں سیر واقع ہو جائے اور وہ اپنے آپ کو اس مقام میں بلند تر پائے تو اس کی گنجائش ہے، اگرچہ اس مقام کا حصول نبی کی تابعداری ہی کی وجہ سے ہے۔ اور نبی کے لئے بھی اس مقام سے





Marfat.com

اس حدیث ''مَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً فَلَه' اَجْرُهَا وَاَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا (جس نے کسی اچھی سنت کو جاری کیا تو اس کے لئے اس (کے جاری کرنے) کا اجر ہے اور جس نے اس پر عمل کیا اس کا اجر بھی اس کے لئے ہے) کے مطابق پورا حصہ ہے جب غیر نبی کی جزئی فضیلت نبی پر جائز ہے تو غیر نبی پر اس کا جواز بطریق اولیٰ جائز ہوگا۔ لہٰذا ہمارے اس کلام میں کوئی اشکال نہیں ہے۔ والسلام

## ﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ۷۹﴾ ۲ شیخ بدیع الدین کے مختصر حالات مکتوب نمبر۲/۱۷ کے حاشیے میں تحریر ہو چکے ہیں جو چاہے وہاں رجوع کرے ۱۲

۳ حضرت: یعنی اپنے پیر بزرگوار حضرت محمد باقی قدس سرہ الاقدس ۱۲

۴ قولہ واقع، جیسا کہ انہوں نے اپنے مکتوب نمبر۱۱ میں لکھا ہے ہم بانعکاس آں مقام رنگین ومنقش یافت ......اور لفظ ہم دلالت نہیں کرتا مگر شرکت پر کئی وجوہات میں سے کسی وجہ سے تو مساوات کہاں ہے چہ جائے کہ فضیلت ثابت ہو؟ پس نہ فضیلت لازم آتی ہے اور نہ اس کا وہم سوائے اس کے کہ معاند ومخالف اپنے عناد کی وجہ سے اسکو فضیلت پر محمول کرے، ہمارے لئے کافی ہے بندوں کا رب وہی فیصلہ کرے گا فریاد کے دن یعنی قیامت کے روز، اللہ تعالیٰ ہم کو پناہ میں رکھے حاسدوں کے حسد سے ۱۲ آمین

۵ یعنی اگر ہم تسلیم کرلیں کہ یہ عبارت تفضیل کو مستلزم ہے تو ہم کہتے ہیں الخ ۱۲

ـ راہ سلوک پر چلنے والے لوگ راستے میں ۱۲

ـ قولہ تاویل، جاننا چاہیے کہ عبارت کی تاویل وتعبیر ہے، کلام کو ظاہر سے پھیر کر اسکی مراد اور مطلب کے بیان کرنے سے ۱۲

ـ قولہ محظور، پس واقعات ومکاشفات خاص طور پر اپنے شیخ کے سامنے پیش کرنے سے پہلے ظاہر پر مبنی نہیں ہوتے اور نہ ان کا صحیح ہونا لازم ہوتا ہے بلکہ یہ بین بین یعنی درست اور نادرست کے درمیان ہوتے ہیں ۱۲

﴿صہ۸۰﴾ ۱ قولہ با کے نیست کیونکہ فضیلت دینے کا دارومدار تفضیل کلی پر منحصر ہے نہ کہ جزئی پر، ورنہ وہ لازم آئے گا جو مسلمہ عقائد کے خلاف ہے جو سب کے نزدیک تسلیم شدہ ہیں، اس کو اچھی طرح ذہن نشین کرلو کیونکہ یہ لغزش قدم کا مقام ہے ۱۲

۲ قولہ در مادہ شہداء، میں (نور احمد) کہتا ہوں بلکہ شہدا کے علاوہ بھی واقع ہے (فضیلت جزئی) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:'' (ان مِن عِبادِ اللّٰہ لَاُناسًا ما هُم بِأنبيَاءَ و لَا شُهَدَاءَ يَغبِطُهُمُ الأنبياءُ والشُّهَدَاءُ يَومَ القيامة بِمَكانِهِم مِنَ اللّٰه ، قالوا : يا رسولَ اللّٰه تُخبِر نا مَن هُم ؟ قال :'' هُم قَومٌ تحابُّوا بِرُوحِ اللّٰهِ ، عَلى غَيرِ أرحامٍ بَينَهم ، وَلَا أموالٍ يَتَعا طو نها ، فَوَ اللّٰهِ ان وُجوهَم لَنورٌ، وانَّ هُم لَعَلى نورٍ ، لَا يَخافُون إذا خافَ النّاسُ، وَلَا يحزَنُون اذا حَزِنَ النّاسُ ،'' وقرأ هذِهِ الآية :اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لا خَوفٌ عَلَيهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ رواه ابو داود رقم الحديث/ ۳۵۲۱

ترجمہ:۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں جو نہ نبی ہیں اور نہ شہید لیکن ان کے قرب الٰہی کی وجہ سے ان پر انبیاء وشہدا رشک کریں گے'' صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہمیں ان لوگوں کے بارے میں آگاہ فرمایئے؟ فرمایا:''وہ ایسے لوگ ہیں جو اللہ کے قرآن کی وجہ سے ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں، حالانکہ ان میں نہ قرابت داری ہے اور نہ مال کا لین دین، اللہ کی قسم ان کے چہرے سراپا نور ہوں گے اور وہ نور پر ہوں گے، جب لوگ ڈریں گے انہیں کوئی خوف نہ ہوگا، جب لوگ غمگین ہوں گے انہیں کوئی غم نہ ہوگا'' اور پھر یہ آیت مبارکہ تلاوت کی: اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْن (سورة یونس آیت ۶۲) ترجمہ:۔ سنو! یقیناً اللہ کے دوستوں پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ جاننا چاہیے کہ انبیا ان کے حال پر رشک کریں گے، اس وجہ سے نہیں کہ ان کے





Marfat.com

درجات وکمالات انبیا کے درجات وکمالات سے زیادہ ہیں، لیکن ان کو ایک حال کی بزرگی ہے جو ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے قرب میں ہیں اور حضرت حق تعالیٰ نے ان کو مخلوق کی نظروں سے پوشیدہ رکھا ہے اور دائمی طور پر ان کو اپنے ساتھ مشغول رکھا ہے، ان کی مثال ایسی ہے کہ بادشاہ نے ملک کے تمام امور اپنے مقربوں میں سے ایک کے سپرد کیے ہوں اور وہ بادشاہ کے حکم سے پورے ملک میں تصرف کرتا ہے اور ایک دوسرا شخص جس کے ذمے پانی کا لوٹا اور بادشاہ کو وضو کرانا ہے، وہ ہمیشہ بادشاہ کے پاس رہتا ہے، یقینی بات ہے کہ وہ شخص جس کے پاس پورے ملک کا اختیار ہے وہ بادشاہ کے نزدیک سب سے زیادہ مقرب ہے اور بلند تر ہے اور اس کا مرتبہ بہت عالی ہے، اگر اسکی قابلیت زیادہ نہ ہوتی تو وہ پورے ملک کا مختار نہ ہوتا، لیکن یہ بات اپنی جگہ ہے کہ پانی اور وضو کا انتظام کرنے والا یہ شرف رکھتا ہے کہ ہمیشہ بادشاہ کے قرب میں ہوتا ہے اور خاص خدمت وہ کرتا ہے اور اس کے علاوہ کوئی اس کام میں مشغول نہیں ہے ۱۲ ملتقط من رشحات

۳ قولہ من سن الخ یعنی جس شخص نے اسلام میں اچھا طریقہ اختیار کیا اور جاری کیا لوگوں میں اسے اس کا ثواب واجر ملے گا جو اس نے خود کیا اور ان لوگوں کا اجر بھی ملے گا جنہوں نے اس کے بعد اس طریقہ پر عمل کیا۔ رواہ مسلم، (مشکوٰۃ کتاب العلم الفصل الاول) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: من دل علی خیر فلہ مثل اجر فاعلہ، رواہ مسلم (مشکوۃ کتاب العلم، الفصل الاول) ترجمہ: جو شخص کسی کو خیر اور بھلائی کی رہنمائی کرتا ہے اسے اتنا ہی اجر و ثواب ملتا ہے جتنا خود اس نیکی کرنے والے کو، (خیر کا راستہ دکھانا عمل خیر میں شامل ہے)

۴ قولہ درانبیا، جیسا کہ کئی آیات اور احادیث اس پر دلیل ہیں جو اس بارے میں وارد ہیں، یہ بات ماہر صاحب علم پر پوشیدہ نہیں ہے ۱۲

..........................

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۹۷﴾ ☆اخوی......آغاز مکتوب ۱۲......مکتوب کی ابتدا ہے ۱۲ ☆بدان......آغاز جواب ۱۲......جواب کی ابتدا ۱۲ ☆بے تحاشی ......بے تکلیف ۱۲......بے تکلف ☆محظور......استحالہ ۱۲......مشکل محال ۱۲ ☆مانحن فیہ......آنچہ ما دروے ایم ۱۲......وہ جو ہم بیان کر رہے ہیں ۱۲ ☆تجویز نمودہ......علما ۱۲......علما نے جائز رکھا ہے ۱۲ ☆وخودرا......وغیر نبی ۱۲......نبی کے علاوہ ۱۲ ☆یابد......درمقام نبی ۱۲......نبی کے مقام میں ۱۲ ☆مجوّز......جائز ۱۲ ☆برغیر نبی......اگرچہ صدیق اکبر باشد یا فاروق رضی اللہ عنہما ۱۲......اگرچہ صدیق اکبر ہوں یا فاروق رضی اللہ عنہما ۱۲ ☆فلا اشکال......فیمانحن فیہ ۱۲......ہمارے اس کلام میں کوئی مشکل نہیں ہے ۱۲

..........................

# ایک سو ترانویواں مکتوب ﴿۱۹۳﴾

سیادت پناہ شیخ فرید کی طرف صادر فرمایا......اہلِ سنت و جماعت کی آراء کے موافق عقائد کو درست کرنے اور احکام فقہیہ یعنی حلال و حرام فرض وواجب اور سنت ومندوب کے سیکھنے کی ترغیب میں، اور اسلام کی بیچارگی (کے افسوس) میں اور اس کو رواج دینے اور تائید کرنے کی جدوجہد کے بیان میں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط اللہ تعالیٰ ہر اس چیز پر جو آپ کے لئے برائی اور عیب کا باعث ہو آپ کا ناصر و مددگار رہے......شرع شریف کے مکلف حضرات پر سب سے پہلے ضروری ہے کہ علماء اہلِ سنت و جماعت شکر اللہ تعالیٰ سعیہم





Marfat.com

کی آراء کے مطابق اپنے عقائد کو درست کریں کیونکہ آخرت کی نجات ان ہی بزرگواروں کی بے خطا آراء اور اقوال کی تابعداری پر موقوف ہے......اور فرقہ ناجیہ بھی یہی لوگ اور ان کے متبعین ہیں۔اور یہی وہ لوگ ہیں جو آنحضرت صلوات اللہ وتسلیماتہ علیہ وعلیہم اجمعین اور ان کے اصحاب کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے طریق پر قائم ہیں......اور ان علوم میں سے جو کہ کتاب وسنت سے حاصل ہوئے ہیں وہی معتبر ہیں جو ان بزرگواروں نے کتاب وسنت سے اخذ کئے اور سمجھے ہیں کیونکہ ہر بدعتی اور گمراہ بھی اپنے فاسد عقائد کو اپنے خیالِ فاسد میں کتاب وسنت ہی سے اخذ کرتا ہے لہٰذا ان کے اخذ کردہ معانی میں سے ہر معنی پر اعتبار نہیں کرنا چاہیے......اور ان عقائدِ حقہ کی تصحیح کے لئے امامِ اجل نور پشتی کا رسالہ نہایت مناسب اور عام فہم ہے اپنی مجلسِ شریفہ میں اس کا ذکر (بطورِ تعلیم) کرتے رہا کریں، چونکہ رسالہ مذکورہ استدلالات پر مشتمل ہے اور اس میں طول وبسط بہت ہے اس لئے کوئی اور رسالہ اگر خالص مسائل ہی پر مشتمل ہو تو زیادہ بہتر ہے......اسی اثنا میں اس فقیر کے دل میں بھی آیا کہ اس سلسلہ میں کوئی رسالہ لکھے جو اہل سنت وجماعت کے عقائد پر مشتمل ہو اور اخذ کرنے میں آسان ہو۔اگر اس کی توفیق ہوگئی تو لکھ کر آپ کی خدمت میں بھیجا جائے گا......ان عقائد کی تصحیح کے بعد حلال وحرام، فرض وواجب، سنت ومندوب اور مکروہ کہ جس کا متکفل (ضامن) علم فقہ ہے کہ اس کے علم کے مطابق عمل کرنا ضروری ہے......بعض طالب علموں سے فرمائیں کہ وہ فقہ کی کتابوں میں سے جو فارسی میں ہوں آپ کی مجلس میں پڑھا کریں مثلاً مجموعہ خانی وعمدۃ الاسلام......اللہ تعالیٰ سبحانہ' کی پناہ اگر کسی عقائد ضروریہ کے مسائل میں سے کسی مسئلہ میں خلل واقع ہوگیا تو نجات اخروی کی دولت سے محرومی ہے اور اگر اس کے عمل کرنے میں تساہل ہوگیا تو ممکن ہے کہ توبہ کے بغیر بھی معاف کر دیا جائے۔اور اگر مواخذہ کیا گیا تو آخرکار نجات ہو ہی جائے گی۔پس عمدہ کام عقائد کی درستی ہے۔

حضرت خواجہ احرار قدس سرہ فرمایا کرتے تھے کہ اگر تمام احوال ومواجید ہم کو دیدیئے جائیں اور ہماری حقیقت کو اہل سنت وجماعت کے عقائد سے آراستہ نہ کریں تو ہم سوائے خرابی وبربادی کے اور کچھ نہیں جانتے، اور اگر تمام خرابیوں کو ہمارے ساتھ جمع کر دیا جائے لیکن ہماری حقیقت کو اہل سنت وجماعت کے عقائد سے نواز دیا جائے تو پھر ہم کو کوئی خوف نہیں ......اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو سید البشر علیہ وعلیٰ آلہ من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا کے طفیل اپنی مرضی کے طریقے پر ثابت قدم رکھے۔

ایک درویش لاہور کی طرف سے آئے تھے انہوں نے بیان کیا کہ شیخ جیو (شیخ فرید) نخاس کہنہ (پرانی منڈی) کی جامع مسجد میں نماز جمعہ کے لئے حاضر ہوئے تھے۔میاں رفیع الدین نے ان کی توجہ مبذول کرنے کے بعد کہا کہ نواب شیخ جیو نے اپنی حویلی کے اندر جامع مسجد بنالی ہے۔اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سُبْحَانَهٗ عَلٰى ذٰلِكَ (اس پر اللہ سبحانہ' کا شکر ہے) ......حضرت حق سبحانہ' وتعالیٰ آپ کو اور زیادہ توفیق عطا فرمائے......اس قسم کی خبریں سن کر مخلصین بہت زیادہ خوش اور مسرور ہوتے ہیں۔

میرے سیادت پناہ مکرم! آج اسلام بہت اجنبی اور بیکسی کے عالم میں ہے، آج اس کی تقویت کے سلسلہ میں ایک جیتل کا صرف کرنا کروڑ ہا روپوں کے بدلے میں قبول کرتے ہیں، دیکھیئے کس شہباز بہادر کو (دین کی) اس دولت سے مشرف





Marfat.com

فرماتے ہیں۔ ترویج دین اور تقویتِ ملت کسی بھی وقت خواہ کسی شخص سے وقوع میں آئے بہتر اور زیبا ہے، لیکن اس وقت جبکہ اسلام کی غربت کا زمانہ ہے آپ جیسے اہل بیت کے جوانمردوں کے لئے نہایت ہی زیبا اور بہتر ہے، کیونکہ یہ دولت آپ ہی کے بزرگ خاندان کی خانہ زاد ہے اس کا تعلق آپ سے ذاتی ہے اور دوسروں سے ضمنی (عرضی) حقیقت میں نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی وراثت اسی عظیم القدر امر کے حاصل کرنے میں ہے...... حضرت پیغمبر ﷺ نے اصحاب کو مخاطب کر کے فرمایا کہ تم ایسے زمانے میں موجود ہو کہ اگر اوامر و نواہی میں سے دسویں حصہ کو ترک کرو تو ہلاک ہو جاؤ، اور تمہارے بعد ایسے لوگ آئیں گے کہ اگر وہ اوامر و نواہی سے دسواں حصہ بجالائیں تو نجات پائیں گے...... اب یہ وہی وقت ہے اور یہ وہی لوگ ہیں۔

گوئے توفیق وسعادت درمیاں افگندہ اند　　کس بمیداں درنمی آید سواراں راچہ شد

ترجمہ:۔ (گیند ہے توفیق کی ،میدان میں　　کب سوار آئیں گے چوگان میں)

اس وقت کافر لعین گوبند اور اس کی اولاد کا مارا جانا بہت خوب ہوا اور ہنود مردود کی بڑی شکست کا باعث ہوا، خواہ کسی نیت سے اس کو قتل کیا گیا ہو اور خواہ کسی غرض سے اس کو ہلاک کیا گیا ہو بہر حال کفار کا ذلیل ہونا ہی اہل اسلام کی عزت و ترقی کا باعث ہے...... اس فقیر نے اس کافر کے قتل ہونے سے پہلے خواب میں دیکھا تھا کہ بادشاہِ وقت نے شرک کے سردار کا خیمہ و سائبان توڑ دیا ہے...... واقعی وہ بہت بڑا بت پرست اہلِ شرک کا رئیس اور اہل کفر کا امام تھا: خَذَلَهُمُ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ (اللہ سبحانہٗ ان کو خوار کرے)...... اور دین و دنیا کے سردار علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی بعض دعاؤں میں اہل شرک کے لئے اس عبارت میں لعنت و نفرین فرمائی ہے: اَللّٰهُمَّ شَتِّتْ شَمْلَهُمْ وَفَرِّقْ جَمْعَهُمْ وَخَرِّبْ بُنْيَانَهُمْ وَخُذْهُمْ اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ (یا اللہ تو ان کی جمعیت کو پراگندہ کر اور ان کی جماعت میں تفرقہ ڈال اور ان کے گھروں کو ویران کر اور ان کو ایسا پکڑ جیسے غالب طاقتور پکڑتا ہے)

اسلام اور اہل اسلام کی عزت، کفر اور اہل کفر کی خواری میں ہے...... جزیہ وصول کرنے سے مقصود کفار کی خواری اور ان کی اہانت ہے "ہر قدر کہ اہلِ کفر را عزت باشد ذلت در اسلام ہماں قدر است، (جس قدر اہل کفر کی عزت ہوگی اسی قدر اسلام کی ذلت ہے) اس اصول پر اچھی طرح نگاہ رکھنی چاہیے۔ اکثر لوگوں نے اس اصول کو ضائع کر دیا ہے اور اس بدبختی سے دین کو برباد کر دیا ہے۔ اللہ سبحانہٗ فرماتا ہے۔ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ (تحریم، ۶۶، آیت، ۹) (اے نبی! کفار اور منافقین سے جہاد کرو اور ان کے ساتھ سختی سے معاملہ کرو)...... کفار کے ساتھ جہاد اور ان پر سختی کرنا دین کی ضروریات میں سے ہے۔ اس وقت جبکہ بادشاہِ اسلام (جہانگیر) کو اہل کفر کے ساتھ وہ توجہ نہیں رہی (ادھر) کفر کی وہ رسمیں جو گذشتہ زمانے میں پیدا ہوئی تھیں ان میں سے جو باقی رہ گئی ہیں وہ بھی مسلمانوں کے دلوں پر بہت گراں معلوم ہوتی ہیں لہذا مسلمانوں پر لازم ہے کہ بادشاہِ اسلام کو ان بدمذہبوں کی رسموں کی خرابی سے مطلع کریں اور ان کے دور کرنے میں کوشش کریں۔ شاید بادشاہ کو ان بقایا رسوم کی برائی کا علم نہ ہو...... اور اگر وقت کے لحاظ سے مناسب سمجھیں تو اہل اسلام میں سے کسی عالم کو حکم دیں کہ وہ (بادشاہ کو) اہلِ کفر کی رسوم کی برائی سے مطلع کریں، کیونکہ احکام شرعی کی

مکتوبات امام ربانی" تیسرا حصہ　پہلا دفتر



Marfat.com

تبلیغ کے لئے خوارق وکرامات کا اظہار کرنا کچھ درکار نہیں، قیامت کے دن کوئی عذر نہ سنیں گے کہ تصرف حاصل نہ ہونے کی وجہ سے احکام شرعی کی تبلیغ نہ کر سکے تھے......انبیا علیہم الصلوات والتسلیمات جو بہترین موجودات ہیں احکام شرعی کی تبلیغ کرتے تھے۔اگر امت کے لوگ ان سے معجزہ طلب کرتے تھے تو وہ فرمادیتے تھے کہ معجزات حق تعالیٰ کی طرف سے ہیں ہمارے ذمہ تو تبلیغ احکام ہے......اور ہوسکتا ہے کہ اس وقت (اس تبلیغی جدو جہد کے دوران) حق سبحانہٗ وتعالیٰ کوئی ایسا امر (کرامت) ظاہر فرمادے جس سے لوگوں کو اس جماعت (اہل حق) کی حقانیت کا یقین ہو جائے (بہرحال (بادشاہ کو) مسائل شرعیہ کی حقیقت سے اطلاع دینا ضروری ہے، جبتک ایسا نہ ہوگا اس امر کی ذمہ داری علما اور بادشاہ کی بارگاہ کے مقربوں پر ہے۔یہ کس قدر بڑی سعادت ہے کہ اس گفتگو (احکام شرعیہ کے پہنچانے میں کوئی جماعت تکلیف اٹھائے انبیاء علیہم الصلوات والتحیات نے احکام شرعیہ کی تبلیغ میں کونسی تکلیفیں ہیں جو برداشت نہیں کیں اور کونسی مصیبتیں ہیں جو ان کو پیش نہیں آئیں۔انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام میں سب سے بہتر و مہتر علیہم من الصلوات افضلہا و من التحیات اکملہا نے فرمایا ہے: مَا اُوذِیَ نَبِیٌّ مِثْلَ مَا اُوذِیْتُ (کسی نبی کو ایسی ایذا نہیں پہنچی جیسی کہ مجھے پہنچی ہے)۔

عمر بگذشت و حدیثِ درِ ما آخر نشد　　　شب بآخر شد کنوں کو تہ کنم افسانہ را

ترجمہ:۔ (عمر گذری عشق کا افسانہ جاری ہے ابھی　　　رات گذرے ہے تو اب کرتا ہوں اس میں کچھ کمی)

والسلام والاکرام

---

## ﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۸۰﴾ ۴ قولہ اللہ تعالیٰ ناصرکم الخ یعنی اللہ سبحانہ و تعالیٰ آپ کا ناصر و مددگار ہے ہر اس چیز پر جو آپ کے لئے برائی اور عیب کا باعث ہو

۵ قولہ ارباب تکلیف، شرعی احکام کی پابندی سے دیوانے، بچے، بہت بے عقل اور معذور خارج ہیں ۱۲

۶ اللہ تعالیٰ ان کی کوششوں کو قبول فرمائے اور ان کو جزائے خیر سے نوازے ۱۲

﴿صہ۸۱﴾ ۱ قولہ علم حلال وحرام، مبتدا ہے، وقولہ وعمل بمقتضائے این علم، معطوف ہے اس پر، وقولہ نیز ضروری است، مبتدا کی خبر ہے ۱۲

۲ مجموعہ خانی شیخ کمال الدین کریم رحمہ اللہ کی تالیفات میں سے ہے، اس کتاب میں فقہی مسائل کو مذہب حنفی کی معتبر کتابوں سے درج فرمایا ہے، اللہ تعالیٰ ان کو مسلمانوں کی طرف سے بہتر جزا عطا فرمائے ۱۲

۳ عمدۃ الاسلام شیخ ابو طاہر بن کمال ملتانی رحمۃ اللہ علیہ کی تالیف ہے اس کے پہلے حصے میں عقائد اور دوسرے میں فقہی مسائل کو بیان کیا ہے ۱۲

۴ یعنی بلاتوبہ، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''فَیَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیُعَذِّبُ لِمَنْ یَّشَآءُ (پھر بخش دے گا جسے چاہے گا اور عذاب دے گا جسے چاہے گا) سورۃ بقرہ آیت ۲۸۴ اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِکَ لِمَنْ یَّشَآءُ (سورۃ نساء آیت ۱۱۶) ترجمہ بے شک اللہ تعالیٰ نہیں بخشتا اس (جرم عظیم) کو کہ شریک ٹھہرایا جائے اس کے ساتھ، اور بخش دیتا ہے اس کے سوا جتنے جرائم ہوں جس کے لئے چاہتا ہے ۱۲

۵ اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو سید البشر علیہ وعلی آلہ من الصلوات افضلہا و من التسلیمات اکملہا کے طفیل اپنی مرضی کے طریقے پر ثابت قدم رکھے ۱۲

۶ یعنی میاں رفیع الدین نے پہلے شیخ فرید کی توجہ اور التفات دین کی ترویج اور ملت اسلامیہ کی مدد اور بڑے اہم کاموں کی





Marfat.com

طرف رغبت کا اظہار کیا اور بعد میں کہا کہ نواب شیخ جیو یعنی شیخ فرید الخ ۱۲ قولہ جیتلے یعنی ایک جیتل جیم کی زیر، یائے معروف اور تا پر زبر ہے، یہ ایک سکہ ہے چاندی کا، بعض نے لکھا ہے کہ یہ دام کے معنی میں ہے جو کہ فلس کا پچیسواں حصہ ہوتا ہے ۱۲

قولہ غریب: یعنی مسافر کی مانند جس کا کوئی آشنا، جاننے والا نہیں ہوتا اور نہ اس کا حال دریافت کرنے والا ہوتا ہے ۱۲

{صہ ۸۲} ۱ قولہ فرمودند، عن ابی هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله عليه وسلم : انكم فی زمان من ترك منكم عشر ما امر به هلك ، ثم يأتی زمان من عمل منهم بعشر ما امر به نجا۔ رواه الترمذی (مشكوة ، كتاب الايمان ،باب الاعتصام الكتاب والسنه ،الفصل الثانی)

ترجمہ:۔ حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ ایسے زمانے میں ہو کہ اگر تم میں سے کوئی شخص دین کا دسواں حصہ بھی چھوڑے گا ہلاک ہو جائے گا، پھر ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ جو اس کے دسویں حصے پر بھی عمل کرے گا نجات پا جائے گا۔

۲ قولہ کافر لعین گوبند، جاننا چاہیے کہ گرو گوبند سنگھ دسواں نائب تھا گرونانک کا، وہ سکھ قوم کے مذہب کا بانی ہ اور کتاب گرنتھ کا مؤلف گوبندا اپنے مذہب میں بڑا متعصب تھا اسلام اور اہل اسلام سے سخت عداوت رکھتا تھا، یہی ہے جس نے سکھ قوم کو فوج اور لشکر کے طور پر تیار کیا، اس سے پہلے یہ لوگ (سکھ) فقیروں درویشوں کی صورت میں رہتے تھے، جب گرو گوبند نے بادشاہِ وقت اورنگ زیب عالمگیر رحمہ اللہ تعالیٰ کے خلاف بغاوت اختیار کی تو قتل کیا گیا ۱۲

۳ کِلّہ کاف کی زیر اور لام پر شد ہے، جو چھوٹے خیمے کی طرح باریک اور مہین کپڑے کا چھوٹا خیمہ جو صرف مکھی اور مچھر کے نہ آنے کے لئے بناتے ہیں، مؤید نے خیمہ اور سائبان کے معنی میں لکھا ہے ۱۲

۴ قولہ اَللّٰھُمَّ شَتِّتْ الخ یعنی یا اللہ تو ان کی جمعیت کو پراگندہ کر اور ان کی جماعت میں تفرقہ ڈال، اور ان کے گھروں کو ویران کر اور ان کو ایسا پکڑ جیسے غالب طاقتور پکڑتا ہے ۱۲

۵ یہ آیت سورۃ تحریم آیت ۹ پارہ ۲۸ میں واقع ہے یعنی اے نبی! کفار اور منافقین سے جہاد جاری رکھو اور ان پر سختی کرو ۱۲

{صہ ۸۳} ۱ قولہ احکام شرعی، یعنی کل روز قیامت کسی سے یہ عذر نہیں سنا جائے گا کہ میں جب کرامت اور خوارق عادت کا تصرف نہیں رکھتا تھا تو میں نے شرعی احکام کی تبلیغ نہیں کی، کیونکہ شریعت کے احکام کی تبلیغ کے لئے یہ کرامات لازم نہیں ہیں ۱۲

۲ قولہ اگر امتان الخ جاننا چاہیے کہ یہ مضمون قرآن کریم میں کثرت سے وارد ہے جیسا کہ قرآن کے ماہر پر یہ بات پوشیدہ نہیں ہے ۱۲

۳ قولہ از نزد خدا است الخ یعنی معجزے کا لانا ہم پر لازم نہیں ہے، جب اللہ تعالیٰ چاہے گا اس کو ظاہر کر دے گا۔ جو کچھ ہمارے ذمے ہے وہ احکام خداوندی کی تبلیغ ہے ۱۲

۴ قولہ بازار رسد الخ قال الله تعالى وتبارك : فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ وَقٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ ۔(سورة آل عمرٰن آیت ۱۹۵)

ترجمہ:۔ تو وہ جنہوں نے ہجرت کی اور نکالے گئے اپنے وطن سے اور ستائے گئے میری راہ میں اور (دین کے لئے) لڑے اور مارے گئے، تو ضرور میں مٹادوں گا ان (کے نامہ عمل) سے ان کے گناہ اور ضرور داخل کروں گا انہیں باغوں میں بہتی ہیں جن کے نیچے نہریں (یہ) جزا ہے (ان کے اعمال حسنہ کی) اللہ کے ہاں اور اللہ ہی کے پاس بہترین ثواب ہے ۱۲

۵ قولہ مَا اُوْذِیَ نَبِیٌّ الخ یعنی کسی نبی کو ایسا نہیں ستایا گیا جس طرح مجھے دکھ دیا گیا ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی راہ میں اور شریعت کے احکام کی تبلیغ میں۔ اور اسی بارے میں یہ بھی وارد ہوا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لَقَدْ اُخِفْتُ فِی اللّٰهِ وما يخاف احد ولقد اوذيت فی الله وما يؤذی احد رواه الترمذی (مشكوٰة ، كتاب





Marfat.com

الرقاق، باب فضل الفقراء) یعنی مجھے ایذا دی گئی اللہ تعالیٰ کے دین میں اور نہیں ستایا گیا کسی کو میری مثل اور مجھے رنجیدہ کیا گیا ہے خدا کی راہ میں اور کسی کو ستایا نہیں گیا میری طرح۔ شیخ عبدالحق رحمہ اللہ نے کہا ہے۔ جیسا کہ دوسری حدیث میں آیا ہے ما اوذی نبی مثل ما اوذیت ۱۲ المصحح رحمہ اللہ

..........................................

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۸۰﴾ ☆تحریض......برانگیختن ۱۲......رغبت دلانا ☆اغراء......بالکسر برغلانیدن ۱۲......کسی کام کیلئے ابھارنا ۱۲ ☆تصحیح عقائد......درست کردن عقیدہا موافق اقوال دانایان فرقہ ناجیہ سنیہ ۱۲......عقائد کو درست کرنا علمائے اہل سنت فرقہ ناجیہ کے اقوال کے موافق ۱۲ ☆کہ......علت ۱۲......سبب ۱۲ ☆باتباع......بمتابعت ۱۲......متابعت و پیروی کے ساتھ ۱۲ ☆ناجیہ......نجات پابندہ ۱۲......نجات پانے والا ۱۲ ☆آراء صواب......راہِ راست نمائندہ و بمطلوب رسانندہ ۱۲......سیدھے راستے کی راہنمائی کرنے والی اور مطلوب تک پہنچانے والی رائیں ۱۲ ☆اتباع......متابعان ۱۲......پیروی کرنے والے ۱۲ ☆ہر مبتدع......یعنی رافضی و خارجی و جبری و قدری وغیرہم ۱۲......یعنی رافضی (شیعہ) خارجی، جبری اور قدری وغیرہ فرقے ۱۲ ☆مبتدع......بدعتی ۱۲......بدعتی ☆ضال......گمراہ ۱۲......گمراہ ☆ازینہا......از قرآن و سنت ۱۲......قرآن و سنت سے ۱۲ ☆مذکور......لابد کہ ۱۲......ضروری ہے کہ ۱۲ ☆طول......درازی ۱۲......لمبائی ۱۲ ☆بسط......فراخی ۱۲......کشادگی، وسعت ۱۲

﴿صہ ۸۱﴾ ☆مسائل صِرف......خالص بدون شائبہ دلائل ۱۲......خالص مسائل دلائل کے بغیر ۱۲ ☆اثنا......میان ۱۲......دوران، میان ۱۲ ☆خطور......گذر ۱۲......خیال آنا ۱۲ ☆سہل......آسان ۱۲......آسان ☆متعاقب......از پس ۱۲......پیچھے سے ۱۲ ☆بعد از تصحیح......مربوط است بقول اوقدس سرہ نخستین ضروریات بر ارباب ۱۲......یہ کلام آپ کے شروع مکتوب میں درج ارشاد "نخستین ضروریات بر ارباب" سے مربوط ہے ۱۲ ☆متکفل......ضامن ۱۲......ضامن ☆مساہلہ......سستی ۱۲......سستی ☆ہم......نیز ۱۲......بھی ☆خواجہ احرار......عبیداللہ رحمہ اللہ ۱۲......حضرت خواجہ عبیداللہ احرار رحمہ اللہ ☆متحلی......متزین ۱۲......مزین، آراستہ کیا ہوا ۱۲ ☆شیخ جیو......یعنی شیخ فرید ۱۲......شیخ فرید رحمۃ اللہ علیہ ☆مزید......زیادہ ۱۲......زیادہ ☆صَرف......خرچ ۱۲......خرچ ☆رعنا......خوشنما ۱۲......خوبصورت ☆اہل بیت......یعنی خاندان نبوت علی صاحبہا الصلوات والتسلیمات ۱۲......یعنی خاندان نبوت، ان کے صاحب حضور پر بہت درود اور سلام ہوں ۱۲

﴿صہ ۸۲﴾ ☆از......چہ ۱۲......کیا ۱۲ ☆حقیقتِ وراثت......مبتدا ۱۲......یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆در تحصیل......خبر ۱۲......یہ مبتدا کی خبر ہے ۱۲ ☆این امر......ترویج دین ۱۲......دین کو رواج دینا ۱۲ ☆اوامر و نواہی......یعنی از مامورات و منہیات ۱۲......یعنی ان کاموں سے جن کا حکم دیا گیا ہے اور جن سے منع کیا گیا ہے ۱۲ ☆خلاص شوند......نجات یابند ۱۲......نجات پائیں ۱۲ ☆آل او......اولاد و خویشان ۱۲......اسکی اولاد اور رشتہ دار اور ماننے والے ۱۲ ☆ہنود......کفار ہند ۱۲......ہندوستان کے کافر ۱۲ ☆آن گوبند ۱۲......گرو گوبند سنگھ ☆نفرین......بددعا ۱۲......بددعا ☆برباد دادہ......اندا ۱۲......برباد کر دیا ہے ۱۲ ☆غِلظت......بالکسر درشتی ۱۲......غین کی زیر سے، یعنی سختی ۱۲ ☆بقایائے......مبتدا ۱۲......یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆قرن......زمانہ ۱۲......زمانہ ☆بر دلہائے......خبر ۱۲......یہ مبتدا کی خبر ہے ۱۲ ☆بدکیشان......بدمذہبان ۱۲......بدمذہب لوگ ۱۲

مکتوبات امام ربانی تیسرا حصہ پہلا دفتر



Marfat.com

﴿صہ ۸۳﴾ ☆ در رفع ...... ور کردن ۱۲ ...... دور کرنا ۱۲ ☆ شناعت ...... زشتی ۱۲ ...... برائی ۱۲ ☆ کہ ...... علت ۱۲ ...... سبب ۱۲

☆ بروے ...... یعنی از علمائے اہل اسلام ۱۲ ...... یعنی مسلمانوں کے علما سے ۱۲ ☆ اثنا ...... میان ۱۲ ...... اندر، درمیان ۱۲

..............................

# ایک سو چورانویواں مکتوب ﴿۱۹۴﴾

صدر جہاں کی طرف صادر فرمایا ...... ملت کو رواج دینے اور دین کی ترغیب میں اور اس کے متعلقات کے بیان میں۔

سَلَّمَکُمُ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَعَافَاکُمْ (اللہ سبحانہٗ آپ کو سلامت اور عافیت سے رکھے) ...... احکامِ شرعیہ کے جاری کرنے اور ملت حضرت محمد مصطفٰی علیٰ صاحبہا الصلوۃ والسلام والتحیۃ کے دشمنوں کی ذلت وخواری کی خبریں سن کر غمزدہ مسلمانوں کے دل کو فرحت اور روح کو تازگی حاصل ہوئی۔ اس بات پر اللہ تعالیٰ کی حمد اور اس کا احسان ہے، اور اللہ تعالیٰ مالک وقدیر سے سوال ہے کہ وہ اپنے نبی بشیر ونذیر علیہ وعلیٰ آلہ من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا کے طفیل اس اہم کام میں ترقی عطا فرمائے ...... یقین ہے کہ مقتدایانِ اسلام خواہ وہ ساداتِ عظام ہوں یا علمائے کرام، خلوت وجلوت میں دینِ متین کی ترقی اور صراطِ مستقیم کی تکمیل میں سرگرم رہیں گے۔ (یہ فقیر) بے سروسامان اس معاملہ میں کیا گفتگو کرے ...... سنا گیا ہے کہ بادشاہِ اسلام (جہانگیر) اسلامی استعداد کی خوبی حاصل ہو جانے کی وجہ سے علماء کا خواہاں ہے۔ الحمد اللہ سبحانہ علیٰ ذٰلك۔



آپ کو معلوم ہے کہ زمانہ سابق (عہدِ اکبری) جو فساد پیدا ہوا تھا وہ علماء سوء کی بدبختی کی وجہ سے ظہور میں آیا تھا اس لئے امید ہے کہ پورے پورے تتبع (چھان بین کو) مدنظر رکھ کر دیندار علماء کا انتخاب کر کے پیش قدمی کریں گے۔ علماء سوء جو دین کے چور اور ڈاکو ہیں ان کو مقصود حُبِ جاہ وریاست اور مخلوق کے نزدیک قدر ومنزلت حاصل کرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے فتنہ سے بچائے۔

ہاں ان میں سے جو بہترین (علماء) ہیں وہ بہترین خلائق ہیں کل قیامت کے دن ان کی سیاہی کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں شہید ہونے والوں کے خون سے وزن کیا جائے گا اور سیاہی والا پلّہ بھاری رہے گا: شَرُّ النَّاسِ شِرَارُ الْعُلَمَاءِ وَخَيْرُ النَّاسِ خِيَارُ الْعُلَمَاءِ (تمام لوگوں میں سے بُرے بدترین علما ہیں اور تمام لوگوں میں بہتر، بہترین علما ہیں) ...... دوسری عرض یہ ہے کہ بعض نیتیں آمادہ کرتی ہیں کہ (یہ فقیر) لشکر میں پہنچے لیکن ماہِ رمضان مبارک کے قریب ہونے کے باعث دہلی میں قیام کرنے کا اتفاق ہو گیا، ان شاء اللہ اس ماہ مبارک کے گذرنے پر عزیزوں کی خدمت میں پہنچ جائے گا۔ والسلام

---

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ ۸۳﴾ قولہ سَلَّمَکُم: یعنی اللہ تعالیٰ آپ کو سلامت رکھے اور تمام آفات سے عافیت عطا فرمائے ۱۲

﴿صہ ۸۴﴾ لے یعنی وہ شخص جو بے سروسامان ہے اور عاجز وکمزور، یعنی خود حضرت امام ربانی، اس بارے میں زیادہ گفتگو کیا کرے یعنی بے طاقت آدمی کیا ظاہر کرے گا جو اس کام کی استطاعت نہیں رکھتا ۱۲

ے قولہ لُصُوص پہلے دونوں حرفوں پر پیش ہے، یہ لِص کی جمع ہے (لام کی زیر اور صاد پر شد ہے) اس کے معنی چور اور راہ زن ہیں



Marfat.com

۲ قولہ سیاہی ایشاں، اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جس کو امام غزالی نے احیاء میں ذکر کیا ہے نیز اسکو ابن عبد البر نے، اور شیرازی نے القاب میں اور مرہبی نے فضل العلم میں اور ابن الجوزی نے عِلَل میں اور دیلمی نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے ۱۲

۳ قولہ شرالناس، اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جو اس بارے میں وارد ہوئی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اَلَا اِنَّ شَرَّ الشَّرِّ شِرَارُ الْعُلَمَاءِ وَاِنَّ خَيْرَ الْخَيْرِ خِيَارُ الْعُلَمَاءِ یعنی آگاہ ہونا چاہیے کہ سب لوگوں میں سے برے بدترین علما ہیں اور تمام لوگوں میں بہتر بہترین علماء ہیں، کیونکہ علماء کو راہنما سمجھا جاتا ہے اور لوگ ان کی پیروی کرتے ہیں پس ان کی نیکی اور بدی لوگوں میں زیادہ سرایت کرتی ہے دوسرے لوگوں سے بڑھ کر۔ اس کو دارمی نے روایت کیا ہے، امام سیوطی نے جامع صغیر میں کہا ہے: شِرَارُ النَّاسِ شِرَارُ الْعُلَمَاءِ فِي النَّاسِ - البزار عن معاذ، حسن و أورده المناوی ایضا بهذااللفظ ۱۲

..........................................................

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۸۳﴾ ☆ ترویج ...... رواج دادن درواے دادن ۱۲ ...... کسی کا رواج دینا اور عام کرنا ۱۲ ☆ تذلیل ...... خوار ساختن دشمنانِ دینِ محمدی ۱۲ ...... دینِ محمد کے دشمنوں کو ذلیل کرنا ۱۲ ☆ وَالْمَسْئُولُ ...... اللہ پاک مالک وقدیر سے سوال ہے کہ وہ اس اہم کام میں ترقی عطا فرمائے ۱۲ ☆ از سادات ...... بیان ۱۲ ...... یہ بیان ہے ۱۲ ☆ خَلا ومَلا ...... خلوت و جلوت ۱۲ ...... تنہائی اور محفل ۱۲ ☆ از دیار ...... زیادت ۱۲ ...... زیادہ ہونا ۱۲

﴿صہ ۸۴﴾ ☆ متین ...... محکم ۱۲ ...... مضبوط ۱۲ ☆ قرن ...... زمان ۱۲ ...... زمانہ ۱۲ ☆ سابق ...... پیشین ۱۲ ...... گزشتہ ۱۲ ☆ فسادیکہ پیدا شد در ہندوستان ۱۲ ...... ہندوستان میں ۱۲ ☆ انتخاب نمود ...... بیرون کشیدن و برگزیدن ۱۲ ...... باہر لانا اور انتخاب کرنا چننا ۱۲ ☆ لُصُوص ...... دُزد و رَاہزن ۱۲ ...... چور اور ڈاکو ۱۲ ☆ وَالعِيَاذُ بِاللّٰهِ سُبْحَانَهُ مِنْ فِتْنَتِهِمْ ...... اللہ پاک پناہ میں رکھے ان کے فتنے سے ۱۲ ☆ خواہد چہ بید ...... از چربیدن بمعنی غالب آمدن وافزون آمدن ۱۲ ...... یہ لفظ چربیدن سے بنا ہے اسکے معنی غالب آنا اور زیادہ آنا ہیں ۱۲ ☆ بعسکر ...... لشکر ۱۲ ...... فوج ۱۲ ☆ مُضِی ...... بالضم وکسر ضاد معجمہ وتشدید یا گزشتن ورفتن ۱۲ ...... میم پر پیش ہے اور ضاد نقطہ والے کو زیر ہے یا پر شد ہے اس کے معنی ہیں گزر جانا اور جانا ۱۲

..........................................................

# ﴿ایک سو پچانویواں مکتوب (۱۹۵)﴾

یہ مکتوب بھی صدر جہاں کی طرف صادر فرمایا ...... روشن شریعت کو رواج دینے کی ترغیب میں اور اسلام اور اہل اسلام کی کمزوری پر اظہارِ افسوس میں۔

سَلَّمَکُمُ اللّٰهُ سُبْحَانَهُ وَاَبْقَاکُمْ (اللہ سبحانہ آپ کو سلامت اور باقی رکھے) ...... چونکہ بادشاہوں کا احسان تمام مخلوق کو حاصل ہوتا ہے اس لئے مخلوق کے دل اس قول کے مطابق جُبِلَتِ الْخَلَائِقُ عَلٰى حُبِّ مَنْ اَحْسَنَ اِلَيْهِمْ (مخلوق کی فطرت میں اپنے محسن کی محبت رکھی گئی ہے) اپنے محسنوں کی طرف مائل ہیں: لہذا ناچار اس ارتباط اور تعلق





Marfat.com

کی وجہ سے (بقدرِ محبت) بادشاہوں کے نیک و بد اخلاق اور اوضاع واطوار از قبیل خیر و شر اور صلاح وفساد عام مخلوق میں جاری وساری ہو جاتے ہیں...... اسی وجہ سے کہا گیا ہے: اَلنَّاسُ عَلٰی دِیْنِ مُلُوْکِھِمْ (لوگ اپنے بادشاہوں کے دین (طور طریقے) پر ہوتے ہیں) گذشتہ زمانے (عہدِ اکبری) کے حالات اس بات کی گواہی دیتے ہیں۔

اب جبکہ سلطنت میں انقلاب واقع ہو گیا ہے اور اہل مذاہب کی عداوت کی تیزی درہم برہم ہو گئی ہے۔ لہذا اسلام کے پیشواؤں اور بڑے بڑے وزیروں، امیروں اور علماء کرام پر لازم ہے کہ اپنی تمام ہمت کو روشن شریعت کی ترویج میں لگائیں اور سب سے پہلے اسلام کے ترک شدہ ارکان کو قائم کریں کیونکہ تسویف (تاخیر) میں خیریت معلوم نہیں ہوتی، غریبوں کے دل اس تاخیر سے نہایت بیقرار ہیں۔ گذشتہ زمانہ کی سختیاں ابھی تک مسلمانوں کے دلوں میں بیٹھی ہوئی ہیں، ایسا نہ ہو کہ پھر ان کی تلافی نہ ہو سکے اور اسلام کی غربت اس سے بھی زیادہ ہو جائے...... جب بادشاہ سنّتِ سنیہ مصطفویہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کی ترقی میں سرگرم نہ ہوں اور بادشاہوں کے مقرب بھی اس بارے میں اپنے آپ کو الگ رکھیں اور چند روزہ زندگانی کو عزیز سمجھیں تو پھر اہلِ اسلام بیچاروں پر زمانہ بہت ہی تنگ ہو جائے گا۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ (بقرۃ ۲، آیت، ۱۵۶) (ہم سب اللہ کے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے) ایک بزرگ فرماتے ہیں۔ ؎

؎ آنچہ از من گم شدہ گر از سلیماں گم شدے — ہم سلیماں ہم پری ہم اہرمن بگریستے

ترجمہ:۔ (جو میں نے کھو دیا اس کو سلیماں بھی اگر کھوتے — وہ خود روتے، پری بھی جن بھی بلکہ اہرمن روتے

شعر صُبَّتْ عَلَیَّ مَصَائِبُ لَوْ اَنَّهَا — صُبَّتْ عَلَی الْاَیَّامِ صِرْنَ لَیَالِیَا

ترجمہ:۔ (مصائب نے مجھے اس طرح گھیرا — اگر گردوں پہ ہوں، ہو جائے تاریک)

اسلامی نشانیوں میں سے ایک نشان اسلامی شہروں میں قاضیوں کا مقرر کرنا ہے جو گذشتہ زمانہ (عہدِ اکبری) میں ختم ہو گیا تھا، سرہند میں جو اہل اسلام کے بڑے شہروں میں سے ہے (اس میں) کئی سال سے کوئی قاضی نہیں ہے۔ حاملِ رقیمہ، ہذا قاضی یوسف کے باپ دادا شہر سرہند کے آباد ہونے کے وقت سے قاضی ہوتے آئے ہیں چنانچہ بادشاہوں کے کافی اسناد ان کے پاس موجود ہیں اور صلاح وتقوٰی سے بھی آراستہ ہیں۔ اگر مناسب سمجھیں تو اس امر عظیم القدر کو ان کے حوالہ فرمادیں...... اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ ہم کو اور آپ کو شریعتِ حقہ علی مصدرہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کے سیدھے راستہ پر ثابت قدم رکھے

---

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ ۸۴﴾ ۴ قولہ جبلت الخلائق الخ یعنی مخلوقات مجبول ہیں بھی ان کی طبیعت و پیدائش وفطرت میں داخل ہے کہ جو احسان کرے اس سے محبت کی جاتی ہے، یعنی اپنے محسن سے محبت پر پیدا کئے گئے ہیں، معرّب (مولانا محمد مراد) نے فرمایا اس کو ابونعیم نے حلیہ میں روایت کیا اور عسکری نے الامثال میں مرفوعا ان لفظوں میں روایت کیا ہے۔ جُبِلَتِ الْقُلُوْبُ عَلٰی حُبِّ مَنْ اَحْسَنَ اِلَیْهَا سیوطی نے کہا ہے اس کو بیہقی نے ابن مسعود سے مرفوعا روایت کیا ہے اور یہ محفوظ ہے اور ابن عدی نے کہا یہی معروف ہے ۱۲

۵ قولہ مانا کہ معنی شبیہ نظیر اور مانند ومثل ہوتے ہیں، اور تحقیق وشاید کے معنی بھی ہیں، ھمانا یعنی بڑائی وغرور ۱۲

؎ قولہ سَورت، سین پر زبر ہے، تیزی، تندی ہر چیز کی تیزی، ظلم وغصہ ۱۲



پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ

Marfat.com

﴿صہ۸۵﴾ قولہ اِنا للہ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن اللہ تعالیٰ کے ارشاد وَبَشِّرِ الصَّابِرِیْنَ الَّذِیْنَ اِذا اَصَابَتْھُمْ مُّصِیْبَۃٌ قَالُوْا اِنَّا لِلّٰہِ الخ پرعمل ہے اور اس طرف اشارہ ہے کہ اسلام کی غربت، کمزوری اور ذلت سب مصیبتوں سے عظیم مصیبت ہے، جیسا کسی نے کہا ہے۔ صُبَّتْ عَلَیَّ الخ مذکورہ آیت کریمہ قرآن کریم کے دوسرے پارے میں ہے ۱۲

۲ یعنی مجھ پر جس طرح مصیبتیں اور غم ڈالے گئے ہیں اگر وہ غم دنوں پر ڈالے جاتے تو باوجود یکہ دن روشن ہوتے ہیں لیکن مذکورہ مصائب وتکالیف کی تاریکی اور ظلمت کی وجہ سے وہ دن رات کے اندھیرے میں بدل جاتے ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

..........................................

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ۸۴﴾ ☆بکافہ......ہمہ ۱۲......تمام، سب ۱۲ ☆محسنان......از سلاطین وغیرہم ۱۲......بادشاہ وغیرہ ۱۲ ☆اوضاع......اطوار ۱۲......طور طریقے ۱۲ ☆بیان اخلاق......اخلاق کا بیان ہے ۱۲ ☆اَلنَّاسُ......لوگ اپنے بادشاہوں کے طور طریقے پر چلتے ہیں ۱۲ ☆قرن سابق......زمانہ پیشین ۱۲......سابقہ دور، گذشتہ صدی ۱۲ ☆دَوَل......بہر سہ حرکت دال وفتح واو جمع دولت است ۱۲......وال پر تینوں حرکات زبر زیر اور پیش پڑھی جاسکتی ہیں، واو پر زبر ہے، یہ دولت کی جمع ہے ۱۲ ☆از صدور......بیان ۱۲......یہ بیان ہے ۱۲ ☆غَرَّا......روشن ۱۲......روشن ☆بدایت......آغاز کار ۱۲......کام کا آغاز اور شروع ۱۲ ☆مُنْہَدِمَہ......شکستہ ۱۲......مٹے ہوئے، گرے ہوئے ۱۲ ☆برپا......قائم وایستادہ ۱۲......قائم اور کھڑے ۱۲

﴿صہ۸۵﴾ ☆تسویف......تاخیر ۱۲......دیر ۱۲ ☆قرن......زمانہ ۱۲......زمانہ ☆تنگ و تیرہ......تاریک و مکدر ۱۲......اندھیرا اور گندلا ۱۲ ☆عزیزے......بزرگے ۱۲......ایک بزرگ ☆اہرمن......دیو ۱۲......جن ۱۲ ☆قُضَاۃ......جمع قاضی ۱۲......قاضی کی جمع ہے ۱۲ ☆شَعائر......اَعلام ۱۲......نشانیاں، علامات ۱۲ ☆تعیین قُضاۃ......مقرر نمودن قاضیان ۱۲......قاضیوں کو مقرر کرنا ۱۲ ☆اَسْناد......جمع سند ۱۲......سند کی جمع ہے ۱۲ ☆مُتَحلّی......متزین ۱۲......آراستہ کیا ہوا ۱۲ ☆تفویض......سپرد ۱۲......سپرد کرنا ۱۲



..........................................

# ﴿ایک سو چھیانویواں مکتوب ۱۹۶﴾

منصور عرب کی طرف صادر فرمایا......اس بیان میں کہ ہم جس راہ (سلوک) کے طے کرنے میں مشغول ہیں وہ سات قدم ہے اور ہر قدم پر سالک اپنے آپ سے اور راہ حق تعالیٰ سے نزدیک تر ہوتا جاتا ہے۔

مرحمت نامہ گرامی قدر بڑے نیک وقت میں موصول ہوا، اللہ سبحانہ کا شکر اور احسان ہے کہ خواص حضرات عوام کی یاد بھولے نہیں اور بزرگ حضرات چھوٹے لوگوں کی غمخواری ودلجوئی سے خالی نہیں اللہ سبحانہ ہماری طرف سے آپ کو اچھی جزا عطا فرمائے......میرے مخدوم! ع

از ہر چہ میرود سخنِ دوست خوشتر است (جو بات یار سے متعلق ہے خوب ہے)

یہ راہِ (سلوک) جس کے طے کرنے کے ہم درپے ہیں سات قدم (منزل) ہے، دو قدم عالمِ خلق سے متعلق ہیں اور پانچ قدم عالمِ امر سے وابستہ ہیں...... پہلا قدم جو سالک عالمِ امر میں رکھتا ہے اس میں "تجلی" افعال ظاہر ہوتی ہے



Marfat.com

......اور دوسرے قدم پر "تجلی صفات"......اور تیسرے قدم پر "تجلی ذاتیہ" کا ظہور شروع ہو جاتا ہے......پھر اسی طرح درجات کے تفاوت کے ساتھ ترقی ہوتی جاتی ہے۔ جیسا کہ اربابِ بصیرت سے پوشیدہ نہیں ہے، لیکن یہ سب کچھ سید الاولین والآخرین علیہ وعلیٰ آلہ من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات التحیات اکملہا کی متابعت پر موقوف ہے......اور جن حضرات نے یہ فرمایا ہے کہ یہ راہ صرف دو خطوۃ (دو قدم) ہے اس سے ان کی مراد مختصر طور پر عالمِ خلق اور عالمِ امر ہے تا کہ طالبوں کی نظر میں یہ کام آسان دکھائی دے......ان ساتوں قدموں (منزلوں) میں سے ہر ایک قدم پر سالک اپنے سے دور اور حق سبحانہ وتعالیٰ سے نزدیک ہوتا جاتا ہے، اور ان قدموں کے طے کر لینے کے بعد فنائے اتم (کامل) ہے کہ جس پر بقائے اکمل مرتب ہوتی ہے، اور ولایتِ خاصہ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوۃ والسلام والتحیۃ کا حاصل ہونا اسی فنا و بقا پر منحصر ہے۔ مصرع

ایں کار دولت است کنوں تا کرا رسد (یہ کام ہے بڑا ذرا دیکھیں کسے ملے)

ہم بے مراد فقیروں کو ایسی باتوں سے کیا مناسبت ہے سوائے اس کے کہ اپنے کام و دہن کو اہلِ کمال کے زلال (آب خوش و شیریں) سے سیراب و شیریں کر لیں۔ رباعی

گر نداریم از شکر جز نام بہر — ایں بسے خوشتر کہ اندر کام زہر

آسماں نسبت بعرش آمد فرود — ورنہ بس عالی ست پیشِ خاکِ تود

ترجمہ:۔ (گر شکر حاصل نہیں، ہے نام بس — زہر کھانے سے ہے بہتر کام بس

عرش سے نیچے ہے بیشک آسمان — پھر بھی اونچا ہے زمیں سے وہ مکان)

والسلام اولاً وآخراً

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۸۵﴾ یعنی اللہ عزوجل تک پہنچنے کا راستہ صوفیہ کرام علیہم الرضوان کے طریقہ پر ۱۲

﴿صہ ۸۶﴾ ۱ قولہ زُلال، زا پر پیش بغیر شد کے، غُراب کے وزن پر، صاف اور میٹھا پانی ۱۲

۲ قولہ بہرہ، با پر زبر ہے اس کا معنی ہے حصہ اور نصیبہ ۱۲

۳ قولہ کہ اندر، کہ از کے معنی میں ہے یا نہ کے معنی میں، یعنی اگرچہ شکر کرنے سے مجھے صرف نام ہی حاصل ہو تو پھر بھی بہتر ہے اس سے کہ میرے منہ میں زہر ہو ۱۲

.......................................

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۸۵﴾ ☆از أعزہ أزمنہ ......یعنی سب سے قیمتی اوقات میں ۱۲

﴿صہ ۸۶﴾ ☆صدد......درپے ۱۲......کسی کام کے پیچھے پڑنا ۱۲ ☆منوط......معلق ۱۲......لٹکا ہوا ۱۲ ☆ آنکہ گفتہ اند ......جواب است از سوال مقدر و تقدیر ہر دو پر ظاہر است بر ماہر ۱۲......یہ سوال مقدر کا جواب ہے اور دونوں مقدر سوال ماہر کے لئے بہت ظاہر ہیں ۱۲

☆خُطوہ......بالضم گام یعنی مسافتے کہ میان ہر دو پا بوقتِ رفتار واقع شود ۱۲......خا پر پیش ہے، معنی ایک قدم، یعنی دو قدموں کے درمیان کا فاصلہ یا چلتے ہوئے جو قدم پڑتا ہے ۱۲

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ



Marfat.com

# ایک سوستانویواں مکتوب ﴿۱۹۷﴾

پہلوان محمود کی طرف صادر فرمایا...... اس بیان میں کہ سعادتمند وہ شخص ہے جس کا دل دنیا سے سرد پڑ گیا ہو اور حق سبحانہ وتعالیٰ کی محبت کی حرارت سے گرم ہو گیا ہو اور اس کے مناسب بیان میں۔

ثَبَّتَکُمُ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ عَلٰی جَادَۃِ الشَّرِیْعَۃِ (اللہ سبحانہ آپ کو شریعت کے سیدھے راستے پر ثابت قدم رکھے)...... سعادتمند وہ شخص ہے جس کا دل دنیا سے سرد ہو گیا ہو اور حق تعالیٰ کی محبت کی حرارت سے گرما گیا ہو...... ''دنیا کی محبت تمام گناہوں کی جڑ ہے، اور اس کا ترک تمام عبادات کا سرچشمہ ہے'' کیونکہ دنیا حق سبحانہ وتعالیٰ کی مغضوبہ (مظہر غضب) ہے۔ اور حق سبحانہ وتعالیٰ نے جب سے اس کو پیدا فرمایا ہے اس کی طرف دیکھا تک نہیں...... دنیا اور دنیا والے طعن وملامت کے داغ سے داغدار ہیں...... حدیث شریف میں ہے: اَلدُّنْیَا مَلْعُوْنَۃٌ وَمَلْعُوْنٌ مَا فِیْھَا اِلَّا ذِکْرَ اللّٰہِ (دنیا ملعون ہے اور جو کچھ اس میں ہے وہ بھی ملعون ہے سوائے اللہ تعالیٰ کے ذکر کے) کیونکہ ذکر کرنے والے بلکہ ان کے وجود کے ذرات کا ہر ذرہ (رواں رواں) اللہ سبحانہ کے ذکر سے مملو (لبریز) ہے وہ اس وعید سے خارج ہیں (ان پر اس کا اطلاق نہیں ہوتا)...... چونکہ دنیا ایک ایسی چیز ہے جو دل کو حق سبحانہ وتعالیٰ کی طرف سے باز رکھتی ہے اور غیر حق میں مشغول کر دیتی ہے، خواہ مال و اسباب ہوں یا جاہ و ریاست اور خواہ ننگ و ناموس: فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰی عَنْ ذِکْرِنَا (نجم،۵۳، آیت،۲۹) (پس اس شخص سے منہ موڑ لو جس نے ہمارے ذکر سے منہ موڑ لیا) نص قاطع ہے...... جو کچھ بھی دنیا میں ہے بلائے جان ہے۔ دنیا دار دنیا میں تو ہمیشہ لڑنے جھگڑنے میں پریشان رہتے ہیں اور آخرت میں حسرت وندامت کے علاوہ کچھ حاصل نہ ہوگا۔

ترکِ دنیا کی حقیقت یہ ہے کہ اس کی رغبت ترک ہو جائے، اور اس رغبت کا ترک اس وقت متحقق ہوتا ہے جبکہ اس کا ہونا نہ ہونا برابر ہو جائے اور اس طرح کا حصول اربابِ جمعیت کی صحبت کے بغیر مشکل اور دشوار ہے۔ اگر ان بزرگوں کی صحبت میسر ہو جائے تو اس کو غنیمت سمجھنا چاہیے اور اپنے آپ کو ان کے سپرد کر دینا چاہیے۔

میاں شیخ مزمل کی صحبت ہر چند آپ کے لئے غنیمت ہے، اور اس قسم کے عزیز الوجود بزرگ کبریتِ احمر (سرخ گندھک یعنی اکسیر) سے بھی زیادہ نایاب ہیں، لیکن اہلِ کرم کا طریقہ ایثار ہے یعنی اپنی حاجت پر دوسرے کی حاجت و ضرورت کو مقدم رکھنا ہے۔ اگر چندروزہ کے لئے میاں شیخ مزمل کو رخصت فرما دیں تو بہتر ہوگا، کام سے فارغ ہونے کے بعد ان شاء اللہ دوبارہ واپس چلے جائیں گے۔ اور غائبانہ اخلاص بھی آپ کے لئے حضور کا سا کام دیگا۔ زیادہ لکھنا درِ سری ہے۔ اللہ سبحانہ ہم کو اور آپ کو سید البشر علیہ وعلیٰ آلہ من الصلوات اتمہا ومن التحیات اکملہا کی متابعت پر استقامت عطا فرمائے (آمین) والسلام والاکرام۔

---

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ۸۷﴾ ۱؎ قولہ محبت: محبت میم کی زبر کے ساتھ صحیح ہے، جو میم کے پیش سے مشہور ہے غلط ہے، کیونکہ مصدر میمی ثلاثی مجرد سے پہلے حرف





Marfat.com

کے پیش سے مستعمل نہیں ہوتا ۱۲

۵ قولہ دنیا: قال صلی اللہ علیہ وسلم حُبُّ الدُّنیا رَأْسُ کُلِّ خَطِیْئَۃٍ۔ رواہ رزین والبیھقی فی شعب الایمان ۱۲ (دنیا کی محبت تمام گناہوں کی جڑ ہے)

۶ قولہ مغضوب حق، قال صلی اللہ علیہ وسلم : اِنَّ اللّٰہَ لَمْ یَخْلُقْ خَلْقًا اَبْغَضَ اِلَیْہِ مِنَ الدُّنْیَا ، وَمَا نَظَرَ اِلَیْھَا مُنْذُ خَلَقَھَا بُغْضًا لَّھَا۔ رواہ ابن ابی الدنیا والبیھقی والحاکم وابن عساکر ، ھذا خلاصۃ ما قالہ المعرب ۱۲ ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ نے کوئی مخلوق پیدا نہیں کی جو اس کے نزدیک دنیا کی طرح مبغوض ہو، اور اس نے اسکی طرف نہیں دیکھا جب سے اسکو پیدا کیا ہے اس کو ناپسند کرنے کی وجہ سے ۱۲

﴿صہ۸۶﴾ ۷ قولہ طرد، طا زبر سے اور پہلے دونوں حرفوں پر زبر سے، ہانکنا اور دور کرنا و قولہ لعن لام پر زبر ہے، دفع کرنا اور دور کرنا نیکی اور رحمت سے، اور ملامت کرنا ۱۲ منتخب مثنوی

؎ اہل دنیا چہ کہین وچہ مہین لَعْنَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن

ترجمہ:۔ دنیا دار کیا بڑا اور کیا حقیر ان سب پر اللہ کی لعنت اور پھٹکار ہے ۱۲

۸ قولہ الدنیا ملعونۃ الخ نظم الحدیث ھکذا : اَلَا اِنَّ الدُّنْیَا مَلْعُوْنَۃٌ وَمَلْعُوْنٌ مَّا فِیْھَا اِلَّا ذِکْرَ اللّٰہِ وَمَا وَالَاہُ۔ رواہ الترمذی وابن ماجہ ترجمہ:۔ حدیث کے الفاظ اس طرح ہیں: یعنی سن لو! بے شک دنیا رحمتِ خداوندی سے دور کی ہوئی ہے، ہر چیز جو دنیا میں ہے مردود ہے سوائے اللہ تعالیٰ کے ذکر کے اور اس چیز کے جو اللہ کو پسند اور پیاری ہے جیسے طاعات و عبادات یا ہر وہ چیز جو اس کے مشابہ ہو اس کے ذکر کے مثلاً انبیاء اور صلحاء کا ذکر اور اعمال صالحہ یا وہ چیز جو ذکر کے لوازمات اور تقاضوں میں سے ہے یعنی اوامر و نواہی الٰہیہ کی اتباع ۱۲

﴿صہ۸۷﴾ ۱ قولہ فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰی الخ یعنی اس شخص سے منہ موڑ لو جس نے میرے ذکر سے منہ موڑ لیا ہے، وہ غفلت اور نحوست والے ہیں، اس آیت کا ظاہری معنی یہی ہے جو کہا گیا ہے، اس مقام کے مناسب یہی ہے اور دوسری تاویل اس جماعت کی ہے جو مشاہدہ میں کمال استغراق اور استہلاک میں مذکور ہیں، ان سے صفتِ ذکر مرتفع ہو گئی ہے، بالفرض اگر وہ ذکر کی تکلیف کریں تو ان کا ذکر مذکورہ مشاہدہ مستغرق شدہ سے مانع ہوتا ہے، اس معنی کی وجہ سے وہ ذکر کرنے کی تکلیف نہیں فرماتے۔ مذکورہ آیت سورہ نجم پارہ ۲۷ میں ہے ۱۲ ملتقط

؎ یعنی گوگرد سرخ اکسیر کی طرف اشارہ ہے کیونکہ اکسیر اس سے تیار ہوتا ہے اور وہ سونا بنانے کے کیمیا کا بڑا جز ہے اور گوگرد سرخ بہت کمیاب ہے ۱۲ غ

.................................................

☆ متن ......بین السطور......معانی

﴿صہ۸۶﴾ ☆ او......دنیا ۱۲......دنیا ☆ مملو ......پر کردہ شدہ ۱۲......بھرا ہوا ۱۲

﴿صہ۸۷﴾ ☆ قولہ دنیا چیزیست......

؎ چیست دنیا از خدا غافل بدن نے قماش و نقرہ و فرزند و زن

ترجمہ:۔ دنیا ہے کیا چیز؟ (دنیا سے مراد ہے) خدا سے غافل ہو جانا ہے (ورنہ) ساز و سامان، مال و دولت اولاد اور بیوی کا نام دنیا نہیں

☆ وجود......بود ۱۲......ہونا ۱۲ ☆ فَاَعْرِضْ......مبتدا ۱۲ ☆ قاطع......خبر ۱۲ ☆ عدم......نابود ۱۲......نہ ہونا، فنا ۱۲

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ



Marfat.com

☆ مساوی...... برابر۱۲...... یکساں ۱۲ ☆ متعسر ...... دشوار۱۲...... مشکل ۱۲ ☆ مغتنم ...... غنیمت ۱۲...... غنیمت ۱۲

# ایک سو اٹھانویواں مکتوب (۱۹۸)

(عبدالرحیم) خان خاناں کی طرف صادر فرمایا...... اس بیان میں کہ اس زمانہ میں فقراء کی امراء سے دوستی بہت دشوار بات ہے اور اس کے مناسب بیان میں۔

(دعا ہے کہ) "فتوحات مکیہ" بحرمۃ نبی کریم وآلہ الامجاد علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات "فتوحات مدنیہ" کی کنجی ہو......

التفات نامہ گرامی جو فقراء کے نام ارسال فرمایا تھا موصول ہو کر محبت کی زیادتی کا باعث ہوا۔ آپ کو خوشخبری پر خوشخبری ہو۔

میرے مخدوم! فقیروں کا امیروں سے دوستی کرنا اس زمانے میں بہت مشکل کام ہے۔ اگر فقراء گفتگو کرنے یا تحریر میں تواضع اور حُسنِ خُلق کا رویّہ اختیار کریں جو کہ فقر کے لوازمات میں سے ہے تو کم عقل لوگ اپنی بدگمانی کی وجہ سے فقراء کو لالچی اور محتاج سمجھیں گے۔ اس لئے اس بدظنی کی بنا پر وہ دنیا و آخرت کے خسارہ میں پڑ جائیں گے اور بزرگوں کے کمالات (فیض) سے محروم ہو جائیں گے...... اور اگر فقراء استغنا و لاپروائی برتیں تو کم عقل لوگ ان کو بداخلاق قیاس کر کے ان کو متکبر اور بدخلق قرار دیتے ہیں، وہ یہ نہیں جانتے کہ استغنا بھی فقر کے لوازمات میں سے ہے کیونکہ جمع ضدیں (دو ضدوں کا جمع ہونا) اس جگہ آ کر حل ہو جاتے ہیں۔

حضرت ابوسعید خراز فرماتے ہیں: عَرَفْتُ رَبِّی بِجَمْعِ الْاَضْدَادِ (میں نے اپنے رب کو اضداد کے جمع ہونے سے پہچانا...... اگرچہ عقلاء اس بات کو محال سمجھتے ہیں اور قبول نہیں کرتے، لیکن کوئی فکر کی بات نہیں کیونکہ ولایت کے اطوار نظر و عقل سے بلند و بالا ہیں...... باقی حالات میر صاحب و مولانا صاحب تفصیل سے بیان کریں گے...... سلام ہو اس پر جو ہدایت کی پیروی کرے۔



---

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ ۸۷﴾ ۲؎ قولہ فتوحات یعنی ظاہری جمعیت باطنی جمعیت کا باعث ہو جائے یا احوال و مواجید اور حضرات صوفیہ کرام کے کلمات قدسیہ کا مطالعہ روشن شریعت اور سُنن مصطفویہ کی اتباع کا موجب ہو، اللہ ہی سب سے زیادہ جانتا ہے اور اس کا علم ہی سب سے بڑھ کر کامل ہے ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

﴿صہ ۸۸﴾ ۱؎ مثنوی

؎ از قیاسش خندہ آمد خلق را — کوچہ خود پنداشت صاحب دلق را

ترجمہ:۔ کار پاکاں راقیاس از خود مگیر — گرچہ ماند در نوشتن شیر و شیر ۱۲

اس (شخص) کے قیاس (عقل، سمجھ، سوچ) پر لوگوں کو ہنسی آئی (یعنی لوگوں سے اس کا مذاق اڑایا) کہ وہ خود گودڑی پوش (درویش) کو کیا سمجھا؟ (یعنی نہیں سمجھ سکا)



Marfat.com

ترجمہ:۔ پاک لوگوں کے کاموں کو اپنے (کاموں) پر قیاس نہیں کرنا چاہیے (جیسے کہ) اگرچہ لکھنے میں ''شیر اور شیر'' ایک جیسے (لفظ) ہیں

۲؎ حضرت شیخ ابوسعید خراز قدس سرہ سے پوچھا گیا کہ آپ نے اللہ تعالیٰ کو کس چیز سے پہچانا؟ حضرت ابوسعید نے فرمایا: عَرَفْتُ الخ (میں نے اپنے رب کو اضداد کے جمع ہونے سے پہچانا) یعنی میں نے حق تعالیٰ کو اپنے اندر اضداد کو جمع کرنے کے سبب پہچانا، (اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے) هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ (وہ اول وآخر ہے اور ظاہر وباطن ہے) اللہ کے بندے بھی اللہ تعالیٰ کے اخلاق سے متخلق ہیں، یعنی میں نے معلوم کرلیا کہ وہ ذات کمالات وشئون اور اعتبارات کا منبع ہے ۱۲

..........................................

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ۸۷﴾ ☆متعسر......دشوار ۱۲......مشکل ۱۲ ☆مفتاح......کلید ۱۲......چابی، کنجی ۱۲ ☆بُشْرٰی لَکُمُ الخ ......بشارت بادمر شمارا نیز بشارت بادمر شمارا ۱۲......آپ کو خوشخبری ہو پھر آپ کو خوشخبری ہو ۱۲ ☆سوءِ ظن ......یعنی گمان بد کہ دارند ۱۲......یعنی جو برا گمان رکھتے ہیں ۱۲ ☆طامع......فقراء ۱۲......حاجت مند ۱۲

﴿صہ۸۸﴾ ☆خَسِرَ الدُّنیا الخ ......زیان کار گردید در دنیا و آخرت ۱۲......وہ دنیا و آخرت کے خسارہ میں پڑ جائیں گے ۱۲ ☆قاصر نظران ......یعنی کوتاہ بینان ۱۲......تنگ نظر والے، کم عقل لوگ ۱۲ ☆نمید انند......ایشان ۱۲......وہ نہیں جانتے ۱۲ ☆نظر عقل صوری ۱۲......ظاہری عقل ۱۲

..........................................



# ایک سوننانویواں مکتوب ﴿۱۹۹﴾

ملا محمد امین کابلی کی طرف صادر فرمایا......ورد و وظائف جو انہوں نے طلب کئے تھے ان کو قبول فرمانے کے بیان میں۔

صحیفہ گرامی جو محبت سے لبریز اور اخلاص و مودت پر مشتمل تھا موصول ہو کر موجب فرحت ہوا اللہ تعالیٰ سبحانہ آپ کو عافیت سے رکھے۔ (آپ نے) اوراد میں سے کسی وِرد کے طلب کا اظہار کیا تھا، اس کے لئے سعادتمند بھائی مولانا محمد صدیق کو بھیجا جاتا ہے تاکہ آپ کو طریقہ عالیہ کے ذکر میں مشغول کریں وہ جو کچھ فرمائیں اس کے بجالانے میں پوری پوری کوشش فرمائیں، امید ہے کہ بہت فائدے حاصل ہوں گے، چونکہ (ذکر کا تلقین کرنا) محض لکھنے سے کافی نہ تھا اور اس کا تعلق حضور و صحبت پر منحصر ہے اس وجہ سے مشارٌ الیہ (مولانا محمد صدیق) کو تکلیف دی گئی ہے۔ والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۸۸﴾ ۔ قولہ مُنبِی ءاسم فاعل از انباء بمعنی خبر دادن ۱۲، یعنی خبر دینا، یہ اسم فاعل ہے۔ مصدر اِنباء سے اس کا معنی ہے خبر دینے والا ۱۲
۔ قولہ مجر د، جواب ہے سوال کا یعنی سوال ہے کہ اس بارے میں لکھ دینا کافی تھا محمد صدیق صاحب کو بھیجنے کی کیا ضرورت تھی ۱۲

..........................................

☆متن......بین السطور......معانی

☆فرط......زیادت ۱۲......کثرت، زیادتی ۱۲ ☆طریقہءعلیّہ......یعنی نقشبندیہ ۱۲......سلسلہ نقشبندیہ ۱۲ ☆امتثال......اتباع ۱۲



Marfat.com

......پیروی ۱۲ ☆مشار الیہ......محمد صدیق ۱۲......مراد محمد صدیق ۱۲

.........................................................

# دوسواں مکتوب (۲۰۰)

ملا شکیبی اصفہانی کی طرف صادر فرمایا......نفحات کی مشکل عبارتوں کے حل میں جن کی تشریح طلب کی تھی۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِهِ الطَّاهِرِیْنَ اَجْمَعِیْنَ (تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ رب العالمین کے لئے ہیں اور سید المرسلین اور آپ کی تمام اولاد پر صلوٰۃ وسلام ہو)......آپ نے تحریر فرمایا تھا کہ "نفحات" کی مغلق اور مشکل عبارات کی شرح فرمادیں۔ اس بنا پر یہ چند کلمے لکھنے کی جرأت کرتا ہوں......میرے مخدوم ومکرم! عین القضاۃ ہمدانی اس جماعت کے حال میں جو کسی شیخ کی رہبری کے بغیر سلوک کے راستے پر چلے، فرماتے ہیں ان میں سے بعض مغلوب الحال ہو گئے اور مستی ان کے سر پر سائبان کی طرح ہو گئی، اور جو ہوش میں رہا اس کا سر اڑا دیا گیا۔

راہِ سلوک سے مراد اللہ تعالیٰ سبحانہٗ بہتر جانتا ہے بظاہر یہ ہے کہ وہ سلوک کا راستہ ہے جس میں دس مشہور مقامات ترتیب وتفصیل کے ساتھ طے کرنا ہے اور اس طریقے میں نفس کا تزکیہ قلب کے تصفیہ پر مقدم ہے، اور اس میں انابت وتوبہ ہدایت کی شرط ہے۔ اور راہِ نا مسلوک (بغیر دیکھا ہوا راستہ) سے مراد طریقہ جذبہ ومحبت ہے اور اس میں (قلب کا) تصفیہ (نفس کے) تزکیہ پر مقدم ہے۔ اور یہ اجتباء (برگزیدہ لوگوں) کا راستہ ہے جس میں انابت وتوبہ مشروط نہیں، اور یہ طریقہ محبوبوں اور مرادوں کا راستہ ہے، بخلاف طریقہ اول کے جو کہ محبین اور مریدین کا طریق ہے......ان میں سے بعض حضرات جو قوی جذبہ اور محبت کا غلبہ رکھتے تھے جو کہ مستی اور مغلوب الحالی پر موقوف ہے (اس جذبہ کی وجہ سے) بیرونی واندرونی شیاطین کے شر سے محفوظ رہے اور ان کی گمراہی اور بے راہ روی سے امن میں رہے، اگرچہ ان کا کوئی رہبر نہیں تھا لیکن فضل ایزدی جل سلطانہٗ نے ان کی رہنمائی فرما کر مطلوبِ حقیقی تک پہنچا دیا۔ اور ان میں سے جو باتمیز تھا یعنی جذبہ کی قوت سے محروم تھا اور اس کے حق میں محبت کا غلبہ مفقود تھا اور چونکہ اس کا کوئی رہبر نہ تھا اس لئے دین کے دشمنوں نے اس کو راستے سے بہکا دیا اور ہلاک کر کے ابدی موت میں گرفتار کر دیا۔

اور منجملہ مغلوب الحال لوگوں کے وہ دو ترک تھے جن کے متعلق حسین قصاب نے رمز واشارہ میں ان کی حکایت بیان کی ہے کہ ہم ایک بڑے قافلہ کے ساتھ راستہ طے کر رہے تھے اچانک دو ترک قافلہ سے باہر نکل گئے اور راہِ نا مسلوک (غیر معروف راستہ) پر چل دیئے الی آخرہ......قصہ مختصر یہ کہ وہ راستہ جس پر بڑا قافلہ جا رہا تھا وہ راہِ سلوک ہے جو دس مشہور مقامات کو ترتیب وتفصیل کے ساتھ طے کرنے سے پورا ہوتا ہے۔ کیونکہ اکثر مشائخ بالخصوص متقدمین حضرات اسی طریقے کو اختیار کر کے اپنے مقاصد میں کامیاب ہوئے ہیں۔ اور راہِ نا مسلوک جو ان دو ترکوں نے اختیار کی اور حسین قصاب نے ان کے ساتھ اس راہ میں متابعت کی وہ راہِ جذب ومحبت ہے جو مقررہ راہِ سلوک کی نسبت وصول (الی اللہ) سے بہت نزدیک ہے





Marfat.com

اور اس راہ کا مقدمہ لذت و آرام پانا ہے جو کہ حس سے بے حس ہونے اور شعور سے بے شعور ہونے کا باعث ہے اور اس حالت کو انہوں نے بطور اشارہ ''رات'' مراد لی ہے......اور جب مخلوق سے یہ غیبت و بے حسی خالق تعالیٰ و تقدس کے ساتھ حضور اور شعور کو متضمن ہے تو اس حضور و شعور کو ''چاند'' کے لفظ سے اشارہ فرمایا ہے۔

یہ مقام وضاحت چاہتا ہے لہٰذا ہوش کے کانوں سے سننا چاہیے کہ جسم (کے نظام) کو قائم رکھنے والی روح ہے اور قالب (قوائے جسدی) کی تربیت کرنے والا قلب ہے اور قوائے جسدی روحانی قوت سے (طاقت کا) اکتساب کرتے ہیں اور حواس قالبی قلب کی نورانیت سے استفادہ حاصل کرتے ہیں، پس لازم ہے کہ بارگاہِ قدس جل شانہ میں قلب و روح کو توجہ دینے کے وقت جو طریق جذبہ میں لازم ہے ابتدائی حال میں جو کہ کمی اور سستی کا وقت ہے جسدی کی تدبیر اور قالب کی تربیت میں سستی پیدا ہو جاتی ہے جو کہ حس کے معطل ہونے اور شعور سے بے خبر ہونے کا سبب ہے جو قوی اور جوارح کی سستی تک پہنچا دیتی ہے اور بے اختیار زمین پر سلا دیتی ہے......اس حالت کو شیخ اجل شیخ محی الدین ابن عربی قدس سرہ نے ''فتوحاتِ مکیہ'' میں سماعِ روحی سے تعبیر فرمایا ہے اور وہ سماع جو رقص و حرکت پر گردش کرتا ہے اس کو سماعِ طبیعی کہا ہے اور اس سے منع کرنے میں بہت مبالغہ کیا ہے، لہٰذا تحقیق ہوا کہ یہ ''غیبتِ صوری، حضورِ معنوی'' (باطنی حضوری) کے اوپر متضمن ہے اور یہ جسم کی سستی روحی شعور پر مشتمل ہے جس کی تعبیر ''چاند'' سے مناسب ہے......اب ہم اصل بات کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔

جاننا چاہیے کہ چاند کا سیاہ بادل میں چھپ جانے سے مراد صفاتِ بشریہ کا ظہور ہے جو مبتدیوں کے اس (حق جل وعلا کی) حضور و آگاہی کو پردے میں چھپا دیتا ہے، اور یہ پردہ میں آ جانا توسطِ احوال تک ہے کیونکہ متوسطوں کو یہ استتار (پوشیدگی) نہیں ہے اگرچہ وہ بے استتار بھی نہیں ہے......اور ہو سکتا ہے کہ انہی معنوں میں یہ بات کہی گئی ہو کہ جب آدھی رات ہوگئی اور چاند دوسری بار بادل سے باہر آ گیا تو ان دو نوجوان مردوں کے قدموں کے نشان کو پایا، کیونکہ حالتِ بسط میں جو حضور و آگاہی کا وقت ہے راستہ روشن ہو جاتا ہے اور مسافت بھی اچھی طرح طے ہو جاتی ہے۔ اور جب صبح ہوگئی تو غیبت و ذہول دور ہو کر حضور و آگاہی سے قوت حاصل ہوگئی اور خلق کی توجہ کے ساتھ جمع ہوگئی (یعنی لوگوں کے مجمع کی وجہ سے توجہ درہم برہم نہیں ہوئی) لہٰذا اسی حضوری سے متعلق کنایہ طلوعِ آفتاب سے کیا ہے۔

اور ''پہاڑ'' سے مراد بشریت کا وجود ہے کہ وہ اس وقت اس پر ظاہر کیا گیا، کیونکہ اس طریقے میں تزکیہ نفس تصفیہ قلب کے بعد ہے، چونکہ وہ دونوں ترک جذب کی قوت اور محبت کا غلبہ رکھتے تھے انہوں نے بہادروں کی طرح اپنے پاؤں بشریت کے پہاڑ پر رکھ دیئے اور ایک ہی گھڑی میں اس کے اوپر جا پہنچے، اور ایک قسم کی فنا سے مشرف ہو گئے۔ اور چونکہ حسین قصاب وہ قوت نہیں رکھتا تھا۔ لہٰذا وہ بھی بہت مشقت و محنت سے اس پہاڑ پر چڑھ گیا۔ اور اس کو بھی ان دونوں ترکوں کی پیروی کی برکت سے یہ بات میسر ہوگئی ورنہ اس کا سر بھی کاٹ ڈالتے۔

لشکرگاہ سے مراد اعیانِ ثابتہ کا مرتبہ ہے جو کہ تمام حقائقِ امکانی کے تعینات اور تعینِ علمی وجوبی کا جامع ہے کیونکہ بے نہایت خیمے ان تعینات سے کنایہ ہے، اور ان کے درمیان ایک عظیم خیمہ ہے جو حق تعالیٰ و تقدس کے تعینِ علمی وجوبی کی طرف اشارہ ہے کہ اس کو خیمہ سلطانی کہتے ہیں اور جب حسین قصاب نے سنا کہ یہ خیمہ سلطانی ہے تو یہ خیال کر کے کہ وہ اپنے مطلب

پہلا دفتر مکتوباتِ امام ربانیؒ تیسرا حصہ



Marfat.com

کو پہنچ گیا تو اس نے چاہا کہ وہ فکر و مستی کی سواری سے جس کی مدد کے بغیر یہ راہ طے نہیں ہو سکتی نیچے اترے اور مطلوب کو پا کر آرام کرے۔

پائے راست (دایاں پاؤں) سے مراد روح ہے کیونکہ اس راہِ نامسلوک میں قلب و روح کے پاؤں سے چلا جاتا ہے نہ کہ علم و عمل سے کیونکہ وہ راہِ مسلوک سے مناسبت رکھتے ہیں۔اور سب سے پہلے جو چیز مستی سے نکلتی ہے یہی روح ہے پھر قلب کہ جس کو بائیں پاؤں سے تعبیر کرتے ہیں، اس نے رکاب سے باہر پاؤں نکالا ہی تھا کہ اس کے کانوں میں یہ الہام پہنچا کہ سلطان خیمہ میں نہیں ہے، اور حق بات بھی یہی ہے......اور حسین قصاب چونکہ قوتِ جذب نہیں رکھتا تھا تھوڑی سی بشارت سن کر مستی سے نکل آیا اور وہ دونوں تُرک چونکہ جذبہ قوی اور غلبہ محبت رکھتے تھے ان خوشخبریوں کی وجہ سے بے وقوف نہ بنے اور بہادروں کی طرح اوپر چڑھ گئے۔ حسین قصاب اگر ہزار سال بھی انتظار کرے تب بھی سلطان کو خیمہ میں نہ پائے، کیونکہ وہ بلند ہستی وراء الوراء ہے۔

قولہ:۔ (گھوڑے پر) بیٹھ کر شکار کو گیا ہے یعنی خوبصورت مظاہر اور جلوہ گاہوں میں بیٹھا ہوا ہے اور عاشقوں کے دلوں کو شکار کر رہا ہے۔ یہ آواز اور یہ بات حسین قصاب کی فہم و درایت کے موافق تھی جو تنزل کے طریق پر اس سے کہی گئی ورنہ جس جگہ حق تعالیٰ و تقدس ہے وہاں اس کا بیٹھنا اور اس کا شکار کرنا کچھ معنی نہیں رکھتا۔ بیت

؎ لَا وھُوْ زاں سرائے روز بہی ۔ باز گشتند جیب و کیسہ تہی

ترجمہ:۔ (بحرِ عرفاں کوئی کہاں پائے ۔ کتنے جاجا کے نامراد آئے)

اس عبارت سے میری ناقص فہم میں ایک دوسرے معنی بھی آئے جو مقام تفرد و کبریائی کے مناسب ہیں، اگرچہ یہ معنی بھی جناب قدس جل سلطانہ کے شایانِ شان نہیں لیکن دوسرے معنوں سے زیادہ اولیٰ وانسب ہیں، اور وہ معنی یہ ہیں کہ وحدت پر جو کہ تعینِ اول ہے اور مرتبہ واحدیت کے مقام کے اوپر بیٹھا ہوا ہے، اور جب وحدت کے مرتبہ میں تمام علمی و عینی تعینات کا اضمحلال اور استہلاک (فنا) ہے اس لئے شکار کو جو چرندوں پرندوں کے ہلاک ہونے کا سبب ہے اس مقام کے مناسب جان کر شکار کے لئے گیا ہوا فرمایا۔

شیخ محمد معشوق طوسی اور امیر علی عبو، سلطان کی شکار گاہ میں پہنچ گئے اور اس کا شکار ہو گئے لیکن معشوق طوسی اقدم (زیادہ آگے) اور زیادہ قریب ہے، اور حسین قصاب سلطان کے واپس آنے کی امید پر واحدیت کے خیموں ہی میں رہ گیا۔ وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ اَعْلَمُ بِحَقِیْقَۃِ الْمُرَادِ وَمَا فِیْہِ مِنَ الصَّوَابِ وَالسَّدَادِ (اور حقیقت مراد کو اللہ سبحانہٗ ہی بہتر جانتا ہے اور اس میں بہتری اور صواب بھی اسی کو معلوم ہے)

میرے مخدوم! اکابر طریقہ نقشبندیہ (قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم) نے اسی راہِ نامسلوک کو اختیار کیا ہے اور یہ طریقہ غیر مقررہ ان بزرگوں کے طریقے میں مقررہ راستہ بن گیا ہے اور بے شمار لوگوں کو اسی راستہ سے توجہ اور تصرف کے ساتھ مقصد تک پہنچا دیتے ہیں، اس طریقے میں وصول لازم ہے بشرطیکہ پیر مقتدا کے آداب کی رعایت کی جائے کیونکہ اس طریقے میں بوڑھے، جوان عورتیں اور بچے سب وصول میں برابر ہیں بلکہ مُردے بھی اس دولت میں امیدوار ہیں......حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہ





Marfat.com

فرماتے ہیں کہ میں نے حق سبحانہ وتعالیٰ سے ایسے طریقے کے لئے دعا کی جو بلاشبہ موصل (حق تعالیٰ تک پہنچانے والا) ہو ......اور حضرت خواجہ علاؤالدین عطار قدس سرہ جو (خواجہ نقشبند کے) پہلے خلیفہ ہیں اس ضمن میں یہ بیت فرماتے ہیں۔ ـ

ـ گر نشکستے دلِ دربان راز  قفل جہان راہمہ بکشادمے

ترجمہ:۔ (دربان راز کا دل ٹوٹے نہ کاش مجھ سے  ورنہ میں کھول دیتا اس قفلِ انجمن کو)

اللہ تعالیٰ ہم کو ان بزرگوں کے طریقے پر ثابت قدم رکھے۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۸۸﴾ ۳ عین القضات ہمدانی قدس سرہ ان کی کنیت اور نام ہے ابوالفضل عبداللہ بن محمد المیانجی ان کا لقب عین القضاۃ ہے، شیخ محمد بن حمویہ کی صحبت میں رہے اور شیخ احمد غزالی کی صحبت بھی کی ہے، آپ کے فضائل وکمالات ظاہری اور باطنی ان کی تصنیفات سے ظاہر ہیں کیا عربی کیا فارسی کتابیں، حقائق کا کشف اس قدر کیا ہے کہ کسی اور نے کم کیا ہے، آپ سے کرامات جیسے مارنا اور زندہ کرنا ظاہر ہوئی ہیں، حضرت شیخ احمد اور آپ کے درمیان خط وکتابت اور مراسلت بہت ہوئی ہے ان میں سے ایک رسالہ عینیہ ہے جو شیخ احمد نے لکھا ہے جو فصاحت وبلاغت اور روانی وسلاست میں ایسا ہے کہ اسکی نظیر نہیں ہے۔ آخر تک جو نفحات میں ان کے حالات ہیں، قدس سرہ ۱۲

ـ اِغلاق الف کی زیر سے، اس کے معنی ہیں بند کرنا، باندھنا اور اصطلاح میں کسی عبارت کا مطلب سمجھنا مشکل ہونا ۱۲

﴿ص۸۹﴾ ـ اور وہ شخص جو ان میں صاحب ہوش رہا اس کا سر انہوں نے کاٹ دیا یعنی ہلاک کر دیا ۱۲

۲ قولہ راہِ اجتبا الخ یہ اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو پارہ ۲۵ سورہ شوریٰ میں واقع ہے۔ اَللّٰہُ یَجتبی الیہ من یشاء ویہدی الیہ من ینیب (اللہ اپنے قرب کے لئے چن لیتا ہے جسے چاہے اور اپنی طرف راہ دیتا ہے اسے جو رجوع لائے)

۳ قولہ مصون، اسم مفعول ہے صَون صاد کی زبر سے مقول کے وزن پر یعنی جس پر نگاہ رکھی جائے اور محفوظ ہو، مصون کو ہمزے کے ساتھ لکھنا اور پڑھنا محض غلط ہے ۱۲

ـ قولہ اِغوا و اِضلال، دونوں کے الف کے نیچے زیر ہے ان کے معنی ہیں گمراہ کرنا ۱۲

ـ قولہ دو ترکمان، دو ترک تھے، ایک ان میں سے محمد معشوق طوسی ہے اور دوسرا امیر علی عبو قدس سرہما ۱۲

۴ قولہ آخر القصہ، نفحات میں امیر علی عبو رحمہ اللہ کے حالات میں بھی ہے کہ عین القضاۃ ایک ایسی جماعت کے حال میں کہتے ہیں جو اجنبی راہ میں بغیر رہبر کے چلے تھے، ان میں سے بعض کو مغلوبی نے اپنی پناہ میں رکھا، اور مستی ان کے سر کی سائبان بن گئی اور جو باہوش وخرد تھے ان کے سر الگ کر دیئے گئے، ان مغلوبوں میں دو ترکمان تھے، ان کا واقعہ حسین قصاب بیان کرتے ہیں، میں ایک بڑے قافلے کے ساتھ جا رہا تھا، اتفاقاً وہ دونوں ترکمان اس قافلہ سے باہر نکل گئے اور اجنبی راہ اختیار کیا، میں نے دل میں کہا کہ یہ دونوں ترکمان شاید ایسا راستہ جانتے ہیں جو اس مشہور راہ سے زیادہ نزدیک ہوگا، میں ان کے پیچھے ہولیا اور چلا جا رہا تھا، قافلہ کو میں نے ویسے ہی چھوڑ دیا، رات اندھیری آگئی، جب تھوڑی دور چلا تو چاند چھپ گیا، مجھے راہ بھول گیا لیکن سوا چلنے کے اور کچھ علاج نہ تھا، جب آدھی رات گذر گئی تو دوبارہ بادل سے چاند نکل آے اور ان جوان مردوں کے قدم کا نشان پھر مجھے مل گیا، میں چلا جا رہا تھا، جب صبح ہوئی تو ایک پہاڑ معلوم ہوا وہ دونوں ترکمان مردوں کی طرح اس پہاڑ پر چڑھے، اور ایک گھڑی میں اوپر تک پہنچ گئے میں بھی گرتا پڑتا آخر اس پہاڑ پر چڑھ گیا، آفتاب نکل رہا تھا، میں نے ایک (بڑا لشکر دیکھا، بڑے خیمے گڑے ہوئے تھے، ان میں ایک بڑا خیمہ دیکھ میں نے پوچھا کہ



Marfat.com

یہ کس کا خیمہ ہے؟ مجھے بتایا گیا کہ اس بادشاہ کا ہے میں نے اترنے کے لئے دایاں پاؤں رکاب سے نکالا ہی تھا کہ آواز آئی بادشاہ خیمہ میں موجود نہیں ہے، وہ گھوڑے پر سوار ہو کر شکار کو گیا ہے، یہ سنتے ہی میری عقل جاتی رہی اور بایاں پاؤں رکاب ہی میں رہا اور سیدھا پاؤں رکاب سے باہر نکلا ہوا تھا۔ ابھی میں اسی انتظار میں تھا کہ بادشاہ واپس آئے تو حاضری کی اجازت لوں ۱۲ (نفحات الانس ص ۵۴۴)

ب قولہ مقامات عشرہ، پہلا مقام توبہ ہے اور آخری رضا اور دونوں کے درمیان زہد اور توکل، قناعت اور صبر وشکر وغیرہ، جاننا چاہیے کہ پورا یہ طریقہ اور نہایت النہایت تک پہنچنا دس مذکورہ مقامات کے طے کرنے پر موقوف ہے اور کوئی مقام کمال کے مرتبے میں مقام رضا سے اوپر کوئی مقام کا تصور نہیں کیا جاتا ۱۲

﴿۹۰﴾ ا آپ قائلین وحدۃ الوجود کے پیشوا ہیں بہت سے فقہا اور علمائے ظاہر نے ان پر طعن کی ہے، صوفیہ کی ایک جماعت اور کچھ فقہا نے ان کو بزرگ مانا ہے، آپ کے اشعار نہایت لطیف وغریب ہیں، اور نادر وعجیب خبریں ہیں، آپ کی بہت سی تصانیف ہیں آپ کی تعریف میں بغداد کے مشائخ میں سے ایک شیخ نے اور امام یافعی رحمہ اللہ نے ایک کتاب لکھی ہے اس میں انہوں نے ذکر کیا ہے کہ شیخ ابن العربی کی پانچ سو سے زیادہ تصانیف ہیں آپ کا شیخ شہاب الدین سہروردی قدس سرہ سے ملنے کا اتفاق ہوا باہم نظر ملی لیکن ایک دوسرے سے کلام نہیں کیا اور اسی وقت ایک دوسرے سے جدا ہو گئے اس کے بعد کسی نے آپ سے شیخ شہاب الدین سہروردی کے بارے میں دریافت کیا تو فرمایا: هُوَ رَجُلٌ مَّمْلُوٌّ مِّنْ فَرْقِهٖ اِلٰی قَدَمِهٖ مِنَ السُّنَّةِ (وہ ایسے ایک شخص ہیں جو سر سے پاؤں تک سنت نبوی کی پیروی سے پر ہیں) اور جب شیخ شہاب الدین سہروردی سے ان کے حال کے متعلق پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا: هُوَ بَحْرُ الْحَقَائِق (وہ حقائق کے سمندر ہیں) تصوف میں آپ کی نسبت ایک واسطہ سے شیخ محی الدین عبدالقادر گیلانی قدس سرہ تک پہنچتی ہے، اور دوسری نسبت خرقہ میں دو واسطوں سے خضر علیہ السلام تک پہنچتی ہے۔ آپ کی ولادت پیر کی رات ۱۷ رمضان المبارک ۵۶۰ھ میں ہوئی، اور آپ کی وفات جمعہ کی رات ۲۲ ربیع الآخر ۶۳۸ھ دمشق میں ہوئی۔ آپ کو شہر دمشق کے باہر موضع سغ میں جو کوہ قاسیون کے دامن میں ہے دفن کیا گیا، آج کل یہ جگہ صالحیہ کے نام سے مشہور ہے ۱۲ از نفحات بالاختصار ۱۲

﴿ص ۹۱﴾ ا قولہ وُحُوش: پہلے دونوں حروف پر پیش ہے، یہ وَحش کی جمع ہے، وحش وحشی کے معنی میں ہے جس کا معنی صحرائی جانور ہے ۱۲ غ

۲ قولہ طُیُور: پہلے دونوں حرفوں پر پیش ہے یہ طَیر (طا پر زبر) کی جمع ہے، بمعنی مرغ ومرغان یعنی چونچ والے پرندے، لفظ طیر جمع اور واحد دونوں طرح آیا ہے ۱۲ غ

۳ یعنی لفظ شکار اس مقام کے مناسب جانا تو شکار شدہ کے لفظ سے تعبیر فرمایا ۱۲

۴ محمد معشوق طوسی قدس سرہ، آپ کا نام محمد ہے، مجذوبوں اور دیوانوں میں آپ عاقل شمار ہوتے تھے، آپ بڑے بزرگ اور صاحب حال باکمال تھے، طوس میں رہتے تھے، ان کا مزار بھی طوس میں ہے، حضرت شیخ ابوسعید ابوالخیر نے جب قصبہ مہنہ سے نیشاپور جانے کا ارادہ کیا اور وہ طوس کے اطراف کے ایک گاؤں میں پہنچے تو وہاں سے ایک درویش کو شہر طوس میں شیخ محمد معشوق کے پاس بھیجا کہ جاؤ اور ان سے اجازت طلب کرو کہ کیا ہم آپ کے شہر اور ولایت میں داخل ہو سکتے ہیں؟ آپ اس درویش کے پیچھے پیچھے روانہ ہو گئے اور بہت سے صوفی بھی آپ کے ہمراہ تھے، جب ایک فرسنگ تک پہنچے جہاں سے شہر طوس نظر آ رہا تھا، شیخ وہاں ٹھہر گئے۔ شیخ ابوسعید کا بھیجا ہوا درویش خواجہ معشوق کی خدمت میں پہنچا اور شیخ کا پیغام پہنچایا، خواجہ معشوق نے فرمایا جاؤ جا کر کہہ دو کہ آجاؤ ادھر شیخ معشوق نے یہ بات کہی ادھر شیخ ابوسعید گھوڑے پر سوار ہو کر وہاں سے چل پڑے اور راستہ میں وہ درویش پہنچ گیا اور خواجہ معشوق کا جواب سنا دیا، شیخ ابوسعید سوار ہو کر وہاں سے چل پڑے اور راستہ میں وہ درویش پہنچ گیا اور خواجہ معشوق کا جواب سنا دیا، شیخ ابوسعید خواجہ معشوق کے سامنے آگئے تو انہوں نے





Marfat.com

شیخ کا استقبال کیا اور معانقہ کیا، اور کہا: تم اطمینان رکھو کہ یہ نوبت جو آج یہاں بج رہی ہے چند روز کے بعد تمہارے دروازے پر بجائی جائے گی۔ شیخ عین القضاۃ ہمدانی اپنے ایک رسالے میں لکھتے ہیں کہ محمد معشوق (مجذوب) نماز نہیں پڑھتے تھے لیکن میں نے خواجہ محمد حمویہ اور امام غزالی سے سنا ہے، فرماتے تھے کہ قیامت کے دن تمام صدیقوں کی یہ تمنا ہوگی کہ کاش ہم خاک ہوتے اور ہماری اس خاک پر کسی دن شیخ محمد معشوق قدم رکھتے۔ الی آخر ما فی النفحات ۱۲ (ص ۵۴۳)

وَهذا بالاختصار اليسير ۱۲، لمصححه رحمه الله تعالىٰ

﴿صہ۹۱﴾ ل گول: گاف پر پیش ہے اور واؤ مجہول ہے، یعنی اَبلہ، نادان، احمق اور بیوقوف ۱۲

ل قولہ مجالی: میم پر زبر اور لام مکسور ہے، یہ اسم ظرف کا صیغہ ہے، اس کے معنی جلا اور روشنی و صفائی کی جگہ ہے جو آئینہ ہوتا ہے پس مجالی کے معنی آئینہ (شیشہ) ہیں اور جلوہ گاہیں ۱۲ غ

ل لاوھو...... عربی ترجمہ وکم من سائر ساروا وطاروا فعاد و اصفر جیب و الیدین، ترجمہ: بہت سے چلنے والے چلے اور اڑ گئے، پس واپس ہوئے خالی جیب اور خالی ہاتھ ۱۲

﴿صہ۹۲﴾ ل قولہ ماند: یہاں تک نفحات کی مغلق عبارت کی شرح تمام ہوگئی ہے ۱۲

ل قولہ گر نشکستے...... عربی ترجمہ:

لو ما خشيت ملالَ قلب الخازن　　لفتحت اقفال العوالم كلها

ترجمہ اگر مجھے دربانِ راز کے دل کے ملال و رنجیدگی کا ڈر نہ ہوتا　　تو میں تمام جہانوں کے تالے کھول دیتا ۱۲

ل حضرت خواجہ خواجگان نقشبند نے اپنی حیات میں بہت سے طالبوں کی تربیت ان کے حوالے کر دی اور فرماتے تھے کہ علاؤ الدین نے ہمارا بہت سا بوجھ ہلکا کر دیا ہے، سید شریف جرجانی نے کہا ہے کہ جب تک میں خواجہ علاؤ الدین عطار قدس سرہ کی خدمت میں نہیں پہنچا خدا کو نہیں پہچانا، حضرت خواجہ علاؤ الدین قدس سرہ کی وفات عشا کی نماز کے بعد بدھ کی رات بیس رجب ۸۰۲ھ میں ہوئی تھی ۱۲۔ نفحات

......................................



☆ متن...... بین السطور...... معانی

☆ اِصفہان...... بالکسر و فتح فا شہر مشہور از ایران ۱۲...... الف کی زیر اور فا پر زبر ہے، ایران کا ایک مشہور شہر ہے ۱۲ ☆ در بیان...... عبارت نفحات ۱۲...... یہ نفحات کی عبادت ہے ۱۲ ☆ بے رہبرے...... یعنی بغیر پیر و شیخ ۱۲...... یعنی پیر اور مُرشِد کے بغیر ۱۲ ☆ رہبرے...... بیائے مجہول ۱۲...... یائے مجہول کے ساتھ ۱۲ ☆ نامسلوک...... نارفتہ شدہ ۱۲...... جس راہ پر نہ چلا جائے ۱۲

﴿صہ۸۹﴾ ☆ مغلوبی...... بیائے معروف ۱۲...... یائے معروف ہے ۱۲ ☆ مسلوک...... رفتہ شدہ...... جس راہ پر چلا جائے ۱۲ ☆ شرط ہدایت...... از توبہ تا رضا ۱۲...... مقامات عشرہ پہلا مقام توبہ اور آخری رضا ۱۲ ☆ راہ نامسلوک...... نہ رفتہ شدہ ۱۲...... جس راہ پر نہ چلا جائے ۱۲ ☆ استیلا...... غلبہ ۱۲...... غلبہ، کامیابی ۱۲ ☆ آفاقی...... بیرونی ۱۲...... بیرونی ۱۲ ☆ انفسی...... اندرونی ۱۲...... اندرونی ☆ استیلا...... غلبہ ۱۲...... غلبہ ۱۲ ☆ راہ نامسلوک...... مبتدا ۱۲...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ طریق جذبہ...... خبر ۱۲...... یہ خبر ہے ۱۲

﴿صہ۹۰﴾ ☆ مکتسب...... حاصل کردہ شدہ...... حاصل کیا ہوا ۱۲ ☆ اوان...... وقت ۱۲...... وقت ۱۲ ☆ فتورے...... سستی ۱۲...... سستی ☆ شعور روحی...... است ۱۲...... ہے ۱۲ ☆ حضور و آگاہی...... بحق جل وعلا ۱۲...... اللہ تعالیٰ کے ساتھ ۱۲ ☆ سیر ساند...... یعنی



Marfat.com

ظہورصفات بشریہ۱۲......یعنی صفات بشریہ کا ظاہر ہونا۱۲☆بے استتار نیست ......یعنی نحوی از استتار موجود است۱۲......یعنی کچھ پوشیدگی موجود ہے۱۲☆ باتوجہ خلق ......یعنی حضور وآگاہی بسبب قوت گرفتن باتوجہ خلق جمع گشت وتوجہ بخلق مانع آن حضور آگاہی نشد۱۲......یعنی قوت حاصل ہونے کے سبب حضور وآگاہی مخلوق کی طرف توجہ کے ساتھ جمع ہوگئی اور توجہ بخلوق حضور وآگاہی سے مانع نہیں ہوتی ۱۲☆ برمیداشتند ......یعنی بہلاک می رسانیدند۱۲......یعنی ہلاکت میں ڈال دیتے ۱۲☆ آن مرکب......آنچہ بران سوار شوند۱۲......وہ چیز جس پر سوار ہوں، گھوڑا وغیرہ۱۲☆ پائے راست ......مبتدا۱۲......یہ مبتدا ہے۱۲☆ از کاب بیرون ......خبر۱۲......یہ خبر ہے۱۲☆ الا ......ورنہ۱۲......نہیں تو ۱۲☆ این عبارت ......یعنی قولہ برنشستہ است وبشکار شدہ۱۲......یعنی (گھوڑے پر) بیٹھ کر شکار کو گیا ہے۱۲☆ اضمحلال ......نیست شدن۱۲......فنا ہونا۱۲

﴿صہ۹۲﴾☆ نسا......زنان۱۲......عورتیں، خواتین ☆ متساوی ......برابر۱۲......یکساں۱۲☆ البتہ ......قطعاً یقیناً ۱۲......یقینی اور قطعی طور پر۱۲

☆ علاؤالدین عطار......محمد بن محمد البخاری۱۲......ان کا نام محمد بن محمد بخاری ہے۱۲

..........................

# مکتوب نمبر دوسو پہلا ﴿۲۰۱﴾

کوچک بیگ حصاری کی طرف صادر فرمایا......ان کے استفسار کے جواب میں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی (اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا ہے اور اس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو)......جناب کوچک بیگ حصاری نے دریافت کیا تھا کہ تمام علوم صرف دو تین حرفوں میں مندرج ہیں۔ اس بات کو یقین کرنا چاہیے یا نہیں؟ ......جواب میں کہا جاتا ہے کہ ظاہراً اس شخص نے علم وسماع اور مطالعہ کتب کے متعلق کہا ہوگا کیونکہ متقدمین (پہلے) بزرگوں سے بھی اس قسم کی باتیں ملتی ہیں حضرت امیر (علی) کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ہے کہ تمام علوم بسم اللہ کی ''ب'' میں مندرج ہیں بلکہ اس ''ب'' کے نقطے میں......اور اگر وہ شخص اس بات میں کشف کا دعوٰی کرتا ہے تو اس کا معاملہ دو حال سے خالی نہیں۔ اگر وہ یہ کہتا ہے کہ مجھ پر منکشف ہوا ہے کہ تمام علوم دو تین حروف میں مندرج ہیں اور خواہ ان دو تین حروف کو اس کے معلوم کے ساتھ مخصوص کیا ہو یا نہ کیا ہو۔ تو اس (دعوے) میں صدق کا احتمال ہے۔ اور اگر وہ یہ کہتا ہے کہ تمام علوم دو تین حروف کے ضمن میں مجھ پر منکشف کئے گئے ہیں اور ان دو تین حرفوں کے صفحہ میں تمام علوم کو مطالعہ کرتا ہوں تو وہ جھوٹا دعوٰی کرتا ہے اور اس کی یہ بات قابل قبول نہیں......اور سلام ہو اس شخص پر جس نے ہدایت کی پیروی کی اور حضرت محمد مصطفٰی ﷺ کی پیروی کو لازم جانا۔

---

﴿حاشیہ متن﴾

یعنی ظاہر یہ ہے کہ وہ شخص الخ ۱۲

..........................

# مکتوب نمبر دوسو دوسرا ﴿۲۰۲﴾

میرزا فتح اللہ حکیم کی طرف صادر فرمایا......اس جماعت کے حال کے افسوس میں جنہوں نے اپنے آپ کو ان بزرگوں کی عقیدت و



Marfat.com

ارادت کے رشتہ میں منسلک کرنے کے بعد بلاوجہ ان سے قطع تعلق کرلیا۔

ثَبَّتَنَا اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَاِیَّاکُمْ عَلَی الطَّرِیْقَۃِ الْمُسْتَقِیْمَۃِ الْمَرْضِیَّۃِ الْمُصْطَفَوِیَّۃِ عَلٰی صَاحِبِھَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ وَالتَّحِیَّۃُ (اللہ سبحانہ ہم کو اور آپ کو حضرت محمد مصطفےٰ علیٰ صاحبہا الصلوۃ والسلام والتحیۃ کی مرضی والے سیدھے راستہ پر ثابت قدم رکھے)......ایک روز مشائخ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کی غیرت کے بارے میں گفتگو ہو رہی تھی اسی اثنا میں اس بات کا بھی ذکر آیا کہ اس جماعت کا کیا حال ہوگا جو اپنے آپ کو ان بزرگوں کی ارادت کے رشتہ میں شامل کرتی ہے یا اپنے آپ کو اس ضمن میں لاتی ہے اور ان بزرگوں نے ان کو قبول فرمالیا ہے، پھر بغیر کسی وجہ وسبب کے ان بزرگوں سے قطع تعلق کر بیٹھے اور اپنے خیال وگمان سے دوسروں کے دامن کو جا پکڑا......اس ضمن میں آپ کا اور قاضی سنام کا بھی ذکر آ گیا تھا۔اور یہ مذاکرہ معلوم (شاید) ایک لمحہ رہا ہو، اور وہ بھی ایک خاص تقریب پر مبنی تھا بعد ازاں حق جل شانہ ایسا موقع نہ دے کہ یہ فقیر کسی مسلمان کی دل آزاری کرے یا تکلیف دے یا دل میں کینہ چھپائے رکھے۔آپ اپنے دل میں خاطر جمع رہیں......آپ کو معلوم ہوگا کہ ہمارا طریق دعوتِ اسماء کا طریقہ نہیں ہے۔اس طریقہ کے اکابرین نے ان اسماء کے مسمامیں اپنے آپ کو فنا ہونا اختیار کیا ہے۔اور ابتدا ہی سے ان حضرات کی توجہ احدیتِ صرف کی طرف ہے وہ اسم وصفت سے سوائے ذات تعالیٰ وتقدس کے اور کچھ نہیں جانتے لازمی طور پر دوسروں کی انتہا ان کی ابتدا میں مندرج ہوگئی ہے۔ع

قیاس کن زگلستان من بہار مرا (مری بہار کا اندازہ میرے باغ سے کر)

اب چونکہ اس مذاکرہ نے متعدد نقول کی وجہ سے ایک دوسری ہیئت (شکل) اختیار کرلی ہے اور اس کی کیفیت یا شان ایسی ہوگئی ہے کہ اس سے دوسرے قسم کے توہمات پیدا ہونے کا اندیشہ ہے لہٰذا ان کو دور کرنے کے لئے یہ چند کلمات تحریر کئے جاتے ہیں......آپ کی دوستی سے کچھ اضافہ نہیں ہوتا اور عدم دوستی سے کچھ نقصان واقع نہیں ہوگا۔صرف آپ ہی کی خیر خواہی ملحوظ ومنظور تھی: اَمَّا الرَّاضِیْ بِالضَّرَرِ لَا یَسْتَحِقُّ النَّظَرَ (جو شخص اپنے نقصان پر خود راضی ہو وہ شفقت ومہربانی کی نظر کا مستحق نہیں ہوتا) مثل مشہور ہے......یقین جانئے کہ یہ فقیر آپ کا نقصان نہیں چاہتا اور انشاء اللہ نہ آئندہ چاہے گا......وہ صرف ایک بات تھی جو درویشوں کی غیرت کی وجہ سے ایک تقریب میں کہی گئی تھی اس سے بارِ خاطر (رنجیدہ) نہ ہوں۔

دوسرے یہ کہ جو شخص اپنے آپ کو حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے افضل سمجھے اس کا معاملہ دو حال سے خالی نہیں: یا تو وہ زندیق محض ہے یا جاہل مطلق۔اس فقیر نے چند سال پیشتر فرقہ ناجیہ اہل سنت وجماعت کے بیان میں ایک مکتوب آپ کو لکھا تھا۔تعجب ہے کہ اس کے مطالعہ کے بعد بھی آپ اس قسم کی راہ دیتے ہیں......جو شخص حضرت امیر (علی رضی اللہ عنہ) کو حضرت صدیق رضی اللہ عنہ سے افضل کہتا ہے وہ اس گروہ اہل سنت وجماعت کے گروہ سے نکل جاتا ہے، تو پھر اس شخص کا کیا حال ہوگا جو اپنے آپ کو حضرت صدیق رضی اللہ عنہ سے افضل جانے، حالانکہ اس گروہ میں یہ بات مقرر ہے کہ اگر کوئی سالک اپنے آپ کو خارش زدہ کُتّے سے بہتر جانے تو وہ ان بزرگوں کے کمالات سے محروم ہے......سلفِ (صالحین) کا اس بات پر اجماع ہو چکا ہے کہ انبیا علیہم الصلوات والتسلیمات کے بعد حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ تمام انسانوں سے افضل ہیں......وہ بڑا ہی احمق ہے جو اس اجماع کے خلاف خیال کرے......اس فقیر نے اپنی کتابوں اور رسالوں میں لکھا ہے کہ

پہلا دفتر مکتوباتِ امام ربانی تیسرا حصہ



Marfat.com

حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قاتل وحشی (بن حرب، غلام جبیر بن مطعم) صرف ایک مرتبہ حضرت خیرالبشر علیہ وعلی آلہ الصلوۃ والسلام کی صحبت میں پہنچے ہیں اور حضرت اویس قرنی سے جو خیر التابعین میں سے ہیں بہتر ہو گئے...... پس ایسے شخص کے بارے میں اس قسم کی خیال آرائی کرنا عقل و دور اندیش سے بعید ہے جس عبارت سے لوگوں کے دلوں میں اس قسم کا وہم پیدا ہو گیا ہے اس کو غور سے دیکھنا چاہیے اور معاملہ کی حقیقت تک پہنچنا چاہیے۔ صرف حاسد لوگوں کی تقلید مناسب نہیں۔ اس لئے کہ مشائخ نے سکر کے غلبہ میں بہت سی غیر مناسب باتیں کہہ دی ہیں۔ چنانچہ شیخ بسطامی فرماتے ہیں کہ میرا جھنڈا حضرت محمد علیہ السلام کے جھنڈے سے بلند ہے ایسی باتوں سے افضلیت کے پیچھے نہیں پڑنا چاہیے کہ یہ یقیناً زندیقی ہے اور فقیر کی عبارت میں ہرگز اس قسم کی تحریر نہیں ہوئی ہے۔ والسلام۔

﴿حاشیہ متن﴾

۱۔ قولہ جرگہ، جیم پر زبر ہے اور گاف فارسی پر بھی زبر ہے، صف بنانا اور لوگوں کا انبوہ، شکار کرنے کی ایک قسم ہے کہ چند آدمی مل کر شکار کے اردگرد حلقہ بناتے ہیں، اس کو جرگہ زیر سے پڑھنا غلط ہے ۱۲ ع

۲۔ قولہ سگِ گرگین لفظ گرگین پہلے گاف پر زبر ہے، خارش والے مریض کو کہتے ہیں، جُرگہ پیش سے ایک ایرانی پہلوان کا نام ہے ۱۲ غ

۳۔ یعنی مکتوب ۱۱ جلد اول، ہم نے وہاں اشارہ کر دیا ہے ۱۲

۔ قولہ شیخ بسطام، جاننا چاہیے کہ شیخ ابو یزید بسطامی قدس سرہ کے مختصر حالات مکتوب ۴۳ کے حاشیہ میں لکھے گئے ہیں ۱۲

۔ یعنی میرا جھنڈا بہت بلند ہے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وبارک کے جھنڈے سے ۱۲

۴۔ حَاشَا: کلمہ تنزیہ ہے اور کَلَّا: کلمہ زجر و منع ہے یعنی ہرگز ایسا نہیں ۱۲

..........................................

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

☆ سِلک ...... بالکسر ۱۲ ...... سین کی زیر سے ۱۲ ...... رشتہ ۱۲ ...... تعلق ، ناتا ۱۲ ☆ بے موجب ...... بے سبب ۱۲ ...... بلاوجہ ۱۲ ☆ اثناء ...... درمیان ۱۲ ...... دوران ۱۲ ☆ مُتَشَبِّث ...... چنگ در زنندہ ...... دامن پکڑنا ، قابو کرنا ۱۲ ☆ اذیال ...... جمع ذیل ۱۲ ...... ذیل کی جمع ہے ۱۲ ☆ بر تقریب بودہ ...... یعنی تبعاً نہ قصداً و بالذات ۱۲ ...... یعنی ضمنی طور پر تھا ارادے اور ذاتی طور پر نہ تھا ۱۲ ☆ اسماء ...... الٰہیہ ۱۲ ...... اللہ تعالیٰ کے اسماء ۱۲ ☆ این اسماء ...... الٰہیہ ۱۲ ...... یہ اللہ تعالیٰ کے نام ۱۲

﴿صہ ۹۴﴾ یعنی کسے کہ نقصان خود خوش است استحقاق نظر و شفقت و مہربانی ندارد ۱۲ ...... یعنی جو شخص اپنے نقصان پر خود راضی ہو وہ شفقت و مہربانی کی نظر کا مستحق نہیں ہوتا ۱۲ ☆ وحشی ...... یعنی ابن حرب مولا جُبیر بن مطعم ۱۲ ...... یعنی ابن حرب جبیر بن مطعم کا غلام ۱۲ ☆ قاتل ...... در جنگ احد ۱۲ ...... جنگ احد میں قتل کرنے والا ۱۲ ☆ حضرت حمزہ ...... عم آں سرور علیہ السلام ۱۲ ...... حضور علیہ السلام کے چچا ۱۲

..........................................

# مکتوب نمبر دو سو تیسرا ﴿۲۰۳﴾





Marfat.com

ملا حسینی کی طرف صادر فرمایا...... اس عالی جماعت کی محبت کی ترغیب میں اور اس بیان میں کہ ان کا ہمنشین شقاوت (بدبختی) سے محفوظ ہے اور اس کے مناسب بیان میں۔

اَحْسَنَ اللّٰہُ تَعَالٰی اَحْوَالَکُمْ وَاَصْلَحَ سُبْحَانَہٗ اَعْمَالَکُمْ وَاٰمَالَکُم (اللہ تعالیٰ آپ کے احوال کو بہتر بنائے اور تمہارے اعمال و آرزوؤں کو نیک کرے)...... آپ کا گرامی نامہ چونکہ فقراء کی محبت پر مبنی تھا اس لئے بہت زیادہ فرحت و خوشی کا باعث ہوا، حق سبحانہٗ وتعالیٰ اس عالی جماعت کی محبت میں روز بروز اضافہ فرمائے اور ان کی نسبت کی نیازمندی کو آپ کی زندگی کا سرمایہ بنائے...... حدیث: اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ (آدمی اسی کے ساتھ ہے جس سے وہ محبت کرتا ہے) کے مطابق ان (فقراء) سے محبت کرنے والے ان کے ساتھ ہیں اور وہ فقراء ایسے ہیں جن کا جلیس و ہمنشین شقاوت و بدبختی سے محفوظ ہے...... چنانچہ حدیث نبوی علیہ من الصلوات اتمہا ومن التحیات اکملہا میں ہے کہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے کچھ فرشتے کاتبینِ اعمال کے علاوہ ایسے بھی ہیں جو راستوں اور گذرگاہوں پر اہل ذکر کی تلاش میں گھومتے رہتے ہیں یہانتک کہ جب وہ کسی جماعت کو ذکر کرتے ہوئے پالیتے ہیں تو ایک دوسرے کو آواز دیتے ہیں کہ جلد اپنے مقصد کی طرف آؤ۔ پس وہ سب کے سب اپنے بازوؤں سے اسی جماعت پر چھا جاتے اور احاطہ کر لیتے ہیں اور اپنی کثرت کی وجہ سے آسمان تک یہ سلسلہ پہنچ جاتا ہے...... پس خداوند کریم جو اپنے بندوں کے حال سے خوب باخبر ہے، ملائکہ سے دریافت فرماتا ہے کہ میرے بندوں کو تم نے کس حال میں پایا؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: بارالہا! وہ تیری حمد و ثنا بیان کر رہے تھے اور تجھ کو بڑائی و تعظیم کے ساتھ یاد کر رہے تھے اور تمام عیوب و نقصانات سے تجھ کو منزّہ و مبرّا اقرار دیتے تھے...... حق تعالیٰ نے فرمایا کیا انہوں نے مجھے دیکھا ہے؟ فرشتے کہتے ہیں نہیں...... پھر حق تعالیٰ فرماتے ہے، اگر وہ مجھے دیکھ لیں تو ان کا کیا حال ہو؟ ملائکہ عرض کرتے ہیں پھر اور زیادہ تحمید (حمد) تمجید (بزرگی) اور تکبیر (بڑائی) بیان کریں...... پھر حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ وہ لوگ مجھ سے کیا طلب کر رہے تھے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ وہ بہشت کی طلب کر رہے تھے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کیا انہوں نے بہشت کو دیکھا ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں نہیں دیکھا...... حق تعالیٰ فرماتا ہے اگر وہ اس کو دیکھ لیں تو ان کا کیا حال ہو؟ ملائکہ عرض کرتے ہیں اگر وہ دیکھ لیں تو ان کو (بہشت کی) اور زیادہ طلب و حرص ہو جائے...... پھر حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ وہ کس چیز سے ڈرتے ہیں؟ ملائکہ عرض کرتے ہیں: اے رب! وہ دوزخ سے ڈرتے تھے اور تیری پناہ کی جستجو میں لگے ہوئے تھے۔ حق تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: کیا انہوں نے دوزخ کو دیکھا ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں نہیں دیکھا...... حق تعالیٰ فرماتا ہے اگر دیکھ لیں تو ان کا کیا حال ہو؟ فرشتے عرض کرتے ہیں اگر وہ دیکھ لیں تو اور زیادہ پناہ چاہیں اور دوزخ سے بچنے کے لئے زیادہ سے زیادہ راہِ فرار اختیار کریں...... (ان سوال و جواب کے بعد) حق تعالیٰ فرشتوں سے فرماتا ہے میں تم کو گواہ کر کے کہتا ہوں کہ میں نے ان سب کو بخش دیا...... فرشتے عرض کرتے ہیں کہ اے رب! ان ذکر کرنے والوں کی مجلس میں فلاں شخص ذکر کے لئے نہیں آیا تھا بلکہ دنیاوی حاجت لے کر آیا تھا۔ حق سبحانہٗ وتعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ لوگ اَنَا جَلِیْسُ مَنْ ذَکَرَنِیْ (میں اس کا ہمنشین ہوں جس نے میرا ذکر کیا) کے بموجب میرے ایسے ہمنشین ہیں کہ ان کا ہمنشین بدبخت نہیں ہوتا۔

اس حدیث اور اس سے پیشتر والی حدیث اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ سے لازم آتا ہے کہ اس جماعت سے محبت کرنے والے ان کے ساتھ ہیں اور جو بھی ان کے ساتھ ہے وہ محروم و بدبخت نہیں ہے۔ ثَبَّتَنَا اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَاِیَّاکُمْ

مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ جلد دفتر



Marfat.com

عَلٰی مَحَبَّةِ هٰؤُلَآءِ الْکِرَامِ بِحُرْمَةِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْهَاشِمِیِّ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهِ الصَّلَوٰاتُ وَالتَّسْلِیْمَاتُ وَالتَّحِیَّاتُ کُلَّمَا ذَکَرَهُ الذَّاکِرُوْنَ وَکُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِهِ الْغَافِلُوْنَ (اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو نبی الامی الہاشمی علیہ وعلی آلہ الصلوات والتسلیمات والتحیات کے طفیل ان بزرگوں کی محبت پر ثابت قدم رکھے، جب تک ذکر کرنے والے اس کا ذکر کریں اور غافل اس کے ذکر سے غفلت میں رہیں)۔

اور جو کچھ آپ نے میاں اللہ داد کے خط میں اپنے احوال کی نسبت لکھا تھا اس قسم کی فنا اور گم ہونا بہت سے طالبوں پر ظاہر ہوتا ہے اپنی ہمت بلند رکھیں اور جو کچھ حاصل ہوا اس پر قناعت نہ کریں۔

؎ بس بے رنگ است یار دلخواہ اے دل　　قانع نشوی برنگ ناگاہ اے دل

ترجمہ:۔ (بہت بے رنگ ہے وہ یارِ دلخواہ　　قناعت رنگ پر مت کر تو ناگاہ)

اس جماعت کی صحبت جملہ ضروریات میں سے ہے۔حق سبحانہٗ وتعالیٰ ہمیں ان کی صحبت نصیب فرمائے۔

؎ گردِ مستان گرداگرے کم رسد بوئے رسد　　گرچہ بوئے ہم نباشد رویتِ ایشاں بس است

ترجمہ:۔ (یُوں ہی کافی ہے اگر مے کش نہیں دیتے شراب　　یُو بھی گر حاصل نہیں دیدار سے ہو فیضیاب)

اسی طریقے پر جو حضرت قبلہ گاہی یعنی خواجہ عبدالباقی قدس سرہ سے اخذ کیا ہے وہ یہ طریقہ ہے کہ اسم مبارک ''اللہ'' کو بے چونی و بے چگونی (بے مثل و بے کیفی) کے معنی کے ساتھ دل کی پوری توجہ سے قلب میں گذاریں اور حاظر وناظر کے معنوں پر اکتفا نہ کریں بلکہ کسی صفت کو بھی ملحوظ نہ رکھیں۔اسی اسم کو مذکورہ توجہ کے بعد ہمیشہ دل میں حاضر رکھیں......بعض ضروری امور جو صحبت اور روبرو ہونے پر موقوف ہیں اگر ملاقات میسر ہوئی تو بیان کئے جائیں گے۔ملاقات کے وقت تک نئے احوال لکھتے رہیں کیونکہ ان کا مطالعہ غائبانہ توجہ کا باعث ہوتا ہے۔والسّلام



﴿حاشیہ متن﴾

۱ آدمی اسی کے ساتھ ہوگا جس سے وہ محبت کرتا ہے۱۲۔اس کو بخاری اور مسلم رحمہما اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے۱۲

۲ قولہ حدیث نبوی......اس کو بخاری اور مسلم نے حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے۱۲

۳ قولہ ورائے کتبہ: یعنی ان فرشتوں کے علاوہ جو بنی آدم کے اعمال لکھتے ہیں۱۲

۴ قولہ اجنحہ: اجنحہ جناح (جیم کی زبر سے) کی جمع ہے،اس کا معنی ہے بازو یا پر۱۲

۵ قولہ پرسید......سوال کا فائدہ بنی آدم کی بزرگی اور ان کی صلاح، تسبیح اور تقدیس کا ظاہر کرنا،اور فرشتوں کی طرف اشارہ کرنا ہے کہ انہوں نے بنی آدم کے فساد اور فسق کی گواہی دی تھی اور تسبیح وتقدیس کی نسبت اپنی طرف کی۱۲

﴿صہ۹۶﴾ ۱ قولہ ازین حدیث......عن ابی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم : اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی یَقُوْلُ : اَنَا مَعَ عَبْدِیْ اِذَا ذَکَرَنِیْ وَتَحَرَّکَتْ بِیْ شَفَتَاهُ رواه البخاری و نیز در حدیث متفق علیه است : وَ اَنَا مَعَهٗ اِذَا ذَکَرَنِیْ ۱۲ (مشکوٰة ،کتاب الدعوات ،باب ذکر الله) ترجمہ: حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں اپنے بندے کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ مجھے یاد کرتا ہے اور میرے ذکر کے لئے اپنے ہونٹوں کو حرکت دیتا ہے۔اس کو بخاری نے روایت کیا ہے، نیز بخاری مسلم کی حدیث میں ہے: اور میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ مجھے



Marfat.com

یاد کرتا ہے۔

ے ایشان جلیسا نند......لفظ الحدیث ھکذا: هُمُ الْجُلَسَاءُ لَا يَشْقٰى جَلِيْسُهُمْ - حدیث کے الفاظ اس طرح ہیں جیسے حاشیہ میں درج ہیں ۱۲

ع غوث الثقلین شیخ محی الدین عبدالقادر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہے: شعر

ے أنا من رجال لا یخاف جلیسهم | ریب الزمان ولا یری ما یرهب

ترجمہ: میں ان مردوں میں سے ہوں جن کے ہمنشین کو گردشِ زمانہ کا اور وہ کوئی ایسی چیز نہیں دیکھے گا جو اسے خوف زدہ کرے ۱۲ خوف نہیں ہوگا

اے برادر بے نہایت در گہے است | ہر چہ بر وے میرسی بر وے مائیست

ترجمہ: اے بھائی وہ ایک ایسی درگاہ ہے جسکی انتہا نہیں۔ جو کوئی اس پر پہنچ جاتا ہے (وہ) ہمارے سامنے ہے

ع قولہ باشند......یعنی اسی طریقے کو معلوم رکھیں اور اس راہ سے غفلت نہ کریں اور اعراض روا نہ رکھیں کیونکہ یہ کبریت احمر (کمیاب) ہے ۱۲

..................................................

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۹۵﴾ ☆ندا ......آواز ۱۲......آواز ☆بَرّی......بَرا بر وزن تمنا بمعنی بیزاری از لطائف ۱۲ غ...... برا بیزار شدن ۱۲......منتخب ۱۲ ☆تَبَرّی......تمنا کے وزن پر ہے، لطائف سے بیزاری کے معنی میں ہے ۱۲ ☆راہ فرار......گریز ۱۲...... بھاگ جانا ۱۲

﴿صہ ۹۶﴾ ☆یعنی......بیان مراد است ۱۲......مراد کا بیان ہے ۱۲ ☆بحکم......دلیل است مر قول اور اقدس سرہ یعنی الخ یہ دلیل ہے خاص طور پر ان کے قول کی یعنی آخر تک ۱۲ ☆ہمنشین ......متصل است بقول او قدس سرہ ایشان جلیسا نند ۱۲......ان کے قول "ایشان جلیسا نند" کے ساتھ متصل ہے ۱۲ ☆عدمات ......فنا ہا ۱۲......جمع ہے عدم بمعنی فنا کی ۱۲ ☆گم شدن ......تفسیر ۱۲......یہ تفسیر ہے ۱۲ ☆مے......شراب ۱۲......شراب ☆رؤیت ......دیدن ۱۲......دیکھنا ۱۲ ☆اسم مبارک ......بیان آن طریق ماخوذ ۱۲......حاصل کئے ہوئے طریقہ کا بیان ۱۲ ☆منوط......موقوف بر ۱۲......حاضری اور صحبت پر موقوف ہے ۱۲ ☆مجددہ ......نوی ۱۲......نئے حالات ۱۲

..................................................

# مکتوب نمبر دو سو چوتھا ﴿۲۰۴﴾

میر محمد نعمان بدخشی کی طرف صادر فرمایا......اس بیان میں کہ اہلِ خسران کے اعتراضات سے رنجیدہ نہ ہوں اور جو کام در پیش ہے اس میں مشغول رہیں اور دوستوں کی خاطر داری اور ان کی ترقیوں کے حصول میں کوشاں رہیں اور اس کے مناسب بیان میں۔

جناب میر نعمان صاحب! اہل خسران (دنیاداروں) کی پریشان کُن باتوں سے رنجیدہ نہ ہوں: كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ (ہر ایک اپنے طریقے اور انداز پر عمل پیرا ہے) آپ کے لئے مناسب ہے کہ ان کی پاداش اور بدلہ لینے کے درپے نہ ہوں، دروغ کو کبھی فروغ نہیں ہے، ان کی جھگڑنے والی باتیں خود ان کے زوال کا باعث بن جائیں گی: مَنْ لَّمْ يَجْعَلِ

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی تیسرا حصہ



Marfat.com

اللّٰهُ لَه' نُوْرًا فَمَا لَه' مِنْ نُوْرٍ ط( سورۃ نور،۲۴، آیت،۴۰)(جس کے لئے اللہ تعالیٰ نے نور نہیں بنایا اس کے لئے کوئی نور نہیں ہے)...... جو شغل آپ کے پیش نظر ہے اس میں کوشش کریں اور اس کے علاوہ سب سے چشم پوشی اختیار کریں: قُلِ اللّٰهُ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ (انعام،۶، آیت،۹۱)(آپ اللہ! اللہ کہئے اور پھر ان لوگوں کو چھوڑ دیجئے کہ اپنی بیہودہ باتوں میں لگے رہیں)

اخوی خواجہ محمد صادق ایسے وقت پہنچے کہ اتفاق سے عشرہ اعتکاف بجالائے اور فتوحات وواردات تازہ سے مشرف ہوئے۔ اور الحمد للہ سبحانہ کہ تمام دوستوں کے اوقات اطمینانِ قلب سے گذر رہے ہیں اور پے در پے ترقی پر ہیں۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْم ط(جمعہ،۶۲، آیت۴)(یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے) وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ سیدنا محمد وآلہ وصحبہ وسلم وبارک علیہ وعلیہم اجمعین

## ﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ۹۷﴾ ۱ یہ قول اشارہ ہے اس آیت کریمہ کی طرف جو پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل میں (آیت ۸۴) میں واقع ہے، پوری آیت اس طرح ہے۔ قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ط فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ☆ آپ کہہ دیجئے کہ ہر شخص عمل پیرا ہے اپنے طریقہ کے مطابق، پس تمہارا پروردگار بہتر جانتا ہے کہ کون زیادہ سیدھی راہ پر (گامزن) ہے۱۲

۲ قولہ مَنْ لَّمْ يَجْعَلِ الخ یہ اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو پارہ ۱۸ سورہ نور (آیت ۴۰) میں واقع ہے یعنی جس کے لئے اللہ تعالیٰ روشنی نہ بنائے تو اس کے لئے کہیں روشنی نہیں ۱۲

۳ قولہ قُلِ اللّٰهُ ثُمَّ ذَرْهُمْ الخ یہ اشارہ ہے اس آیت کریمہ کی طرف جو پارہ ۷ سورہ انعام (آیت ۹۱) میں واقع ہے، یعنی آپ اللہ کہئے! پھر چھوڑ دیجئے ان کو (تاکہ) وہ اپنی بیہودہ باتوں میں کھیلتے رہیں ۱۲

..................................................

☆ متن...... بین السطور...... معانی

﴿صہ۹۶﴾ ☆ خُسران...... بالضم زیان۱۲...... خاء پر پیش سے، معنی ہیں نقصان ۱۲ ☆ درجمیعت...... یعنی دربیان جمعیت الخ ۱۲...... یعنی جمعیت کے بیان میں الخ ۱۲

﴿صہ۹۷﴾ ☆ بمکافات...... بضم میم پاداش وسزا ۱۲...... میم پر پیش ہے، بدلہ لینا اور سزا دینا ۱۲ ☆ مجازات...... پاداش دادن وجزا دادن ۱۲...... بدسلوکی کی سزا دینا اور بدلہ دینا ۱۲ ☆ متعرض...... درپے شوندہ ۱۲...... پیچھے پڑنے والا...... بدلہ لینے والا ۱۲ ☆ کسادت...... بے رواجی ۱۲...... کسی چیز کا رائج نہ ہونا ۱۲ ☆ بجمیعت...... اطمینانِ قلب ۱۲...... دل کا سکون اور اطمینان ۱۲ ☆ قولہ بوقت رسیدند...... یعنی بوقتیکہ می باید آمد ومی شاید رسید (یعنی ایسے وقت میں آئے اور پہنچے) وقولہ قدس سرہ عشرہ الخ بیان آن است ۱۲ (حضرت کا قول عشرہ الخ آخر تک اس وقت کا بیان ہے) ☆ مجددہ...... نو ۱۲...... نئی بات ۱۲ ☆ قولہ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰه...... یعنی این ست فضل خدا می دہدش بہ ہر کہ می خواہد خدا، وخداوند صاحب فضل بزرگ است۔ اشارت است بآیۂ سورۃ جمعہ ۱۲ یعنی یہ اللہ کا فضل ہے جس کو چاہتا ہے دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے۔ یہ سورۃ جمعہ کی آیت کی طرف اشارہ ہے ۱۲

..................................................





Marfat.com

# مکتوب نمبر دوسو پانچ واں (۲۰۵)

خواجہ محمد اشرف کابلی کی طرف صادر فرمایا......اس بیان میں کہ اصل مقصود صاحب شریعت علیہ وعلیٰ الہ الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کی متابعت ہے۔

اللہ تعالیٰ آپ کو حضرت محمد مصطفےٰ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کی کامل متابعت سے مشرف فرمائے، کیونکہ اس کی درستی پر دین کے کاموں کا دارومدار ہے جو صدیقین کی دلی آرزو ہے، اس کے علاوہ جو کچھ ہے سب باطل اوہام اور فاسد خیالات ہیں، اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو اس سے نجات بخشے، اور سلام ہو اس شخص پر جس نے ہدایت کی پیروی کی اور حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کی متابعت کو اپنے اوپر لازم جانا۔

﴿ حاشیہ متن ﴾

۴ قولہ فی بیان ان الخ یعنی اس بیان میں کہ صاحب شریعت علیہ وعلیٰ آلہ الصلاۃ والسلام والتحیہ کی اتباع پر دین کے کاموں کا دارومدار ہے، اللہ تعالیٰ آپ کو حضرت محمد مصطفیٰ علی صاحبہا الصلاۃ والسلام والتحیہ کی کامل متابعت سے مشرف فرمائے کیونکہ اسکی درستی پر دین کے کاموں کا دارومدار ہے اور صدیقین کی دلی آرزو ہے، اس کے علاوہ جو کچھ ہے سب باطل اوہام اور فاسد خیالات ہیں، اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو ان سے نجات بخشے اور سلام ہو اس شخص پر جس نے ہدایت کی پیروی کی ۱۲

# مکتوب نمبر دوسو چھے واں (۲۰۶)

ملاّ عبدالغفور سمرقندی کی طرف صادر فرمایا......دنیا اور اس کے ناز ونعمت میں گرفتار ہونے کی مذمت میں۔

اَللّٰھُمَّ نَبِّھْنَا قَبْلَ اَنْ یُّنَبِّھَنَا الْمَوْتُ بِحُرْمَۃِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَعَلَیْھِمُ الصَّلَوٰتُ وَالتَّسْلِیْمَاتُ اَتَمُّھَا وَاَفْضَلُھَا (یااللہ تو سید المرسلین علیہ وعلیٰ آلہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات اتمہا وافضلہا کے طفیل ہم کو آگاہ کردے قبل اس کے کہ موت ہم کو ہشیار اور آگاہ کرے)......آپ کا لطیف وشریف گرامی نامہ جو اس حقیر دور افتادہ کے نام تحریر تھا موصول ہو کر خوشی ومسرت کا باعث ہوا، جَزَاکُمُ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ عَنَّا خَیْرَ الْجَزَاءِ (اللہ سبحانہ آپ کو جزا عطا فرمائے اور ہماری طرف سے عمدہ جزا دے)

اے بھائی! انسان کو دنیا میں مرغن اور لذیذ غذاؤں اور نفیس ومزیّن لباس پہننے کے لئے نہیں لائے اور عیش وعشرت اور کھیل کود کے لئے نہیں پیدا کیا بلکہ اس (انسان) کی پیدائش کا مقصود اپنے آپ کو عاجز وانکسار اور کمزور ومحتاج سمجھنا ہے جو کہ حقیقت بندگی ہے مگر وہ انکساری اور عاجزی ہو جس کی شریعت مصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ نے اجازت دی ہے کیونکہ اہل باطل کی ریاضات ومجاہدات جو روشن شریعت کے خلاف ہیں: ان سے سوائے خسارہ اور شرمندگی کے کچھ حاصل نہیں ہوتا اور سوائے حسرت وندامت کے اور کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوتا۔

چاہیے کہ علمائے اہل سنت وجماعت (شکر اللہ تعالیٰ سعیہم) کی آراء کے موافق اپنے اعمال وعقائد کو احکام شرعیہ سے آراستہ وپیراستہ کرنے کے بعد اپنے باطن کو ذکرِ الٰہی جل سلطانہ سے معمور رکھیں۔ اور وہ سبق جو طریقہ عالیہ اکابر نقشبندیہ قدس





Marfat.com

اللہ تعالیٰ اسرار ہم سے اخذ کیا ہے اس کی تکرار کریں۔ کیونکہ ان بزرگوں کے طریقے میں ان کی ابتدا میں انتہا درج ہے اور ان کی نسبت تمام نسبتوں سے افضل ہے کم عقل لوگ اس بات کا یقین کریں یا نہ کریں (فقیر کا) مقصود دوستوں کو ترغیب اور شوق دلانا ہے اور مخالفین اس بحث سے خارج ہیں۔

ہر کس افسانہ بخواند افسانہ است و آنکہ دیدش نقدِ خود مردانہ است

ترجمہ:۔ (جس نے افسانہ کہا افسانہ ہے جس نے خود دیکھا وہی مردانہ ہے)

مختصر یہ کہ آخرت کی فلاح و بہبود ذکر کثیر پر وابستہ ہے: وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ (جمعہ ۶۲، آیت ۱۰) (اللہ تعالیٰ کا بکثرت ذکر کرو تا کہ تم فلاح پاؤ) اسی معنی پر گواہ ہے، لہذا ذکر کثیر پر ثابت قدم رہنا چاہیے اور جو کچھ بھی اس کے خلاف ہے اس کو دشمن سمجھنا چاہیے کیونکہ نجات کا یہی طریقہ ہے۔ مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلَاغُ

ذکر گو ذکر تا ترا جان است پاکی دل زذکرِ رحمٰن است

ترجمہ:۔ (ذکر کر ذکر جب تلک جاں ہے دل کی پاکی کو ذکرِ رحمٰن ہے)

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (رعد ۱۳، آیت ۲۸) (آگاہ رہو کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر ہی سے قلوب اطمینان حاصل کرتے ہیں) نص قاطع ہے...... حق تعالیٰ کی بارگاہ میں التجا ہے کہ وہ اس پر ثبات و استقامت کی توفیق عطا فرمائے کیونکہ دین کا مدار اسی پر ہے...... اور سلام ہو اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی اور حضرت محمد مصطفیٰ علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات اتمہا و اکملہا کی متابعت کو اپنے اوپر لازم کیا۔

جامہ فرجی (قبا) جو نیک اوقات میں بار ہا پہنا گیا ہے روانہ کیا جاتا ہے، اس کو پہن لیا کریں۔ حق تعالیٰ اپنے نبی اور ان کی پاک اولاد علیہ وعلیہم الصلوٰۃ والسلام کے طفیل تمام کاموں کا انجام بخیر کرے۔ والسلام



﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ ۹۷﴾ ۔ مَذَمَّت: پہلے تینوں حروف پر زبر ہے اور دوسری میم پر شد بھی ہے، یعنی توہین آمیز گفتگو کرنا، بدکلامی کرنا اور ملامت کرنا ۱۲

۔ یا اللہ! تو سید المرسلین عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَعَلَيْهِمُ الصَّلَوَاتُ وَالتَّسْلِيْمَاتُ اَتَمُّهَا وَاَفْضَلُهَا کے طفیل ہم کو آگاہ کر دے اس سے پہلے کہ موت ہم کو ہشیار اور آگاہ کرے ۱۲

﴿صہ ۹۸﴾ ۱۔ قولہ مُزَيَّب: زیب و زینت دیا گیا، یہ فارسیوں کا تصرف ہے کہ لفظ زیب کو جو فارسی ہے بطور صیغہ عربی بنایا گیا ہے جیسے مُزَلَّف و مُلَبَّب ۱۲ غ

۲ قولہ تَمَتُّع: یعنی برخورداری پانا و فائدہ اٹھانا اور قولہ تَنَعُّم: ناز و نعمت سے پرورش پانا اور قولہ لَهو: لام کے زبر سے کھیل قولہ لَعِب: لام پر زبر اور عین کے نیچے زیر یہ بھی کھیل کے معنی میں ہے، لَعْب عین کے جزم سے بھی آمدہ ہے ۱۲

۳ قولہ مقصود...... یہ اشارہ ہے اس آیت کی تفسیر کی طرف جو پارہ ۲۷ سورۃ ذاریات میں واقع ہے۔ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنَ ☆ (اور نہیں پیدا فرمایا میں نے جن و انس کو مگر اس لئے کہ وہ میری عبادت کریں) ۱۲

۴ قولہ ریاضات: ریاضت (پہلے حرف کی زیر سے) کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں رنج سہنا اور نفس کشی کرنا ۱۲

۵ قولہ مجاہدات: مجاہدہ کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں رنج و مشقت برداشت کرنا اور کوشش کرنا اور کافروں سے جہاد کرنا، یہاں اپنے نفس سے جہاد کرنا مراد ہے ۱۲



Marfat.com

۶ بیت

دل چو ماہی و ذکر چون آب است　　زندگی ء دل زذکر وہاب است

ترجمہ:۔ دل مچھلی کی طرح ہے اور ذکر پانی کی مانند　　دل کی زندگی وہاب کے ذکر سے ہے۱۲

۷ ونظم الاٰیۃ ھکذا: پوری آیت اس طرح ہے: اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (سورۃ رعد آیت ۲۸) یعنی جو لوگ ایمان لائے اور مطمئن ہوتے ہیں جن کے دل ذکر الٰہی سے، دھیان سے سنو! اللہ تعالیٰ کی یاد سے ہی دل مطمئن ہوتے ہیں۱۲

۸ قولہ فرجی: جاننا چاہیے کہ اس لفظ کی تحقیق اور وجہ تسمیہ تفصیلاً مکتوب نمبر ۱۴۲ کے حاشیہ میں گذر چکی ہے وہاں سے ملاحظہ کی جائے۱۲

ے قولہ واذکروا اللہ الخ یہ کلمات طیبات سورہ جمعہ میں مذکور ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کا کثرت سے ذکر کرو تا کہ تم فلاح پاؤ۱۲

..............................................

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۹۷﴾ ☆مُتَنَعِّمَات......عیش وعشرتہا۱۲......بے حد عیش وعشرت۱۲

﴿صہ ۹۸﴾ ☆نیافریدہ......اند۱۲......بلکہ۱۲......پیدا نہیں کیا گیا بلکہ۱۲ ☆خِلقت......ایجاد۱۲......پیدائش۱۲ ☆انکسار......شکستگی۱۲......عاجزی محتاجی ۱۲ ☆افتقاء......احتیاج۱۲......افلاس، فقیری۱۲ ☆چہ......زیراکہ ۱۲......کیونکہ ۱۲ ☆عَزَا......روشن۱۲......روشن۱۲ ☆خسارت......زیاں۱۲......نقصان۱۲ ☆تَزَیُّن باتیان......تفسیر۱۲......یہ تفصیل ہے۱۲ ☆معمور......آباد۱۲......آباد۱۲ ☆باور دارند......یقین۱۲......یقین کریں۱۲ ☆نقد خود......البتہ۱۲......یقینی۱۲ ☆کریمہ......مبتدا۱۲......یہ مبتدا ہے۱۲ ☆شاید......خبر۱۲......یہ خبر ہے۱۲ ☆الاٰ......مبتدا۱۲......یہ مبتدا ہے۱۲ ☆نص......خبر۱۲......یہ خبر ہے۱۲ ☆مِلاک......مدار کار دین۱۲......دین کا مدار اسی پر ہے۱۲ ☆اوقاتِ نیک......یعنی در اوقات قرب بحق جل وعلا۱۲......اللہ تعالیٰ کے قرب کے وقتوں میں۱۲ ☆عواقب جمع......انجام ہمہ کارہائے شما مقرون بہ نکوئی باد۱۲ ☆آپ کے تمام کاموں کا انجام بخیر فرمائے۱۲

﴿صہ ۹۹﴾ ☆بالنبی......بحرمۃ۱۲......نبی پاک کی حرمت سے۱۲

..............................................

# مکتوب نمبر دوسوسات واں ﴿۲۰۷﴾

میرزا حسام الدین احمد کی طرف صادر فرمایا......اس بیان میں کہ جسموں کے قرب کو دلوں کے قرب میں عظیم تاثیر ہے، اور اس بیان میں کہ وجد وحال کو جب تک شرع شریف کی ترازو میں نہ تول لیں نیم جیتل سے بھی نہیں خریدتے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِهِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی (اللہ تعالیٰ کا شکر ہے اور اس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو)......مدت ہوئی کہ جناب کی اور مخدوم زادوں کی اور صاحبزادے میاں جمال الدین حسین اور باقی دیگر عزیزوں اور بلند بارگاہ کے خادموں بالخصوص میاں شیخ اللہ داد و میاں شیخ اللہ دیا کی خیر وعافیت معلوم نہ ہوسکی، اس کا مانع اس کے سوا اور کیا ہوسکتا





Marfat.com

ہے کہ شاید آپ نے اس دور افتادہ کو فراموش کر دیا ہو...... ہاں بدنوں کے قرب کو دلوں کے قرب میں عظیم تاثیر ہے، یہی وجہ ہے کہ کوئی ولی صحابہ کے مرتبہ کو نہیں پہنچتا، اویس قرنی اس قدر بلند مرتبہ ہونے کے باوجود چونکہ حضرت خیر البشر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کی صحبت کا شرف حاصل نہ کر سکے اس لئے کسی ادنیٰ صحابی کے مرتبہ کو نہیں پہنچ سکے...... کسی شخص نے حضرت عبداللہ بن مبارک سے دریافت کیا کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ افضل ہیں یا عمر بن عبدالعزیز؟ تو آپ نے جواب دیا کہ وہ غبار جو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہوتے ہوئے حضرت امیر معاویہ کے گھوڑے کی ناک میں داخل ہوا تھا وہ حضرت عمر بن عبد العزیز سے کئی درجے بہتر ہے۔

اس طرف سے حال واحوال مع متعلقین اور توابع کے بخیر وعافیت ہیں۔ اس پر بلکہ ان تمام نعمتوں اور بالخصوص اسلام کی نعمت اور سید الانام علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کی متابعت پر اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کا شکر واحسان ہے، کیونکہ اصل مقصود یہی ہے اور نجات کا دار ومدار اور دنیا وآخرت کی سعادت اسی پر وابستہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اور آپ کو سید المرسلین علیہ وعلیٰ آلہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات اتمہا واکملہا کے طفیل اس پر ثابت قدم رکھے۔ ع

کار این ست وغیر ایں ہمہ ہیچ (کام بس یہ ہے باقی سب ہیچ ہے)

صوفیوں کی ترہات (سکر ومستی کی حالت میں جو خلاف شرع باتیں سرزد ہوتی ہیں) ان سے کیا حاصل ہوتا ہے اور ان کے احوال سے کیا اضافہ ہوتا ہے، وہاں وجد وحال کو جب تک شریعت کی میزان پر نہ تول لیں نیم جیتل (آدھا پیسہ) کے عوض بھی نہیں خریدتے، اور کشف والہام کو جب تک کتاب وسنت کی کسوٹی پر نہ پرکھ لیں نیم جو کے بدلے میں بھی قبول نہیں کرتے ...... صوفیائے کرام کے طریقے پر چلنے سے مقصود یہ ہے کہ معتقدات شرعیہ کا جو کہ ایمان کی حقیقت ہیں زیادہ یقین حاصل ہو جائے اور احکام فقہیہ کے ادا کرنے میں آسانی میسر ہو جائے اس کے علاوہ اور کوئی امر مقصود نہیں ہے کیونکہ رویت باری تعالیٰ کے آخرت میں ہونے کا وعدہ کیا گیا ہے اور وہ دنیا میں ہرگز واقع نہیں ہوگی۔ وہ مشاہدات وتجلیات جن کے ساتھ صوفیا خوش ہوتے ہیں وہ صرف ظلال سے آرام پانا اور شبہ ومثال سے تسلی حاصل کرنا ہے، کیونکہ حق تعالیٰ ان سب سے وراء الوراء ہے۔

عجب کاروبار ہے کہ اگر ان مشاہدات وتجلیات کی حقیقت پوری طرح بیان کر دی جائے تو اس بات کا خوف ہے کہ اس راستے کے مبتدیوں کی طلب میں فتور اور ان کے شوق میں قصور واقع ہو جائے گا، اور ساتھ ہی اس بات کا بھی ڈر ہے کہ اگر علم کے باوجود کچھ بھی نہ کہا جائے تو حق باطل کے ساتھ ملا رہے گا...... یَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ دُلَّنِیْ بِحُرْمَةِ مَنْ جَعَلْتَهٗ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِیْنَ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهِ الصَّلَوَاتُ وَالتَّسْلِیْمَاتُ (اے سرگشتہ اور حیران لوگوں کو راہ دکھانے والے ہم کو رحمۃ للعالمین علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کے طفیل سیدھے راستے کی ہدایت فرما)...... کبھی کبھی اپنی کیفیات کے احوال سے مطلع فرماتے رہیں کیونکہ یہ امر محبت میں اضافہ کا باعث ہے...... اور سلام ہو اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی اور حضرت محمد مصطفےٰ علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتحیات والتسلیمات افضلہا واکملہا کی متابعت کو اپنے اوپر لازم جانا۔





Marfat.com

## ﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ ۹۹﴾ ۱؎ قولہ بآں رفعت شان...... قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ خَيْرَ التَّابِعِيْنَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهٗ اُوَيْس ، وَلَهٗ وَالِدَةٌ ، وَكَانَ بِهٖ بَيَاضٌ فَمُرُوْهُ فَلْيَسْتَغْفِرْلَكُم ۔رواہ مسلم (مشکوٰۃ باب ذکر الیمن والشام و ذکر اویس القرنی ) یعنی بے شک تابعین میں سے بہترین وہ ایک مرد ہے جسے اویس کہا جاتا ہے اسکی والدہ ہے اور اس (اویس) کے جسم پر سفید نشان ہے تم اسے کہنا کہ وہ تمہارے لئے دعائے مغفرت کرے ۱۲

۲؎ یعنی ان دونوں میں سے کون افضل ہے؟ معاویہ بن ابوسفیان امیر شام رضی اللہ تعالیٰ عنہما یا عمر بن عبدالعزیز بن مروان اموی ۱۲

۳؎ قولہ الغبار الذی الخ یعنی وہ غبار جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ہوتے ہوئے حضرت امیر معاویہ کے گھوڑے کی ناک میں داخل ہوا تھا وہ حضرت عمر بن عبدالعزیز سے کئی درجے بہتر ہے ۱۲

۴؎ قولہ تُرّہات پہلے حرف پر پیش اور را بغیر نقطہ مشدد ہے، لہو ولعب آمیز باطل باتیں تُـرَّهة کی جمع ہے جو باطل کے معنی میں ہے ۱۲ غیاث، اس جگہ ایسے کلمات مراد ہیں جو صاحب طریقت لوگوں سے دوران راہ سکر و مستی کی حالت میں صادر ہوتی ہیں اور بظاہر روشن شریعت کے مخالف ہوتی ہیں۔ اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

ــ قولہ عبداللہ بن المبارک: وہ بڑے ائمہ اور عظیم فقہاء میں سے ایک تھے مروزی اور بنی حنظلہ کے مولا تھے، معتمد، ثابت قدم فقیہ، سخی، عالم اور مجاہد تھے، ان میں بڑی اچھی خصلتیں جمع تھیں، آپ ۱۸۱ھ میں فوت ہوئے ج، آپ کی عمر ۶۳ سال تھی ۱۲ تقریب

﴿صہ ۱۰۰﴾ محک پہلے حرف میم پر زبر اور زیر اور حا پر زبر دونوں طرح پڑھا جاتا ہے، یہ ایک سیاہ پتھر ہوتا ہے جس پر سونے کی آزمائش کی جاتی ہے اسکو اردو میں کسوٹی کہتے ہیں ۱۲

ــ قولہ امرِ دیگر: یعنی وجد وحال اور کشف والہام حتیٰ کہ محبت وعشق بھی جو کچھ ہے ابتدائی حالات میں مددگار سے زیادہ نہیں ہیں ۱۲

ــ رؤیت موعود: اللہ تعالیٰ کی زیارت جس کا قرآن وحدیث میں وعدہ کیا گیا ہے اور بشارت دی گئی ہے ۱۲

۱؎ یعنی اے سرگشتہ اور حیران لوگوں کو راہ دکھانے والے ان کے طفیل جن کو تو نے رحمۃ العالمین عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهِ الصَّلَوٰاتُ وَالتَّسْلِيْمَات بنایا ہے ہم کو سیدھے راستے کی ہدایت فرما ۱۲

..................

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۹۹﴾ ☆ میزان ...... ترازو ۱۲ ☆ نسجند ...... وزن نکنند ۱۲ ...... تولتے نہیں ۱۲ ☆ جیتل ...... دام ۱۲ ...... پرانے زمانے کا معمولی سکہ ۱۲ ☆ سائِر اَعِزَّہ ...... باقی عزیزان ۱۲ ...... باقی عزیز واقارب ۱۲ ☆ خَدَمہ ...... جمع خادم ۱۲ ...... خادم کی جمع ہے ۱۲ ☆ عَتَبَہ بفتحات ...... چوب پائین در کہ پا بران می نہند ۱۲ ...... پہلے تینوں حروف پر زبر ہے، دروازے کے نیچے کی طرف کی لکڑی جس پر پاؤں رکھتے ہیں، اردو میں اسکو دہلیز کہتے ہیں ۱۲ ☆ ہیچ ولی ...... غیر صحابی ۱۲ ...... صحابہ کے علاوہ اولیاء ۱۲ ☆ قرنی ...... منسوب بہ قرب بفتحتین پدر قبیلہ ایست از یمن ۱۲ ...... پہلے دونوں حرفوں پر زبر ہے، یمن کے قبیلہ کے باپ کا نام ہے ۱۲ ☆ چہ میکشاید ...... برتقدیر مخالفت شریعت ۱۲ ...... شریعت کی مخالفت کی صورت میں ۱۲

﴿صہ ۱۰۰﴾ ☆ جیتل ...... دام ۱۲ ...... پرانے زمانے کا ایک سکہ ۱۲ ☆ اِزدیاد ...... زیادت ۱۲ ...... زیادتی، بہتات ۱۲ ☆ یُسر ...... سہولت ۱۲ ...... آسانی ☆ البتہ ...... ہرگز ۱۲ ☆ مشاہدات ...... جواب سوال مقدر است ۱۲ ...... پوشیدہ سوال کا جواب ہے ۱۲ ☆ بظلال ...... جمع ظِل یعنی وجود شے در مرتبہ ثانیہ ۱۲ ...... ظِل کی جمع ہے یعنی کسی چیز کا پایا جانا دوسرے مرتبہ میں ۱۲ ☆ او ...... چہ ۱۲





Marfat.com

......کیا ۱۲ ☆ کَمَا هِیَ ...... چنانچہ باید وشاید ۱۲ ☆ وراء الوراء ...... یعنی پس ہفتاد ہزار پردہ کما ورد فی الحدیث ۱۲ ...... یعنی ستر ہزار پردوں کے پیچھے جیسا کہ حدیث میں وارد ہے ۱۲ ☆ یا دلیل ...... پس اندریں امر حیرانم والتجا بحق تعالیٰ وتقدس ے آرم، اوست راہ نمائے متحیران وی گویم یا دلیل المتحیرین الخ ۱۲ ...... پس اس امر میں ہم حیران ہیں اور اللہ تعالیٰ کی پاک بارگاہ میں التجا کرتے ہیں حیران و پریشان لوگوں کی راہ نمائی کرنے والا وہی ہے، اس لئے ہم کہتے ہیں۔ یا دلیل المتحیرین الخ (آخر تک) ۱۲

.........................................

# دوسو آٹھواں مکتوب (۲۰۸)

حضرت مخدوم زادہ اعنی میاں محمد صادق کی طرف صادر فرمایا، اللہ تعالیٰ ان کو محبین کے سروں پر قائم رکھے۔ ان کے سوال کے جواب میں کہ سالک اس طریق (راستہ) میں کبھی اپنے آپ کو انبیا علیہم الصلوات والتسلیمات کے مقامات میں پاتا ہے بلکہ بعض اوقات مشاہدہ کرتا ہے کہ ان مقامات سے بھی آگے نکل گیا ہے، اس راز کا کیا مطلب ہے۔

میرے فرزند نے دریافت کیا تھا کہ اس راہ کا سالک مقاماتِ عروج میں کبھی اپنے آپ کو انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات اتمہا واکملہا کے مقامات میں پاتا ہے بلکہ بعض اوقات یہ سمجھتا ہے کہ ان مقامات سے بھی آگے نکل گیا ہے، اس راز کا کیا مطلب ہے؟ حالانکہ یہ بات متفقہ طور پر تسلیم شدہ ہے کہ (اولیاء پر) انبیا علیہم الصلوات والتحیات کو فضیلت حاصل ہے۔ اولیا جو کچھ بھی حاصل کرتے ہیں انہی (انبیا) کے طفیل سے حاصل کرتے ہیں اور کمالات ولایت تک ان ہی کی متابعت سے پہنچتے ہیں ...... اس کا جواب یہ ہے کہ انبیاء علیہم الصلوات والبرکات کے وہ مقامات ان کے عروج کے مقامات کی انتہا نہیں ہیں بلکہ ان بزرگواروں (پیغمبروں) کا عروج مراتب کے لحاظ سے ان مقامات سے بہت بلند ہے، کیونکہ ان مقامات سے مراد اسمائے الٰہی جل سلطانہ ہیں کہ جو ان کے تعینات کا مبدا ہیں اور وہ حضرت حق ذات تعالیٰ وتقدس کی طرف سے فیوض کے ذرائع و وسیلے ہیں کیونکہ حضرت ذات عز اسمہ کو بغیر اسماء کے توسط کے اس عالم سے کوئی مناسبت نہیں ہے اور حق تعالیٰ کو سوائے استغنا اور لاپروائی کے کوئی نسبت نہیں، آیہ کریمہ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ (عنکبوت، ۲۹، آیت ۶) (بے شک اللہ تعالیٰ دنیا جہان سے بے پرواہ ہے) اس معنی پر شاہد و گواہ ہے۔

اور جب یہ بزرگوار (انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام) عروج کے مراتب سے نزول فرماتے ہیں اور اوپر کے انوار کو ساتھ لے کر نیچے آتے ہیں تو اُن (صفات الٰہیہ کے) اسماء میں اپنے اپنے درجات کے مطابق جو ان کے طبعی مقامات کے ساتھ مشابہت رکھتے ہیں ان میں اقامت فرماتے ہیں اور اپنا وطن بنا لیتے ہیں، لہذا اگر کوئی ان کو قرار پانے کے بعد ان کے مقام میں تلاش کرے تو ان کو ان ہی اسماء (الٰہی) میں پائے گا ...... لہذا بلند استعداد والا جو حضرت ذات تعالیٰ وتقدس کی طرف متوجہ ہے لازماً عروج کے وقت انہی اسماء الٰہی میں پہنچ جائے گا اور اس جگہ سے اوپر کو گزر جائے گا۔ اِلٰی مَا شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰی (جہانتک اللہ تعالیٰ چاہے) لیکن جب وہ سالک اوپر سے نیچے آتا ہے اور اس ذات الٰہی کے اسم کیساتھ جو اس کے وجود کے تعین کا مبدا ہے نزول کرتا ہے تو وہ البتہ ان اسموں سے جو انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے مقامات میں بہت نیچے ہوگا اور اس مقام میں درجات کے تفاوت ظاہر ہو جائیں گے۔ جو کہ افضلیت کی بنیاد ہے جس کا جتنا بلند مقام ہے اس کی اتنی ہی فضیلت

مکتوبات امام ربانی، پہلا دفتر، تیسرا حصہ



Marfat.com

ہے۔ اور جب تک سالک اپنے اسم کے ساتھ واپس نہیں لوٹتا اور اپنے اسم کو ان کے اسموں سے نیچے نہیں لاتا ان بزرگواروں (پیغمبروں) کی افضلیت کو ذوق وحال کے طریقے پر معلوم نہیں کرسکتا بلکہ تقلید کے طور پر ان کو افضل کہتا ہے، اور سابق یقین کی وجہ سے ان کی اَوْلَوِیت (اولیٰ وافضل ہونے کو) تسلیم کرتا ہے لیکن اس کا وجدان اس کے حکم کی تکذیب کرتا ہے۔ ایسے وقت میں حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ سے عجز ونیاز اور التجا وتضرع کی ضرورت ہے تا کہ جو کچھ حقیقت کار (اصلی حالت) ہے ظاہر ہوجائے......اسی مقام میں سالکوں کے قدم ڈگمگا جاتے ہیں۔ اس جواب کو ہم ایک مثال کے ذریعے واضح کرتے ہیں۔

اربابِ معقول (یعنی فلاسفہ یونان اور ان کے پیرو حکمائے اسلام) نے کہا ہے کہ دھواں، خاکی اور آتشی اجزا سے مرکب ہے، جس وقت دھواں اوپر کو جاتا ہے تو اس کے اجزائے خاکی بھی اجزائے آتشی کے ساتھ اوپر چلے جاتے ہیں اور قاسر کا قسر حاصل ہونے کی وجہ سے عروج کر جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اگر دھواں قوی ہوتو وہ کرہ نار تک عروج کر جاتا ہے۔ اس اوپر جانے کے دوران اجزائے خاکی، اجزائے آبی اور اجزائے ہوائی کے مقامات میں جو طبعی طور پر بلندی رکھتے ہیں وہ بھی پہنچ جائیں گے اور وہاں سے عروج کر کے اوپر چلے جائیں گے......ایسی صورت میں یہ نہیں کہا جاسکتا کہ اجزائے خاکی کا مرتبہ اجزائے آبی وہوائی سے بلند وبالا ہے کیونکہ وہ فوقیت باعتبار قاسر کے ہے نہ کہ باعتبار ذات کے اور کرہ نار تک پہنچنے کے بعد جب وہ اجزائے خاکی نزول کر کے مرکز طبعی یعنی خاک پر پہنچ جاتے ہیں تو یقیناً ان کا مقام پانی اور ہوا کے مقام سے نیچے ہوگا......لہٰذا اس بارے میں ہم یہ کہتے ہیں کہ اس سالک کا عروج بھی ان مقامات میں قاسر کے اعتبار سے ہے کہ وہ قاسر گرمی محبت کی زیادتی اور جذبہ عشق کی قوت ہے۔ اور ذات کے اعتبار سے اس کا مقام بھی ان مقامات سے بہت نیچے ہے۔

یہ جواب جو بیان کیا گیا ایک منتہی سالک کی مناسبت سے ہے، لیکن اگر ابتدا میں یہ وہم پیدا ہوجائے اور وہ اپنے آپ کو اکابر کے مقامات میں پائے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ ہر مقام کی ابتدا اور وسط میں اس کا سایہ اور مثال ہے اور چونکہ مبتدی اور متوسط جب ان مقامات کے ظلال کو پہنچتے ہیں تو خیال کرتے ہیں کہ وہ ان مقامات کی حقیقت تک پہنچ گئے (اسوقت) ظلال و حقائق کے درمیان فرق نہیں کرسکتے......اور اسی طرح اکابر کی شِبہ ومثال جب ان مقامات میں پاتے ہیں تو خیال کرتے ہیں کہ وہ ان مقامات میں اکابریں کے ساتھ شریک ہوگئے ہیں حالانکہ ایسا نہیں ہے بلکہ اس جگہ شے کے ظل کا نفسِ شے کے مانند ہونا لازم آتا ہے......اَللّٰهُمَّ اَرِنَا حَقَائِقَ الْاَشْيَاءِ كَمَا هِيَ وَ جَنِّبْنَا عَنِ الْاِشْتِغَالِ بِالْمَلَاهِيْ بِحُرْمَةِ سَيِّدِ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ عَلَيْهِ وَعَلٰی اٰلِهِ الصَّلَوَاتُ وَالتَّسْلِيْمَاتُ اَتَمُّهَا وَاَكْمَلُهَا (یا اللہ تو ہم کو حضرت سید الاولین والآخرین علیہ وعلی آلہ الصلوات والتسلیمات اتمہا واکملہا کے طفیل اشیاء کی حقیقت سے پوری طرح آگاہ فرما اور لہو ولعب میں مشغول ہونے سے بچا)۔

﴿ حاشیہ متن ﴾

ع خواجہ محمد صادق قدس سرہ حضرت مجدد کے سب سے بڑے برخوردار فرزند تھے۔ اس باغ ولایت کے نخل برومند اور سعادت مند کی ولادت ۱۰۰۰ھ میں ہوئی تھی، بچپن ہی سے اور نشو ونما کے آغاز ہی سے صفا اور ذہانت ان سے ظاہر تھی، بچپن ہی کے زمانہ میں ان کے دادا صاحب (خواجہ عبدالاحد) رحمۃ اللہ علیہ نے ان کو اپنی تعلیم وتربیت میں رکھا تھا۔ حضرت مجدد قدس سرہ فرمایا کرتے تھے کہ تمہارا بیٹا مجھ سے اشیاء کی کیفیت اور حقیقت سے متعلق ایسے عجیب سوالات کرتا ہے کہ ان کا جواب دینا

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ



Marfat.com

مشکل ہو جاتا ہے۔ جب حضرت مجدد ۱۰۰۸ھ میں حضرت خواجہ فانی ز خود باقی بحق قدس سرہ کی خدمت میں پہنچے تو مخدوم زادہ (خواجہ محمد صادق) بھی حاضر ہوئے اور ذکر و مراقبہ اور جذب و نسبت میں ان سے مستفیض ہوئے ان کے تفصیلی حالات بڑی کتابوں میں تحریر ہیں۔ اس بڑے مخدوم زادہ (خواجہ محمد صادق) کا انتقال پر ملال بروز پیر نو ربیع الاول ۱۰۲۵ھ میں ہوا۔ انا لِلّٰہِ وانا الیہ راجعون ، ماخوذ از زبدة المقامات ۱۲۔ اور اس مقام پر انبیاء علیہ السلام پر فضیلت کا وہم ہوتا ہے۔

﴿صہ ۱۰۱﴾ ۱؎ قولہ بالا رفتہ است: اس حد تک کہ کسی طرح بلند استعداد سالک بھی وہاں تک نہیں پہنچ سکتا، پس مساوات و برابری کا وہم دور ہو گیا، ان سے فضیلت پر پہنچنا تو بڑی بات ہے، اس قول میں اشارہ ہے سوال مذکور کے جواب کی طرف ۱۲

۲؎ قولہ اسماء الٰہی: اور ان بزرگواران (انبیاء علیہ السلام) کا عروج اسماء سے اوپر ہے جہاں تک اللہ تعالیٰ نے چاہا ۱۲

۳؎ یہ آیت پارہ ۲۰ سورہ عنکبوت میں واقع ہے پوری آیت اس طرح ہے: وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ط اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ☆ ترجمہ: اور جو شخص کوشش کرتا ہے (حق کو بلند کرنے کی) تو وہ اپنے فائدہ کے لئے ہی کوشاں ہے، بے شک اللہ تعالیٰ غنی (بے نیاز) ہے تمام کائنات سے۔

۴؎ قولہ مَناطِ افضلیت ...... یعنی مقرر اور متفق علیہ حقیقت کی مخالفت لازم نہ آئی، اور اس قول سے خاص طور پر مذکورہ سوال کا دوسرا جواب ہے، اور اس جواب کی مثال سے وضاحت فرمائی ہے ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

ـ قولہ سابق: اس سیر و سلوک اور عروج سے جو بالفعل حاصل ہو چکا ہے ۱۲

ـ قولہ مُزلّہ: طریقت کے راستہ پر چلنے والوں کے پاؤں کے پھسلنے کی جگہ ہے ۱۲

۵؎ قولہ قسر قاف کے زبر سے، یعنی زبردستی کسی کو کام پر لگانا، و قولہ قاسر: زبردستی کسی کو کام پر لگانے والا، یعنی جابر کے جبر سے زمینی اجزا اپنی طبیعت سے خارج ہوئے یعنی اجزائے آگ کے جبر سے (وہ بھی ان کے ساتھ بلند ہو جاتے ہیں) ۱۲

﴿صہ ۱۰۲﴾ ۱؎ قولہ کُرہ: پہلے حرف پر پیش ہے اور را پر زبر بغیر شد کے، یعنی گیند جس سے کھیلتے ہیں اور ہر گول چیز اور گول حلقہ جو گیند کی شکل ہو

۲؎ یعنی اکابر کے ظلال (سائے) کا اشتباہ ان کے نفوس نفیسہ عالیہ کے ساتھ اور ان بزرگوں کے مقامات کے ظلال کا اشتباہ ان کے اصلی مقامات سے قدس اللہ اسرارہم، اللہ تعالیٰ ہم سے وہ غلط فہمی دور فرمائے جو ان کے نفوس شریفہ قدسیہ پاکیزہ کے ساتھ ہوئی ہے۔

ـ یا اللہ! تو ہم کو حضرت سید الاولین والآخرین علیہ وعلی آلہ الصلوات والتسلیمات اتمہا و اکملہا کے طفیل اشیاء کی حقیقت سے پوری طرح آگاہ فرما اور لہو و لعب میں مشغول ہونے سے بچا ۱۲

..............................................

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۱۰۰﴾ ☆ سِرّ ...... راز ۱۲ ...... بھید ۱۲ ☆ سِرّ ...... راز ۱۲ ...... بھید ۱۲ ☆ بفوق رفتہ ...... ازیں جا فضل بر انبیا متوہم میگردد ۱۲ ...... یعنی اس جگہ سے انبیا پر فضیلت کا وہم پیدا ہوتا ہے ۱۲ ☆ فصل انبیا ...... بر اولیا ۱۲ ...... اولیا پر انبیا کی فضیلت ۱۲

﴿صہ ۱۰۱﴾ ☆ می رسند ...... پس (اس سے ثابت ہوا کہ) فضیلت انبیاء کو ہے نہ کہ اولیاء اللہ کو ۱۲ ☆ مقاماتِ انبیا ...... کہ سالک خود را اندران یافتہ بلکہ دیدہ کہ از انہا بفوق نیز رفتہ ۱۲ ...... کہ سالک اپنے آپ کو ان (مقامات) کے اندر پاتا ہے بلکہ دیکھتا ہے کہ ان سے بھی اوپر چلا گیا ہے ۱۲ ☆ کریمہ ...... مبتدا ۱۲ ...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ شاہد ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ باحیاز ...... جاہائے ۱۲ ...... مقامات ، جگہیں ۱۲ ☆ آن سالک ...... یعنی بلند استعداد کہ متوجہ الخ یعنی بلند استعداد سالک متوجہ ہوتا ہے ۱۲

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ



Marfat.com

☆باَوْلَوِیت......اَولٰی و اَفضل بودن ۱۲......اَولیٰ اور افضل ہونا ۱۲ ☆ارباب معقول......فلاسفہ یونان ومتابعان ایشان ازاحکماء اسلام ۱۲......یعنی یونان کے فلسفی اور ان کے تابع حکمائے اسلام ۱۲ ☆دخان......دود ۱۲......دھواں ۱۲ ☆اجزاء رضی......یعنی از اجزاء خاک و آتش ۱۲......یعنی مٹی اور آگ کے اجزا سے ۱۲ ☆ارضی......خاکی ۱۲......مٹی کے اجزاء ۱۲

☆ناریست......آتشی ۱۲......آگ کے اجزا ۱۲ ☆صعود نماید......بالا رود ۱۲......بلند ہوتے ہیں ، اوپر چڑھتے ہیں ۱۲

☆بمصاحبت......ہمراہ ۱۲......ساتھ ہونا ۱۲

(صہ ۱۰۲) ☆عروج......بالا رفتن ۱۲......بلندی کی طرف جانا ۱۲ ☆نار......آتش ۱۲......آگ ۱۲ ☆قاسر......امر عارض ۱۲......ملنے والا لاحق ہونے والا......امر ۱۲ ☆ہبوط......فرود آیند ۱۲......نیچے آتے ہیں ۱۲ ☆ہبوط......نزول ۱۲......اترنا ۱۲ ☆بمرکز طبعی......کہ خاک یست ۱۲......مرکز طبعی مٹی ہے ۱۲ ☆اِفراط......بالکسر از حد گزشتن ۱۲......الف کی زیر سے، حد سے گذر جانا، بہت زیادتی کرنا ۱۲

☆منتہی......در سلوک ۱۲......سلوک میں انتہائی درجے پر پہنچنے والا ۱۲ ☆درابتداء......سلوک......سلوک کی ابتدا میں ۱۲

..............................

# دوسونواں مکتوب (۲۰۹)

میر نعمان بدخشی کی طرف صادر فرمایا......رسالہ "مبدأ و معاد" کی بعض مشکل عبارتوں کے حل کرنے میں جو انہوں نے دریافت کی تھیں اور دوسری عبارتیں جو اس کی تائید میں لکھی گئی تھیں۔ اور اس خط کے جواب میں جو اس راہ (سلوک) کی بعض ضروری باتوں پر مشتمل ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَاٰلِہِ الطَّاھِرِیْنَ اَجْمَعِیْنَ ط ......سیادت پناہ میرے محترم بھائی محمد نعمان خیریت سے ہوں، اس طرف سے احوال قابل حمد و ستائش ہیں......سرائے فرخ میں رخصت کے وقت آپ نے اور برادرم خواجہ محمد اشرف نے اس عبارت کے معنی جو رسالہ مبدا و معاد میں درج ہیں دریافت کئے تھے۔ چونکہ وقت سازگار نہ تھا لہذا (آئندہ پر) موقوف رہا۔ اب یہ بات دل میں آئی کہ اس عبارت کے حل سے متعلق کچھ لکھا جائے تاکہ احباب کی تسلی و تشفی کا باعث ہو، رسالہ کی وہ عبارت یہ ہے۔

"آں سرور علیہ وعلیٰ آلہ الصلوۃ والسلام کے زمانہ رحلت سے ہزار اور چند سال بعد ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ حقیقتِ محمدی اپنے مقام سے عروج فرمائے گی اور حقیقتِ کعبہ کے مقام میں (رسائی پاکر اس) کے ساتھ متحد ہو جائے گی۔ اس وقت "حقیقت محمدی کا نام حقیقت احمدی ہو جائے گا اور وہ ذاتِ احد جل سلطانہ کا مظہر بن جائے گی، اور یہ دونوں اسمِ مبارک (محمد اور احمد) اپنے مسمی (مجموعہ حقیقتِ محمدی وحقیقتِ کعبہ) میں متحقق ہو جائیں گے، اور حقیقتِ محمدی کا پہلا مقام (جہاں وہ اس سے پہلے تھی) خالی رہ جائے گا اور وہ اس وقت تک خالی ہی رہے گا یہاںتک کہ حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا علیہ الصلوۃ والسلام نزول فرمائیں اور نزول فرمانے کے بعد شریعتِ محمدی علیہا الصلوات والتحیات کے مطابق عمل فرمائیں۔ اس وقت حقیقتِ عیسوی اپنے مقام سے عروج کر کے حقیقتِ محمدی کے اس مقام میں جو خالی چلا آرہا تھا قرار پکڑے گی" (مبدا و معاد نمبر ۴۸)

جاننا چاہیے کہ کسی شخص کی حقیقت اس کے تعینِ وجوبی سے مراد ہے کہ اس شخص کا تعین مکانی اس تعین کا ظل ہے اور وہ تعین





Marfat.com

وجوبی اسماءِ الٰہی جل سلطانہٗ سے کہ وہ علیم، قدیر، مرید اور متکلم وغیرہ میں سے ایک اسم ہے اور وہ اسم الٰہی جل سلطانہٗ اس شخص کا رب ہے، اور اس کے وجودی اور توابع وجودی فیوض کا مبدا ہے، اور اس اسم کی نسبت حضرت ذات تعالیٰ شانہ کے ساتھ مختلف مراتب میں سے صفت کے مرتبہ میں اس کا وجود ذاتِ وجود پر زائد ہے اس پر بھی اس اسم کا اطلاق ہوتا ہے اور شان کے مرتبہ میں بھی اس کی زیادتی ذات پر مجرد اعتبار سے ہے یہی اسم صادق آتا ہے اور صفت و شان کے درمیان کا فرق اس مکتوب میں لکھا گیا تھا جو سلوک اور جذبہ کے بیان میں تفصیل سے ذکر آ چکا ہے، اگر کوئی بات پوشیدہ ہو تو اس مکتوب کی طرف رجوع کرنا چاہیے......اس میں شک نہیں کہ شان کا حاصل ہونا بھی اگرچہ مجرد اعتبار سے ہے لیکن اس بات کا متقاضی ہے کہ اس سے اوپر اس شان کے مناسب اور زائد معنی ہوں جو اس شان کے وجود اعتباری کا مبدا ہوں۔ لہذا اس اسم کو بھی اس مرتبہ سے ایک حصہ حاصل ہے، اور اس زائد معانی کے فوق میں بھی یہ احتمال جاری ہے لیکن انسانی طاقت اس کو ضبط کرنے سے عاجز ہے......اس فقیر بے بضاعت کو ایک اور مرتبے سے بھی گذارا گیا ہے، لیکن اس مرتبہ کے اوپر سوائے ہلاکت اور اضمحلال کے کچھ نہیں ہے: وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ (یوسف ۱۲، آیت ۷۶) اور ہر علم والے سے بڑھ کر علم والا (موجود) ہے۔ شعر

ھَنِيْئًا لِأَرْبَابِ النَّعِيْمِ نَعِيْمُهَا ۔۔۔ وَلِلْعَاشِقِ الْمَسْكِيْنِ مَا يَتَجَرَّعَ

ترجمہ:۔ (مبارک منعموں کو نازونعمت ۔۔۔ مبارک عاشقِ مسکیں کو کلفت)

اہل اللہ کی ایک دوسرے پر فضیلت اپنی اپنی استعدادات اور قابلیتوں کے موافق ان مختلف مراتب کے طے کرنے کے اعتبار سے ہے اور اس اسم کے واصل اولیا بہت تھوڑے ہیں کیونکہ ان میں سے اکثر سلوک اور سیر تفصیلی کے طریق سے تمام مراتب امکانیہ سے عروج حاصل کرنے کے بعد اس اسم کے ظلال میں سے کسی ظل تک واصل ہوتے ہیں اور صرف جذبہ کے طریق سے بھی اس اسم تک واصل ہونے کا گمان کیا جا سکتا ہے لیکن یہ بے اعتبار اور نا قابلِ اعتماد ہے اور وہ لوگ جنہوں نے اس اسم سے عروج کیا ہے اور اس کے مختلف مراتب کو کم یا زیادہ طے کیا ہے وہ بہت ہی کم ہیں۔

اب ہم اصل بات کی طرف جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ کسی شخص کی حقیقت جس کو تعین وجوبی کہتے ہیں اس کو تعینِ امکانی بھی کہتے ہیں۔ جب یہ ابتدائی باتیں معلوم ہو گئیں تو ہم کہتے ہیں کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ الصلوات والتحیات تمام مخلوقات کی طرح عالم خلق اور عالم امر سے مرکب ہیں اور وہ اسمِ الٰہی جل شانہ جو کہ عالم خلق کا رب ہے اس کی شان العلیم ہے، اور وہ جو عالمِ امر سے ان کی تربیت فرماتا ہے وہ اس کے معنی ہیں جو اس شان کے وجود اعتباری کا مبدا ہے جیسا کہ مذکور ہو چکا ہے......اور "حقیقت محمدی" سے مراد شان العلیم ہے اور حقیقت احمدی اس معنی کی طرف اشارہ ہے جو اس شان کا مبدا ہے اور حقیقت کعبہ سبحانی سے بھی یہی مراد ہے اور وہ نبوت جو حضرت آدم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی تخلیق سے پہلے آں سرور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حاصل تھی اور اس مرتبہ کی نسبت خبر دی ہے اور فرمایا ہے: كُنْتُ نَبِيًّا وَّاٰدَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ (میں اس وقت بھی نبی تھا جبکہ حضرت آدم علیہ السلام پانی اور مٹی کے درمیان تھے)......یہ بات باعتبار حقیقتِ احمدی کے تھی اور اس کا تعلق عالمِ امر سے ہے، اور اسی اعتبار سے حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے جو کلمۃ اللہ ہوئے ہیں اور عالمِ امر سے زیادہ مناسبت رکھتے ہیں اور (جنہوں نے) آں سرور علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کی تشریف آوری کی بشارت





Marfat.com

اسم احمد سے دی ہے اور فرمایا ہے: وَمُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ يَّأْتِيْ مِنْ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ (الصف،٦١،آیت،٦) (اور خوشخبری دینے والا ایک رسول کی جو میرے بعد آئے گا اور اس کا نام احمد ہے)......اور وہ نبوت جس کا تعلق نشأۃ عنصری (مادہ کی پیدائش) سے ہے وہ صرف حقیقتِ محمدی کے اعتبار سے نہیں ہے بلکہ دونوں حقیقتوں کے اعتبار سے ہے اور اس مرتبہ میں آپ کی تربیت کرنے والی وہ شان اور اس شان کا مبدا ہے، لہٰذا اس مرتبہ کی دعوت پہلے مرتبہ کی دعوت کی نسبت سے زیادہ مکمل ہے، کیونکہ اس مرتبہ میں ان کی دعوت عالمِ امر سے مخصوص تھی اور ان کی تربیت صرف روحانیین تک محدود تھی اور ان کی دعوت کے اس مرتبہ میں عالمِ خلق اور عالمِ امر دونوں شامل ہیں اور آپ کی تربیت ارواح واجساد پر مشتمل ہے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ اس جہان میں آنحضرت علیہ وعلی آلہ الصلوۃ والسلام کی عنصری پیدائش کو آپ کی ملکی پیدائش پر غالب کیا ہوا تھا تا کہ مخلوقات کے ساتھ کہ جن میں بشریت زیادہ غالب ہے ان کے لئے وہ مناسبت جو افادہ واستفادہ کا سبب ہے زیادہ سے زیادہ پیدا ہو جائے یہی وجہ ہے کہ حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ اپنے حبیب ﷺ کو اپنی بشریت کے ظاہر کرنے کے لئے بڑی تاکید سے حکم فرماتا ہے: قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ (کہف،١٨،آیت،١١٠) (آپ کہہ دیجئے کہ میں بھی تمہاری طرح بشر ہوں صرف یہ کہ میری طرف وحی کی جاتی ہے) اور لفظ مثلکم کا لانا بشریت کی تاکید کے لئے ہے......وجودِ عنصری سے رحلت فرمانے کے بعد آپ علیہ الصلوۃ والسلام کی روحانیت کی جانب غالب آ گئی اور آپ کی بشریت کی مناسبت کم ہو گئی اور دعوت کی نورانیت میں تفاوت پیدا ہو گیا، (چنانچہ) بعض اصحاب کرام نے فرمایا ہے کہ ہم ابھی آں سرور علیہ وعلیہم الصلوۃ والسلام کے دفن سے فارغ نہ ہوئے تھے کہ ہم نے اپنے دلوں میں ایک فرق محسوس کیا۔ ہاں (فرق کیوں نہ ہو جبکہ) ایمانِ شہودی ایمانِ غیبی سے بدل گیا اور معاملہ آغوش سے گوش تک آ پہنچا اور دیکھنے کی بجائے سننے کی نوبت آ گئی۔

اور آنحضرت علیہ وعلی آلہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانہ رحلت سے جب ہزار سال گذر گئے جو بڑی لمبی مدت اور زمانہ دراز ہے تو (آپ ﷺ کی) روحانیت کی جانب اس طرح غالب ہوئی کہ بشریت کی تمام جانب کو اپنے رنگ میں رنگ دیا حتی کہ عالمِ خلق نے عالمِ امر کا رنگ اختیار کر لیا پس لازمی طور پر جو کچھ کہ آپ علیہ وعلی الصلوۃ والسلام کی عالم خلق میں اپنی حقیقت سے رجوع ہو کر ظاہر ہوا وہی حقیقتِ محمدی عروج فرما کر حقیقتِ احمدی سے ملحق ہو گئی اور حقیقتِ محمدی حقیقتِ احمدی سے متحد ہو گئی۔

اس جگہ حقیقتِ احمدی وحقیقتِ محمدی سے مراد آپ علیہ الصلوۃ والسلام کے خلق وامر کا تعینِ امکانی ہے نہ کہ تعینِ وجوبی کہ تعین امکانی اسی کا ظل ہے، کیونکہ تعینِ وجوبی کا عروج کوئی معنی نہیں رکھتا اور اس تعین کے ساتھ اس کا متحد کرنا معقول نہیں ہے، اور جب حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیٰ آلہ الصلوۃ والسلام نزول فرمائیں گے تو حضرت خاتم الرسل علیہم الصلوۃ والسلام کی شریعت کی پیروی کریں گے اور اپنے مقام سے عروج کر کے تبعیت کے طور پر حقیقتِ محمدی کے مقام میں پہنچ جائیں گے، اور آپ علیہما الصلوۃ والسلام کے دین کی تقویت فرمائیں گے۔ اسی ضمن میں یہ بات نقل کرتے ہیں کہ گذشتہ شریعتوں کو بھی یہی حال تھا کہ اولوالعزم پیغمبر کی رحلت فرما جانے کے ہزار سال بعد انبیائے کرام ورسلِ عظام مبعوث ہوتے تھے جو اس اولوالعزم پیغمبر کی شریعت کو تقویت دیتے تھے، اور اس کے کلمہ کو بلند کرتے تھے اور جب اس اولوالعزم پیغمبر کی دعوت وشریعت کا دورہ تمام ہو جاتا تھا تو دوسرا اولوالعزم پیغمبر مبعوث ہو جاتا تھا اور نئے سرے سے اپنی شریعت ظاہر کرتا تھا، اور چونکہ حضرت خاتم

مکتوبات امام ربانی ؒ نیسرا حصہ پہلا دفتر



Marfat.com

الرسل علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات کی شریعت نسخ اور تبدیلی سے محفوظ ہے اس لئے آپ ﷺ کی امت کے علماء کو انبیاء کا حکم دے کر آپ کی شریعت کی تقویت کے کام کو اور ملت کی تائید کو ان کے سپرد فرما دیا، اسی طرح ایک اولوالعزم پیغمبر (حضرت عیسیٰ علیہ السلام) کو آنحضرت ﷺ کا متبع بنا کر آپ ﷺ کی شریعت کی ترویج بخشی ہے۔ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کا ارشاد ہے: اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا الذِّکۡرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوۡنَ (حجر ۱۵، آیت ۹) (بیشک ہم نے ذکر (قرآن مجید) نازل کیا اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں)

جاننا چاہیے کہ آنحضرت خاتم الرسل علیہ وعلیہم الصلوٰۃ والسلام کی رحلت فرمانے کے ہزار سال بعد آپ کی امت کے جن اولیا کا ظہور ہوگا اگرچہ ان کی تعداد بہت قلیل ہوگی لیکن وہ کامل واکمل ہوں گے تاکہ اس شریعت کو پورے طور پر تقویت دے سکیں...... حضرت مہدی کہ جن کی تشریف آوری کی نسبت حضرت خاتم الرسل علیہ وعلیہم الصلوات والتحیات نے بشارت فرمائی ہے ہزار سال کے بعد ظاہر ہوں گے، اور حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام خود بھی ہزار سال کے بعد نزول فرمائیں گے...... مختصر یہ کہ اس گروہ کے اولیاء کے کمالات اصحابِ کرام کے کمالات کے مانند ہیں، اگرچہ انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام کے بعد اصحابِ کرام کے لئے فضیلت و بزرگی ہے لیکن یہ ایک ایسا مقام ہے کہ مشابہت کے کمال کی وجہ سے ایک کو دوسرے پر فضیلت نہیں دے سکتے...... اور ہوسکتا ہے کہ اسی وجہ سے آنحضرت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہو: لَا یُدۡرٰی اَوَّلُھُمۡ خَیۡرٌ اَمۡ اٰخِرُھُمۡ (نہیں معلوم کہ ان میں سے پہلے (زمانہ) والے بہتر ہیں یا آخر والے)...... یہ نہیں فرمایا: لَا اَدۡرِیۡ اَوَّلُھُمۡ خَیۡرٌ اَمۡ اٰخِرُھُمۡ (میں نہیں جانتا کہ ان میں سے پہلے والے بہتر ہیں یا آخر والے)...... کیونکہ آپ کو فریقین میں سے ہر ایک کا حال معلوم تھا اسی وجہ سے آپ نے فرمایا: خَیۡرُ الۡقُرُوۡنِ قَرۡنِیۡ (سب زمانوں سے بہتر میرا زمانہ ہے)...... لیکن چونکہ کمال مشابہت کی وجہ سے شک وشبہ کی گنجائش تھی اس لئے لایُدری فرمایا۔



اگر کوئی دریافت کرے کہ آنحضرت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے اصحاب کے زمانے کے بعد تابعین کے زمانے کو خیر (بہتر) فرمایا ہے اور تابعین کے زمانے کے بعد تبع تابعین کے زمانے کو بھی خیر فرمایا ہے لہذا خیریت انہی دو زمانوں ہی کے لوگوں کے اوپر یقین کے ساتھ کہی جاسکتی ہے، پس اس گروہ کی صحابہ کرام کے کمالات کے ساتھ کس طرح مشابہت ہوگی...... جواب میں ہم کہتے ہیں کہ ہوسکتا ہے کہ اس قرن کا اس طبقہ سے بہتر ہونا اس اعتبار سے ہو کہ (اس میں) اولیاء اللہ کا ظہور کثرت سے ہوگا، اور اہلِ بدعت اور اربابِ فسق وفجور کی کمی ہوگی۔ اور یہ بات اس کے ہرگز منافی نہیں ہے کہ اس طبقہ کے اولیاء اللہ میں سے بعض افراد ان دونوں قرنوں کے اولیاء اللہ سے افضل ہوں جیسے کہ حضرت مہدی ؎

فیض روح القدس ازباز مدد فرماید — دیگراں ہم بکنند آنچہ مسیحا می کرد

ترجمہ:۔ (وحی کا فیض اگر پھر سے میسر آجائے — دوسرے بھی وہ کریں جو کچھ مسیحا نے کیا)

لیکن اصحابِ کرام کا زمانہ ہر لحاظ سے خیر ہی خیر ہے اور اس بارے میں گفتگو کرنا فضول ہے۔ آگے والے آگے والے ہی ہیں اور جنت نعیم میں وہ مقرب ہیں۔ یہ وہ حضرات ہیں کہ دوسروں کا پہاڑ کے برابر سونا خرچ کرنا ان کے ایک مُد جو خرچ کرنے کے برابر نہیں ہے: وَاللّٰہُ یَخۡتَصُّ بِرَحۡمَتِہٖ مَنۡ یَّشَآءُ (بقرۃ ۲، آیت ۱۰۵) (اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے اپنی



Marfat.com

رحمت کے ساتھ مخصوص کر لیتا ہے)

جاننا چاہیے کہ پچھلے بیان سے اس عبارت کے معنی واضح ہو گئے جو رسالہ مبدا و معاد میں اس عبارت سے پہلے تحریر کی گئی ہے کہ حقیقت کعبہ ربانی حقیقت محمدی کی مسجود ہو گئی کیونکہ کعبہ ربانی کی حقیقت بعینہٖ حقیقتِ احمدی ہے جو فی الحقیقت حقیقت محمدی اس کا ظل ہے پس لازمًا حقیقت محمدی کی مسجود ہو گی۔

اگر سوال کریں کہ کعبہ آنحضرت ﷺ کی امت کے اولیاء کے طواف کے لئے آتا ہے اور ان سے برکات حاصل کرتا ہے حالانکہ اس کی حقیقت حقیقت محمدی پر مقدم ہے۔ تو پھر یہ معنی کس طرح جائز ہوں گے؟...... جواب میں ہم کہتے ہیں کہ حقیقت محمدی تنزیہ و تقدیس کی بلندی کی وجہ سے آنحضرت ﷺ کے مقاماتِ نزول کی انتہا۔ اور حقیقت کعبہ عروج کعبہ کے مقامات کی انتہا ہے۔ اور حقیقت محمدی کے لئے مرتبہ تنزہ پر عروج کا خاص زینہ اول حقیقت کعبہ ہے۔ اور اس (حقیقت محمدی) کے عروجات کی نہایت کو حق سبحانہ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا، اور چونکہ آپ کی امت کے کامل اولیاء کو آنحضرت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کے عروجات سے نصیبِ تام (پورا حصہ) حاصل ہے، پھر اگر کعبہ ان بزرگواروں سے برکات حاصل کرے تو کیا تعجب ہے۔

زمیں زادہ بر آسماں تاختہ    زمین و زماں را پس انداختہ

ترجمہ:۔ (زمین والے اتنے فلک پر چڑھے    زمین و زماں ان سے پیچھے رہے)

اور دوسری عبارت بھی جو اس رسالہ کے اس مقام پر واقع ہے وہ بھی حل ہو گئی اور وہ عبارت یہ ہے کہ صورتِ کعبہ جس طرح کہ اشیاء کی صورتوں کی مسجود ہے اسی طرح حقیقتِ کعبہ بھی ان اشیاء کی حقیقتوں کی مسجود ہے...... کیونکہ پچھلے مقدمات سے یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ حقائق اشیاء ان اسمائے الٰہی جل سلطانہ سے مراد ہے جو ان کے فیوض وجودی اور توابع وجودی کا مبدا ہے اور حقیقتِ کعبہ ان اسما سے فوق ہے پس یقینًا حقیقتِ کعبہ حقائقِ اشیاء کی متبوع ہو گی۔ ہاں اگر کامل ترین اولیاء کو حقیقتِ کعبہ سے بالاتر سیر حاصل ہو جائے اور وہ انوارِ بالا کو حاصل کر کے اپنے حقائق کے مراتب میں جو مراتب عروج میں اشیاء کے طبعی مقامات کے مانند ہیں نیچے اتر آئیں تو کعبہ بھی ان کی برکات سے توقع رکھے گا۔ جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے۔

اور اسی طرح رسالہ مبدا و معاد میں بھی چند فقرے انبیاء اولوالعزم صلوات اللہ تعالیٰ وتسلیماتہ علیہم کے ایک دوسرے سے افضل ہونے کے بارے میں لکھے گئے تھے۔ یعنی ان کے ایک دوسرے پر افضل ہونے کے معنی چونکہ کشف والہام پر مبنی ہیں جو ظنی ہیں اس لئے اس کے تحریر کرنے پر اور افضلیت کے بارے میں تفرقہ کرنے پر نادم ہوں اور توبہ کرتا ہوں، کیونکہ اس باب میں دلیل قطعی کے علاوہ بات کرنا جائز نہیں۔: أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَأَتُوبُ إِلَى اللّٰهِ مِنْ جَمِيعِ مَا كَرِهَ اللّٰهُ قَوْلًا وَفِعْلًا (میں ان تمام اقوال وافعال سے جو اللہ تعالیٰ کے حضور میں نہ پسندیدہ ہیں معافی مانگتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں)

آپ نے اپنے خط میں تحریر کیا تھا کہ سرائے فرخ میں میں نے دریافت کیا تھا کہ مجھے تعلیم طریقت طالبوں کو سکھانے کی اجازت ہے یا نہیں؟...... تو آپ نے جواب میں فرمایا تھا نہیں:...... فقیر کو یاد نہیں کہ (اس بارے میں) مطلق نفی کی ہو بلکہ یہ کہا ہو گا کہ وہ شرائط کے ساتھ مشروط ہے مطلقًا اجازت نہیں ہے اور اب بھی اسی طرح جانیں۔ چاہے کہ شرائط کی رعایت





Marfat.com

میں بہت احتیاط برتیں اور ہر گز سستی نہ کریں۔ جبتک استخاروں کے ذریعے یقین نہ ہوجائے اس وقت تک تعلیم طریقت نہ دیں...... برادرم مولانا یار محمد قدیم کو ابھی اس بات سے آگاہ کردیں اور بہت تاکید کے ساتھ کہہ دیں کہ تعلیم طریقت میں جلدی نہ کریں۔ (پیری مریدی کی) دکان کھولنا مقصود نہیں ہے بلکہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی مرضی کو ملحوظ رکھنا چاہیے۔ اطلاع دینا ہمارا کام ہے۔

دوسرے آپ نے اپنے مریدوں کی شکایت کی تھی تو (اس شکایت کی بجائے) اپنی وضع کا گلہ کیجئے، کیونکہ آپ اس جماعت کے ساتھ اس طرح زندگی بسر کرتے ہیں جس کے نتیجے میں آپ کو آزار و تکلیف کا سامنا کرنا پڑا...... بزرگوں نے کہا ہے کہ پیر کو چاہیے کہ مرید کی نظر میں خود کو شان وشوکت سے رکھے نہ یہ کہ ان سے خلط ملت کا دروازہ کھول دے اور مصاحبانہ سلوک کر کے شکوہ وشکایت کا ہنگامہ کھڑا کردے۔ والسلام

---

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۱۰۲﴾ میر محمد نعمان کے کچھ حالات مکتوب نمبر ۱۱۹ کے حاشیہ میں زبدۃ المقامات سے نقل کئے گئے ہیں وہاں سے ملاحظہ کئے جائیں ۱۲

ے قولہ رسالہ مبدأ ومعاد: الامام الھمام حجۃ اللہ علی الانام قُدوۃُ الاَقطاب وَالاَوتادِ وقِبلَۃُ الاَبدالِ وَالاَفرادِ الکاشِفُ اَسرارَ السَّبعِ المَثانِی المُجدِدُ الاَلفِ الثَّانِی اَلشَّیخُ اَحمَدُ الفَارُوقِیُ قُدِّسَ سِرُّہٗ صَاحِبُ ھذِہِ المَکَاتِیبِ نَوَّرَ اللّٰہُ مَرقَدَہٗ ۱۲

(یہ رسالہ امام ربانی مجدد الف ثانی ان مکتوبات والوں کا ہے)

﴿صہ ۱۰۳﴾ قولہ تَشفِّی: بُرے وہم اور باطل خیالات جو مراد کو نہ سمجھنے کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں ۱۲

لے قولہ بعد از ہزار و چند سال...... جاننا چاہیے کہ امام ربانی نے رسالہ مبدأ ومعاد میں فرمایا ہے: حقیقتِ قرآنی اور حقیت کعبہ ربانی کا درجہ حقیقتِ محمدی علیٰ مَظھرِھا الصلوۃ وَالسَّلام وَالتَّحِیَّۃُ سے اوپر ہے لہذا حقیقتِ قرآنی، حقیقتِ محمدی کی امام اور پیشوا ہوئی اور حقیقتِ کعبہ ربانی، حقیقتِ محمدی کی مسجود ہوئی، اس کے باوجود حقیقت کعبہ ربانی، حقیقت قرآنی سے اوپر ہے، اس جگہ تمام بے صفتی اور بے رنگی ہے، اور شیون واعتبارات کو اس مقام میں گنجائش نہیں ہے، تنزیہ وتقدیس کو اس بارگاہ میں مجال نہیں ہے ع

آن جا ہمہ آنست کہ برتر زبیان است

یہ ایسی معرفت ہے جس کے بارے میں کسی اہل اللہ نے لب کشائی نہیں کی، اور رمز واشارے کے طور پر بھی اس کے متعلق بات نہیں کی، اس درویش (مجھ) کو اس معرفت عظمیٰ سے مشرف کیا ہے اور ابنائے جنس میں ممتاز فرمایا ہے، یہ سب کچھ حبیبُ اللہ و برکت رسول اللہ علیہ وعلی آلہ من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا کے صدقے مجھے نصیب ہوا ہے۔ واضح رہے کہ جس طرح چیزوں کی صورتوں کا مسجود کعبہ کی صورت ہے، اسی طرح ان اشیا کے حقائق کا مسجود حقیقتِ کعبہ ہے، میں ایک عجیب بات بیان کرتا ہوں، جسے نہ کسی نے کہا نہ سنا، مجھے اللہ تعالیٰ نے اسکی خبر دی، اس واسطے میں لوگوں کو اس سے آگاہ کرتا ہوں، یہ سب کچھ اس کے فضل وکرم سے ہے کہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک سے کچھ اوپر ہزار سال بعد ۱۲

﴿صہ ۱۰۳﴾ ۲ قولہ متحقق شود، اس میں کیا مانع ہے کہ ایک مسمّٰی اپنے دو ناموں سے جن سے دو مخصوص کمالات مراد ہیں، یکے بعد دیگرے طویل زمانوں کے بعد متحقق ہوجائے، اور ایک کمال سے دوسرے کمال تک ترقی فرمائے جو کمال بالقوہ رکھتا ہو۔ یونانی فلسفیوں کا قول ہے کہ مجردات میں تمام کمالات کا بالفعل اعتبار کرتے ہیں اور قوت بالفعل سے ترقی کو جائز نہیں جانتے، یہ ان کی کوتاہ نظری ہے، (مشہور قول ہے) جس کے دو دن برابر ہوں وہ خسارے میں ہے، یہاں قلب حقیقت نہیں ہے بلکہ





Marfat.com

تقلیبِ حقیقت ہے یعنی ایک کمال سے دوسرے کمال کی طرف اور ایک رنگ سے دوسرے رنگ میں رنگا جانا ہے ۱۲

۳ قولہ مراتب شَتّٰی یعنی مختلف مراتب، اور یہ اس بنا پر ہے جو شیخ قدس سرہ نے بیان فرمایا ہے کہ چار مراتب بعض بعض کے اوپر ہیں۔ (۱) مَرْتَبَةُ الصِّفَةِ (۲) مَرْتَبَةُ الشَّأْنِ (۳) مَرْتَبَةُ الْمَعْنَى الزَّائِدِ الْمُنَاسِبِ لِلشَّأْنِ الْمَبْدَءِ لِوُجُوْدِهٖ (۴) وَمَرْتَبَةُ أُخْرٰى فَوْقَ هٰذَا الْمَعْنٰى ، قَدْ حَصَلَ لِلشَّيْخِ قُدِّسَ سِرُّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۱۲ (مذکورہ چاروں مراتب میں سے شیخ مجدد الف ثانی قدس سرہ کو حصہ حاصل ہوا ہے)

۴ قولہ تفصیل...... جیسا کہ شیخ قدس سرہ نے فرمایا: اور صفات و شیونات کے درمیان بہت باریک فرق ہے جو محمد المشرب اولیاء کے علاوہ کسی پر ظاہر نہیں ہوا اور نہ ہی کسی اور نے اسکی نسبت کلام کیا...... مختصر یہ کہ ''صفات'' ذات تعالیٰ و تقدس پر زائد وجود کے ساتھ خارج میں موجود ہیں اور ''شیونات'' عز سلطانہ کی ذات میں صرف اعتبارات کے درجے میں ہیں۔ آخر تک جو شیخ قدس سرہ نے وہاں کلام کیا ہے ۱۲ (مکتوب ۲۸۷ مقصد ثانی)

۔ قولہ در مکتوبیکہ...... یعنی مکتوب ۲۸۷ جلد اول جو حقائق آگاہ آپ کے حقیقی بھائی میاں غلام محمد کے نام ہے ۱۲

۱ ﴿۱۰۴﴾ یہ اشارہ ہے اس آیت کی طرف جو سورہ یوسف (۷۶) پارہ ۱۳ میں واقع ہے یعنی اور ہر صاحب علم سے بڑھ کر دوسرا صاحب علم ہوتا ہے ۱۲

۲ قولہ والواصلون...... اور اس اسم کے واصل اولیا بہت تھوڑے ہیں کیونکہ ان میں سے اکثر سلوک اور سیرِ تفصیلی کے طریق سے تمام مراتب امکانیہ سے عروج حاصل کرنے کے بعد اس اسم کے ظلال میں سے کسی ظل تک واصل ہوتے ہیں اور صرف جذبہ کے طریق سے بھی اس اسم تک واصل ہونے کا گمان کیا جا سکتا ہے، لیکن یہ بے اعتبار اور نا قابل اعتماد ہے، اور وہ لوگ جنہوں نے اس اسم سے عروج کیا ہے اور اس کے مختلف مراتب کو کم یا زیادہ طے کیا ہے وہ بہت ہی کم ہیں اولیاء کرام قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم میں سے، اللہ تعالیٰ ان کے فیوضات میں سے ہم کو عطا فرمائے ۱۲

۳ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ : قَالُوْا :يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ! مَتٰى وَجَبَتْ لَكَ النُّبُوَّةُ ؟ قَالَ وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ ۔رواہ الترمذی یعنی صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ کے لیے نبوت کب سے ثابت ہے؟ (کون سے وقت میں آپ کی نبوت کے لئے نامزدگی ہوئی) آں حضرت نے فرمایا: میری نبوت ثابت ہو چکی تھی اس حال میں کہ آدم روح و جسم کے درمیان تھے یعنی ان کی خلقت مکمل نہ ہوئی تھی، ان کے روح کا جسم کے ساتھ تعلق نہیں ہوا تھا، یہ اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ میں مقدم ہوں۔ (اشعۃ اللمعات ۴۸/۷) یہ بھی مروی ہے۔ اِنِّیْ عِنْدَ اللّٰهِ مَكْتُوْبٌ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ وَاِنَّ آدَمَ لَمُنْجَدِلٌ فِيْ طِيْنَتِهٖ ۔ رواہ فی شرح السنۃ ۔ (مشکوۃ باب فضائل سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم)

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ کے ہاں اس وقت خاتم النبیین لکھا ہوا تھا جب آدم ابھی اپنی مٹی میں تھے ۱۲

۴ قولہ کلمۃ اللہ: کما قال تعالیٰ: يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ اسْمُهُ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ الخ (آل عمران آیت ۴۵ پارہ تین) ترجمہ: اے مریم! اللہ تعالیٰ بشارت دیتا ہے تجھے ایک حکم کی اپنے پاس سے، اس کا نام مسیح عیسیٰ بن مریم ہوگا (آخر تک) ۱۲

۵ یہ اشارہ ہے اس آیت کریمہ کی طرف جو پارہ ۲۸ سورۃ صف (آیت ۶) میں واقع ہے یعنی اور بشارت دینے والا ہوں ایک رسول کی جو تشریف لائے گا میرے بعد اس کا نام احمد ہے صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم تسلیمًا کثیرًا ۱۲

۔ قولہ اَنام: الف پر زبر ہے یعنی مخلوقات جن و انسان، آنام مد کے ساتھ بھی آیا ہے۔ اور انیم بھی لکھتے ہیں، یہ تینوں لفظ اسم جمع ہیں جمع نہیں قوم رہط کی مثل ۱۲ غ



Marfat.com

﴿صہ۱۰۵﴾ ۱ یہ آیت سورہ کہف کے آخر میں پارہ ۱۶ یعنی آپ کہہ دیجئے کہ میں بشر ہی ہوں تمہاری طرح، وحی کی جاتی ہے میری طرف الخ

۲ قولہ فرمودہ اند: وفی روایۃ الترمذی قال: لَمَّا کَانَ الْیَوْمُ الَّذِیْ دَخَلَ فِیْہِ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْمَدِیْنَۃَ أَضَاءَ مِنْھَا کُلُّ شَیْءٍ، فَلَمَّا کَانَ الْیَوْمُ الَّذِیْ مَاتَ فِیْہِ أَظْلَمَ مِنْھَا کُلُّ شَیْءٍ وَمَا نَفَضْنَا أَیْدِیَنَا عَنِ التُّرَابِ وَإِنَّا لَفِیْ دَفْنِہٖ حَتّٰی أَنْکَرْنَا قُلُوْبَنَا (مشکوۃ، باب ھجرۃ أصحابہ من مکۃ) یعنی اور ترمذی کی روایت ہے کہ (حضرت انس رضی اللہ عنہ) نے فرمایا جب وہ دن تھا جس میں رسول ﷺ مدینہ منورہ میں تشریف فرما ہوئے تو مدینہ کی ہر چیز چمک گئی (در و دیواریں) پھر جب وہ دن ہوا جس میں حضور ﷺ نے وفات فرمائی تو مدینہ کی ہر چیز تاریک ہوگئی اور ہم نے مٹی سے ہاتھ نہ جھاڑے، حالانکہ ہم حضور ﷺ کے دفن میں مشغول تھے کہ ہم نے اپنے دلوں کو غیر پایا، (یہ اس نور و صفا کی طرف اشارہ ہے جو حضور ﷺ کے مشاہدہ زیارت سے حاصل ہوتا ہے)

۳ قولہ حضرت عیسیٰ...... جاننا چاہیے کہ احادیث صحیحہ کے ذریعے تحقیق سے ثابت ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے زمین پر تشریف لائیں گے، وہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے تابع ہوں گے اور آپ ہی کی شریعت کے مطابق حکم دیں گے، بعض احکام جو ہماری شریعت میں نہیں حالانکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ان کے حکم کے مطابق حکم دیں گے، وہ از قبیل بیان بدل ہیں جیسا کہ نسخ ہے اور وہ اس وقت حضور ہی کی شریعت کا حصہ ہوں گے جیسا کہ جزیہ وغیرہ کا اختتام ۱۲ (اشعۃ اللمعات ۶/۴۸۷)

﴿صہ۱۰۶﴾ ۱ لکونہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاتم النبین لا نبی بعدہ ۱۲ (یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاتم النبیین ہیں ان کے بعد کوئی نبی نہیں)

۲ بے شک ہم نے ذکر (قرآن مجید) نازل کیا اور بے شک ہم ہی اس کے محافظ ہیں، یہ آیت کریمہ پارہ ۱۴ سورۃ حجر (آیت ۹) میں واقع ہے ۱۲

۳ قولہ بشارت: عن ام سلمۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: اَلْمَھْدِیُّ مِنْ عِتْرَتِیْ مِنْ أَوْلَادِ فَاطِمَۃَ۔ رواہ ابو داؤد، وایضًا قال صلی اللہ علیہ وسلم اَلْمَھْدِیُّ مِنِّیْ الخ رواہ الترمذی ۱۲ ترجمہ: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کہتے ہوئے سنا: (امام) مہدی میری عزت فاطمہ کی اولاد سے ہوں گے اسکو ابو داؤد نے روایت کیا ہے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا: مہدی مجھ سے ہے الخ...... اس کو ترمذی نے روایت کیا ہے ۱۲

۴ قولہ لا یُدرٰی ...... پوری حدیث اس طرح ہے: مَثَلُ أُمَّتِیْ مَثَلُ الْمَطَرِ لَا یُدْرٰی أَوَّلُہٗ خَیْرٌ أَمْ اٰخِرُہٗ، رواہ الترمذی۔ ترجمہ: میری امت کا حال بارش جیسا ہے یہ نہیں جانا جاتا کہ بارش کا پہلا حصہ بہتر ہے یا آخری حصہ۔ اس کو ترمذی نے روایت کیا ہے۔ یہ اشارہ ہے ساری امت کے بہتر ہونے کی طرف، جیسا کہ بارش ساری کی ساری بہتر و نافع ہوتی ہے۔ (اشعۃ ۷/۶۳۱)

۵ ای لِأَجْلِ کَوْنِہٖ صلی اللہ علیہ وسلم عَالِمًا بِحَالِ کُلٍّ مِنَ الْفَرِیْقَیْنِ أَخْبَرَ عَنْ خَیْرِیَّۃِ الْقُرُوْنِ السَّابِقَۃِ ۱۲ یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں فریقوں کے حالات جاننے کی وجہ سے پہلے صدیوں کے بہتر ہونے کی خبر دی ہے ۱۲

﴿صہ۱۰۷﴾ ۱ قولہ انفاق...... عن ابی سعید الخدری قال: قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم: لَا تَسُبُّوْا أَصْحَابِیْ فَلَوْ أَنَّ أَحَدَکُمْ أَنْفَقَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَھَبًا مَا بَلَغَ مُدَّ أَحَدِھِمْ وَلَا نَصِیْفَہٗ۔ رواہ الشیخان ۱۲ مشکوۃ، باب مناقب الصحابہ۔ ترجمہ: حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی تیسرا حصہ



Marfat.com

نے فرمایا: میرے صحابہ کو برا نہ کہو، اگر تم میں سے ایک شخص احد پہاڑ کے برابر سونا خرچ کر دے تو ان میں سے ایک کے ایک سیر اور آدھے سیر کو نہیں پہنچے گا ۱۲ بخاری و مسلم

۲ مُدّ میم کے پیش سے، ایک پیمانہ ہے اور وہ دو رطل کا ہوتا ہے یا ایک رطل اور تیسرا حصہ رطل یا درمیانے قد و قامت کے آدمی کی دونوں ہاتھوں کی بھری ہوئی تک۔ اور رطل را کی زبر اور زیر دونوں طرح بولا جاتا ہے، رطل مَن کا نصف ہوتا ہے (مَن عربی میں دو رطل کا ہوتا ہے) مَن ۱۲ اوقیہ کا ہوتا ہے اور اوقیہ ۴۰ درم کا ہوتا ہے ۱۲ منتخب

۳ اس میں کیا مانع ہے کہ خاص طور پر اپنے سایہ کا اصل مسجود ہو اور سایہ کا اپنے اصل کو سجدہ کرنا ۱۲

- قولہ کعبہ است: یعنی فلا محذور فی تقدم آخر مراتب نزول محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فلا وجہ لـلطعن فی ذلك ۱۲ المعرب رحمۃ اللہ علیہ یعنی پس کوئی خوف اور خرابی کی بات نہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نزول کے آخری مراتب تک آگے بڑھنے میں، پس کوئی طعن کی وجہ نہیں اس میں ۱۲ معرب ملا مراد مکی رحمہ اللہ

۴ قولہ حقیقت محمد: جاننا چاہیے کہ حقیقت محمدی کا لفظ حضرت امام ربانی قدس سرہ کی عبارات میں مختلف معنوں اور کئی اطوار پر وارد ہوا ہے اور اسی طرح حقیقت کعبہ بھی کئی معنوں میں آیا ہے، اس کو اچھی طرح سمجھو اور ثابت قدم رہو، ہر چیز کا علم اس کے جاننے والے کے حوالے کرنا چاہیے ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

﴿صہ ۱۰۸﴾ ۱ قولہ انبیاء یعنی محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم اور حضرت عیسیٰ اور حضرت موسیٰ اور حضرت ابراہیم اور حضرت نوح علیہم الصلوات والتسلیمات اجمعین ۱۲

۲ آپ نے وہاں فرمایا ہے کہ عوام الناس تو درکنار تمام رسولوں کے سردار جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اگرچہ حضرت عیسیٰ اور حضرت موسیٰ علیہما الصلوات والتسلیمات والتحیات کو حسب درجہ مقام تجلی ذات سے کچھ حاصل ہے اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو مخاطب کر کے فرمایا ہے۔ اِصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ اَيْ لِذَاتِيْ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام روح اللہ ہیں اور ان کا کلمہ بھی، آں سرور کائنات کے کلمہ سے بہت کچھ مناسبت رکھتا ہے لیکن حضرت ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام حالانکہ مقام تجلی صفات میں ہیں، پھر بھی تیز چشم اور دور بین ہیں جو خاص شان ہمارے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو تجلی ذات کے مقام میں نصب ہوئی وہ حضرت ابراہیم کو تجلی صفات کے مقام میں حاصل ہوگئی، لیکن استعداد دونوں کی مختلف ہے، پس اس لحاظ سے حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت عیسیٰ اور موسیٰ علیہما السلام سے افضل ہیں، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا رتبہ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے بڑھ کر ہے، آپ ان کی نسبت تیز نظر اور دور بین ہیں، ان کے بعد حضرت نوح علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں آپ کا مقام مقام صفات میں اگرچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے مقام سے اوپر ہے لیکن حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اس مقام میں خاص شان حاصل ہے، اور آپ کو نظر کی وہ تیزی حاصل ہے جو دوسروں کو میسر نہیں ،لیکن آپ کی اولاد کرام کو بھی بطور تبعیت و فرعیت اس مقام سے حصہ حاصل ہے، حضرت نوح علیہ السلام کے بعد حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے مجھے ان باتوں کے الہام سے سرفراز فرمایا، حقیقی علم اللہ تعالیٰ ہی کو ہے ۱۲ (مبدأ و معاد، منہا ۵۰)

۱ قولہ دُکان: دال پر پیش اور کاف پر شد ہے اور بغیر شد دونوں طرح صحیح ہے اور دوکان واؤ کے ساتھ بالکل غلط ہے، اور واؤ کے ساتھ لکھنا اور پڑھنا خطا ہے ۱۲ غیاث

۲ قولہ تجمل: فـانـه قـد ورد فـي الـخـبـر عـن النبي الصادق الا برانه صلى الله عليه وآله وسلم كان يتجمل لاصحابه صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم ۱۲۔ ترجمہ: بے شک حدیث میں وارد ہے کہ نبی صادق سب سے بڑھ کر نیکوکار آپ صلی اللہ علیہ وسلم اچھا لباس اور جمال اختیار کیا کرتے تھے اپنے صحابہ کے سامنے ۱۲





Marfat.com

☆متن ......بین السطور......معانی

﴿صہ۱۰۲﴾☆ مُغلَق ......اسم مفعول از اغلاق بمعنی دربستن ۱۲...... یہ اغلاق سے اسم مفعول ہے جس کے معنی بند کرنا ہیں ۱۲☆ و بعضی ......در حل ۱۲......عبارات کے حل میں ۱۲

﴿صہ۱۰۳﴾☆ مستوجب ......سزاوار ۱۲......لائق، مناسب ۱۲☆ وِدَاع ...... پدرود کردن ۱۲......رخصت کرنا ۱۲☆ پرسیدہ بودند ......از برائے رفع ترددات وتشکیکات کہ بسبب انغلاق آن بران واردمی شوند ۱۲......ان شکوک وشبہات کے رفع کرنے کے لئے جو اس عبارت پر وارد ہوتے ہیں وہ دور ہوں ۱۲☆ مساعدت ......یاری کردن ......مدد کرنا ۱۲☆ بمسمّٰی ......در ۱۲...... مُسمّٰی میں ۱۲☆ استقرار کند......الی ھنا قد انتھت عبارۃ الرسالۃ ۱۲......وہاں تک جہاں رسالہ کی عبارت ختم ہوتی ہے ۱۲☆ باید دانست ......از ینجا تا قول او قدس سرہ اقل قلیل منہم تمہید مطلوب است اعنی حل عبارت مبدأ ومعاد ۱۲......اس جگہ سے امام ربانی قدس سرہ کے قول اقل قلیل منہم تمہید کی ضرورت ہے، میری مراد ہے، مبدأ ومعاد کی عبادت کے حل کے لئے ۱۲☆ تعین وجوبی ......وبر تعین امکانی نیز اطلاق می باید چنانکہ درکلام شیخ قدس سرہ بیاید ۱۲......اور تعین امکانی پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے جیسا کہ شیخ مجدد قدس سرہ کے کلام میں آئے گا ۱۲☆ فوقِ آن ......شان ۱۲......اس شان کے اوپر ۱۲☆ او......شان ۱۲......اس شان کے اوپر ۱۲☆ ازان مرتبہ ......فوق شان ۱۲ ......شان کے اوپر ۱۲

﴿صہ۱۰۴﴾☆ استہلاک ......نیست کردن ۱۲......فنا کرنا ۱۲☆ اضمحلال ......نیست شدن ۱۲......فنا ہونا ۱۲☆ ذٰلِكَ الاسم ......التعین الوجوبی ۱۲......اس سے مراد تعین وجوبی ہے ۱۲☆ رنگ ......مانند ۱۲......مثل ۱۲☆ کافہ ......ہمہ وتمام ۱۲......پورے کا پورا ۱۲☆ آن معنی ......اعنی مرتبہ ثالثہ کہ در ما سبق معبر بمعنی زاید دیگر شدہ ۱۲......میری مراد ہے مرتبہ ثالثہ (تیسرا مرتبہ) جو پہلے معنی زاید دیگر سے تعبیر کیا گیا ہے ۱۲☆ کمام ......در تمہید ۱۲......جیسے تمہید میں گزرا ۱۲☆ معنی است ......ثالث ۱۲......تیسرا معنی ۱۲☆ نبوتے ......مبتدا ۱۲......یہ مبتدا ہے ۱۲☆ باعتبار......خبر ۱۲......یہ خبر ہے ۱۲

﴿صہ۱۰۵﴾☆ دعوتِ اومخصوص ......وازین جابودن آن حضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام نبی قبل از خلقت حضرت آدم علیہ السلام واضح ولائح گشت فافہم ۱۲......آں حضرت علیہ الصلاۃ والسلام کا نبی ہونا......حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش سے پہلے ظاہر و واضح ہوگیا، اس کو سمجھ لو ۱۲☆ ارتحال ......انتقال ۱۲......وصال ووفات ۱۲☆ مُتَلَوّن ......رنگین ۱۲......رنگین ہونا ۱۲☆ بلون ......رنگ ۱۲......رنگ کے ساتھ ۱۲☆ منصبغ ......رنگین ۱۲......رنگین ☆ صبغ ......رنگ ۱۲......رنگ ۱۲☆ آنچہ......مبتدا ۱۲......یہ مبتدا ہے ۱۲☆ ملحق......خبر ۱۲......یہ خبر ہے ۱۲☆ تعین ......معلول ۱۲......جسکو علت وسبب بنایا گیا ہو ۱۲☆ تعین وجوبی ......موصوف ۱۲......یہ موصوف ہے ۱۲☆ تعین امکانی......صفت ۱۲......یہ صفت ہے ۱۲

﴿صہ۱۰۶﴾☆ چون......شرط ۱۲......یہ شرط ہے ۱۲☆ علماءِ امت ......جزا ۱۲......یہ جزا ہے ۱۲☆ اَقل ......کمتر ۱۲......بہت کم ۱۲☆ قدوم......آمدن ۱۲......آنا ۱۲☆ لا یُدْرٰی ......دانستہ نہ شود ۱۲......معلوم نہیں ۱۲☆ لَا اَدْرِی ......نمیدانم ۱۲......میں نہیں جانتا ۱۲☆ تردُّد......شبہ وشک ۱۲......شک اور شبہ ۱۲☆ قرن اصحاب ......کما قال صلی اللّٰہ علیہ وسلم : خَيْرُ الْقُرُونِ قَرْنِی ثُمَّ الَّذِینَ یَلُوْنَھُمْ ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَھُمْ الخ كَمَا مَرَّ غَيْرَ مَرَّةٍ (جیسا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب



Marfat.com

زمانوں سے بہتر میرا زمانہ ہے پھر وہ جوان کے ساتھ متصل ہیں، پھر وہ جوان کے ساتھ متصل ہیں جیسے کئی بار گذر چکا ہے )۱۲

﴿صہ ۱۰۷﴾ ☆ باعتبار......ممتاز جمیع وجوہ ۱۲......سب وجہوں سے ممتاز ۱۲ ☆ مقربان ......اند ۱۲......وہ مقرب ہیں ۱۲ ☆ انفاق ......خرچ نمودن ۱۲......خرچ کرنا ۱۲ ☆ ذہب ......زر ۱۲......سونا ۱۲ ☆ شعیر ......بروزن کریم یعنی جو ۱۲......کریم کے وزن پر یعنی جو ۱۲ ☆ زینہ اول ......مبتدا ۱۲......یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ حقیقت کعبہ ......خبر ۱۲......یہ خبر ہے ۱۲ ☆ اورا......حقیقت محمدی ۱۲......حقیقت محمدی کو ۱۲ ☆ دریوزہ ......گدائی ۱۲......گدائی ۱۲ ☆ زمیں زادہ ......محمد صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲......زمین زادہ سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہیں ۱۲

﴿صہ ۱۰۸﴾ ☆ مطلق ......بالکلیہ ۱۲......کلی طور پر، پورے طور پر ۱۲ ☆ سرعت :زودی ۱۲ جلدی ۱۲ ☆ پہن ......فراخ ۱۲......کھولنا ۱۲ ☆ مساہلہ ......سستی ۱۲......سستی ☆ کہ باید ......تعلیم طریقت ۱۲......طریقت کی تعلیم دینا یعنی پیر بننا ۱۲ ☆ وضع ......طور، طرز، روش ۱۲......طریقہ، طرز ۱۲ ☆ درِ اختلاط ......اختلاط کا درواز ۱۲ ☆ زندگانی ......شما ۱۲......تمہاری زندگی اپنی زندگی ۱۲

......................................................

# دوسودسواں مکتوب ﴿۲۱۰﴾

ملا شکیبی اصفہانی کی طرف صادر فرمایا...... نفحات کی عبارت کے حل کرنے اور بعض ضروری نصیحتوں کے ذکر میں جن کو انہوں نے دریافت کیا تھا۔

آپ کا شفقت و مہربانی سے بھرا ہوا گرامی نامہ جو آپ نے اس حقیر بے ساماں کو بھیجا تھا اس کے مطالعہ سے مشرف ہو کر بہت مسرور اور خوش ہوا آپ سلامت رہیں اور سلامت ہی جائیں۔ اور جبتک (دنیا میں ہیں) فقراء کی محبت میں رہیں اور جب (دنیا سے) رخصت ہوں تو ان (فقراء) کی محبت کا سرمایہ ساتھ ہو۔ اور جب (قبر سے) اٹھیں تو ان کی محبت میں اٹھیں بحرمت آنحضرت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات اتمہا واکملہا جنہوں نے: مَنِ افْتَخَرَ بِالْفَقْرِ وَاٰثَرَہٗ عَلَى الْغِنَاءِ (فقر پر فخر کیا اور اس کو دولتمندی پر ترجیح دی)۔

آپ نے از روئے مہربانی فرما کر لکھا تھا کہ نفحات میں جو حکایت مذکور ہے اس کی حقیقت کیا ہے جو شیخ ابن سکینہ قدس سرہ کے مرید کی نسبت مذکور ہے کہ ایک روز دریائے دجلہ میں (جو عراق میں واقع ہے) غسل کیلئے غوطہ لگایا اور دریائے نیل سے سر نکال کر مصر میں پہنچ گئے اور وہاں شادی کی پھر بیٹے بھی پیدا ہوئے اور سات سال تک مصر میں قیام پذیر رہے۔ اتفاقاً پھر ایک روز غسل کی غرض سے دریائے نیل میں غوطہ لگایا اور دریائے دجلہ سے سر نکال کر باہر آئے تو دیکھا کہ اپنے وہی کپڑے جو (سات سال قبل) دریائے دجلہ کے کنارے چھوڑے تھے بدستور اپنی جگہ موجود ہیں (چنانچہ) آپ کپڑے پہن کر گھر آ گئے ۔ان کی اہلیہ نے کہا کہ مہمانوں کے لئے جو کھانا آپ نے پکوایا تھا وہ تیار ہے۔ الیٰ آخرہ۔

میرے مخدوم و مکرم! اس حکایت میں اس وجہ سے کوئی اشکال نہیں ہے کہ سالوں کا کام گھڑی بھر میں کیسے ہو گیا؟......اس قسم کے معاملات بہت واقع ہوئے ہیں...... مثلاً حضرت رسالت خاتمیت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوۃ والسلام والتحیۃ کو





Marfat.com

شب معراج میں عروج کی منزلیں طے کرنے اور وصول الی اللہ کے منازل قطع کرنے کے بعد جو ہزاروں سال میں میسر ہو سکیں جب اپنے حرم سرا میں واپس تشریف لائے تو دیکھا کہ ابھی تک بستر میں گرمائی باقی تھی اور جو پانی آپ نے وضو کے لئے کوزہ میں علیحدہ کیا تھا اس میں بھی حرکت باقی ہے...... اس کی وجہ وہی ہے جو اس حکایت کی نقل کے بعد نفحات میں مذکور ہے کہ یہ بات زمانہ کے بسط کی قسم سے ہے۔ بلکہ اس حکایت میں اشکال اس طرح پر ہے کہ بغداد میں تو ایک آن ہو اور مصر میں وہی آن سات سال کی درازی اختیار کر لے۔ مثلاً اہل بغداد اس زمانے میں تین سو ساٹھ سال کی تاریخ ہجری میں ہوں اور اہل مصر اس وقت میں تین سو سڑسٹھ ہجری میں اس لئے یہ تجویز عقل و نقل میں نہیں آتی۔ یہ معاملہ ایک یا دو شخصوں کی نسبت ہو تو جائز ہو سکتا ہے لیکن مختلف شہروں اور مختلف مقامات میں ناممکن ہے...... جو کچھ کہ اس حقیر کی درماندہ خاطر میں آتا ہے وہ یہ ہے کہ یہ حکایت عالم بیداری سے متعلق نہیں ہے بلکہ خواب و واقعات کی قسم سے ہے کہ سننے والے کو خواب کی جائے دیکھنے کا شبہ ہو گیا اور نیند پر بیداری کا وہم ہو گیا، بلکہ یہ بات اشتباہ کے مواقع میں سے ہے، مرید نے خواب میں دیکھا اور خواب ہی میں اپنے پیر سے ذکر کیا اور فرزندوں کو لایا وغیرہ...... اور وہ حکایت بھی جو اس حکایت کے بعد شیخ محی الدین ابن عربی قدس سرہ سے نقل کرتے ہیں اسی قسم سے ہے: وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ اَعْلَمُ بِحَقَائِقِ الْاُمُوْرِ كُلِّهَا (اللہ سبحانہ ہی تمام امور کے حقائق کو جانتا ہے)

آپ نے لکھا تھا کہ اس عبارت کی تشریح فرمائیں کہ جسم کی پرورش کرنے والی روح ہے اور قالب کا مربی قلب، میرے مخدوم! ان دونوں عبارتوں کا مطلب ایک ہی ہے، اور وہ انسان کے عالمِ خلق کو اس کے عالم امر سے تربیت کرنا ہے۔ اور چونکہ لفظ جسد لفظِ روح کے ساتھ محاورات میں اکثر استعمال ہوا ہے اور قالب و قلب کے درمیان لفظی مناسبت بھی رکھتا ہے اس لئے ہر کسی نے اپنے مناسب لفظ کے ساتھ ملا کر عبارت میں اختلاف پیدا کر دیا ہے۔

آپ نے نصائح کی طلب سے متعلق لکھا تھا...... میرے کرم فرما مخدوم! شرم آتی ہے کہ باوجود اس تمام خرابی، گرفتاری بے سروسامانی اور بے حاصلی کے اس بارے میں کچھ تحریر کروں اور واضح طور پر یا اشارے سے کچھ لکھوں لیکن اس بات سے ڈرتا ہوں کہ جن باتوں کا حکم دیا گیا ہے یعنی قول معروف میں کوتاہی کروں تو اس سے بُخل اور کنجوسی ظاہر ہوتی ہے، اس بنا پر چند کلمات لکھنے کی جرأت کرتا ہوں۔

میرے مخدوم! دنیا کے بقا کی مدت بہت قلیل ہے اور اس قلیل میں سے بھی بہت کچھ تلف ہو چکی ہے اور بہت تھوڑی باقی رہ گئی ہے، اور آخرت کی بقا کی مدت خلود و دوام یعنی ہمیشگی ہے، اور معاملہ خلود کو چند روزہ زندگی کے ساتھ وابستہ کر دیا گیا ہے اس کے بعد یا تو دائمی نعمتیں ہیں یا ہمیشہ کا عذاب مخبر صادق (علیہ الصلوٰۃ والسلام) نے جو خبر دی ہے (وہ سچ ہے) اس میں کسی قسم کے بھی احتمال کی گنجائش نہیں، لہذا عقل، دوراندیش سے کام لینا چاہیے۔

میرے مخدوم! عمر کا بہترین حصہ ہوا و ہوس میں گذر گیا اور اللہ جل شانہ کے دشمنوں (نفس و شیطان) کی مرضی کے مطابق بسر ہو گیا اور عمر کا نکما حصہ باقی رہ گیا ہے، اگر آج ہم اس کو بھی حق جل سلطانہ کی مرضیات کے مطابق صرف نہ کریں اور بہترین عمر کی غفلتوں کا تدارک باقی ماندہ نکمی عمر (میں عبادات) سے نہ کریں اور تھوڑی سی محنت اور تکلیف کو دائمی راحت کا ذریعہ نہ بنائیں اور تھوڑی سی نیکیوں سے بہت سے گناہوں کا کفارہ نہ کریں تو کل قیامت میں حق سبحانہ و تعالیٰ کے حضور میں کس



Marfat.com

منہ سے پیش ہوں گے اور کون سے حیلوں اور بہانوں کو اس کے سامنے پیش کریں گے ...... آخر خوابِ خرگوش میں کب تک پڑے رہیں گے اور غفلت کی روئی کب تک کانوں میں ٹھسی رہے گی، آخر ایک دن آنکھوں سے پردہ اٹھا دیا جائے گا اور غفلت کی روئی کو کانوں سے دور کر دیا جائے گا لیکن اس وقت کوئی فائدہ نہ ہوگا اور حسرت وندامت کے علاوہ کچھ حاصل نہ ہوگا ......موت کے آنے سے پہلے ہی تیاری کر لینی چاہیے اور واشوقاً (اے شوق) کہتے ہوئے مرنا چاہیے۔

سب سے پہلے عقائد کا درست کرنا ضروری ہے اور جو کچھ تواتر وضرورت کے طور پر دین سے متعلق معلوم ہوا ہے اس کی تصدیق سے چارہ نہیں ہے...... دوسرے ان باتوں کا علم ضروری ہے جن کا متکفل علمِ فقہ ہے......اور تیسرے طریقہ صوفیہ کا سلوک بھی ضروری ہے لیکن اس غرض کے لئے نہیں کہ غیبی صورتیں اور شکلیں مشاہدہ کریں اور طرح طرح کے انوار اور رنگوں کا معائنہ کریں کیونکہ یہ سب لہو ولعب میں داخل ہیں۔ حسّی صورتیں اور انوار کیا کم ہیں کہ کوئی شخص ان کو چھوڑ کر ریاضتوں اور مجاہدوں کے ذریعے غیبی صورتوں اور انوار کی ہوس کرے، حالانکہ یہ (حسّی) صورتیں اور انوار اور وہ (غیبی) صورتیں اور انوار دونوں حق سبحانہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں اور حق تعالیٰ کے صانع ہونے پر روشن دلیلیں ہیں...... سورج اور چاند کا نور جو کہ عالمِ مشاہدہ سے ہے اور طرح طرح کے ان انوار سے مزین ہے جو عالمِ مثال میں نظر آتا ہے۔ اس سے کئی درجے افضل ہے لیکن چونکہ یہ (سورج اور چاند کے نور کا) دیکھنا دائمی ہے اور خاص وعام سب اس (کے دیکھنے) میں شریک ہیں اس لئے اس کو نظرِ اعتبار سے گرا کر انوارِ غیبی کی خواہش میں لگ جاتے ہیں۔ ہاں ع

؎ آبے کہ رودپیشِ درت تیرہ نماید (تمہارے در پہ جو پانی بہے سیاہ نہیں)

بلکہ طریقہ صوفیہ کے سلوک سے مقصود یہ ہے کہ شرعی اعتقادی امور میں زیادہ یقین حاصل ہو جائے تا کہ استدلال کی تنگی سے نکل کر کشف کے کھلے میدان میں آ جائیں اور اجمال سے تفصیل کی طرف مائل ہو جائیں...... مثلاً واجب الوجود تعالیٰ و تقدس کا وجود اور اس سبحانہ کی وحدت جو پہلے استدلال یا تقلید کے طور پر معلوم ہوئی تھی اور اس کے اندازے کے موافق یقین حاصل ہوا تھا (لیکن) جب طریق صوفیہ کا سلوک میسر ہو جاتا ہے تو یہ استدلال وتقلید کشف وشہود سے بدل جاتا ہے اور کامل ترین یقین حاصل ہو جاتا ہے۔ تمام اعتقادی امور میں یہی قیاس ہے......اور نیز (طریق صوفیہ کے سلوک سے) مقصود یہ ہے کہ احکامِ فقہیہ کے ادا کرنے میں آسانی حاصل ہو جائے اور وہ مشکل دور ہو جائے جو نفس کی امارگی سے پیدا ہوتی ہے......اور اس فقیر کا یقین یہ ہے کہ طریق صوفیہ حقیقت میں علومِ شرعیہ کا خادم ہے نہ کہ شریعت کے خلاف کوئی اور امر، اور (میں نے) اپنے رسائل وکتابوں میں اس معنی کی تحقیق میں لکھا ہے اس غرض کو حاصل کرنے کے لئے طریقہ عالیہ نقشبندیہ کا اختیار کرنا تمام طریقوں سے زیادہ اولیٰ وانسب ہے کیونکہ ان بزرگوں نے سنت کی متابعت کو اپنے اوپر لازم کیا ہے اور بدعت سے اجتناب کرنے کے لئے فرمایا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اگر ان کو متابعت کی دولت حاصل ہو جائے اور احوال کچھ نہ رکھتے ہوں تو خوش ہیں، اور اگر احوال حاصل ہونے کے باوجود متابعت میں فتور وکمی محسوس کریں تو ان احوال کو پسند نہیں کرتے...... حضرت خواجہ احرار قدس اللہ تعالیٰ سرہ نے فرمایا ہے کہ اگر تمام احوال ومواجید ہم کو دیدیئے جائیں اور ہماری حقیقت کو اہلِ سنت وجماعت کے اعتقادات سے نہ نوازیں تو ہم سوائے خرابی کے اور کچھ نہیں جانتے اور اگر اہل سنت وجماعت کے اعتقادات ہم کو عطا کر دیئے

پہلا دفتر، مکتوبات امام ربانی، تیسرا حصہ



Marfat.com

جائیں اور حال واحوال سے کچھ نہ ملے تو پھر کچھ غم نہیں ہے۔

اور نیز اس طریق کی ابتدا میں انتہا درج ہے، لہذا ان بزرگوں کو پہلے ہی قدم میں وہ کچھ حاصل ہو جاتا ہے جو دوسروں کا آخر میں حاصل ہوتا ہے، اگر فرق ہے تو صرف اجمال وتفصیل اور شمول وعدم شمول کا ہے۔ان کی نسبت بعینہ صحابہ کرام علیہم الرضوان جیسی ہے کیونکہ حضرت خیر البشر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کی پہلی ہی صحبت میں اصحاب اکرام کو وہ کچھ حاصل ہو جاتا تھا جو اولیائے امت کو آخر میں بھی شاید ہی حاصل ہو......یہی وجہ ہے کہ حضرت اویس قرنی قدس سرہ جو کہ خیر التابعین ہیں حضرت حمزہ علیہ الرضوان کے قاتل وحشی کے مرتبہ کو نہیں پہنچے جن کو صرف ایک ہی مرتبہ حضرت خیر البشر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کی صحبت حاصل ہوئی تھی کیونکہ صحبت کی بزرگی تمام فضائل وکمالات سے بڑھ کر ہے۔اس لئے کہ ان کا ایمان شہودی ہے اور دوسروں کو یہ دولت ہرگز میسر نہیں۔مصرع

شنیدہ کے بود مانند دیدہ (سُنی ہوئی کبھی دیکھی ہوئی کی مثل نہیں)

یہی وجہ ہے کہ ان کا (راہِ خدا میں) ایک سیر جو خرچ کرنا دوسروں کے سونے کے پہاڑ جتنا خرچ کرنے سے بہتر ہے اور تمام صحابہ نفسِ فضیلت میں برابر ہیں لہذا ان سب بزرگوں یعنی صحابہ کرام کو نیکی سے یاد کرنا چاہیے کیونکہ تمام صحابہ عادل ہیں اور روایت وتبلیغ احکام میں سب برابر ہیں ایک کی روایت کو دوسرے کی روایت پر (قبولیت میں) کوئی ترجیح نہیں ہے یہی (صحابہ) حاملین قرآن مجید (قرآن مجید کو اٹھانے والے ہیں اور قرآن کریم کی) متفرق آیات کو ان کے عدل کے اعتماد پر ہر ایک سے بھی ایک یا دو یا تین آیتیں ملیں) اخذ کر کے جمع کر دیا گیا، اگر صحابہ کرام میں سے کسی ایک کی عدالت پر کوئی اعتراض کرے تو وہ اعتراض قرآن مجید تک پہنچتا ہے کیونکہ (ممکن ہے کہ) بعض آیات کا جمع کرنے والا وہی صحابی ہو۔

اور وہ جھگڑے اور اختلافات جو ان بزرگوں کے درمیان گذرے ہیں ان کو اچھے معانی پر محمول کرنا چاہیے اور اپنے آپ کو ہوا وتعصب سے دور رکھنا چاہیے......حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ سبحانہ جو صحابہ کرام کے حالات سے بہت زیادہ واقف ہیں وہ فرماتے ہیں: تِلْكَ دِمَاءٌ طَهَّرَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا اَيْدِينَا فَلْنُطَهِّرْ عَنْهَا اَلْسِنَتَنَا (یہ وہ خون ہیں جن سے اللہ تعالیٰ نے ہمارے ہاتھوں کو پاک رکھا ہے لہذا ہم کو چاہیے کہ اپنی زبانوں کو بھی ان سے پاک رکھیں (اور کسی صحابی پر زبان دراز نہ کریں)......اور اسی قسم کا قول امام اجل حضرت جعفر صادق علیہ الرحمہ سے بھی منقول ہے۔والسلام اولاً وآخرا



---

﴿حاشیہ متن﴾

﴿۱۰۹﴾ ۱ے قولہ بحرمة، مَنِ افْتَخَرَ بِالْفَقْرِ: كَمَا وَرَدَ: اَلْفَقْرُ فَخْرِيْ وَهُوَ صَحِيْحُ الْمَعْنٰى ۱۲ جیسا کہ وارد ہے: فقر میرا فخر ہے یہ معنی کے لحاظ سے صحیح ہے ۱۲

۲ے قولہ: وَاٰثَرَهٗ عَلَى الْغِنَاءِ الخ روى الترمذی عن ابی امامۃ رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم: عَرَضَ عَلَيَّ رَبِّيْ لِيَجْعَلَ لِيْ بَطْحَاءَ مَكَّةَ ذَهَبًا، فَقُلْتُ: لَا يَا رَبِّ! وَلٰكِنْ أَشْبَعُ يَوْمًا، وَأَجُوْعُ يَوْمًا، فَإِذَا جُعْتُ تَضَرَّعْتُ إِلَيْكَ وَذَكَرْتُكَ، وَإِذَا شَبِعْتُ حَمِدْتُكَ وَشَكَرْتُكَ۔ انتہی (مشکوٰۃ، کتاب الرقاق رقم، ۵۱۹۰)

بیت وراودته الجبال الشم من ذهب



Marfat.com

عن نفسه فاراها ايما شمم

ترمذی نے حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے رب نے مجھے پیش کش کی کہ میں آپ کے لئے مکہ کی سرزمین کے پتھروں کو سونا کردوں؟ میں نے عرض کیا: اے میرے رب! نہیں۔ لیکن میں چاہتا ہوں ایک دن سیر ہوا کروں اور ایک دن بھوکا رہوں، جب بھوکا رہوں تو تیری بارگاہ میں عاجزی کروں اور تجھے تاد کروں، اور جب سیر ہوں تو تیری حمد کروں اور تیرا شکر کروں۔ (احمد، ترمذی)

ترجمہ: شعر: سونے کے بلند پہاڑوں نے اسے دھوکہ دینے کی کوشش کی تو اس نے ان (پہاڑوں) کو دکھا دیا کہ بلندی کیا ہوتی ہے (تمہارے مقابلہ میں میرا مقصد بلند ہے)

۳ یعنی شیخ موسیٰ سدرانی کے حالات میں ہے کہ شیخ الشیوخ ابن سکینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک مرید سنار کا کام کرتا تھا اس کا معمول یہ تھا کہ صوفیوں کے مُصلّے جمعہ کے دن جامع مسجد میں پہلے جا کر بچھا دیتا تھا اور نماز کے بعد ان کو سمیٹ کر پھر خانقاہ میں لے آیا کرتا تھا، ایک جمعہ کو حسب معمول اس نے تمام مصلوں کو یکجا کیا اور باندھ کر مسجد کی جانب لے گیا، لیکن مسجد میں پہنچانے سے قبل وہ دریائے دجلہ کے کنارے گیا تاکہ جمعہ کا غسل کرلے، اس نے کپڑے اتارے اور دریا کے کنارے پر رکھ دیئے پھر پانی میں غوطہ لگایا جب پانی سے سر باہر نکالا تو دیکھا کہ وہ دریائے دجلہ نہیں ہے، کوئی اور ہی جگہ اور دریا ہے لوگوں سے پوچھا تو اسے بتایا گیا کہ یہ دریائے نیل ہے اور یہ مصر ہے، بہت ہی متعجب ہوا۔ پانی سے باہر نکل کر شہر کے اندر گیا، وہاں ایک سنار کی دکان نظر آئی وہاں جا کر کھڑا ہوگیا، اس وقت اس کے جسم پر سوائے ایک تہبند کے اور کچھ نہ تھا، زرگر نے اپنی ہنرمندی سے سمجھ لیا کہ یہ بھی کوئی زرگر (سنار) ہے چنانچہ اس کو کام دے کر آزمایا تو دیکھا کہ بہت اچھا کام کرتا ہے، تب اسکی بہت خاطر مدارات کی اور اسکو اپنے گھر لے گیا، کچھ دن بعد اپنی لڑکی سے اس کا نکاح کردیا، اس کے تین لڑکے پیدا ہوئے اس کو مصر کے زرگر کے پاس رہتے ہوئے سات سال گذر چکے تھے، ایک دن وہ نیل کے کنارے پر غسل کے لئے آیا، پانی میں غوطہ لگایا جب پانی سے سر باہر نکالا تو دیکھا کہ بغداد کے دجلہ کے کنارے پر ہے اور اس وقت وہ جن کپڑوں کو پہن کر سات سال پہلے آیا تھا وہ اسی طرح کنارے پر رکھے ہیں، اس نے ان کپڑوں کو پہنا اور خانقاہ میں آیا دیکھا کہ صوفیوں کے مصلے اسی طرح بندھے ہوئے رکھے ہیں۔ اس کے بعد ساتھیوں نے کہا کہ ان مصلوں کو مسجد میں جلد لے جاؤ کہ کچھ لوگ جلد ہی مسجد میں چلے گئے ہیں، وہ مصلوں کو مسجد میں لے گیا اور حسب دستور نماز جمعہ کے بعد پھر خانقاہ میں لے آیا، جب وہ گھر گیا تو گھر والوں نے کہا کہ تمہارے مہمان کہاں ہیں؟ جن کے لئے تم نے مچھلی تلوائی تھی، مچھلی تلی ہوئی رکھی ہے، تب وہ مہمان آیا اور اس نے تلی ہوئی مچھلی کھائی، اس کے بعد وہ اپنے شیخ ابن سکینہ کی خدمت میں آیا اور جو کچھ واقعہ گذرا تھا بیان کیا، اس نے مصر میں اپنی اولاد کے بارے میں بھی بتادیا شیخ ابن سکینہ نے کہا کہ مصر جا کر اپنے بچوں کو لے آؤ، چنانچہ وہ مصر سے بغداد اپنے بچوں کو لے کر آگیا اور شیخ کے سامنے پیش کیا، اس طرح اس نے جو کچھ کہا تھا سب سچ نکلا۔ شیخ ابن سکینہ نے اس سے پوچھا کہ یہ بتاؤ جس دن یہ واقعہ پیش آیا تم کس فکر میں تھے اور تمہارے دل میں کیا بات پیدا ہوئی تھی؟ اس نے کہا کہ اس دن اس آیت کے بارے میں میرے دل میں تردد پیدا ہوا تھا کہ فِیْ یَوْمٍ کَانَ مِقْدَارُہٗ اَلْفَ سَنَۃٍ (ایسے دن میں کہ جس کی مقدار ہزار سال ہوگی) شیخ نے فرمایا کہ یہ واقعہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تم پر رحمت ہے اور تمہارے شبہ کا دور ہونا تمہارے ایمان واعتقاد کی درستی ہے الخ ۱۲ (نفحات الانس ص ۸۲۲، ۸۲۳)

قولہ کد کاف کی زبر سے، اس کے معنی گھر اور گاؤں کے ہیں اور کتخدا گھر والا یا گھر والی یہ اشارہ ہے نکاح کرنے کی طرف ۱۲

۴ قولہ الوف یہ الف کی جمع ہے اس کے معنی ہیں ہزار اور قولہ سنین یہ سنۃ کی جمع ہے بمعنی سال یعنی ہزاروں سال ۱۲

۵ قولہ وثاق: واؤ کی زبر اور زیر سے، بند اور قید کی معنی میں، گھر اور حرم سرا کے معنی میں بھی آتا ہے ۱۲ غ

۶ قولہ ہنوز حرارت بستراخ قیل مجرد حدیث المعراج یکفی لا ثبات المدعی و اماما ذکر لم

جلد دفتر کنوز الاسرار مثنوی نمبر ۱ حصہ



Marfat.com

يثبت ، قال في تاريخ الخميس وفي زين القصص عن عمار ، كان ذهابه و مجيئه ثلاث ساعات ، وعن وهب ابن منبه ومحمد ابن اسحاق في اربع ساعات ، وفي كلام السبكي كان قدر لحظة ولا بدع لان الله تعالىٰ قد يطيل الزمان القصير كما يطوى الطويل لمن شاء الخ انتهى ما قاله المعرب ۱۲

ترجمہ: کہا گیا ہے کہ صرف حدیث معراج مدّعٰی کے ثابت کرنے کے لئے کافی ہے، لیکن جو ذکر کیا گیا ہے وہ ثابت نہیں ہے، تاریخ الخمیس اور زین القصص میں حضرت عمار سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا جانا اور آنا تین گھنٹوں میں تھا اور وہب بن منبہ اور محمد بن اسحاق کی روایت ہے چار گھنٹوں میں (جانا آنا) اور سبکی کے کلام میں ہے ایک لمحہ کی مقدار تھی، اور کوئی انوکھی بات نہیں کیونکہ کبھی اللہ تعالیٰ تھوڑے زمانے کو طویل کر دیتا ہے جیسے طویل زمانے کو مختصر کر دیتا ہے جس کے لئے چاہے ۱۲ جو معرب نے کہا تھا وہ ختم ہوا ۱۲

ے قولہ بسط زمان ...... یعنی اللہ تعالیٰ اس پر قادر ہے کہ اپنے بعض بندوں کے لئے زمانے کو دراز و طویل کر دے باوجود اس کے کہ وہی زمانہ دوسروں کے لئے کوتاہ اور چھوٹا کر دے ایسا ہی حال ہے زمانے کے قبضہ میں کہ دراز وقت کو تنگ و مختصر کر دے اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ (بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے) جیسا کہ شیخ موسیٰ سدرانی رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق نفحات میں ان کے معتبر مریدوں اور احباب نے نقل کیا ہے کہ ان کا رات دن میں یہ ورد ہے کہ وہ ستر ہزار مرتبہ قرآن شریف ختم کرتے ہیں۔ شیخ عمادالدین محمد بن شیخ الشیوخ شہاب الدین سہروردی نے اپنے والد صاحب کے سامنے کہا کہ میں نے بھی یہ بات سنی تھی اور میرے دل میں انکار تھا لیکن ایک بار میں نے شیخ موسیٰ کو رات کے طواف کرتے ہوئے پایا میں اس وقت ان کے پیچھے تھا، میں نے دیکھا کہ انہوں نے حجر اسود کو بوسہ دیا اور سورۃ فاتحہ سے قرآن شریف شروع کیا جب وہ پہلے شوط (چکر) میں خانہ کعبہ کے دروازہ تک پہنچے تو انہوں نے پورہ قرآن پاک ختم کر لیا تھا، اور میں نے حرف حرف سنا، شیخ الشیوخ نے اس سب کی تصدیق کی ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ (نفحات، ص ۸۲۱، ۸۲۲)

﴿صہ ۱۱۰﴾ قولہ این حقیر: اس اشکال کے دور کرنے کے لئے ۱۲

ا نفحات میں انہوں نے کہا ہے: اس سے ملتا جلتا ایک اور واقعہ ہے جس کو صاحب فتوحات مکیہ رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر فرمایا ہے کہ ایک جوہری اپنا قصہ یوں بیان کرتا تھا کہ ایک دن وہ خمیر شدہ آٹا لیکر تنور پر گیا تا کہ روٹیاں پکوائے، اس وقت وہ جنبی تھا اس نے خیال کیا کہ غسل کر لے وہ دریائے نیل پر گیا، داخل ہوتے ہی وہ خود سے غائب ہو گیا، اس نے اس طرح دیکھا جیسے کوئی خواب میں دیکھتا ہے کہ وہ بغداد میں ہے، وہاں اس نے شادی کر لی اور چھ سال تک اپنی بیوی کے ساتھ وہاں رہا، اس سے کئی لڑکے پیدا ہوئے، جب وہ ہوش میں آیا تو اپنے آپ کو پانی کے اندر دیکھا، غسل پورا کیا کپڑے پہنے اور پھر تنور پر گیا روٹی لگ چکی تھی، روٹیاں لیکر گھر میں آیا، گھر کے لوگوں سے سارا حال بیان کیا، چند ماہ کے بعد ایک عورت بچوں کے ساتھ بغداد سے آئی جو جوہری کا مکان پوچھتی پھرتی تھی جب وہ دونوں ملے تو جوہری نے اسے پہچان لیا یہ اسکی بیوی تھی اور اس کے بچے اس کے ساتھ تھے، گھر والوں نے اس عورت سے پوچھا کہ کتنا عرصہ ہو گیا کہ تم نے اس مرد سے نکاح کیا تھا؟ عورت نے بتایا کہ چھ سال ہو چکے ہیں ۱۲ (نفحات ص ۸۲۳، ۸۲۴)

ے قال صلى الله عليه وآله وسلم : أَعْمَارُ أُمَّتِىْ مَابَيْنَ السِّتِّيْنَ اِلَى السَّبْعِيْنَ وَاَقَلُّهُمْ مَنْ يَّجُوْزُ ذٰلِكَ -وفي رواية : عُمْرُ أُمَّتِىْ مِنْ سِتِّيْنَ سَنَةً اِلٰى سَبْعِيْنَ -رواه الترمذي (مشكوة باب الامل والحرص) ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری امت کی عمریں ساٹھ ستر کے درمیان ہیں کچھ لوگ آگے بڑھیں گے۔ اور ایک روایت میں ہے: میری امت کی عمر ساٹھ ستر کے درمیان ہوگی۔ اس کو ترمذی نے روایت کیا ہے ۱۲

ب قولہ تَفَنُّن باب تَفَعُّل کا مصدر ہے اس کے معنی گونا گون اور شاخ در شاخ ہونا ہیں، یعنی اختلاف ایک حال سے





Marfat.com

دوسرے حال میں ہونا ۱۲

﴿صہ ۱۱۰﴾ قولہ بظنہ : نقطہ والے ظا کی زیر اور نون پر شد، اس کے معنی تہمت ہیں ۱۲

قولہ بمظنہ : میم کی زبر اور نقطہ والے ظا کی زیر اور نون پر شد، گمان کی جگہ یعنی گمان کی جگہ ہونا ۱۲ (متن میں بضنہ کی جگہ بعض نسخوں میں بظنہ یا بمظنہ کے لفظ ہیں)

﴿صہ ۱۱۱﴾ ۱ فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآئَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ الْحَدِيْدٌ (ہم نے اٹھادیا ہے تیری آنکھوں سے تیرا پردہ سو تیری بینائی آج بڑی تیز ہے) قطعی نص ہے ۱۲

۲ یعنی یقین وجزم کے ساتھ صحیح جاننا ۱۲

۳ شیخ مجدد قدس سرہ کے قول "نہ از برائے آں غرض" الخ سے متصل ہے ۱۲

﴿صہ ۱۱۲﴾ ۱ عن عمر بن الخطاب رضی اللّٰہ عنہ قال سمعت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ والہ وسلم یقول : اِنَّ خَيْرَ التَّابِعِيْنَ رَجُلٌ يُّقَالُ لَه' اُوَيس وَلَه' وَالِدَةٌ و كَانَ بِهٖ بَيَاضٌ ، فَمُرُوْهُ فَلْيَسْتَغْفِرْلَكُمْ ۱۲ رواہ مسلم (مشکوٰۃ ،باب ذکر الیمن والشام الخ ) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا بے شک تابعین میں سے بہترین وہ ایک مرد ہے جسے اویس کہا جاتا ہے اسکی والدہ ہے اور اس (اویس) کے جسم پر سفید نشان ہے، تم اسے کہنا کہ وہ تمہارے لئے مغفرت کی دعا کرے ۱۲

۲ قالَ صلی اللّٰہ علیہ وسلم لَاتَسُبُّوْا اَصْحَابِیْ فَلَوْ اَنَّ اَحَدَكُمْ اَنْفَقَ مِثْلَ اُحُدٍ ذَهَبًا مَّا بَلَغَ مُدَّ اَحَدِهِمْ وَلَا نَصِيْفَه' ۔متفق علیہ

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے صحابہ کو برا نہ کہو، اگر تم میں سے ایک شخص اُحد پہاڑ کے برابر سونا خرچ کردے تو ان میں سے ایک کے ایک سیر اور آدھے سیر کو نہیں پہنچے گا۔ بخاری اور مسلم

۳ قولہ عُدُول پہلے دونوں حرفوں پر پیش ہے ۔ یہ عدل کی جمع ہے یعنی نیک مرد اور اچھا گواہ، اور روایت میں عادل ہونا بمعنی تقوٰی اور مروت اختیار کرنے والا یعنی برے اعمال سے پرہیز کرنے والا شرک وفسق اور بدعت سے بچنے والا، ہمت مردانہ کے خلاف خسیس اور گھٹیا کاموں سے اجتناب کرنا مثلاً بازاروں میں کھانا پینا اور راستوں میں پیشاب کرنا وغیرہ ۱۲

قولہ حاملان: اٹھانے والے اور حاصل کرنے والے ۱۲

﴿صہ ۱۱۳﴾ ۱ یعنی وہ خون جو صحابہ کرام علیہم الرضوان کے درمیان لڑائی جھگڑوں اور منازعات میں بہا یہ وہ خون ہے جن سے اللہ تعالیٰ نے ہمارے ہاتھوں کو پاک رکھا ہے لہذا ہم کو چاہیے کہ اپنی زبانوں کو بھی ان سے پاک رکھیں (اور کسی صحابی پر زبان درازنہ کریں) ۱۲

۲ قولہ جعفر صادق: ھو جعفر بن محمد بن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب الھاشمی ابو عبد اللّٰہ المعروف با الصادق صدوق فقیہ امام من السادسۃ ۱۲ تقریب ۔ وہ جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابو طالب ہاشمی ابو عبداللہ جو صادق کے لقب سے معروف ہیں، روایت میں بڑے سچے، فقیہ اور امام ہیں، چھٹے طبقہ میں سے ہیں ۱۲

..........................................

☆متن......بین السطور......معانی

﴿۱۰۹﴾ ☆ سلامت باشند......وردنیا ۱۲......دنیا میں سلامت رہیں ۱۲ ☆ بروند......از دنیا ۱۲......دنیا سے سلامت جائیں ۱۲ ☆ تا باشند......زندہ ۱۲......جب تک رہیں ۱۲ ☆ فقرا......اہل اللہ......اللہ والے، اولیاء اللہ ۱۲ ☆ بروند......بمیرند ۱۲......وفات پائیں ،مریں ۱۲ ☆ چوں خیزند......از قبر ۱۲......جب قبر سے اٹھیں ۱۲ ☆ دِجلہ......بالکسر والفتح نہر بغداد ۱۲......دال کی زیر اور زبر سے



کتوبات امام ربانی پہلا دفتر تیسرا حصہ

Marfat.com

بغداد کا دریا ۱۲ ☆ کنار ......بالفتح ۱۲ کاف کی زبر سے ......پہلو ۱۲ ☆ اہلیہ ......زوجہ ۱۲......بیوی ۱۲ ☆ رہگذر ...... جہت ۱۲......طرف ۱۲ ☆ سنین ......سالہا ۱۲......کئی سال ۱۲ ☆ ابریق ......بالکسر و یائے معروف آوند چرمین لولہ دار کہ بدان وضو کنند ۱۲......الف کی زیر اور یائے معروف سے پڑھتے ہیں، (پرانے زمانہ میں) چمڑے کا ہوتا تھا، جسکی ٹونٹی ہوتی ہے اس سے وضو کرتے ہیں ۱۲ (آج کل اسے لوٹا کہتے ہیں) ☆ امتداد ......درازی ۱۲......لمبائی، طویل زمانہ ۱۲ ☆ کلیل ......ماندہ وست ۱۲......ناقص اور ست ۱۲ ☆ یقظہ ......بفتحات حرف ثالث ظائے معجمہ بیداری ......ضد خواب ۱۲......تینوں حرفوں پر زبر ہے، تیسرا حرف نقطہ والا ظا ہے، بیداری نیند کی ضد ۱۲ ☆ قبیل ......جنس ۱۲......ایک قسم ۱۲ ☆ رؤیا ......خواب ۱۲......نیند ۱۲ ☆ واقعات ......مکاشفات ۱۲......کشف میں دیکھی گئی صورتیں اور حالات ۱۲ ☆ برؤیۃ ......دیدن ۱۲......دیکھنا ۱۲ ☆ اشتباہ ......اہل کشف را ۱۲......اہل کشف کو ۱۲ ☆ مظان ......منام و خواب ۱۲......نیند و خواب ۱۲......مواقع و محال ۱۲......موقعے اور مقامات ۱۲ ☆ درخواب دیدہ ......مرید ابن سکینہ قدس سرہ ۱۲......ابن سکینہ قدس سرہ کے مرید نے خواب میں دیکھا ۱۲

﴿صہ۱۱۰﴾ ☆ دیدہ است ......ایں واقعہ را ۱۲......اس واقعے کو ۱۲ ☆ پیر خود ......شیخ ابن سکینہ قدس سرہ ۱۲ ☆ آوردہ ......از مصر بغداد ۱۲......مصر سے بغداد ۱۲ ☆ مُرَبِّی ......پرورندہ ۱۲......پالنے والا، پرورش کرنیوالا ۱۲ ☆ قالب ......کالبد ۱۲......بدن، جسم ۱۲ ☆ مؤدای ......حاصل و مآل ۱۲......مطلب اور مراد ۱۲ ☆ اطلاقات ......محاورات ۱۲......ہمکلامیاں، گفتگوئیں ☆ عطوفت ......مہربانی ۱۲ ☆ بضاعتی ......سرمائیگی ۱۲......پونجی، سرمایہ ۱۲ ☆ قول معروف ......امر نمودن بہ نیکی ۱۲......نیکی کا حکم کرنا ۱۲ ☆ بضنہ ......بکسر ضائے معجمہ و تشدید نون بمعنی بخل و بخیلی ۱۲......نقطہ والے ضاد کے نیچے زیر اور نون پر شد، اس کے معنی ہیں بخل اور بخیلی ۱۲ ☆ دنائت ......کمینگی ۱۲......کمینہ پن ۱۲ ☆ جرات ......دلیری ۱۲ ☆ بقائے ......باقی بودن انسان در دار دنیا ۱۲......انسان کا دنیا کے گھر میں باقی رہنا ۱۲ ☆ خلود ......در دار آخرت ۱۲......آخرت کے گھر میں ہمیشہ رہنا ۱۲ ☆ مربوط ......بستہ ۱۲......بندھا ہوا ۱۲ ☆ سرمدی ......ابدی ۱۲......ہمیشہ رہنے والا ۱۲ ☆ مُخبر صادق ......نبی علیہ الصلاۃ والسلام ۱۲ ☆ اعدائے خدا ......نفس و شیطان ۱۲

﴿صہ۱۱۱﴾ ☆ تلافی ......تدارک ۱۲......بدلہ ۱۲ ☆ سیئات ......بدیہا ۱۲......برائیاں ۱۲ ☆ بحسنات ......اینکہ ۱۲......یہ کہ یہ جو ۱۲ ☆ غشاوہ ......غطا و پردہ ۱۲......پردہ، پوشش ۱۲ ☆ ازالہ ......دور ۱۲......دور کرنا ۱۲ ☆ سود ......نفع ۱۲......فائدہ ۱۲ ☆ وُرُود ......بضمتین در آمدن ۱۲......پہلے دونوں حرفوں پر پیش ہے یعنی اندر آنا ۱۲ ☆ واشوقا ......اے شوق ۱۲ ☆ واز تصدیق ......تفسیر ۱۲......یہ تفسیر ہے، وضاحت ہے ۱۲ ☆ اَوّلاً ......تفصیل کار خود ساختن است ۱۲......خود کرنے والے کاموں کی تفصیل ۱۲ ☆ بطریق ضرورت ......یعنی یقیناً ۱۲......بے شک ۱۲ ☆ انوار غیبی ......غیبی انوار ۱۲ ☆ انوار ......حسی ۱۲......محسوس ہونے والے انوار ۱۲ ☆ مَزِیّت ......فضیلت ۱۲ ☆ اِزدِیاد ......زیادت ۱۲......زیادہ ہونا ۱۲ ☆ مضیق ......جائے تنگ ۱۲......تنگ جگہ ۱۲ ☆ بفضائے ......زمین فراخ و فراخی زمین و کشادگی صحن خانہ و میدان ۱۲......کھلی زمین، زمین کی کشادگی گھر اور میدان کی وسعت و کشادگی ۱۲ ☆ ازالہ ......دور نمودن ۱۲......دور کرنا ۱۲ ☆ عُسر ......دشواری ۱۲......تنگی اور مشکل ۱۲ ☆ یُسر ......آسانی ۱۲

﴿صہ۱۱۲﴾ ☆ مبائن ......خلاف ۱۲......الٹ ۱۲ ☆ فتور ......سستی ۱۲ ☆ خواجہ احرار ......عبیداللہ ۱۲ ☆ میسر شود ......یانہ ۱۲......میسر ہوایا





Marfat.com

نہیں ۱۲ ☆ وحشی ...... بن حرب ۱۲...... وحشی بن حرب ۱۲ ☆ حضرت حمزہ ...... در غزوہ احد ۱۲...... جنگ احد میں ۱۲ ☆ ایمان ایشان ...... اصحاب کرام علیہم الرضوان ۱۲ ☆ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا ایمان ۱۲ ☆ مُدّ شعیر ...... یک سیر جو ۱۲...... ایک سیر جو ۱۲ ☆ ایشان ...... صحابہ ۱۲ ☆ ذہب ...... زر ۱۲...... سونا ۱۲ ☆ مزیتے نیست ...... یعنی در نفس قبول نہ در ترجیح ۱۲...... یعنی نفسِ قبول کرنے میں اور نہ ترجیح میں کوئی فرق نہیں ۱۲ ☆ جُرح نماید ...... بالفتح طعن کردن در گواہی در عدالت کسے ۱۲...... جیم پر زبر ہے یعنی گواہی میں اور عادل ہونے میں اعتراض اور طعن کرنا کسی پر (صحابہ میں سے) ۱۲ ☆ مُنجر ...... اسم فاعل از اِنجار بمعنی کشیدہ شدن ۱۲...... انجار مصدر سے اسم فاعل ہے ...... اس کا معنی ہے لے جانے والا پہنچانے والا ۱۲

﴿صہ ۱۱۳﴾ ☆ حامل ...... بردارندہ ۱۲...... اٹھانے والا محفوظ کرنیوالا ۱۲ ☆ محامل ...... معانی ۱۲...... معنی کی جمع ہے ۱۲

.........................................

# دوسو گیارہواں مکتوب ﴿۲۱۱﴾

مولانا یار محمد قدیم بدخشی کی طرف صادر فرمایا...... اس سوال کے جواب میں جو انہوں نے مولوی علیہ الرحمۃ کے مقولے کے بارے میں کیا تھا اور مقامِ تکمیل وارشاد کی ضروری شرائط کے بیان میں۔

میرے عزیز بھائی مولانا یار محمد قدیم کا پسندیدہ مکتوب موصول ہو کر خوشی کا باعث ہوا۔ حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ نبی مختار وآلہ الامجاد علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات کے طفیل کمال وتکمیل کی بلندی تک پہنچائے ...... آپ نے مولوی (رومی) علیہ الرحمہ کے مقولہ کے متعلق دریافت کیا تھا کہ انہوں نے فرمایا ہے: ''آں نازنینے کہ در کنارِ من بودہ حق بودہ است'' (وہ نازنین (محبوب) جو میرے پہلو میں تھا وہ حق تھا) کیا ان کا یہ کہنا جائز ہے یا نہیں؟...... جاننا چاہیے کہ اس قسم کے حالات اس راہِ (سلوک) میں بہت آتے ہیں اور (بے اختیار زبان پر جاری ہو جاتے ہیں۔ اس قسم کے معاملہ کی نوعیت تجلی صوری سے ہے کہ صاحبِ معاملہ اس متجلّی صورت کو حق تعالیٰ شانہ گمان کرتا ہے، ورنہ اصل بات وہی ہے جو شیخ اجل امام ربانی حضرت خواجہ یوسف ہمدانی نے فرمائی: تِلْكَ خَيَالَاتٌ تُرَبّٰى بِهَا اَطْفَالُ الطَّرِيْقَةِ (وہ خیالات ہیں کہ جن کے ذریعے راہِ سلوک کے بچوں کی تربیت کی جاتی ہے)۔

دوسرے یہ کہ چونکہ آپ کو طریقہ سکھانے کے لئے ایک قسم کی اجازت دی گئی ہے اس لئے اس بارے میں چند فوائد لکھے جاتے ہیں، گوشِ ہوش سے سن کر ان پر عمل پیرا ہوں۔

جاننا چاہیے کہ جب کوئی طالب آپ کے پاس ارادت سے آئے تو اس کو طریقہ سکھانے میں بہت تامل کرنا چاہیے ایسا نہ ہو کہ اس امر میں آپ کا استدراج مطلوب ہو اور خرابی منظور ہو، خصوصاً جب کسی مرید کے آنے پر کچھ خوشی وسرور پیدا ہو تو چاہیے کہ اس بارے میں التجا وتضرع کا طریق اختیار کر کے چند مرتبہ استخارہ کریں تا کہ یقینی طور پر معلوم ہو جائے کہ اس کو طریقہ سکھانا چاہیے اور (اس میں) خرابی واستدراج مراد نہیں ہے، کیونکہ حق تعالیٰ کے بندوں میں تصرف کرنا اور اپنے وقت کو ان کے پیچھے ضائع کرنا اللہ تعالیٰ کے اذن کے بغیر جائز نہیں۔ آیۂ کریمہ: لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِ





Marfat.com

رَبِّهِمْ (ابراہیم،۱۴،آیت،۱)(تا کہ آپ لوگوں کو اندھیروں سے نور کی طرف اللہ تعالیٰ کے اذن سے نکالیں) اسی معنی پر دلالت کرتی ہے۔

ایک بزرگ فوت ہو گئے تو ان کو خطاب ہوا کہ تو وہی ہے جس نے میرے دین میں میرے بندوں پر زرہ پہنی تھی (یعنی شیخ کامل کی اجازت کے بغیر راہِ ارشاد اختیار کی تھی) انہوں نے کہا ہاں۔ فرمایا: کہ تو نے میرے بندوں کو میری طرف تفویض کیوں نہ کیا اور دل سے میری طرف متوجہ کیوں نہ ہوا۔

اور وہ اجازت جو آپ کو اور دوسروں کو دی گئی ہے چند شرائط پر مشروط ہے اور حق تعالیٰ کی رضامندی کا علم حاصل کرنے پر موقوف ہے۔ ابھی وہ وقت نہیں آیا کہ مطلق اجازت دیدی جائے وقت آنے تک شرائط کو اچھی طرح مدنظر رکھیں اطلاع دینی شرط ہے...... میر نعمان کو بھی یہی لکھا گیا ہے وہاں سے بھی معلوم کرلیں۔ غرض کوشش کریں تاکہ وہ وقت آجائے اور شرائط کی پابندی سے چھوٹ جائیں۔ والسلام

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ ۱۱۳﴾۳ جاننا چاہیے کہ مولانا یار محمد قدیم رحمہ اللہ کے مختصر حالات اور ان کے اس نام کی وجہ تسمیہ مکتوب نمبر ۱۱ جلد اول میں تحریر ہوئے ہیں ۱۲

۴ قولہ خواجہ یوسف ہمدانی: ان کی ولادت ۴۴۰ھ میں ہوئی تھی، اور ان کی وفات ۵۳۵ھ میں ہوئی، جب آپ اٹھارہ سال کے ہوئے تو بغداد گئے اور شیخ ابو اسحاق فقیہ سے علم فقہ حاصل کیا، علم منطق و حکمت وغیرہ میں درجہ کمال کو پہنچے، امام ابوحنفیہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے مذہب پر عمل کرتے تھے، بخارا اور اصفہان میں علم حاصل کیا۔ عراق، خراسان، خوارزم اور موراء النہر میں مقبول تھے، خرقہ خلافت شیخ عبداللہ جوینی کے ہاتھ سے پہنا، امام یافعی قدس سرہ کی تاریخ میں مذکور ہے خواجہ یوسف ہمدانی صاحب احوال اور صاحب کرامات تھے، بغداد، اصفہان، خراسان، سمرقند اور بکارا میں لوگوں کو فیض پہنچایا اور علم حدیث حاصل کیا، آپ بڑا مؤثر وعظ فرماتے تھے بڑی مخلوق نے آپ سے نفع حاصل کیا، جب حضرت خواجہ یوسف قدس سرہ کی وفات قریب آگئی تو آپ نے چار آدمیوں کو دعوت و ارشاد کے مرتبہ میں پایا، ان کو اپنی خلافت و نیابت کے لئے مقرر کیا، اول خواجہ عبداللہ برقی، دوم حضرت خواجہ حسن انداقی، سوم خواجہ احمد یسوی، چہارم خواجہ عبدالخالق غجدوانی قدس اللہ اسرارہم و رضی اللہ تعالیٰ عنہم و غفرلنا بحرمتھم ۱۲ از رشحات

۵ قولہ تِلْكَ ...... یعنی یہ وہ خیالات ہیں جن کے ذریعے راہِ سلوک کے بچوں کی تربیت کی جاتی ہے یعنی اس راہ کے مبتدیوں کا شوق بڑھانے اور مزید ترقی کا باعث ہوتے ہیں یہ خیالات ۱۲

ے قولہ ذُروہ: ذال کے پیش اور زیر سے، یعنی پہاڑ کی بلندی اور پہاڑ کی بلند چوٹی اس کو زا کے ساتھ لکھنا اور زبر کے ساتھ پڑھنا غلط ہے ۱۲

﴿صہ ۱۱۴﴾۱ قولہ لِتُخْرِجَ ...... یہ اشارہ ہے اس آیت کریمہ کی طرف جو سورہ ابراہیم پارہ ۱۳ میں واقعہ ہے یعنی تاکہ آپ لوگوں کو اندھیروں سے نور کی طرف نکالیں ان کے پروردگار کے حکم سے ۱۲

۲ قولہ هَلَّا ...... یعنی تو نے میرے بندوں کو میری طرف تفویض کیوں نہ کیا اور دل سے میری طرف متوجہ کیوں نہ ہوا ۱۲

..........

مکتوبات امام ربانی تیسرا حصہ پہلا دفتر



Marfat.com

☆متن...... بین السطور......معانی

﴿صہ ۱۱۳﴾ ☆مولوی......رومی۱۲......مولانا رومی۱۲☆صوریست...... برایائے امکانیہ۱۲......امکانی صورتیں، امکانی آئینے۱۲

﴿صہ ۱۱۴﴾ ☆عقب......پس۱۲...... پیچھے۱۲☆عزیزے...... یکے از اکابر۱۲...... بڑے بزرگوں میں سے ایک۱۲☆فوت کرد......وفات یافت۱۲......وفات پائی۱۲☆خطاب آمد......از حق تعالیٰ۱۲......اللہ تعالیٰ کی طرف سے۱۲☆منوط...... معلق۱۲......لٹکا ہوا۱۲☆سعی نمایند......یعنی جدوجہد در وصول بمقصود۱۲......یعنی مقصود تک پہنچنے کے لئے جدوجہد کرنا

..........................................................

# ﴿۲۱۲﴾ دوسو بارہواں مکتوب

مولانا محمد صدیق بدخشی کی طرف صادر فرمایا......ان سوالات کے جواب میں جو انہوں نے دریافت کئے تھے اور اس واقعہ کے حل میں جو انہوں نے دیکھا اور لکھا تھا۔

آپ کے دو مکتوب مرغوب پے در پے موصول ہو کر خوشی پر خوشی کا باعث ہوئے، حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ سید المرسلین علیہ وعلیٰ آلہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات اتمہا واکملہا کے طفیل بے انتہا ترقیات عطا فرمائے۔

آپ نے دریافت کیا تھا کہ صاحب تصرف پیر (شیخ) کسی مستعد مرید کو اپنے تصرف سے اس کی اس قابلیت سے زیادہ بلند مرتبہ پر پہنچا سکتا ہے یا نہیں؟...... ہاں پہنچا سکتا ہے۔لیکن صرف ان بلند مراتب پر پہنچا سکتا ہے جو اس کی استعداد کے مناسب ہوں نہ کہ ان مراتب پر جو اس کی استعداد کے مناسب نہ ہوں......مثلاً کسی مرید کی استعداد ولایتِ موسوی ہے، اور اس کی استعداد کی قوت کی انتہا اس ولایتِ (موسوی) کی آدھی منزل تک ہے تو پیر صاحب تصرف اس کو اپنے تصرف سے اس ولایت کے درجات کی آخری منزل تک پہنچا سکتا ہے۔لیکن اس کو ولایت موسوی سے ولایت محمدی میں لائے اور عروج وترقی دے ایسا واقعہ ہمارے علم میں نہیں ہے۔

اور آپ نے یہ بھی دریافت کیا تھا کہ وہ کونسا مرتبہ ہے جس میں (لطیفہ) اخفی جو انسان کے لطیف ترین لطیفوں میں سے ہے نفس امارہ کا حکم رکھتا ہے، اور دنائت وخساست (ذلالت وکمینگی) میں اس کے ساتھ مناسبت پیدا کر لیتا ہے ......میرے بھائی کو معلوم ہو کہ (لطیفہ) اخفی اگرچہ لطیف ترین لطائف میں سے ہے لیکن دائرہ امکان میں داخل ہے اور حدوث کے داغ سے داغدار ہے، جب سالک دائرہ امکان سے باہر قدم رکھتا ہے اور وجوب کے مراتب میں سیر کرتا ہے اور ظلال وجوبی سے ان کے اصلوں پر پہنچتا ہے اور صفت وشان کی قید سے آزاد ہو جاتا ہے تو لازماً ممکن اس (سالک) کی نظر میں خوار و بے اعتبار نظر آتا ہے، اور اس کے احسن والطف کو کمینگی اور ذلالت میں برابر دیکھتا ہے اور نفس واخفی کو اس مقام میں توامین (جڑواں بچوں کی طرح) یکساں خیال کرتا ہے۔

اور آپ نے لکھا تھا کہ (آپ کے) واسطہ سے یا بلا واسطہ ہم نے یہ بات سنی ہے کہ عبادت کے وقت حق سبحانہ کو حاضر (وناظر) دیکھ کر عبادت کرنا حق سبحانہ تعالیٰ کے تنزل کا باعث ہے بندہ کی طرح عبادت کرنی چاہیے یعنی اس ذات پاک کو حاضر جان کر عبادت کرنا بے ادبی میں داخل ہے......اے محبت کے نشان والے مجھے معلوم نہیں کہ اس قسم کی بات اس فقیر سے





Marfat.com

سرزد ہوئی ہو، کسی دوسری جگہ دیکھا ہوگا۔

اور وہ واقعہ جو آپ نے تحریر کیا ہے کہ حضرت آدم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو واقعہ میں دیکھا ہے بہت نیک ہے اور اصلیت رکھتا ہے...... پانی سے مراد علم ہے اور اس کے اندر ہاتھ ڈالنا علم میں قدرت (مہارت) کا حاصل کرنا ہے اور حضرت آدم علیٰ نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شرکت اس حصول کے معنی میں تاکید کا حکم رکھتی ہے، کیونکہ آپ (حضرت آدم) حضرت رحمٰن جل شانہ کے شاگرد ہیں (جیسا کہ ارشاد باری ہے) وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا (بقرۃ ۲، آیت ۳۱) (اللہ تعالیٰ نے) حضرت آدم کو تمام چیزوں کے نام سکھائے)...... خلاصہ یہ کہ اس (واقعہ) علم سے مراد علمِ باطن ہے بلکہ علم باطن کی بھی وہ ایک قسم جس کی مناسبت حضرات اہلِ بیت علیہم الرضوان سے مناسبت رکھتی ہے۔ وَالْبَاقِیُ عند التَّلَاقِیْ (باقی بوقت ملاقات)۔ والسّلام

---

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ ۱۱۵﴾ ۱ قولہ مُتَّسم: اتّسام الف کی زیر سے، تا پر شد اور زیر ہے، کسی چیز پر نشان لگا ہونا ۱۲

۲ تو اَمین و توامان، دو بچے جو شکم مادر سے ایک باری ہی پیدا ہوں، یہ توام کا تثنیہ ہے تا کے زبر سے، ایسے پیدا شدہ دو بچوں میں سے ہر ایک کو توام کہتے ہیں ۱۲

۳ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کو تمام چیزوں کے نام سکھائے۔ یہ آیت سورہ بقرہ کے چوتھے رکوع میں واقع ہے ۱۲

......................................

☆متن...... بین السطور...... معانی

﴿صہ ۱۱۴﴾ ☆ پرسیدہ...... مولانا محمد صدیق ۱۲...... یعنی مولانا محمد صدیق نے سوال کیا ۱۲ ☆ پیر...... سوال ۱۲...... سوال یہ ہے ۱۲ ☆ مبائن ...... مخالف ۱۲ ☆ بلے...... جواب...... یہ جواب ہے ۱۲ ☆ باقضائے...... آخرترین ۱۲...... سب سے آخر ۱۲ ☆ خسا...... کمینگی ۱۲ ☆ سالک...... راہ رو طریقت ۱۲...... طریقت کی راہ پر چلنے والا ۱۲ ☆ درنظراو...... سالک ۱۲...... سالک کی نظر میں ۱۲ ☆ نوشتہ ...... مولانا محمد صدیق ۱۲...... مولانا محمد صدیق نے لکھا ۱۲

......................................

# دوسو تیرہواں مکتوب ﴿۲۱۳﴾

سیادت پناہ شیخ فرید کی طرف صادر فرمایا...... پند و نصائح اور اہل سنت و جماعت کی پیروی کی ترغیب میں کہ یہی فرقہ ناجیہ ہے اور علماء سوء کی صحبت سے پرہیز کرنے میں جنہوں نے علم کو دنیا کی دولت حاصل کرنے کا ذریعہ بنایا ہے۔

حق سبحانہ وتعالیٰ آپ کو آپ کے جد امجد علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کے طفیل ان باتوں سے جو آپ کے لائق نہیں ہیں اپنی پناہ میں رکھے...... حق سبحانہ وتعالیٰ کا ارشاد ہے:...... هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ (سورۃ رحمٰن ۵۵، آیت ۶۰) (کیا احسان کا بدلہ احسان کے علاوہ کچھ اور ہے) (یہ فقیر) نہیں جانتا کہ آپ کے احسان کا بدلہ کس احسان سے ادا کرے، سوائے اس کے کہ نیک، اوقات میں سلامتی دارین کی دعا سے رطب اللسان (زبان کو تر) رکھے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ





Marfat.com

سُبْحَانَہٗ وَالْمِنَّۃُ (اللہ سبحانہ کی حمد اور اس کا احسان ہے) کہ یہ چیز (آپ کی طلب کے بغیر حاصل ہے۔ اور دوسرا احسان جو بدلے کے لائق ہے وہ وعظ ونصیحت ہے اگر قبول ہو جائے تو کیا ہی نعمت ہے۔

اے شرافت ونجابت کے مرتبے والے! تمام وعظوں کا خلاصہ اور تمام نصائح کا لُبِّ لباب، دیندار لوگوں اور شریعت والے حضرات کے ساتھ میل جول میں خوش رہنا ہے۔ دین اور شریعت کا پابند ہونا اہل سنت و جماعت کے طریقہ حقہ کے سلوک پر وابستہ ہے۔ جو تمام فرقہ ہائے اسلامیہ کے درمیان فرقہ ناجیہ (کے نام سے منسوب) ہے ان بزرگوں کی اتباع و پیروی کے بغیر نجات ناممکن ہے اور ان لوگوں کی آراء کی پیروی کے بغیر فلاح دشوار ہے، اس بات پر تمام عقلی ونقلی اور کشفی دلائل شاہد ہیں اور ان میں اختلاف کی کوئی گنجائش نہیں ہے...... اگر یہ معلوم ہو جائے کہ کوئی شخص ان بزرگوں کے صراطِ مستقیم سے رائی کے دانے کے برابر بھی ہٹ گیا ہے تو اس کی صحبت کو زہر قاتل جاننا چاہیے اور اس کی مجالست کو سانپ کا زہر سمجھنا چاہیے...... بیباک (آزادخیال) طالب علم خواہ کسی فرقہ سے ہوں، دین کے چور ہیں، ان کی صحبت سے پرہیز کرنا ضروریاتِ دین میں سے ہے، یہ فتنہ وفساد جو دین میں پیدا ہو گیا ہے اسی جماعت کی بدبختی کی وجہ سے ہے کیونکہ انہوں نے دنیاوی اسباب کی خاطر اپنی آخرت کو تباہ وبرباد کر دیا ہے (آیہ کریمہ) اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِیْنَ (بقرۃ،۲، آیت،۱۶) (یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی کو خرید لیا پس ان کی اس تجارت نے ان کو کچھ نفع نہیں دیا اور نہ ہی انہوں نے ہدایت پائی)

کسی شخص نے ابلیس لعین کو دیکھا کہ آرام سے فارغ بیٹھا ہے اور گمراہ کرنے اور بہکانے سے اپنے ہاتھوں کو روکے ہوئے ہے۔ اس نے اس کا سبب دریافت کیا تو اس لعین نے جواب دیا کہ اس زمانے کے علماء سوء میرا کام کر رہے ہیں اور گمراہی و بہکانے کے ذمہ دار بن گئے ہیں۔

وہاں کے طلبا میں مولانا عمر ایک نیک طبیعت آدمی ہے بشرطیکہ آپ اس کی حوصلہ افزائی کریں اور اظہار حق پر دلیر کریں ......اور حافظ امام بھی اسلام کا جنون رکھتا ہے اور اسلام میں جنون کے بغیر چارہ نہیں (حدیث شریف) لَنْ یُّؤْمِنَ اَحَدُكُمْ حَتّٰی یُقَالَ اِنَّہٗ مَجْنُوْنٌ (تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جبتک کہ اس کو مجنوں نہ کہا جائے)...... آپ کو معلوم ہے کہ اس فقیر نے تقریر اور تحریر میں اور نیک صحبت اختیار کرنے کی ترغیب میں کوئی دقیقہ باقی نہیں رکھا اور بُری صحبت سے بچنے کی تاکید میں مبالغہ کرنے سے اپنے آپ کو معاف نہیں رکھا، کیونکہ (فقیر) اس کو اصلِ عظیم جانتا ہے، آگے قبول کرنا آپ کا کام ہے اور قبول کر نیکی سعادت دینا حق تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ پس اس شخص کے لئے مبارک ہے جس کو حق تعالیٰ نے خیر کا مظہر بنایا...... آپ کے احسانات کی یادداشت نے اس (نصیحت آمیز) گفتگو پر آمادہ کیا اور یہ خیال بھی نہیں رہا کہ یہ باتیں کہیں آپ کے رنج وملال اور دردسری کا باعث نہ بن جائیں۔ والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۱۱۲۶﴾ ۱ یہ آیت سورہ رحمٰن پارہ ۲۷ میں واقع ہے یعنی احسان اور نیک سلوک کی جزا نہیں ہے مگر احسان وانعام ۱۲

ب یعنی آپ کا احسان بدلے کے لائق ہے ۱۲

۲ قولہ حُطام پہلے حرف پر پیش ہے غلام کے وزن پر، یعنی توڑے ہوئے ٹکڑے یعنی خشک گھاس کے تنکے، ہر چیز کا ریزہ، اشارہ





Marfat.com

ہوتا ہے دنیا کے تھوڑے مال کی طرف۔خیابان میں لکھا ہے کہ حطام گھاس کے تنکے کو کہتے ہیں، اس سے مراد دنیا کا مال ہے کیا دنیا کا مال آخرت کے درجات کے مقابلے میں ہو یا انسان اشرف المخلوقات کے عوض ہو، غلے کے ڈھیروں کے مقابلے میں ایک تنکے کا حکم رکھتا ہے، جو لوگ اسکو طا کی شد کے ساتھ پڑھتے ہیں یہ غلط ہے ۱۲

۳ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی کو خرید لیا پس ان کی اس تجارت نے ان کو کچھ نفع نہیں دیا اور نہ ہی انہوں نے ہدایت پائی، یہ آیت سورہ بقرہ کے دوسرے رکوع پارہ الٓمٓ میں ہے ۱۲

۴ یہ حدیث مکتوب نمبر ۶۵ میں گذر چکی ہے، وہاں اسکی تحقیق موجود ہے اور میں نے اسکی تخریج تحریر کردی ہے، اے طالب تحقیق اس طرف رجوع کرو ۱۲ المصحح رحمۃ اللہ علیہ

.......................................

☆متن ...... بین السطور...... معانی

﴿۱۱۵﴾ ☆حُطام ...... بروزن غلام ۱۲...... غلام کے وزن پر ہے ۱۲

﴿۱۱۶﴾ ☆نمید اند ...... این فقیر ۱۲ ...... یہ فقیر (مجدد قدس سرہ) ۱۲ ☆مُکافات ...... معاوضہ ۱۲ ...... بدلہ ۱۲ ☆بضم میم ...... باہم برابر شدن وبرابر استادن و پاداش وسزا ۱۲ ...... میم پر پیش ہے، یعنی آپس میں برابر ہونا، اور برابر کھڑا ہونا، اور بدلہ وسزا ۱۲ ☆معرض ...... جائے ۱۲...... جگہ ۱۲ ☆برین معنی ...... یعنی نجات بے متابعت این بزرگواران ۱۲ ...... یعنی نجات بے متابعت این بزرگواران ۱۲ ...... یعنی ان بزرگوں کی پیروی کے بغیر نجات الخ ۱۲ ☆خردلہ ...... رائی ۱۲ ...... رائی کے دانہ کے برابر ۱۲ ☆سَمّ ...... زہر ۱۲ ☆أفعٰی ...... مار ۱۲ ...... سانپ ۱۲ ☆لُصوص ...... دزدان ۱۲ ...... بہت سے چور ۱۲ ☆اجتناب ...... پرہیز ۱۲ ☆لعین ...... ملعون ۱۲ ...... لعنتی ۱۲ ☆اغواء ...... گمراہ نمودن ۱۲ ...... گمراہ کرنا ۱۲ ☆سِرّ ...... راز ۱۲ ☆نہاد ...... طبیعت ۱۲ ...... فطرت ☆جنون ...... دیوانگی ۱۲ ...... پاگل پن ۱۲ ☆مصاحب ...... یار ۱۲ ...... دوست ۱۲ ☆سُوء ...... بد ۱۲ ...... بُرا ☆اصلِ عظیم ...... قاعدہ وقانون کلان وبزرگ ۱۲ ...... بڑا عظیم قاعدہ اور قانون ۱۲

﴿۱۱۷﴾ ☆تصدیع ...... دردسر دادن ۱۲ ...... سردرد کردینا ۱۲

.......................................

# دوسو چودہواں مکتوب ﴿۲۱۴﴾

(عبدالرحیم) خان خاناں کی طرف صادر فرمایا...... اس بیان میں کہ دنیا آخرت کی کھیتی ہے اور مشہور سوال کے جواب میں کہ کفار کو کفر موقت کی بنیاد پر دائمی عذاب کیوں ہوگا اور ایک حاجتمند کی سفارش میں۔

طُوْبٰی لِمَنْ جَعَلَهُ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ مَظْهَرَ الْخَيْرِ (مبارک ہے وہ شخص جس کو حق سبحانہ وتعالیٰ نے نیکی کا مظہر بنایا)...... حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ نے دنیا کو آخرت کی کھیتی قرار دیا ہے، وہ شخص بہت ہی بدنصیب ہے جو سب کا سب بیج کھا جائے اور استعداد کی زمین میں نہ ڈالے اور ایک دانے سے سات سو دانے نہ بنائے اور اس (قیامت کے) دن کے لئے کہ (جس دن) بھائی بھائی سے بھاگے گا اور ماں بیٹے کی خبر نہ لے گی، کچھ ذخیرہ نہ کرے، ایسے شخص کو دنیا وآخرت کے خسارہ





Marfat.com

کے علاوہ کچھ حاصل نہیں اور دونوں جہان کی حسرت وشرمندگی کے سوا کچھ فائدہ نہیں...... صاحب دولتاں (نیک بخت) دنیا کی فرصت کو غنیمت سمجھتے ہیں، اس غرض کے لئے نہیں کہ اس فرصت (کے وقت) میں طرح طرح کی نعمتیں اور لذتیں حاصل کریں جو اسقدر تکلیفوں اور سختیوں کے باوجود ناپائیدار اور فانی ہیں، بلکہ اس فرصت میں (نیکی کی) کھیتی کا کام کرتے ہیں اور نیک عمل کے ایک دانے سے آیت کریمہ: وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنۡ يَّشَآءُ (بقرۃ،۲، آیت،۲۶۱) (اور اللہ تعالیٰ کئی گنا بڑھا دیتا ہے جس کے لئے چاہتا ہے) کے بموجب بے انتہا نیکیوں کے ثمرات حاصل کرتے ہیں...... یہی وجہ ہے کہ چندروزہ نیک اعمال کی جزا میں دائمی نعمتیں مقرر فرمادیں: وَاللّٰهُ ذُوالۡفَضۡلِ الۡعَظِيۡمِ (جمعہ،۶۲، آیت،۴) (اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے)

اگر دریافت کریں کہ نیکیوں کے اجر کئی گنا ہیں، اور گناہوں کا بدلہ انکے مثل ہے تو پھر کفار کو محدود گناہوں کی پاداش میں غیر متناہی (دائمی) عذاب کیوں ہوگا؟...... ہم کہتے ہیں کہ عمل کے لئے جزا کا ہم مثل ہونا واجب تعالیٰ وتقدس کے علم پر موقوف ہے ممکن کا علم اس کے سمجھنے سے قاصر ہے...... مثلاً نیک شادی شدہ عورتوں پر تہمت لگانے کی سزا اسی کوڑے مقرر فرمائی ہے اور چوری کی حد میں چور کا دایاں ہاتھ کاٹ دینا اس کی سزا ہے۔ اور کنوارے مرد کو کنواری عورت کے ساتھ زنا کرنے کی سزا سو کوڑے اور ایک سال کی جلاوطنی مقرر کی ہے۔ اور شادی شدہ مرد وعورت کی صورت میں رجم (سنگسار) کرنے کا حکم فرمایا ہے، ان حدود اور تقدیرات کا علم بشری طاقت سے باہر ہے: ذٰلِكَ تَقۡدِيۡرُ الۡعَزِيۡزِ الۡحَكِيۡمِ (انعام،۶، یٰسین،۳۶، حم سجدہ) (یہ خدائے عزیز وحکیم کا مقرر کیا ہوا اندازہ ہے)...... لہٰذا حق سبحانہ وتعالیٰ نے کفار کے بارے میں کفر موقت کی سزا دائمی عذاب مقرر فرمائی ہے...... معلوم ہوا کفر موقت کی ہم مثل سزا یہی دائمی عذاب ہے...... اور جو شخص یہ چاہتا ہے کہ تمام احکام شرعیہ کو اپنے عقلی پیمانے پر ناپے اور دلائل عقلیہ کے مطابق کردے، وہ شان نبوت کا منکر ہے اور اس کے ساتھ کلام کرنا کم عقلی و بے وقوفی ہے۔ بیت

زاں کس کہ بقرآن و خبر می نہ دہی      آنست جوابش کہ جوابش نہ دہی

(جو مانتا ہی نہیں کیا حدیث وقرآن ہے      اسے جواب نہ دو کہ وہ تو شیطاں ہے)

باقی مقصد یہ ہے کہ حامل رقیمہ ہذا میاں شیخ احمد ولد محترم مغفرت پناہی شیخ سلطان تھانیسری ہے آپ کی مہربانیوں اور احسانوں کو دیکھ کر جو آپ نے اس کے والد بزرگوار کے ساتھ کئے تھے اس فقیر کے توسل سے آپ کی خدمت عالی میں حاضر ہوتا ہے، اور آپ کی مہربانیوں میں سے ایک مہربانی موضع پرگنہ اندور عنایت ہوا تھا۔ باقی آپ کو اختیار ہے بلکہ کل اختیار اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ اور سلام ہو آپ پر اور ان لوگوں پر جنہوں نے حضرت محمد مصطفٰے علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کی پیروی کو لازم جانا۔

---

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص ۱۱۷۰﴾ ۱ قولہ بیدولت، مثنوی

گر زدستت میشود تخمی بکار      تا براری خرمنے روز شمار

ترجمہ: (اے انسان) اگر تجھ سے ہو سکے تو کوئی بیج بو (نیکی کر)      تا کہ یوم حساب کو تجھے (نیکیوں کا) ڈھیر حاصل ہو

ورنہ کارے مفلسے یوم التناد      گشتۂ مغبون و خاسر بے مراد

مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ دفتر اول



Marfat.com

ترجمہ: ورنہ قیامت کے دن ایک مفلس کی طرح زیاں کار ناکارہ اور بے مراد ہو گا

ـ ورنہ نمی کارے چہ برداری ازو روز محشر ای عتل ای عتو

ترجمہ: اگر تو بیج نہ بوئیگا (نیکی نہ کرے گا) تواے بدخومغرورسرکش روزمحشرکیا حاصل کریگا

۲ اللہ تعالیٰ کے قول کی طرف اشارہ ہے جو سورۃ بقرۃ آیت ۲۶۱ میں ہے: مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ط الخ ۱۲ (مثال ان لوگوں کی جو خرچ کرتے ہیں اپنے مالوں کو اللہ کی راہ میں ایسی ہے جیسے ایک دانہ جواگا تا ہے سات بالیں (اور) ہر بال میں سو دانہ......)

۳ کما قال اللہ تعالیٰ: يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ الخ (سورۃ عبس پارہ ۳۰) ترجمہ اس دن آدمی بھاگے گا اپنے بھائی سے اور اپنی ماں سے اور اپنے باپ سے اور اپنی بیوی سے اور اپنے بچوں سے

۴ باوجود اس کے کہ دنیاوی لذتیں اور نعمتیں ناپائیدار ہیں پھر بھی وہ محنتوں اور دشواریوں کا موجب ہوتی ہیں ۱۲

۵ پہلے تینوں حرفوں پر زبر ہے، یعنی دشوار راستے، یہ عقبہ کی جمع ہے ۱۲ غ

ـ شیخ مجدد قدس سرہ کے قول "نہ از برائے آن غرض" کے ساتھ متصل ہے ۱۲

۶ یہ آیت تیسرے پارے میں سورہ بقرہ کی آیت ۲۶۱ ہے یعنی اللہ تعالیٰ کئی گنا بڑھا دیتا ہے جس کے لئے وہ چاہتا ہے ۱۲

۷ قولہ گوئیم)...... جاننا چاہیے کہ حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز قدس سرہ نے اس سوال کے جواب میں دوسرا طریقہ اختیار فرمایا ہے، انہوں نے وہاں لکھا ہے کہ ہم کہتے ہیں یہ غلط فہمی ہے، بلکہ یہ ہمیشہ کا عذاب عین عدل ہے ان اعمال کی جزا نہیں دی جاتی مگر وہ جزا جو ان کے اعمال کے موافق ہے اس سے زیادہ نہیں کیونکہ غور فکر اور گہری نظر سے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا عمل بھی دائمی، ابدی اور غیر متناہی ہے کیونکہ وہ حقیقۃً اپنے اعمال کے حساب کی امید نہیں رکھتے اور جب حساب کی امید نہ ہو تو ان کے اعمال کا انقطاع محض مجبوری اور عمل کے ذرائع نہ ہونے کی وجہ سے ہوا نہ کہ عذاب کے ڈر اور ثواب کے فوت ہونے کی وجہ سے کیونکہ یہ دونوں امر حساب کی توقع کی صورت میں ہوتے ہیں۔ پس ان کا برے اعمال سے باز رہنا اس قسم سے ہے جو کہتے ہیں ع

ـ پارسائی بی بی از بے چا دریست

گناہوں کی محبت نے ان کے جوہر روح میں جگہ بنالی ہے بلکہ روح کا حکم پیدا کیا ہوا ہے اور روح ابدی ہے لقائے غیر متناہی رکھتی ہے اور اس سے ملکات راسخہ کی جدائی محال ہے، پس وہ ملکات بھی روح کے دائم رہنے تک دائمی ہیں اور عذاب کا موجب ہیں، اور جب سبب دائمی ہو تو مسبب کے دوام پر کیا تعجب کیا جا سکتا ہے الخ ۱۲ تفسیر عزیزی

۸ قال اللہ تعالیٰ: وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً الخ (سورۃ نور پارہ ۱۸) یعنی اور وہ لوگ جو تہمت لگاتے ہیں پاک دامن عورتوں پر، پھر وہ نہ پیش کر سکیں چار گواہ تو لگاؤ ان (تہمت لگانے والوں) کو اسی ۸۰ درے ۱۲

۹ قال صلی اللہ علیہ وسلم: اَلْبِكْرُ بِالْبِكْرِ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبُ عَامٍ، وَالثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ جَلْدُ مِائَةٍ وَالرَّجْمُ رواہ مسلم (مشکوۃ، کتاب الحدود) یعنی کنوارا، کنواری سے زنا کرے تو ایک سو کوڑے اور ایک سال کی جلاوطنی، اور شادی شدہ، شادی شدہ سے کرے تو سو کوڑے اور رجم ہے، (کوڑے اور رجم کو جمع کرنا جمہور سے نزدیک منسوخ ہے) (اشعۃ اللمعات ۳/۶۴۰)

ـ قولہ حد سرقہ: قال تعالیٰ والسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا الخ ۱۲ یعنی اور چوری کرنے والے اور چوری کرنے والی) (کی سزا یہ ہے) کہ کاٹو ان دونوں کے ہاتھ بدلہ دینے کے لئے جو انہوں نے کیا

﴿ص۱۱۷﴾ ۱۰ قولہ شیخ وشیخہ: اس آیت کریمہ کی طرف اشارہ ہے جو منسوخ التلاوت ہے۔ الشیخ والشیخۃ اذا زنیا





Marfat.com

فارجموا ھما نکالا من اللہ واللہ عزیز حکیم یعنی مرداورعورت دونوں زنا کریں تو ان دونوں کو سنگسار کرو اللہ تعالیٰ کی طرف سے عبرتناک سزا کے طور پر، اللہ تعالیٰ غالب حکمت والا ہے ۱۲

﴿صہ ۱۱۸﴾ قال تعالیٰ : جَزَاءً وِّفَاقًا (پارہ ۳۰، سورہ نبا) پورا پورا بدلہ ۱۲

یہ خدائے غالب ودانا کا مقرر کیا ہوا اندازہ ہے ۱۲

.................................................

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۱۱۷﴾ ☆ درست ...... تمام ۱۲ ...... درست، پورا ۱۲ ☆ روز یکہ ...... روز قیامت ۱۲ ...... قیامت کا دن ۱۲ ...... وخدا خداوند فضل بزرگ است ۱۲ ...... اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے ۱۲ ☆ بواسطہ ...... بعوض ۱۲ ...... بدلے میں ۱۲ ☆ معدودہ ...... متناہی ۱۲ ...... ختم ہونے والا ۱۲ ☆ مخلد ...... غیر متناہی ۱۲ ...... ختم نہ ہونے والا ۱۲ ☆ چون ...... چگونہ ۱۲ ...... کس طرح، کیونکر ۱۲ ☆ معدودہ ...... کہ در مدت العمر ایشان کہ زمان متناہی است بوقوع آمد ۱۲ ...... یعنی ان کی ساری عمر ختم ہونے والا زمانہ ہے جو وقوع میں آیا ۱۲ ☆ چون باشد ...... کہ بظاہر ظلم می نماید ۱۲ ...... بظاہر ظلم معلوم ہوتا ہے ۱۲ ☆ مُفَوَّض ...... حوالہ ۱۲ ...... سپرد کیا ہوا ۱۲ ☆ قاصر ...... کوتاہ ...... کم ۱۲

☆ محصنات ...... زنان پاک ۱۲ ...... پاک دامن عورتیں ۱۲ ☆ مماثل ...... برابر ۱۲ ☆ یمین ...... دست راست ۱۲ ...... دایاں ہاتھ ۱۲ ☆ شیخ وشیخہ ...... محصن و محصنہ ...... پاک دامن مرد ☆ سر ...... راز ۱۲ ...... بھید ۱۲ ...... اور پاک دامن عورت ۱۲ ☆ طوق ...... طاقت وقوت انسان بیرون ۱۲ ...... انسان کی طاقت وقوت سے باہر ۱۲

﴿صہ ۱۱۸﴾ ☆ وفاق ...... جزائے موافق ۱۲ ...... پورا بدلہ ۱۲ ☆ طور ...... شان ۱۲ ...... شان وعظمت ۱۲ ☆ خبر ...... حدیث ۱۲ ...... حدیثِ پاک ۱۲

.................................................

# دوسو پندرھواں مکتوب ﴿۲۱۵﴾

دنیا کی مذمت میں میرزاداراب کی طرف صادر فرمایا۔

مکتوب شریف جو عمدہ انشاپردازی اور استعدادِ فطری کی خوبی سے بڑی نیازمندی کے ساتھ ان بے سروسامان فقراء کی طرف ارسال کیا تھا موصول ہوا۔ حق سبحانہ وتعالیٰ آپ کو اپنے حبیب علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کے طفیل بہترین جزا عطا فرمائے۔

اے فرزند! دنیادار اور دولت مند بلائے عظیم میں گرفتار ہیں اور ایک بہت بڑی مصیبت میں مبتلا ہیں، کیونکہ دنیا حق سبحانہ وتعالیٰ کی مبغوضہ ہے اور تمام نجاستوں میں نجس ترین ہے (لیکن) ان (دنیاداروں) کی نظروں میں زیب وزینت میں ظاہر کیا گیا ہے، جس طرح کسی نجاست پر سونے کا ملمع کر کے آراستہ کر دیا جائے یا زہر کو شکر سے آلودہ کر دیں...... حالانکہ عقل دوراندیش کو اس کمینی دنیا کی برائیوں سے آگاہ کر دیا گیا ہے اور اس ناپسندیدہ دنیا کی برائیوں پر ہدایت و دلالت فرمائی ہے۔ اسی وجہ سے علماء نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص یہ وصیت کرے کہ میرے مال کو سب سے زیادہ عقلمند کو دیدیں تو زاہد کو دینا چاہیے کہ وہ دنیا سے بے رغبت ہے، اور اس کی دنیا سے بے رغبتی اس کے کمالِ عقل کی دلیل ہے۔...... علاوہ ازیں (اللہ تعالیٰ نے





Marfat.com

اپنی) کمال رحمت سے ایک گواہ یعنی عقل دوراندیش کی گواہی پر کفایت نہیں فرمائی، بلکہ نقل کے دوسرے گواہ کو بھی اس میں شامل کرلیا......انبیاعلیہم الصلوات والتحیات کی زبان سے بھی جو رحمت عالمیان ہیں اس کھوٹی پونجی کی حقیقت سے آگاہ کیا اور اس فاحشہ مکار (دنیا) کی گرفتاری (مشغولیت) سے کلی طور پر منع فرمایا......ان دو عادل اور معتبر گواہوں کی گواہی کے باوجود اگر کوئی شخص شکر موہوم کی طمع میں زہر کھالے اور سونے کی خیالی امید پر نجاست کو اختیار کرے تو وہ شخص محض بے وقوف اور طبعی طور پر بڑا کند ذہن ہے بلکہ حقیقت میں وہ انبیاعلیہم الصلوات والتسلیمات کے احکامات کا منکر ہے اور ایسا شخص منافقت کے حکم میں ہے، اور اس کا ظاہری ایمان آخرت میں اس کو کچھ نفع نہ دیگا اور اس کا نتیجہ اپنے دنیاوی مال و جان کے بچاؤ کے علاوہ اور کچھ نہ ہوگا......آج پنبہ غفلت (غفلت کی روئی) کو گوش ہوش سے نکال دینا چاہیے کیونکہ کل (روز قیامت) کو حسرت وندامت کے سوا کوئی سرمایہ حاصل نہ ہوگا، اطلاع دینا شرط ہے۔ بیت

ہمہ اندر زِمن بتواین ست — کہ تو طفلے و خانہ رنگین ست

(اک نصیحت ہے گو کہ سنگین ہے — تو ہے بچہ، مکان رنگین ہے) والسلام

## ﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۱۱۸﴾ لے قولہ نشأ پہلے حرف پر زبر ہے اور دوسرے پر جزم، وہ ہمزہ جو سیدھے خط کے بعد ٹیڑھا خم دار خط کی صورت میں لکھتے ہیں (نشاء) صحیح نہیں ہے، اگر بالفرض سیدھے خط کے اوپر لکھیں تا کہ اشارہ ہو کہ یہاں سیدھا خط الف نہیں ہے ہمزہ ہے۔ اور اس لفظ کو سرائے کے وزن پر کہنا غلط ہے اور پشہ کی صورت میں (نشہ) لکھنا بھی غلط ہے، یہ بمعنی پیدا کرنا اور نیا پیدا ہونا ہے اور مجازاً جہان اور عالم کے معنی میں استعمال ہوتا ہے ۱۲غ

ے قولہ بزاہد: قال فی الدر المختار ولو اوصٰی للعقلاء یصرف للعلماء الزاھدین لانھم ھم العقلاء حقیقۃ ۱۲ باب الوصیۃ۔ ترجمہ: درمختار میں کہا ہے کہ اگر کوئی شخص وصیت کرے کہ عقلمندوں پر مال خرچ کرنا تو زاہدین علماء پر خرچ کیا جائے کیونکہ وہی حقیقۃً عقل والے ہیں ۱۲

﴿صہ ۱۱۹﴾ لے قولہ قَحبہ، قاف کے زبر سے، بدکار اور فاحشہ عورت، یہ قحاب سے مشتق ہے بمعنی کھانسی سے چونکہ عرب کی فاحشہ اور بدکار عورتیں مردوں کو کھانسی کے ذریعے بلاتی تھیں اس لئے یہ نام رکھا گیا ۱۲غ

ے عِصمت: عین کی زیر سے، باز رکھنا، روکنا، دِماء، دم کی جمع ہے بمعنی خون، یعنی اسلامی فوجوں سے مال و جان کو بچانا ۱۲

ے قولہ اندارز: پہلے اور تیسرے حرف پر زبر ہے، اس کے معنی پند نصیحت اور وصیت ہیں ۱۲غ

..........

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۱۱۸﴾ ☆فطری......خلقی وطبعی ۱۲......پیدائشی اور طبعی ۱۲ ☆بضاعت......سرمایہ ۱۲......مال و دولت ۱۲ ☆مبغوضہ حق......کما مرغیر مرۃ ۱۲......جیسا کہ کئی بار گذر چکا ہے ۱۲ ☆مُـــزَیَّـــب......بمعنی مزین یعنی زیب دادہ شدہ ۱۲......زینت دیا گیا، سنوارا ہوا ۱۲ ☆شناعت......زشتی و بدی ۱۲......بد ہونا، برا ہونا ۱۲ ☆دَنیہ......کمینہ ۱۲......گھٹیا ۱۲ ☆مُہتد......راہ یابندہ ۱۲......ہدایت یافتہ ۱۲ ☆باعقل زمانہ......عاقل و داناترین اہل زمانہ ۱۲......اہل زمانہ میں سے زیادہ عقل مند اور دانا تر ۱۲ ☆مــعــهــذا......یعنی باوجود اقامت شاہد عقل سلیم ۱۲......عقل سلیم کے گواہ کے قائم رکھنے کے باوجود ۱۲ ☆کفایت......دوراندیش ۱۲......دور کی بات سوچنے والا ۱۲



Marfat.com

﴿صہ ۱۱۹﴾ ☆ کاسد ...... بے رواج ۱۲...... جس چیز کا رواج نہ ہو ۱۲ ☆ شاہد عدل ...... گواہ معتبر ۱۲...... معتبر گواہ ۱۲ ☆ سفیہ ...... نادان صرف ۱۲...... بالکل بیوقوف ۱۲ ☆ بلید...... کندذہن ۱۲...... بے عقل ۱۲ ☆ کہ...... زیرا کہ ۱۲...... کیونکہ

.................... ....................................

# دوسوسولہواں مکتوب ﴿۲۱۶﴾

میر احسام الدین احمد کی طرف صادر فرمایا...... اس راز کے بیان میں کہ بعض اولیا سے ظہور خوارق کثرت سے ہوا ہے اور بعض سے بہت کم اور مقام تکمیل وارشاد کی کاملیت کا بیان اور اس کے مناسب بیان میں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَعَلَيْهِمْ وَاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ اَجْمَعِيْنَ (تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے اور حضرت سید المرسلین اور آپ کی سب پاک اولاد پر صلوٰۃ وسلام ہو)...... غمزدہ دل میں یہ بات آئی کہ چونکہ دوستوں کے درمیان جسمانی دوری حائل ہے اور ظاہری ملاقات عنقا (کمیاب) ہوگئی ہے۔ اگر کبھی کبھی بعض علوم ومعارف ان (دوستوں) کو تحریر کئے جائیں تو مناسب ہے۔ اسی وجہ سے کبھی کبھی اس قسم کی چیزیں یہ فقیر لکھتا رہتا ہے، امید ہے کہ ملال کا باعث نہ ہوگا۔

میرے مخدوم! چونکہ ولایت کی بحث درمیان میں ہے اور عوام کی نظر خوارق (کرامات) پر ہے اس لئے اس ضمن میں چند باتیں تحریر کی جاتی ہیں، ذرا غور سے سنیں۔

ولایت سے مراد فنا وبقا ہے، اور خوارق وکشفیات خواہ کم ہوں یا زیادہ اس (فنا وبقا) کے لوازم میں سے ہیں۔ لیکن یہ ضروری نہیں کہ جس سے خوارق زیادہ ظاہر ہوں اس کی ولایت بھی اتم واکمل ہو بلکہ بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ (کسی بزرگ سے) خوارق بہت کم ظاہر ہوتے ہیں اور اس کی ولایت اکمل ہوتی ہے...... اور خوارق کے بکثرت ظاہر ہونے کا مدار دو چیزوں پر ہے: عروج کے وقت میں بہت زیادہ عروج کرنا، اور نزول کے وقت میں بہت کم نیچے اترنا، بلکہ کثرت خوارق کے ظہور میں کُلّیہ قاعدہ قلّتِ نزول یعنی بہت کم نزول کرنا ہے، خواہ وہ عروج کی جانب کسی بھی کیفیت سے ہو کیونکہ صاحب نزول عالمِ اسباب میں اترتا ہے اور اشیاء کے وجود کو اسباب سے وابستہ پاتا ہے اور مسبب الاسباب کے فعل کو اسباب کے پردے کے پیچھے دیکھتا ہے جس شخص نے نزول نہیں کیا اور نزول کے اسباب تک نہیں پہنچا اس کی نظر صرف مسبب الاسباب کے فعل پر ہے کیونکہ (مسبب الاسباب کے فعل پر اس کی نظر ہونے کے باعث) تمام اسباب اس کی نظر سے مرتفع (اٹھ گئے ہیں)...... پس حق سبحانہ تعالیٰ ان میں سے ہر ایک کے ساتھ اس کے ظن کے موافق علیحدہ علیحدہ معاملہ کرتا ہے، اسباب کو دیکھنے والے کا کام اسباب پر ڈال دیتا ہے اور جو اسباب کو نہیں دیکھتا اس کا کام بغیر وسیلے کے مہیا کر دیتا ہے۔ حدیث قدسی: اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ اس مطلب پر دلیل ہے۔

بہت مدت تک دل میں یہ خلش رہی کہ اس کی کیا وجہ ہے کہ اس امت میں اکمل اولیاء بہت گزرے ہیں مگر جس قدر خوارق حضرت سید محی الدین جیلانی قدس سرہ سے ظاہر ہوئے ہیں اسقدر خوارق ان میں سے کسی سے ظاہر نہیں ہوئے۔ آخر





Marfat.com

کار حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ نے اس معمّا کا راز ظاہر کر دیا اور معلوم ہوا کہ ان کا عروج اکثر اولیا سے بلند تر واقع ہوا ہے، اور نزول کی جانب میں مقام روح تک نیچے اترے ہیں جو عالم اسباب سے بلند تر ہے......

خواجہ حسن بصری اور حبیب عجمی قدس سرہما کی حکایت اس مقام کے مناسب ہے: منقول ہے کہ ایک دن خواجہ حسن بصری دریا کے کنارے کھڑے ہوئے کشتی کا انتظار کر رہے تھے تا کہ دریا سے پار ہوں، اسی اثنا میں حبیب عجمی بھی آ نکلے اور پوچھا کہ آپ یہاں کیوں کھڑے ہیں؟ فرمایا کشتی کا انتظار ہے حبیب عجمی نے کہا کشتی کی کیا حاجت ہے کیا آپ یقین نہیں رکھتے؟ خواجہ حسن بصری نے کہا کیا آپ علم نہیں رکھتے۔ غرض کہ حبیب عجمی کشتی کے بغیر دریا سے گذر گئے اور خواجہ حسن بصری کشتی کے انتظار میں کھڑے رہے...... خواجہ حسن بصری نے چونکہ عالمِ اسباب میں نزول کیا ہوا تھا اس لئے (کارکنانِ قضا وقدر) ان کے ساتھ اسباب کے وسیلے سے معاملہ فرماتے تھے، اور حبیب عجمی نے چونکہ پورے طور پر اسباب کو نظر انداز کر دیا تھا اس لئے (کارکنان قضا وقدر) ان کے ساتھ اسباب کے وسیلے کے بغیر معاملہ کرتے تھے، لیکن فضیلت حضرت خواجہ حسن بصری کے لئے ہے جو صاحب علم ہیں اور جنہوں نے عین الیقین کو علم الیقین کے ساتھ جمع کر لیا ہے اور اشیا کو جیسی کہ وہ ہیں سمجھ لیا ہے کیونکہ قدرت کی اصل حقیقت کو حکمت میں پوشیدہ رکھا گیا ہے...... حبیب عجمی صاحب سکر ہیں اور فاعل حقیقی پر ایک ایسا یقین رکھتے ہیں جس میں اسباب کا کچھ دخل نہیں ہے۔

یہ دید نفسِ امر کے مطابق نہیں ہے کیونکہ اسباب کا ذریعہ واقع کے اعتبار سے ثابت وکائن لیکن تکمیل وارشاد کا معاملہ ظہورِ خوارق کے معاملہ کے برعکس ہے کیونکہ مقام ارشاد میں جس کا نزول جسقدر زیادہ ہوتا ہے اسی قدر وہ کامل تر ہوتا ہے۔ اور ارشاد کے لئے مرشد اور مسترشد کے درمیان اس مناسبت کا حاصل ہونا ضروری ہے۔ اور اس کا انحصار نزول پر ہے......

اور جاننا چاہیے کہ غالب گمان یہی ہے کہ جو کوئی جسقدر اوپر جاتا ہے اسی قدر وہ نیچے آتا ہے چنانچہ حضرت رسالت خاتمیت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ (معارجِ عروج میں) سب سے بلند تر پہنچے اور نزول کے وقت سب سے نیچے اترآئے۔ اسی وجہ سے آپ کی دعوت اکمل واتم ہوئی اور آپ تمام اقوامِ (عالم) کی طرف بھیجے گئے کیونکہ نہایت نزول کے باعث سب کے ساتھ مناسبت پیدا ہو گئی اور افادہ کا راستہ مکمل ہو گیا...... اور بسا اوقات اس راہِ (سلوک) کے متوسطوں سے طالبوں کے فائدے اسقدر وقوع میں آ جاتے ہیں جو کہ منتہی بزرگ غیر مرجوع سے بھی میسر نہیں ہوتے۔ کیونکہ (راہِ سلوک کے) اکثر متوسط غیر مرجوع منتہیوں کی نسبت مبتدیوں کے ساتھ زیادہ مناسبت رکھتے ہیں...... اسی وجہ سے شیخ الاسلام ہروی قدس سرہ نے فرمایا ہے کہ اگر خرقانی اور محمد قصاب (بقید حیات) ہوتے تو میں تم کو (محمد قصاب) کے پاس بھیجتا اور خرقانی کی طرف نہ جانے دیتا کیونکہ وہ خرقانی کی نسبت تمہارے لئے زیادہ سودمند ہوتے۔ یعنی خرقانی منتہی تھے (لیکن) مریدان سے بہت کم فائدہ حاصل کرتے تھے یعنی منتہی غیر مرجوع تھے نہ کہ منتہی مطلق کہ مکمل افادہ کا کالعدم ہونا ان کے حق میں گیر واقع ہے کیونکہ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ سب سے زیادہ منتہی تھے حالانکہ آپ کا افادہ سب سے زیادہ ہے۔ لہٰذا افادہ کی کمی اور زیادتی کا انحصار رجوع اور ہبوط پر منحصر ہے نہ کہ انتہا اور عدم انتہا پر۔

یہاں ایک نکتہ ہے جس کو ذہن نشین کرنا نہایت ضروری ہے وہ یہ ہے کہ جس طرح نفس ولایت حاصل ہونے میں ولی





Marfat.com

کو اپنی ولایت کا علم ہونا شرط نہیں ہے، بلکہ بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ لوگ کسی ولی سے ان کے خوارق نقل کرتے ہیں (حالانکہ) اس کو ان خوارق کی نسبت بالکل اطلاع نہیں ہوتی......اور وہ اولیاء جو صاحب علم وکشف ہیں ہو سکتا ہے کہ ان کو بھی اپنے بعض خوارق پر اطلاع حاصل نہ ہو، بلکہ ان کی صورِ اشالیہ (مثالی صورتوں) کو (کارکنانِ قضا وقدر) متعدد مقامات پر ظاہر کر دیں اور دور دراز مقامات پر عجیب وغریب امور ان صورتوں سے ظہور میں لائیں کہ جن کی ان صاحب صورت (اولیاء کو) ہرگز اطلاع نہ ہو۔ ع

ے از ما و شما بہانہ بر ساختہ اند (بہانہ ہم سے تم سے ہے بنایا)

حضرت مخدومی قبلہ گاہی (خواجہ باقی باللہ) قدس سرہ فرمایا کرتے تھے کہ ایک بزرگ کہتے تھے کہ عجیب معاملہ ہے کہ لوگ اطراف وجوانب سے (میرے پاس) آتے ہیں، بعض کہتے ہیں کہ ہم نے آپ کو مکہ معظمہ میں دیکھا ہے اور موسم حج میں حاضر پایا ہے (بلکہ) ہم نے (آپ کے) ساتھ مل کر حج کیا ہے......اور بعض کہتے ہیں کہ ہم نے آپ کو بغداد میں دیکھا تھا اور اپنی دوستی کا اظہار کرتے ہیں، حالانکہ میں اپنے گھر سے باہر نہیں نکلا ہوں اور نہ ہی کبھی اس قسم کے آدمیوں کو دیکھا ہے کتنی بڑی تہمت ہے جو ناحق مجھ پر لگاتے ہیں۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِحَقَائِقِ الْاُمُوْرِ كُلِّهَا (سب کاموں کی حقیقت کو اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے)......اس سے زیادہ لکھنا طول کلامی ہے، ہاں اگر آپ کی طلب اور پیاس زیادہ معلوم ہوئی تو بہت جلد اور اس سے زیادہ لکھا جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ۱۱۹﴾ ۔ جاننا چاہیے کہ مکتوب ۱۰۷ جلد اول میں حضرت مجدد نے فرمایا: کرامات کا ظہور ولایت کے ارکان میں سے نہیں ہے اور نہ شرائط میں سے، شاید یہاں غالب کے اعتبار سے لزوم مراد لیا ہے، اس کو سمجھ لینا چاہیے ۱۲۔

﴿صہ۲۲۰﴾ لے والحديث بتمامه هكذا: يقول الله: انا عند ظن عبدى بى وانا معه اذا ذكرنى فان ذكرنى فى نفسه ذكرته فى نفسى وان ذكرنى فى ملأ خير منه ...... الحديث خ م ت س ق حصن حصين اى رواه البخارى و مسلم والترمذى والنسائى وابن ماجه كلهم عن ابى هريرة و سقط رمز الترمذى من نسخة الجلال ۱۲ حرز ثمين ترجمہ: پوری حدیث اس طرح ہے: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں اپنے بندے کے ذہن اور گمان کے مطابق ہوتا ہوں جو اس کا میرے متعلق ہوتا ہے اور میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جب کہ وہ مجھے یاد کرتا ہے، اگر وہ میری یاد اپنے دل میں کرتا ہے تو میں بھی اسکی یاد اسی طرح کرتا ہوں اور اگر وہ مجھے کسی جماعت کے اندر یاد کرتا ہے تو میں اسے اس سے بہتر جماعت میں یاد کرتا ہوں۔

(بخاری ومسلم، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، عن ابی ہریرۃ)

۲ قولہ قدرت: یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کو اپنی حکمت کے پردے کے پیچھے پوشیدہ رکھا ہے اور ہر ایک پر ظاہر نہیں کیا ہے ۱۲

۳ قولہ اما معاملہ: یعنی کرامات کے ظہور کا معاملہ یہ ہے لیکن تکمیل وارشاد الخ ۱۲

﴿صہ۱۲۱﴾ لے شیخ ابوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ کا نام علی بن جعفر ہے، اپنے دور کے یگانہ، غوث اور قبلہ وقت تھے کیونکہ ان کے زمانہ میں ارباب طریقت ان ہی کی طرف رجوع کرتے تھے۔ شیخ ابوالعباس قصاب نے کہا تھا کہ ہمارا یہ کاروبار خرقانی کو سنبھالنا ہوگا، یعنی سفر وزیارت چنانچہ ان کے انتقال کے بعد یہ معاملہ خرقانی ہی کو سنبھالنا پڑا، جیسا انہوں نے کہا تھا۔ شیخ ابوالحسن کی نسبت تصوف میں سلطان العارفین شیخ ابویزید بسطامی قدس سرہ سے ہے، اور سلوک میں ان کی تربیت شیخ ابویزید کی روحانیت سے



پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ

Marfat.com

ہے شیخ ابوالحسن کی ولادت شیخ ابویزید کی وفات کے کافی عرصہ بعد ہوئی تھی، شیخ ابوالحسن عاشورہ کے دن منگل کی رات میں ۴۲۵ھ کو فوت ہوئے تھے، آپ نے فرمایا ہے کہ صوفی جُبّہ و دستار اور مصلّے سے صوفی نہیں بنتا اور نہ رسم و عادات سے صوفی ہوتا ہے، صوفی وہ ہے جو خود کچھ نہ ہو، آپ نے فرمایا: بیدار وہ ہے جب وہ خدا کو یاد کرے تو از سرتا پا خدا کی یاد سے باخبر ہو ۱۲ نفحات

ح قولہ حضرت مخدومی: یعنی حضرت خواجہ خود سے فانی اور حق کے ساتھ باقی پیر بزرگوار خواجہ محمد الباقی قدس سرہ ۱۲

ط قولہ محمد قصاب: ابوالعباس قصاب کے شاگرد تھے، ان کا کلام بہت بلند تھا، شیخ ابوالعباس نے ان کو وعظ گوئی سے روک دیا تھا اور کہہ دیا کہ عوام میں یہ باتیں (معارف) نہ بیان کریں، وہ دامغان میں رہتے تھے قدس سرہ ۱۲

..............................................................

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۱۱۹﴾ ☆ سر ...... راز ۱۲ ☆ بُعد ...... دوری جسی ۱۲ ...... جسمانی دوری ۱۲ ☆ حائل ...... حجاب ۱۲ ...... پردہ ۱۲ ☆ خوارق ...... کرامات ۱۲ ...... کرامتیں ۱۲ ☆ اصل عظیم ...... قانون کلی ۱۲ ...... عام قانون ۱۲ ...... اضراب نما قبلہ

﴿صہ ۱۲۰﴾ ☆ قِلّتِ نزول ...... بے ملاحظہ حال عروج ۱۲ ...... عروج کے حال کا ملاحظہ کئے بغیر ۱۲ ☆ بہر کیف ...... ای بکون جانب العروج علی ای کیفیۃ کانت ۱۲ ...... یعنی عروج کی جانب کسی بھی کیفیت پر ہو ۱۲ ☆ مرتفع ...... زائل ۱۲ ...... دور ہونیوالا ۱۲ ☆ بخاطری خلید ...... می گذشت و ترددی کرد و وسواس ۱۲ ...... دل میں گذرا اور تردد وسوسہ رہا ☆ خوارق ...... کرامات ۱۲ ...... کرامتیں ۱۲ ☆ مُعَمَّا ...... اشکال دقیق ۱۲ ...... بڑا باریک مشکل مسئلہ ۱۲ ☆ اعانت ...... مدد ۱۲ ☆ درست ...... بالتمام والکمال ۱۲ ...... کامل اور پورے طور پر ۱۲ ☆ چہ ...... در ۱۲ ...... میں ۱۲

﴿صہ ۱۲۱﴾ ☆ اَغلَب ...... چہ حال اقل قلیل مثل سید محی الدین قدس سرہ برخلاف این است ۱۲ ...... یعنی ایسا حال بہت کم ہوتا ہے سید محی الدین سید عبدالقادر جیلانی قدس سرہ کی مثل ان کا معاملہ اس عام طریقے کے خلاف ہے ۱۲ ☆ بالاتر رفت ...... در معارج عروج ۱۲ ...... بلندی کے درجات میں ۱۲ ☆ بکافہ ...... بتمام خلق ۱۲ ...... تمام مخلوق کے ساتھ ۱۲ ☆ بجائے ...... بقید حیات ظاہری ۱۲ ...... ظاہری حیات میں ۱۲

..............................................................

# دوسو سترہواں مکتوب ﴿۲۱۷﴾

ملا طاہر بدخشی کی طرف صادر فرمایا ...... اس بیان میں کہ نسبت باطن جسقدر جہالت اور حیرت کی طرف لیجائے اسقدر بہتر ہے اور اس بیان میں کہ اس کا کیا سبب ہے کہ اولیاء اللہ کے بعض کشف غلط ہوتے ہیں اور ان کے خلاف ظاہر ہوتا ہے، اور قضائے معلق (مشروط) و قضائے مبرم (غیر مشروط) کے درمیان فرق اور ان میں سے ہر ایک کے حکم میں اور اس بیان میں کہ جو کچھ قطعی طور پر اور اعتماد کے لائق ہے وہ صرف کتاب وسنّت ہے، اور اس بیان میں کہ بعض مخلصوں کو طریقہ سکھانے کی اجازت دینا (ان کے) کمال و تکمیل کی علامت نہیں ہے، اور ان سے متعلق امور میں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ عَلَيْهِمْ وَعَلٰى اٰلِهٖ





Marfat.com

(تمام تعریفیں اللہ رب العلمین کے لئے ہیں اور حضرت سید المرسلین اور آپ کی تمام آل و اولاد پر صلوٰۃ وسلام ہو)......ایک عرصہ سے آپ نے اپنے حال واحوال سے مطلع نہیں کیا بہر حال استقامت مطلوب ہے۔ کوشش کریں کہ عمل اور اعتقاد کے اعتبار سے بال برابر بھی خلاف شریعت (کوئی کام) واقع نہ ہو......اور باطنی نسبت کی حفاظت کو اہم ترین مقاصد میں سے سمجھیں اور (باطنی نسبت) جسقدر جہالت کی طرف لے جائے بہتر ہے اور جسقدر حیرت تک پہنچے اسی قدر بہتر ہے کیونکہ کشوف الٰہی اور ظہوراتِ اسمائی جو بھی اس راہ میں واقع ہیں وہ سب وصول (الٰہی) کے حاصل ہونے کے بعد کم ہو جاتے ہیں اور جہالت (نادانی) اور مطلوب کے نہ پانے کے علاوہ کوئی دوسرا امر باقی نہیں رہتا۔......اور کشوفِ کونی کے بارے میں کیا تحریر کیا جائے کیونکہ وہاں خطا کی گنجائش بہت زیادہ ہے اور غلطی کا گمان غالب ہے اور اس کے وجود وعدم کو یکساں جاننا چاہیے۔

......اگر سوال کریں کہ کیا سبب ہے کہ بعض کشوف کونی جو اولیاء اللہ سے صادر ہوتے ہیں ان میں غلطی واقع ہو جاتی ہے اور ان کے خلاف ظہور میں آتا ہے......مثلاً خبر دی گئی کہ فلاں شخص ایک ماہ بعد مر جائے گا، یا سفر سے وطن واپس آئے گا۔ (لیکن) اتفاقاً ایک ماہ بعد ان دونوں باتوں میں سے کوئی بات بھی وقوع میں نہ آئی......تو اس کا جواب یہ ہے کہ جس چیز کے متعلق کشف ہوا ہے اور جس بات کی خبر دی گئی ہے اس کا حاصل ہونا چند شرائط پر مشروط تھا۔ صاحبِ کشف نے اسوقت ان شرائط کی تفصیل پر اطلاع نہیں پائی اور اس چیز کے مطلق طور پر حاصل ہونے کا حکم کر دیا......یا یہ وجہ ہے کہ لوحِ محفوظ کے احکام میں سے کوئی ایسا حکم عارف پر ظاہر ہوا کہ وہ حکم فی نفسہٖ محو واثبات کے قابل ہے اور قضائے معلق کی قسم سے ہے لیکن اس عارف کو اس حکم کے معلق ہونے اور اس کے محو ہونے کے قابل ہونے کے متعلق کچھ خبر نہیں ہے۔ اس صورت میں اگر وہ (عارف) اپنے علم کے مطابق حکم کرے گا تو اس میں ضرور ہی خلاف ہونے کا احتمال ہوگا۔

منقول ہے کہ ایک دن حضرت جبرئیل علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے ہمارے حضرت پیغمبر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں حاضر ہو کر ایک شخص کے بارے میں اطلاع دی کہ یہ نوجوان کل صبح ہوتے ہی مر جائے گا......حضرت پیغمبر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کو اس نوجوان کے حال پر رحم آیا اور آپؐ نے اس سے دریافت فرمایا کہ تجھ کو دنیا میں کس چیز کی آرزو ہے؟ اس نے عرض کیا کہ دو چیزوں کی آرزو رکھتا ہوں: ایک کنواری بیوی، دوسرے حلوا......آپؐ نے حکم فرمایا کہ دونوں چیزیں مہیا کی جائیں......وہ جوان رات کو اپنی اہلیہ کے ساتھ خلوت میں بیٹھا ہوا تھا اور حلوے کا طباق اس کے سامنے تھا۔ اتفاقاً اسی اثنا میں ایک ضرورت مند سائل دروازہ پر آیا اور اپنی ضرورت کا اظہار کیا۔ اس جوان نے حلوے کا طباق اٹھا کر اس فقیر کو دیدیا......جب صبح ہوئی تو حضرت پیغمبر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام اس نوجوان کے انتقال کی خبر کے منتظر تھے۔ جب دیر ہوگئی تو آپ نے فرمایا کہ اس جوان کا حال معلوم کر کے آؤ......معلوم ہوا کہ وہ خوش وخرم ہے تو آپ حیران رہ گئے۔ اسی اثنا میں حضرت جبرئیل علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ حلوے کے صدقے کی وجہ سے اس جوان کی بلا دفع ہوگئی۔ دیکھا تو اس کے بستر کے نیچے ایک بڑا سانپ مردہ پایا گیا کہ جس کے پیٹ کے اندر اس قدر حلوا بھرا ہوا تھا کہ اس حلوے کی زیادتی کی وجہ سے وہ سانپ مر گیا۔

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ



Marfat.com

یہ فقیر اس حکایت کو پسند نہیں کرتا اور جبریل امین پر خطا کو تجویز نہیں کرتا کیونکہ وہ وحی قطعی کے حامل ہیں، اور حامل وحی پر خطا کا احتمال کرنا برا سمجھتا ہوں۔ مگر اس قدر کہتا ہوں کہ عصمت و امانت اور خطا کا عدم احتمال صرف وحی تک مخصوص ہے کہ جو حق تعالیٰ سبحانہ کی طرف سے صرف تبلیغ پر موقوف ہے اور یہ خبر وحی کی قسم سے نہیں ہے بلکہ یہ ایک ایسے علم کی خبر دینا مقصود تھی جو لوح محفوظ سے حاصل ہوا تھا اور جو محو و اثبات کا محل ہے، لہٰذا اس خبر میں خطا کی گنجائش ہو سکتی ہے۔ بخلاف وحی کے کہ وہ مجرد تبلیغ ہے۔ پس دونوں میں فرق ظاہر ہو گیا جس طرح کہ شہادت اور اخبار کے درمیان فرق ہے کیونکہ اول شرع کے اعتبار سے معتبر ہے اور دوسرا غیر معتبر۔

اللہ سبحانہ آپ کو رشد و ہدایت نصیب فرمائے...... جاننا چاہیے کہ قضا دو قسم پر ہے (۱) قضائے معلّق ......(۲) قضائے مبرم...... قضائے معلّق میں تغیر و تبدل کا احتمال ہے اور قضائے مبرم میں تغیر و تبدل کی گنجائش نہیں ہے۔ اللہ سبحانہ تعالیٰ فرماتا ہے: مَا یُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَیَّ (ق،۵۰، آیت ۲۹) (میرا قول کبھی تبدیل نہیں ہوتا) یہ آیت مبارکہ قضائے مبرم کے بارے میں ہے...... اور قضائے معلّق کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: یَمْحُوا اللّٰهُ مَا یَشَآءُ وَیُثْبِتُ ج وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْکِتٰبِ (سورۃ الرعد،۱۳، آیت ۳۹) (اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے ثابت (قائم) رکھتا ہے اور اس کے پاس ام الکتاب ہے)۔

میرے حضرت قبلہ گاہی (پیر و مرشد) قدس سرہ فرمایا کرتے تھے کہ حضرت سید محی الدین جیلانی قدس سرہ نے اپنے بعض رسالوں میں لکھا ہے کہ "قضائے مبرم میں کسی شخص کو تبدیلی کی مجال نہیں ہے مگر مجھے ہے اگر میں چاہوں تو اس میں بھی تصرف کر سکتا ہوں"...... اور وہ اس بات پر بہت تعجب کرتے تھے اور بعید از فہم جانتے تھے...... یہ بات مدت تک اس فقیر کے ذہن میں رہی یہاں تک کہ حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ نے اس دولتِ عظمیٰ سے اس طرح مشرف فرمایا کہ ایک دن ایک بلیّہ کے دفع کرنے کے درپے ہوا جو بعض دوستوں میں سے ایک دوست کے حق میں مقرر ہو چکی تھی اس وقت بڑی التجا و عاجزی اور نیاز و خشوع کی تو (کشف و الہام سے) معلوم ہوا کہ لوحِ محفوظ میں اس امر کی قضا کسی امر کے ساتھ معلّق اور کسی شرط پر مشروط نہیں ہے۔ اس بات سے ایک طرح کی یاس و ناامیدی ہو گئی اس وقت حضرت سید محی الدین قدس سرہ کی بات یاد آئی تو دوبارہ پھر ملتجی اور متضرع ہوا اور بڑے عجز و نیاز سے متوجہ ہوا تب محض حق تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس فقیر پر ظاہر کیا گیا کہ قضائے معلّق (بھی) دو طرح پر ہے...... ایک وہ کہ جس کا معلّق ہونا لوحِ محفوظ پر ظاہر کر دیا گیا ہے اور فرشتوں کو (بھی) اس کی اطلاع دی گئی ہے...... اور دوسری وہ قضا کہ جس کا معلّق ہونا صرف حق تعالیٰ جل شانہ ہی کے علم میں ہے اور بس۔ اور لوحِ محفوظ میں وہ قضائے مبرم کی صورت رکھتی ہے...... اور قضائے معلّق کی اس دوسری قسم میں پہلی قسم کی طرح تبدیلی کا احتمال ہے...... یہاں سے معلوم ہوا کہ حضرت سید (محی الدین) قدس سرہ کی بات بھی اسی اخیر قسم سے ہے جو قضائے مبرم کی صورت رکھتی ہے، نہ کہ اس قضا پر جو حقیقت میں مبرم ہے کیونکہ اس میں تصرف و تبدل عقلی اور شرعی طور پر محال ہے جیسا کہ یہ بات پوشیدہ نہیں ہے اور حق یہ ہے کہ جب کسی کو اس قضا کی حقیقت پر اطلاع ہی بہت کم ہے تو پھر اس میں کوئی تصرف کیسے کر سکتا ہے۔ اور اس آفت و مصیبت کو جو اس دوست پر پڑی تھی اس قسم اخیر میں پایا اور معلوم ہوا کہ حق تعالیٰ نے اس بلیّہ کو (اس فقیر کی التجا سے) دفع فرما

پہلا دفتر مکتوباتِ امام ربانیؒ تیسرا حصہ



Marfat.com

دیا......وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ سُبْحَانَهٗ عَلٰی ذٰلِكَ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ مُبَارَكًا عَلَيْهِ وَكَمَا يُحِبُّ رَبُّنَا وَيَرْضٰی وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَالتَّحِيَّةُ عَلٰی سَيِّدِ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ خَاتَمِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ الَّذِیْ اَرْسَلَهٗ رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَعَلٰی جَمِيْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَالْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ اَجْمَعِيْنَ ۔اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنْ مُّحِبِّيْهِمْ وَمُتَابِعِیْ اٰثَارِهِمْ بِبَرَكَةِ هٰؤُلَآءِ الْكُبَرَاءِ وَيَرْحَمُ اللّٰهُ عَبْدًا قَالَ اٰمِيْنًا۔(اس بات پر اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی حمد ہے، ایسی حمد کثیر، طیب اور مبارک جیسی کہ ہمارا رب چاہتا اور پسند کرتا ہے اور اولین وآخرین کے سردار انبیاء ومرسلین کے خاتم جن کو اللہ تعالیٰ نے تمام عالموں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا اور آپ کے آل واصحاب اور آپ کے تمام بھائیوں جو انبیا وصدیقین شہدا اور صالحین ہیں اور تمام مقرب فرشتوں پر صلوٰۃ وسلام اور تحیۃ ہو۔ یا اللہ تو ہم کو ان بزرگوں کی برکت سے ان سب سے محبت کرنے والا ان کے آثار وافعال کا تابعدار بنا، اور اللہ تعالیٰ اس بندے پر رحم فرمائے جو آمین کہے)۔

اب ہم اصل بات کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور کہتے ہیں کہ بعض اوقات بعض علوم الہامی میں جو خطا ہو جاتی ہے اس کا سبب یہ ہے کہ بعض مسلمہ مقدمات جو صاحبِ الہام کے نزدیک ثابت ہیں اور نفس امر میں کاذب ہیں وہ علوم الہامی سے ایسے خلط ملط ہو جاتے ہیں کہ صاحبِ الہام ان میں تمیز نہیں کر سکتا بلکہ تمام کے تمام علوم کو الہامی خیال کر لیتا ہے۔ لہٰذا ان علوم کے بعض اجزا میں غلطی ہونیکی وجہ سے لازمی طور پر مجموع علوم میں غلطی واقع ہو گی۔ اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ (عارف) کشوف و واقعات میں امورِ غیبی کو دیکھتا اور خیال کرتا ہے کہ یہ ظاہر پر محمول ہیں اور صورت پر منحصر ہے تو اس خیال کے مطابق حکم کرتا ہے اور غلطی واقع ہو جاتی ہے وہ یہ نہیں جانتا کہ وہ امور ظاہر سے پھرے ہوئے ہیں اور تاویل وتعبیر پر محمول ہیں۔ اس مقام پر بھی کشف سراسر غلط ہو جاتا ہے۔

مختصر یہ کہ جو کچھ قطعی اور اعتماد کے لائق ہے وہ صرف کتاب وسنت ہے جو کہ وحی قطعی سے ثابت ہیں اور فرشتے کے نازل ہونے سے مقرر ہوئے ہیں، اور علماء کا اجماع اور مجتہدین کا اجتہاد بھی انہی دو اصولوں (کتاب وسنت) کی طرف راجع ہے)......ان چار شرعی اصولوں کے علاوہ جو کچھ بھی ہو اگر ان اصول کے مطابق ہے تو مقبول ہے ورنہ نہیں، اگرچہ وہ صوفیوں کے علوم ومعارف سے ہوں یا ان کے الہام وکشوف سے ہوں۔ لہٰذا ان کے وجد وحال کو جبتک شرع شریف کے ترازو میں نہ تول لیں اس وقت تک ان کو نیم جو سے بھی نہیں خریدتے، اور ان کے کشوف والہام کو جبتک کتاب وسنت کی کسوٹی پر نہ پرکھ لیں ان کو نیم جیتل کے برابر بھی پسند نہیں کرتے (یعنی ان کی کوئی حیثیت نہیں)۔

طریقِ صوفیہ کے سلوک سے مقصود یہ ہے کہ شرعی اعتقادات کی حقیقت پر جو حقیقتِ ایمان ہیں یقین زیادہ ہو جائے اور احکام شرعیہ کی ادائیگی میں آسانی (اور لطف) حاصل ہونے لگے اس کے علاوہ کوئی اور بات نہیں ہے، اور رویت (دیدار الٰہی) کا وعدہ جو آخرت پر موقوف رکھا گیا ہے وہ دنیا میں ثابت نہیں ہے......اور مشاہدات وتجلیات جن پر صوفیہ خوشی منا رہے ہیں وہ صرف ظلال سے آرام اور شبہ ومثال سے تسلی حاصل کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ ان سب سے وراء الوراء ہے۔

میں ڈرتا ہوں کہ اگر ان مشاہدات وتجلیات کی حقیقت کو جیسا کہ وہ ہیں بیان کروں تو اس راہ کے مبتدیوں کی طلب



Marfat.com

میں فتور پیدا ہو جائے اور ان کے شوق میں کمی آ جائے ......اور میں اس سے بھی ڈرتا ہوں کہ اگر علم کے باوجود اس کو بیان نہ کروں تو حق کو باطل سے ملانے والا نہ ہو جاؤں ۔ البتہ اس قدر اظہار کر دینا ضروری ہے کہ اس راہ کی مشاہدات وتجلیات کو حضرت موسیٰ کلیم اللہ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے پہاڑ ( کوہ طور ) کی تجلی وشہود کی کسوٹی پر پرکھ لیں ۔ اگر درست نہ نکلے تو مجبوراً اس کو ظلال اور شبہ ومثال پر محمول کرنا چاہیے تو پھر شاید درست ہوں کیونکہ تجلی سے مقصود دک وفک یعنی پارہ پارہ ہوتا ہے اور دنیا میں اس سے چارہ نہیں ہے خواہ باطن پر متجلی ہو خواہ ظاہر پر دک وفک ضروری ہے ۔ البتہ خاتم الانبیا علیہم الصلوات والتسلیمات اس وصمہ ( داغ ) سے مستثنیٰ ہیں ۔ آپ کو دنیا میں رویت ( شب معراج میں ) میسر ہوئی اور سرِ مو ( بال برابر ) بھی ہوش میں فرق نہ آیا اور آپ کے کامل متبعین کو جو اس مقام سے بہرہ ور ہیں ان کو بھی ظلال میں سے کسی ظل کے پردہ کے بغیر رویت نہ ہو گی ، صاحب تجلی سمجھے یا نہ سمجھے ۔...... جب حضرت موسیٰ کلیم اللہ اس مشاہدہ کے حال کی تجلی سے بیہوش ہو گئے تو پھر دوسروں کی کیا حیثیت ہے ۔

دوسرے یہ بھی جان لیں کہ بعض مخلصوں کو اجازت دینے کا مقصد یہ تھا کہ وہ اس طرح پر ایک جماعت کو گمراہی کے بھنور سے نکال کر حق جل وعلا کے راستے میں رہنمائی کریں اور خود بھی ان طالبوں کے ساتھ ( ذکر میں ) مشغول رہیں اور ترقیات حاصل کریں اور اس تعلق پر خوب غور کر کے کوشش کریں ( تا کہ ان کی اپنی بقایا بری عادتیں دور ہو جائیں اور مرید و مرشد دونوں اس دولت سے مشرف ہو سکیں ، نہ کہ یہ اجازت کمال وتکمیل کے وہم میں ڈال کر مقصود سے باز رکھے ۔ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلَاغُ ( قاصد کا کام پیغام پہنچا دینا ہے ) والسلام

## ﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۱۲۲﴾ ۱؎ جاننا چاہیے کہ ملا طاہر بدخشی کے مختصر حالات مکتوب نمبر ۱۲۲ جلد اول کے حاشیہ میں لکھے گئے ہیں وہاں سے ملاحظہ کئے جائیں

﴿صہ ۱۲۳﴾ ۱؎ قولہ محو: قال اللہ تبارک و تعالیٰ : يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ وَعِنْدَهٗ اُمُّ الْكِتَابِ ۱۲ ( سورۃ الرعد آیت ۳۹ ) ترجمہ : مٹاتا ہے اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے اور باقی رکھتا ہے ( جو چاہتا ہے ) اور اسی کے پاس ہے اصل کتاب ۱۲

۲؎ قولہ جبریل ......احادیث کی تخریج کرنے والے نے کہا ہے کہ یہ باطل ہے اسکی کوئی اصل نہیں بلکہ یہ جاہلوں کی گھڑی ہوئی ہے ، اسی لئے امام ربانی قدس سرہٗ نے اس کا رد کیا ہے جب کہا ہے کہ ''این فقیر این نقل رانمی پسند'' الخ ۱۲

۳؎ قولہ فافتر قا...... یعنی فرق ثابت ہو گیا ان دونوں میں یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے پہنچانا اور لوح محفوظ سے حاصل شدہ علم کی خبر دینا جیسا کہ شہادت اور خبر دینے میں فرق ظاہر وثابت ہے کیونکہ پہلا شرع کے اعتبار سے معتبر ہے اور دوسرا غیر معتبر ۱۲

۴؎ قولہ الشہادۃ : لغت کے لحاظ سے شہادت کہتے ہیں قطعی خبر کو شریعت میں شہادت کہتے ہیں سچی خبر دینے کو حق کے ثابت کرنے کے لئے شہادت کے لفظ سے قاضی کی مجلس میں اگر چہ بغیر دعویٰ کے ہو ، اور اسکی اکیس شرطیں رکھی گئی ہیں ، تحمل کی شرطیں تین ہیں اور ادا کی شرطیں سترہ ہیں اور شہادت کی شرط ایک ہے ۔ اسکی تفصیل فقہ میں کتاب الشہادت کے عنوان سے موجود ہے

۵؎ قولہ الثانی : یعنی صرف خبر دینا جو شہادت کی شرائط سے خالی ہو کیونکہ وہ مقام شہادت میں غیر معتبر ہے اگر چہ سچی ہو اصل میں اسکو خوب سمجھ لو ۱۲

۶؎ یعنی میرا قول کبھی تبدیل نہیں ہوتا ۱۲ ( سورۃ ق پارہ ۲۶ ، آیت ۲۹ )

﴿صہ ۱۲۴﴾ ۱؎ یعنی مٹاتا ہے اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے اور باقی رکھتا ہے ( جو چاہتا ہے ) اور اسی کے پاس ہے اصل کتاب ( لوح محفوظ ) ۱۲





Marfat.com

(سورۃ رعد آیت ۳۹ پارہ ۱۳)

۲ قولہ صورت قضا: یعنی بظاہر لوح محفوظ میں کسی امر کے ساتھ مشروط نہیں ہے بلکہ مطلق چھوڑی گئی ہے لیکن حقیقت میں وہ کسی قید سے مقید ہوتی ہے اور کسی شرط سے مشروط ہوتی ہے ۱۲

﴿صہ ۱۲۵﴾ ۱ قولہ اجماع: سوال مقدر کا جواب ہے کیونکہ علماء نے فرمایا ہے شریعت کے اصول چار ہیں (۱) کتاب اللہ (۲) سنت رسول اللہ (۳) اجماع علماء (۴) قیاس مجتہدین ۱۲

۲ قولہ ہرچہ باشد: یعنی تعامل، عرف، رسول وعادات اور پہلی امتوں کی خبریں، الہام وکشف اور وجد وحال وغیرہ ۱۲

۳ قولہ والا فلا یعنی ان چار اصولوں کے موافق نہیں ہے تو مقبول نہیں ہے ۱۲

۴ قولہ بظلال: ظِل کی جمع ہے بمعنی کسی چیز کا وجود، دوسرے اور تیسرے مرتبہ میں الخ ۱۲

۵ قولہ وراء الوراء یعنی ظلال کے پردوں کے پیچھے اور تجلیات ومشاہدات کے حجابات کے پیچھے ہے۔ ان لِلّٰه سبعين الف حجاب (بے شک اللہ کے لئے ستر ہزار پردے ہیں) ۱۲

۶ قولہ کوہ موسیٰ: اللہ سبحانہ کے اس قول کی طرف اشارہ ہے۔ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ۱۲ (پھر جب تجلی ڈالی ان کے رب نے پہاڑ پر تو کردیا اسے پاش پاش اور گر پڑے موسیٰ بے ہوش ہوکر) ۱۲

۷ دک وفک: دک دال پر زبر اور کاف پر شد ہے اس کے معنی ہیں کوٹنا، اور فک بھی دک کی طرح پڑھا جاتا ہے، اس کے معنی ہیں جدا کرنا دو آپس میں ملی ہوئی چیزوں کو ۱۲

﴿صہ ۱۲۶﴾ ۱ قولہ صَمہ بغیر نقطہ صاد پر زبر ہے عیب کے معنی میں ہے ۱۲

۲ وَخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا (اور گر پڑے موسیٰ بے ہوش ہوکر) نص قطعی ہے ۱۲

..........................................

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۱۲۲﴾ ☆ بجہالت ...... نادانی ۱۲ ...... لاعلمی، ناواقفی ۱۲ ☆ حیرت ...... حیرانی ۱۲ ☆ مُعلَّق ...... مشروط ۱۲ ☆ مُبرَم ...... غیر مشروط ۱۲ ☆ مَہام ...... ضرور ترین مقاصد ۱۲ ...... بڑے ضروری مقاصد ☆ کہ ...... زیرا کہ ۱۲ ...... کیونکہ ۱۲ ☆ اثناء راہ ...... میان ۱۲ ...... درمیان ۱۲ ☆ مَظِنَّہ غلط ...... بالفتح میم وکسر ظائے معجمہ وتشدید نون، موضع ظن یعنی جائے گمان بردن ۱۲ ...... میم پر زبر ظا کے نیچے زیر اور او پر شد موضعِ ظن یعنی گمان لے جانے کی جگہ ۱۲

﴿صہ ۱۲۳﴾ ☆ بِکر ...... بالکسر زن دوشیزہ ۱۲ ...... با کے زیر سے، کنواری نوجوان لڑکی ۱۲ ☆ طَبَق ...... بفتحتین ظرف معروف ۱۲ ...... پہلے دونوں حرفوں پر زبر ہے، مشہور برتن یعنی بڑی پلیٹ ۱۲ ☆ در ...... دروازہ ۱۲ ☆ درست ...... ہمہ ۱۲ ...... پورا ۱۲ ☆ قِبل ...... جانب ۱۲ ...... طرف ۱۲

﴿صہ ۱۲۴﴾ ☆ حضرت قبلہ ...... پیر بزرگوار ۱۲ ...... حضرت باقی باللہ قدس سرہٗ ۱۲ ☆ صدد ...... درپے ۱۲ ...... قصد کرنا اور درپے ہونا ۱۲ ☆ نامزد شدہ بود ...... از حاکم وقت ۱۲ ...... حاکم وقت کی طرف سے نامزد کیا ہوا تھا ۱۲ ☆ ظاہر شد ...... از جانب حق جل وعلا بطریق کشف والہام ۱۲ ...... اللہ تعالیٰ کی طرف سے کشف والہام کے ذریعے ظاہر ہوا ۱۲ ☆ مَرَّةً ثانيةً ...... دیگر بار ۱۲ ...... دوسری بار ۱۲ ☆ متضرع گشت ...... این فقیر ۱۲ ...... یعنی شیخ مجدد ۱۲ ☆ رنگ ...... مانند ۱۲ ...... مثل ۱۲ ☆ دران ...... داخل ۱۲ ...... اندر ۱۲ ☆ دفع آن بلیہ فرمود ...... بدعائے این فقیر ۱۲ ...... یعنی حضرت مجدد کی دعا سے ۱۲





Marfat.com

﴿صہ ۱۲۵﴾ ☆ دواصل ...... کتاب وسنت ۱۲ ...... قرآن وسنت ۱۲ ☆ آنجا ...... نزد حق جل وعلا درروز قیامت ۱۲ ...... قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے سامنے ۱۲ ☆ محک ...... بفتحتین وبکسر اول وفتح حائے مہملہ نیز بمعنی سنگ زرکش کہ سیاہ باشد وبرآن آزمائش زرکنند ۱۲ ...... پہلے دونوں حرفوں پر زبر اور پہلے حرف کے نیچے زیر حا پر زبر دونوں طرح بولا جاتا ہے، یعنی وہ سیاہ پتھر جس پر سونے کو رگڑ کر دیکھتے ہیں کہ صحیح ہے کھوٹ والا، اس پتھر کو کسوٹی کہتے ہیں ۱۲ ☆ نیم جیتل ...... دام ۱۲ ...... قیمت ۱۲ ☆ یُسر ...... آسانی ۱۲ ☆ موعُود ...... از کتاب وسنت ۱۲ ...... قرآن و سنت سے ۱۲ ☆ کَما ھِیَ ...... چنانکہ شاید و باید ۱۲ ...... جیسا کہ وہ ہے ۱۲ ☆ فتور ...... سستی ۱۲ ☆ قصور ...... کوتاہی ۱۲ ☆ محک ...... سنگ امتحان زر ۱۲ ...... سونا پرکھنے کا پتھر کسوٹی ۱۲ ☆ البتہ ...... ہرگز ۱۲ ☆ مفقود ...... اندرین مشاہدات وتجلیات ۱۲ ...... ان مشاہدات اور تجلیات میں ۱۲ ☆ خاتم الانبیاء ...... جواب سوال مقدر است وتقریر ہردو ظاہر است برذہن ثاقب ۱۲ ...... سوال مقدر کا جواب ہے، سوال وجواب دونوں کا بیاں روشن ذہن پر ظاہر ہے ۱۲ ☆ دردنیا ...... دید حق را ۱۲ ...... اللہ تعالیٰ کے دیدار کا ۱۲

﴿صہ ۱۲۶﴾ ☆ میرّا ...... پاک ۱۲ ☆ دردنیا ...... درشب معراج ۱۲ ...... معراج کی رات ۱۲ ☆ رؤیۃ ...... یعنی دید حق تعالیٰ وَھُوَ الراجح عِنْدَ اھلِ السُّنَّۃِ ۱۲ ...... یعنی اللہ کا دیدار اور یہی راجح ہے اہل سنت کے نزدیک ۱۲ ☆ صَعقہ ...... بالفتح، حرف سوم قاف، بیہوشی ۱۲ ...... صاد پر زبر اور تیسرا حرف قاف ہے، معنی ہیں بیہوشی ۱۲ ☆ بقایائے ...... رزائل ۱۲ ...... جمع ہے رذیلت کی، نالائقیاں کمینگیاں ۱۲

# ﴿۲۱۸﴾ دوسو اٹھارہواں مکتوب

ملا داؤد کی طرف صادر فرمایا ...... پیر طریقت کے آداب کی رعایت کے بیان میں۔

میرے عزیز بھائی مولانا داؤد کا گرامی نامہ موصول ہو کر باعثِ مسرت ہوا۔ حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ اپنے نبی اور ان کی آل و امجاد علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات کے طفیل آپ کے ظاہر و باطن کو اپنی مرضیات سے آراستہ و پیراستہ کرے ...... باطن کے سبق کی تکرار کرنے میں اور خواجگانِ (نقشبندیہ) قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے طریق پر استقامت اختیار کریں، ایسا نہ ہو کہ (ماحول کے) پراگندہ اثرات سے سستی واقع ہو جائے ...... اور اگر بالفرض کوئی ظلمت یا کدورت (دل پر) طاری ہو جائے تو اس کا علاج یہ ہے کہ حق جل سلطانہ کی پاک بارگاہ میں التجا وتضرع اور نیاز و شکستگی بجالائیں اور اپنے پیر کامل کی طرف جو کہ اس دولت (جمعیت قلب) کے حاصل ہونے کا وسیلہ ہے پوری توجہ کریں اور حضور وغیبت میں اس دولتِ عظمیٰ کے وسیلوں (پیروں) کے آداب کی رعایت کو اچھی طرح مدِ نظر رکھیں اور ان بزرگواروں کی رضامندی کو حق سبحانہ وتعالیٰ کی رضامندی کا وسیلہ خیال کریں، نجات وفلاح کا طریقہ یہی ہے۔ والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۱۲۶﴾ قولہ سَبَق: پہلے دونوں حرفوں پر زبر ہے، کتاب سے اتنی مقدار جو ہر روز پڑھی جائے ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ





Marfat.com

☆متن......بین السطور......معانی

☆فتورے......سستی ۱۲ ☆ظلمتے......تاریکی ۱۲......اندھیرا ۱۲ ☆طاری......عارض ۱۲......ظاہر ہونے والا، اچانک پیش آنے والا ۱۲ ☆مُربّی......پیر کامل ۱۲ ☆وسائل......جمع وسیلہ ۱۲......وسیلہ کی جمع ۱۲

.......................................

# دوسوانیسواں مکتوب (۲۱۹)

میرزا ایرج کی طرف صادر فرمایا......اس بیان میں کہ آدمی اپنی نادانی کی وجہ سے اپنے ظاہری مرض کے ازالہ کی فکر میں رہتا ہے اور اپنے باطنی مرض جس سے دل کی گرفتاری مراد ہے غافل ہے اور اس کے مناسب بیان میں۔

عَصَمَکُمُ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ عَمَّا یَصِمُکُمْ وَصَانَکُمْ عَمَّا شَانَکُمْ بِحُرْمَةِ سَیِّدِ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ مِنَ الصَّلَوَاتِ اَتَمُّھَا وَمِنَ التَّسْلِیْمَاتِ اَکْمَلُھَا (اللہ سبحانہ وتعالیٰ آپ کو سید الاولین والآخرین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ اجمعین کے طفیل ہر اس چیز سے بچائے جو آپ کو داغدار کرے اور ہر اس بات سے محفوظ رکھے جس سے آپ کی شان پر حرف آئے......اے سعادت وشرافت کے نشان والے! جب آدمی کو کوئی ظاہری مرض لاحق ہو جاتا ہے اور بدن کے حصوں میں سے کسی حصے کو تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اس مرض کے دور کرنے میں اسقدر مبالغہ کرتا ہے اور کوشش کی جاتی ہے کہ (کسی طرح) وہ مرض دفع ہو جائے اور آفت دور ہو جائے......لیکن قلبی مرض نے کہ جس سے مراد حق جل وعلا کے ماسوٰی کی گرفتاری ہے اس پر اس طرح غلبہ کر لیا ہے جو قریب ہے کہ اس کو ابدی موت تک پہنچا کر ہمیشہ کے عذاب میں مبتلا کر دے، اس کے ازالہ کی کوئی فکر نہیں کرتا اور نہ اس کے دفع کرنے کی کوشش کرتا ہے (ایسا آدمی دو حال سے خالی نہیں)......اگر اس (دنیا کی) گرفتاری کو مرض نہیں سمجھتا تو وہ بہت بے وقوف ہے اور اگر جانتا ہے پھر بھی نہیں ڈرتا تو بڑا ہی پلید ہے......البتہ اس مرض کے سمجھنے کے لئے عقلِ معاد درکار ہے کیونکہ عقلِ معاش (دنیوی عقل) اپنی کوتاہ اندیشی کی وجہ سے ظاہر بینی تک محدود ہے اور جس طرح عقلِ معاش اپنے لذاتِ فانیہ کی وجہ سے آفاتِ معنویہ (باطنی امراض) کو مرض نہیں سمجھتی اسی طرح عقلِ معاد بھی اخروی ثوابوں کے پیش نظر امراضِ ظاہری کو مرض تصور نہیں کرتی، عقلِ معاش کوتاہ بین ہے اور عقلِ معاد حدید البصر نہایت تیز (دور بین) ہے......عقلِ معاد انبیاء واولیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کا حصہ ہے، اور عقلِ معاش دنیا دار مالداروں کے لئے مرغوب ہے شَتَّانَ بَیْنَھُمَا (دونوں کے درمیان بڑا فرق ہے) اور وہ اسباب جو عقلِ معاد کو حاصل کرنے والے ہیں ان میں سے ذکر موت ہے، آخرت کے احوال کے تذکرے ہیں، اور اس جماعت کی مجلس میں حاضری ہے جو آخرت کی دولت سے مشرف ہیں۔

؎ دادیم تراز گنج مقصود نشان گرما نہ رسید یم تو شاید برسی

(گنج مقصود تم کو بتایا تم تو پہنچو جو ہم نہیں پہنچے)

جاننا چاہیے کہ جس طرح ظاہری مرض کی بان پر احکامِ شرعیہ کی ادائیگی میں دشواری ہوتی ہے اسی طرح باطنی مرض میں





Marfat.com

بھی دشواری لازم آتی ہے۔اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے: كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ إِلَيْهِ (شوریٰ، ۱۳، آیت ۴۲) (مشرکین پر وہ بات بہت گراں ہے جس کی طرف تم ان کو بلاتے ہو)۔ نیز ارشاد ہے: وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ (بقرۃ،۲، آیت،۴۵) اور بے شک (نماز بہت گراں ہے مگر خشوع کرنے والوں پر گراں نہیں)

ظاہری (جسمانی) مرض میں قویٰ اور اعضاو جوارح کی کمزوری اس دشواری کو مستلزم ہے اور باطنی امراض میں یقین کا ضعف اور ایمان کی کمی اس دشواری کا موجب ہے ورنہ تکالیف شرعیہ شرعی احکامات کی بجا آوری) میں سراسر آسانی سہولت اور تخفیف ہے۔آیت کریمہ۔ يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ (بقرۃ،۲، آیت،۱۸۵) (اللہ تعالیٰ تمہارے لئے آسانی چاہتا ہے دشواری نہیں چاہتا) نیز آیت کریمہ: يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ وَ خُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا (نساء،۴، آیت ۲۸) اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ تمہارا بوجھ ہلکا کردے اور انسان (درحقیقت) ضعیف پیدا کیا گیا ہے)...... یہ دونوں آیتیں اسی معنی پر گواہ ہیں۔مصرع

؎ خورشید نہ مجرم از کسے بینا نیست (اندھا نہ دیکھ پائے تو سورج کا کیا قصور؟)

لہٰذا اس مرض کے دور کرنے کی فکر ضروری ہے اور حاذق طبیبوں کی خدمت میں عرض کرنا فرض عین ہے، مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلَاغُ (قاصدوں کا کام (احکام) پہنچا دینا ہے)۔ والسّلام

---

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ ۱۲۷﴾ ۱ قولہ ماتا: یہ لفظ شبیہ، نظیر اور مانند ہونے والا کے معنی میں اور تحقیق، شاید اور غرور وغلبہ کے معنی میں بھی آتا ہے ۱۲

۲ قولہ بواسطہ: یعنی ان لذتوں میں مشغول ہونے کے سبب الخ ۱۲

۳ یعنی آخرت کے ثواب کے حاصل کرنے کی جہت سے اور اس کا مشغول ہونا نیک اعمال میں جو اُخروی ثوابوں کے اسباب ہیں الخ ۱۲

۴ قولہ كَبُرَ ...... یعنی مشرکین پر وہ بات بہت گراں ہے جس کی طرف تم ان کو بلاتے ہو۔ شوریٰ آیت ۱۳، پارہ ۲۵ میں یہ آیت واقع ہے ۱۲

؎ حديدُ البَصر: باریک اور تیز دیکھنا ۱۲

؎ دونوں کے درمیان بڑا بُعد اور دوری ہے ۱۲

۵ قولہ وَاِنَّهَا: یعنی اور بے شک (نماز) بہت گراں ہے مگر خشوع کرنے والوں اور ڈرنے والوں پر گراں نہیں۔ سورۃ بقرہ آیت ۴۵، پارہ اول ۱۲

۶ یعنی اللہ تعالیٰ تمہارے لئے آسانی چاہتا ہے دشواری نہیں چاہتا۔ سورہ بقرہ آیت ۱۸۵ پارہ دوم ۱۲

۷ یعنی اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ تمہارا بوجھ ہلکا کردے اور انسان ضعیف پیدا کیا گیا ہے سورہ نساء آیت ۲۸ پارہ پنجم ۱۲

..............................

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۱۲۷﴾ ☆ طاری ...... عارض ۱۲ ...... ملنے والا ...... پیش آنے والا ۱۲ ☆ استیلاء ...... غلبہ ۱۲ ...... تسلط ۱۲ ☆ سرمدی ...... دائمی ۱۲ ...... ہمیشہ رہنے والا ۱۲ ☆ ازالہ ...... دور نمودن ۱۲ ...... دور کرنا ۱۲ ☆ سفیہ ...... نادان ۱۲ ...... بے عقل ۱۲ ☆ پلید





Marfat.com

......ناپاک۱۲☆ مانا......البتہ۱۲...... بے شک ۱۲☆ عقلِ معاد...... جائے بازگشت یعنی آخرت ۱۲......لوٹنے کی جگہ یعنی آخرت ۱۲☆ است......زیراکہ......اس واسطے کہ ۱۲☆ معاش......دنیا۱۲☆ کوتاہ اندیشی......ایں گرفتاری را مرض ۱۲......اس گرفتاری کا مرض ۱۲☆ مقصور......بند ۱۲☆ صوریہ......ظاہر ۱۲☆ مثوبات......ثوابہا ۱۲......بہت سے ثواب ۱۲☆ قصیر النظر......کوتاہ بین ۱۲......کم دیکھنے والا۱۲☆ ورد......یاد ۱۲☆ تعسّر......دشواری ۱۲☆ عسر......دشوار ۱۲......مشکل ۱۲☆ عدمِ یُسر......یعنی عسر و دشواری ۱۲......تنگی اور مشکل ۱۲☆ الا......ورنہ ۱۲☆ اَطباء......جمع طبیب ۱۲......طبیب کی جمع ہے ۱۲☆ شاہد......گواہ ۱۲

# دوسو بیسواں مکتوب (۲۲۰)

شیخ حمید بنگالی کی طرف صادر فرمایا......صوفیوں کی بعض غلطیوں اور ان غلطیوں کے منشا کے بیان میں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَعَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ ط (تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لئے ہیں اور حضرت سید المرسلین وعلی آلہ واصحابہ علیہم اجمعین پر صلوٰۃ وسلام ہو)......اس علاقہ کے فقراء کے حالات واطوار دن بدن شکر کی زیادتی کا باعث ہو رہے ہیں اور دور کے رہنے والے دوستوں کے متعلق بھی یہی امید ہے۔

اے عزیز! یہ رشتہ غیب الغیب (پردہ در پردہ) ہے جس میں سالکوں کے قدم بہت لغزش کھاتے ہیں، لہذا آپ اعتقادات واعمال میں شریعت کے رشتہ کو مدنظر رکھتے ہوئے زندگی بسر کریں۔ حضور وغیبت (سامنے اور پس پردہ) میں (فقیر کی) یہی نصیحت ہے، ایسا نہ ہو کہ غفلت واقع ہو جائے۔ لہذا اس راہ کی بعض غلطیاں تحریر کی جاتی ہیں اور اس کا منشا غلطیوں کی نشان دہی کرنا ہے (امید ہے کہ) حصولِ عبرت کی نظر سے ملاحظہ فرمائیں گے۔ اور مذکورہ جزئیات کے علاوہ ان کے اندازے کے مطابق کام کریں گے۔

جاننا چاہیے کہ صوفیہ کی بعض غلطیاں یہ ہیں کہ کبھی کبھی سالک مقامِ عروج میں اپنے آپ کو دوسروں سے بالاتر پاتا ہے جن کی افضلیت علماء کے اجماع سے ثابت ہو چکی ہے، حالانکہ یقیناً اس سالک کا مقام ان بزرگوں کے مقامات سے نیچے ہے۔ بلکہ یہ اشتباہ کبھی کبھی انبیاء علیہم الصلوات التسلیمات کی نسبت بھی ہو جاتا ہے جو قطعی طور پر بہترین مخلوق ہیں، عِیَاذًا بِاللّٰهِ سُبْحَانَهٗ مِنْ ذٰلِكَ۔

اس بارے میں بعض کی غلطیوں کا منشا یہ ہے کہ انبیاء واولیاء میں سے ہر ایک کا عروج پہلے ان اسماء تک ہے جو ان کے وجودی تعینات کے مبادی ہیں اور اس عروج کی بنا پر ان کی ولایت کی تحقیق ہوتی ہے اور دوسرے ان کا عروج ان اسماء میں پھر ان اسماء سے جہاں تک اللہ تعالیٰ چاہے حاصل ہو جاتا ہے۔ لیکن اس عروج کے باوجود ان کی منزل اور مقام وہی اسمِ مبارک ہے جو ان کے وجودی تعین کا مبدا ہے لہذا مقاماتِ عروج میں اگر کوئی ان کو تلاش کرنا چاہے تو اکثر ان ہی اسماء میں پاتا ہے، کیونکہ



Marfat.com

مراتبِ عروج میں بھی ان بزرگوں کا طبعی مقام وہی اسماء ہے، اور ان اسماء سے عروج ونزول کرنا عوارض کے پیش آنے کی وجہ سے واقع ہوتا ہے لہذا جب بلند فطرت سالک سیر میں ان اسماء سے بلند تر ہوگا تو یقیناً ان اسماء سے بھی بلند تر ہوکر آگے نکل جائے گا اور اس کو اس سے یہ گمان پیدا ہو جائے گا...... اللہ سبحانہ اس بات سے بچائے کہ یہ گمان اس پہلے یقین کو زائل کردے اور انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کی افضلیت میں اور اولیاء کے بہتر ہونے میں جس پر (علماء امت کا) اجماع ہے شبہ پیدا ہو جائے۔ یہ مقام سالکوں کے قدم پھسلنے کا مقام ہے...... اس وقت سالک نہیں جانتا کہ وہ اکابر جنہوں نے ان اسماء سے بے انتہا عروج حاصل کیا ہے اور بالا سے بالاتر پہنچے ہوئے ہیں، نیز وہ یہ بھی نہیں جانتا کہ وہ اسماء ان کے عروج کے طبعی مکان ہیں اور اس کا بھی اس جگہ طبعی امکان ہے جو ان اسماء سے بہت نیچے اور پست ہے کیونکہ ہر شخص کی افضلیت اس کے اسم کی اقدمیت (بہت آگے بڑھنے) کے اعتبار سے ہے جو اس کے تعین کا مبدا ہوا ہے۔

اسی قسم سے یہ بات ہے جو بعض مشائخ نے فرمائی ہے کہ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ عارف عروج کے مقامات میں برزخیتِ کبریٰ کو حائل نہیں پاتا...... اور اس کے توسط کے بغیر ترقی کرتا ہے...... ہمارے حضرت خواجہ (باقی باللہ) قدس سرہ فرمایا کرتے تھے کہ رابعہ (بصری) بھی اسی جماعت میں سے ہیں...... یہ جماعت عروج کے وقت میں اس اسم سے جو برزخیتِ کبریٰ کے تعین کا مبدا ہے بالاتر گذر گئے ہیں اور انہوں نے خیال کیا ہے کہ برزخیت کبریٰ ان کے درمیان حائل نہیں رہی...... اور برزخیتِ کبریٰ سے ان کی مراد حضرت رسالت خاتمیت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کی حقیقت ہے۔ اور معاملہ کی حقیقت وہی ہے جو اوپر بیان ہوئی۔

اور دوسری جماعت کی اس غلطی کا منشا یہ ہے کہ جب سالک کی سیر اس اسم میں واقع ہوتی ہے جو اس کے تعین کا مبدا ہے اور وہ اسم برسبیلِ اجمال (مجمل طور پر) تمام اسماء کا جامع ہے کیونکہ انسان کی جامعیت اسی اسم کی جامعیت کی وجہ سے ہے لہذا لازماً اس ضمن میں وہ اسماء بھی ہیں جو دوسرے مشائخ کے تعینات کے مبادی ہیں، اجمالی طریقے پر وہ بھی اس سیر کو طے کریگا اور ہر ایک سے گذر کر اس اسم کی انتہا تک پہنچ جائے گا اور اپنی فوقیت کا وہم پیدا کرلے...... اور وہ نہیں جانتا کہ جو کچھ اس نے دیکھا ہے وہ مشائخ کے مقامات سے ہے اور جن سے گذر رہا ہے وہ ان کے مقامات کا ایک نمونہ ہے نہ کہ ان مقامات کی حقیقت...... اور جب وہ اس مقام میں اپنے آپ کو جامع پاتا ہے اور دوسروں کو اپنے اجزا خیال کرتا ہے تو لازماً اپنے زیادہ ولی ہونے کا وہم پیدا کرلیتا ہے۔ اسی مقام میں شیخ بسطامی نے فرمایا ہے۔ لِوَائِیْ اَرْفَعُ مِنْ لِوَاءِ مُحَمَّدٍ (حضرت محمد ﷺ کے جھنڈے سے میرا جھنڈا بلند ہے) سکر کے غلبہ کی وجہ سے وہ یہ نہیں جانتے کہ حضرت محمد مصطفٰے علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کے جھنڈے سے ان کا جھنڈا بلند نہیں ہے بلکہ ان کے جھنڈے کے نمونے سے ہے جو انکے اسم کی حقیقت کے ضمن میں مشہور (ظاہر) ہوا ہے...... اور اسی قسم سے یہ بات بھی ہے جو انہوں نے بیان کی کہ میرے قلب کی وسعت اسقدر ہے کہ اگر عرش اور جو کچھ اس میں ہے اس قلب کے گوشہ میں رکھ دیا جائے تو کچھ بھی احساس نہ ہو...... اس مقام پر بھی نمونے کا حقیقت سے اشتباہ ہے، ورنہ عرش کے مقابلے میں جس کو حق سبحانہ و تعالیٰ عظیم فرماتا ہے عارف کے قلب کی جو اس کے پہلو میں ہے کیا حیثیت اور کیا مقدار ہے وہ ظہور جو عرش میں ہے اس کا عشرِ عشیر (دسواں حصہ) بھی اس قلب میں نہیں ہے اگرچہ وہ





Marfat.com

قلب عارف کا قلب ہی کیوں نہ ہو۔ کیونکہ آخرت میں (حق تعالیٰ کا) دیدار عرش کے ظہور کے وقت میں ہوگا، یہ بات اگرچہ آج بعض صوفیوں پر نہایت گراں گذرے گی لیکن آخر کار وہ معقول ہو جائیں گے (یعنی ان کی سمجھ میں آ جائے گی)۔

اس بات کو ہم ایک مثال سے واضح کرتے ہیں کہ انسان چونکہ عناصر و افلاک کا جامع ہے جب اس کی نظر اپنی جامعیت پر پڑتی ہے تو وہ عناصر و افلاک کو اپنے اجزاء سمجھتا ہے اور جب یہ مشاہدہ غالب ہو جاتا ہے تو عجب نہیں کہ وہ یہ بات کہہ دے کہ میں تمام کرہ زمین سے بڑا اور آسمانوں سے بھی عظیم ہوں...... ایسے وقت میں عقلمند لوگ سمجھتے ہیں کہ اس کی عظمت و بڑائی اس کے اپنے اجزا سے ہے ورنہ در حقیقت کرہ زمین و آسمان اس کے اجزا نہیں ہیں بلکہ ان کے نمونوں کو اس نے اپنے اجزا بنالیا ہے اور اس کی بڑائی ان نمونوں کی وجہ سے ہے جو اس کے اجزا ہیں، نہ کہ کرہ ارضی و سماوی کی حقیقت سے۔

اور اسی وجہ سے کہ کسی شے کا نمونہ اس کی حقیقت کے مشابہ ہوتا ہے...... صاحب فتوحاتِ مکیہ (ابن عربی) کہتے ہیں کہ ''جمع محمدی، جمعِ الٰہی سے اجمع (جامع تر) ہے کیونکہ جمعِ محمدی کونی و الٰہی حقائق پر مشتمل ہے لہذا وہ اجمع (جامع تر) ہوگی...... وہ یہ نہیں جانتے کہ یہ اشتمالی (مشتمل ہونا) مرتبہ الوہیت کے ظلال میں سے ایک ظل میں ہے اور اس کے نمونوں میں سے ایک نمونہ پر ہے نہ کہ وہ اشتمال اس مرتبہ مقدس کی حقیقت پر۔ بلکہ اس مقدس مرتبہ کی حقیقت پر جو اس کی عظمت و کبریائی کے لوازم میں سے ہے (اس کے سامنے) جمع محمدی کی کوئی حقیقت نہیں ہے: مَا لِلتُّرَابِ وَرَبِّ الْاَرْبَابِ (چہ نسبت خاک را با عالم پاک) (کہاں خاک اور کہاں عالمِ پاک)

اور نیز اسی مقام میں جبکہ سالک کی سیر اس اسم میں واقع ہوتی ہے جو اس کا رب ہے تو بسا اوقات وہ خیال کرتا ہے کہ بعض اکابر جو یقیناً اس سے افضل ہیں اس کے توسط سے بلند درجوں میں پہنچ گئے ہیں اور اسی کے توسّل سے ترقی کی ہے۔ یہ مقام بھی سالکوں کے اقدام کی لغزش گاہ ہے اللہ تعالیٰ سبحانہ ہم کو اس بات سے اپنی پناہ میں رکھے، کہ اس گمان کی بنیاد پر کوئی اپنے آپ کو افضل سمجھ کر ابدی خسارہ میں پڑ جائے...... اور اگر کوئی عظیم الشان بادشاہ کسی زمیندار کی مدد سے جو اس کی مملکت میں داخل ہے اس کے بعض مقامات پر پہنچے اور اس کے توسل سے بعض علاقے فتح کر لے تو اس میں کونسی تعجب کی بات ہے اور کیا فضیلت ہے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ یہاں جزئی برتری کا احتمال ہے جو کہ خارج از بحث ہے کیونکہ ہر ایک حجام اور جلاہا جو بعض مخصوص وجوہ کی بنا پر تمام عالم دوفنون (دانشواروں) اور حکیم بوقلموں (گونا گوں فلسفیوں) پر فضیلت رکھتا ہے لیکن یہ فضیلت اعتبار سے خارج ہے اور جو معتبر ہے وہ فضیلت کلی ہے جو کہ عالم اور حکیم کیلئے ثابت ہے...... اس درویش کو بھی اس قسم کے اشتباہات بہت پیش آئے اور اس قسم کے خیالات بہت آتے رہے اور مدتوں تک یہی حالت رہی۔ چونکہ حق تعالیٰ جل شانہ کی حفاظت شامل حال رہی اس لئے یقین سابق میں بال برابر بھی تذبذب نہیں ہوا، اور متفق علیہ اعتقادات میں کوئی فتور واقع نہیں ہوا۔ لِلّٰہِ سُبْحَانَہٗ اَلْحَمْدُ وَالْمِنَّۃُ عَلٰی ذٰلِکَ وَعَلٰی جَمِیْعِ نَعْمَائِہٖ (اس نعمت پر اور تمام نعمتوں پر اللہ سبحانہٗ کی حمد اور اس کا احسان ہے) اور جو کچھ مجمع علیہ (متفق علیہ اعتقادات) کے خلاف ظاہر ہوتا تھا اس کا کچھ اعتبار نہ کرتا تھا، اور اس کو اچھے معنی پر محمول کرتا تھا اور مجمل طور پر اتنا جانتا تھا کہ اس کشف کی صحت کا اندازہ بھی جزئی فضیلت کی طرف راجع ہے ہر چند یہ وسوسہ





Marfat.com

وسوسہ بھی عارض ہوتا تھا کہ فضیلت کا مدار قربِ الٰہی جل سلطانہ پر ہے اور یہ زیادتی اسی قرب میں ہے پھر جزئی فضیلت کیوں ہوگی؟ لیکن یقینِ صادق کے مقابلے میں یہ وسوسہ بھی ہباءً منثور (پراگندہ غبار کی طرح) اڑ جاتا تھا اور اس کا کوئی اعتبار نہ کرتا تھا بلکہ توبہ استغفار اور انابت کے ساتھ التجا کرتا تھا اور نہایت عاجزی وزاری کے ساتھ دعا کرتا تھا کہ اس قسم کے کشف ظاہر نہ ہوں اور اہل سنت و جماعت کے اعتقادات کے خلاف بال برابر بھی منکشف نہ ہو...... ایک دن یہ خوف غالب ہوا کہ کہیں یہ کشف مواخذہ کا باعث نہ بن جائیں اور یہ وہم سوال کا باعث نہ ہو جائے اس خوف کے غلبہ نے بے قرار و بے چین کر دیا تو جناب قدس خداوندی جل سلطانہ میں التجا وتضرع زیادہ بڑھ گئی اور یہ حالت کافی عرصہ تک رہی۔ اتفاقاً اسی عرصہ میں ایک بزرگ کے مزار پر گذر ہوا اور اس معاملہ میں ان بزرگ کی معاونت چاہی۔ اسی اثنا میں اللہ جل شانہ کی عنایت شامل حال ہوئی اور حقیقتِ معاملہ جیسا کہ اس کا حق ہے ظاہر ہوا اور حضرت رسالت خاتمیت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کی روحانیت جو تمام عالموں کے لئے رحمت ہے اس وقت ظہور پذیر ہوئی اور دلِ غمگین کی تسلی فرمائی اور معلوم ہوا کہ بے شک قرب الٰہی ہی فضلِ کلّی کا موجب ہے لیکن یہ قرب جو تجھ کو حاصل ہوا ہے الوہیت کے مراتب کے ظلالوں میں سے ایک ظل کا قرب ہے جو اس اسم کے ساتھ مخصوص ہے جو تیرا رب ہے اس لئے کلّی فضیلت کا موجب نہ ہوگا...... اس مقام کی مثالی صورت کو اس طریقے پر منکشف کیا گیا کہ کوئی شک وشبہ کی گنجائش نہ رہی اور اس شبہ کا گمان بالکل ختم ہو گیا اور بعض وہ علوم جو اشتباہ کا محل رکھتے ہیں اور ان میں تاویل وتوجیہ کی گنجائش ہے، اور یہ درویش اپنی کتابوں اور رسالوں میں لکھ چکا تھا زیادہ منکشف ہوئی۔

(اس فقیر نے چاہا) کہ ان علوم کے اغلاط کا منشاء جو محض فضل خداوندی جل شانہ سے حاصل ہوا ہے لکھے اور شائع کرے کیونکہ مشتہر گناہ کے ازالہ کے لئے توبہ کا اشتہار ضروری ہے تا کہ لوگ ان علوم سے خلاف شریعت نہ سمجھ لیں اور تقلید کی بنا پر گمراہی میں نہ پڑ جائیں یا تعصب اور تکلف سے گمراہی اور جہالت اختیار نہ کر لیں کہ اس راہِ غیب الغیب میں اس قسم کے پھول بہت کھلتے ہیں کہ ایک گروہ کو ہدایت کی طرف لے جاتے ہیں اور دوسرے کو گمراہی کی طرف رہنمائی کرتے ہیں۔

(اس فقیر نے) اپنے والد بزرگوار قدس سرہ سے سنا ہے آپ فرماتے تھے کہ بہتر (۷۲) فرقوں میں سے اکثر فرقے گمراہی کی راہ اختیار کئے ہوئے ہیں اور راہِ راست سے بھٹک گئے ہیں، اور ان کا باعث صوفیوں کے طریقے میں داخل ہونا ہے کیونکہ انہوں نے کام کو انجام تک نہیں پہنچایا بلکہ غلط راستہ اختیار کر کے گمراہ ہو گئے۔ والسلام



﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿۱۲۸﴾ ۱ جاننا چاہیے کہ شیخ حمید بنگالی کے مختصر حالات مکتوب نمبر ۱۵۸ کے حاشیہ میں تحریر ہوئے ہیں جو چاہے وہاں سے دیکھ لے ۱۲

ب قولہ مَزِلّہ: راہ چلنے والوں کے پاؤں پھسلنے کی جگہ ۱۲

۲ قولہ طَبَعی: طا اور با پر زبر ہے اور عین کے نیچے زیر ہے، یہ طبیعت کی طرف منسوب ہے کیونکہ تیسرا حرف اگر یا ہو تو نسبت کی حالت میں اسے حذف کرتے ہیں جیسے مَدَنی جو مدینہ کی طرف منسوب ہے، انہی حرکات کا نام ایک فن ہے حکمت کے فنون میں سے ۱۲ غ

﴿صہ۱۲۹﴾ ۱ یعنی ان انبیاء واولیاء پر اپنی افضلیت کا وہم جن کی افضلیت علما کے اجماع سے ثابت شدہ ہے ۱۲

۲ حضرت بی بی رابعہ بصری قدس اللہ تعالیٰ سرہا عظیم متقدمین عارفات میں سے بلند کرامات اور مقاماتِ عالیہ رکھتی تھیں اور



Marfat.com

ان کے اوصافِ حمیدہ اس سے زیادہ ہیں جو تحریر و تقریر میں آسکیں، اکابر دین باطنی مشکلات کے حل کے لئے ان کے پاس حاضر ہوتے تھے چنانچہ سفیان ثوری وغیرہ علما اور ائمہ مسائل پوچھنے کے لئے ان کی خدمت میں آمد و رفت رکھتے تھے۔ان کے باپ کی چار بیٹیاں تھیں اور یہ چوتھی تھیں اس لئے ان کو رابعہ (چوتھی بیٹی) کہتے ہیں۔ان کے والد نے رسول ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپ فرماتے ہیں کہ میری امت کے ستر ہزار شخص تیری بیٹی کی سفارش سے بخشے جائیں گے۔اس عارفہ کی وفات صحیح قول کے مطابق ۱۸۵ھ میں واقعہ ہوئی اور ان کا مزار بصرہ میں ہے۱۲از خزینۃ الاصفیاء

۳ جو مقامات عروج میں برزخیت کبریٰ کو حائل نہیں پاتا ۱۲

۴ قولہ آں غلط: اس جماعت سے اپنے آپ کو اوپر پانا جن کی افضلیت متفق علیہ ہے اور اپنی افضلیت کا وہم پیدا کرنا ہے۱۲

۵ قولہ شیخ بسطام: یعنی شیخ ابو یزید بسطامی قدس اللہ سرہ الاقدس پہلے طبقہ سے ہیں انہوں نے اپنے زمانہ کے اکابر احمد خضرویہ یحیی معاذ اور شقیق بلخی کو دیکھا تھا، ان کی وفات ۲۶۱ھ میں ہوئی، بعض نے سنہ ۲۳۴ بھی کہا ہے، انہوں نے وصیت کی تھی کہ میری قبر میرے استاد سے نیچی اور گہری بنانا انہوں نے اپنے استاد کی عزت و حرمت کو نگاہ میں رکھا انہوں نے نزع کے وقت کہا: اِلٰهِیْ مَا ذَكَرْتُكَ اِلَّا عَنْ غَفْلَةٍ وَمَا خَدَمْتُكَ اِلَّا عَنْ فَتْرَةٍ (الٰہی! میں نے تجھ کو یاد کیا مگر غفلت کے ساتھ اور میں نے تیری اطاعت و خدمت کی مگر قصور اور کوتاہی کے ساتھ) آپ فرماتے تھے کہ میں نے اللہ تعالیٰ کو خواب میں دیکھا تو میں نے دریافت کیا کہ تجھ تک پہنچنے کا راستہ کونسا ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جب تو اپنی ذات سے آزاد ہو گیا تو مجھ تک پہنچ گیا۱۲المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

﴿صہ ۱۳۰﴾ ۱ قال تعالیٰ: فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ
ترجمہ: پھر اگر منہ موڑ لیں تو آپ فرما دیں کافی ہے مجھے اللہ، نہیں کوئی معبود سوائے اس کے، اسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور وہی عرش عظیم کا مالک ہے۱۲ (سورۃ توبہ کے آخر سے)

۲ قال صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: فاكسى حلة من حلل الجنة ثم اقوم عن يمين العرش ليس احد من الخلائق يقوم ذلك المقام غيري - رواه الترمذي، وروى الدارمي ثم اقوم عن يمين الله مقامًا يغبطني الاولون والأخرون، ونقل البغوي عن مجاهد في قوله تعالىٰ: عَسٰى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا، قال يجلسه على العرش، وعن عبد الله بن سلام: قال يقعده على الكرسي - ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے پہلے مجھے جنتی جوڑوں میں سے ایک جوڑا پہنایا جائے گا پھر میں عرش کے دائیں جانب کھڑا ہوں گا اور اس مقام پر مخلوق کا کوئی فرد میرے سوا کھڑا نہ ہوگا، اس کو ترمذی نے روایت کیا ہے۔اور دارمی میں روایت ہے کہ پھر میں کھڑا ہوں گا اللہ تعالیٰ کے دائیں ایک مقام پر، اولین و آخرین مجھ پر رشک کریں گے۔امام بغوی نے امام مجاہد سے اللہ تعالیٰ کا ارشاد عَسٰى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا کی تفسیر میں نقل کیا ہے کہ انہوں نے کہا: اللہ تعالیٰ حضور کو عرش پر بٹھائے گا۔حضرت عبداللہ بن سلام سے روایت ہے کہ حضور کو کرسی پر بٹھائے گا۱۲

ـ قولہ گُرہ: پہلے حرف پر پیش ہے اور را بغیر شد کے ہے، بمعنی گیند جس سے کھیلتے ہیں اور ہر گول چیز جو گیند کی مانند ہو، پہلے حرف پر پیش اور را پر شد پڑھیں تو اس کا معنی ہے گھوڑے کا بچہ۱۲

۳ قولہ صاحب فتوحات مکیہ: شیخ اکبر محی الدین ابن العربی قدس سرہ۱۲

۴ یعنی جمع محمدی کا مشتمل ہونا حقائق الٰہیہ پر۱۲

۵ قولہ لوازم: كما ورد في الحديث القدسي: اَلْكِبْرِيَاءُ رِدَائِي وَالْعَظَمَةُ اِزَارِي ۱۲ جیسا کہ حدیث قدسی میں وارد ہے: کبرائی میری چادر ہے اور عظمت میری ازار ہے۱۲



پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ تیسرا حصہ

Marfat.com

وہ شخص جس کی سلطنت اور غلبہ پورا اور کامل ہو ۱۲

﴿صہ ۱۳۱﴾ ۱ قولہ بوقلمون : قاف اور لام پر زبر ہے، دیبائے رومی کی ایک قسم ہے جو ہر لحظہ ایک نیا رنگ دکھلاتی ہے اور نام ایک جانور کا جو گرگٹ سے بڑا ہوتا ہے اور ہر لحظہ رنگ بدلتا ہے، اور حکیم بوقلموں یعنی رنگا رنگ کے فنون اور صنعتیں جاننے والا ۱۲

۲ قولہ درویش: یعنی خود حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہ ۱۲

۳ قولہ ازیں اشتباہات: یعنی اس قسم کے اشتباہات مذکورہ اور تخیلات مذبورہ بہت واقع ہوئے تھے اور خیالات آتے رہے ۱۲

۴ قولہ هَبَاء : ھا پر زبر ہے، گرد و غبار اور ہوا جو کسی سوراخ سے آفتاب کی روشنی میں اڑتی ہوئی دکھائی دیتی ہے مجازاً بمعنی حقیر ذلیل وخوار اور ناچیز ۱۲

﴿صہ ۱۳۲﴾ ۱ قولہ رَین: را کی زبر سے، مہر لگانا، زنگ آلود اور میلا کچیلا، ہونا، کسی پر گناہوں کا غلبہ ہونا اور نفس کا خبیث اور برا ہوا ۱۲

۲ قال صلی اللّٰہ علیہ وسلم وَمَا عَمِلْتَ مِنْ سُوْءٍ فَاَحْدِثْ لِلّٰهِ فیه تَوْبَةً السِّرُّ بِالسر وَالْعَلَانِيَةَ بِالْعَلَانِيَةِ ۔رواہ الطبرانی فی الکبیر عن معاذ ، حصن حصین (باب فضل الذکر ،مجمع الزوائد ۱۰/ ۲۱ ۲) ترجمہ :۔اور جو برائی تم کرو اسکی اللہ کے حضور توبہ کرو، پوشیدہ گناہ کی توبہ پوشیدہ طور پر کرو اور ظاہری گناہ کی توبہ ظاہری طور پر کرو ۱۲

۳ قولہ جمعے را...... يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ۱۲ ترجمہ: گمراہ کرتا ہے اللہ اس سے بہتیروں کو اور ہدایت دیتا ہے اس سے بہتیروں کو ۱۲

۴ یعنی جو شخص اس طریقے میں داخل ہوا اس کو لازم اور ضروری ہے کہ کام کو انجام تک پہنچائے ورنہ کیا عجب ہے کہ ہلاکت میں پڑ جائے اور راہِ راست سے دور جا گرے ۱۲۔ لِمُصَحِّحِهٖ سَلَّمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى ظَاهِرًا وَّ بَاطِنًا رَبَّنَا اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْلَنَا اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ۔

..........................

☆ متن...... بین السطور......معانی

﴿صہ ۱۲۸﴾ ☆ مزلّہ اقدام...... لغزش گاہ ۱۲...... پاؤں کے پھسلنے کی جگہ ۱۲ ☆ بنظر اعتبار...... قیاس ۱۲......عبرت حاصل کرنے کی نظر سے ۱۲ ☆ دون...... پائین ۱۲...... نیچے ۱۲ ☆ بلکہ......ترقی ۱۲ ☆ منشا غلط ...... اندریں باب ۱۲......اس بارے میں ۱۲ ☆ درہمان اسما ......یعنی در مبادی تعینات ۱۲......یعنی تعینات کے مبادی میں ۱۲ ☆ عروض عوارض ......امور خارجہ از طبیعت ۱۲......طبیعت سے خارج امور ۱۲

﴿صہ ۱۲۹﴾ ☆ ازان اسماء......کہ مبادی تعینات انبیاء اولیا اند و احیاز طبعیہ ایشان صلوات اللہ تعالیٰ وتسلیماتہ علیہم اجمعین ۱۲......وہ اسماء جو انبیاء و اولیاء کے تعینات کے مبادی ہیں اور ان کے طبعی درجے اور مقامات ہیں، اللہ تعالیٰ کی صلاتیں اور سلام ہوں ان سب پر ۱۲ ☆ بلند تر واقع ......الی ماشاء اللہ تعالیٰ ۱۲...... جہاں تک اللہ تعالیٰ چاہے ۱۲ ☆ یقین سابق ...... افضلیت شان ۱۲......ان کی افضلیت ۱۲ ☆ مزال ......لغزش گاہ پاہائے راہ روندگان طریقت ۱۲......راہِ طریقت پر چلنے والوں کے پاؤں کے پھسلنے کی جگہ ۱۲ ☆ اسماء امکنہ ......کہ سیر او زان بلند تر واقع شدہ ۱۲......جس کی سیر اس سے بہت بلند واقع ہوئی ہو ۱۲ ☆ ادون ...... پائین تر ۱۲...... بہت نیچے ۱۲ ☆ خواجہ ما...... محمد الباقی قدس سرہ ۱۲ ☆ بالا گشت ......در قول او قدس سرہ پس سالک بلند فطرۃ چون سیر او الخ ۱۲ ......یعنی حضرت امام ربانی کے قول میں : پس سالک بلند فطرت جب اسکی سیر الخ ۱۲ ☆ خواہد کرد ......فعل ۱۲...... یہ فعل ہے





Marfat.com

☆ خواہد کرد......آن سالک ۱۲......وہ سالک ۱۲ ☆ نمید اند ......آن سالک ......وہ سالک ۱۲ ☆ انموذ جے ......نمونہ ۱۲......نمونہ ۱۲ ☆ لوائی ......نشان من بلند تر است از نشان محمد صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲......میرا جھنڈا بلند ہے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے سے ۱۲ ☆ انموذج ...... بالضم ومیم مضموم وذال معجمہ مفتوح بمعنی نومنہ ونمونہ ونمودار ودر فارسی گاہے بمجاز بمعنی اندک مستعمل می شود، صاحب قاموس نموذج بدون الف وبفتح نون معرب نمونہ نوشتہ است، وانموذج راکہ بالف است خطا گفتہ لیکن از مفتاح سکاکی وکتب معتبرہ دیگر معلوم شدہ کہ انموذج بزیادت الف صحیح است ۱۲ غ ......الف اور میم پر پیش ہے اور ذال پر زبر، اس کے معنی نمونہ اور نمودار ہیں فارسی میں کبھی مجازی طور پر تھوڑے اور قلیل کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے صاحب قاموس نے نموذج بغیر الف اور نون کے زبر سے نمونہ کو عربی میں نموذج لکھا ہے اور انموج کو الف سے لکھنا خطا کہا ہے، لیکن سکاکی کی مفتاح اور معتبر دوسری کتابوں سے معلوم ہوتا ہے کہ انموذج کو الف سے لکھنا صحیح ہے ۱۲

﴿صہ ۱۳۰﴾ ☆ زاویہ ......گوشہ ۱۲......کونہ ۱۲ ☆ وَاِلّا ......ورنہ ۱۲ ☆ جنب ...... پہلو ۱۲......طرف ۱۲ ☆ عُشرِ عَشیر ......صدم حصہ ۱۲......سوواں حصہ ۱۲ ☆ جامع عناصر ......اصول چہارگانہ از خاک و بادو آب و آتش ۱۲......یعنی چار اصل مٹی، ہوا اور پانی و آگ ۱۲ ☆ نظر......انسان ۱۲......انسان کی نظر ۱۲ ☆ افلاک ......آسمانہا ۱۲......آسمان کی جمع ۱۲ ☆ کُرہ زمین ......تمام ۱۲......ساری زمین ۱۲ ☆ سماوات......آسمانہا ۱۲......سارے آسمان ۱۲ ☆ او......انسان ۱۲......او سے مراد انسان ہے ☆ اجمع ......جامع تر ۱۲......سب سے جامع ۱۲ ☆ چہ......زیراکہ ۱۲......اس واسطے کہ ۱۲ ☆ نموذ جے ......نمونہ ۱۲......ایک نمونہ ۱۲ ☆ مَا لِلتُّرَاب ......نسبت خاک را با عالم پاک ۱۲......کہاں خاک اور کہاں عالم پاک ۱۲ ☆ از اکابر ......انبیا و اولیاء ۱۲......نبی اور ولی ۱۲ ☆ مَزَالّ ......لغزش گاہ ۱۲......پھسلنے کی جگہ ۱۲ ☆ عِیَاذًا بِاللّٰہ ......پناہ بخدائے پاک ۱۲......اللہ پاک کی پناہ ۱۲ ☆ افضل داند......سالک ۱۲......سالک افضل جانتا ہے ۱۲ ☆ بخسارت ......زیان کاری ۱۲......گھاٹا، نقصان ۱۲ ☆ فضل جزئی ......یعنی در بعض امور ۱۲......یعنی بعض امور میں فضیلت ۱۲

﴿صہ ۱۳۱﴾ ☆ حائک ......جامہ باف ۲......کپڑا بننے والا ۱۲ ☆ عالم ذوفنون ......دانشمند صاحب ہنر ہائے مختلف ۱۲......بہت سے ہنر اور فنون جاننے والا عقل مند ۱۲ ☆ تذبذب ......تردد ۱۲......شک و شبہ ۱۲ ☆ مُجمع علیہ ......متفق علیہ ۱۲......جس پر اتفاق ہو ۱۲ ☆ محامل ......تاویلہائے مناسبہ ۱۲......مناسب تاویلیں ۱۲ ☆ حیز ......محل ۱۲......مقام ۱۲ ☆ محامل ......مناسب معانی ۱۲......کئی معنے ۱۲ ☆ صَرف ......حمل ۱۲......محمول کرنا ۱۲ ☆ زیادتی ......کہ درمن است ۱۲......جو مجھ میں ہے ۱۲ ☆ جزئی فضل ۱۲......جزئی فضیلت ۱۲ ☆ چون ......چگونہ ۱۲......کیونکر ۱۲ ☆ هَبَاءً مَنْثُوْر ......غبار پراگندہ ۱۲......اڑتا ہوا غبار ۱۲ ☆ اِنَابَۃ ......رجوع الی الحق ۱۲......اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا ۱۲ ☆ التجا ......بجناب قدس خداوندی ۱۲......اللہ تعالیٰ کی پاک جناب میں التجا ۱۲ ☆ ظاہر ......چیزے ۱۲......کوئی چیز ۱۲ ☆ مسئلہ ......سوال ۱۲ ☆ عزیزے ......بزرگے ۱۲......ایک بزرگ ۱۲ ☆ دریں اثنا ......درین میان ۱۲......اس دوران میں ۱۲ ☆ خاطر ......دل ۱۲ ☆ حزین ......غمگین ۱۲ ☆ قرب ظِلّے ......بیائے مجہول ۱۲......یائے مجہول کے ساتھ ۱۲

﴿صہ ۱۳۱﴾ ☆ رَیب ......شک ۱۲ ☆ توجیہ ......دارند ۱۲......توجیہہ رکھتے ہیں ۱۲ ☆ تقلید ......من ۱۲......میری تقلید ۱۲ ☆ تجہیل ......من ۱۲......مجھے جاہل بنائیں ۱۲ ☆ نورزند ......اختیار نمایند ۱۲......اختیار کرلیں ۱۲

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی تیسرا حصہ



Marfat.com

## دفتر اوّل حصّہ سوم

## مکتوب نمبر ۱۲۳ تا ۲۲۰

## باب اوّل تخریج احادیث


فصل اوّل عربی متن ........................ (صفحہ نمبر) ۱ تا ۲۸

فصل دوم فارسی متن ........................ (صفحہ نمبر) ۲۹ تا ۳۴


## باب دوم آثار صحابہ


فصل اول عربی متن ........................ (صفحہ نمبر) ۳۵

فصل دوم فارسی متن ........................ (صفحہ نمبر) ۳۶


## باب سوم

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کے وہ اقوال جنکا مفہوم احادیث سے ماخوذ ہے۔


فصل اوّل عربی متن ........................ (صفحہ نمبر) ۳۷ تا ۴۴

فصل دوم فارسی متن ........................ (صفحہ نمبر) ۴۵ تا ۵۶



از قلم

ڈاکٹر محمد بابر بیگ مطالی

ایم اے (عربی، اسلامیات، معاشیات)

فاضل عربی، بی سی (اسلامک لاء)

ایم فل (اقبالیات) پی۔ ایچ۔ ڈی (اسلامیات)


Marfat.com

# ﴿تخریج احادیث﴾

## فصل اوّل عربی متن

(۱۰۴) در خبر آمده است: "علامة اعراضه تعالیٰ عن العبد اشتغاله بما لا یعنیه" (دفتر اوّل مکتوب ۱۲۳)

اس حدیث کی تخریج وتحقیق کیلئے دیکھئے تخریج حدیث ۴۴

(۱۰۵) "اللّٰھُمَّ ارنا حقائق الاشیاء کما ھی" (دفتر اوّل مکتوب ۱۲۵)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے یہاں بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا لیکن اسی دفتر کے مکتوب ۲۳۴ میں مرفوعاً نقل کیا۔ چنانچہ فرمایا: دعائے نبوی علیہ وعلی الہ الصلوٰۃ والسلام کہ گویا از برائے تعلیم امت فرمودہ اند: "اللھم أرنا حقائق الأشیاء کما ھی"۔۶۷۳

راقم الحروف کہتا ہے کہ یہ صوفیا کرام کے ہاں مشہور حدیث نبوی ﷺ ہے۔ اسے مفتی محمد سعید نے "تشیید المبانی" میں ذکر کیا تو فرمایا: اسے امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے "المعلق المضنون" میں بلفظہٖ روایت کیا ہے۔۶۷۴

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے "مدارج النبوۃ میں مرفوعاً بلفظ: (ارنا حقائق الاشیاء کما ھی) بیان کیا۔۶۷۵

جبکہ حضرت علی ہجویری المعروف بہ داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ نے کشف المحجوب میں بلفظہٖ (اللّٰھُمَّ أرنا حقائق الأشیاء کَمَا ھِیَ) ذکر کیا۔۶۷۶

البتہ سید محمد گیسودراز رحمۃ اللہ علیہ نے "جواھر العشاق میں موسیٰ سے نقل فرمایا کہ "اللّٰھُمَّ أرنا الاشیاء کما ھی"۔۶۷۷

لیکن علاؤالدین سمنانی نے "العروۃ لاھل الخلوۃ والجلوۃ" اور عبدالعزیز نسفی رحمۃ اللہ علیہ نے "کشف الحقائق" میں بلفظ: "اللھم أرنا الاشیاء کما ھی" ذکر کیا اور تصریح کی کہ یہ حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کی دعا ہے۔۶۷۸

جبکہ یہ دعا مثنوی مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ میں بلفظ: "أرنا الاشیاء کما ھی" مذکور ہے اور حاشیہ پر تصریح کی گئی ہے کہ یہ حضرت امام

---

۶۷۳۔ مکتوبات امام ربانی، دفتر اوّل مکتوب ۲۳۴

۶۷۴۔ تشیید المبانی، صفحات ۴۹، ۵۰

۶۷۵۔ مدارج النبوۃ، جلد ۲، صفحہ ۸۳، باب چہار دھم ۱۴، در بیان قضیہ ھجرت در سال سیزدھم ۱۳، وصل، چون قبائل انصار بعد از توکید الخ

۶۷۶۔ کلام المرغوب، ترجمہ کشف المحجوب، (نسخہ سمرقند) (مترجم، ابو الحسنات سید محمد احمد قادری)" متوفی ۱۳۸۰ھ" (ناشر: ضیاء القرآن پبلیکیشنز، لاھور، ۱۴۱۲ھ) صفحہ ۶۱۴، باب (۳۳) احکامِ سماع، راقم کہتا ھے کہ: کشف المحبوب (فارسی) نسخہ مطبوعۃ نوائے وقت پر نٹرز لاھور میں لکھا ھے کہ: " پیغامبر ﷺ گفت: اللّٰھُمَّ أرنا الاشیاء کما ھی" دیکھئے: (کشف المحجوب (فارسی) صفحہ ۳۵۸، باب ۳۳، احکام سماع)

۶۷۷۔ جواھر العشاق، صفحہ ۴۰، (شرح کلمات: أکل الفقیر أکلی وشربہ شربی)

۶۷۸۔ علاؤ الدین سمنانی، احمد بن محمد بن احمد بیابانکی (متوفی ۷۳۶ھ) العروۃ لاھل الخلوۃ والجلوۃ (فارسی +عربی) بہ تصحیح و توضیح، نجیب مایل ھروی (از انتشارات مولیٰ. تھران. خیابان انقلاب" چھارا أبو ریحان، چاپ اوّل ۱۳۶۲ھ ش / ۱۴۰۴ھ ق) صفحہ ۲۰۱، باب دوم، در توفیق (دادن میان اقوال مختلفہ" قایل شعت و ھفتم (۶۷)

+ عبد العزیز بن محمد نسفی " کشف الحقائق" (باھتمام و تعلیق، دکتور احمد مھدوبی دامغانی، ناشر ینگاہ ترجمہ و نشر کتاب تھران ۱۳۵۹ھ) صفحہ ۲۱۱، رسالہ ششم دربیان دنیا و آخرت " فصل در سخن اھل وحدت در بیان موت وحیات"

مکتوبات امام ربانی تیسرا حصہ پہلا دفتر



Marfat.com

ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا قول ہے۔۶۷۹؎

لیکن نجم الدین رازی ''مرصاد العباد'' اور شرف الدین ابن یحییٰ منیری رحمۃ اللہ علیہ نے ''سہ صدی مکتوبات میں بلفظ: (أرنا الاشیاء کما ھی) ذکر کیا اور صراحت کی کہ یہ جناب حبیب کبریا حضرت محمد مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء کا فرمان اقدس ہے۔۶۸۰؎

(۱۰۶) ''ألمرء مع من أحب'' (دفتر اوّل مکتوب،۱۲۸)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے یہاں بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا: البتہ یہ حدیث متفق علیہ ہے۔ (تخریج ہوچکی دیکھئے حدیث،۶)

(۱۰۷) مخبر صادق علیہ وعلی الہ من الصلوۃ اتمہا ومن التسلیمات اکملہا فرمود: ''ہلك المسوّفون'' (دفتر اوّل مکتوب ۱۳۳)

اسکی تخریج وتحقیق حدیث نمبر ۴۵ کے تحت گذر چکی ہے۔

(۱۰۸) قد ورد فی الخبر الصحیح ''من تواضع غنیًّا لغناه ذهب ثلثا دينه'' (دفتر اوّل مکتوب ۱۳۸)

اسکی تخریج وتحقیق کیلئے حدیث ۶۴ (باب ھٰذا) دیکھئے۔

(۱۰۹) ''حبّ الوطن من الأيمان'' (دفتر اوّل مکتوب ۱۵۵)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں: خبر صحیح است'' یعنی خبر صحیح ہے۔ (اسکی تخریج وتحقیق کے لئے دیکھئے حدیث،۵۷)

(۱۱۰) ''ألمرء مع من احبّ'' (دفتر اوّل مکتوب ۱۵۶)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے یہاں بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا، البتہ یہ حدیث متفق علیہ ہے۔ (دیکھئے تخریج حدیث،۶)

(۱۱۱) ''من حسن اسلام المرءِ تركه مالا يعنيه''

(دفتر اول مکتوب ۱۵۷)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا۔ اور اسکے بعد الفاظ: (واشتغاله بما لا يعنيه) زائد ذکر کئے۔ راقم الحروف کہتا ہے کہ زائد الفاظ مجدد علیہ الرحمۃ کے ہیں۔ اور (من حسن اسلام المرء تركه مالا يعنيه) حدیث مرفوع ہے۔ جسے امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے '' المعجم الصغير '' میں بروایت حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ جبکہ ابن ماجہ رحمۃ اللہ علیہ نے ''سنن'' ترمذی نے ''جامع'' بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے ''شعب الایمان'' اور خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے '' تاریخ'' میں بروایت حضرت أبی ہریرۃ رضی اللہ عنہ اور امام قشیری رحمۃ اللہ علیہ نے ''الرسالۃ'' میں بروایت حضرت أبوذر رضی اللہ اور امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے ''مسند'' میں بروایت حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہ جبکہ امام بیہقی نے ''شعب الایمان'' میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مرفوعا بھی روایت کیا۔ پھر امام بغوی رحمۃ اللہ علیہ: شرح السنۃ، امام مالک رحمۃ اللہ علیہ الموطا ''امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ: جامع'' بیہقی نے شعب الایمان'' میں بھی حضرت علی بن حسین رحمۃ اللہ علیہ سے مرسلا روایت کیا۔ اسطرح امام عبد الرزاق نے ''مصنف'' میں بلفظ: (انّ من حسن الخ) مرسلاً بیان کیا۔ چنانچہ امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ' المعجم الصغير '' میں لکھتے ہیں:

---

۶۷۹؎ مثنوی مولوی معنوی، دفتر پنجم ۵، صفحہ ۲۰۱

۶۸۰؎ مرصاد العباد، صفحہ ۱۷۰، باب سوم، فصل: ۱۷

+ سہ صدی مکتوبات، صفحہ ۲۵۴، مکتوب ۸۹، در حسرت و ندامت





Marfat.com

" حدثنا محمد بن عبده المصيصی أبو بكر حدثنا محمد بن كثير بن مروان الفلسطينی حدثنا عبد الرحمٰن بن أبی الزناد عن ابيه عن خارجة عن زيد بن ثابت عن أبيهٖ قال قال رسول اللّٰه ﷺ : زوروا القبور ولا تقولو اهجراو به عن زيد قال كان رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم ياكل الخبز بالتمر ويقول هذا اذام هذا وبهٖ عن زيد بن ثابت قال قال رسول اللّٰه ﷺ تجافوا عن عقوبة ذی المروئةِ الا فی حدّ من حدود اللّٰه عزّوجل وبهٖ عن زيد قال قال رسول اللّٰه ﷺ : من حسن اسلام المرءِ تركه مالا يعنيهٖ " ۲۸۱ ۔

بعدازاں امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:" لم يرو هذهِ الاحاديث عن أبی الزّناد الا ابنه تفردّبها محمد بن كثير بن مروان ولا كتبنا ها الا عن محمد بن عبدة ولا يروی عن زيد بن ثابت الا بهذاالاسناد و ابو الزناد بن آخر يكنی بأبی القاسم ولم يسمّ روی عنه احمد بن حنبل " ۲۸۲ ۔

امام ابن ماجہ رحمۃ اللہ علیہ نے "سنن" میں فرمایا:(بروایت حضرت أبی هريرة رضی اللّٰه عنه ) " حدثنا هشام بن عمّار ثنا محمد بن شعيب بن شّابور ثنا الاوزاعی عن قرة ابن عبد الرحمن بن حيوئيل عن الزهری عن أبی سلمة عن أبی هريرة رضی اللّٰه عنه قال قال رسول اللّٰه ﷺ مَن حسن اسلام المرءِ تركه مالا يعنيهٖ " ۲۸۳ ۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ "جامع" میں فرماتے ہیں:" حدثنا احمد بن نصر النيسا بوری وغير واحد قالوا أنا أبو مسهر عن اسمٰعيل بن عبد اللّٰه بن سماعة عن الأوزاعی عن قرّة عن الزهری عن أبی سلمة عن أبی هريرة رضی اللّٰه عنه قال قال رسول اللّٰه ﷺ : من حسن اسلام المرء تركه مالا يعنيهٖ " ۲۸۴ ۔

بعدازاں فرمایا:" هذا حديث غريبٌ لا نعرفه من حديث أبی سلمة عن أبی هريرة رضی اللّٰه عنه عن النّبی ﷺ الّا من هذا الوجه " ۲۸۵ ۔

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے شعب الایمان میں فرمایا:" قد أخبرنا ابو علی الروذباری وأبو بكر محمد بن محمد بن احمد بن رجآء الاديب من اصل سماعهٖ وأبو القاسم علی بن الحسن اطهمانی [قالوا]نا أبو العباس محمد بن يعقوب نا العباس بن الوليد البيرونی نا أبی أنا الاوزاعی أخبرنی قرة بن عبد الرحمٰن عن الزهری عن ابی سلمة عن أبی هريرة رضی اللّٰه عنه قال قال رسول اللّٰه ﷺ : مِن حسنِ اسلام المرءِ تركه مالا يعنيهٖ " ۲۸۶ ۔

علامہ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ "تاریخ بغداد" میں روایت کرتے ہیں کہ:" أخبرنا أبو منصور محمد بن احمد شعيب الرويانی حدّثنا أبو عمر و محمد بن احمد البجيری النيسا بوری - ببغداد حدّثنا عتاب بن محمد الحافظ ،بالری وسالته قال حدثنا علی بن محمد ابن حفص بغدادی من اصلهٖ : حدثنا العباس بن عبد اللّٰه بن أبی عيسٰی حدثنا محمد بن المبارك حدثنا مالك بن انس عن الزهری عن أبی سلمة عن أبی هريرة رضی اللّٰه عنه قال قال رسول اللّٰه ﷺ : من حسن اسلام المرء تركه مالا يعنيهٖ " ۲۸۷ ۔

---

۲۸۱ۂ المعجم الصغير ،جلد ۲ ،صفحه ۴۳ ،بيان من اسمه محمد

۲۸۲ ايضا........................

۲۸۳ۂ سنن ابن ماجه ،جلد ۲ ،صفحه ۱۳۱۵ ،كتاب الفتن ،باب ۱۲ ،كف اللّسان فی الفتنة ، حديث ۳۹۷۶

۲۸۴ۂ جامع ترمذی ،جلد ۲ ،صفحه ۵۸ ،ابواب الزّهد ،باب (بعد باب ،ما جآء من تكلّم بالكلمة الخ)

۲۸۵ۂ ايضا ..............................

۲۸۶ۂ شعب الايمان ، جلد ۴، صفحه ۲۵۵ ،شعبه ۳۴ ،باب : حفظ اللّسان ،فصل : فضل السكوت عمّا لا يعنيه ، حديث ۴۹۸۷

۲۸۷ۂ تاريخ بغداد ،جلد ۱۲ ، صفحه ۶۳ ،بيان ۶۴۵۲ (علی بن محمد ابن حفص) حرف الميم



Marfat.com

امام ابوالقاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ ''الرسالۃ القشیریۃ'' میں لکھتے ہیں: '' أخبرنا ابو الحسن عبد الرحمن بن ابراهيم بن محمد بن يحيىٰ المزكى قال أخبرنا محمد بن داؤد بن سليمان الزاهد قال أخبرنا محمد بن الحسين بن قتيبة قال حدثنا احمد بن أبي طاهر الخراساني قال حدثنا يحيىٰ بن العبزار قال حدثنا محمد بن يوسف الفريابي عن سفيان عن الأجلح عن عبد الله ابن بريدة عن أبي الاسود الدّولي عن أبي ذر قال قال رسول الله ﷺ من حسن اسلام المرء تركه مالا يعنيه '' ۲۸۸ ۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ ''مسند'' میں فرماتے ہیں: '' ثنا موسىٰ بن داؤد ثنا عبد الله بن عمر عن ابن شهاب عن على بن حسين عن أبيه قال قال رسول الله ﷺ من حسن اسلام المرء تركه مالا يعنيه '' ۲۸۹ ۔

اور علامہ ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ نے ''مجمع الزوائد'' میں فرمایا: '' ورجال أحمد ثقات '' ۲۹۰ ۔

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ ''شعب الایمان'' میں بطریق حاکم روایت کرتے ہیں: '' أخبرنا أبو عبد الله الحافظ فى التاريخ أنا أبو على الحسين بن على الحافظ نا أبو عمر واحمد بن محمد الجرشي نا محمد ابن سلم بن واره الرازى حدثنى أبو همام محمد بن مجيب نا عبد الله بن عمر العمرى عن ابن شهاب عن على بن الحسين عن ابيه عن على رضى الله عنه أنّ رسول الله ﷺ قال: من حسن اسلام المرءِ تركه ما لا يعنيه '' ۲۹۱ ۔

بعد ازاں امام بیہقی فرماتے ہیں: '' هكذا رواه أبو همام عن العمرى والصحيح عن مالك والعمرى '' ۲۹۲ ۔

جبکہ امام بغوی رحمۃ اللہ علیہ ''شرح السنۃ'' میں لکھتے ہیں: أخبرنا أبو الحسن الشيرازى أنا زاهر بن أحمد أنا أبو اسحاق الهاشمى أنا أبو مصعب عن مالك عن ابن شهاب عن على بن حسين أن رسول الله ﷺ قال من حسن اسلام المرءِ تركه مالا يعنيه '' ۲۹۳ ۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے اسے ''موطا'' میں انہی اسناد (ابن شہاب عن علی بن حسین) سے روایت کیا۔ ۲۹۴

البتہ امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ ''جامع'' میں فرماتے ہیں: '' ثنا قتيبة نا مالك بن انس عن الزهرى عن على بن الحسين قال قال رسول الله ﷺ: إن من حسن اسلام المرءِ تركه ما لا يعنيه ''۲۹۵ ۔

بعد ازاں امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: '' هكذا روى غير واحدٍ من اصحاب الزهرى عن الزهرى عن على بن الحسين عن النّبى ﷺ نحو حديث مالك '' ۲۹۶ ۔

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ شعب الایمان میں لکھتے ہیں: ''أخبرنا أبو زكريا بن أبى اسحاق المزك انا أبو الحسن احمد بن محمد بن عبد و س نا عثمان بن سعيد الدارمى نا العقنبى أنا مالك والعمرى عن ابن شهاب عن على بن حسين أن رسول الله ﷺ قال: من حسن اسلام المرء تركه مالا يعنيه'' ۲۹۷ ۔

---

۲۸۸ ۔ الرسالة القشيرية، صفحه ۵۹، باب الورع

۲۸۹ ۔ مسند احمد بن حنبل، جلد اوّل، صفحه ۲۰۱، حديث الحسن بن على رضى الله عنه

۲۹۰ ۔ مجمع الزّوائد، جلد ۸، صفحه ۱۸، باب، من حسن اسلام المرء تركه مالا يعنيه "

۲۹۱ ۔ شعب الايمان، جلد ۷، صفحه ۴۱۵، ۴۱۶، شعبه ۷۳، باب فى الاعراض عن اللّغو، حديث ۱۰۸۰۵

۲۹۲ ۔ أيضا.........................................................

۲۹۳ ۔ شرح السنة، جلد ۱۴، صفحه ۳۲۱، كتاب الرقاق، باب ترك الانسان، مالا يعنيه، حديث ۴۱۳۲،

۲۹۴ ۔ موطا امام مالک رحمة الله عليه، صفحه ۷۵۷، كتاب حسن الخلق، باب ماجاء فى حسن الخلق، حديث ۳،

۲۹۵ ۔ جامع ترمذى، جلد ۲، صفحه ۵۸، ابواب الزّهد، باب (بعد باب ما جآء من تكلم بالكلمة ليضحك الناس)

۲۹۶ ۔ أيضا حواله سابق، ۲۹۵





Marfat.com

اورامام عبدالرزّاق رحمۃ اللہ علیہ اپنی ''مصنف'' میں فرماتے ہیں:'' أخبرنا عبد بن معمر عن الزهری عن علی بن حسین قال قال رسول اللہ ﷺ : ان من حسن اسلام المرء ترکہ مالا یعنیہ " ۶۹۸؎

(یہ حدیث صحیح ہے)

(۱۱۲) در حدیث نبوی علیہ وعلی الہ الصلوات والتحیات آمدہ است : " ما المیت الا کالغریق المتغوث ینتظر دعوة تلحقه من أبٍ أو أمٍ أو أخٍ أو صديقٍ فاذا لحقته كان احب اليه من الدنيا وما فيها وانّ اللّٰه ليدخل على اهل القبور من دعا اهل الارض امثال الجبال من الرحمة وان هدية الا حياء الىٰ الاموات الاِستغفار لهم"

(دفتر اول مکتوب ۱۵۹)

اس حدیث کی تحقیق وتخریج گذر چکی ہے۔(دیکھئے حدیث ۹۲)

(۱۱۳) حضرت رسالت خاتمیت علیہ الصلوۃ والسّلام والتحیۃ فرمودہ است :" اذا افطر احدکم فلیفطر علی تمرٍ فانّه برکةٌ "

(دفتر اوّل مکتوب ۱۶۲)

اس حدیث نبوی ﷺ کو امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی جامع میں حضرت سلمان بن عامر رضی اللہ عنہ سے مرفوعا روایت کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں:"حدثنا قتيبة نا سفيان بن عينيه عن عاصم بن حفصة بنت سيرين عن الرباب عن عمها سلمان بن عامر يبلغ به النّبی ﷺ قال اِذا فطر احدكم فليفطر علىٰ تمرٍ فانّه بركة فان لم يجد تمرا فالمآءُ فانّه طهورٌ ۶۹۹؎

اور بعدازاں امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:" وفی الباب عن زينب امرأة عبد اللّٰه بن مسعود و جابر و أبی هريرة (قال أبو عيسىٰ) حديث سلمان بن عامر حديث حسن وهكذا روى سفيان الثوری عن عاصم عن حفصة بنت سيرين عن الرباب عن عمّها سلمان بن عامر عن النّبی ﷺ " ۷۰۰؎

(یہ حدیث حسن ہے)

(۱۱۴) قال علیہ الصلوٰۃ والسّلام :" اکرموا عمتکم النّخلة فانّها خلقت من بقيّة طينة اٰدم "

(دفتر اوّل مکتوب ۱۶۲)

اس حدیث مبارکہ کو علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے ''الفتاوی الحدیثیہ'' میں مرفوعا بلفظ (اکرموا عمتکم النخلة فانّها خلقت من

---

(حوالہ صفحہ سابقہ) ۶۹۷؎ شعب الایمان ،جلد ۷،صفحہ ۲۱۶،شعبہ ۷۳،حدیث ۱۰۸۰۶

۶۹۸؎ مصنف عبد الرزاق ،جلد ۱۱، صفحہ ۳۰۸،باب ،ترک المرء مالا یعنیہ

۶۹۹؎ جامع ترمذی ، جلد اوّل ،صفحہ ۱۴۲ ،ابواب الزکوۃ ،باب ما جاء فی الصّدقة علی ذی القرابہ "

۷۰۰؎ ایضا ..............

مکتوبات امام ربانی تیسرا حصہ پہلا دفتر



Marfat.com

فضلة طينة اٰدم )ذکر کیا مگر مخرج بیان نہیں کیا۔۷۰۱ـ

البتہ علامہ ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ نے ''تاریخ دمشق الکبیر'' میں فرمایا:'' عن علی رضی اللّٰہ عنہ مرفوعًا: اکرموا عمتکم النخلة فانها خلقت من الطین الذی خلق منه اٰدم ولیس من الشجر شیی یلقح غیرها واطعموا نسائکم الولد الرطب فان لم یکن رطب فالتمرو لیس من الشجر شجرةٌ اکرم علی اللّٰه من شجرة نزلت تحتها مریم بنت عمران '' ۷۰۲ـ

امام عقیلی رحمۃ اللہ علیہ نے ''الضعفاء الکبیر'' میں ذکر کیا، چنانچہ فرمایا:'' حدثنا أحمد بن أبی جعفر النصبی قال: حدثنا شیبان بن فروح قال، حدثنا مسرور بن سعید التمیمی عن عبد الرحمٰن الأوزاعی عن عروة بن رویم عن علی بن أبی طالب قال قال رسول اللّٰه ﷺ : اکرمو اعمتکم النخلة فانها خلقت عن الطین التی خلق منها اٰدم ''۷۰۳ـ

علامہ ابن عدی ''الکامل فی ضعفاء الرجال'' میں لکھتے ہیں:'' ثنا محمد بن سعید بن مهران الابلی ثنا سنان ثنا مسرور بن سعید التمیمی عن الأوزاعی عن عروة بن رویم عن علی بن أبی طالب قال قال رسول اللّٰه ﷺ اکرمو اعمتکم النخلة فانها خلقت من الطین الذی خلق منه اٰدم ۔لیس من الشّجر فیّ یلقح غیرها وأطعمو انسآء کم الولّد الرطب فان لم یکن الرّطب فالتمرو هی الشجرة التی نزلت تحتها مریم بنت عمران'' ۷۰۴ـ

بعد ازاں امام ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:'' هذا حدیث عن الاوزاعی منکر وعروة بن رویم عن علی لیس بالمتصّل ومسرور بن سعید غیر معروف لم أسمع بذکره الّا فی هذا الحدیث '' ۷۰۵ـ

امام ابو یعلی موصلی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''مسند'' میں بطریق شیبان ذکر کیا، چنانچہ فرمایا:'' حدثنا شیبان حدثنا مسرور بن سعید التمیمی حدثنا عبد الرحمٰن الأوزاعی عن عروة بن رویم عن علی بن أبی طالب رضی اللّٰه عنه قال قال رسول اللّٰه ﷺ : اکرمو اعمتکم النخلة فانها خلقت من الطین الذی خلق منه اٰدم ولیس من الشجر یلقح غیرها '' ۷۰۶ـ

جبکہ ابن حیان رحمۃ اللہ علیہ ''کتاب الامثال'' میں فرماتے ہیں:'' حدثنا ابرهیم بن محمد بن الحارث ثنا شیبان بن فروخ ثنا مسرور بن سعید التمیمی عن الأوزاعی عن عروة بن رویم عن علی بن أبی طالب قال قال رسول اللّٰه ﷺ :أکرمو اعمتکم النخلة فانّها خلقت من الطین الذی خلق منه اٰدم ، لیس من الشجر شیءٌ یلقح غیرها فأطعموا نسائکم الولد الرطب فان لم یکن فالتمرو لیس من الشجرشجرةٌ أکرم علی اللّٰه من شجرة نزلت تحتها مریم بنت عمران '' ۷۰۷ـ

۷۰۱ـ الفتاوی الحدیثیه ،صفحه ۲۷۴ .مطلب فی حدیث : "یعذ بان وما یعذ بان فی کبیر "

۷۰۲ـ ابن عساکر .أبو القاسم علی بن الحسن الشافعی (متوفی ۵۷۱ھ)،[تهذیب]،تاریخ دمشق کبیر ،(اعتنی بترتیبه و تصحیحه عبد القادر فندی)(مطبوعه روضة احشام ، سنہ ۱۳۳۰ھ) جلد ۲ ،صفحه ۳۴۰ ،بیان ، آدم علیه السّلام

۷۰۳ـ الضعفآء الکبیر ، جلد ۴، صفحه ۲۵۶ ، بیان ، ۱۸۵۳ (مسرور بن سعید عن الاوزاعی حدیثه غیر محفوظ ولا یعرف اَلابه)

۷۰۴ـ الکامل فی ضعفاء الرجال ، جلد ۶ ،صفحه ۲۴۲۴ .بیان مسرور بن سعید التمیمی منکر الحدیث

۷۰۵ـ أیضا.........................

۷۰۶ـ مسند ابی یعلی موصلی ، جلد اوّل صفحه ۳۵۳ ،(مسند علی رضی اللّٰه عنه ) حدیث ۱۹۵

۷۰۷ـ ابن حیّان ، أبو محمد ، عبد اللّٰه بن محمد بن جعفر (متوفی سنہ ۳۶۹ھ )،کتاب الامثال فی الحدیث النّبوی ﷺ ، تحقیق الدکتور عبد العلی ،



Marfat.com

اور امام اَبونعیم رحمۃ اللہ علیہ ''حلیۃ الاولیا'' میں رقمطراز ہیں کہ:'' حدثنا ابو بکر الاجری ثنا احمد بن یحیٰی الحلوانی ثنا شیبان بن فروخ ثنا مسرور بن سعید التمیمی عن الأوزاعی عن عروۃ بن رویم عن علی رضی اللّٰہ عنہ قال قال رسول اللّٰہ ﷺ : اکرمو اعمتکم النخلۃ فانّھا خلقت من فضلۃ طینۃ أبیکم اٰدم ولیس من الشجر شجرۃ اکرم علی اللّٰہ من شجرۃٍ ولدت تحتھا مریم بنت عمران ، فأطعموانسائکم الولد الحطب فان لم یکن رطبًا فتمر '' ۷۰۸ے

بعدازاں فرمایا:''غریبٌ من حدیث الأوزاعی عن عروۃ بن رویم تفرّد بہ مسرور بن سعید '' ۷۰۹ے

علامہ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے اَبونعیم رحمۃ اللہ علیہ کی روایت کوانہیں اسناد سے'' الموضوعات''میں ذکر کیا لیکن لفظ'' أبیکم '' بیان نہیں کیا اور بعدازاں فرمایا :'' حدیث علی فتفرد بہ مسرور قال ابن عدی : مسرور غیر معروف وھو منکر الحدیث وقال ابن حبان : یروی عن الأوزاعی المناکیر لایجوز الاحتجاج بمن یرویھا ومنھا ھذا الحدیث '' ۷۱۰ے

لیکن علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے ابن جوزی کا تعقب کرتے ہوئے فرمایا:'' مسرورلم یتھم بکذب ولہ شاھدٌ من حدیث أبی سعید الخدری قال سألنا رسول اللّٰہ ﷺ : ممّا ذا خلقت النخلۃ قال خلقت النّخلۃ والرمان والعنب من فضل طینۃ اٰدم ۔أخرجہ ابن عساکر فی تاریخہ '' ۷۱۱ے

پھر علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے ''الجامع الصغیر ''میں بلفظ (أکرمو اعمتکم النخلۃ فانھا خلقت من فضلۃ طینۃ أبیکم اٰدم ولیس من الشجر شجرۃ اکرم علی اللّٰہ تعالیٰ من شجرۃ ولدت تحتھا مریم بنت عمران فأطعموا نسائکم الولد الرطب فان لم یکن رطب فتمر) ذکر کیا اور فرمایا کہ اسے ابو یعلی موصلی ۔ ابن أبی حاتم عقیلی : الضعفآء ۔ ابن عدی : الکامل'' ابن السنی اور اَبونعیم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے کتاب الطّب'' اور ابن مردویہ نے تفسیر میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا اور یہ حدیث ضعیف ہے''۷۱۲ے

(یہ حدیث ضعیف ہے)

## (۱۱۵) آنسرور فرمودہ علیہ من الصلوات اتمّھا ومن التّحیات اکملھا :'' نعم سحور المومن التمر''

(دفتر اوّل مکتوب ۱۶۲)

اس حدیث نبوی ﷺ کو علامہ خطیب تبریزی رحمۃ اللہ علیہ نے مشکوٰۃ المصابیح میں حضرت اَبوھریرۃ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظہٖ روایت کیا اور فرمایا کہ:''رواہ أبوداوٗد''۷۱۳ے

اس سے مطلقاً سنن اَبی داوٗد مراد ہے لیکن راقم الحروف کو سنن اَبی داوٗد کے زیر مطالعہ نسخہ میں یہ حدیث نہیں ملی ۔ البتہ اسے علامہ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں حضرت اَبوھریرۃ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظہٖ روایت کیا ۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں:

''أخبرنا ابو یعلیٰ حدثنا محمد بن أبی بکر المقدمی حدثنا ابرٰھیم بن أبی الوزیر قال حدثنا محمد بن

---

(بقیہ صفحہ سابقہ) عبد الحمید )(ناشر : الدّار السّلفیۃ ، بومبائی ، بالھند ۱۹۸۲ء/۱۴۰۲ھ) صفحہ ۱۷۰ ۔حدیث ۲۶۳

۷۰۸ے حلیۃ الاولیاء ، جلد ۶ ، صفحہ ۱۲۳ ،بیان عروۃ بن رویم

۷۰۹ے ایضاً.........................

۷۱۰ے کتاب الموضوعات ،جلد اوّل ،صفحہ ۱۸۳ ، ۱۸۴ ،باب ، خلق النخلۃ من طین اٰدم

۷۱۱ے تعقبات سیوطی علی موضوعات ابن جوزی ، صفحہ ۳۸ ،باب الاطعمۃ

۷۱۲ے الجامع الصغیر ، جلد اوّل ، صفحہ ۵۴ ،حرف الألف

۷۱۳ے مشکوٰۃ المصابیح ، صفحہ ۱۷۶ ،کتاب الصّوم ،باب بعد باب تنزیہ الصوم ،فصل ثالث (۳)





Marfat.com

موسى المدنى عن المقبرى عن أبى هريرة رضى الله عنه عن النّبى ﷺ نعم سحور المومن التمر "۱۴؎

اور امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے اسی طریق محمد بن أبى بكر المقدمی سے اپنی کتاب ''السنن الکبریٰ'' میں روایت کرتے ہوئے فرمایا: " أخبرنا أبو الحسن المقبرى أنبا الحسن بن محمد بن اسحق ثنا يوسف بن يعقوب ثنا محمد بن أبى بكر ثنا ابن أبى الوزير هو ابوالمطرف ثنا محمد بن موسىٰ المدنى عن لمقبرى عن أبى هريرة رضى الله عنه عن النّبى ﷺ: نعم سحور المومنين التمر " ۱۵؎

البتہ امام أبونعیم رحمۃ اللہ علیہ نے ''حلیۃ الاولیاء'' میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعا بلفظ :(نعم السحور للمومن التمر) روایت کیا: چنانچہ فرمایا: " حدثنا أبو اسحاق ابرٰهيم بن محمد بن حمزة ثنا ثنا محمد بن حماد بن فضالة ثنا محمد بن معمّر ثنا أبو زمعة عن عمر وعن جابر رضى الله عنه أنّ النّبى ﷺ قال: نعم السحور للمؤمن التمر " ۱۶؎

اور بعدازاں فرمایا:" غريبٌ من حديث عمرو تفرّد به عنه زمعة " ۱۷؎

مگر علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ ''الجامع الصغیر'' میں اسے امام ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ کے حوالہ سے بلفظ:(نعم السحور التمر) ذکر کیا اور فرمایا'' یہ حدیث ضعیف ہے''۱۸؎

علامہ بزار رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث جابر رضی اللہ عنہ بلفظ(نعم السحور بالتمر) ذکر کی۔ چنانچہ فرمایا: " حدثنا رجاء بن محمد السقطى ومحمد بن معمر البحرانى قالا: ثناأبو عامر الملك بن عمرو ثنا زمعة عن عمروبن دينار عن جابر أنّ النّبى ﷺ : نعم السحور بالتمر" ۱۹؎

اور بعدازاں فرمایا:"لانعلمه الا بهٰذ الاسناد " ۲۰؎

اور علامہ ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ ''مجمع الزوائد'' میں فرماتے ہیں:"رواه البزار ورجاله رجال الصحيح " ۲۱؎

امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے المعجم الکبیر میں حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ سے مرفوعًا روایت کرتے ہوئے فرمایا:" حدثنا العباس بن الفضل الاسفاطى ثنا خالد بن يزيد العمرى ثنا يزيد من عبد الملك النوفل عن ابيه عن السائب بن يزيد قال قال رسول الله ﷺ " نعم السحور التمر " ۲۲؎

(پس حدیث بلفظ مجدد حدیث حسن ہے)

## (۱۱۶) "الحياء شعبة من الايمان" (دفتر اوّل ،مکتوب ۱۶۳)

اسکی تحقیق سابقہ ہوچکی ہے۔(دیکھئے حدیث ۴۷)

---

۱۴؎ صحيح ابن حبان ، جلد ۶ ،صفحة ۱۹۷ ،حديث ۳۴۶۶ .كتاب الصّيام ، باب السّحور .ذكر الاستحباب لمن اراد الصّيام أن يجعل سحوره تمرًا.

۱۵؎ السنن الكبرىٰ ،جلد ۴، صفحه ۲۳۶، ۲۳۷ ،كتاب الصّيام . باب ما يستحب من السّحور .

۱۶؎ حلية الاولياء جز ،۳،صفحه ۳۵۰ ،باب ، عمرو بن دينار

۱۷؎ ايضًا..........................

۱۸؎ الجامع الصّغير ،جلد ۲ ،صفحه ۱۸۷ .حرف النّون

۱۹؎ كشف الاستار عن زوائد البزار ، جلد اوّل ،صفحه ۴۶۵ ،كتاب الصّيام ،باب السّحور بالتمر، حديث ۹۷۸

۲۰؎ ايضًا..........................

۲۱؎ مجمع الزوائد ، جلد ۳،صفحه ۱۵۱

۲۲؎ المعجم الكبير ،جلد ۷، صفحه ۱۸۹ ،بيان ۶۶۸ ،(السائب بن يزيد الكندى )،ذكر عبد الملك بن المغيرة النوفل عن السائب ، حديث ۶۶۸۹





Marfat.com

# (۱۱۷) ”من وقّر صاحب بدعة فقد اعان علیٰ ھدم الاسلام“

(دفتر اوّل مکتوب ۱۶۵)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا۔ البتہ یہ حدیث مرفوع ہے۔ اسے امام أبو نعیم رحمۃ اللہ علیہ نے حلیۃ الاولیاء میں بروایت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ بیان کیا، چنانچہ فرمایا: ”حدثنا سلیمان بن علان الوراق ثنا محمد بن محمد الواسطی ثنا احمد بن معاویہ بن بکر ثنا عیسٰی بن یونس عن ثور بن یزید عن خالد بن معدان عن عبد اللّٰہ بن بُسر قال قال رسول اللّٰہ ﷺ: من وقّر صاحب بدعةٍ فقد اعان علی ھدم الاسلام“ ۲۲۳؎۔

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے ”الجامع الصغیر“ میں طبرانی کی ”المعجم الکبیر“ کے حوالہ سے بروایت حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ ذکر کیا اور اسے حدیث ضعیف قرار دیا۔ ۲۲۴؎

اور علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے ”الصواعق المحرقہ“ میں بھی امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالہ سے بیان کیا۔ ۲۲۵؎

لیکن علامہ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ اس روایت ابن بسر کو موضوعات میں شمار کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ”أنبانا محمد بن أبی القاسم البغدادی قال أنبانا احمد بن أحمد بن عبد اللّٰہ الحافظ قال حدثنا الحسن بن علان قال حدثنا محمد بن محمد واسطی قال حدثنا احمد بن معاویہ عن بکر قال حدثنا عیسی بن یونس عن ثور بن یزید عن خالد بن معدان عن عبد اللّٰہ بن بسر قال قال رسول اللّٰہ ﷺ: من وقّر صاحب بدعةٍ فقد اعان علیٰ ھدم الاسلام“ ۲۲۶؎۔

بعد ازاں ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”ففیہ أحمد بن معاویة قال ابن عدی حدّث بالا باطیل“ ۲۲۷؎۔

امام ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے مرفوعًا بلفظہٖ روایت کیا۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں: ”ثنا الحسن بن عبداللّٰہ القطان وغیرہ قالوا: ثنا ھشام بن خالد الدمشقی ثنا الحسن بن یحیٰی الخشنی عن ھشام بن عروة عن أبیہ عن عائشة رضی اللّٰہ عنہ قالت قال رسول اللّٰہ ﷺ: من وقر صاحب بدعةٍ فقد أعان علی ھدم الاسلام“ ۲۲۸؎۔

بعد ازاں ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ اس کی حیثیت واضح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ”ھذا لا یعرف الا بالحسن بن یحیٰی عن ھشام و عنہ رواہ ھشام بن خالد وعندی کتاب الحسن بن یحیٰی الخشنی عن محمد بن بشیر القزّاز الدمشقی عن ھشام ابن خالد ولیس فیہ ھذا الحدیث فلا أدری سرق ھذا الکتاب ام لا“ ۲۲۹؎۔

لیکن ابن جوزی نے اس روایت ابن عدی کو بھی موضوعات میں شمار کیا۔ چنانچہ فرمایا: ”أنبانا اسمعیل بن أحمد قال أنبانا ابن مسعدة قال أنبانا حمزة بن یوسف قال حدثنا ابن عدی قال حدثنا ھشام ابن خالد الدمشقی قال حدثنا الحسن بن یحیٰی الخشنی عن ھشام بن عروة عن أبیہ عن عائشة عن النبی ﷺ قال: من وقر صاحب

---

۲۲۳؎ حلیة الاولیاء، جلد ۵، صفحہ ۲۱۸، بیان: ۳۱۸، (خالد بن معدان)
۲۲۴؎ الجامع الصّغیر، جلد ۲، صفحہ ۱۸۳، حرف المیم
۲۲۵؎ الصّواعق المحرقہ، صفحہ ۳، مقدمہ أولی.
۲۲۶؎ کتاب الموضوعات، جلد اوّل، صفحہ ۲۷۰، باب اھانة البدع.
۲۲۷؎ أیضا.......................صفحہ ۲۷۱
۲۲۸؎ الکامل فی ضعفاء الرجال، جلد ۲، صفحہ ۷۳۶، بیان، الحسن بن یحییٰ عبد الملک الخشنی الشامی
۲۲۹؎ أیضا.........................





Marfat.com

بدعة فقد اعان علی هدم الاسلام " ۴۳۰؎

اورابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کی وجہ موضع حسن بن یحییٰ خشنی کوقرار دیا کہ وہ ثقات سے باطل احادیث روایت کرتا ہے۔۴۳۱؎

مگرعلامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے " اللآلی المصنوعة "میں ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کاتعقب کیااورفرمایا:" قلت : الخشنی روی له ابن ماجه وقال دحیم : لا بأس به ۔ وقال أبو حاتم : صدوق سئی الحفظ ۔ وقال ابن عدی : تحتمل روایاته وقد تابع علی هذا الحدیث فاخرجه ابن عساکر فی تاریخه : أنبانا أبو بکر محمد عبد الباقی أنبانا الحسن بن علی أنبانا أبو بکر محمد بن عبید الله بن الشخیر أنبانا أبو الفضل العباس بن یوسف الشکلی حدثنا احمد بن سفیان حدثنا یحیٰی بن بکیر حدثنا اللّیث بن سعد عن هشام بن عروة عن ابیه عن عائشة رضی اللّٰه عنها به وهذه متابعة قوّیة وقال الحسن بن سفیان فی مسنده حدثنا عمر ابن عثمان الحمصی حدثنا بقیة بن الولید حدثنا ثور بن یزید عن خالد بن معدان عن معاذ بن جبل رضی الله عنه قال قال رسول الله ﷺ : من مشٰی الٰی صاحب بدعة لیو قره فقد اعان علی هدم الاسلام ، وأخرجه أبو نعیم فی الحلیة وقال کذ ارواه بقیّة فقال عن معاذ ورواه عیسٰی ابن یونس عن ثور عن خالد عن عبد الله بن بسر مثله ، وقال أبو نصر السجزی فی کتاب ألا بانة أنبانا أبو مطر عن علی بن عبید الله أنبانا عبد الله بن یحیی حدثنا أبی حدثنا عبد الله بن عمر حدثنا أبو الجنید المفسّر حدثنا محمد بن عبد الرحمٰن الخراسانی حدثنا ابن جریح عن نافع عن ابن عمر قال من وقر صاحب بدعةٍ فقد أعان علی هدم الاسلام وقال: أنبانا أبو مطر حدثنا أبو عبد الله بن یحیٰی حدثنا محمد بن یَحیٰی بن منده حدثنا سعید الجریری حدثنا مسلم بن ابرٰهیم حدثنا حماد بن زید عن عبید الله بن أبی زیادة قال رآنی ابن عباس وأنا أکلّم رجلًا من القدریة فقال : من وقر صاحب بدعةٍ فقد اعان علی هدم الاسلام ، قلت : یا أبا العباس کیف یوقر قال تکیه ونبدؤه بالسّلام ، والله اعلم " ۴۳۲؎

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے شعب الایمان میں "ابراھیم بن میسرۃ رحمۃ اللہ علیہ سے مرفوعاً بلفظہٖ روایت کیا، چنانچہ وہ لکھتے ہیں:" أخبرنا أبو عبد الله الحافظ و محمد بن موسٰی قالا : نا أبو العباس محمد بن یعقوب نا محمد بن اسحٰق أنا أبو همام نا حسان بن ابراهیم عن محمد بن مسلم الطائفی عن ابرٰهیم بن میسرة قال قال رسول الله ﷺ : من وقر صاحب بدعةٍ فقد اعان علی هدم الاسلام "

لیکن یہ روایت مرسل ہے کیونکہ ابراھیم بن میسرۃ تابعی ہیں۔البتہ یہ ثقہ ہیں۔۴۳۳؎

جیسا کہ علامہ خطیب تبریزی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب "الاکمال فی اسماء الرّجال" میں بیان کیا۔۴۳۴؎

اورمشکوٰۃ المصابیح میں بلفظہٖ ذکرفرمایااورتصریح کی کہ:" رواه البیهقی فی شعب الایمان مرسلًا " ۴۳۵؎

البتہ تعدّ دطرق کی وجہ سے یہ حدیث درجہ حسن تک جاپہنچتی ہے جیسا کہ ناصرالدین البانی نے "تحقیق مشکوٰۃ" میں لکھا کہ:" فهـــــو

---

۴۳۰؎ کتاب الموضوعات،جلد اوّل ، صفحة ۲۷۱،باب اهانة البدع

۴۳۱؎ أیضًا..............................

۴۳۲؎ اللآلی المصنوعة فی الاحادیث الموضوعة ، جلد اوّل ،صفحه ۲۵۳ ،کتاب السنة

۴۳۳؎ شعب الایمان ،جلد ۷، صفحه ۶۱ ،شعبه ۶۶ ،(مساعد الکفّار و المفسدین)فصل، مجانبة الفسقة والمبتدعة ، حدیث ۹۴۶۴

۴۳۴؎ الاکمال فی اسماء الرجال ، صفحه ۵۹۰ ،حرف الالف ،فصل فی التابعین ، بیان : ابرٰهیم بن میسرة

۴۳۵؎ مشکوٰة المصابیح ، صفحه ۳۱ ،کتاب الایمان ، باب الاعتصام بالکتاب والسنة ،فصل ثالث ۳،

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی تیسرا حصہ



Marfat.com

ضعیفٌ لارسالہ ویخشی أن یکون فی السند الیہ علّة وما، فقد رواہ اللا لکائی فی شرح اصول السنّة (۱/۱۳۵) موقوفًا علیہ۔ وقد روی موصولًا ومرفوعًا من طرق کثیرة یطول الکلام بایرادھا وقدیر تقی الحدیث بمجموعھا الٰی درجة الحسن" ۴۳۶ھ۔

(پس یہ حدیث حسن ہے)

## (۱۱۸) "ضلّوا فأضلّوا"

(دفتر اوّل مکتوب ۱۶۷)

حضرت مجدد علیہ الرحمة نے اسے یہاں بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا۔ راقم الحروف کہتا ہے کہ یہ ایک قطعہ حدیث ہے جسے شیخین نے صحیحین میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے مرفوعا روایت کیا۔ چنانچہ امام مسلم رحمة اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں تحریر فرمایا کہ:

"حدثنا قتیبة بن سعید نا جریر عن ھشام بن عروة عن أبیہ قال سمعت عبد اللّٰہ بن عمر و بن العاص رضی اللّٰہ عنہ یقول سمعت رسول اللّٰہ ﷺ یقول : انّ اللّٰہ لا یقبض العلم انتزاعًا ینتزعہ من الناس ولٰکن یقبض العلم بقبض العلماء حتّٰی اذا لم یترک عالمًا اتخذ الناس رؤسًا جھالًا فسئلوا فافتوا بغیر علمٍ فضلّو ا واضلّوا" ۴۳۷ھ۔

اورامام بخاری رحمة اللہ علیہ نے "اپنی صحیح" میں فرمایا کہ:

حدثنا اسمعیل بن أبی اویس قال حدثنی مالک بن ھشام بن عروة عن أبیہ عن عبد اللّٰہ بن عمر و بن العاص رضی اللّٰہ عنہ قال سمعت رسول اللّٰہ ﷺ یقول: ان اللّٰہ لا یقبض العلم انتزاعًا ینتزعہ من العباد ولٰکن یقبض العلم بقبض العلماء حتّٰی اذا لم یبق عالم اتخذ الناس رؤوسًا جھالا فسئلوا فافتوا بغیر علمٍ فضلّو ا وأضلّوا ، قال الفریری نا عباس قال ثنا قتیبة قال حدثنا جریر عن ھشمام نحوہ "۴۳۸ھ۔

## (۱۱۹) قال علیہ الصلوة والسّلام: "بحسب امرءٍ من الشر أن یّشار الیہ بالا صابع فی دین أو دنیا الّا من عصمہ اللّٰہ"

(دفتر اوّل مکتوب ۱۷۱)

اس حدیث نبوی ﷺ کو علامہ خطیب تبریزی رحمة اللہ علیہ نے مشکوٰة المصابیح میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مرفوعا بلفظہٖ بیان کیا اور فرمایا کہ اسے بیہقی رحمة اللہ علیہ نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔ ۴۳۹ھ۔

البتہ امام بیہقی رحمة اللہ علیہ نے شعب الایمان میں فرمایا کہ: "أخبرنا أبو الحسن علی بن محمد المقری أنا الحسن بن محمد بن اسحٰق نا یوسف بن یعقوب نا أحمد بن عیسٰی نا ابن وھب عن عمر و بن الحارث وابن لھیعة عن یزید بن أبی حبیب عن سنان بن سعید عن انس بن مالک رضی اللّٰہ عنہ عن رسول اللّٰہ ﷺ انّہ قال : حسب امریءٍ من الشرّ الا من عصمہ اللّٰہ أن یشیرَ الیہ الناس بالا صابع فی دینہٖ أو دنیاہ" ۴۴۰ھ۔

جبکہ علامہ سیوطی رحمة اللہ علیہ نے "الجامع الصغیر میں بلفظہٖ ذکر کیا اور وضاحت کی کہ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت انس رضی اللہ

---

۴۳۶ھ۔ تحقیق مشکوٰة از ناصر الدین البانی ،جلد اوّل ، صفحہ ۶۲ ،حدیث ۱۸۹

۴۳۷ھ۔ صحیح مسلم ،جلد ۲ ،صفحہ ۳۴۰ ،کتاب العلم ،باب رفع العلم و قبضہ وظھور الجھل والفتن فی آخر الزمان

۴۳۸ھ۔ صحیح البخاری ،جلد اوّل ، صفحہ ۲۰ ،کتاب العلم ، باب : کیف یقبض العلم

۴۳۹ھ۔ مشکوٰة المصابیح ،صفحہ ۴۵۵ ،کتاب الرقاق ،باب الرّیا والسمعة .فصل ثانی .

۴۴۰ھ۔ شعب الایمان ،جلد ۵ ،صفحہ ۳۶۶، ۳۶۷ ،شعبہ ۴۵ .باب ، اخلاص العمل للّٰہ وترک الرّیاء. حدیث ۶۹۷۷





Marfat.com

عنہ وحضرت ابوھریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا۔۷۴۱ ـ

اور پھر حضرت امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابوھریرۃ رضی اللہ عنہ سے بھی روایت کی چنانچہ فرمایا: " أخبرنا أبو سعيد المالينی أنا احمد بن عدی نا علی بن الحسين بن عبد الرحيم نا اسحق الحنظلی أنا كلثوم بن محمد بن أبی سدرة الحلبی نا عطا بن أبی مسلم الخراسانی عن أبی هريرة رضی الله عنه عن رسول الله ﷺ قال : بحسب امرىءٍ من الشرّ أن يشار اليه بالاصابع فی دينهٖ و دنياه الا من عصمه الله " ۷۴۲ ـ

بعد ازاں امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: " رواه أيضـا عبد العزيز بن حصين عن ابن اميّة عن الحسن عن أبی هريرة رضی الله عنه والاسناد ضعيف " ۷۴۳ ـ

امام ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ نے باسناد مذکورہ (يعنی علی بن الحسين بن عبد الرحيم ثنا اسحق بن ابراهيم الحنظلی الخ) اپنی کتاب " الکامل فی ضعفاء الرجال میں روایت کیا۔۷۴۴ ـ

جبکہ علامہ ھیثمی رحمۃ اللہ علیہ نے مجمع الزوائد میں فرمایا: " رواه الطبرانی فی الاوسط وفيه عبد العزيز بن حصين وهو ضعيف " ۷۴۵ ـ

البتہ حکیم ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے " نوادر الاصول " میں حضرت حسن علیہ الرحمۃ سے مرسلاً بلفظہٖ روایت کرتے ہوئے فرمایا: " روی الحسن رضی الله عنه انّ رسول الله ﷺ قال : بحسب امری من الشرّ أن يشار اليه بالا صابع فی دين او دنيا الّا من عصمه الله تعالٰی " ۷۴۶ ـ

لیکن امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ اپنی جامع میں تعلیقاً لکھتے ہیں: " قد روی عن انس بن مالك رضی الله عنه عن النبی ﷺ قال : بحسب امرىءٍ من الشرِ أن يشار اليه بالا صابع فی دين او دنيا الا من عصمه الله " ۷۴۷ ـ

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ " احیاء علوم الدین " میں لکھتے ہیں کہ: " قال انس رضی الله عنه قال رسول الله ﷺ : حسب امرىءٍ من الشرّ أن يشير النّاس اليه بالا صابع فی دينه و دنياه الا من عصمه الله " ۷۴۸ ـ

اور علامہ عراقی رحمۃ اللہ علیہ نے اسکی تخریج میں فرمایا: " أخرجه البيهقی فی الشعب بسندٍ ضعيفٍ " ۷۴۹ ـ

راقم الحروف (مطالی) کہتا ہے کہ: اسکی شاہد حدیث ( كفٰى بالمرء من الشّر أن يشار اليه بالا صابع ) ہے کہ جسے امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے " المعجم الکبیر " میں حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا۔۷۵۰ ـ

اور علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے حدیث حسن قرار دیا۔۷۵۱ ـ

تجلیات امام ربانی تیسرا حصہ

---

۷۴۱ ـ الجامع الصغير ، جلد ۵ ،صفحه ۱۲۴ ،حرف الباء

۷۴۲ ـ شعب الايمان ،جلد ۵ ،صفحه ۳٦۷ شعبه ۴۵ ،وهو باب فی اخلاص العمل لِلّٰه وترک الرّياء،حديث ٦۹۷۸

۷۴۳ ـ أيضا ............

۷۴۴ ـ الكامل فی ضعفاء الرجال ، جلد ٦ ،صفحه ۲۰۹۲ ،بيان ، (من اسمه كلثوم )ذكر ، (كلثوم بن محمد بن أبی سدرة الحلبی)

۷۴۵ ـ مجمع الزوائد ،جلد ۱۰ ،صفحه ۲۹۷ ،كتاب الزهد ، باب ، ماجآء فی الشهوة"

۷۴٦ ـ نوادر الاصول فی معرفة احاديث الرسول . صفحه ۱۲۰ ،باب ، الاصل الثمانون (۸۰)

۷۴۷ ـ جامع ترمذی ، جلد ۲ ،صفحه ۷۲ ،أبواب صفة القيامة ، باب بعد باب ماجآء فی اوانی الحوض.

۷۴۸ ـ احياء علوم الدين : جلد ۳ صفحه ۲۷۵ ،كتاب (ذم الجاه والرياء)بيان : (ذمّ الشّهوة)

۷۴۹ ـ أيضا بر حاشيه ............

۷۵۰ ـ چنانچه آپ لکھتے هيں : " حدثنا ابو شعيب عبد الله بن الحسن الحرانی ثنا أبو جعفر النفيلی ثنا كثير بن مروان الفلسطينی ثنا ابرٰهيم بن أبی عبلة عن عقبه بن وساج عن عمران بن حصين قال قال رسول الله ﷺ كفٰی بالمرء من الشرأن يشار اليه بالاصابع "،(المعجم الكبير ،جلد ۱۸ ،صفحه ۲۱۰ ،بيان ، عقبة بن وساج عن عمران بن الحصين .حديث ۵۱۸)



Marfat.com

پھر امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کی ذکر کردہ روایاتِ انس وابوھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہما ایک دوسرے کی شاھد بھی ہیں اور انکی تائید حدیث: (انّ لکلّ شیء شرّۃ ولکل شرّۃ فترۃ فان صاحبھا سدّد وقارب فارجوہ وان اشیر الیہ بالاصابع فلا تعدوہ) سے بھی ہوتی ہے کہ جسے امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے: "جامع" میں حضرت ابوھریرۃ رضی اللہ عنہ سے مرفوعًا روایت کیا☆

اور بعدازاں فرمایا:" ھذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ من ھذا الوجہ " ☆☆۔

(یہ حدیث حسن ہے)

(۱۲۰) "قال علیہ الصلوۃ والسّلام :" انّ اللّٰہ لیؤیّد ھذا الدّین بالرجل الفاجر"

(دفتر اوّل مکتوب ۱۷۱)

اسکی تحقیق وتخریج سابقہ ہوچکی ہے۔(دیکھئے تخریج حدیث نمبر۱۱)

(۱۲۱) صدق رسول اللّٰہ ﷺ " حبّ الدّنیا رأس کلّ خطیئۃ "

(دفتر اوّل مکتوب ۱۷۱)

یہ حدیث زبان زدِ عام ہے۔ اسے علامہ زرکشی رحمۃ اللہ علیہ نے الالی المنثورہ فی الاحادیث المشھورہ میں بلفظہ ذکر کیا اور فرمایا:" ھو من کلام مالک بن دینار کذالک رواہ ابن أبی الدنیا فی کتاب مکائد الشیطان باسناد الیہ "

رواہ البیھقی فی کتاب " الزھد "من کلام عیسیٰ بن مریم علیہ الصلوۃ والسّلام : ولاأصل لہ من حدیث النبی ﷺ الّا مراسیل الحسن البصری، کما رواہ البیھقی فی شعب الایمان فی الباب الحادی والسبعین منہ۔

ورواہ ابن یونس فی تاریخ مصر عن ابن لھیعۃ عن عقبہ بن مسلم عن سعد بن مسعود قولہ "۷۵۲۔

البتہ امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے "الزھد الکبیر" میں اسے بحثیت کلام عیسیٰ علیہ السلام بلفظ: (رأس کلّ خطیئۃٍ حبُّ الدّنیا) ذکر کیا چنانچہ آپ رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:" أخبرنا محمد بن عبد اللّٰہ أنبانا أبو عمرو بن السّماک ثنا الحسن ابن عمرو قال: سمعت بشر بن الحارث یقول: لا یجد من یحبّ الدُّنیا حلاوۃ العبادۃ قال وقال عیسےٰ ابن مریم علیہ السّلام: رأس کُل خطیئۃ حبّ الدّنیا " ۷۵۳۔

لیکن پھر اپنی کتاب شعب الایمان میں فرمایا:" (أخبرنا أبو الحسین بن بشران أنا الحسین بن صفوان ثنا عبد اللّٰہ بن أبی الدنیا ثنا اسحٰق بن ابرٰھیم أنا أبو داود الحفری عن سفیان بن سعید قال: کان عیسےٰ علیہ السلام یقول: حبّ الدنیا اصل کلّ خطیئۃ والمال فیہ داءٌ کثیرٌ قالوا وما داؤہ، قال: لا یسلم من الفخر ولا خیلاء، قالوا فان سلم یشغلہ اصلاحہ عن ذکر اللّٰہ عزوجل " ۷۵۴۔

---

(حوالہ سابقہ صفحہ) ۷۵۱۔ الجامع الصغیر ،جلد دوم ، صفحہ ۹۰ ،حرف الکاف

☆۔ چنانچہ آپ رحمۃ اللّٰہ علیہ لکھتے ھیں :" حدّثنا یوسف بن سلمان أبو عمرو البصری نا حاتم بن اسمٰعیل عن محمد بن عجلان عن القعقاع عن أبی صالح عن أبی ھریرۃ عن النّبی ﷺ انّ لکلّ شیءٍ شرّہ ولکلّ شرّہ فترۃ فان صاحبھا سدّد وقارب فارجوہ وان أشیر الیہ بالاصابع فلا تعدّوہ"

(جامع ترمذی، جلد ۲ ،صفحہ ۷۲ ،أبواب صفۃ القیامۃ ،باب: (بعد باب ماجاء فی اوانی الحوض)

☆☆۔ ایضًا.....................

۷۵۲۔ الّالی المنثورہ فی الاحادیث المشھورہ ، صفحۃ ۱۲۲ ،باب : ۳(الزھد) .حدیث اوّل

۷۵۳۔ البیھقی ،احمد بن حسین ، (المتوفی ۴۵۸ھ)کتاب الزھد الکبیر (دارالقلم ، کویت ، الطبعۃ الثانیہ ۱۴۰۳ھ/۱۹۸۳ء) صفحۃ ۱۲۸ ،حدیث ۲۴۹ .فصل فی ترک الدنیا و مخالفۃ النفس والھوٰی





Marfat.com

اور امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب ''الزھد'' میں امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کیطرح بلفظ (حب الدنیا اصل کل خطیئۃ) ذکر کیا اور اسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا کلام قرار دیتے ہوئے فرمایا: '' ثنا عمر بن سعد ابو داؤد الحفری عن سفیان قال: کان عیسیٰ بن مریم علیہ السلام یقول: حبّ الدنیا اصل کل خطیئۃ '' ۷۵۵۔

البتہ امام ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ نے ''حلیۃ الاولیاء'' میں بلفظہٖ ذکر کیا چنانچہ فرمایا: '' حدثنا أبو محمد بن حیّان ثنا محمود بن أحمد بن الفرج ثنا اسمٰعیل ان عمر والبجلی ثنا سفیان الثوری قال قال عیسےٰ بن مریم علیہ السلام حبّ الدّنیا رأس کل خطیئۃٍ۔ والمال فیہ داءٌ کثیر۔ قیل یا روح اللّٰہ۔ ما داؤہ‘؟ قال: لا یؤدیٰ حقّہ، قالوا: فان ادّی حقہ؟ قال: لا یسلم الفخر والخیلاء؟ قالوا فان سلم من الفخر والخیلاء؟ قال یشغلہ استخلاحہ عن ذکر اللّٰہ۔ ۷۵۶۔

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے شعب الایمان میں حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے مرسلاً بلفظہٖ بھی روایت کیا۔ چنانچہ آپ رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں۔'' أخبرنا ابو الحسین بن بشران أنا الحسین بن صفوان ثنا عبد اللّٰہ بن أبی الدّنیا حدّثنی سریج بن یونس قال ثنا عباد بن العوام عن هشّام أو عوف عن الحسن قال قال رسول اللّٰہ ﷺ: حبّ الدّنیا رأس کلّ خطیئۃٍ '' ۷۵۷۔

علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے الجامع الصغیر میں بلفظہٖ ذکر کیا اور فرمایا کہ اسے امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے شعب الایمان میں حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ سے مرسلاً روایت کیا ہے اور یہ حدیث ضعیف ہے۔ ۷۵۸۔

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے احیاء علوم الدّین میں مرفوعاً بلفظہٖ ذکر کیا: ۷۵۹۔

اور علامہ عراقی رحمۃ اللہ علیہ نے اسکی تخریج میں فرمایا: '' أخرجہ ابن أبی الدنیا فی ذم الدنیا والبیهقی فی شعب الایمان من طریقہٖ من روایۃ الحسن مرسلاً '' ۷۶۰۔

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے ''الدرر المنتثرۃ'' میں فرمایا: '' قد عدّ الحدیث فی الموضوعات وتعقبہ الشیخ ابن حجر بأنّ المدینی أثنی علی مراسیل الحسن والاسناد حسن الیہ '' ۷۶۱۔

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ ''اسرار المرفوعۃ'' میں لکھتے ہیں: '' قال بعضھم موضوع و منھم ابن تیمیۃ حیث جزم بانّہ من قول جندب البجلی انتھی '' ۷۶۲۔

لیکن علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے قائل موضوع کا تعقب کرتے ہوئے فرمایا: '' القائلِ بانہ موضوعٌ لم یصرح باسنادہٖ والاسانید مختلفۃ والمرسل حجّۃ عند الجمهور اذا صحّ اسنادہ‘ '' ۷۶۳۔

پھر ابوشجاع دیلمی رحمۃ اللہ علیہ نے ''فردوس الأخبار'' میں حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظہٖ (الرّغبۃ فی الدّنیا وھی رأس کل خطیئۃٍ) روایت کیا۔ ۷۶۴۔

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی تیسرا حصہ

---

(حوالہ سابقہ صفحہ) ۷۵۴۔ شعب الایمان، جلد ۷، صفحہ ۳۲۳، شعب ۷۱، باب فی الزّهد وقصر الامل، حدیث ۱۰۴۵۸

۷۵۵۔ الزّھد و از امام احمد بن حنبل، صفحہ ۱۱۷، بیان: بقیۃ زھد عیسےٰ علیہ السّلام

۷۵۶۔ حلیۃ الاولیاء، جلد ۲، صفحۃ ۳۸۸، بیان: سفیان الثوری

۷۵۷۔ شعب الایمان، جلد ۷، صفحہ ۳۳۸ شعبہ ۷۱، (باب فی الزھد وقصر الامل، حدیث، ۱۰۵۰۱

۷۵۸۔ الجامع الصغیر، جلد اوّل، صفحہ ۱۴۵، حرف الحاء

۷۵۹۔ احیاء علوم الدین، جلد ۳، صفحہ ۲۰۲، کتاب: ذم الدّنیا، بیان. ذم الدّنیا

۷۶۰۔ ایضاً بر حاشیہ ..........

۷۶۱۔ الدرالمنترہ، صفحہ ۱۶۵، حرف الجاء

۷۶۲۔ اسرار المرفوعۃ فی الاخبار الموضوعۃ، صفحہ ۱۸۰، حرف الحاء، حدیث ۱۶۳،

۷۶۳۔ ایضاً ..........

۷۶۴۔ فردوس الاخبار، جلد ۲، صفحہ ۴۱، باب الباء، حدیث ۲۰۰۷



Marfat.com

علامہ خطیب تبریزی رحمۃ اللہ علیہ نے مشکوٰۃ المصابیح میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہوئے فرمایا:" عن حذیفة قال سمعت رسول اللہ ﷺ یقول فی خطبة الخمر جماع الأثم والنسآء حبائل الشیطان وحب الدنیا رأس کل خطیئةٍ: قال وسمعته یقول اخّروا النسآء حیث اخّرھنّ اللہ " ۶۲۵۔

بعد ازاں فرمایا کہ: " رواہ الرزین، وروی البیہقی منه فی شعب الایمان عن الحسن مرسلًا: حبّ الدنیا رأس کلّ خطیئةٍ " ۶۲۶۔

(یہ حدیث حسن ہے)

## (۱۲۲) "ألمرء مع من أحبّ" (دفتر اوّل مکتوب ۱۷۴)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے یہاں بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا۔ راقم الحروف کہتا ہے کہ یہ حدیث مرفوع متفق علیہ ہے۔

(دیکھئے حدیث ۶)

## (۱۲۳) "حدیث: "لی مع اللہ وقت" (دفتر اوّل مکتوب ۱۷۵)

یہ ایک قطعہ حدیث زبان زدِ عام ہے۔ (دیکھئے حدیث ۹۱)

## (۱۲۴) سید البشر میفرماید علیه وعلی اله الصلوٰت والتسلیمات: "من أحدث فی أمرنا ھذا ما لیس منه فھو ردّ"

(دفتر اوّل مکتوب ۱۸۶)

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔ اسے امام بخاری و مسلم رحمہم اللہ نے "صحیحین" امام أبو یعلیٰ اور احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے "مسند" ابن حبان "صحیح" ابن ماجہ "سنن" اور امام قضاعی رحمۃ اللہ علیہ نے "مسند الشھاب" میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مرفوعاً بلفظہٖ روایت کیا۔ چنانچہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی "صحیح" میں فرمایا:

"حدثنا یعقوب بن محمد ثنا ابرٰھیم بن سعد عن أبیهٖ عن القاسم بن محمد عن عائشة رضی اللہ عنھا قالت قال النّبی ﷺ من أحدث فی أمرنا ھذا ما لیس منه فھو ردّ " ۶۲۷۔

بعد ازاں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:" رواہ عبد اللّٰہ بن جعفر المخزومی و عبد الواحد بن أبی عون عن سعد بن ابرٰھیم " ۶۲۸۔

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ اپنی "صحیح" میں روایت کرتے ہیں کہ:" حدثنا أبو جعفر محمد بن الصباح وعبد اللہ بن عون الھلالی جمیعًا عن ابرٰھیم بن سعد قال ابن الصّباح نا ابرٰھیم بن سعد بن ابرٰھیم بن عبد الرحمٰن بن عوف قال نا أبی عن القاسم بن محمد عن عائشة رضی اللہ عنھا قالت قال رسول اللّٰہ ﷺ من أحدث فی أمرنا ھذا ما لیس منه فھو ردّ" ۶۲۹۔

---

۶۲۵۔ مشکوٰۃ المصابیح، صفحہ ۴۴۴، کتاب الرّقاق، فصل ثالث (۳)

۶۲۶۔ أیضًا

۶۲۷۔ صحیح البخاری، جلد اوّل، صفحہ ۳۷۱، کتاب الصّلح، باب اذا اصطلحوا علیٰ صلح جور فھو مردود۔

۶۲۸۔ أیضًا حوالہ سابق ۶۲۷۔

۶۲۹۔ صحیح مسلم، جلد ۲، صفحہ ۷۷، کتاب الأقضیہ، باب نقض الاحکام الباطلة وردّ محدثات الأمور۔

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی تیسرا حصہ



Marfat.com

امام ابویعلی رحمۃ اللہ علیہ اپنی "مسند" میں لکھتے ہیں: "حدثنا محمد بن الصباح حدثنا ابرٰهيم بن سعد حدثنا ابى عن القاسم بن محمد عن عائشة رضى الله عنها قالت قال رسول الله ﷺ: من أحدث فى أمرنا هذا ما ليس منه فهو ردٌّ "٧٧٠۔

امام احمد بن حنبل رحمة الله عليه" مسند " ميں فرماتے ہيں :" ثنا يعقوب قال ثنا أبى عن أبيه عن القاسم بن محمد عن عائشة رضى الله عنها قالت قال رسول الله ﷺ: من أحدث فى أمرنا هذا ما ليس منه فهو ردٌّ" ٧٧١۔

علامہ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں فرمایا:" أخبرنا احمد بن على بن المثنٰى حدثنا محمد بن الصّباح الدّولابى حدثنا ابرٰهيم بن سعد حدثنا أبى عن القاسم بن محمد عن عائشة رضى الله عنها قالت قال رسول الله ﷺ: من أحدث فى أمرنا هذا ما ليس منه فهو ردٌّ"٧٧٢۔

امام ابن ماجہ رحمۃ اللہ علیہ اپنی "سنن" میں تحریر فرماتے ہیں:"حدثنا ابو مروان محمد بن عثمان العثمانى ثنا ابرٰهيم بن سعد بن ابرٰهيم بن عبد الرحمٰن بن عوف عن أبيه عن القاسم بن محمد عن عائشة رضى الله عنه أن رسول الله ﷺ قال: من أحدث فى أمرنا هذا ما ليس منه فهو ردٌّ " ٧٧٣۔

اور امام قضاعی رحمۃ اللہ علیہ "مسند الشہاب" میں لکھتے ہیں:" أخبرنا أبو القاسم على بن محمد بن آزاد مرد ثنا محمد بن عبد الله الشّافعى حدثنى عبيد بن خلف البزّار صاحب أبى ثور ثنا اسمٰعيل بن عيسٰى العطار ثنا ابراهيم بن سعد قال حدثنى أبى عن القاسم عن عائشة رضى الله عنها قالت :قال رسول الله ﷺ: من أحدث فى أمرنا هذا ما ليس منه فهو ردٌّ " ٧٧٤۔

## (۱۲۵) قال عليه الصّلوٰة والسّلام : "أمّا بعد فانّ خير الحديث كتٰب الله وخير الهدى هدى محمد وشرّ الامور محدّثا تها و كلّ بدعة ضلالة "

(دفتر اوّل مکتوب ۱۸۶)

یہ حدیث صحیح ہے، اسکی تحقیق، تخریج ہو چکی ہے۔ (دیکھئے حدیث ۱۵)

## (۱۲۶) قال عليه الصّلوٰة والسّلام :" اوصيكم بتقوى الله والسّمع والطاعة وان كان عبدًا حبشيًا فانّه من يعش منكم بعدى فسيرى اختلافًا كثيرًا فعليكم بسنّتى وسنة الخلفاء

---

٧٧٠۔ مسند أبى يعلى موصلى ،جلد ٨،صفحه ٧٠،بيان : مسند عائشه رضى الله عنه ، حديث ٢٣٨

٧٧١۔ مسند احمد بن حنبل رحمة الله عليه،جلد ٢،صفحه ٢٧٠،بيان : (مسند عائشة رضى الله عنها)

٧٧٢۔ صحيح ابن حبان ، جلد اوّل ،صفحه ١٨٩ ،باب الاعتصام بالسّنة،ذكر البيان بأن كلّ من احدث فى دين الله حكمًا ليس مرجعهٗ الى الكتاب والسنّة ،فهو مردود ،غير مقبول ، حديث ،٢٧.

٧٧٣۔ سنن ابن ماجه ، جلد اوّل ، صفحه ٧، مقدّمة ،باب تعظيم حديث رسول الله ﷺ ،والتّغليظ علىٰ ما عارضهٗ ، حديث ١٤،

٧٧٤۔ مسند الشّهاب ، جلد اوّل ، صفحه ٢٣١،جزء ثالث (٣) ، باب ثانى (٢) ،بيان ٢٦١ ،(من أحدث فى أمرنا هذا ما ليس منه فهو ردٌّ ) ،حدث ٣٥٩



Marfat.com

# الراشدین المهدیین تمسکوا بها وعضوا علیها بالنّواجذ وایّاکم ومحدثات الأمور فانّ کلّ محدثة بدعة وکلّ بدعة ضلالة "

(دفتر اول مکتوب ،١٨٦)

اس حدیث نمبر ١٢٦ نبوی ﷺ کو امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے "مسند" اور امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے مستدرک میں بلفظہٖ روایت کیا۔ جبکہ امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ اور ابوداؤد "سنن"، "ترمذی" "جامع" اور ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ نے حلیۃ الاولیاء میں بمعمولی اختلاف متن بیان کیا۔ پھر سبھی نے اسے حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا۔

چنانچہ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ "مسند" میں لکھتے ہیں: "ثنا الولید بن مسلم ثنا ثور بن یزید ثنا خالد بن معدان قال ثنا عبد الرحمٰن بن عمر والسّلمی و حجر بن حجر قالا أتینا العرباض بن ساریة وهو ممّن نزل فیه ولا علی الذین اذا ما أتوك لتحملهم قلت لا أجد ما أحملكم علیه فسلمنا وقلنا أتیناك زائرین وعائدین ومقتبسین فقال عرباض صلّی بنا رسول الله ﷺ الصبح ذات یومٍ ثم اقبل علینا فوعظنا موعظةً بلیغة ذرفت منها العیون ووجلت منها القلوب فقال قائل یا رسول الله کان هذه موعظة مودّع فما ذا تعهد الینا فقال أوصیكم بتقوی والسّمع والطّاعة وان کان عبدًا حبشیا فانه من یعش منکم بعدی فسیری اخلافًا کثیرًا فعلیکم بسنّتی وسنّة الخلفاء الراشدین المهدیین فتمسّکوا بها وعضّوا علیها بالنّواجد وایّاکم ومحدثات الامور فانّ کلّ محدثةٍ بدعة وکل بدعة ضلالة " ٧٧٥۔

اور امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ اپنی مستدرک میں فرماتے ہیں: "حدثنا أبو زکریّا یحیٰی بن محمد العنبوی ثنا أبو عبد الله محمد بن ابرٰهیم العبدی ثنا موسٰی بن ایّوب النّصیبی (و) صفوان بن صالح الدّمشقی (قالا) ثنا الولید بن مسلم الدمشقی ثنا ثور ابن یزید حدثنی خالد بن معدان حدثنی عبد الرحمٰن بن عمرو السلمی (و) حجر بن حجر الکلائی (قالا) اتینا العرباض بن ساریة وهو ممن نزل فیه ولا علی الذین اذا ما اتوك لتحملهم قلت لا أجد ما احملك علیه تولوا واعینهم تفیض من الدمع حزنًا الا یجد واما ینفقون فسلّمنا وقلنا اتیناك زائرین ومقتبسین فقال العرباض صلّی بنا رسول الله ﷺ الصبح ذات یومٍ ثم اقبل علینا فوعظنا موعظة بلیغة ذرفت منها العیون ووجلت منها القلوب فقال قائل یا رسول الله کأنّها موعظة مودع فما تعهد الینا فقال أوصِیْکُمْ بتقوی الله والسّمع والطاعة وان کان عبدًا حبشیا فانّه من یعش منکم فسیری اختلافًا کثیرًا فعلیکم بسنّتی وسنّة الخلفاء الراشدین المهدیین فتمسکوا بها وعضو علیها بالنّواجد وایّاکم ومحدثات الامور فان کلّ محدثه بدعة وکلّ بدعة ضلالةٍ " ٧٧٦۔

جبکہ امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے "سنن" میں باسنادِ احمد (حدثنا احمد بن حنبل نا الولید بن مسلم) روایت کیا اور متن میں لفظ "کان" ذکر نہیں کیا۔ ٧٧٧۔

امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ نے "سنن" میں فرمایا: " أخبرنا أبو عاصم أنا ثور بن یزید حدّثني خالد بن معدان عن

---

٧٧٥۔ مسند احمد بن حنبل ،جلد ٤، صفحہ ١٢٧ ،حدیث العرباض بن ساریه عن النبی ﷺ

٧٧٦۔ مستدرک حاکم ، جلد اوّل ، صفحہ ٩٧ ،کتاب العلم (بیان) کل محدثة بدعة وکل بدعة ضلالة

٧٧٧۔ سنن ابی داؤد ،جلد ٢ ،صفحہ ٢٧٩ ،کتاب السنّة ،باب لزوم السنّة





Marfat.com

عبد الرحمٰن بن عمر وعن عرباض بن سارية قال صلى لنا رسول الله ﷺ صلاة الفجر ثم وعظنا موعظة بليغة ذرفت منها العيون ووجلت منها القلوب فقال قائل : يا رسول الله كانّها موعظة مودع فاوصنا فقال : اوصيكم بتقوى الله والسّمع والطاعة وان كان عبدًا حبشيا فانه من يعيش منكم بعدى فسيرى اختلافًا كثيرًا فعليكم بسنّتي وسنة الخلفاء الراشدين المهديّين ـعضوا عليها بالنّواجد وايّاكم و محدثات الأمور فان كل بدعة ضلالة " ۷۷۸ ۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ "جامع" میں فرماتے ہیں:" حدثنا على بن حجر نا بقيّة بن الوليد عن بحير بن سعد عن خالد بن معدان عن عبد الرحمٰن بن عمر والسلمى عن العرباض بن سارية قال وعظنا رسول الله ﷺ يومًا بعد صلاة الغداة موعظة بليغة ذرفت منها العيون ووجلت منها القلوب فقال رجلٌ ان هذه موعظة مودع فما ذا تعهد الينا يا رسول الله ﷺ قال : أوصيكم بتقوى الله والسمع والطاعة وان عبد حبشىٌ فانّه من يعش منكم يرى اختلافًا كثيرًا واياكم ومحدثات الامور فانها ضلالة فمن أدرك ذلك منكم فعليه بسنّتى وسنّة الخلفاء الرّاشدين المهديّين ـعضوا عليها بالنواجد " ۷۷۹ ۔

بعد ازاں امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "هٰذ احديث حسن صحيح" ۷۸۰ ۔

اور امام ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ "حلیۃ الاولیا" میں روایت کرتے ہیں کہ:" حدثنا ابراهيم بن محمد بن حمزة ثنا حامد بن شعيب ثنا شريح بن يونس ثنا الوليد بن مسلم ثنا ثور بن يزيد عن خالد بن معدان حدثنى عبد الرحمٰن بن عمر السلمى وحجر بن حجر قالا : اتينا العرباض بن سارية فسلّمنا وقلنا أتيناك زائرين وعائدين ومقتبسين فقال: انّ رسول الله ﷺ لنا صلاة الغداة و اقبل علينا بوجهه فسوعظنا موعظة ذرفت منها العيون وجلت منها القلوب فقال قائل يا رسول ان هذه موعظة مودع فما تعهّد الينا قال : أوصيكم بتقوى الله والسّمع والطاعة وان كان عبدًا حبشيا فانّه، من يعيش منكم بعدى فسيرى اختلافًا كثيرًا فعليكم بسنّتى وسنّة الخلفاء الراشدين المهديين وعضّوا عليها بالنواجد وايّاكم ومحدثات الامور فان كل بدعة ضلالة " ۷۸۱ ۔

(پس حدیث بلفظ مجدد صحیح ہے)

## (۱۲۷) قال عليه الصّلوٰة والسّلام :" ما احدث قوم بدعة الّا رفع مثلها من السّنة فتمسّك بسنّةٍ خير من احداث بدعة"

(دفتر اوّل مکتوب ۱۸۶)

اس حدیث نبوی کو امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے "مسند" میں حضرت غضیف بن حارث رضی اللہ عنہ سے مرفوعا بلفظہ روایت کیا چنانچہ آپ فرماتے ہیں:" ثنا سريج ابن النعمان قال ثنا بقيعة عن أبى بكر بن عبد الله عن حبيب بن عبد الرّجى عن غضيف بن الحارث الثمالى قال بعث الى عبد الملك بن مروان فقال يأبا أسمآء أنا قد اجمعنا النّاس على أمرين قال وما هما قال رفع الايدى على المنابر يوم الجمعة والقصص بعد الصّبح والعصر فقال أما

۷۷۸ ۔ سنن الدّارمی ، جلد اوّل صفحات ۴۳،۴۳،۴۴، باب : اتّباع بالسنة ،حدیث : ۹۶

۷۷۹ ۔ جامع ترمذی ، جلد ۲ ، صفحه ۹۶ ،ابواب العلم ، باب الاخذ بالسنّة واجتناب البدعة

۷۸۰ ۔ ایضا ...... حواله سابق ......۷۷۹ ۔

۷۸۱ ۔ حلية الاوليا ، جزء ۱۰ ،صفحه ۱۱۵ ،بيان شريح بن يونس



Marfat.com

انّھما امثل بدعتکم عندی ولست مجیبك الی شیٔ منھما قال لِمَ -قال لِانّ النّبی ﷺ قال : ما احدث قوم بدعة الّا رفع مثلھا من السنّة فتمسّك بسنّة خیر من احداث بدعة " ۷۸۲۔

علامہ خطیب تبریزی رحمۃ اللہ علیہ نے مشکوٰۃ المصابیح میں بلفظہٖ بیان کیا اور فرمایا: اسے امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا ہے۔۷۸۳۔

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے ''الجامع الصغیر'' میں بلفظہٖ روایت کیا اور اسے حدیث حسن قرار دیا۔۷۸۴۔

## (۱۲۸) حدیث :" من سن سنّة حسنة فله اجرھا واجر من عمل بھا "

(دفتر اوّل مکتوب ۱۹۲)

اس حدیث نبوی علی صاحبھا الصلوٰۃ والسلام کو امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ ''مسند'' اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ''صحیح'' میں حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے مرفوعًا روایت کیا مگر الفاظ: (فی الاسلام) زائد ذکر کئے۔ جبکہ ابن عربی، سبکی، عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اور بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے بغیر اسناد و راوی بلفظہٖ بیان کیا۔

چنانچہ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ ''مسند'' میں لکھتے ہیں:" ثنا محمدبن جعفر ثنا شعبه عن عون بن أبی جحیفةعن المنذر بن جریر عن أبیه قال کنّا عند رسول اللّٰه ﷺ فی صدر النھار قال فجآء قوم حفاة عراة مجتابی النھار أو العباء متقلّدی السّیوف ما عتھم من مضر بل کلھم من مضر ، فتغیّروجه رسول اللّٰه ﷺ لما رأی بھم من الغافة قال فدخل ثم خرج فأمر بلا لًا فأذن وأقام فصلّی ثم خطب فقال یایّھا النّاس اتقوا ربّکم الذی خلقکم من نفس واحدةٍ اِلٰی آخرہِ الآیة ۔ انّ اللّٰه کان علیکم رقیبًا وقرأ لاية التی فی الحشر ولتنظر نفس ما قدمت لغدٍ -تصدق رجلٌ من دینارہٖ من درھمہٖ من ثوبہٖ من صاع برّہٖ من صاع تمرہٖ حتّٰی قال ولو بشق تمرةٍ قال فجآء رجلٌ من الأنصار بصّرةٍ کادت کفه تعجز عنھا بل قد عجزت ثم تتابع الناس حتّٰی رأیت کو مین من طعامٍ وثیابٍ حتی رأیت رسول اللّٰه ﷺ یتھلل وجھه یعنی کأ نه مذھبة فقال رسول اللّٰه ﷺ : من سنّ فی الاسلام سنّةً حسنة فله أجرھا واجر من عمل بھا بعده من غیر أن ینقص من اجورھم شیء ومن سنّ فی الاسلام سنّةً سیّئة کان علیه وزرھا ووزر من عمل بھا بعدہٗ من غیر أن ینتقص من أوزارھم شییٔ۔۷۸۵۔

اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''صحیح'' میں مثل احمد بن حنبل باسناد محمد بن جعفر روایت کیا۔ چنانچہ آپ رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:" حدّثنا محمد بن المثنی العنزی قال أنا محمد بن جعفر قال نا شعبة عن عون بن أبی جحیفة عن المنذر بن جریر عن ابیہٖ قال کنّا عند رسول اللّٰه ﷺ فی صدر النّھار الخ "۷۸۶۔

جبکہ ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ نے ''الفتوحات المکیۃ'' میں فرمایا:" انّ النّبی ﷺ قال : من سنّ سنة حسنة فلهٗ اجرھا واجر من عمل بھا " ۷۸۷۔

امام سبکی علیہ الرحمۃ ''شفاء السقام'' میں لکھتے ہیں:"قد قال ﷺ : من سنّ سنّة حسنة فله اجرھا واجر من عمل بھا

۷۸۲۔ مسند احمد بن حنبل ،جلد ۴، صفحه ۱۰۵ ،بیان : حدیث غفیف بن الحارث
۷۸۳۔ مشکوٰة المصابیح ،صفحه ۳۱ ،کتاب الایمان ،باب الاعتصام بالکتاب والسنة
۷۸۴۔ الجامع الصغیر ،جلد ۲، صفحه ۱۴۱ ،حرف المیم
۷۸۵۔ مسند احمد بن حنبل رحمة اللّٰه علیه، جلد ۴، صفحه ۳۵۹ ،حدیث :جریر بن عبد اللّٰه
۷۸۶۔ صحیح مسلم: جلد اوّل، صفحه ۳۲۷ ،کتاب الزکوٰۃ ،باب : الحث علی الصدقة ولو بشق تمرۃ
۷۸۷۔ الفتوحات المکیة .جزء اوّل ، صفحه ۲۸۲ ،باب: ۵۵(معرفة الخواطر الشیطانیّة



Marfat.com

الٰی یوم القیامة ومن سنّ سنّة سیّئة فعلیه وزرها ووزر من عمل بها یوم القیمة " ۷۸۸۔

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے شعب الایمان میں علامہ حلیمی علیہ الرحمۃ کا ایک تبصرہ بیان کرتے ہوئے فرمایا:" انّما هو کقوله ﷺ: من سنّ سنّة حسنةً فله' أجرها وأجر من عمل بها " ۷۸۹۔

اور حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے" مدارج النبوۃ" میں بعینہٖ ذکر کیا۔۷۹۰

(یہ حدیث صحیح ہے)

## (۱۲۹) فرموده (ﷺ):" ما اوذی نبیٌّ مثل ما أوذیت "

(دفتر اوّل مکتوب ۱۹۳)

اسکی تخریج سابقہ ہوچکی ہے(دیکھئے حدیث ۴ باب ھذا)

## (۱۳۰) اللّٰھمّ شتت شملھم وفرّق جمعھم وخرّب بنیانھم وخذھم أخذ عزیز مقتدر "

(دفتر اوّل مکتوب ۱۹۳)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کے نزدیک یہ مختلف قطعات احادیث پر مشتمل عبارت ہے۔جیسا کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:" آں سرور دین و دنیا علیه الصلوٰة والسلام در بعضی ادعیه خود اہل شرک را باس عبارت نفرین فرموده اند : اللّٰهُمَّ شتّت شملهم الخ "

راقم الحروف کو یہ قطعات زیر مطالعہ کتب احادیث میں نہیں ملے۔البتہ مختلف کتب اَدعیہ میں منقول ہیں۔

شیخ الاسلام حضرت بہاؤالدین زکریا ملتانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب" الأوراد" میں بلفظ(اللّٰھمّ شتت شملھم وفرق جمعھم وقلّب تدبیرھم وبدل اھوالھم وقرّب اٰجالھم و خیّب امانھم وشغلھم بابدانِھم وخذ ھم أخز عزیز مقتدرٍ) ذکر کیا مگر اسکے حدیث ہونے کی صراحت نہیں کی " ۷۹۱۔

موجودہ صدی کے معروف عالم دین حضرت مولانا مصطفٰے رضا خان قادری رحمۃ اللہ علیہ ایک دعا نقل کرتے ہیں:" اللّٰھمّ اغفر للمومنین والمومنات والمسلمین والمسلمات وألف بین قلوبهم وأصلح ذات بینهم ، اللّٰهمّ العن کفرة الکتٰب الذین یکذبون رسلك ویقاتلون اولیاء ك ۔ اللهم خالف بین کلمتهم وزلزل اقدامهم وانزل علیهم بأسك الّذی لا یردّ عن القوم المجرمین ۔ اللهمّ شتّت شملهم وفرّق جمعهم ودمّر دیارهم و قصّر اعمارهم وخرّب بنیانهم الخ " ۷۹۲۔

لیکن آپ رحمۃ اللہ علیہ نے الفاظ " وخذھم أخذھم أخذ عزیزٍ مقتدرٍ" ذکر نہیں کئے۔مولانا حافظ عبدالغفور رحمۃ اللہ علیہ نے" مسنون نماز" میں یہ دعا بلفظ:(اللّٰھمّ اغفرلنا وللمومنین والمومنات والمسلمین والمسلمات وألف بین

---

۷۸۸۔ السّبکی .تقی الدّین ،أبو الحسن علی ( ۶۸۳ھ.۷۵۶ھ)،شفاء السّقام فی زیادة خیر الانام (المکتبة ایشق.استانبول .ترکیه ۱۹۸۰ء/۱۴۰۰ھ)،صفحه ۱۵۶ ،باب ۹ ،(حیاة الانبیاء)فصل اوّل فیما وَرَ دَ فی حیاة الأنبیاء.

۷۸۹۔ شعب الایمان ،جلد ۵ ،صفحه ۳۷۵ ،شعبه ۴۶ ،باب (السرور بالحسنة والاغتهام بالسیّئة )حدیث ۷۰۰۶.

۷۹۰۔ مدارج النّبوة ،جلد ۲ ،صفحه ۷۷۸ ،تکمله باب در دو وصل ست وصل ۲ ،در کمالات صوری

۷۹۱۔ بهاؤ الدین زکریا ملتانی ،شیخ الاسلام ،(۵۶۶ھ/ ۶۶۱ھ)،" ألاوراد "بتصحیح و تحشیه : محمد میان صدیقی ،بادارت و اهتمام محمد ارشد قریشی(مرکزی تحیقات فارسي ،ایران و پاکستان .اسلام آباد ۱۹۷۸ء)،صفحه ۵۸.ذکر : (مسبعات عشر)

۷۹۲۔ مصطفٰے رضا خان قادری : علّامه " چند بهترین اور تیر بهدف دعائیں " (منسلک به " الوظیفة الکریمة " معمولات وافادات اعلی حضرت عظیم البرکت مولانا الشاه احمد رضا خان بریلوی علیه الرحمة ،مرتبه : علامه حامد رضا قادری (ناشر :مکتبه نبویه لاهور،۱۹۶۱ء)صفحه ۲۶



Marfat.com

قلوبهم وأصلح ذات بينهم وانصُر هم على عدوّك وعدوهم۔ اللهمّ العن الكفرة الّذين يصدّون عن سبيلك ويكذّبون رسلك ويقاتلون اولیائك ۔ اللّهمّ خالف بين كلمتهم وزلزل اقدامهم وشتّت شملهم وفرق جمعهم وأنزل بهم بأسك الّذى لا تردّه عن القوم المجرمين ) نقل کی ۔ ۶۹۳ھ

لیکن آپ رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس کا ماخذ ذکر نہیں کیا۔البتہ یہ دعا بغیر مطلوبہ الفاظ ( شتت شملهم وفرّق جمعهم ) کے حضور سیدنا امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ سے موقوفاً مروی ہے۔ چنانچہ علامہ بیہقی رحمۃ اللہ علیہ ''السنن الکبریٰ'' میں فرماتے ہیں:

" أخبرنا أبو عبد اللّٰه الحافظ وأبو سعيد بن أبي عمر وقالا ثنا أبو العباس محمد بن يعقوب ثنا اسيد بن عاصم ثنا الحسين بن حفص عن سفيان قال حدثني ابن جريح عن عطاء عن عبدبن عمير أن عمر رضى اللّٰه عنه قنت بعد الرّكوع فقال : اللهمّ اغفرلنا وللمومنين والمومنات والمسلمين والمسلمات وألف بين قلوبهم واصلح ذات بينهم وانصر هم على عدوّك وعدوّهم ۔اللهمّ العن كفرة اهل الكتاب الّذين يصدّون عن سبيلك ويكذبون رسلك ويقاتلون أوليائك ۔ اللّهمّ خالف بين كلمتهم وزلزل اقدامهم وأنزل باسك الّذى لا تردّه عن القوم المجرمين " ۶۹۴ھ

مولانا انیس احمد نے ''مسنون دعائیں'' میں قنوت نازلہ کے ضمن میں ذکر کردہ دعا میں الفاظ'' (اللهمّ شتت شملهم ومزّق جمعهم ) اور (اللهمّ خذهم أخذ عزيز مقتدر ) ذکر کئے ۔۶۹۵ھ

امام نسائی رحمة اللّٰه علیہ نے ''سنن'' میں ایک باب ''لعن المنافقين في القنوت'' باندھا اور اسمیں فرمایا:" أخبرنا اسحق بن ابراهيم أخبرنا عبد الرّزاق حدثنا معمر عن الزهرى عن سالم عن ابيه انّه سَمِعَ النّبى ﷺ حين رفع رأسه من صلوة الصبح من الركعة الأخرة قال: اللهمّ العن فلأناً وفلاتا يدعوا علىٰ اناسٍ من المنافقين فانزل اللّٰه عزّوجل ليس لك من الأمرشيءٌ او يتوب عليهم أو يعذبهم فانهم ظلمون " ۶۹۶ھ

البتہ امام بخاری رحمة اللّٰه علیہ نے ''صحیح'' میں باب:" الدّعا على المشركين بالهزيمة والزلزلة " کے تحت فرمایا:" حدثنا احمد بن محمد ثنا عبد اللّٰه نا اسمٰعيل ابن أبى خالدٍ انّه سمع عبد اللّٰه بن أبى أو فى يقول دعا رسول اللّٰه ﷺ يوم الاحزاب على المشركين : فقال : اللهم منزل الكتاب سريع الحساب اللهم احزم الاحزاب اللهم اهزهم وزلزلهم " ۶۹۷ھ

پھر قطعہ اخیرہ (خذهم أخذ عزيزٍ مقتدر ) کا مفہوم آیت کریمہ:(كذّبوا بايتنا كلّها فأخذنا هم أخذ عزيز مقتدرٍ) ۶۹۸ھ سے بھی ماخوذ ہے۔

## (۱۳۱) دَر خبر است :" الدّنيا ملعونة وملعون ما فيها الّا ذكر اللّٰه "

(دفتر اوّل مکتوب ،۱۹۷)

---

۶۹۳ھ حافظ عبد الغفور : مسنون نماز مع مسنون دعائیں (دارالحدیث جهلم )صفحات ۶۱ ۔۶۲،ذکر (عام دعائیں)

۶۹۴ھ السنن الکبریٰ ،جلد ۲،صفحه ۲۱۱،کتاب الصلوٰۃ ،باب : دعاء القنوت

۶۹۵ھ مولانا انیس احمد " مسنون دعائیں " (ناشر : محمد اشرف ،کشمیری بازار ،لاهور ۱۹۶۸ء) صفحه ۲۴ ،بیان : قنوت نازله

۶۹۶ھ سنن نسائی ،جلد اوّل ، صفحه ۱۶۴ ،کتاب الافتتاح

۶۹۷ھ صحیح البخاری ،جلد اوّل ،صفحة ۴۱۱،کتاب الجهاد

۶۹۸ھ قرآن مجید پاره ۲۷ ،سورۃ القمر ،آیت ۴۲، ۶۹۹ھ الدرر المنتثرة ،صفحه ۵۳

پہلا دفتر مکتوباتِ امام ربانیؒ تیسرا حصہ



Marfat.com

یہ حدیث مرفوع ہے، اسکی تخریج ہو چکی ہے۔ (دیکھئے تخریج حدیث ۹۹)

## (۱۳۲) "ألمرء مع من أحبّ" (دفتر اوّل مکتوب ۲۰۴)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے یہاں بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا البتہ یہ حدیث متفق علیہ ہے۔ (دیکھئے تخریج حدیث ۶)

## (۱۳۳) " أنا جليس من ذكرني " (دفتر اوّل مکتوب ۲۰۳)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے بغیر تصریح حدیث یا قول فقط بلفظ: (بحکم) ذکر کیا۔ یہ بحیثیت حدیث قدسی زبان زد عام ہے۔ اسے علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے الدر المنثور میں بلفظہ بیان کیا اور فرمایا کہ اسے دیلمی نے حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مرفوعا بلا اسناد روایت کیا۔ ۹۹ے

بعد ازاں علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: " أخرج عبد الرّزاق في المصنّف عن كعب قال موسٰى يا ربّ أقريب أنت فأنا جيك أم بعيد وأنا ديك ؟ قال يٰموسٰى : أنا جليس من ذكرني " ۸۰۰ے

امام احمد بن حنبل رحمة الله عليه نے الزھد میں روایت کرتے ہوئے فرمایا: "ثنا وكيع ثنا سفيان عن عطاء بن أبي مروان عن أبيه ( الأسلمي ) عن كعب قال قال موسٰى عليه السلام يا رب أقريب أنت فأنا جيك أو تعيدٌ فأنا ديك ؟ قال : يا موسٰى أنا جليس من ذكرني قال يا ربّ فانّا نكون من الحال على حالٍ نجلك ونعظمك أن نذكرك ؟ قال وما هي ؟ قال والجنابة والغائط ، قال يٰموسٰى ـ أذكرني على كلّ حالٍ " ۸۰۱ے

پھر امام بیہقی رحمة الله عليه نے شعب الایمان میں محمد بن نضر حارثی سے روایت کیا چنانچہ فرمایا: "أخبرنا أبو حازم الحافظ وأبو حسّان محمد بن احمد بن محمد بن جعفر المزكي قالا : أنا أبو عمرو بن نجيد ثنا أبو جعفر محمّد بن موسٰى الحلواني ثنا محمد بن عبيد العامري ثنا أبو أسامة قال قلت محمد بن النصر : أما تستوحش من طول الجلوس في البيت ؟فقال ومالي استوحش ؟ وهو يقول : أنا جليس من ذكرني " ۸۰۲ے

اور امام سخاوی رحمة الله عليه المقاصد الحسنۃ میں رقم طراز ہیں: " وكذا أخرجه أبو الشيخ من جهة حسين الجعفي قال قال محمد بن النضر الحارثي لأبي الاحوص : أليس تروي أنّه قال : أنا جليس من زكرني ؟ فما أرجو بمجالسة النّاس " ۸۰۳ے

امام بیہقی رحمة الله عليه شعب الایمان میں روایت کرتے ہیں: " أخبرنا أبو عبد الله الحافظ وأبو سعيد بن أبو عمر و قالا ثنا ابو العباس محمد بن يعقوب ثنا أسيد بن عاصم ثنا الحسين بن حفص عن سفيان عن عطا بن أبي مروان أبي مصعب الأسلمي قال حدثني أبي عن كعب قال قال موسٰى عليه السّلام : يا ربّ أقريب أنت فأنا جيك أم بعيدٌ فأنا ديك فقيل له يا موسٰى : أنا جليس من زكرني ، فقال انّي اكون على حال اجلّك عنها قال : ما هي يٰموسٰى ؟ قال عند الغائط والجنابة قال اذكرني على كلّ حالٍ " ۸۰۴ے

امام سخاوی المقاصد الحسنۃ میں فرماتے ہیں: " ونحوه' عند أبي الشيخ في الثواب من جهة عبد الله بن عمير عن كعب ، وهو في سابع عشر المجالسة من حديث ثوربن يزيد عن عبيدة قال: لمّا كلّم الله عزوجل

---

۸۰۰ے أيضا.......................۵۴۰

۸۰۱ے الزّهد از امام احمد بن حنبل ،صفحه ۸۲ بيان : اخبار موسٰى عليه السّلام

۸۰۲ے شعب الايمان ، جلد اول ، صفحه ۴۵۸،شعبه ۱۰ ، باب : محبت الله عزوجل ،فصل : (ذكر اخبار و ردت في ذكر الله عزوجل )حديث ۷۰۹

۸۰۳ے المقاصد الحسنة ، حديث ۱۸۷، (أنا جليس من ذكرني)

۸۰۴ے شعب الايمان ، جلد اول ، صفحه ۴۵۱،شعبه ۱۰ ،باب ، محبت الله عزوجل ، فصل :(ذكر آثار و اخبار و ردت في ذكر الله) حديث ۶۸۰



Marfat.com

موسٰی علیہ السّلام یوم الطّور کان علیٰ موسٰی جبة من صوف مخلل بالعبد ان وسطه بشريط ليف وهو قائم علٰى جبل وقد أسند ظهره الٰى صخرةٍ من الجبل فقال الله يا موسٰى انى قد أقمتك مقامًا لم يقم احدٌ قبلك ولا يقومه احدٌ بعدك وقربتك نجيًا قال موسٰى : اِلٰهی ولم اقمتنى هذا المقام ؟ قال لتوضعك يموسى ، قال : فلمّا سمع لذاذة الكلام من ربهٖ نادٰى موسٰى الٰهى أقريبٌ فانا جيك أم بعيد فانا ديك قال : يا موسٰى أنا جليس من ذكرنى " ٨٠٥ـ

ابن شاہین رحمۃ اللہ علیہ نے الترغیب میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مرفوعًا روایت کیا جیسا کہ علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے الدرر المنتثرہ میں فرمایا: " ثم رأيت ابن شاهين قال فى الترغيب فى الذكر : حدثنا احمد بن محمد بن اسمعيل الأزدى حدثنا الفضل بن سهل حدثنا محمد بن جعفر يعنى الدرنى حدثنا سلام ابن مسلم عن زيد العمى عن أبى نضره عن جابر رضى الله عنه عن النبى ﷺ قال أوحٰى الله الى موسٰى : يا موسٰى أحبّ أن اسكن معك بيتك فخر لِلّٰه ساجدًا ثم قال وكيف تسكن مَعِىَ بيتى قال يا موسٰى أما علمت : أنا جليس من ذكرنى وحيث ما التمسنى عبدى وحدى " ٨٠٦ـ

بعدازاں علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: " محمد بن جعفر وشيخه' متروكان وزيد العمى ليس بالقوىٰ " ٨٠٧ـ

امام ابوالقاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ الرسالۃ القشیریۃ میں لکھتے ہیں: " سمعت محمد بن الحسين يقول سمعت محمد الفراء يقول سمعت الشّبلى يقل : أليس الله تعالٰى يقول : أنا جليس من ذكرنى " ٨٠٨ـ

علامہ بایزید انصاری رحمۃ اللہ علیہ "مقصود المومنین" میں فرماتے ہیں: " قال النّبى ﷺ : ان الله تعالىٰ يقول : أنا جليس من ذكرنى " ٨٠٩ـ

پھر علامہ ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ الفتوحات المکیۃ میں اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے مدارج النبوۃ میں بلفظہٖ ذکر کیا۔٨١٠ـ

اور اسکا مفہوم حدیث أبی ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے ماخوذ ہے جسے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے صحیح میں مرفوعًا روایت کیا۔ چنانچہ فرمایا: " حدثنا عمر بن حفص قال حدثنا أبى قال حدثنا الأعمش قال سمعت أبا صالح عن أبى هريرة رضى الله عنه قال قال رسول الله ﷺ يقول الله تعالىٰ : أنا عند ظنّ عبدى بى وأنا معه اذا ذكرنى الخ" ٨١١ـ

## (١٣٤) " المرء مع من أحبّ " (دفتر اوّل مکتوب ٢٠٣)

اسکی تخریج سابقہ ہوچکی ہے۔ (دیکھئے تخریج حدیث ١٣٢)

## (١٣٥) " اللّهمّ أرنا حقائق الاشياء كما هى " (دفتر اوّل مکتوب ٢٠٨)

اسکی تخریج سابقہ ہوچکی ہے۔ (دیکھئے حدیث ١٠٥)

---

٨٠٥ـ المقاصد الحسنة ، حديث ١٨٧ ،(أناجليس من ذكرنى )

٨٠٦ـ الدّرر المنتثره ، صفحه ٥٦، ٥٧

٨٠٧ـ أيضًا..........................

٨٠٨ـ الرسالة القشيرية ، صفحة ١١١ ،باب الذكر

٨٠٩ـ مقصود المومنين، صفحه ٣٠٣ ،فصل ٦ ،(بيان العلم ومعرفة الحقيقة والذكر واليقين ، وتصفية القلوب .)

٨١٠ـ الفتوحات المكية ، جزء اوّل ، صفحه ٤٠٧ ،باب ٦٩ ،(معرفة اسرار الصلوة وعمومها )،فصول بل وصول الاذان والاقامة ، فصل بل وصل فى ستر العورة . + مدارج النبوة ، جلد ٢ ، صفحه ٧٨٧، تكملة وصل نوع ثانى ٢ كه تعلّق معنوى است ، بجناب محمد ﷺ .

٨١١ـ صحيح البخارى ،جلد ٢ صفحه ١١٠١ .كتٰب الرّدالجهميّه .باب قول الله تعالٰى : ويحذّركم الله نفسه'



Marfat.com

## (۱۳۶) "گفتہ ﷺ: "کنت نبیّا وّ اٰدم بین المآء والطّین"

(دفتر اوّل مکتوب، ۲۰۹)

یہ بحیثیت حدیث نبوی علیہ الصلوٰۃ والسلام زبان زدِ عام ہے۔ اسے امام زرکشی رحمۃ اللہ علیہ نے "اللآلی المنثور" میں ذکر کیا اور فرمایا: "هذا اللفظ لا اصل له ولٰكن الماثور فيه ما رواه الترمذى وغيره أنّه قيل : يا رسول الله متىٰ كنت نبيًا ؟ أو كتبت نبيًّا ؟ قال : وأدم بين الرّوح والجسد وقال : حسنٌ صحيحٌ " وأخرج ابن حبان عن سارية والحاكم فى صحيحهما من حديث العرباض بن سارية : انّى كنت عند الله لمكتوبٌ خاتم النبيين وأدم لمنجدل فى طينته " وهو بمعنى الاوّل وقد أفردت لهذا الحديث جزءًا" ۸۱۲۔

علامہ سیوطی رحمة اللّٰه علیہ نے "الدرر المنتثرۃ" میں ذکر کیا اور فرمایا: "وزاد العوام فيه : وكنت نبيًا ولا أرض ولا ماء ولا طين ولا أصل له" " ۸۱۳۔

جبکہ امام سخاوی رحمة اللّٰه علیہ المقاصد الحسنة میں رقم طراز ہیں: "أمّا الّذى على السنةِ بلفظ : كنت نبيًا وأدم بين المآء والطّين "فلم نقف عليه بهذا اللّفظ، فضلًا عن زيادة وكنت نبيًّا ولا أدم ولا ماء ولا طين ، وقد قال شيخنا فى بعض أجوبة عن الزّيادة ، انّما ضعيفةٌ والّذى قبلها قوىٌّ " ۸۱۴۔

راقم کہتا ہے کہ اسے امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ: روضۃ الطالبین، ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ "الفتوحات المکیۃ" علامہ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ "عوارف المعارف" عین القضاۃ ہمدانی "تمھیدات" نجم الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ "مرصاد العباد" علاؤالدین سمنانی رحمۃ اللہ علیہ "العروۃ لأھل الخلوۃ والجلوۃ۔ ابوالحسن احمد بن عبداللہ البکری رحمۃ اللہ علیہ "الأنوار" حسین بن محمد الدیار البکری رحمۃ اللہ علیہ "تاریخ الخمیس، عبدالوہاب شعرانی "الیواقیت والجواہر" اور علامہ زرقانی رحمۃ اللہ علیہ نے "شرح المواہب اللدنیۃ" میں مرفوعاً بلفظ مجرد (كنت نبيًا و أدم بين المآء والطين) ذکر کیا۔ ۸۱۵

لیکن علامہ عجلوانی رحمة اللّٰه علیہ نے "کشف الخفاء" میں فرمایا: " أنّه لم يوجد بهذا اللفظ : قال العلقمى فى شرح الجامع الصّغير حديث صحيحٌ " ۸۱۶۔

---

۸۱۲۔ اللآلی المنثورة فی الاحاديث المشهوره ، صفحه ۱۷۲ ،باب ۵(فضائل ) حديث ۱۲

۸۱۳۔ الدّررالمنتره ، صفحه ۲۲۳

۸۱۴۔ المقاصد الحسنة .حديث ۸۳۷(كنت اول النبيين فى الخلق واخرهم فى البعث )

۸۱۵۔ روضة الطالبين ، صفحه۷۲،باب ۶ (بيان معنى النفس والرّوح والقلب والعقل ) فصل بيان المعنى المراد من قوله تعالىٰ )(فاذا سوّيته ونفخت فيه من روحى فقعواله'ساجدين )+ الفتوحات المكيه ، جزء اوّل ، صفحه ۱۳۴ ،باب دهم ۱۰ ، معرة دور الملك واوّل منفعل فيها عن اوّل موجود .+أيضًا، صفحه ۱۴۶ ،باب ۱۲ ،معرفة دورة فلك سيّدنا محمد صلى الله عليه وسلّم .+ أيضًا ،جزء ۳،صفحه ۱۴۱ ،باب : ۳۳۷(معرفة منزل محمد صلى الله عليه وسلم مع بعض العالم وهو من الحضرة الموسوّية ،+عوارف المعارف ، صفحه ۴۱، باب اوّل ، ذكر منشا علوم الصوفية . ، + تمهيدات ، صفحه ۱۶۲ ،تمهيد ۷(حقيقت رُوح و دل ) بيان ۲۱۷ ،+مرصاد العباد ،صفحة ۷۹،باب سوم ، فصل چهارم +العروة لاهل الخلوة والجلوة ،صفحه ۲۸۲، باب ۵(النّبوات والولايات) + ابو الحسن . احمد بن عبد الله البكرى : الأنوارو مصباح السّرور والافكار وذكر نور محمدالمصطفےٰ المختار ﷺ .(شركة مكتبة ومطبعة مصطفےٰ البابى الحلبى وأولاده . بمصر . ۱۳۷۷ھ/۱۹۵۸ء) صفحه ۳.(بيان ) : خطبه +حسن بن محمد بن الحسن الدّيار البكرى : تاريخ الخميس فى احوال أنفس نفيس (موسّسة شعبان للنّشر والتوزيع . بيروت . لبنان ، رجب ۱۲۸۳ھ) جزء اوّل صفحه ۱۹ ،مطلب اللّوح والقلم + عبد الوهاب شعرّانى ،اليواقيت والجواهر (مصطفےٰ البابى الحلبى واولاده بمصر . الطبعة الاخيره ،۱۳۷۸ھ/۱۹۵۹ء) جزء ۲ ،صفحه ،المبحث الثّانى والثلاثون (۳۲)فى ثبوت رسالت نبيّنا محمد ﷺ و بيان انه افضل خلق الله على الاطلاق وغيره ذالك + زرقانى ، محمد بن عبد الباقى بن يوسف بن احمد بن عوان : (متوفى ۱۱۲۲ھ):شرح المواهب للدّنيه القسطلانى (دارلمعرفة للطباعة والنّشر ، بيروت ، لبنان ۱۳۹۳ھ) جزء اوّل ،صفحه ۴۳.المقصد الاوّل فى تشريف الله تعالىٰ له عليه السّلام بسبق نبوّته فى سابق أزليته

۸۱۶۔ اسماعيل بن محمد العجلوانى الجراحى (متوفى ۱۱۶۴ھ) كشف الخفاء و مزيل الألباس (موسّسة الرسالة ،بيروت ، لبنان الطبعة الرابعه ۱۴۰۵ھ/۱۹۸۵ء) جلد ۲، صفحه ، ۱۷۳، حديث ۲۰۱۷





Marfat.com

# (۱۳۷) آنسرور فرموده علیه وعلی اله الصلوة والسلام : " لا یدری اوّلھم خیر أم اٰخرھم "

(دفتر اوّل مکتوب ۲۰۹)

یہ ایک قطعہ حدیث ہے جسے امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے جامع، احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ مسند ، ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کتاب الامثال، ابو داؤد طیالسی مسند، اور قضاعی رحمۃ اللہ علیہ نے مسند الشھاب میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے جبکہ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے صحیح میں حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے، اَبُونعیم رحمۃ اللہ علیہ نے حلیۃ الاولیاء اور حکیم ترمذی نے نوادر الاصول میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظ: (مثل امتی مثل المطر لا یدری اوّله خیر أم اٰخره')روایت کیا۔

چنانچہ امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی جامع میں فرمایا:" حدثنا قتیبة نا حماد بن یحیٰی الابح عن ثابت البنانی عن انس رضی اللہ عنه قال قال رسول اللہ ﷺ : مثل امّتی مثل المطر لا یدری أوّله' خیرٌ أم اٰخره' " ۸۱۷۔

اور بعدازاں امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:" وفی الباب عن عمار و عبد اللہ بن عمرو ابن عمر (رضوان اللہ علیھم اجمعین ) ھذا حدیث حسنٌ غریبٌ من ھذا الوجه " ۸۱۸۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اپنی مسند میں فرماتے ہیں:" ثنا حسن بن موسیٰ حدثنا حماد بن یحیٰی ثنا ثابت البنانی عن انس بن مالك رضی اللہ عنھما عن النبی ﷺ أنه قال : مثل أمتی مثل المطر لایدری اوله خیرٌ لو اٰخره' " ۸۱۹۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب الامثال میں لکھتے ہیں:" حدثنا عبدان ثنا احمد بن عبدة / ثنا حماد بن یحیٰی الابح عن ثابت عن انس رضی اللہ عنه قال قال رسول اللہ ﷺ : مثل امّتی مثل المطر لا یدری اوله خیرٌ أم اٰخر' " ۸۲۰۔

امام اَبوداؤدالطیالسی رحمۃ اللہ علیہ مسند میں فرماتے ہیں:" حدثنا حماد بن یحیٰی الابح قال حدثنا ثابت عن انس رضی اللہ عنه انّ النبی ﷺ قال: مثل امّتی مثل المطر لا یدری اوّله خیر أم اٰخره' " ۸۲۱۔

امام قضاعی رحمۃ اللہ علیہ نے مسند الشھاب میں فرمایا:(بطریق حماد یحیٰی )" أنا أبو محمد التجیبی نا احمد بن ابرٰھیم بن جامع نا علی بن عبد العزیز نا مسلم بن ابراھیم نا حماد بن یحیٰی نا ثابت عن انس رضی اللہ عنه قال قال رسول اللہ ﷺ : مثل امتی مثل المطر لا یدری اوّله خیر أم اٰخره' " ۸۲۲۔

البتہ علامہ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا اور فرمایا:"أخبرنا أبو خلیفة حدثنا عبد الرحمٰن بن المبارك العیشی حدثنا الفضیل بن سلیمان حدثنا موسی بن عقبة عن عبید بن سلیمان الأغر عن أبیه عن عمار ابن یاسر رضی اللہ عنه قال قال رسول اللہ ﷺ : مثل امّتی مثل المطر لایدری اوّله خیرٌ أم اٰخره " ۸۲۳۔

---

۸۱۷۔ جامع ترمذی ، جلد ۲،صفحه ۱۱۴،أبواب الأمثال .باب : حدثنا قتیبة الخ

۸۱۸۔ أیضا حواله سابق ۸۱۷۔

۸۱۹۔ مسند احمد بن حنبل رحمة اللہ علیه، جلد ۳، صفحه ۱۴۳،ذکر : مسند انس رضی اللہ عنه

۸۲۰۔ کتاب الأمثال ،صفحه ۲۲۳،حدیث ۳۳۰

۸۲۱۔ مسند ابی داؤد طیالسی ، صفحه ۲۷۰، حدیث ۲۰۲۳ .جز،۸،بیان ، (ثابت البنانی عن انس رضی اللہ عنه )

۸۲۲۔ مسند الشھاب ، جلد ۲، صفحه ۲۷۷،باب ۱۱،بیان ۸۳۹،حدیث ۱۳۵۲

۸۲۳۔ صحیح ابن حبان ، جلد ۱۰ ،صفحه ۱۷۶،کتب أخباره ﷺ عن مناقب الصحابه و رجالها ونسائهم ،باب : فضل الامة حدیث ۷۱۸۲



Marfat.com

لیکن امام اَبونعیم رحمۃ اللہ علیہ نے حلیۃ الاولیاء میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعًا روایت کیا چنانچہ فرمایا:

حدثنا محمد بن ابن اسحٰق بن ابراهيم قال ثنا احمد بن الحسن المقرئ قال ثنا أبو عاصم قال ثنا عيسٰی بن ميمون عن بكر بن عبد الله عن ابن عمر رضی الله عنه عن النبی ﷺ قال: مثل أمتی مثل المطر لا يدری أوّله خير أم آخره'' ۸۲۴؎

حکیم ترمذی نے نوادر الاصول میں بھی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعًا روایت کیا۔ ۸۲۵؎

(یہ حدیث حسن ہے)

## (۱۳۸) قال ﷺ: خَيرُ القرون قَرْنِی''

(دفتر اوّل مکتوب ، ۲۰۹)

اس حدیث نبوی ﷺ کو امام طبرانی نے ''المعجم الکبیر'' میں حضرت جمیلہ بنت اَبی جہل سے مرفوعًا بلفظہ روایت کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں:

''حدثنا زكريا بن يحيٰی الساجی ثنا محمد بن بشار تنا عبد الرحمٰن بن عثمان أبو بحر البلراوی ثنا شعبة عن سماك بن حرب عن عبد الله بن عميرة عن زوج بنت أبی جهل عن ابنة أبی جهل أن النبی ﷺ قال: خير القرون قرنی '' ۸۲٦؎

اور علامہ ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ ''مجمع الزوائد'' میں فرماتے ہیں: '' سمّا ها جميلة ورجاله ثقات الا ان زوج بنت أبی جهل لم اعرفه '' ۸۲۷؎

البتہ شیخین نے ''صحیحین'' میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مرفوعًا روایت کیا لیکن لفظ ''القرون'' کی بجائے ''النّاس'' ذکر کیا اور متن قدرے مفصل بیان کیا۔

چنانچہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: '' حدثنا عبدان عن أبی حمزة عن الاعمش عن ابراهيم عن عبيدة عن عبد الله عن النبی ﷺ قال: خير النّاس قرنی ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم ثم يجئی من بعدهم قومٌ تسبق شهادتهم ايمانهم وأيمانهم شهادة '' ۸۲۸؎

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: '' حدثنی الحسن بن علی الحلوانی نا از هر بن سعد السّمان عن ابن عون عن ابراهيم عن عبيدة عن عبد الله عن النّبی ﷺ قال: خير النّاس قرنی ثم الذين يلونهم فلا ادری فی الثالثة اوفی الرابعة قال ثمّ يتخلّو بعدهم خلفٌ تستبق شهادة احدهم يمينه' ويمينه' شهادته'' ۸۲۹؎

لیکن علامہ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے شیخین کے حوالے سے بلفظہٖ ذکر کیا، چنانچہ فرمایا: ''بقوله ﷺ فی الحديث المتفق علٰی صحّته: خير القرون قرنی '' ۸۳۰؎

امام اَبونعیم رحمۃ اللہ علیہ نے حلیۃ الأولیاء میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے مرفوعًا بمعمولی اختلاف متن روایت کیا۔ چنانچہ

---

۸۲۴؎ حلية الاولياء ، جزء ۲ ، صفحه ۲۳۱ ، باب ، بكر بن عبد الله المزنی ''

۸۲۵؎ نوادر الاصول ، صفحه ۱۵٦ ، اصل ۱۲۲ ، (أن خير هذه الامة اولها وآخرها)

۸۲٦؎ المعجم الكبير ، جلد ۲۴ ، صفحه ۲۱۱ ، بيان : جميلة بنت أبی جهل بن هشام ، حديث ۵۴۰

۸۲۷؎ مجمع الزوائد ، جلد ۱۰ ، صفحه ۲۰ ، كتاب المناقب ، بان : فضائل صحابه

۸۲۸؎ صحيح البخاری ، جلد ۲ ، صفحه ۹۵۱ ، كتب الرّقاق ، باب من يحذر من زهرة الدّنيا والتنافس فيها .

۸۲۹؎ صحيح المسلم ، جلد ۲ ، صفحه ۳۰۹ ، كتب الفضائل ، باب فضل الصّحابة

۸۳۰؎ الصواعق المحرقة ، صفحه ۷ ، مقدمه اولٰی

پہلا دفتر — مکتوبات امام ربانی — تیسرا حصہ



Marfat.com

آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:" حدثنا سلاف بن احمد قال ثنا الحسن بن علی بن الولید قال ثنا الفیض ابن الوثیق قال ثنا اسحٰق بن ابرٰهیم صاحب البان قال ثنا الأعمش عن زید ابن وهب عن عمر بن الخطاب رضی اللّٰه عنه قال قال رسول اللّٰه ﷺ : خیر القرون القرن الّذی أنا فیهم ثم الثانی ثم الثالث ثم الرابع لا یَعْبأاللّٰه بهم سنًا" ۸۳۱۔

لیکن بعدازاں اسے غریب قرار دیتے ہوئے فرمایا:"غریبٌ من حدیث الأعمش لم یروه عنه الّا اسحٰق " ۸۳۲۔

یہ حدیث صحیح ہے۔

## (۱۳۹) "لن یؤمن احدکم حتی یقال أنه مجنون"

(دفتر اوّل مکتوب ۲۱۳)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا۔(اسکی تخریج وتحقیق کیلئے دیکھئے حدیث ۱۰۳)

## (۱۴۰) حدیث قدسی :" ان عند ظن عبدی بی " (دفتر اوّل مکتوب ۲۱۶)

یہ حدیث قدسی متفق علیہ ہے۔اسکو شیخین نے صحیحین میں اور امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے جامع میں حضرت أبوھریرۃ رضی اللہ عنہ سے مرفوعًا روایت کیا جبکہ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے مسند میں حضرت أبوھریرۃ وحضرت انس رضوان اللہ علیہم سے مرفوعًا روایت کیا۔چنانچہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:" حدثنا عمر بن حفص قال حدثنا أبی قال حدثنا الأعمش قال سمعت أبا صالح عن أبی هریرة رضی اللّٰه عنه قال قال رسول اللّٰه ﷺ یقول اللّٰه تعالیٰ : أنا عند ظنّ عبدی بی وأنا معه اذا ذکرنی فان ذکرنی فی نفسهٖ ذکرته فی نفسی وان ذکرنی فی ملاءٍ ذکرته فی ملاءٍ خیرٌ منهم وان تقرّب الیّ بشبرٍ تقرب الیه ذراعًا وان تقرب الیّ ذراعًا تقرب الیه باعًا ومن اتانی یمشی اٰتیته هرولة " ۸۳۳۔

اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:" حدثنا سوید بن سعید نا حفص بن میسرة حدثنی زید بن اسلم عن أبی صالح عن أبی هریرة عن رسول اللّٰه ﷺ انّه قال قال اللّٰه عزوجل أنا عند ظنّ عبدی بی وأنا معه حیث یذکرنی واللّٰهِ لَلّٰه أفرح بتوبة عبدهٖ من أحدکم یجد ضالته بالفلاة ومن تقربّ الیّ شبرًا تقربت الیه ذراعًا ومن تقرب الیّ ذراعًا تقربت الیه باعًا واذا اقبل الیّ یمشی اقبلت اٰلیه اهرول " ۸۳۴۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ اپنی جامع میں لکھتے ہیں:" حدثنا ابو کریب نا وکیع عن جعفر بن یرقان عن یزید بن الاصم عن أبی هریرة رضی اللّٰه عنه قال قال رسول اللّٰه ﷺ : انّ اللّٰه تعالیٰ یقول : أنا عند ظنّ عبدی بی وأنا معه اذا دعانی " ۸۳۵۔

اور بعدازاں فرمایا:"هذا حدیث حسن صحیح "۸۳۶۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اپنی "مسند" میں لکھتے ہیں:" ثنا روح ثنا زهیر بن محمد ثنا زید بن أسلم عن أبی صالح عن أبی هریرة رضی اللّٰه عنه عن النّبی ﷺ قال اللّٰه عزوجل : أنا عند ظن عبدی وأنا معه' حیث یذکرنی " ۸۳۷۔

---

۸۳۱۔ حلیۃ الاولیاء، جزء ۴، ۱۷۲، بیان : روایات زید بن وهب

۸۳۲۔ ایضًا..........

۸۳۳۔ صحیح البخاری، جلد ۲، صفحه ۱۱۰۱، کتاب الرّد الجهیمة، باب قول اللّٰه :" ویحذرکم اللّٰه نفسه "

۸۳۴۔ صحیح مسلم، جلد ۲، صفحه ۳۵۴، کتاب التوبة

۸۳۵۔ جامع ترمذی، جلد ۲، صفحه ۶۴، أبواب الزهد، باب : حسن الظن باللّٰه تعالیٰ

۸۳۶۔ ایضًا..........

۸۳۷۔ مسند احمد بن حنبل، جلد ۲، صفحه ۵۱۶، (مسند أبی هریرة رضی اللّٰه عنه)



Marfat.com

پھر آپ (امام احمد) نے اسے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بھی روایت کیا۔ چنانچہ فرمایا: "ثنا سلیمان ثنا شعبة ثنا قتادہ عن انس بن مالك رضی اللّٰہ عنہ اِنَّ النّبی ﷺ قال یقول اللّٰہ عزّوجل: أنا عند ظنِّ عبدی بی وأنا معہ اذا دعانی" ۸۳۸؎

۸۳۸؎ ایضا..... جلد ۳، صفحہ ۲۱۰ (مسند انس بن مالک رضی اللّٰہ عنہ)

# فارسی ترجمہ

(۷) حضرت پیغمبر ما علیه وعلى اله الصّلوة والتسليمات گاہے سیزدہ رکعت ادافرمودہ وگاہے یازدہ وگاہے نہ وگاہے ہفت"

(دفتر اوّل مکتوب ۱۳۱)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کے الفاظ: (سیزدہ رکعت ادافرمودہ) کوامام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے "صحیح" میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مرفوعاً روایت کیا چنانچہ فرمایا: "حدثنا يحيى عن شعبة قال حدثني أبو جُمرَه عن ابن عباس رضى الله عنه قال كان صلوة النبى ﷺ ثلث عشر ركعة باللّيل" ۴۳؂

جبکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے صحیح میں ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مرفوعاً روایت کیا۔ چنانچہ فرمایا: "حدثنا أبو بكر بن أبى شيبة و أبو كريب قالا نا عبد الله بن نمير ح وحدثنا ابن نمير قال نا أبى قال نا هشام عن أبيه عن عائشة رضى اللّٰه عنها قالت كان رسول الله ﷺ يصلى من الّيل ثلاث عشرة ركعة يوتر من ذالك بخمسٍ لا يجلس فى شى ءِ الّا فى اٰخرها" ۴۴؂

اور حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کے الفاظ (وگاہے یازدہ وگاہے نہ وگاہے ہفت) کوامام بخاری علیہ الرحمۃ نے "صحیح" میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مرفوعاً روایت کیا۔ چنانچہ فرمایا: "حدثنا اسحٰق قال أخبرنا عبد الله قال أخبرنى اسرائيل عن أبى حصين عن يحيٰى بن وثّاب عن مسروقٍ قال سألت عائشة عن صلوة رسولِ الله ﷺ باللّيل فقالت : سبعٌ وتسعٌ واحدٰى عشرة سوىٰ ركعت الفجر" ۴۵؂

(۸) حضرت پیغمبر علیه على اله الصلوة والسّلام ببعضے از شعراء اسلامیہ امر فرمودند کہ ہجو کفّار نگو نسار نماید، آں شاعر در حضور آں سرور علیہ وعلى اله الصلوة والسّلام افضلها ومن التسليمات اكملها بر بالائے منبر بر آمد اشعار ہجویہ کفار برملا میخواند، آنسرور میفرمودند کہ روح القدس باوُست ما دامیکہ ہجو کفّار میکنند"

(دفتر اوّل مکتوب ۱۳۹)

اسے امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے "سنن" میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مرفوعاً روایت کیا۔ چنانچہ فرمایا: "حدثنا محمد بن سليمان المصيصى نا ابن أبى الزناد عن أبيه عن عروة وهشام عن عروة عن عائشة قال كان رسول الله ﷺ

۴۳؂ صحيح البخارى ،جلد اوّل ،صفحه ۱۵۳ .كتاب التهجد ، باب كيف صلوة الليل و كيف كان النبى ﷺ يصلّى بالليل

۴۴؂ صحيح مسلم ، جلد اوّل ، صفحه ۲۵۴ كتاب المساجد ،باب صلوة الليل وعدد ركعات النبى ﷺ فى الليل وانّ الوتر ركعة وانّ الرّكعة صلوةٌ صحيحة

۴۵؂ صحيح البخارى ، جلد اوّل ، صفحه ۱۵۳ ،كتاب التهجّد ، باب كيف صلوة الليل و كيف كان النبى ﷺ يصلّى بالليل





Marfat.com

يضع لحسّان منبرًا فی المسجد فيقوم عليه يهجو من قال فی رسول اللّٰه ﷺ ، فقال رسول اللّٰه ﷺ ، انّ روح القدس مع حسان ما نافخ عن رسول اللّٰه ﷺ " ۴۶؎

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے "جامع" اور شمائل میں روایت کیا، چنانچہ فرمایا:" حدثنا اسمٰعيل بن موسیٰ الفزاری وعلی بن حجر المعنی واحد قالا نا ابن أبی الزناد عن هشام بن عروة عن أبيه عن عائشة قالت كان النّبی ﷺ يضع لحسان منبرًا فی المسجد يقوم عليه قائمًا يفاخر عن رسول اللّٰه ﷺ أو قالت يُنافخ عن رسول اللّٰه ﷺ ويقول رسول اللّٰه ﷺ : انّ اللّٰه يؤيّد حسان بروح القدس ما يفاخر أو ينافخ عن رسول اللّٰه ﷺ" ۴۷؎

اور بعد ازاں فرمایا:" وفی الباب عن أبی هريرة رضی اللّٰه عنه والبرآء ۔هذا حديث حسنٌ صحيحٌ وهو حديث أبی الزناد " ۴۸؎

امام بخاری علیہ الرحمۃ نے "صحیح" میں حضرت برآء بن عازب رضی اللہ عنہ وابوھریرۃ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بالفاظ مختلفہ روایت کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں:" حدثنا سلیٰمن بن حرب قال حدثنا شعبة عن عدی بن ثابت عن البرآء انّ النّبی ﷺ قال لحسان أهجهم أو قال هاجهم وجبرائيل معك " ۴۹؎

اور دوسری روایت میں فرمایا:" حدثنا ابو اليمان قال حدثنا شعيب عن الزّهری ح وحدثنا اسمٰعيل قال حدثنی أخی عن سليمان عن محمدٍ بن أبی عتيق عن ابن شهاب عن أبی سلمة بن عبد الرحمن بن عوف انّه' سَمِعَ حسّان بن ثابت الأنصاری يتشهّد أبا هريرة فيقول يا أبا هريرة نسؤتك اللّٰه هل سمعت رسول اللّٰه ﷺ يقول : يا حسان أجب عن رسول اللّٰه ﷺ : اللهمّ أيّده بروح القدس ، فقال أبو هريرة رضی اللّٰه عنه نعم " ۵۰؎

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے صحیح میں بطریق زہری حضرت ابوھریرۃ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بیان کیا۔ چنانچہ فرمایا:" حدثنا عبد اللّٰه بن عبد الرحمٰن ألدارمی أنا أبو اليمان أنا شعيب عن الزهری قال أخبرنی أبو سلمة بن عبد الرحمٰن انّه' سمع حسان بن ثابت الأنصاری يشهد أبا هريرة رضی اللّٰه عنه أنشدك اللّٰه ، هل سمعت النّبی ﷺ يقول : يا حسّان أجب عن رسول اللّٰه ﷺ : اللّٰهمّ أيده' بروح القدس قال أبو هريرة رضی اللّٰه عنه : نعم " ۵۱؎

## (۹) "روزے بعضے از اصحاب خیرُ البشر علیہ وعلیہم الصلوٰۃ والتسلیمات پیش آں سرور از خطرات سوئے خود شکایت کردند آں سرور فرمودہ علیہ الصلوٰۃ والسّلام : ذالك من كمال الايمان "

(دفتر اوّل مکتوب ۱۸۲)

---

۴۶؎ سنن ابی داؤد جلد ۲، صفحہ ۳۲۸، کتاب الأدب ،باب ماجآء فی الشعر

۴۷؎ جامع ترمذی ،جلد ۲، صفحہ ۱۱۱ ،أبواب الاداب باب ماجآء فی انشاء الشعر + شمائل ترمذی ، صفحہ ۱۶ ، باب ما جآء فی صفة كلام رسول اللّٰه ﷺ

۴۸؎ ایضاً ..........حوالہ سابق (جامع ترمذی)

۴۹؎ صحيح البخاری ،جلد ۲، صفحہ ۹۰۹، کتاب الأدب ، باب هجاء المشركين

۵۰؎ ایضاً ..........

۵۱؎ صحيح مسلم ، جلد ۲، صفحہ ۳۰۰، کتاب الفضائل ، باب فضائل حسّان بن ثابت رضی اللّٰه عنه





Marfat.com

اسے امام مسلم نے "صحیح" میں حضرت أبوھریرۃ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بمعمولی اختلاف روایت کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں: "حدثنی زھیر بن حرب قال نا جریر عن سھیل عن أبیه عن أبی ھریرة رضی اللہ عنه قال جآء ناسٌ من اصحاب النبی ﷺ الی النّبی ﷺ فسألوه انّا نجد فی انفسنا ما یتعاظم احدٌ بان یتکلّم به قال أو قد وجد تموه قالوا نعم، قال: ذالك صریح الایمان" ۵۲۔

علامہ خطیب تبریزی نے "مشکوة المصابیح" میں ذکر کیا اور فرمایا: "رواه مسلم" ۵۳۔

## (۱۰) حضرت ﷺ اصحاب را مخاطب ساخته فرمودند که شما دَرُ زمانے موجود شده اید که اگر از اوامر و نواهی دهم حصّه ترك كنيد هلاك نشويد بعد از شما گروہے خواہد آمد که اگر دهم حصه را از اوامر و نواهی وقوع آرند خلاص شوہد"

(دفتر اوّل مکتوب ۱۹۳)

اس حدیث نبوی علی صاحبہا الصلوٰت والتسلیمات کو امام ترمذی علیہ الرحمۃ نے "جامع" میں حضرت أبوھریرۃ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں: "حدثنا ابراھیم بن یعقوب الجوز جانی نا نعیم بن حماد نا سفیان بن عیینة عن أبی الزنّاد عن الأعرج عن أبی ھریرة رضی اللہ عنه عن النبی ﷺ قال: انکم فی زمانٍ من ترك منکم عشر ما امر به هلك ثم یاتی زمان من عمل منهم بعشرِ ما أمر به نجا" ۵۴۔

بعد ازاں امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: "هذا حدیث غریب لا نعرفه الا من حدیث نعیم بن حماد عن سفیان بن عیینه وفی الباب عن أبی ذرٍ وأبی سعید رضوان اللہ علیهم" ۵۵۔

علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے الجامع الصغیر میں امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے بیان کیا اور اسے حدیث ضعیف قرار دیا۔ ۵۶۔

## (۱۱) فردائے قیامت سیاهی ایشاں را بخون شهداء فی سبیل اللّٰه وزن خواہند کرد و پله ایں سیاهی خواہد چربید"

(دفتر اوّل مکتوب ۱۹۴)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا۔ راقم الحروف کہتا ہے کہ یہ حدیث مشہور ہے۔ (دیکھئے تحقیق حدیث ۱)

## (۱۲) در حدیث نبوی است علیه من الصلوت اتمها ومن التحیات اکملها که:

۵۲۔ ............ جلد اوّل، صفحه ۷۹، کتب الایمان، بیان الوسوسة الایمان وما یقوله من وجدها

۵۳۔ مشکوٰة المصابیح، صفحه ۱۸، کتاب الایمان، باب هجاء المشرکین فی الوسوسة الایمان، فصل اوّل

۵۴۔ جامع ترمذی، جلد ۲، صفحه ۵۲، أبواب الفتن، باب آخر

۵۵۔ جامع ترمذی ......حواله سابق......ایضاً.........

۵۶۔ الجامع الصغیر، جلد ۱، صفحه ۱۰۰، حرف الف





Marfat.com

خدائے تعالیٰ را فرشتگانند ورائے کتبہ اعمال در راہ ہا و گذر ہامی گردند و طلبِ اہل ذکر می کنند تا آنکہ پا بند ایں طائفہ را کہ در ذکر اند و بہ یك دیگر ندا کنند کہ بشتا بید بسوئے حاجت خویش پس گرد گیرند ایشاں را با جنحہ خویش و از بسیاری تا آسمان رسند۔ پس خداوند تعالیٰ کہ دانا تر است بحال بندگان از ملائکہ بپرسد چوں دید ند بندگان مرا۔ فرشتگان گویند الٰہی حمد و ثنائے تومی گفتند و ترا بہ بزرگی یا دمی کردند و ترا از جملہ عیوب نقصان تبرّی می نمودند۔خدا وند تعالیٰ فرماید اگر بہ بیند چگو نہ با شند ، ملائکہ گویند بیشتر تحمید و بیشتر تمجید و تکبیر گویند پس خدا وند تعالیٰ فرماید ایشاں بہشت را دیدہ اند ۔ گویند نہ دیدہ اند۔ فرماید اگر بہ بیندہ چگو نہ با شد گویند بیشتر طلبند وبیشتر حرص نمایند ، ملائکہ گویند یا ربّ آں طائفۃ را دوزخ تو میسر سیدند و بہ تو پناہ سی جستند، حق سبحانہ و تعالیٰ فرماید ؛ ایشاں دوزخ راہ دیدہ اند ، گوئیند ندِیدہ اند ۔ فرماید اگر بہ بیندہ چگونہ با شد ، گویندا گر بہ بیند بیشتر نکوذ نمایند و راہِ فرار از ایشاں بیشتر اختیار کنند ، خداوند تعالی فرشتگان را فرمایندشمار اگواہ گرفتم ایشاں راہمہ بیامر زیدم ، ملائکہ گویند یا رب در آں مجلس ذاکراں فلاں از برائے ذکر نیامدہ بود ، حاجت دنیاوی داشت برائے آں آمدہ بود۔ حق سبحانہ فرماید : ایشاں جلیسا نند یعنی جلساء من اند ، ہم نشین ایشاں بد بخت نباشد "

(دفتر اوّل مکتوب ۲۰۳)

اس حدیث نبوی ﷺ کو امام بخاری و مسلم علیہما الرحمۃ نے اپنی صحیحین میں حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا۔ چنانچہ امام بخاری علیہ الرحمۃ لکھتے ہیں:" حدثنا قتیبة بن سعید قال حدثنا جریر عن الأعمش عن أبی هریرة رضی الله عنه قال قال رسول اللّٰه ﷺ : انّ لِلّٰه ملٰئکة یطوفون فی الطریق یلتمسون اهل الذکر فاذاوجد واقومًا یذکرون الله تنادوا هلموالی حاجتکم فیحفّونهم بأجنحتهم الی السّماء الدّنیا قال فیسئلهم ربهم وهو اعلم منهم ما یقول عبادی قال تقول یسبّحونك ویکبرونك ،یحمد ونك ویمجّدونك قال فیقول هل رأونی قال فیقولون لا واللّٰه ما رأوك قال فیقول کیف لو رأونی قال یسئلونك الجنّة قال یقول وهل رأوها قال یقولون لا واللّٰه یا ربّ ما رأوها قال یقول فکیف لو أنّهم رأوها قال یقولون لو أنّهم رأوها کانوا اشدّ علیها حرصًا واشدّلها طلبًا واعظم فیها رغبة قال ممّا یتعوّذون قال یقولون من النّار قال یقول وهل رأوها قال یقولون لا واللّٰه یا ربّ ما رأوها قال یقول فکیف لو رأوها قال فیقولون لو رأوها کانوا اشدّ منها فرارًا أو أشدّ لها مخافة فیقول فانّی اشهدکم انّی قد غفرت لهم قال یقول ملك من الملٰئکة فیهم فلان لیس منهم انّما جاء لحاجة قال هم الجلساء لا یشقی جلیسهم "۵۷۔

جبکہ امام مسلم علیہ الرحمۃ نے بمعمولی اختلاف متن روایت کیا۔ چنانچہ فرمایا: حدثنا محمد بن حاتم بن میمون نا بهزنا وهیب نا سهیل عن أبیه عن أبی هریرة رضی الله عنه عن النبی ﷺ قال ان اللّٰه تبارك وتعالیٰ ملٰئکة سیّارة فضلًا یبتغون مجالس الذکر فاذا وجد وامجلسًا فیه ذکر قعد ومعهم وحفّ بعضهم باجنحتهم حتّی یملؤا ما بینهم و بین السماء الدّنیا فاذا تفرقوا عرجوا وصعد وا الی السمآ قال فیسئلهم اللّٰه عزّوجلّ وهو أعلم بهم من أین جئتم فیقولون جئنا من عند عبادٍ لك فی الأرض یسبّحونك و یکبّرونك ویهلّلونك

۵۷۔ صحیح البخاری ،جلد ۲،صفحہ ۹۴۸،کتب الدعوات ،باب فضل ذکر اللّٰه تعالیٰ۔

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی تیسرا حصہ



Marfat.com

ویحمّدونك ویسئلونك قال وما ذا یسئلوننی قالو ایسئلونك جَنَّتَكَ قال وهل رأوجنّتی قالو الا أی ربّ قال فكیف لو رأو اجنّتی قالو اویستجیرونك قال وممّا یستجیروننی قالو امن نّا رك یار بّ قال وهل رأوانارى قالو الا قال فكیف لو رأونارى ۔ قالوا ویستغفرونك قال فیقول قد غفرت لهم وأعطیتهم ما سألو ا وأجرتهم ممّا استجاروا قال یقولون ربّ فیهم فلانٌ عبد خطآ ءٌ انّما مرّ فجلس معهم قال فیقول وله غفرت ۔هم القوم لا یشقی بهم جلیسهم " ۵۸ ۔

(۱۳) "حضرت رسالت خاتمیت علیه وعلی اله الصلوة والسّلام والتحیات در شبِ معراج بعد از طی معارجِ عروج و قطع منازل وصول که بالف سنین میسّر نشود وچوں بوثاق خود رجوع فرمودند دیدند که ہنوز حرارتِ بستر خواب زائل نشده است و حرکت آب در ابریق برائے طهارت جُدا کرده بودند تسکین نیافته "

(دفتر اوّل مکتوب ۲۱۰)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کے الفاظ: (حضرت رسالت خاتمیت ..... نشود) اُن لحات کی قلت پر دلالت کرتے ہیں کہ جن میں حضرت محمد ﷺ بسلسلہ معراج آسمان کی بلندیوں پر تشریف لے گئے۔ بعض سے تین اور بعض سے چار ساعات کا قلیل وقت مروی ہے۔ علامہ اسماعیل حقی "روح البیان" میں لکھتے ہیں:

" کان زمان ذهابه و مجیئه ثلاث ساعات أو أربع ساعاتٍ "۵۹ ۔

علامہ بکری رحمۃ اللہ علیہ تاریخ الخمیس میں فرماتے ہیں کہ: " فی زین القصص : عن عمّار رضی الله عنه كان زمان ذهابه و مجیئه ثلاث ساعات وعن وهب بن منبة رضی الله عنه ومحمد بن اسحاق فی أربع ساعات" ۶۰ ۔

اور حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کے الفاظ: (دیدند کہ ہنوز ..... الخ) حضور اکرم ﷺ سے مرفوعاً روایت کئے گئے ہیں۔ علامہ معین الدین کاشفی رحمۃ اللہ علیہ "معارج النبوۃ" میں رقمطراز ہیں: "فرمود ﷺ کہ کوز رادر بستر خود یافتم نظر کردم ہنوز جامہء من گرم بود" ۶۱

اور علامہ اسماعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: " قال حضرت الشیخ بافتاده افندی قدس سرّه : قد ذهب علیه السلام وجآء ولم یتم ماء ابریقه انصابًا وّ من كان مؤمناً لا ینكر المعراج " ۶۲ ۔

(۱۴) منقول است روزے حضرت جبرائیل علی نبیّنا وعلیه الصلوة والسّلام پیش حضرت پیغمبر ما علیه وعلی اله الصلوة والسّلام آمده اخبار کرد '

---

۵۸۔ صحیح مسلم ،جلد ۲ ،صفحه ۳۴۴ ،کتاب الذکر والدّعا ،باب فضل مجالس الذّکر

۵۹۔ روح البیان ،جلد ۵ ، صفحه ۱۲۵ : تفسیر سورة الاسرآء

۶۰۔ تاریخ الخمیس ،جلد اوّل ، صفحه ۳۱۵ ،واقع معراج

۶۱۔ معین الدین کاشفی رحمةالله علیه :(ابن شرف الدین رحمةالله علیه ) (متوفی ،۹۰۷)معارج النبوة فی مدارج الفتوة (فارسی)(در مطبع نامی گرامی منشی نو لکشور واقع ، ...... بالکهنؤ . نبع مزیّن گردد ۱۹۲۶ء) جلد دوم ، صفحه ۱۸۵ ،باب چهارم ،فصل بیست و دوم ۲۲ درواقعات که بعد از نزول آنحضرت ﷺ از معراج بظهور بیوسته

۶۲۔ تفسیر روح البیان ،جلد ۵ ،صفحه ۱۲۵

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی تیسرا حصہ



Marfat.com

در حق شخصے کہ ایں جوان فرد اعلی الصبّاح خواہد ، مرد حضرت پیغمبر را علیہ والہ الصلوۃ والسّلام بر حال آن جوان رحم آمد ، پر سیدند کہ از دیباچہ آرزو داری ۔ گفت دو چیز آرزو دارم سنکوحہ بکر و حلوا ، فرمودند تا ہر دو مہیّا ساختند ، آن جوان شب باہلیہ خود در خلوت نشستہ و طبق حلوا در پیش ، اتفاقاً سائلہ محتاج بردر آمدہ اظہار احتیاج نمود ، ایں جوان آن طبق حلوارا أو

است برداشتہ بآں فقیر داد ۔ چوں صباح شد حضرت پیغمبر علیہ وعلی آلہ الصّلوۃ والسّلام انتظار خبر فوت آن جوان بردند چوں دیر شد فرمودند کہ خبر بیار ید کہ آن جوان چہ حال دارد ۔ خبر آورد کہ خوش ، خرم است متحیّر ماندند ، در ایں اثنا حضرت جبرئیل علی نبیّنا وعلیہ الصلوۃ والسّلام آمدہ ۔ گفت کہ تصدّق حلوا دفع بلائے آن جوان نمود و زیر بستر أو مار کلائے یافتند کہ مردہ بودو درونِ آں مار آں قدر حلوا فرد کوفتہ اند کہ بسیاری حلوا جان دادہ است " (دفتر اوّل مکتوب ۲۱۷)

یہ منقول شدہ روایت باطل وغیر ثابت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ خود حضرت مجدد نے اسے نقل کرنا ناپسند کیا۔ چنانچہ فرماتے ہیں: " ایں فقیر ایں نقل را نمے پسندد و تجویز خطا بر جبرئیل امین نمی نماید کہ حامل وحی قطعی أوست و احتمال خطا بر حاملِ وحی تجویز نمودن مستقبح میداند " ۶۳ ۔

۶۳ ۔ مکتوبات امام ربّانی ، دفتر اوّل مکتوب ۲۱۷





Marfat.com

# ﴿آثار صحابہ﴾

# فصل اوّل عربی متن

(۳) عن حسّان قال: ''ما ابتدع قومٌ بدعةً فی دینھم الّا نزع اللّٰہ من سنتھم مثلھا ثم لا یعیدھا الیھم الٰی یوم القیٰمۃ''

(دفتر اوّل مکتوب ۱۸۶)

اسے امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ نے ''سنن میں بلفظہٖ روایت کیا۔ چنانچہ آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: '' أخبرنا أبو المغیرۃ ثنا الأوزاعی عن حسّان قال: ما ابتدع قوم بدعۃ فی دینھم الّا نزع اللّٰہ من سنّتھم مثلھا ثم لا یعیدھا الیھم الٰی یوم القیٰمۃ '' ۹ ؎

علامہ خطیب تبریزی رحمۃ اللہ علیہ نے مشکوٰۃ المصابیح میں بیان کیا اور فرمایا کہ اسے امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا ہے۔ ۱۰؎

علامہ علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے مرقاۃ المصابیح میں تصریح کی کہ یہاں 'حسّان' سے مراد حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ ہیں۔ چنانچہ آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: '' حسّان: غیر منصرف علی انّہ فعلان وقد ینصرف علی انّہ فعال وھو ابن ثابت شاعر رسول اللّٰہ ﷺ یکنی أبا الولید الأنصاری الخزرجی '' ۱۱ ؎

لیکن ناصر الدّین البانی نے اسے حسّان بن عطیہ قرار دیا جو کہ ثقہ تابعی ہیں۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ: '' حسّان: ھو ابن عطیہ کما صرح بذالک ابن بطہ ق ۲/۱۱۴، الھروی ق ۲/۹۸ فی روایتھما ولیس ھو حسّان الشاعر کما وھم الشیخ القاری وابن عطیّہ تابعی جلیل توفّی سنۃ ۱۳۰ '' ۱۲ ؎

البتہ ان کے نزدیک یہ حضرت ابوھریرۃ رضی اللہ عنہ سے موقوفاً مروی ہے۔ چنانچہ فرمایا: '' وسندہ صحیحٌ۔ وقد روی من قول أبی ھریرۃ أخرجہ أبو العباس الاصم فی حدیثہٖ '' ۱۳ ؎

لیکن علامہ خطیب تبریزی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہاں حسّان سے مراد حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ ہیں۔ کیونکہ یہ اثر مشکوٰۃ المصابیح میں موجود ہے مگر علامہ تبریزی رحمۃ اللہ علیہ نے ''الاکمال فی اسماء الرجال'' میں حسان بن عطیہ نامی کسی راوی کا ذکر نہیں کیا جو اس بات کی دلیل ہے کہ مشکوٰۃ میں موجود روایات میں کوئی بھی حسان بن عطیہ سے مقطوعاً مروی نہیں تو اس صورت میں یہ روایت منقطع ہے۔ کیونکہ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ اور امام اَوزاعی کے مابین راوی ساقط ہے۔ ۱۴؎

---

۹ ؎ سنن الدّارمی، جلد اوّل، صفحہ ۴۴، باب (اتباع السنّہ) حدیث ۹۹

۱۰ ؎ مشکٰوۃ المصابیح، صفحہ ۳۱، کتٰب الایمان، باب الاعتصام با لکتٰب والسنّہ، فصل ثانی (مطبوعہ کراچی)

۱۱ ؎ مرقاۃ المفاتیح، جلد اوّل، صفحہ ۲۸۷، کتٰب الایمان، (شرح حدیث مذکورہ)

۱۲ ؎ البانی ناصر الدین "تحقیق مشکوٰۃ المصابیح" (المکتب الاسلامی بیروت، لبنان، ۱۹۷۹ء/۱۳۹۹ھ)، جلد اوّل صفحہ ۶۶، حدیث ۱۸۸ کی شرح

۱۳ ؎ ایضًا..................

۱۴ ؎ کیونکہ حضرت حسان بن ثابت رضی اللّٰہ عنہ سنہ ۵۰ ہجری دورِ حضرت امیر معاویہ رضی اللّٰہ عنہ میں فوت ہوئے (دیکھئے "الاکمال فی اسماء الرّجال" صفحہ ۵۹۴، حرف الحاء فصل فی الصحابۃ) جبکہ امام أبو عمر اوزاعی سنہ ۸۸ھ میں پیدا ہوئے اور سنہ ۱۵۷ھ میں فوت ہوئے (دیکھئے۔ الطبقات الکبرٰی لابن سعد جلد ۷، صفحہ ۴۸۸، بیان: أبو عمر و (عبد الرحمٰن بن عمرہ) الاوزاعی، ذکر وکان بالعصوام والثغور) نیز دیکھئے: (تھذیب التھذیب لابن حجر عسقلانیؒ، جلد ۶ صفحہ ۲۴۰، بیان، العین، ذکر عبد الرحمن بن عمرو بن أبو عمر والأوزاعی)





Marfat.com

لیکن امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ کی ثقاہت ☆ اور تبحر علوم حدیث اس روایت کی مقبولیت پر دآل ہے۔ پھر اسکا اثر حضرت أبوھریرۃ رضی اللہ عنہ سے موقوفا مروی ہونا (جیسا کہ اوپر گزر چکا ہے) اسکی تقویت کا باعث ہے۔ تو یہ اثر زیر تحقیق اگر چہ خبر موقوف ہے مگر مرفوع حکمی میں داخل ہے کیونکہ اخبارِ غیب پر مشتمل ہے۔ علامہ ملاعلی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

أی موقوفًا لكن مثل هذا لايقال قبل الرأی لاشتماله علٰى اخبار بغيبٍ وهو قوله ثمّ الٰی الخ فيكون فی حكم المرفوع " ١٥ـ

## فارسی ترجمہ

(٢) " بعضے از اصحاب کرام فرموده اند که ہنوز از دفن آن سرور علیہ الصلوۃ والسّلام فارغ نشده بودیم که در دلہائے ما خود تفاوت یافتیم "

(دفتر اوّل مکتوب ٢٠٩)

اسے امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ "شمائل" اور ابن ماجہ نے "سنن" میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا چنانچہ امام ابن ماجہ نے فرمایا: "حدثنا بشر بن هلال الصّواف ثنا جعفر بن سلمان الضبعیّ ثنا ثابت (وفی الشمائل للترمذی عن ثابت) عن انس رضی اللّٰه عنه قال: لمّا كان اليوم الذی دخل فيه رسول اللّٰه ﷺ المدينة ، أضاء منها كل شیء فلمّا كان اليوم الذی مات فيه ، أظلم منها كلّ شیء وما نفعنا عن النبی ﷺ الا يدی حتّی أنكر نا قلوبنا " ٢ـ

---

☆ ابن سعد ، الطبقات الکبریٰ ، اور ابن حجر ، تهذيب التهذيب میں امام اوزاعی کے بارے لکھتے هیں : " كان ثقة مامو نًا صدوقًا فاضلًا خيرًا كثيرًا الحديث والعلم والفقه حجّة " ( حواله مذكوره بالا)

١٥ـ مرقاة المفاتيح ، جلد اوّل ، صفحة ٢٥٧ ،(شرح حديث زيرِ تحقيق)

٢ـ شمائل ترمذی ، صفحة ٢٧ ،باب (ما جاء فی وفاتِ رسول اللّٰه ﷺ)

+ سنن ابن ماجه ، جلد اوّل ، صفحة ٥٢٢ ،كتٰب الجنائز ، باب (ذكر و فاته ودفنه ﷺ) حديث ١٦٣١





Marfat.com

# حضرت مجدد کے وہ اقوال جنکا مفہوم احادیث سے ماخوذ ہے

## فصل اول عربی متن

(۱۹) " وشرّف ثمّه' بالرّؤية البصريّة " (دفتر اوّل مکتوب ۱۳۵)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اپنے اس قول میں: حضور اکرم ﷺ کی فضیلت بیان کی کہ آپ ﷺ نے رب کائنات کا ظاہری آنکھوں سے دیدار کیا۔ جہاں تک حضور ﷺ کے دیدار الٰہی کا تعلق ہے تو اسے امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے "صحیح" میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا۔ چنانچہ فرمایا حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة قال نا وكيع عن يزيد بن ابراهيم عن قتادة عن عبد الله بن شقيق عن أبي ذر رضي الله عنه قال سألت رسول الله ﷺ: هل رأيت ربّك ؟ قال : نورٌ أنّى أراهُ " ۱۲۴ ۔

اور کیفیت کے اعتبار کے دیدار دو طرح کا ہے۔(۱) دیدار قلبی یا بصیرت (۲) دیدار عینی یا بصری ، آپ ﷺ نے ہر دو طرح سے دیدار کیا۔ علامہ ابومحمد روزبھان رحمۃ اللہ علیہ شرح الحجب والاستار میں حضور اکرم ﷺ سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں کہ:" قال: رأيت ربّي بعيني وقلبي " ۱۲۵ ۔

اور رویت عینی کا ذکر امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے "صحیح" میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے موقوفاً بھی کیا۔ چنانچہ آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:" حدثنا علي بن عبد الله قال حدثنا سفيٰن عن عمر وعن عكرمة عن ابن عباس رضي الله عنه (وما جعلنا التي أريناك الافتنة للناس ) قال: هي رؤيا عين أريها رسول الله ﷺ ليلة أسرٰى به ۔ ( والشجرة الملعونة ) شجرة الزّقوم " ۱۲۶ ۔

(۲۰) " اللّٰهمّ لا تكلنا الٰى انفسنا طرفة عين " (دفتر اوّل مکتوب ۱۵۴)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کی یہ دعا: حدیث نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام (اللّٰهم لا تكلني الٰى نفسي طرفة عينٍ) سے ماخوذ ہے کہ جسے امام بزار رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا۔ چنانچہ آپ رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:" حدثنا عمر وبن عيسىٰ ثنا عبد الاعلى ثنا ابراهيم بن يزيد عن عمر وبن دينار عن ابن عمر قال كان من دعاء رسول الله ﷺ: اللّٰهمّ لا تكلني الٰى نفسي طرفة عينٍ ولا تنزع منّي صالح ما اعطيتني " ۱۲۷ ۔

علامہ ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ نے "مجمع الزوائد" میں فرمایا:" رواه البزار وفيه ابراهيم بن يزيد وهو متروك " ۱۲۸ ۔

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "الجامع الصغیر میں (بلفظ وحوالہ بزار) ذکر کیا اور اسے ضعیف قرار دیا۔ ۱۲۹

علامہ علی متقی نے "کنز العمال" میں حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظ:(اللّٰهمّ لا تكلني الٰى نفسي طرفة عين )

---

۱۲۴۔ صحيح مسلم ، جلد اوّل ،صفحه ۹۹ ، كتاب الايمان ،باب (معنى قول الله تعالىٰ : ولقد راه نزلة اخرىٰ ) وهل رأى النبى ﷺ ربّه ليلة الاسراء )

۱۲۵۔ شرح الحجب والاستار ، صفحه ۴۷

۱۲۶۔ صحيح البخارى ، جلد ۲ ، صفحه ۶۸۶ ،كتاب التفسير ، سورة بنى اسرائيل ، باب (قوله وما جعلنا الرويا التى اريناک الخ)

۱۲۷۔ كشف الاستار عن زوائد البزار ، جلد ۴ ،صفحه ۵۴ ،كتاب الأذكار ، باب : (دعاء النبى ﷺ ) حديث ۳۱۹۰

۱۲۸۔ مجمع الزوائد ،جلد ۱۰ ، صفحه ۱۸۱ ،كتب الادعيه ،باب (الادعيه الماثور عن رسول الله ﷺ التى دعا بها وعلّمها )

۱۲۹۔ الجامع الصغير ، جلد اوّل ،صفحه ۵۶ ،حرف الهمزه



Marfat.com

ذکرکیااورفرمایا:" (رواہ) أبو بکر فی الغلانیاب وابن النّجار " ۱۳۰ ۔

جبکہ امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ صحیح ،ابوداؤد "سنن" اوراحمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے "مسند" میں حضرت أبی بکرۃ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظ(دعوات المکروب : اللّٰھمّ رحمتك ارجوا فلاتکلنی الٰی نفسی طرفة عینٍ وأصلح لی شأنی کله لااله الّا أنت )روایت کیا۔ ۱۳۱

## (۲۱) " رضینا باللّٰه سبحانه ربًّا وبالاسلام دینًا وبمحمد علیه الصلوٰة والسلام نبیًّا ورسولًا "

(دفتر اوّل مکتوب ۱۶۳)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کا یہ قول ایک اقتباس حدیث ہے جسے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے صحیح میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا لیکن لفظ "رسولا" ذکر نہیں کیا اور ایک دوسرے طریق سے روایت کیا لیکن لفظ "نبیا" ذکر نہیں کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں۔

" حدثنا ابو الیمان قال أنا شعیب عن الزهری قال أخبرنی انس بن مالك أنّ رسول اللّٰه ﷺ خرج فقام عبد اللّٰه بن حذافة فقال من أبی قال أبوك : حذافة ثم اکثرأن یقول سلونی فبرك عمر علی رکبتیه فقال: رضینا باللّٰه ربًّا وبالاسلام دینًا وبمحمّدٍ نبیًّا ، ثلاثًا فسکت " ۱۳۲ ۔

اورایک دوسرے طریق سے روایت کرتے ہوئے فرمایا:" حدثنا حفص بن عمر قال حدثنا هشام عن قتاده رضی اللّٰه عنه عن انس رضی اللّٰه عنه سألوا رسول اللّٰه ﷺ حتٰی أحفوہ المسئلة فغضب فصعد المنبر فقال لا تسألونی الیوم عن شیء الابیّنته لکم فجعلت انظر یمینًا وشمالًا فاذا کلُّ رجلٍ لافّ رأسَهُ فی ثوبه یبکی فاذا رجل کان اذا لاجی الرجال یدعٰی لغیر أبیه فقال یا رسول اللّٰه من أبی قال حذافة ثم أنشأ عمر فقال:" رضینا باللّٰه ربًّا وبالاسلام دینًا وبمحمّدٍ رسولًا ، نعوذ باللّٰه من الفتن ، فقال رسول اللّٰه ﷺ ما رأیت فی الخیر والشرّ کالیوم قطّ انه صوّرت لی الجنّة والنّار حتٰی رأیتها ورآء الحائط وکان قتاده یذکر عند هذا الحدیث هذه الأیة : یاأیتها الّذین اٰمنو الا تسئلوا عن اشیاء ان تبدلکم تسؤکم " ۱۳۳ ۔

جبکہ امام أبوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے "سنن" میں حضرت أبی سلام رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا چنانچہ فرمایا:" حدثنا حفص بن عمر نا شعبه عن أبی عقیل عن سابق بن نا جیّة عن أبی سلام أنه کان فی مسجد حمص فمرّ به رجلٌ فقالوا هذا خدم النّبی ﷺ فقام الیه فقال حدثنی بحدیث سمعته من رسول اللّٰه ﷺ یقول ، من قال اذا أصبح و اذا أمسٰی : رضینا باللّٰه ربًّا و بالاسلام دینًا وبمحمّد رسولًا اِلّا کان حقًا علی اللّٰه أن یرضیه " ۱۳۴ ۔

## (۲۲) " مِن حسن اسلام المرء اشتغاله بما یعنیه واعراضه عما لایعنیه "

(دفتر اوّل مکتوب ۱۴۶)

۱۳۰ ۔ کنز العمال ،جلد ۲ ،صفحه ۱۸۵ ،کتب الاذکار من قسم الافعال ، باب : (الدّعا)فصل (الادعیة المطلقة) (بیان: الدعاء بکواهل الجامع

۱۳۱ ۔ صحیح ابن حبان ، جلد ۳، صفحه ۱۰۴ ، باب الادعیه ، ذکر : (وصف دعوات المکروب ) ،حدیث ۹۶۶

+ سنن أبی داؤد ، جلد ۲ ، صفحه ۳۳۸،کتب الادب ، باب ، (ما یقول اذا أصبح)

+ مسند احمد بن حنبل ،جلد ۵،صفحه ۴۲، (حدیث أبی بکرة رضی اللّٰه عنه )

۱۳۲ ۔ صحیح البخاری ، جلد اوّل ، صفحه ۲۰، کتب العلم ،باب (من برك علی رکبته عندالامام )

۱۳۳ ۔ صحیح البخاری ، جلد دوم ، صفحه ۹۴۱،کتاب الدعوات ،باب (التعوذ من الفتنه )

۱۳۴ ۔ سنن أبی داؤد ،جلد ۲ ، صفحه ،۳۳۶،کتاب الأدب ،باب (ما یقول اذا أصبح)



Marfat.com

